DAMAGE BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY
OU_188528
UNIVERSAL
LIBRARY

کلیہ عامۂ عثمانیہ
۱۸۸۵۲۵

دیباچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسلمانون نے یورپ کے دو خطون پر حکومت کی، اور اسلامی تمدن ابتدا انھی دونون راستون سے یورپ مین داخل ہوا، یہ دونون ممالک بہین اور سسلی یعنی اندلس اور صقلیہ ہین جنھین عرب مورخین اپنی اصطلاح مین "دو سگی بہنون" سے تعبیر کرتے ہین،

لیکن یہ عجیب اتفاق ہے کہ ان مین سے بڑی بہن کا چرچا تو دور دور ملکون مین بچہ بچہ کی زبان تک پہنچا، اور دنیا کی مشکل سے کوئی ایسی زندہ علمی زبان ہو جسمین اندلس پر کتابین موجود نہ ہون، مگر صقلیہ کا تذکرہ نہ صرف دور حاضر مین بلکہ خود عرب مورخین کے درمیان بھی مستقل حیثیت سے جگہ نہ پاسکا جس کی ایک وجہ غالبًا یہ ہو کہ صقلیہ کی تاریخ خود اس ملک کی کوئی مستقل تاریخ نہین، بلکہ اوس کے سیاسی حالات اوس کی ان مرکزی حکومتون سے وابستہ رہے، جو افریقیہ اور مصر مین قائم تھین، اور علاوہ ازین مسلمانون نے یہان اندلس کے مقابلہ مین کم دنون حکومت کی، اور دوسری بڑی وجہ شاید یہ ہو کہ اندلس پر خود اندلسی علما و اہل علم نے کثرت سے کتابین لکھین جنھین اکثر زمانہ کے دستبرد سے محفوظ رہین، مگر صقلیہ کے اہل علم نے صقلیہ پر کم کتابین لکھین، اور جو لکھین بھی وہ حوادث روزگار کے نذر ہوگئین،

صقلیہ پر اب تک جو کچھ لکھا گیا، وہ انگلیون پر شمار کرنے کے لائق بھی نہین، عرب مورخین کے دور مین صرف ایک دو صقلی مصنفون نے اپنے وطن کا حق ادا کیا، اور یہان کی سیاسی تاریخ "تاریخ صقلیہ" کے نام سے لکھی،

ان مین ایک ابو علی حسن بن یحیی کی، اور دوسری ابن القطاع الصقلی کی تصنیف ہی،

ابو علی حسن بن یحیی کی تاریخ صقلیہ کے وجود کا پتہ یاقوت حموی متوفی ۶۲۶ھ اور قزوینی متوفی ۶۸۳ھ کے عہد تک چلتا ہے، یاقوت نے اپنی معجم البلدان مین اکثر جگہ اس کے حوالہ سے مختلف شہرون کے حالات لکھے ہین، اور قزوینی نے اپنی جغرافیہ کی دونون کتابون آثار البلاد و اخبار العباد، اور کتاب عجائب المخلوقات و غرائب الموجودات مین اس کے حوالہ سے بعض معلومات درج کئے ہین، اور خیال ہے کہ ابو الفدا نے اپنی تاریخ مین سسلی پر جو کچھ لکھا وہ زیادہ تر اسی سے ماخوذ ہے، اس کا کوئی نسخہ کسی کتب خانہ مین موجود نہین لیکن اب اس کے ایک نسخہ کا پتہ تیونس کے ایک صاحب علم حسن حسنی عبد الوہاب، استاذ جامعہ تیونس کے پاس چلا ہے، اور ابن القطاع الصقلی کی تاریخ صقلیہ کا ذکر طبقات کی کتابون مین ابن القطاع کے حالات کے سلسلہ مین آیا ہے، یاقوت نے اپنی معجم الادبا مین بھی اس سے بعض معلومات اخذ کئے ہین، ابن القطاع کی یہ کتاب ابتک ناپید ہے،

البتہ ایک نامعلوم مصنف کی ایک کتاب تاریخ جزیرۃ صقلیہ من حین دخلها المسلمون واخبار ما جری فیها من الحروب وتبدیل الاحراء وغیر ذلک کے چند اوراق روم کے کتبخانہ مین محفوظ ہین، اور جو ۱۸۱۳ء مین ایک لاطینی زبان کی کتاب کے ضمیمہ کے طور پر شائع ہو چکے ہین، اور پھر انیسوین صدی کے ایک صقلی مستشرق مائکیل اماری نے اس کو دوبارہ شایع کیا لیکن جو اوراق شائع ہوئے ہین، وہ نہین تاریخ کہنے کے بجائے سنہ وار مختصر تعلیقات کہہ سکتے ہین، اور جہان تک بظاہر سمجھا جا سکتا ہے یہ ابو علی حسن بن یحیی یا ابن القطاع کی تالیف نہین، ہین جس سنہ کے اعتبار سے حوادث جمع کئے گئے ہین، وہ مسلمانون مین رائج نہ تھا،

اس کے بعد اسی ابن القطاع کی ایک دوسری کتاب الدرۃ الخطیرۃ فی المختار من شعراء الجزیرۃ ہے، یہ کتاب شعرا کا تذکرہ ہے جسمین صقلیہ کے ایک سو ستر شاعرون کے حالات زندگی لکھے تھے، اور تقریبًا ان کے بیس ہزار منتخب اشعار اسمین جمع کئے تھے، لیکن افسوس ہے کہ اس کا بھی کوئی نسخہ کسی کتب خانہ مین موجود نہین، عماد الدین اصفہانی (۵۹۷ھ) نے اپنی خریدۃ القصر و جریدۃ العصر مین اس کے اقتباسات درج کئے تھے، اور ابن سعید نے ابن القطاع کی کتاب اور بعض دوسرے ماخذون

سے اپنی تالیف کتاب المغرب فی حلی المغرب۔ میں صقلیہ کے حالات میں ایک مستقل رسالہ کتاب الالحان المسیلۃ فی حلے جزیرۃ صقلیہ کے نام سے لکھا، اور اس میں اس جزیرہ کی ذہنی ترقیوں کا مرقع کھینچا، اصفہانی اور ابن سعید کی کتابیں برٹش میوزیم اور پیرس کے کتبخانوں میں موجود ہیں، اور اماری نے اپنے مجموعہ میں اور اس کے بعض قدردانوں نے اوس کے مجموعہ یاد گار صد سالہ میں اُن کے اقتباسات شائع کئے ہیں محققین کا خیال ہے کہ ابن سعید نے نقل کرنے میں احتیاط سے کام نہیں لیا، اور کتاب میں غلطیاں رہ گئیں، ان اقتباسات سے اس کتاب میں فائدہ اوٹھایا گیا ہے، اگرچہ ابن سعید کی کتاب المغرب کا ایک حصہ شائع ہو چکا ہے، مگر اوسمیں یہ حصہ موجود نہیں، اور الفاق سے ابھی چند دن گذرے مصر کے ایک رسالہ سے الدرۃ الخطیرہ کے ایک اور اختصار کا پتہ چلا جسکو ابو اسحاق بن اغلب نے المنتحل من الدرۃ الخطیرہ فی شعراء الجزیرۃ کا ابن القطاع، کے نام سے لکھا تھا، یہ رسالہ کتبخانہ تیموریہ مصر میں محفوظ ہے، اور غالباً اصفہانی اور ابن سعید کے اقتباسات سے زیادہ مکمل ہے،

عرب مورخین کے عہد کی بس یہی تین کتابیں ہیں، جو تاریخ صقلیہ کے موضوع پر اب تک معلوم ہوسکی ہیں، انکے علاوہ عرب مورخین کی تالیفات میں سسلی کا جو تذکرہ آیا ہے، وہ ذیلی حیثیت سے آیا ہے، جو افریقیہ کے حالات کے ضمن میں یا سنہ وار حوادث کے ذیل میں موجود ہے، البتہ ان میں صرف لسان الدین محمد بن الخطیب اور ابن خلدون نے اپنی کتابوں میں ایک ایک باب مستقل طور پر صقلیہ پر لکھا ہے، لسان الدین ابن الخطیب کی یہ کتاب اعمال الاعلام فیمن بویع قبل الاحتلام ہے جسمیں ابتدا سے اسلامی حکومت کے خاتمہ کے حالات محض اجمالاً چند صفحوں میں علٰحدہ لکھے گئے ہیں، اور ابن خلدون نے اپنی تاریخ میں تقریباً پانچ صفحوں میں صقلیہ کی ایک نیم خود مختار حکومت کے حالات یکجا کر دئے ہیں لیکن عرب جغرافیہ نویس ہمارے لئے زیادہ لائق ذکر ہیں، ان میں سے تقریباً اکثر نے سسلی پر کچھ نہ کچھ ضرور لکھا، جو ہمارے لئے زیادہ کارآمد ثابت ہوا، اور پھر ادریسی نے چونکہ اپنی کتاب سسلی ہی میں بیٹھ کر لکھی، اسلئے وہ سب سے زیادہ مفتنم نکلی، پھر طبقات و تراجم اور رجال کی کتابوں میں بھی سسلی کے علماء کا ذکر آیا ہے، خصوصاً افریقیہ کے علماء و شعراء پر جو کتابیں لکھی گئیں، ان میں صقلیہ کے اہل علم کا زیادہ تذکرہ نظر آیا، اور عرب سیاحوں میں سے تیجانی، ابن حوقل

اور ابن جبیر کے سفرنامون مین قیمتی معلومات ہین، ابن حوقل نے تو صقلی پر ایک مستقل رسالہ بھی لکھا تھا، جو یاقوت کے زمانہ تک موجود تھا،

عرب مورخین کے بعد اس موضوع پر جن لوگون نے قلم اوٹھایا، اون مین شاید سب سے پہلا نام مکیل اماری کا ہو، جو صقلی ہی کا رہنے والا، انیسوین صدی کا ایک ممتاز مستشرق اور صقلی کی تاریخ کا ایک بڑا محسن ہے، اوس نے اوّلاً صقلی کی تاریخ پر، جغرافیہ اور تاریخ کی مطبوعہ اور ایسی قلمی کتابون سے جو یورپ کے مختلف کتبخانون مین موجود تھین، عربی متن کے اقتباسات اخذ کرکے تین جلدون مین شائع کئے، پھر اوس نے ایطالوی زبان مین ایک مستقل تاریخ لکھی جس کا نام یورپ کے کتب فروشون کی فہرست مین موجود تھا، مگر ان اوراق کی ترتیب کے وقت نایاب تھی، اب دو ڈھائی مہینے گذرے کہ اوس کی پہلی جلد کی دوبارہ اشاعت کی اطلاع ملی، اگرچہ ابھی تک اوس کے مباحث کا تفصیلی علم نہین ہوسکا، مگر اماری پر جو مضامین لکھے ہین، اون سے معلوم ہوا کہ اوس نے خالص اسلامی دور پر لکھنے کے بجائے اسلامی اور نارمن دونون دورون کو ملاکر لکھا ہے، اور اوس کے پیش نظر صقلیہ کی اسلامی تاریخ مرتب کرنے کے بجائے اپنے وطن کا چند صد سالہ دور کا سیاسی و تمدنی مرقع کھینچنا تھا، اماری نے چند مضامین بھی لکھے ہین، جو حسب ذیل ہین، "تاریخ مسلمانان صقلیہ (۲ صفحون مین)" "عربی اقتباسات بابت ایطالیہ" اور "سرقوسہ کا ایک عرب شاعر ابن حمدیس (۲ صفحون مین)" یہ مضامین ایطالوی پرچون مین ۱۸۸۳ء اور ۱۸۸۹ء وغیرہ مین شائع ہوئے ہین،

پھر اماری کی وفات کے نو سال بعد اوس کی یادگار مین ایک مجموعہ مضامین دو جلدون مین شائع ہوا، اسمین یورپ اور افریقہ کے مشہور مستشرقین اور اہل علم کے مقالات اون مباحث پر جو اماری کی دلچسپی کے مرکز تھے، شائع ہوئے، جنمین بعضون نے صقلیہ کے متعلق بعض عربی کتابون کے اقتباسات نقل کئے ہین، بعضون نے اون کے مباحث کے خلاصے اور حوالے درج کئے ہین، اور بعض لوگون نے مستقل مضامین لکھے ہین، یہ جلدین "CENTENARIO DELLA MASCITA DI MICHELE AMARI" کے نام سے چھپی ہین،

مگر اماری کے قدردان یا یادگاری مضامین کے مقالہ نگار یورپ اور افریقہ کے مختلف گوشون کے رہنے والے تھے

یہ عجیب اتفاق ہے کہ ہر ایک نے اپنی اپنی زبان مین مضمون لکھا ہے، اس لئے دونون جلدون کے مضامین و اقتباسات مختلف زبانون، انگریزی، فرنچ، جرمن، ایطالوی، اسپینی، لاطینی اور عربی وغیرہ مین ہین لیکن اس سے زیادہ دلچسپ اتفاق یہ ہین پیش آیا کہ ان اوراق کی تالیف کے دوران مین ہمارے محترم ڈاکٹر ذاکر حسین خاں صاحب ایم اے پی ایچ ڈی (برلن) شیخ الجامعہ (دہلی) المصنفین مین وارد ہوئے اور یہ ان دونون جلدون کو اونکے سامنے پیش کرنے کا موقع مل گیا، گو موصوف کو اعتراف تو ان مختلف زبانون مین سے ایک ہی دو زبانون کے جاننے کا تھا، مگر وہ ان مین سے اکثر زبانون سے ایسے حرف آشنا نکلے کہ وہ کسی خاص واقعہ کے متعلق عربی ماخذون کے پہلے کے جمع کردہ معلومات کو سرسری طور پر سن لیتے پھر اُن مضامین کو دیکھتے اور اپنی ذمہ داری قبول کرنے سے انکار کرتے ہوئے مضمون کے ایک ایک پیرے کا خلاصہ سناتے جاتے، اور پھر یہ مرتب کا کام رہ جاتا کہ اپنے پچھلے معلومات کی روشنی مین اپنا کوئی مطلب نکال لے، نہین کہا جا سکتا کہ ان حالات مین ڈاکٹر صاحب موصوف اپنی ذمہ داری سے بچنے کیلئے مرتب کی جانب سے شکریہ بھی قبول فرمائین گے یا نہین،

اماری کے علاوہ ایک دوسرے ایطالوی مستشرق گم بٹا کرو سوداپولسی نے بھی سسلی پر توجہ کی تھی، اور دو رسالے "بلوتھیکا ہسٹوریکا رگنی مسلی" اور "سٹری سراسینکو سسلی ویریا مونومنٹا" لکھے تھے،

دور حاضر مین شمالی افریقہ کے بعض اہل علم حسن حسنی عبدالوہاب تونسی استاذ جامعہ تیونس اور محمد بن شنب استاذ مدرسۃ الجزائر نے بھی سسلی پر توجہ کی، اور اول الذکر نے ایک رسالہ "شہزادگان صقلیہ" ۱۹۰۵ء مین شائع کیا، اور ایک مقالہ "مسلمانون کا تسلط صقلیہ پر" مستشرقین کی چودھوین کانفرنس مین پیش کیا، اور آخر الذکر نے مجموعہ مضامین بیادگار صد سالہ اماری مین عربی متن کے بعض اقتباسات جمع کئے،

صقلیہ کی اسلامی تاریخ کا حق زیادہ تر انھی دونون زبانون عربی اور ایطالوی پر تھا، باقی یورپ کی دیگر زبانون انگریزی، فرانسیسی اور جرمن وغیرہ مین جہانتک ہم دریافت کر سکے کسی مستقل تالیف کا پتہ نہین چلا، یہانتک کہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا طبع یازدہم کے مقالہ "سسلی" مین صقلیہ کے اسلامی عہد کے لئے مستقل طور سے ایک پیرا

تک نہین دیا گیا، صرف اس کے سابق اور پچھلے زمانون کے ذیل مین محض اشارہ کر دینا کافی سمجھا گیا،

اس کے بعد اردو زبان کا نام آتا ہے، اردو مین غالباً سب سے پہلے رسالہ معارف علی گڈھ مین مولوی محمد مرتضیٰ صاحب نے ۱۹۰۹ء مین ایک سلسلۂ مضامین لکھا، جو اماری کے اوسی مجموعہ سے ماخوذ تھا، مولوی صاحب مرحوم کو اس لحاظ سے اولیت حاصل ہے کہ اونھی نے سب سے پہلی مرتبہ اردو مین سسلی کی تاریخ لکھنے کا قصد کیا، اگرچہ یہ سلسلہ مکمل نہ ہو سکا اور ابتدا کے چند نمبر چھپ کر رہ گئے جنمین زیادہ تر سسلی کی قدیم تاریخ کے حالات ہین،

اس کے بعد مولینا عبدالحلیم صاحب شرر مرحوم نے ۱۹۱۰ء مین ابن اثیر کے مختلف حوادث سنین سے اخذ کر کے "صقلیہ مین اسلام" کے نام سے ایک مختصر رسالہ لکھا، مگر مرحوم کا اس سے مقصود یہان کی تاریخ پیش کرنا نہ تھا اونھین صرف یہ بتانا تھا کہ "صقلیہ مین بھی کبھی مسلمان تھے، اور اتنی مسجدین آباد تھین"

اسکے بعد اردو مین سب سے آخری مرتبہ مسٹر اسکاٹ کی اخبار الاندلس کی دوسری جلد مین ایک مستقل باب صقلیہ کے حالات مین شائع ہوا ہے، جو قابل قدر ہے، اُس سے فائدہ اُٹھایا گیا، اور جو امور محل نظر معلوم ہوئے اُنکی تحقیق و تصحیح کی گئی،

سسلی کی اسلامی تاریخ مین ان اوراق کی ترتیب کا خیال اماری کے اوسی مجموعہ "بلوتھیکا ارابو سیکولا" کو دیکھ کر پیدا ہوا، جو ۱۸۵۷ء کے اواخر مین جب کہ تاریخ التاریخ یعنی مسلمانون کے علم تاریخ کی تاریخ کی ترتیب کیلئے مواد کی فراہمی جاری تھی، نظر سے گذرا، اوس وقت خیال ہوا کہ ایک مختصر رسالہ صقلیہ کی اسلامی حکومت اور مسلمانان صقلیہ کی یاد مین لکھ دیا جائے چنانچہ جنوری ۱۸۵۸ء سے اس کام کی ابتدا ہوئی لیکن جیسے جیسے قدم آگے بڑھتا گیا منزل دور ہوتی گئی اور تلاش و تحقیق مین اماری کے مجموعہ سے نگاہ اوٹھا کر گرد و پیش کی کتابون پر نظر ڈالنی پڑی اور اس وقت معلوم ہوا کہ سسلی کی تاریخ محض ایک جزیرہ کی تاریخ نہین، بلکہ ساتوین صدی کی دو متحارب قومون عیسائیون اور مسلمانون کی صدہا سالہ مسلسل جنگ کے ایک اہم محاذ کی تاریخ ہے، اور ایک ایسی تمدن آفرین قوم کی سرگذشت ہے جس کی تمدنی ترقیان یورپ کی جدید تر قیون کی بنیادون مین سے ایک بنیاد ہے، اسلئے مجھے ان اوراق کی ترتیب مین سسلی کی تاریخ کے ماخذون کے ایک وسیع سلسلہ کی طرف رجوع ہو جانا پڑا، اور خصوصاً

اس لئے کہ اماری کے مجموعہ مین جن قلمی کتابون سے اقتباسات نقل کئے گئے تھے، ان مین سے اب اکثر شائع ہو چکی ہین، اور اوپنھین دیکھنے سے پتہ چلا کہ اون کتابون مین کافی مواد نقل ہونے سے رہ گیا ہے اور نیز ایسی بکثرت کتابون مین جن کا تذکرہ اوس مجموعہ مین موجود نہ تھا نئے معلومات ملتے گئے،

نیز کوشش کی گئی کہ عرب مورخین کے بیانون کے ساتھ یورپین مورخین کے بیانات بھی سامنے رہین، تاکہ ایک ہی واقعہ کے متعلق دو مختلف نقطہ ہائے نظر کو دیکھ کر صحیح رائے قائم کرنے کا موقع مل سکے، پھر چونکہ ایک طویل زمانہ تک سسلی کی حکومت جزیرہ کی کوئی آزاد و خود مختار حکومت نہین تھی، ایک طرف افریقیہ کی اسلامی سلطنت یہان کی مرکزی حکومت تھی، دوسری طرف حکومت بزنطی قسطنطنیہ ایک زمانہ تک سسلی کے دعوی سے دستبردار نہین ہوئی، اس لئے ان دونون سلطنتون مین سسلی کے لئے مسلسل جنگ آزمائیان رہین، پھر سسلی کے عیسائی باشندون کے تعلقات سلطنت کلیسا روما اور اٹلی کی مختلف عیسوی خود مختار حکومتون سے قائم تھے، اس لئے سسلی کے میدان مین مسلمانون کے یہ دوسرے حریف تھے، اور ان سے بھی مسلسل معرکہ آرائیان ہوتی رہین، اور پھر سسلی مین اسلامی حکومت کے خاتمہ، اور دوبارہ عیسوی حکومت کے قیام کے بعد بھی جزیرہ مین مسلمانون کے سیاسی وجود کی اہمیت قائم رہی، اس لئے ان مختلف حکومتون کے داخلی حالات بھی نگاہ مین رکھنے پڑے اور جہان ضرورت ہوئی کتاب مین ان کی جانب اشارات کئے گئے،

اب یہ کتاب آپ کے سامنے ہے، جو دو جلدون مین ترتیب پائی ہے، پہلی جلد گویا زمگاہ ہے، جسمین یہان کے سیاسی حالات اور مسلسل معرکہ آرائیان دکھائی گئی ہین اور دوسری جلد بزمگاہ ہے جسمین صقلیہ کے اسلامی تمدن کے مناظر دکھائے گئے ہین، پہلی جلد ذیل کے چند ابواب مین تقسیم ہے:-

۱- صقلیہ - عربون کے "صقلیہ" کا تعارف اور اوسکی تحقیق،

۲- جغرافیہ طبعی - مساحت، زمین کے طبعی حالات، اور صقلیہ کا اردگرد کا بیان،

۳- جغرافیہ تاریخی - باشندگان صقلیہ، صقلیہ کی آبادیان، زبان اور مذاہب کا تذکرہ،

۴۔ صقلیہ کی قدیم تاریخ، کا مختصر خاکہ،

۵۔ صقلیہ پر عربوں کے ابتدائی حملے، (۲۲۳ھ - ۸۳۷ء)

۶۔ دولت اغالبہ:- (۱۸۴ھ/۸۰۰ء - ۲۹۶ھ/۹۰۸ء)

۷۔ دولت فاطمیہ:- (۲۹۶ھ/۹۰۸ء - ۳۰۰ھ/۹۱۲ء)

۸۔ طوائف الملوکی:- (۳۰۰ھ/۹۱۲ء - ۳۰۲ھ/۹۱۵ء)

۹۔ دولت فاطمیہ:- (۳۰۲ھ/۹۱۶ء - ۳۳۶ھ/۹۴۷ء)

۱۰۔ دولت کلبیۂ صقلیہ:- (۳۳۶ھ/۹۴۷ء - ۴۳۱ھ/۱۰۳۹ء)

۱۱۔ طوائف الملوکی:- (۴۳۱ھ/۱۰۳۹ء - ۴۴۴ھ/۱۰۵۲ء)

۱۲۔ نارمنی فتنہ اور صقلیہ میں اسلامی سلطنت کا خاتمہ (۴۴۴ھ/۱۰۵۱ء - ۴۸۴ھ/۱۰۹۱ء)

۱۳۔ صقلیہ کی اسلامی سلطنت کے زوال کے اثرات دوسری اسلامی سلطنتوں پر (۴۶۴ھ/۱۰۷۱ء - ۶۲۶ھ/۱۲۲۸ء)

۱۴۔ مسلمانان صقلیہ عیسائی حکومت کے ماتحت اور صقلیہ و جزائر صقلیہ سے اسلام کا خاتمہ (۴۸۴ھ/۱۰۹۱ء - ۷۰۰ھ/۱۳۰۰ء)

دوسری جلد ذیل کے ابواب پر مشتمل ہے،

۱۔ صقلیہ کے عہد اسلامی کا تاریخی و تمدنی جغرافیہ، جس میں صقلیہ کے مسلمان باشندوں، صقلیہ کی اسلامی آبادیوں، عہد اسلامی میں صقلیہ کی زبان، عہد اسلامی میں صقلیہ کے ادیان و مذاہب و فرق اور باشندگان صقلیہ کے اخلاق و عوائد کا ذکر ہے

۲۔ نظام حکومت، جس میں ذیل کی فصلیں ہیں، صقلیہ پر اسلامی حملے، صقلیہ کا تعلق غیر ملکی مرکزی حکومت سے، حکومت صقلیہ، صوبوں کی تقسیم اور ان کی حکومت، حکومت صقلیہ کے ماتحت شعبے، دیوان الکتاب، صیغۂ عدالت و قضا، دیوان المظالم، محکمۂ شرطہ، دار الحبس، دیوان الجیوش، صقلیہ کے عیسائی اسلامی حکومت کے ماتحت، انھی فصلوں کے ضمن میں ہر صیغہ کے افسروں اور قابل ذکر اشخاص کے حالات اور سوانح عمریاں درج ہیں،

۳۔ معیشت، جس ذیل فصلوں میں منقسم ہے قدرتی ذخائر و اشیاء، پیدائش دولت، تقسیم دولت اور

صرف و دولت، وغیرہ یہ باب اسلامی عہد کے معاشی، اقتصادی حالات اور مرفہ الحالی کے بیان کا جامع ہے جسمین یہان کی زراعت، صنعت، حرفت، تجارت اور فن تعمیر اور ہندسین وغیرہ کا مفصل تذکرہ ہے،

۴- **علوم و آداب** جسمین عہد اسلامی مین علوم و آداب کی ترقی اور اوس کے اسباب اور پھر مختلف علوم قرآن حدیث، فقہ، تصوف، تاریخ، کلام و مناظرہ، ادب، شعر و شاعری، علوم عقلیات و ریاضیات و طبعیات، اور علم جغرافیہ وغیرہ کا ایک ایک فصل مین جداگانہ تذکرہ، اور مفسرین، محدثین، فقہا، صوفیہ، مورخین، متکلمین، ادبا، اور شعرا وغیرہ کے مفصل سوانح حیات، اون کی تصنیفات اور کلام نثر و نظم کا تذکرہ ہر عنوان مین الگ الگ ہے،

۵ صقلیہ کے اسلامی تمدن سے یورپ کا استفادہ،

ان جلدون مین جو کچھ مباحث ہین، ان کے خام مواد کی صحت کی ذمہ داری ان کے ماخذون پر ہے لیکن مواد کے مجموعی مطالعہ سے نتائج کے استنباط مختلف واقعات مین باہمی ربط، اور اسباب و علل کی تعیین کا تعلق اسی خطا کار قلم سے ہے جس کی لغزشون کا زیادہ امکان ہے،

سنین کے درج کرنے مین التزام رہا ہے کہ اصل ماخذ مین جو سنین درج ہون وہ اوپر درج ہون اور اون کے نیچے، اون کے مطابق عیسوی یا ہجری سنین درج کردیے جائین، ہوسکتا ہے کہ مہینہ کے اختلاف سے کوئی سنہ کسی جگہ ایک سال آگے پیچھے ہوگیا ہو، لیکن حتی الامکان اسکی تصحیح کا بھی لحاظ رکھا گیا ہے،

اشخاص و مقامات کے ناموں مین یہ طریقہ اختیار کیا گیا کہ جو نام عربی ماخذون سے لئے گئے وہ بعینہ عربی تلفظ مین درج کردیے گئے، اور اون کا جو یورپین تلفظ دریافت ہوسکا اوسکو قوسین مین لاطینی حروف مین لکھ دیا گیا،

کتاب کی پہلی جلد مین تین نقشے منسلک ہین، پہلا نقشہ قدیم صقلیہ کا ہے، جو فرمان کی قدیم تاریخ سسلی مین شائع ہوا ہے، یہ گویا عربون کے داخلہ کے وقت کا صقلیہ ہے، دوسرا نقشہ ادریسی کی نزہۃ المشتاق سے ماخوذ ہے، جو عربون کے بعد نارمنون کے ابتدائی عہد مین تیار ہوا تھا، اوس وقت تک جزیرہ کی جغرافی حیثیت اور مقامات کی جائے وقوع کے لحاظ سے سسلی مین کوئی فرق نہین آیا تھا، اس لئے یہی عہد اسلامی کا نقشہ ہے، یہ نقشہ نزہۃ المشتاق

کے اوس ٹکڑے کے ساتھ شامل ہوا ہے، جو صقلیہ اور ایطالیہ کے متعلق ہے، اور تیسرا نقشہ دور حاضر کے مطابق تیار کیا گیا ہے، جس مین شمالی افریقہ کے سواحل سسلی، جزائر سسلی، اور اٹلی وغیرہ دکھائے گئے ہین، اور اسی مین شمالی افریقہ اور اٹلی کے قدیم شہرون کو بھی دکھایا گیا ہے اور دوسری جلد مین جہان شہرون کے تمدنی حالات ہون گے سسلی کے اسلامی عہد کا ایک مصور نقشہ پیش ہوگا جس سے شہرون کی تمدنی حیثیت نمایان ہوتی ہے، اور پایہ تخت پلرم کے تذکرہ مین، پلرم کے عہد اسلامی کا ایک نقشہ علیحدہ ہوگا جس مین شہر کے ہر محلہ شہرپناہ اور پھاٹکون وغیرہ کی جائے وقوع اور ان کے حدود دکھائے گئے ہین، یہ دونون نقشے اماری کے یادگاری مضامین مین شامل ہوئے ہین،

کتاب کی دونون جلدون کے ماخذون کی مفصل فہرست، اشخاص و مقامات کا انڈکس اور صقلیہ کے اہل علم کی تصنیفات کی فہرست بہ ترتیب حروف تہجی دوسری جلد کے آخر مین منسلک ہوگی بفضل خدا دوسری جلد بھی اب مطبع مین جاری ہے،

سید ریاست علی ندوی

دارالمصنفین اعظم گڈھ

۲۲ شوال المکرم ۱۳۵۱ھ

۱۸ فروری ۱۹۳۳ء

فہرستِ مضامین تاریخِ صقلیہ جلد اوّل

مضمون	صفحہ
تعارف	۱-۲
صقلیہ ۳ — ۱۰	
جزیرہ کا عالم وجود،	۳
جزیرہ کا نام،	″
عربوں کا صقلیہ،	۴
عربوں کے نزدیک صقلیہ کی اصل	″
اوراوس کے لغوی معنی،	
صقلیہ کا تلفظ واملا،	۵
صقلیہ کا مفہوم وحدتِ ملک کے لحاظ سے	۸
جغرافیہ طبعی ۱۱ — ۱۸	
مساحت،	۱۱-۱۲
جزیرہ صقلیہ کی شکل قدیم وجدید نقشہ میں	۱۱
طول البلد وعرض البلد	۱۱
صقلیہ کی قدیم وجدید پیمایش	۱۲
زمین کے طبعی حالات	۱۲-۱۴
سرزمین صقلیہ کی ہیئت اور	۱۳
سطح سمندر سے اوسکی بلندی،	
وسیع میدان اور کوہستانی سلسلے	″
دریا،	۱۴
دشت، معادن، حیوانات، نباتات، پیداوار	″
صقلیہ کا ارد گرد	۱۵-۱۸
جزائر،	۱۵
جنوبی اٹلی،	۱۶
جغرافیہ تاریخی ۱۹ — ۵۲	
باشندگانِ صقلیہ	۱۹-۳۰
سیکان	۱۹
سیکل یا لاطینی،	۲۰
ایمینس،	″
فینیقیوں کا پہلا گروہ،	۲۲
فینیقیوں کا دوسرا گروہ،	″
فینیقیوں کے ساتھ بربریوں کی آمد	″
یونانی،	۲۳
قرطاجنہ،	۲۴
رومی،	۲۵
رومانی عہد میں ایک جدید قوم	۲۶
گلاموں کی تشکیل،	″
یونانیوں کا رومی بنانا،	۲۷
صقلیہ میں چند جدید اقوام کا دخل	۲۸
وحدتِ قومیت،	″
اسرائیلی،	۲۹
مسلمانوں کے داخلہ کے وقت	″

مضمون	صفحہ
قدیم باشندگان صقلیہ کی باہمی تقسیم	
سیکان،	۲۰
صقلیہ کی آبادیاں	۲۱-۴۶
سیکان اور ایلیمیس کی یادگاریں	۲۲
سیکل کی قدیم آبادیاں،	۲۳
فینقی نوآبادیاں،	"
یونانی نوآبادیاں،	۲۵
رومی نوآبادیاں،	۴۱
بزنطی نوآبادیاں،	۴۲
عربوں کے داخلہ کے وقت	"
صقلیہ کی آبادیاں،	
قحط،	۴۳
عہد اسلامی میں آبادیوں کی	۴۴
صحیح تعداد،	
شہروں کا لب ساحل ہونا،	۴۵
ساحلی شہر،	"
اندرون ملک کے شہر،	"
صقلیہ کی زبان،	۴۶-۴۷
قدیم زبانیں،	۴۶
ہبرو،	۴۷
لاطینی و یونانی،	"
عربی،	"
صقلیہ کے مذاہب	۴۷-۵۲
قدیم مذاہب،	۴۷
مذہب فینیقی،	۴۸
یونانی مذاہب،	۴۹
عیسائیت،	"
یہودی،	۵۲
مذہب اسلام کے داخلہ کے وقت	"
یہاں کے مذاہب،	
صقلیہ کی قدیم تاریخ	
۵۲ - ۶۹	
سیکان سیکل اور ایلیمیس عہد،	۵۳
فینقی اپنی پہلی آمد میں،	"
یونانی عہد سے زمانہ تاریخ کی ابتدا	"
ریاست سیراکیوز (سرقوسہ)	۵۴
ریاست سیراکیوز کا نظام حکومت	۵۴
امرا و عوام کی آویزش،	"
صقلیہ میں مختلف یونانی جابر حکومتیں	۵۵
ریاست سیراکیوز کا تفوق،	"
قرطاجنہ کا صقلیہ پر پہلا حملہ،	"
حکومتہای صقلیہ کی باہمی آویزش،	"
قرطاجنہ کی مداخلت اور پسپائی،	"
گلن کے جانشین ہائرن کا عہد حکومت	۵۶
گلن اور ہائرن کے عہد حکومت	"
مین ترقیاں،	"
ڈایونیوس جانشین ہائرن اور	"
جابرانہ عہد حکومت کا خاتمہ،	
جمہوری نظام حکومت کا قیام،	"
صقلیہ کی یونانی حکومتوں	۵۷
مین خانہ جنگی،	
ایتھنز و سسلی کے محاربات،	"
ہرموکرائیٹس اور ڈایونیوکلیس،	۵۸
قرطاجنیوں کی صقلیہ مین	"

مضمون	صفحہ
دوسری آمد اور فتحمندیان،	
ہنی بال کے کارنامے،	〃
عہد قرطاجنہ مین صقلیہ کی ترقیان،	〃
ڈایونی سیس،	۵۹
ڈایونی سیس دوم وزیر اعظم ڈیون،	〃
قرطاجنیون اور یونانیون کی آویزش اور جمہوریت روما کی مداخلت	〃
رومی بیڑے ساحل صقلیہ پر،	۶۰
یونانی و قرطاجنی حکومتون مین اتحاد	〃
قرطاجنہ و روما کی معرکہ آرائیان،	〃
صقلیہ کی شکست اور مقبوضات	۶۱
صقلیہ سے دست برداری،	
صقلیہ بطور جمہوریت روما کے ایک صوبہ کے،	〃
ریاست سیراکیوز کا خاتمہ اور پورے	۶۲
جزیرہ پر رومی تسلط،	
صقلیہ کا نظم و نسق،	〃
صقلیہ کا غلہ،	〃

مضمون	صفحہ
زوال قرطاجنہ مین صقلیہ کی شرکت	۶۲
صقلیہ مین انحطاط اور بغاوتون کا آغاز	۶۳
غلامون کی پہلی بغاوت،	〃
غلامون کی دوسری بغاوت،	〃
بغاوتون کا نتیجہ،	〃
روما کی خانہ جنگیون مین صقلیہ کی حیثیت اور صقلیہ کے گورنرون کے	۶۴
دردناک مظالم،	
جمہوریت روما سے علیحدگی،	〃
صقلیہ رومن امپائر کا ایک صوبہ،	۶۵
غلامون کی تیسری بغاوت،	〃
صقلیہ مین ایک نئے دور کی	〃
ابتدائی علامتین،	
رومن امپائر کا انقسام اور صقلیہ کا تعلق مملکت غربیہ روما سے،	〃
ازمنہ مظلمہ کی ابتدا اور مملکت	۶۶
غربیہ روما کا خاتمہ،	
ازمنہ مظلمہ مین صقلیہ مین مختلف	〃

مضمون	صفحہ
حملہ آورتومین،	
مملکت شرقیہ رومہ (حکومت	۶۷
بزنطی) کی کروٹ اور صقلیہ	
کی طرف بزنطی بیڑا،	
صقلیہ حکومت بزنطی کا ایک صوبہ	〃
صقلیہ کا مذہبی حیثیت سے قسطنطنیہ	۶۸
کے ماتحت رہنا،	
جنوبی اٹلی کی مختلف حکومتین	〃
عرب و روم کی جنگ کا آغاز	〃
اورشنشاہ قسطنطین دوم کی صقلیہ	
مین آمد و صقلیہ کی بغاوت	
صقلیہ پر عربون کے حملے،	۶۹
صقلیہ کی قدیم تاریخ مین	〃
فریبان کے اختتامی جملے،	

صقلیہ پر عربونکے ابتدائی حملے

۳۳ھ / ۶۵۲ء — ۱۸۴ھ / ۸۰۰ء

۷۰ — ۱۱۱

ساتوین صدی عیسوی مین	۷۰

مضمون	صفحہ
دنیا کی دو متحارب جماعتیں روم و	
عرب یا عیسائی اور مسلمان،	
روم و عرب کی آویزش،	۷۱
صقلیہ پر اسلامی حملے کے اسباب،	۷۳
سب سے پہلا حملہ،	۷۵
رومیوں کا جوابی حملہ،	۸۵
عرب و روم کی عارضی صلح اور	″
صقلیہ پر اسلامی حملہ کا التوا،	
اثنائے صلح میں رومیوں کی جنگی تیاریاں	۸۶
اور صقلیہ کا فوجی استحکام،	
دوسرا حملہ،	۸۸
اس حملہ کا اثر صقلیہ کی سیاسیات پر	۹۰
قرطاجنہ پر حملہ،	۹۲
بربریوں کا اسلامی لشکر میں داخلہ	۹۴
زوالِ قرطاجنہ،	۹۵
قرطاجنہ کی ویرانی سے صقلیہ کی	″
آبادی،	
دارالصناعہ کی تکمیل،	۹۷

مضمون	صفحہ
تیسرا اور چوتھا حملہ بعہد موسیٰ بن نصیر	۹۸
پانچواں حملہ بعہد یزید بن ابی مسلم	″
چھٹا حملہ بعہد بشر بن صفوان	۹۹
ساتواں حملہ بعہد عبیدہ بن	″
عبدالرحمٰن،	
آٹھواں حملہ،	″
نواں حملہ،	۱۰۰
دسواں حملہ،	۱۰۱
گیارہواں حملہ بعہد عقبہ بن قدامہ	″
بارہواں حملہ بعہد عبیداللہ بن الحبحاب	″
تیرہواں حملہ اور فتح سیراکیوز،	۱۰۲
سیراکیوز کا باجگذار بننا،	″
سیراکیوز کے قبول جزیہ کے باوجود	۱۰۳
صقلیہ کے دوسرے شہروں کا سرکش رہنا	
صقلیہ کے دوسرے شہروں کو مطیع	۱۰۴
کرنے کے منصوبے،	
افریقیہ میں بغاوت کا پھیلنا	″
اور صقلیہ سے اسلامی لشکر کی واپسی	

مضمون	صفحہ
افریقیہ میں دور اضمحلال اور اس کا	۱۰۵
اثر صقلیہ کی مہموں پر ۱۲۷ھ ۱۸۴ھ	″
سیراکیوز کا ادائے جزیہ سے انکار کرنا اور	۱۰۶
صقلیہ پر چودھواں حملہ	
حکومت صقلیہ کا جزیہ قبول کرنا،	″
جزیرۂ سردانیہ کا جزیہ قبول کرنا،	۱۰۷
افریقیہ میں بغاوتیں اور حکومت	″
کے مختلف انقلابات،	
افریقیہ کی بغاوتوں کے زمانہ	۱۰۹
میں صقلیہ کی جنگی تیاریاں،	

دولتِ اغالبۂ افریقیہ

۱۸۴ھ تا ۲۹۶ھ

۱۱۲ — ۲۹۱

ابراہیم بن اغلب	۱۱۲
۱۸۴ھ - ۱۹۶ھ / ۸۰۰ء - ۸۱۱ء	تا ۱۱۵
افریقیہ میں حکومت اغلبیہ کا	۱۱۲
قیام،	″
اغالبہ کا عروج،	۱۰۰

مضمون	صفحہ
عبداللہ بن ابراہیم والی افریقیہ ۱۹۶ھ - ۲۰۱ھ / ۸۱۱ء - ۸۱۶ء	۱۱۵ تا ۱۱۷
زیادۃ اللہ بن ابراہیم والی افریقیہ ۲۰۱ھ - ۲۲۳ھ / ۸۱۶ء - ۸۳۷ء	۱۱۷ تا ۱۷۹
افریقیہ مین بغاوت،	۱۱۷
صقلیہ کی طرف سے معاہدہ شکنی	۱۱۸
اور سواحل افریقیہ پر حملہ،	
صقلیہ مین حکومت بزنطی کی بغاوت	۱۲۰
اور باغیونکی خود مختار حکومت،	
فیمی کے خلاف بغاوت،	″
فیمی کا حکومت افریقیہ سے استمداد،	۱۲۱
زیادۃ اللہ کی توجہ صقلیہ کی طرف،	۱۲۲
حملۂ صقلیہ کے لئے مجلس مشاورت،	۱۲۳
مجلس مشاورت کے مباحث،	″
معاہدہ صلح کی تنسیخ کا ثبوت حکومت	۱۲۴
صقلیہ کے طرز عمل سے،	
مجلس مشاورت مین صقلیہ کے	۱۲۶
باجگذار یا دار السلام بنانیکا مسئلہ	

مضمون	صفحہ
اور ارکان مجلس کا باہمی اختلاف،	
صقلیہ کو دار الاسلام بنانیکا فیصلہ،	۱۲۷
روی قاصدون کی واپسی	″
صقلیہ پر حملہ آوری،	″
سالار فوج کا انتخاب،	″
دولت اغالبہ صقلیہ	
۲۱۲ھ - ۲۹۶ھ / ۸۲۷ء - ۹۰۰ء	
۱۲۸ - ۲۹۱	
صقلیہ کی اسلامی حکومت	۱۲۸
کابانی اسد بن فرات	تا ۱۴۶
۲۱۲ھ - ۲۱۳ھ / ۸۲۷ء - ۸۲۸ء	
معززین اہل علم کی فوج مین شمولیت	۱۲۹
لشکر کی روانگی اور معززین شہر	۱۳۰
اعیان حکومت کی مشایعت،	
لشکر کی روانگی،	″
ساحل صقلیہ پر فوج کی آمد اور بازر	۱۳۱
پر بلا مزاحمت قبضہ،	
پیشقدمی،	۱۳۲

مضمون	صفحہ
حکومت صقلیہ کی مدافعانہ تیاریان،	۱۳۲
فیمی کی اسلامی لشکر سے علیحدگی،	۱۳۳
صقلیہ کا پہلا میدان،	۱۳۵
رومیون کی فوجی طاقت اور اسکی	۱۳۶
اسلامی لشکر کی پیشقدمی،	″
جزیرہ کی ادائی پر صلح،	۱۳۷
فیمی کی سازش اہل سرقوسہ سے	″
شکست صلح،	″
سرقوسہ کا محاصرہ،	۱۳۸
حالت محاصرہ مین اسد کی وفات	۱۴۱
اسد کا زمانہ ولایت،	۱۴۲
اسد کی جانشینی،	۱۴۶
محمد بن ابی الجواری جانشین اسد	۱۴۶
۲۱۳ھ - ۲۱۴ھ / ۸۲۸ء - ۸۲۹ء	تا ۱۵۲
اسلامی لشکر مین ابتری،	۱۴۶
اسلامی لشکر مین وبا،	۱۴۷
حکومت بزنطی کی امدادی فوج،	″
مجاہدین کی مایوسی اور فرقہ کی دشمنی کا قصد	″

مضمون	صفحہ
مجاہدین کا اپنے جہازوں کو جلانا اور مرنے مارنے پر تیار ہو جانا،	۱۴۷
مینا و دبرجنت پر قبضہ	۱۴۸
قصریانہ کا محاصرہ،	۱۴۹
فیمی کا قتل اور اسکی تفصیلات،	″
میدان قصریانہ میں ایک خونریز معرکہ آرائی،	۱۵۰
رومیوں کی شکست فاش،	۱۵۱
قصریانہ کا محاصرہ اور مضافات	″
شہر میں اسلامی حکومت کا قیام،	
امیر لشکر ابن ابی الجواری کی وفات	″
زہیر بن غوث جانشین ابن ابی الجواری ۲۱۴ھ/۸۲۹ء - ۲۱۷ھ/۸۳۲ء	۱۵۲ تا ۱۶۱
مسلمانوں کا دو ابتلا،	۱۵۲
مجاہدین کا محصور ہونا،	″
پسپائی،	۱۵۳
تائید غیبی،	۱۵۶

مضمون	صفحہ
اندلسی بیڑا صقلیہ میں،	۱۵۶
افریقیہ کی کمک،	″
اندلسی امیر البحر بطور اسلامی	۱۵۷
پسہ سالار صقلیہ،	″
محصورین مینا کی امداد کیلئے فوج کی روانگی اور ملک میں غارتگری	″
فتح غلوسیہ	″
اسلامی لشکر میں وبا،	۱۵۸
ایک جماعت کی واپسی،	″
محاصرۂ بلرم،	″
فتح بلرم،	۱۵۹
بلرم کی بے رونقی،	″
تشکیل حکومت کا خیال،	۱۶۰
افریقیوں اور اندلسیوں میں نزاع باہمی،	۱۶۱
محمد بن عبد اللہ بن الاغلب والی صقلیہ اول ۲۱۷ھ/۸۳۲ء - ۲۲۱ھ/۸۳۵ء	۱۶۲ تا ۱۷۰

مضمون	صفحہ
صقلیہ میں اسلامی نظام حکومت کی تشکیل،	۱۶۲
دار الحکومت کی تمدنی ترقی،	″
فوجی پیشقدمیوں کا آغاز و میدان	۱۶۵
قصریانہ کی معرکہ آرائیاں،	
اس عہد میں رومی صقلیہ کی حالت اور مسلمانوں کے نقشہ جنگ میں تبدیلی	۱۶۶
نواح طبرمین پر فوجکشی،	۱۶۷
اسلامی پسہ سالار کا قتل،	″
افریقیہ سے پسہ سالار کی آمد،	۱۶۸
نواح سرقوسہ پر متعدد فوج کشیاں،	″
باشندگان سرقوسہ کا جوابی حملہ،	″
مسلمانوں کی ایک کامیاب جنگی حکمت عملی،	۱۶۹
امیر محمد بن عبد اللہ کی معزولی،	۱۷۰
اور اسکی جانشینی،	

مضمون	صفحہ
ابوالاغلب ابراہیم بن عبداللہ بن الاغلب والی صقلیہ (۲)	۱۷۱ تا
سنہ ۲۲۱ھ - ۲۳۶ھ / ۸۳۵ء - ۸۵۰ء	۱۹۹
افریقیہ سے ابوالاغلب کی روانگی	۱۷۱
اور ایک رومی بیڑے کا اچانک حملہ	
ابوالاغلب کی خودمختاری،	۱۷۲
بحری حملہ کا آغاز اور اوسکے وجوہ	۱۷۳
سب سے پہلی بحری جنگ،	۱۷۴
جزائر پر حملہ،	۱۷۵
جزائر پر قبضہ،	〃
بحر روم پر اقتدار،	〃
جزیرہ میں پیشقدمیاں،	۱۷۶
محاصرۂ قصریانہ،	۱۷۷
حوالی شہر پر قبضہ اور مصالحت،	〃
خلجوذی کا محاصرہ اور بیزنطی بیڑے سے مقابلہ،	۱۷۸
والی افریقیہ زیادۃ اللہ کا انتقال،	〃
والی افریقیہ کے انتقال سے صقلیہ میں سرگرمی	

مضمون	صفحہ
زیادۃ اللہ کا زمانہ اور جانشینی،	۱۷۹
ابوعقال اغلب بن ابراہیم	۱۷۹
بن اغلب والی افریقیہ	تا
سنہ ۲۲۳ھ / ۸۳۷ء سنہ ۲۲۶ھ / ۸۴۰ء	۱۸۴
صقلیہ میں عام بغاوت،	۱۷۹
افریقیہ سے کمک اور صقلیہ میں امن و امان	〃
جنوبی اٹلی،	۱۸۰
حکومت نیپلز اور اسلامی حکومت صقلیہ	۱۸۱
میں رشتۂ اتحاد،	
حکومت نیپلز کی مدد،	〃
جنوبی اٹلی کے مقبوضات	〃
اندرون جزیرہ میں فتوحات،	۱۸۳
والی افریقیہ کی وفات	۱۸۴
جانشین	〃
ابوالعباس محمد بن اغلب والی افریقیہ	۱۸۵ تا
سنہ ۲۲۶ھ - ۲۴۲ھ / ۸۴۰ء - ۸۵۶ء	۲۰۳
ابوالاغلب ابراہیم کی ولایت صقلیہ پر روانگی	۱۸۵
فتح سیتا،	〃
جزیرہ کے جنوبی حصہ میں فتوحات۔	۱۸۷

مضمون	صفحہ
جنوبی اٹلی کی مہمیں،	۱۸۸
جنوبی اٹلی کی فتوحات،	۱۸۹
طارنت میں اسلامی نوآبادی،	〃
اٹلی میں ایک اسلامی حکومت کی تشکیل	〃
اٹلی کی اسلامی حکومت کی ایک قدیم	۱۹۲
مسیحی تصدیق،	
مسیتا کے مضافات میں پیشقدمی	۱۹۳
اور فتح لیتی،	
صقلیہ میں ایک رومی بیڑے کی	۱۹۵
آمد اور بربادی،	
فتح رغوس۔	〃
رومی پایۂ تخت قصریانہ میں،	۱۹۶
قصریانہ پر تباہی	〃
والی صقلیہ کی وفات،	〃
ابوالاغلب کا عہد حکومت	۱۹۷
جانشین	۱۹۹
عباس بن فضل والی صقلیہ (۳)	۲۰۰ تا
سنہ ۲۳۷ھ - ۲۴۷ھ / ۸۵۱ء - ۸۶۱ء	۲۱۳

مضمون	صفحہ
فرمانِ ولایت،	۲۰۱
فوجکشی اور فتوحات قلعہ ابی ثور و غیرہ	〃
والی افریقیہ ابوالعباس کی وفات،	۲۰۲
ابوابراہیم احمد بن محمد والی افریقیہ ۲۴۲ھ/۸۵۶ء - ۲۴۹ھ/۸۶۳ء	۲۰۳ تا ۲۱۶
عباس بن فضل کی عہدِ ولایت پر تقرری	۲۰۳
فوجکشی اور قصر جدید و حصن شفودی	〃
وغیرہ کی فتوحات،	
فتح قصریانہ،	۲۰۵
مقتولین و اسیرانِ جنگ،	۲۰۷
مالِ غنیمت،	۲۰۸
تعمیرِ جامع مسجد،	۲۰۹
حکومتِ بیزنطی کا انتقامی حملہ اور ناکامی	۲۱۰
حکومتِ اسلامی کی مدافعانہ تیاریاں	۲۱۱
فوجکشی	〃
ایک اور بیزنطی بیڑا	〃
قصریانہ کا دوبارہ استحکام	۲۱۲
عباس کا آخری سفر،	〃

مضمون	صفحہ
عباس کا دورِ حکومت،	۲۱۲
عباس کی لاش سے رومیوں کا	
بزدلانہ انتقام،	۲۱۳
جانشین،	〃
احمد بن یعقوب والی صقلیہ (۴۱) ۲۴۷ھ/۸۶۱ء	۲۱۳ تا ۲۱۵
عبداللہ بن عباس قائم مقام والی	۲۱۴
فوجکشی اور فتوحات	〃
عبداللہ بن عباس کی قائم مقامی	〃
خاتمہ اور اس کے اسباب،	
خفاجہ بن سفیان والی صقلیہ (۵) ۲۴۸ھ/۸۶۲ء - ۲۵۵ھ/۸۶۸ء	۲۱۵ تا ۲۲۶
والی افریقیہ کی وفات،	۲۱۶
ابو محمد زیادۃ اللہ ثانی بن محمد بن اغلب والی افریقیہ ۲۴۹ھ/۸۶۳ء - ۲۵۰ھ/۸۶۴ء	۲۱۷ تا ۲۱۸
ولایتِ صقلیہ پر خفاجہ کی برقراری	۲۱۷
کا فرمان اور خلعت،	

مضمون	صفحہ
رومی مقبوضاتِ صقلیہ کی حالت	۲۱۷
اور اسلامی حکومت کی طرف میلان،	
فوجکشی اور فتوحات،	۲۱۸
والی افریقیہ کی وفات اور اس کا جانشین،	〃
ابو عبداللہ محمد بن احمد بن محمد بن اغلب والی افریقیہ، ۲۵۰ھ/۸۶۴ء - ۲۶۱ھ/۸۷۴ء	۲۱۸ تا ۲۳۲
سریۃ الف فارس،	۲۱۹
فتح طبرین،	〃
باسل مقدونی کی سیاست صقلیہ سے دلچسپی	۲۲۰
باسل مقدونی اور اسلامی حکومتیں،	〃
فیاوتین اور اس کا استیصال،	۲۲۱
خفاجہ کی علالت،	۲۲۲
فوجکشی،	〃
بیزنطی بیڑے کی آمد اور بربادی،	〃
اٹلی میں معرکہ آرائیاں	۲۲۳
مفرج بن سالم کا قتل اور اٹلی کے	〃
اسلامی مقبوضات کا صقلیہ کے ماتحت ہونا	

مضمون	صفحہ
فوجکشی،	۲۲۳
خفاجہ کا قتل،	۲۲۵
خفاجہ کا عہدِ حکومت،	〃
جانشین،	〃
محمد بن خفاجہ والی صقلیہ (۶)	۲۲۶ تا ۲۲۸
۲۵۵ھ - ۸۶۸ء - ۲۵۷ھ - ۸۷۰ء	
فوجکشی،	۲۲۶
مالطہ پر کامل اسلامی اقتدار،	〃
محمد بن خفاجہ کا قتل،	۲۲۸
جانشین،	〃
رباح بن یعقوب والی صقلیہ (۷)	۲۲۸ تا ۲۳۰
۲۵۷ھ - ۸۷۰ء - ۲۵۸ھ - ۸۷۱ء	
ولایت جنوبی ایطالیہ،	۲۲۹
جنوبی اٹلی پر فوجکشی،	〃
رباح اور عبداللہ بن یعقوب کی	〃
وفات اور ان کی جانشینی،	〃
ولایت جنوبی اٹلی،	۲۳۰
شہر باری اور سلرنو کا سقوط،	〃
حسین بن رباح والی صقلیہ (۸)	۲۳۰ تا ۲۳۱
۲۵۸ھ - ۸۷۲ء - ۲۵۹ھ - ۸۷۳ء	
قصر سرقوسہ پر ایک فوجکشی اور ہنگامی صلح،	۲۳۱
حسین بن رباح کا عزل،	〃
عبداللہ بن محمد والی صقلیہ (۹)	۲۳۱ تا ۲۳۲
۲۵۹ھ - ۸۷۳ء	
ابو مالک احمد بن عمر بن عبداللہ	۲۳۲
والی صقلیہ (۱۰)	
۲۵۹ھ - ۸۷۳ء - ۲۶۴ھ - ۸۷۷ء	
والی افریقیہ کی وفات	۲۳۲
جانشین،	〃
ابراہیم (ثانی) بن احمد بن	۲۳۲
محمد بن اغلب والی افریقیہ،	تا ۲۶۹
۲۶۱ھ - ۸۷۴ء - ۲۸۹ھ - ۹۰۱ء	
فوجکشی	۲۳۳
غزل و جانشینی،	〃
جعفر بن محمد والی صقلیہ (۱۱)	۲۳۴ تا ۲۳۷
۲۶۴ھ - ۸۷۷ء	
جعفر کا تقرر اور صقلیہ میں مجبرین کی جلاوطنی	۲۳۴
محاصرۂ سرقوسہ،	۲۳۵
رہض شہر پر قبضہ،	۲۳۶
حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کا امدادی	〃
بیڑا اور اس کی بربادی،	
بحری کامیابی کا خوش آئند نتیجہ،	۲۳۷
جعفر کی دارالحکومت بارہم کو مراجعت،	〃
جعفر رقادہ حملہ اور انقلاب حکومت	〃
اغلب بن محمد متغلب صقلیہ	۲۳۸ تا ۲۴۸
۲۶۲ھ - ۸۷۷ء - ۲۶۵ھ - ۸۷۸ء	
قصر جعفر کی بربادی،	۲۳۸
محاصرۂ سرقوسہ کا بدستور قائم رہنا،	〃
حصار نیدر گاہ کی بربادی،	۲۳۹
محصورین کے آلام و مصائب	۲۴۰
برج کا انہدام،	۲۴۱
محصورین کا جوشِ جنون،	〃
فتح سرقوسہ،	۲۴۲
مقتولین کی تعداد،	۲۴۳

مضمون	صفحہ
مال غنیمت،	۲۴۳
انہدام سرقوسہ،	״
بیزنطی بیڑے کی آخری کوشش،	۲۴۴
اسلامی لشکر کی مراجعت،	״
فتح سرقوسہ اور حکومت بیزنطی قسطنطنیہ	״
اسلامی پیشقدمی کا عارضی التوا،	۲۴۵
سرقوسہ کی نئی آبادی،	۲۴۶
باغیانہ حکومت کا خاتمہ،	״
صقلیہ کے نظام حکومت میں ابتری،	״
۲۶۵ھ سے ۲۶۸ھ تک دور اختلال اور اوس کے اسباب و نتائج،	
ابوالاغلب بن ابراہیم والی صقلیہ (۱۲)	۲۴۶ تا ۲۴۹
۲۶۵ھ	
حسین بن رباح والی صقلیہ (۱۳)	۲۴۹ تا ۲۵۰
۲۶۵ھ - ۲۶۷ھ	
فوجکشیان دریری و بحری	۲۴۹
معرکہ آرائیاں،	
عزل و جانشینی	۲۵۰

مضمون	صفحہ
حسن بن عباس والی صقلیہ (۱۴)	۲۵۰ تا ۲۵۱
۲۶۶ھ - ۲۶۸ھ	
رومی مقبوضات پر اسلامی حملے	۲۵۰
اور اسلامی مقبوضات پر رومی حملے،	״
ابوالحسین محمد بن فضل والی صقلیہ (۱۵)	۲۵۱ تا ۲۵۲
۲۶۸ھ	
فوجکشی،	۲۵۱
جدید رومی پایہ تخت پر قبضہ،	۲۵۲
عزل و جانشینی،	״
علی بن محمد والی صقلیہ (۱۶)	۲۵۳
۲۷۰ھ	
حسین بن احمد والی صقلیہ (۱۷)	۲۵۳
۲۷۰ھ - ۲۷۱ھ	
فوجکشی	۲۵۳
والی صقلیہ کی وفات،	״
سوادہ بن محمد والی صقلیہ (۱۸)	۲۵۴ تا ۲۵۵
۲۷۱ھ - ۲۷۳ھ	
فوجکشی اور رومیوں سے صلح،	۲۵۴

مضمون	صفحہ
جنوبی اٹلی کے اسلامی شہروں پر بیزنطی قبضہ	۲۵۴
والی صقلیہ کی گرفتاری	۲۵۵
ابو مالک احمد بن عمر المعروف بہ جبشی والی صقلیہ (۱۹)	۲۵۵ تا ۲۵۶
۲۸۴ھ - ۲۹۱ھ	
فوجکشی اور فتوحات،	۲۵۶
حاجب صقلیہ کا قتل اور ولایت صقلیہ میں عزل و نصب،	״
ابوالحسین محمد بن فضل والی صقلیہ (۲۰)	۲۵۷
۲۹۲ھ - ۲۹۷ھ	
باشندگان صقلیہ کی سرکشی و والی کا عزل و نصب،	۲۵۷
حسین بن احمد والی صقلیہ (۲۱)	۲۵۸ تا ۲۵۹
۲۹۷ھ - ۲۹۸ھ	
بغاوت اور قبائلی جنگ کا آغاز،	۲۵۸
قیام امن،	״
عزل و جانشینی،	۲۵۹

مضمون	صفحہ
ابو مالک احمد بن عمر والی صقلیہ (۲۲)	۲۵۹ تا ۲۶۰
۲۸۹ھ - ۹۰۰ء	
بغاوت اور حکومت کی شکست	۲۵۹
ابو العباس بن ابراہیم والی صقلیہ (۲۳)	۲۶۰ تا ۲۷۰
۲۹۶ھ - ۹۰۹ء	
صقلیہ کی روانگی کی تیاریاں	۲۶۰
ورود طرابنش	″
باغیوں کا وفد ابو العباس کی خدمت میں	۲۶۱
باغیوں کی سرکشی	۲۶۲
ابو العباس کے خلاف فوجکشی	″
معرکہ آرائی اور باغیوں کی پسپائی	۲۶۳
برم کا محاصرہ	″
باغیوں کی ناکامی اور سرغناؤں کا فرار ہونا	″
برم میں داخلہ	″
باغیوں کے سرغناؤں کی گرفتاری	۲۶۴
مفرورین کا تعاقب	″
جزیرہ میں کامل امن و امان	″

مضمون	صفحہ
جنوبی اٹلی پر تاخت	۲۶۴
فتح ریو	۲۶۵
پوپ کا جزیہ کی ادائی قبول کرنا	۲۶۶
ایک بیزنطی بیڑے کی بربادی	″
ابو العباس کی مراجعت افریقہ	″
قائم مقامی	۲۶۷
ابو العباس کا عہد حکومت	″
ابراہیم کی حکومت سے کنارہ کشی	″
اور ابو العباس کی سریر آرائی	
ابراہیم کا عہد حکومت اور کنارہ کشی کے اسباب اور اس کے اثرات صقلیہ پر	″
دعوت اسماعیلی کی ابتدا	۲۶۸
ابو العباس عبد اللہ بن ابراہیم فرمانروائے افریقہ	۲۶۹ تا ۲۷۹
۲۸۹ھ ۹۰۱ء	۲۷۹
ولایت صقلیہ	۲۷۰
سابق فرمانروائے افریقہ ابراہیم بن احمد ولایت صقلیہ پر (۲۴)	۲۷۱ تا ۲۷۷
۲۸۹ھ ۹۰۱ء	۲۷۷

مضمون	صفحہ
ابراہیم کا ورود صقلیہ	۲۷۱
فوجکشی اور پورے جزیرہ پر قبضہ	″
فتح طبرمین	۲۷۲
فتح طبرمین	″
سقوط طبرمین کا اثر قیصر روم پر	۲۷۴
باقی ماندہ شہروں اور قلعوں کی تسخیر	″
پورے جزیرہ پر کامل تسلط	۲۷۵
جنوبی اٹلی پر فوجکشی	۲۷۶
ابراہیم کا مرض موت	″
محاصرہ کسنتہ	″
ابراہیم کی وفات اور جانشینی	۲۷۷
ابو مضر زیادۃ اللہ بن ابی العباس والی صقلیہ (۲۵)	۲۷۷ تا ۲۷۹
۲۸۹ھ ۹۰۱ء ۲۹۰ھ ۹۰۲ء	۲۷۹
کسنتہ کا قبول جزیہ	۲۷۷
جنوبی اٹلی سے واپسی	″
تجہیز و تکفین	۲۷۸
ابو مضر کی نا اہلی	″

مضمون	صفحہ
ابو مضر کی معزولی،	۲۷۹
جانشین،	〃
محمد بن سرقوسی والی صقلیہ (۲۶) ۲۹۰ھ / ۹۰۲ء	۲۷۹
ابو العباس والی افریقیہ کا قتل،	۲۷۹
ابو مضر زیادۃ اللہ فرمانروائے افریقیہ ۲۹۰ھ / ۹۰۲ء — ۲۹۶ھ / ۹۰۸ء	۲۷۹ تا ۲۸۳
والی صقلیہ کی معزولی،	۲۷۹
علی بن محمد بن ابی الفوارس والی صقلیہ (۲۷) ۲۹۰ھ / ۹۰۲ء	۲۸۰
احمد بن ابی الحسین بن بارح والی صقلیہ (۲۸) ۲۹۰ھ / ۹۰۲ء — ۲۹۶ھ / ۹۰۸ء	۲۸۰ تا ۲۸۳
آخری غلبی، اصبغ کا آخری والی صقلیہ	۲۸۰
دولت اغالبہ کا زوال،	〃
دعوت اسماعیلی کا عروج،	۲۸۱
ابو مضر کا فرار و دولت اغالبہ کا خاتمہ	〃
صقلیہ سے دولت اغالبہ کا خاتمہ،	۲۸۳

مضمون	صفحہ
دولت اغالبہ پر ایک نظر	۲۸۳ تا ۲۹۱
دولت اغالبہ صقلیہ کے مختلف ولاۃ صقلیہ کی مکمل تسخیر میں تاخیر کا باعث	۲۸۵
اہم شہروں کی تسخیر،	۲۸۸
فوجکشیوں اور شدیدیوں کی کثرت،	۲۸۹
دولت اغالبہ کے زوال کا سبب،	۲۹۰
دولت فاطمیہ ۲۹۶ھ / ۹۰۸ء — ۳۲۶ھ / ۹۴۷ء ۲۹۲ - ۳۰۴	
عبید اللہ المہدی اسماعیلی فرمانروائے افریقیہ ۲۹۶ھ / ۹۰۸ء — ۳۲۲ھ / ۹۳۳ء	۲۹۶ تا ۳۰۴
انقلاب حکومت کا اثر صقلیہ پر،	۲۹۸
علی بن محمد بن ابی الفوارس فاطمی والی صقلیہ (۱) ۲۹۶ھ / ۹۰۸ء — ۲۹۷ھ / ۹۰۹ء	۲۹۹ تا ۳۰۰
حسن بن احمد بن ابی الخنزر فاطمی والی صقلیہ (۲) ۲۹۹ھ / ۹۱۱ء	۳۰۰ تا ۳۰۴

مضمون	صفحہ
جدید نظم و نسق اور حکومت کا مذہب شیعی قرار پانا،	۳۰۰
مشرقی صقلیہ کے رومیوں کی سرکشی اور صقلیہ میں اسلام و عیسائیت کی جنگ کا دوبارہ آغاز،	۳۰۱
دمنش کی سرکشی اور استیصال،	〃
صقلیہ میں ایک جدید انقلاب کے آثار،	۳۰۲
علی بن عمر البلوطی فاطمی والی صقلیہ (۳) ۲۶۹ھ / ۹۱۱ء	۳۰۴
انقلاب حکومت	۳۰۴
طوائف الملوکی ۳۰۰ھ / ۹۱۲ء — ۳۰۳ھ / ۹۱۵ء ۳۰۵ - ۳۱۲	
تشکیل حکومت کی کوششیں،	۳۰۵
احمد بن زیادۃ اللہ بن مفرج عباسی والی صقلیہ ۳۰۰ھ / ۹۱۲ء — ۳۰۳ھ / ۹۱۵ء	۳۰۶ تا ۳۱۵
حکومت کا جدید نظم و نسق اور خلافت عباسیہ سے تجدید تعلقات،	۳۰۶

مضمون	صفحہ
جنوبی اٹلی پر فوجکشی،	۳۰۶
طبرمین پر فوجکشی،	〃
خلافت عباسیہ سے ابن قرہب کو سند ولایت،	۳۰۷
دولت فاطمی سے انقطاع،	۳۰۸
افریقیہ اور صقلیہ کی جنگ،	〃
صقلی بیڑے کی افریقیہ کو مدد فرنگی	〃
دولت فاطمیہ کی شکست،	۳۰۹
جنوبی اٹلی پر تاخت،	〃
صقلیہ کی افریقیہ پر چڑھائی اور ناکامی	۳۱۰
صقلیہ میں ابن قرہب کے خلاف بغاوت	〃
ابن قرہب سے دست برداری کا مطالبہ	۳۱۱
ابن قرہب کا فرار اور گرفتاری،	〃
ابن قرہب کی افریقیہ کو روانگی	۳۱۲
اور عبیداللہ سے دو بدو گفتگو	
ابن قرہب کا قتل،	〃
مدت حکومت	〃

دولت فاطمیہ صقلیہ

۳۰۳ھ - ۳۳۶ھ
۹۱۶ء - ۹۴۷ء

۳۱۳ - ۳۳۹

مضمون	صفحہ
عبیداللہ المہدی العلوی	۳۱۳
فرمانروائے افریقیہ	تا
۳۰۳ھ - ۳۲۲ھ ۹۱۶ء - ۹۳۳ء	۳۲۲
ولایت صقلیہ کا عارضی انتظام	۳۱۳
باشندگان صقلیہ کی ایک درخواست	〃
درخواست کی نامنظوری اور جدید	〃
والی اور ایک نئی لشکر کی روانگی	
ابوسعید موسیٰ بن احمد فاطمی والی صقلیہ	۳۱۴ تا ۳۱۷
۳۰۳ھ ۹۱۶ء	
ابوسعید کی آمد و پائندگان صقلیہ کا طرز عمل	۳۱۴
ابوالغفار کی گرفتاری۔	〃
بغاوت۔	۳۱۵
طلب امان۔	۳۱۶
سزائیں۔	〃
شاہی معافی نامہ،	〃

مضمون	صفحہ
ابوسعید کی عہدہ ولایت سے سبکدوشی اور سالم بن ابی راشد کا تقرر۔	۳۱۷
سالم بن ابی راشد فاطمی والی صقلیہ ۳۰۵ھ - ۳۲۵ھ ۹۱۷ء - ۹۳۶ء	۳۱۷ تا ۳۲۲
اٹلی پر تاخت،	۳۱۷
فتح بریصانہ وغیرہ	۳۱۸
فتح واری	〃
مال غنیمت،	۳۱۹
جنوبی اٹلی پر صاحب صقلیہ کے بحری حملے اور فتح طارنت و تورمولہ وغیرہ	〃
حکومت کلیریہ کا قبول جزیہ	۳۲۱
حملہ جنووا	۳۲۲
عبیداللہ کی وفات۔	〃
ابوالقاسم بن عبیداللہ القائم بامراللہ فاطمی فرمانروائے افریقیہ ۳۲۲ھ - ۳۲۶ھ ۹۳۳ء - ۹۴۵ء	۳۲۲ تا ۳۲۸
حملہ سرداینہ و کورسیکا،	۳۲۳
فتح جنووا۔	〃

مضمون صفحہ	صفحہ	مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
صقلیہ میں بغاوت اور اس کے اسباب	۳۲۳	افریقیہ سے کمک اور سالم کی وفات	۳۳۲	افریقیہ میں امن و امان کا قیام اور اسکا اثر صقلیہ پر	۳۳۹
بعض جدید محصولات کی وصولی	۳۲۴	بغاوت کا استیصال	〃		
آفات ارضی و سماوی	〃	باغیوں کا ترک وطن و ترک مذہب	۳۳۴	حسن بن علی الکلبی کا والی صقلیہ پر تقرر	〃
سالم کے مظالم	〃	افریقیہ میں آتش بغاوت	۳۳۵	**دولت کلبیہ صقلیہ** ۳۴۷ - ۴۱۸ھ / ۹۵۸ - ۱۰۳۱ء	
آتش بغاوت	۳۲۵	خلیل کی افریقیہ روانگی	〃		
سالم کا افریقیہ سے امداد طلب کرنا	〃	خلیل کا عہد حکومت	۳۳۶	ابوالغنائم حسن بن علی بن ابی الحسن بانی دولت کلبیہ	۳۴۱
اہل صقلیہ کی ایک کامیاب جنگ میں	۳۲۶	**ابوعطاف محمد بن اشعث الازدی فاطمی والی صقلیہ**	۳۳۷	۳۳۷ھ - ۳۴۲ھ / ۹۴۷ - ۹۵۴ء	۳۵۱
سالم کا عزل اور خلیل بن اسحاق کا تقرر	〃		تا		
ابوالعباس خلیل بن اسحاق فاطمی والی صقلیہ	۳۲۷	۳۲۹ھ - ۳۳۶ھ / ۹۴۰ - ۹۴۷ء	۳۳۹	حسن کا ورود صقلیہ اور نبوطبری کی مخالفانہ روش	۳۴۱
۳۲۶ھ - ۳۲۹ھ / ۹۳۷ - ۹۴۰ء	۳۲۶	بغاوت کے بعد بدامنی	۳۳۷		
اہل صقلیہ کی وفاداری	۳۲۸	القائم کی وفات اور المنصور کی جانشینی	〃	مخالفین حکومت کا استیصال	۳۴۴
خلیل کا جدید نظم و نسق	۳۲۹	**ابوطاہر اسمٰعیل بن ابی القاسم المنصور من اللہ فاطمی فرمانروائے افریقیہ**	۳۴۸	حکومت کی کامل اطاعت	۳۴۶
سالم کی بغاوت انگیزی	〃		تا	بیزنطی بیڑے کی صقلیہ پر حملہ آوری	〃
ایک جدید شہر خالصہ کی تعمیر	〃	۳۳۴ھ - ۳۴۱ھ / ۹۴۵ - ۹۵۲ء	۳۵۰	اور حسن کی فوجکشی ٹائی پر اور فتوحات	
بغاوت	۳۳۱	افریقیہ کی بغاوت کا اثر صقلیہ پر	۳۴۸	عارضی صلح اور اس کے شرائط	۳۴۹
قحط سالی	۳۳۲	صقلیہ کے عیسائیوں کی سرکشی	〃	مسجد ریو	〃
باغیوں کی حکومت بیزنطی سے استمداد	۳۳۳	ابوعطاف پر حملہ	۳۴۹	فرمانروائے افریقیہ کی وفات	〃

مضمون	صفحہ
المعز لدین اللہ بن المنصور فاطمی فرمانروائے افریقیہ ۳۴۱ھ - ۳۶۹ھ / ۹۵۲ء - ۹۷۵ء	۳۵۰ تا ۳۷۶
حسن کی روانگی افریقیہ،	۳۵۰
احمد بن حسن بطور قائم مقام والی	۳۵۱
احمد کا ولایت صقلیہ پر مستقل تقرر،	″
حسن کا صقلیہ میں زمانہ حکومت،	″
ابوالحسن احمد بن حسن کلبی فرمانروائے صقلیہ (۱۲) ۳۴۲ھ - ۳۵۸ھ / ۹۵۴ء - ۹۶۸ء	۳۵۲ تا ۳۷۲
صقلیہ کی وجہ افریقیہ و اندلس میں اہمیت،	۳۵۲
اٹلی پر فوجکشی،	۳۵۴
اٹلی کے ایک اسلامی قلعہ کا سقوط	″
والی صقلیہ کا بیعت کیلئے افریقیہ آنا،	″
ایک شاہی جشن مسرت،	″
صقلیہ کے خلاف مذہبی جنگ کا اعلان،	۳۵۵
صقلیہ کے عیسائیوں کی بغاوت،	۳۵۶
فتح طبرمین اور عیسائیوں کا استیصال	″
طبرمین میں اسلامی نوآبادی	۳۵۷
ایک جنگ عظیم اور فتح رمطہ،	″
ایک فیصلہ کن بحری جنگ	۳۶۵
سرزمین یورپ میں ایک کامل عربی جزیرہ	۳۶۶
حسن کلبی کی وفات،	۳۶۷
جنوبی اٹلی پر تاخت،	۳۶۸
حکومت بیزنطی اور افریقیہ میں مصالحت	″
طبرمین اور رمطہ کی بربادی،	۳۶۹
خاندان کلبیہ کا صقلیہ سے انقطاع،	۳۷۰
کلبیین کی صقلیہ سے تعلق میں تبدیلی	″
جدید والی کا تقرر،	″
احمد کا زمانہ حکومت،	۳۷۲
یعیش مولی حسن کلبی فرمانروائے صقلیہ (۳) ۳۵۸ھ - ۳۵۹ھ / ۹۶۸ء - ۹۶۹ء	۳۷۲ تا ۳۷۳
دارالصناعہ میں کشت خون اور بغاوت	۳۷۲
احمد کا دوبارہ تقرر،	″
احمد بن حسن کلبی والی صقلیہ (۴) ۳۵۹ھ / ۹۶۹ء	۳۷۳ تا ۳۷۴
احمد کی ولایت،	۳۷۳
احمد کی وفات اور ابوالقاسم کا تقرر،	۳۷۴
ابوالقاسم بن حسن کلبی فرمانروائے صقلیہ (۵) ۳۶۰ھ - ۳۷۲ھ / ۹۷۰ء - ۹۸۲ء	۳۷۴ تا ۳۸۵
دولت کلبیہ صقلیہ کا استقلال	۳۷۸ -
المعز کی وفات اور اوسکی جانشینی	۳۷۶
العزیز باللہ ابومنصور نزار بن معد خلیفہ فاطمی	۳۷۶ تا ۳۹۲
اٹلی اور صقلیہ کا ایک دوسرے پر حملہ	۳۷۷
رمطہ کی دوبارہ تعمیر،	۳۷۸
مہم مناخ البقر،	″
ٹارنٹو کی بربادی،	۳۷۹
فتوحات،	″
اوتھو دوم کا حملہ اسلامی نوآبادی پر	۳۸۰
سقوط ملیطو،	″
صقلیہ کا جوابی حملہ اٹلی پر،	۳۸۱
امیر ابوالقاسم کی شہادت،	″
مسلمانوں کی فتح اوتھو دوم پر	۳۸۲

مضمون	صفحہ
اوتھو دوم کا فرار،	۳۸۲
اوتھو دوم کی موت،	۳۸۳
انسائیکلوپیڈیا میں اوتھو کی شکست کی غلط توجیہ،	″
فرمانروایان یورپ کی کانفرنس بوکے خلاف	۳۸۴
مجاہدین کی سزا، اور ابوالقاسم کی جانشینی،	″
ابوالقاسم کا عہد حکومت و حالات و خصائل	″
جابر بن ابوالقاسم کلبی فرمانروائے صقلیہ (۶)	۳۸۵
۳۷۲ھ - ۹۸۲ء	۳۸۶ تا
جابر کی نااہلی اور فرمان تقرر	۳۸۵
عزل و جانشینی،	۳۸۶
زمانۂ حکومت	″
جعفر بن محمد کلبی فرمانروائے صقلیہ (۷)	۳۸۷
۳۷۳ھ - ۹۸۳ء	۳۹۰ تا
جعفر کا ورود صقلیہ،	۳۸۷
رسٹا اور طرمین کو عیسائیوں کے حوالہ کرنے کا دوبارہ فرمان،	۳۸۸
جعفر کا بہ لطائف الحیل ٹالنا	″

مضمون	صفحہ
وفات و جانشینی،	۳۹۰
علم و فن کی ترقی،	″
عبداللہ بن محمد کلبی فرمانروائے صقلیہ (۸)	۳۹۰
۳۷۹ھ - ۹۸۹ء	۳۷۹ھ - ۹۸۹ء
جانشین	۳۹۰
ثقۃ الدولہ ابوالفتوح یوسف	۳۹۱
عبداللہ کلبی فرمانروائے صقلیہ (۹)	تا
۳۷۹ھ - ۹۸۹ء	۳۹۴ ۳۸۸ھ - ۹۹۸ء
اہلی کی ریاستوں کی اطاعت	۳۹۱
معقلیہ کا عمرانی شباب،	″
خلیفہ فاطمی العزیز کی وفات	۳۹۲
الحاکم بامر اللہ خلیفہ فاطمی مصر	۳۹۲ تا
۳۸۶ھ - ۹۹۶ء	۴۰۱ ۴۱۱ھ - ۱۰۲۰ء
ثقۃ الدولہ کی علالت اور حکومت سے کنارہ کشی	۳۹۳
ثقۃ الدولہ کا عہد حکومت	″
تاج الدولہ سیف الملۃ جعفر	۳۹۴
بن ثقۃ الدولہ کلبی فرمانروائے صقلیہ (۱۰)	تا
۳۸۸ھ - ۹۹۸ء	۴۰۰ ۴۱۰ھ - ۱۰۱۹ء

مضمون	صفحہ
لقب اور لوائے فاطمی،	۳۹۴
صقلیہ کی مرفہ الحالی،	″
سویدا جو زوال	۳۹۵
شاہی خاندان میں باہمی رقابت	۳۹۶
علی کا قتل،	″
تاج الدولہ کی ایک اہم سیاسی غلطی،	″
قبائل بربر اور موالی کا اتصال،	۳۹۷
ایک نئی فوج کی ترتیب اور اسکے نتائج	″
حسن بن محمد باغائی	۳۹۸
قانون محاصل میں ترمیم،	″
تاج الدولہ پر یورش،	″
ثقۃ الدولہ یوسف کی دست اندازی	۳۹۹
تاج الدولہ کی معزولی کا مطالبہ	″
تاج الدولہ کی معزولی اور اسکی جانشینی	۴۰۰
مجمع کی مرضی پر،	
باغائی کا حشر،	″
تاج الدولہ جعفر کا صقلیہ سے	″
ترک سکونت،	

مضمون	صفحہ
تائید الدولہ احمد الاکحل بن ثقۃ الدولہ کلبی فرمانروائے صقلیہ (۱)	۴۰۰ تا
۴۱۰ھ / ۱۰۱۵ء - ۴۲۷ھ / ۱۰۳۵ء	۴۱۲
امن وامان کا قیام	۴۰۰
فرمان تقرر اور خطاب	۴۰۱
ثقۃ الدولہ کی مصر کو روانگی	〃
الحاکم خلیفہ فاطمی کی گمشدگی اور جانشینی	〃
الظاہر لاعزاز دین اللہ ابوالحسن بن الحاکم خلیفہ فاطمی مصر	۴۰۲ تا
۴۱۱ھ / ۱۰۲۰ء - ۴۲۷ھ / ۱۰۳۵ء	۴۱۲
صقلیہ کی فوجی طاقت کا استحکام	۴۰۲
اٹلی میں نارمنوں کی آمد	〃
اٹلی پر تاخت	۴۰۳
تائید الدولہ کے لڑکے جعفر کی نامزدگی	〃
صوبہ قلوریہ سے اسلامی اقتدار کا زوال	۴۰۴
صقلیہ پر بزنطی حملہ	۴۰۷
تائید الدولہ کی نفاق انگیزی	〃
صقلی جماعت کی معرضاجی کا آغاز	۴۰۸

مضمون	صفحہ
فرقیہ کا حملہ صقلیہ پر	۴۱۰
اہل صقلیہ میں اختلاف اور تائید الدولہ کا قتل	۴۱۱
اہل صقلیہ اور افرقیہ میں جنگ	〃
خلیفہ فاطمی مصر کی وفات اور اسکا جانشین	۴۱۲
المستنصر باللہ ابوتمیم معد بن الظاہر خلیفہ فاطمی	۴۱۲ تا
۴۲۷ھ / ۱۰۳۵ء - ۴۸۷ھ / ۱۰۹۴ء	۴۴۵
دولت کلبیہ کا زوال	۴۱۲ - ۴۱۴
کلبی فرمانروا کا انتخاب	۴۱۲
صمصام الدولہ حسین بن ثقۃ الدولہ	۴۱۳
الدولہ کلبی فرمانروائے صقلیہ (۲)	تا
۴۲۷ھ / ۱۰۳۵ء - ۴۳۱ھ / ۱۰۳۹ء	۴۱۴
مسینا پر بزنطی قبضہ	۴۱۳
دولت کلبیہ کا زوال	۴۱۴
دولت کلبیہ پر ایک نظر	۴۱۴ تا ۴۱۸
طوائف الملوکی	
۴۳۱ھ / ۱۰۳۹ء - ۴۴۴ھ / ۱۰۵۲ء	
۴۱۹ - ۴۲۴	

مضمون	صفحہ
جزیرہ میں بزنطی فتوحات اور ان کا خاتمہ	۴۱۹
دارالحکومت میں ایک ہنگامی حکومت	〃
ملک میں عام طوائف الملوکی	۴۲۰
خانہ جنگی	۴۲۱
ابن ثمنہ کا اقتدار اور مرکزی حکومت کی تشکیل	〃
صمصام الدولہ کا قتل	〃
جزیرہ میں امن وامان	۴۲۲
صقلیہ کا خلافت فاطمی سے انتساب	〃
ایک خانگی اختلاف اور خانہ جنگی	۴۲۳
ابن ثمنہ کی نارمنوں سے امداد	〃
نارمنی فتوحات صقلیہ اور صقلیہ میں اسلامی سلطنت کا خاتمہ	
۴۴۳ھ / ۱۰۵۱ء - ۴۸۴ھ / ۱۰۹۱ء	
۴۲۶ - ۴۴۵	
نارمن اٹلی میں	۴۲۶
رابرٹ گوسکارڈ	〃
خاندان باٹول	۴۲۷
راجر اول	〃

مضمون	صفحہ
نارمنوں کو صقلیہ پر حملہ آوری کی دعوت	۴۲۷
راجر کا پس و پیش	۴۲۸
نارمن لشکر	۴۲۹
نارمنوں کے لئے آسانیاں	″
سقوط مسینا	۴۳۰
نارمنوں کو کمک	″
جزیرہ کے عیسائیوں کے دعوت نامے	″
صقلیہ کے شمالی علاقہ پر نارمنوں کا قبضہ	″
محاصرۂ قصریانہ	۴۳۱
علما و صالحین کی جزیرہ سے ہجرت	″
دربار افریقیہ سے استمداد	۴۳۲
افریقی بیڑے کی غرقابی	″
اُلمی سے دولت اسلامی کا زوال	۴۳۴
فرمانروائے افریقیہ کی مداخلت	۴۳۵
ایک نیا شاخسانہ	″
ابن حواس کا قتل	۴۳۶
افریقی لشکر کی واپسی	″
صقلیہ کے اعیان و معززین کی ہجرت	″
ابن البعبا آخری مسلمان حاکم صقلیہ	۴۳۷ تا ۴۴۵
سنہ ۴۶۱ھ / ۱۰۶۸ء — سنہ ۴۸۴ھ / ۱۰۹۱ء	
حکومت فاطمیہ کا صقلیہ سے طلب خراج	۴۳۷
فاطمین کی دعوت نارمنوں کو	″
بلرم کا محاصرہ	۴۳۸
بلرم کے محاصرین قوام یورپ کی شرکت	″
محصورین کی پریشان حالی	۴۳۹
محصورین کا ثبات قدم محاصرین کی مایوسی	۴۴۰
بلرم کے عیسائیوں کی غداری	″
معاہدۂ صلح اور اس کے شرائط	″
شہر کی حوالگی	۴۴۱
سقوط مازر و طرابنش	۴۴۲
عبداللہ بن منکوت کی ہجرت	″
صقلیہ سے اسلامی حکومت کا خاتمہ	″
صقلیہ شہروں پر مسلمانوں کا انفرادی تسلط	″
تشکیل حکومت اور نورمنی کا التوا	۴۴۳
پیش قدمی کا آغاز	″
سقوط طبرمین و سرقوسہ	″
سقوط جرجنت	۴۴۴
سقوط قصریانہ	″
سقوط رغوس و نوطس اور صقلیہ سے اسلامی اقتدار کا خاتمہ	″
زوال دولت اسلامی پر ایک نظر سنہ ۴۴۵ھ / ۱۰۵۳ء — سنہ ۴۴۹ھ / ۱۰۵۷ء	
صقلیہ کی اسلامی سلطنت کے زوال کے اثرات دوسری اسلامی سلطنتوں پر سنہ ۴۶۴ھ / ۱۰۷۱ء — سنہ ۶۲۶ھ / ۱۲۲۸ء	
۴۵۰ - ۴۶۵	
اسلامی ممالک کی بربادی کے متعلق	۴۵۰
مہدیہ پر نارمن قبضہ اور صلح	″
بیت المقدس پر حملہ آوری کا پہلا دور	۴۵۱
شمالی افریقیہ پر قبضہ کی تیاریاں	۴۵۳
شمالی افریقیہ پر قابض ہونے کی ایک شاطرانہ روش	″
افریقی حکومتوں کا صقلیہ پر حملہ آوری کا ارادہ	۴۵۴
صقلیہ کی افریقیہ پر حملہ آوری	۴۵۵
جزیرہ قوصرہ کی اسلامی آبادی پر مظالم	″

مضمون	صفحہ
قلعہ دیماس پر نارمن قبضہ اور سسلی	۴۵۵
قدیم حکمت عملی کا اعادہ	۴۵۶
افریقہ کے مختلف اہم بندرگاہوں کا سقوط	〃
مختلف جزائر کا سقوط	〃
مفتوح مسلمانوں پر مصائب	۴۵۷
دولت صنہاجیہ کا خاتمہ	〃
پیشقدمی میں ایک عارضی التوا	۴۵۸
جنگہائے صلیبی اور فتح بیت المقدس	۴۶۰
جنگہائے صلیبی میں صقلیہ کی شرکت	۴۶۱
سلطان صلاح الدین ایوبی سے شاہ صقلیہ کی دشمنی	۴۶۲
سقوط بیت المقدس	۴۶۴
زوال دولت اسلامی صقلیہ کے اصل اسباب	۴۶۵
مسلمانان صقلیہ عیسائی حکومت کے ماتحت اور صقلیہ و جزائر صقلیہ سے اسلام کا خاتمہ سنہ ۴۸۴ھ - سنہ ۶۰۰ھ / سنہ ۱۰۹۱ء - سنہ ۱۲۰۳ء	۴۶۶ - ۵۱۶

مضمون	صفحہ
کاؤنٹ راجر اول محافظ مذہب عیسائیت نارمن فرمانروائے صقلیہ (۱)	۴۶۷ تا ۴۷۰
سنہ ۱۱۰۱ء - سنہ ۴۹۴ھ	
صقلیہ میں عیسائیوں کی جدید آبادی	۴۶۷
جزیرہ میں تبلیغ اسلام کی قانوناً ممانعت	〃
مسلمانوں کے وسائل معاش پر قبضہ	۴۶۸
راجر اول کی وفات	۴۷۰
نارمن فرمانروائے صقلیہ (۲)	۴۷۰
سنہ ۱۱۰۱ء - سنہ ۱۱۰۵ء / سنہ ۴۹۴ھ - سنہ ۴۹۹ھ	
راجر دوم شاہ صقلیہ (۳)	۴۷۰ تا ۴۷۶
سنہ ۱۱۰۵ء - سنہ ۱۱۵۴ء / سنہ ۴۹۹ھ - سنہ ۵۴۹ھ	
نارمن حکومت کی دول یورپ سے معرکہ آرائی	۴۷۰
مسلمانوں سے اشتراک عمل	۴۷۱
مسلمان نارمن نظام حکومت میں	۴۷۳
پھر ایک تبدیلی	۴۷۵
راجر دوم کی وفات	۴۷۶

مضمون	صفحہ
بدنفس ولیم اول نارمن فرمانروائے صقلیہ (۴)	۴۷۷ تا ۴۷۹
سنہ ۱۱۵۱ء - سنہ ۱۱۶۶ء / سنہ ۵۴۶ھ - سنہ ۵۶۱ھ	
کلیسہ کی ریشہ دوانیاں	۴۷۷
اسلام دشمنی کا آغاز	〃
مسلمانوں کی حکومت سے بیزاری	۴۷۸
ولیم کی وفات	〃
نیک نفس ولیم دوم نارمن فرمانروائے صقلیہ (۵)	۴۷۹ تا ۴۸۰
سنہ ۱۱۶۶ء - سنہ ۱۱۸۹ء / سنہ ۵۶۱ھ - سنہ ۵۸۵ھ	
ولیم دوم اور اسلامی تہذیب و تمدن	۴۸۰
ولیم کی اسلام دشمنی	۴۸۱
مسلمانوں کی مذہبی آزادی	۴۸۲
مذہب میں رخنہ اندازیاں	۴۸۳
مسلمانوں کا کتمان ایمان	۴۸۳
بجبر عیسائی بنانا	〃
اسلام کی سخت جانی	۴۸۶
مسلمانان صقلیہ کے گرد و قتضا جان	〃

مضمون	صفحہ
ابن جبیر کے مشاہدات	۴۸۵
ولیم ثانی کی وفات اور اس کے اثرات مسلمانوں پر	۴۹۶
طانکرڈ اور ولیم ثالث (فرمانروائے صقلیہ)	۴۹۷ تا
۱۱۹۰ء - ۵۸۶ھ / ۱۱۹۴ء - ۵۹۱ھ	۴۹۹
نارمن حکومت کا خاتمہ	۴۹۷
نارمن عہد حکومت	۴۹۰
اسلامی آبادی میں کمی	″
ہنری ششم و فریڈرک دوم	۴۹۱
جرمن فرمانروایان صقلیہ	۵۰۹ تا
۱۱۹۴ء - ۵۹۱ھ / ۱۲۰۸ء - ۶۰۴ھ	۵۰۹
یہود اور مسلمانوں میں خونریزی	۴۹۹
مسلمانوں کا ایک نیا اقدام	۵۰۰
ہنری کی وفات	۵۰۲
فریڈرک کی ابتدائی	″
فریڈرک اور اسلام	۵۰۳
فریڈرک اور مجاہدین میں مخاصمت	″

مضمون	صفحہ
لوسیرا	۵۰۴
مجاہدین فریڈریک کی فوج میں	۵۰۵
سلطان ابوزکریا اور فریڈریک میں عہد	″
سلطان ابوزکریا کی وفات اور صقلیہ کے مسلمانوں کا دور ابتلا	۵۰۶
مجاہدین کی پناہ گزینی پہاڑی قلعوں میں	″
مجاہدین کی شکست	۵۰۶
صقلیہ سے جلاوطنی و ہجرتیں	″
ایک جدید اسلامی آبادی	
مالڑا سے مسلمانوں کی جلاوطنی	۵۰۷
صقلیہ و جزائر صقلیہ سے کلیۃً اسلام کا خاتمہ	″
مسلمانان نوسیرا کی تعداد	۵۰۰
نوسیرا	″
پیشگوئی	″
نوسیرا میں اسلامی آبادی کے قیام کا مقصد	
فریڈریک دوم کی وفات	۵۰۹

مضمون	صفحہ
کارڈوچہارم کا ریڈین متقرر	۵۰۹
جرمن فرمانروایان صقلیہ و ایطالیہ (۱۲۱۱ء-۱۰)	تا
۱۲۵۰ء - ۶۴۸ھ / ۱۲۶۶ء - ۶۶۵ھ	۵۱۳
مسلمانان نوسیرا کے تعلقات جرمن فرمانروائوں سے	۵۱۰
جرمن فرمانروائوں کی مسلم نوازیاں	۵۱۲
اوراوس کے نتائج	۵۰۶
فرانس سے تجدد و صقلیہ کے تاج کی پیشکش	″
مسلم نوازی کے باجرمن حکومت کا خاتمہ	۵۱۳
چارلس انجواں و چارلس دوم	۵۱۳
فرمانروایان صقلیہ و ایطالیہ (۱۳۰۹ء-۱۳)	تا
۱۲۶۶ء - ۶۶۵ھ / ۱۳۰۰ء - تا	۵۱۴
مسلمانان ایطالیہ کے سیاسی وجود کا خاتمہ	۵۱۴
مذہبی آزادیوں پر پابندی	″
عیسائیت کا بپتسمہ	″
مسلمی کا تخلیہ مسلمانوں کے وجود سے	۵۱۵
چند قطرات اشک	″

تعارف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ محمد وآلہ وصحابہ اجمعین

سسلی (صقلیہ) بحر روم کا ایک جزیرہ ہے جو براعظم یورپ کے وسطی جزیرہ نمائے اٹلی کے جنوبی گوشہ سے صرف ایک چھوٹی سی دو میل عریض آبنائے میسنا کے ذریعہ جدا ہوتا ہے،

بحر روم کی متمدن اور نیلگوں سطح زمانہ قدیم سے یورپ، ایشیا، اور افریقہ کی مختلف قوموں کا رابطۂ اتصال رہی ہے، اور جس دور تہذیب میں "متمدن دنیا" بحر روم کے ارد گرد کے مقامات "سے عبارت تھی، سسلی اوس کا ایک اہم مرکز تھا، اس لئے جب مختلف قوموں کے درمیان باہمی رقابتوں کا آغاز ہوا اور مشرق و مغرب، ایرین و سامی اور ان کے اختیار کردہ مذاہب میں امتیاز پیدا ہوا، تو سسلی کی وہی مرکزیت دنیا کی ہر دو متصادم قوتوں کیلئے دلچسپی کا باعث بنگئی، کیونکہ یہ اپنے جغرافیانہ جاے وقوع کے لحاظ سے یورپ اور افریقہ دونوں براعظموں کا ایک حصہ بن سکتا تھا چنانچہ مسٹر فریمان لکھتے ہیں:-

"ہم اسکو یورپ کا ایک حصہ سمجھتے ہیں لیکن درحقیقت یہ افریقہ سے زیادہ قریب تر ہے، بلکہ یوں کہا جائے کہ یہ دونوں براعظموں کے درمیان کا ایک پل ہے، اسلئے یہ لازمی تھا کہ یہ سوال پیدا ہو کہ یہ مشرق کا رہیگا

یا کہ مغرب کا یا فریقہ کا حصہ بنے گا یا کہ یورپ کا،

اسلئے سسلی ان دونون براعظمون کے درمیان کی ایک ایسی کڑی ہے، جسکو ہر ایک نے اپنے سے پیوستہ سمجھا یہی وجہ ہے کہ دنیا کی تاریخ کے ہر ایسے دور مین جب کہ مشرق و مغرب مین تصادم برپا ہوا، اوس مین سسلی کا حصہ کچھ نہ کچھ ضرور رہا،

اور اگر غور سے دیکھا جائے تو دور حاضر سے پہلے مشرق و مغرب مین جب کبھی تصادم ہوا، اوس کا باعث ہمیشہ ان ممالک کے اختیار کردہ مذاہب قرار پائین گے، چنانچہ سرزمین سسلی پر بھی مشرق و مغرب کی آویزش کا آغاز شرک کی دو متضاد شکلون فنیقی و یونانی وثنیت سے ہوتا ہے، اور پھر مشرق و مغرب کا یہی تصادم توحید و تثلیث اور اسلام و عیسائیت کی معرکہ آرائیون پر ختم ہوتا ہے،

یہ بھی عجیب تاریخی اتفاق ہے کہ جس طرح فنیقی سیلاب مصر و شام سے امنڈ کر افریقہ پہونچا، اور اپنی رو مین سسلی کو بہالے گیا، اوسی طرح جب مسلمان مصر و شام پہونچے اور افریقہ کو زیر نگین کر کے تثلیث پر توحید کو غالب کیا تو نوجوانان عرب ہی سے اپنا علم فتح بلند کرتے ہوئے سسلی مین داخل ہوئے،


یہ بھی ایک تاریخی حقیقت ہے، کہ سسلی کا ستارۂ اقبال تاریخ کے جن دورون مین چمکا ہے، وہ دو ہی دور ہین جنہین فنیقی عہد کو "دور قدیم" کہتے ہین، اور اس کے بعد دوسرا درخشان دور جو "دور جدید" کے نام سے موسوم ہے شروع ہوتا ہے، یہی وہ دور ہے جسمین اسلام کے علم اقتدار نے بیزنطی علم کو ہمیشہ کیلئے سرنگون کر دیا[1]،

ہمین ان اوراق مین اسی دور جدید کے تاریخی حالات کو نمایان کرنا ہے، کتاب کی پہلی جلد مین اس کی رزمیہ سرگذشت بیان کی جائیگی، اور دوسری جلد مین سسلی کی تمدنی معاشرتی اور ذہنی ترقیون کا نقشہ پیش ہوگا، جس سے یہ اندازہ ہوگا کہ سسلی کی اسلامی تہذیب و تمدن کے ذریعہ یورپ کی تہذیب جدید نے کیونکر نشو و نما پائی،

---

[1] سیر ٹرا سٹوری آف دی سیسلینس ج ۱ ۳ (سسلی از فریمان) ص ۶۰

صقلیہ عہدِ اسلامی سے پہلے



صقلیہ

جزیرہ کا عالم وجود سسلی کے ساحلی مشاہدات سے ماہرین طبقات الارض قیاس کرتے ہین کہ یہ جزیرہ بحر روم مین اُس وقت سے موجود ہے، جب کہ گہوارۂ عالم ہنوز نسل انسانی کے وجود سے خالی تھا[1]،

جزیرہ کا نام ابتداءً دنیا کی آبادیان اکثر اپنے آباد کرنے والون کے نام سے موسوم ہوئین، پھر ہر مقام مین جیسے جیسے نئی قومین آئین، اور زبان مین تغیر و تبدل ہوئے، ویسے ویسے اوس کے نام مین بھی تبدیلیان ہوتی گئین،

اس جزیرہ کا نام بھی ابتداءً ہی سے، اس کی قدیم آباد کرنے والی قومون کے نام پر پڑا، یہان کے قدیم باشندون مین خصوصیت سے دو قومین سیکان اور سیکل مشہور ہین سیکان کا یونانی تلفظ و املا (SIKAVI) (SIKANI) یعنی سیکانی (SICANI) اور دوسری قوم سیکل کو یونانی مین (EIKEλOI) یعنی سیکلی (SICULI) کہتے ہین،

چنانچہ یہ جزیرہ انھی دونون قومون کی مناسبت سے پہلے یونانی تلفظ مین (SIKANIA) سیکانیہ (SIKELIA) کے نام سے موسوم ہوا اور جب سیکل آئے تو سیکانیہ سے سیکیلیہ (SICILIA) کہا جانے لگا، اس کے بعد زبان کے تغیر و تبدل سے "سیکیلیہ" سے "سسلیا" (SICILY) ہوا، اور دور حاضر مین اسی "سسلیا" کو سسلی کہا جاتا ہے[2]،

---

[1] انسائیکلوپیڈیا بریطانیکا (طبع یازدہم) ج ۲۵ ص ۲۰ [2] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۱ (سسلی مؤلفہ فریمان) ص ۱۱،

عربون کا صقلیہ | سیسلی کی حقیقت سیکیلیہ ظاہر ہوتے ہی عربون کے "صقلیہ" کی مستور حقیقت بھی خود بخود بے نقاب ہوجاتی ہے، جب اس جزیرہ مین عربون کے قدم پہونچے، یہان کی عام علمی دونون زبانین یونانی تھین، اسلئے عربون کا صقلیہ کسی نام کا کوئی مسخ شدہ تلفظ نہین، بلکہ جب اصل تلفظ کے برقرار رکھنے کی کوشش کیگئی، تو وہی سیکیلیہ عربی لب ولہجہ مین صقلیہ یا صقلیہ کے تلفظ سے ادا ہوا،

عربون کے نزدیک صقلیہ کی اصل اور اس کے لغوی معنی | اور یہ دلچسپ حقیقت ہی کہ عرب اہل علم بھی نام کے اس تغیر و تبدل سے گوش آشنا تھے، اور وہ نہ صرف اس کی اصل بتاتے ہین بلکہ اسکے لغوی معنی کے سمجھانے کی بھی کوشش کرتے ہین، چنانچہ ابن وحیہ المطرب مین صقلیہ کے ایک عرب اہل علم سے یون نقل کرتے ہین:-

صقلیہ بفتح الصاد والقاف	مشہور نحوی محمد بن علی بن حسن بن البرتمیمی صقلی
قالہ النحوی الکبیر محمد بن علی بن	"صقلیہ" (بفتح صاد وقاف) کے متعلق کہتے ہین، کہ
الحسن بن البر التمیمی (الصقلی)	عربون نے اسکے صاد اور قاف کو زبر کے تلفظ
ھکذا عربتھا العرب واسمھا باللسان	کے ساتھ معرب کیا ہی، اس کا نام رومی زبان
الروحی "سیکلہ" بفتح السین وکسر	مین "سیکلہ" اور "کیلیہ" تھا، سیکلہ مین سین کو زبر کاف
الکاف وسکون الھاء "کیلیۃ" بکسر الکاف	کو زیر اور ہاے ساکن ہی، اور "کیلیہ" مین کاف اور
واللام وتشدید الیاء وسکون الھاء	لام کو زیر یا مشدد اور ہا، ساکن ہی

لیکن سیکیلیہ کا تجزیہ "سیکلہ کیلیہ" کرنا دراصل عربون کے اوس ذوق کا نتیجہ ہے، جو انھین علم اشتقاق مین حاصل تھا، اور یہی وجہ ہے، کہ اون کے نزدیک یہ دونون رومی اصل الفاظ مہمل اور بے معنی نہین ہین، ان کا بیان ہے کہ کسی قدیم یونانی زبان مین "سیکہ" کے معنی انجیر (التین) اور "کیلیہ" کے معنی زیتون کے ہین، اور اجنبی زبان کے یہ دونون معنی ان کے نزدیک اس قدر معروف تھے، کہ بعض شعرا نے اس طرف اشارہ بھی کئے ہین

چنانچہ ابن شباط اور سیوطی لکھتے ہین،

وتفسیرھا "التین والزیتون"	ان دونون لفظ (سیکہ کیلہ) کے معنی "انجیر" اور
والی ذا للمعنی اشار الادیب البارع	زیتون کے ہین، اور اسی معنی کی طرف مشہور ادیب
ابو علی الحسن بن رشیق حین	ابو علی حسن بن رشیق صقلیہ کی مدح کرتے ہوئے
مدح صقلیہ بقولہ	ان اشعار مین اشارہ کرتا ہے،
اخت المدینۃ فی اسم لا یشارکھا	فیہ سواھا من البلدان ولتس
وعظم اللہ معنی لفظھا قسما	قد اذا شئت اھل العلم وفتش[1]

لیکن یہ سب نکات بعد الوقوع ہین، ممکن ہے کہ یورپ کی کسی قدیم زبان مین ان دونون لفظ کے یہ معنی آئے ہون، لیکن میرے خیال مین اس قسم کی دور از کار تاویل و تشریح مین پڑنے کے بجائے بہتر ہے کہ اس موقع پر جزیرہ کے اسی قدیم نام کو پیش نظر رکھا جائے کہ "سیکہ" "کیلہ" دراصل وہ دو اجزا ہین جو عربون کو صقلیہ کے اصل نام سیکیلیہ کے معلوم ہوئے، اسلئے صقلیہ اصل مین خود عربون کی تصریح کے مطابق سیکیلیہ کا صحیح معرب ہے، اور پھر یہ دوسری بات ہے، کہ یوروپین نام اپنے تجزیہ کے بعد لغوی حیثیت سے کیا معنی رکھتا ہے، اور اس مین عربون کی تحقیق صحیح ہے یا نہین، لیکن یہ معلوم ہے کہ سیکیلیہ یہان کی باشندہ قوم سیکل کے انتساب سے اس جزیرہ کا قدیم نام ہے،

صقلیہ کا تلفظ ادا ملا

پھر سیکیلیہ سے صقلیہ کیون اور کیونکر ہوا، یہ بھی کچھ زیادہ حیرت انگیز نہین، زبان اور لہجہ کے اختلاف سے "کاف" کا "قاف" ہوجانا محض ایک ادنی تغیر ہے، جو نامون کے الٹ پھیر مین ہوتا رہتا ہے، اور ابتداً اس مین سب سے پہلا تغیر اسی کاف سے قاف کا تبادلہ ہے

---

[1] بغیۃ الوعاۃ سیوطی مطبوعہ مصر ۱۳۲۶ھ ص ۷۶ (ترجمہ محمد بن علی بن الحسن الصقلی) و دیوان صلۃ السمط ابن شباط در اماری ۱۲، شعر مین التین والزیتون و خطوط سینین کی طرف تلمیح ہے، بغیۃ الوعاۃ مین "المدینۃ" اور صلۃ السمط مین "العدینۃ" ہے،

اور بعض عرب مؤرخین کی تصنیفات مین اسکو سیقیلیہ یا صیقیلیہ لکھا گیا ہے، چنانچہ قدیم تصنیفات مین سے کتاب الامامۃ والسیاسۃ مین اس کا یہی تلفظ و املا ملتا ہے[1] جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ ابتداً اس کا یہ تلفظ و املا بھی رائج تھا،

اس کے بعد اس مین دوسرا تغیر قاف کے ماقبل و مابعد یا کا حذف کرنا ہے، کیونکہ جو عرب اپنی مادری زبان عربی مین حروفِ علت کے ادغام و تخفیف مین سخت اصرار رکھتے ہون، وہ غیر عربی تلفظ مین اس کثرت سے حرف علت کو کب برداشت کر سکتے تھے، اس لئے انھوں نے اپنے فطری ذوق کے مطابق قاف کے ماقبل و مابعد یا، حذف کر دی، اور سیقیلیہ اور صیقیلیہ سے اس کا تلفظ و املا سقلیہ ہو گیا،

صقلیہ کا یہ تلفظ و املا "سقلیہ" مدت تک متقدمین کے درمیان رائج رہا، چنانچہ قدما مین سے اکثر جغرافیہ نویس اور مورخین مثلاً واقدی متوفی ۲۰۷ھ، اصطخری (۳۴۰ھ) عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن عبدالحکم متوفی ۲۱۴ھ اور بلاذری متوفی ۲۷۹ھ وغیرہ کی تصنیفات مین اسی تلفظ و املا کے ساتھ اس کا یہی نام سقلیہ مذکور ہے[2] اور صاد سے سین کا تلفظ آسان تھا، اسلئے یا، کے حذف کیساتھ ساتھ پورے دور مین اس کا املا سین کے ساتھ عام طور پر قائم رہا،

---

[1] کتاب الامامۃ والسیاسۃ دلماری ص ۱۶۳ یہ ابن قتیبہ متوفی ۲۷۶ھ کی طرف منسوب ہے اگرچہ یہ انتساب صحیح نہین مگر اس کے قدیم مصنفات مین سے ہونے مین کوئی شبہ نہین ہے، اس لئے اس موقع پر اس سے استشہاد صحیح ہے، علاوہ ازین اوسکے متعلق ایک خیال یہ بھی ہے کہ ابن شباط کی تالیف ہے اگر یہ امر واقعہ ہے تو یہ رائے اور زیادہ صحیح ہو جاتی ہے کہ عربون نے اسکو سیکہ کیلیہ ہی کی وجہ سے صقلیہ کہا کیونکہ اس تجزیہ کی یہ روایت ابن شباط کے یہان منقول ہے اور کتاب الامامہ کا صیقیلیہ دراصل سیکہ کیلیہ ہی ہے، [2] کتاب فتوح مصر، الشام دلماری ص ۱۹۸ کتاب الاقالیم دلماری ص ۳۰ فتوح مصر، اخبار دلماری ص ۱۶۲ فتوح البلدان ص ۲۳۵ (لیڈن) ۱۸۶۶ء

اس کے بعد متاخرین نے اس مین پھر ایک تبدیلی کی، اور اس کو سین کے بجائے صاد ہی سے لکھنے لگے، اور یہی تغیر اس لفظ کے ساتھ عربون کے یہان سب سے آخری تغیر ہے، چنانچہ اسکے بعد مستقل طور پر اسی املا کو رواج دینے کی کوشش کی گئی،

اس آخری تغیر کا اصل باعث یہ ہے کہ اس زمانہ مین اتفاق سے اسی نام کی ایک دوسری آبادی اسی تلفظ و املا کے ساتھ دمشق مین بھی قائم تھی، اور عربون کی تحقیق مین وہ نام بھی رومی اصل تھا، اسلئے متاخرین نے رفع التباس کے لئے ان دونون کے درمیان امتیاز قائم کرنا چاہا، اور جزیرہ کے نام کو صاد کے ساتھ موسوم کیا، اور دمشق والی آبادی کے نام کو سین کے ساتھ باقی رکھا، چنانچہ صاحب تثقیف اللسان جزیرہ کے متعلق لکھتے ہوئے تصریح کرتا ہے،

ویقولون سقلیه والصواب	لوگ "سقلیہ" (سین کے ساتھ) کہتے ہین، حالانکہ
صقلیه بالصاد واما سقلیه	صحیح صقلیہ (صاد کے ساتھ) ہے، سین مکسور کے
بالسین مکسورة قضیة فی	ساتھ جو سقلیہ ہے، وہ غوطہ (دمشق) کے ایک علاقہ
غوطه دمشق والاصل فیما	کا نام ہے اگرچہ ان دونون ناموں کی اصل جیسا کہ
یظهر فیهما واحد عربت	ظاہر معلوم ہوتا ہے، ایک ہی ہے لیکن اس جزیرہ
هذه وقیلت بالصاد وبقیت	کے نام کو معرب کرکے صاد سے کہنے لگے اور دمشق
تلك علی حالها[1]،	والی آبادی اپنے حال پر قائم رہی،

چنانچہ اسی وجہ سے رفتہ رفتہ جزیرہ کے لئے صاد کا املا عام طور پر قبول کرلیا گیا، لیکن اس کا املا سین کے بجائے صاد متعین ہوجانیکے بعد اس کے تلفظ مین پھر بھی دو لہجے قائم رہ گئے، اہل علم کی ایک جماعت نے لفظ کے اول دونون محذوف یا کی آواز برقرار رکھنے کے لئے صاد اور قاف کو زیر کے ساتھ صقلیہ تلفظ کیا، لیکن

[1] دیوان صلۃ السمط ابن شباط در اماری ص ۲۱۲،

ایک دوسری جماعت نے جن مین خود جزیرہ کے اہلِ علم کی جماعت ہی، اس کثرتِ کسرہ مین بھی تخفیف کی، اور صقلیہ کے بجائے صَقلِیہ کیا چنانچہ یاقوت حموی متوفی ۶۲۶ھ لکھتا ہے:۔

صِقلِیہ بثلاث کسرات وتشدید اللام والیاء ایضاً مشددۃ وبعض یقول بالسین والاکثر اھل صقلیہ یفتحون الصاد واللام[1]	صقلیہ تین کسرون اور لام کی تشدید کے ساتھ اور بعض اس کو سین کے ساتھ بیان کرتے ہین، اور صقلیہ کے اکثر لوگ لام اور صاد کو فتحہ دیتے ہین،

لیکن بالآخر صقلیہ ہی کے اہلِ علم کا تلفظ رواج پایا چنانچہ ابن خلکان وغیرہ تمام مورخین ان حروف پر کسرہ دینے کے بجائے فتحہ دیتے ہین چنانچہ صقلیہ کی نسبت صقلی کے حرکات یون ضبط کرتا ہے:۔

والصقلی بفتح الصاد المھملۃ والقاف وبعدھا لام مشددۃ ھذہ النسبۃ الی جزیرۃ صقلیہ[2]	صقلی صاد مہملہ اور قاف کے ساتھ ہے، اور اس کے بعد لام مشدد ہے، یہ جزیرہ صقلیہ کی طرف نسبت ہی،

چنانچہ اسلامی لٹریچر مین اسی تلفظ واملا کے ساتھ اس کا یہی نام اب تک رائج ہے، اور اگر منصفانہ نظر سے دیکھا جائے تو اس کے قدیم نام سیکیلیہ کی مناسبت سے اس کو سسلی کے بجائے صقلیہ کہنا زیادہ موزون ہی،

صقلیہ کا مفہوم وسعت ملک کے لحاظ سے،

صقلیہ اگرچہ اپنی جائے وقوع کے لحاظ سے مستقل ایک جزیرہ ہے، اس لئے صقلیہ کا اطلاق قدرۃً اسی جزیرہ پر ہونا چاہیے لیکن یہان عربون کے قدم رکھنے کے بعد اس کے مفہوم مین وسعت پیدا ہوگئی چنانچہ عرب مورخین

[1] معجم البلدان، مطبوعہ مصر ۱۹۰۶ء ج ۵ ص ۳۷۳، [2] ابن خلکان ج ۱ ص ۵۴۲ (ترجمہ ابن حمدیس)

کے نزدیک اس کا اطلاق اس جزیرہ کے ماسوا اس کے ارد گرد کے جزائر اور کبھی کبھی جنوبی اٹلی کے مختلف صوبون قلوریہ انگبردہ پر بھی ہونے لگا، کیونکہ عرب مجاہدین نے صقلیہ کی فتوحات کے ساتھ ان ممالک پر بھی تاختین کین، اوران مین سے اکثر حکومت صقلیہ کے زیر اثر آگئے، اس لئے عربی فتوحات کا سیلاب جیسے جیسے آگے بڑھتے گیا صقلیہ کے مفہوم مین بھی وسعت پیدا ہوتی گئی، چنانچہ جنوبی اٹلی وغیرہ کے مختلف مقامات ریو، باری، ٹارنٹم، اورجنوا وغیرہ مین باوجودیکہ خود مختار ریاستین قائم، اور الگ الگ نامون سے موسوم تھین، لیکن جب ان مقامات پر اسلامی لشکر کی فوج کشی ہوئی، اور وہ اسلامی حکومت کے زیر اقتدار آگئے، تو ان کو بھی صقلیہ ہی کی مہم سے تعبیر کیا گیا، اگرچہ یہ بھی صحیح ہے، کہ اسلامی علم جغرافیہ اور نیز عرف عام مین یہ سب مقامات اپنے نامون سے بھی موسوم کئے گئے لیکن پھر بھی کبھی کبھی ایسے مواقع بھی آگئے ہین، جب ان سب کو اوسی قدر مشترک کی بنا پر صقلیہ کے مفہوم مین داخل کرلیا گیا،

چنانچہ ابن اثیر اور ابن عذاری وغیرہ عام مؤرخین نے کبھی کبھی عربون کے اون حملون کو جو جنوبی اٹلی کے مختلف شہرون پر ہوتے رہے یا اون بغاوتون کو جو ان کے اسلامی اقتدار مین آجانے کے بعد وہان کسی وقت برپا ہوئین "صقلیہ کے حملہ" اور "صقلیہ کی بغاوت" سے تعبیر کیا ہے، حالانکہ وہ سب ممالک اٹلی مین واقع تھے، چنانچہ ابن اثیر حوادث سنہ ۳۱۳ھ مین لکھتا ہے،

ولم یزل اھل صقلیۃ یغیرون	اور اہل صقلیہ ان جزیرون پر جو رومیون کے
علی ما یلی الروم من جزیرۃ صقلیہ	قبضہ مین تھے یعنی جزیرہ صقلیہ اور قلوریہ
وقلوریہ ویفسدون ویخربون،	کو لوٹتے اور ویران کرتے رہے،

حالانکہ جیسا آیندہ چلکر معلوم ہوگا، سنہ ۳۱۳ھ مین جزیرہ صقلیہ کا ایک چپہ بھی ایسا نہین تھا، جو اسلامی اقتدار مین داخل نہ ہو، اور وہان حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کا سکہ روان ہو، اسی طرح ابن عذاری بھی حوادث سنہ ۳۱۳ھ مین لکھتا ہے،

غزا ابو احمد جعفر بن علبید الحاجب بلاد الروم من صقلیہ فافتتح اماکن کثیرۃ منہا مدینۃ واری،

ابو احمد جعفر بن عبید نے صقلیہ کے رومی شہرون پر حملہ کیا، اور بہت سے مقامات فتح کئے، ان ہی مین سے ایک شہر واری ہے،

حالانکہ یہ اچھی طرح معلوم ہے، کہ شہر واری (Oria) جزیرہ صقلیہ مین نہین، جنوبی اٹلی مین واقع ہے، اسی طرح جب ۸۷۶ء مین نارمنون نے جنوبی اٹلی کے اسلامی مقبوضات پر قبضہ کیا تو مورخین نے اسکو نارمنون کے حملہ صقلیہ و سقوط صقلیہ سے تعبیر کیا، اسی طرح جزیرہ برکان جہان کوہ آتش فشان واقع ہے، صقلیہ سے بالکل الگ مستقل ایک جزیرہ ہی لیکن مشکل سے کسی عرب جغرافیہ نویس یا مورخ نے اسکو صقلیہ مین نہ بتایا ہو

حقیقت یہ ہے کہ ان مقامات کو عہد قدیم سے صقلیہ سے ایسا گہرا تعلق رہا ہے، کہ جزیرہ کی تاریخ مین ان کا تذکرہ ناگزیر ہو جاتا ہے، چنانچہ صقلیہ کی قدیم تاریخ مین سے سیکان، سیکل، الیمنیس، فنیقی، یونانی قرطاجنی اور رومیون کے زمانہ مین ان مقامات کی تاریخ کا لگاؤ، ہمیشہ کچھ نہ کچھ قائم رہا، اور اسلامی حکومت سے پہلے یعنی حکومت بیزنطی کے دور مین صوبون کے نظم و نسق کے سلسلہ مین ان مقامات مین سے خصوصاً کلبریہ، صقلیہ کا ایک صوبہ قرار دیا گیا تھا، چنانچہ جسٹنین (۵۲۷ء تا ۵۶۵ء) کے عہد حکومت مین صقلیہ کا گورنر اس صوبہ کی بھی حفاظت کرتا تھا،[1] اس لئے اگر عربون نے بھی مجازاً ان مقامات پر جزیرہ صقلیہ کا اطلاق کیا تو کوئی بیجا نہین ہی،

اور یہ کہا جا سکتا ہے، کہ درحقیقت عرب مورخین کے نزدیک صقلیہ نام صرف جزیرہ صقلیہ کا نہین، بلکہ اسکی وسعت مین وہ تمام جزائر اور جنوبی اٹلی کے وہ سب علاقے شامل ہین، جو صقلیہ کے عربون کے زیر نگین اور زیر اثر رہے، اور اسی لحاظ سے یہ زیر نظر کتاب بھی تاریخ صقلیہ کہی جا سکتی ہے،

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۱ ڈسلی مولفہ فریمان، ص ۳۵۲،

جغرافیہ طبعی

مساحت

جزیرہ صقلیہ کی شکل قدیم و جدید نقشہ مین

عرب جغرافیہ نویسون نے بطلیموسی نقشہ کی بنیاد پر صقلیہ کی شکل کو مثلث قرار دیکر دو متساوی ساقین اور تین زاویون مین تقسیم کیا ہے، پہلا زاویہ شمالیہ ہے جو آبنائے مسینا کے پاس قرار پاتا ہے، دوسرا زاویہ جنوبیہ ہے، جو سرزمین افریقہ کے سامنے پڑتا ہے، اور اس کے بالمقابل طرابلس الغرب ہی، تیسرا زاویہ غربیہ ہے جہان کوہ آتش فشان واقع ہے، اور جسکو عرب "جبل البرکان" سے موسوم کرتے ہین، عربون کے نزدیک جبل برکان صقلیہ کے زاویہ شمالی سے جدا ہو کر مغرب مین پڑتا ہے، وہ اگرچہ مستقل ایک جزیرہ ہے لیکن وسعت ملک کے لحاظ سے صقلیہ کے مفہوم مین داخل ہے[1]،

طول البلد و عرض البلد،

بطلیموس نے کتاب المجسطی مین اس کا طول البلد ۴۰ اور عرض البلد ۳۵ درجہ قرار دیا ہے لیکن عرب جغرافیہ دان اسکا طول بلد ۳۵ اور عرض ۳۶ درجہ ۱۰ دقیقہ اور بعض ۳۰ دقیقہ بتاتے ہین[2]،

---

[1] تقویم البلدان ابو الفدا ص ۱۹۳ [2] معجم البلدان ج ۵ ص ۳۷۴ و تقویم البلدان ابو الفدا ص ۱۹۳ وغیرہ،

زمانۂ حال کے نقشہ مین بھی اس کو مثلث نما دکھایا گیا ہے، اور ۱۴ مشرقی طول البلد سے تقریباً برابر حصون مین تقسیم ہو جاتا ہے، اور زیادہ حصہ ۳۸ شمالی عرض بلد کے جنوب مین ہے، اور جنوبی سرا ۳۶ درجہ اور شمالی ۳۸ درجہ عرض بلد پر پڑتا ہے[1]

صقلیہ کی قدیم و جدید پیمایش

عربون نے صقلیہ کو ان مختلف زاویون مین تقسیم کرکے ہر ایک کی جدا جدا پیمایش کی تھی، اور اس مین ان کے مختلف بیانات ہو گئے ہین، بعض لوگ ایک زاویہ سے دوسرے زاویہ تک کی مسافت سات شبانہ یوم قرار دیتے ہین اور پھر اسی سے سارے جزیرے کی پیمایش نکالتے ہین، اور کسی نے مرحلون (عربی پیمایش مساوی ۲۵ میل) کی تعیین سے جزیرہ کا طول و عرض بتایا ہے، لیکن بعض جغرافیہ نویس اس سے مختلف راستہ اختیار کرتے ہین، مثلاً ابوالفدا پہلے زاویہ کی پیمایش ۶۰۰ میل قرار دیتا ہے،

لیکن ان مختلف بیانات کی تطبیق اس وقت تک دشوار ہے، جب تک عربی پیمایشون کے مساحتی حساب کو پیش نظر رکھتے ہوئے، ان سب کو سامنے رکھکر باہم تطبیق نہ دیا جاے، اس لیے ہمارے لئے ان عرب جغرافیہ نویسون کی مختلف پیمایشون مین سب سے آسان پیمایش وہی ہے، جو عربی میل کے حساب مین دی گئی ہے، چنانچہ بکری کے نزدیک جزیرہ کا طول ۱۷۷ میل اور عرض ۷۵ میل ہے، اور پھر پورے جزیرہ کا دور ۵۰۰ میل قرار پاتا ہے[2]

بکری کا یہ بیان قدیم عربی میل کے مطابق ہے، دور حاضر کے اہل فن نے پورے جزیرے کا رقبہ ۹۸۶۰ مربع میل قرار دیا ہے، لیکن یہ اس صورت مین جب کہ وہ چند چھوٹے چھوٹے جزیرے خارج کر دیے جائین، جو اگرچہ صقلیہ ہی سے متعلق ہین، لیکن سطح آب پر اس سے جداگانہ وجود رکھتے ہین یہی وجہ ہے کہ جزیرہ کو موجودہ صوبون مین جس طرح تقسیم کیا گیا ہے، اوسکے رو سے اسمین بعض حصہ اراضی کا اضافہ ہو جاتا ہے

[1] انسائیکلوپیڈیا ج ۲۵ ص ۲۰ [2] دیون صلۃ السمط ابن شاط در اماری ص ۲۰۱

اور تمام صوبون کے رقبے ملا کر جزیرہ کا مکمل رقبہ ۹۹۳۶ مربع میل قرار پایا ہے[1]

زمین کے طبعی حالات

سرزمین صقلیہ کی ہیئت اور سطح سمندر سے اس کی بلندی

ساحل صقلیہ مغرب جنوب اور مشرقی سمت کے جنوب مین زیادہ تر ہموار واقع ہوا ہے، مشرق کی طرف کسی قدر ڈھالون پتھریلا ساحل ہے، البتہ قطانیہ کی حالت اس سے مختلف ہے،

صقلیہ کا ساحل سطح سمندر سے بالعموم ہر مقام پر کم وبیش ۵۰۰ فیٹ بلند ہے، لیکن جزیرہ کے وسط کی سرزمین تقریبا ۱۹۰۰ فیٹ بلند ہوگی، اور وسط سے ساحل کی طرف آدمی جیسے جیسے بڑھے گا نشیب مین اترتا جائیگا[2]

وسیع میدان اور کوہستانی سلسلے

جزیرہ مین ہر جگہ پہاڑی سلسلون کا ایک وسیع جال پھیلا ہوا ہے، اس لئے سطح کا بیشتر حصہ بلیٹو ہے، عرب جغرافیہ نویس یہان کے پہاڑون کی کثرت کا خصوصیت سے تذکرہ کرتے ہین، لیکن تمام سرزمین کے کوہستانی ہونے کے باوجود یہان کوئی زیادہ بلند پہاڑ نہین ہے، صرف پہاڑیون کے چھوٹے چھوٹے سلسلے پھیلے ہوئے ہین، جسکی وجہ سے صقلیہ بڑے بڑے وسیع میدانون سے محروم ہوگیا ہے، صرف نیسینی (Nesini) اور قطانیہ (Catania) کے عقب مین جانب مشرق ایک وسیع میدان ہے، اور یہی جزیرہ کی اصل جان ہے، اس کے شمال کی طرف بھی مشرقی حصہ مین پہاڑون کا سلسلہ قائم ہے، جو سمندر سے بہت قریب آگیا ہے، اور کسی جگہ اس قدر قریب ہے، کہ سمندر کا کوہستانی ساحل ایک دلفریب منظر پیش کرتا ہے[3]

---

[1] انسائیکلوپیڈیا ج ۲۵ ص ۲۱، ۲۲، [2] " " ۲۰، [3] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۲۱ ص ۱۷،

دریا یہان کے پہاڑون کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ ان سے پانی کے بیشمار سوتے پھوٹتے ہین، جو اپنے سرچشمہ سے نکل کر سرزمین کو دور تک سیراب کرتے چلے گئے ہین، چنانچہ ابن جبیر نے صرف کوہ حامد (ایرکس) کے چشمون کی تعداد ۴۰ سو بتائی ہے، اور یہی چشمے یہان کی کاشت کاری کی روح روان ہین، ان چشمون نے ایک دوسرے سے ملکر وادی کی شکل اختیار کرلی ہے، پھر مختلف وادیان ایک دوسرے مین گرکر دریا بن گئی ہین، اور یہ دریا تی ودق میدانون کو سیراب کرتے بحر روم سے جاملے ہین،

دشت، معادن، حیوانات و نباتات اسی طرح صقلیہ کے دشت و جنگل، معادن، حیوانات اور نباتات وغیرہ بھی قابل ذکر ہین، لیکن صقلیہ کے پہاڑ و دریا، اور ان تمام مذکورۂ بالا اشیا کا تذکرہ کتاب کی دوسری جلد مین ایک ضمن مین آئے گا، اگر ان سب کی تفصیلات درکار ہون تو جلد ثانی کی طرف رجوع کیا جائے،

پیداوار ایک مختصر سے جزیرہ مین اس کثرت سے دریا، نہرون اور چشمون کی روانی اس کی زرخیزی کی بہت بڑی دلیل ہے، اور یہی وجہ ہے، کہ صقلیہ اپنے غلون اور پھلون کے اعتبار سے ہمیشہ مشہور رہا، اس کے وسیع میدان، سمندر اور پہاڑون کے درمیان کی نشیبی زمین اور اسکی متعدد وادیان اپنی شادابیون اور زرخیزیون مین مشہور ہین،

صقلیہ اپنی اسی زرخیزی کی وجہ سے اکثر جارحانہ حملون سے روندا گیا خصوصاً رومیون کے عہد مین اس پر قبضہ رکھنے کی سب سے بڑی وجہ اس کے غلہ کے کھیت تھے، چنانچہ رومیون کے عہد مین صقلیہ کا عرف عام "غلہ کا کھیت" تھا، اور لوگون کا عقیدہ تھا کہ گیہون اس جزیرہ کی دیبیون کے عطیہ کے طور پر دنیا مین سب سے پہلے یہین پیدا ہوا[1]،

---

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۲۱ ص ۱۹،

صقلیہ کا اردگرد

صقلیہ کی اسلامی تاریخ کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس کے اردگرد پر بھی نظر ڈالنا بسا ضروری ہے، صقلیہ کے اردگرد اولاً وہ چھوٹے چھوٹے جزیرے ہین، جو نقشہ مین اسکے قریب قریب اور اسکے اور افریقہ کے درمیان نقطون کی شکل مین نظر آتے ہین، پھر اس کے شمال مین جنوبی اٹلی کا وہ علاقہ ہے جسکو عرب بلاد قلوریا اور انجبرہ وغیرہ سے موسوم کرتے تھے، اور جہان اوس عہد مین مختلف خودمختار ریاستین قائم تھین،

عربون کا حملہ بحر روم کے ان جزائر پر جو صقلیہ کے اردگرد اور شمالی افریقہ کے قریب واقع ہین، اوسی وقت شروع ہوگیا تھا جب افریقہ پر بھی فوج کشی شروع نہین ہوئی تھی (فتح قبرس وغیرہ) پھر جب فتح افریقہ کے بعد عربون کے جنگی بیڑے کا مستقر افریقہ قرار پایا، تو صقلیہ کے حملہ کے ساتھ ان مختلف جزائر پر بھی یورشین کی جانے لگین، یہان تک کہ جب صقلیہ مین عربون کے قدم جم گئے، تو ان مین سے اکثر جزائر بھی قبضہ مین آگئے،

پھر اسی کے ساتھ ساتھ عربی بیڑون نے جنوبی اٹلی کا رخ کیا، اولاً ریوا اور طارنت وغیرہ کو زیر نگین کیا، پھر ایک طرف دریائے ایڈرآٹک کو طے کرکے باری پہونچے، اور دوسری طرف نیپلس وغیرہ سے گذر کر جنوا مین داخل ہوگئے، اور یہان تک کہ پایۂ روم کے مقدس شہر کی شہر پناہ کے نیچے اپنے گھوڑے باندھ دئے، اس طرح رفتہ رفتہ جنوبی اٹلی کا تقریباً یہ پورا علاقہ عربی گھوڑون کی ٹاپ سے روند ڈالا گیا،

جزائر بحر روم کے ان جزیرون مین جو تاریخ صقلیہ سے خاص تعلق رکھتے ہین، سب سے زیادہ شہرت و اہمیت مالٹا اور سردانیہ کو حاصل ہے،

مالٹا (MALTA) مالٹا نہایت زرخیز جزیرہ ہے، اس سے صقلیہ کی سب سے قریب جو سرزمین

واقع ہے، وہ آکرنتہ کہی جاتی تھی، دونون کے درمیان ۸۰ میل کا فاصلہ ہے، موجودہ نقشہ مین طول بلد ۱۴ درجہ ۳۰ دقیقہ مشرقی اور عرض بلد ۳۷ درجہ شمالی ہے،

سردانیہ (SARDINIA) یہ جزیرہ بحر روم مین، اندلس، صقلیہ اور کریٹ کے بعد سب سے بڑا ہے، ۲۸۰ میل جنوب سے شمال مین طویل اور عرض ۱۸۰ میل ہے،

ادریسی نے یہان کے تین ممتاز شہرون الفیصہ، قالمرہ، اور قشتالہ کے نام گنائے ہین، جزیرہ مین بہ کثرت پہاڑ ہین، چاندی کی کانین بھی ہین، اور ان کی مستقل تجارت جاری تھی، اس کا موجودہ طول بلد ۹ درجہ مشرقی اور عرض بلد ۴۰ درجہ شمالی ہے،

ان کے علاوہ جو جزیرے صقلیہ سے قریب ہونے کے باعث اوس کے زیر اثر رہے ان مین سے حسب ذیل جزیرے قابل ذکر ہو سکتے ہین،

البہ (Alba) بانوسہ (Pianosa) قبریہ (Capraja)

لیپر (Lipari) قرسقہ (Corsica) الفیطنہ (C. Spartivento)

ہیطلہ اور راہب وغیرہ جو نقشہ مین صقلیہ کے ارد گرد چھوٹے چھوٹے نقطون کی شکل مین دکھائی دیتے ہین،

اور اسی طرح چند جزیرے افریقہ اور صقلیہ کے راستے مین ساحل افریقہ کے قریب واقع ہین وہ قوصرہ، ایجریہ، لنبذوسہ اور الکتاب وغیرہ ہین[1]

جنوبی اٹلی صقلیہ کے شمال کی طرف جنوبی اٹلی کا علاقہ ہے، اس کے اور صقلیہ کے درمیان ۲ میل کی عریض آبنائے میسنا حائل ہے،

---

[1] ان جزائر کا تذکرہ نزہۃ المشتاق ادریسی اور معجم البلدان یاقوت حموی اور تقویم البلدان ابوالفداء وغیرہ مین تفصیل سے ہے جن کو نام بنام گنایا ہے، اور ان کے جغرافی حالات تفصیل سے بیان کئے گئے ہین:۔

آبنائے میسینا صقلیہ کے جنوبی مغربی آبنائے سے زیادہ گہری ہے۔ اس کی گہرائی کسی جگہ ۱۵۰ فیدم سے کم نہیں ہے[1]

اس عہد میں اٹلی میں مختلف خود مختار ریاستیں قائم تھیں، عربوں نے اسی مناسبت سے اٹلی کو مختلف حصص میں تقسیم کر دیا تھا، ہمیں اس عہد کی تاریخ و جغرافیہ میں ایطالیہ یا اٹلی کے نام سے کوئی حصہ ملک نظر نہیں آتا، اسکے بجائے موجودہ اٹلی اور اس کے بعض مضافات عربی جغرافی تقسیم کے لحاظ سے چند جداگانہ حسب ذیل ممالک قرار پاتے ہیں،

۱	قلوریہ	Calabria	(کلبریہ)
۲	انکبردہ	Longobardi	(لنگوبرڈا)
۳	رومہ	ROME	(روم)
۴	بندقیہ	Venezian	(وینس)
۵	انبردہ	Lombardia	(لومبارڈہ)

ان ممالک میں سے دونوں اول الذکر ممالک پر اکثر و بیشتر اسلامی حملے ہوئے، اور وہ اسلامی حکومت کے زیر اثر آئے، اور باقی موخر الذکر ممالک پر ایک دو مرتبہ تاخت کی گئیں،

قلوریہ (کلبریہ) جنوبی اٹلی کا وہ سب سے آخری حصہ ہے، جو آبنائے میسینا کے ذریعہ صقلیہ سے جدا ہوتا ہے، اس کا موجودہ رقبہ ۷ ہزار مربع میل ہے، اس کے طول میں اپنائن نام پہاڑ کا ایک طویل سلسلہ قائم ہے، جس کی زیادہ سے زیادہ بلندی ۴،۳ ہزار فیٹ تک ہے، نیز شرقاً و غرباً پہاڑ کا ایک دوسرا سلسلہ ہے، جو اس حصۂ ملک کو دو حصوں میں تقسیم کر دیتا ہے، دونوں حصے نہایت زرخیز ہیں اور نہایت اچھی پیداوار ہوتی ہے[2]

---

[1] انسائیکلوپیڈیا، ج ۲۵ ص ۲۰ [2] ہسٹوریکل جغرافیہ ج ۱ ص ۳۶۴،

عرب جغرافیہ نویس بلادِ قلوریہ کو دو مشرقی و مغربی حصون مین تقسیم کرتے ہین، اور ان دونون حصون مین یہان چند شہر امتیاز رکھتے ہین جن مین سے اسلامی تاریخ کے لحاظ سے ریو اور برصانہ خصوصیت سی قابلِ ذکر ہین،


ریو Reggio (ریگیو) صقلیہ کے شہر مسینا کے بالکل مقابل دوسری طرف سرزمین کلوریہ مین لب ساحل آباد ہے اور یسی کی روایت کے موجب ریو اور مسینا مین صرف ۷ میل کا فاصلہ ہی، پتھر کی شہر پناہ قائم تھی، شہر نہایت سرسبز زرخیز اور مدنیت کے لحاظ سے نہایت ترقی یافتہ تھا اور برصانہ Brunzana (بروزانو) قلوریہ کا دوسرا ساحلی شہر تھا، جو آبنائے مسینا کے مغرب کی طرف آگے بڑھ کر بحر روم کے اوس حصہ مین واقع ہے، جو آج کل ایونین سی (Ionian sea) کہا جاتا ہی،

انکبردہ بلادِ قلوریہ سے مزید جنوب مین جانبِ جنوب مغرب واقع ہے، اس کے ساحلی شہرون مین ایک **طارنت** Tronto (ٹرنٹو) ہے، جس کے نام سے ایک خلیج بھی ایونین سی کے شمال مین آج کل کے نقشہ مین موسوم ملتی ہے، یہ شہر عہد اسلامی مین مدنیت و حضارت کے جملہ لوازم سے آراستہ تھا، شہر کے مغربی حصہ مین ایک اہم بندرگاہ تھی، جسکی وجہ سے اس عہد مین یہ تجارت کی بہت بڑی منڈی بنا ہوا تھا، اور اس کا دوسرا قابلِ ذکر شہر **باری** ہی، جو آجکل بھی اسی نام (Bari) سے موسوم ہے، جو جنوب مغرب مین ایڈرائٹک سی (ADRIATIC SEA) کا ساحلی شہر ہی، اور عام نقشون مین نظر آتا ہے، یہ عہد اسلامی مین حکومتِ انکبردہ کا صدر مقام تھا، اور اسی مناسبت سے تہذیب و تمدن سے آراستہ تھا، جہاز کے کارخانے وغیرہ قائم تھے،

رومہ، اٹلی کے موجودہ پایہ تخت کے علاقہ کو کہتے تھے، **بندقیہ**، ایڈرائٹک سی کا مشرقی ساحلی علاقہ تھا، اور انبردہ مین اٹلی اور فرانس کی موجودہ سرحد پر مشہور شہر جنوا واقع تھا،[1]

---

[1] ان مقامات کے مفصل حالات کیلئے نزہۃ المشتاق اور اسکے ایطالوی ترجمہ کی طرف رجوع کرنا چاہیے،


شمالی افریقہ، سسلی اٹلی وجزائر بحر روم
سیوزرلینڈ
ہنگری آسٹریا
لومبارڈ
وینیشیا
میلان
وینس
ٹریسٹ
پیڈمونٹ
لیگو
جنوا
ایمیلیا
فلورنس
اٹلی
روما
ٹوسکانا
نیپلز
نوسیرا
بنڈیمی
خلیج مارنٹو
آئی اونین سی
سیوبرینا
کلبریہ
(سبرینہ)
(نقوطرہ)
(جرابہ)
(ریجیو)
میلیو
(سفلو)
پلرمو
(بلرم)
مرسلاہ
(مزارا)
(مری علی)
سسلی
ابنائے مسینا
(مسینا)
(قطانیہ)
(سرقوسہ)
(نوطسہ)
(رغوس)
(لبنیاذہ)
(قوصرہ)
بنٹلیریا
قرطاجنہ
کتامہ
باغایہ
جنجروان
سوسہ
مہدیہ
عجایبہ
قفصہ
مالطا
گوزو (غوذس)
قابس
جربہ
طرابلس
Scale 1" = 80 miles
شمال
مشرق
مغرب
جنوب

جغرافیۂ تاریخی

باشندگانِ صقلیہ

زمانہ قدیم مین سیکان (Sikan.s) سیکل (Sikels) اور ایلیمنس (Elymians) قومون نے سرزمین صقلیہ کو وقتاً فوقتاً آباد کیا، پھر فنیقیون (Phoenicians) اور یونانیون (Greek) کا دور آیا، اس کے بعد رومیون نے اس پر جاہ و جلال کے ساتھ قدم رکھے، پھر سرزمین افریقہ سے عرب و بربر قبائل نے اپنے شمعِ تمدن سے اس سرزمین کو روشن کیا،

سیکان | سیکانیون کا دعوی ہے، کہ وہ اس ان بھوم کے حقیقی سپوت ہین، جو اسی سرزمین کے اندر سے نکلے ہین،، اس مین شک نہین کہ سب سے قدیم ترین باشندے یہی ہین لیکن یونانیون کا خیال ہے، کہ یہ سپین سے آئے ہین اور ممکن ہی، کہ یہ یورپ کی اس غیر آرین قوم کی ایک کڑی ہون جسکی صرف ایک یادگار باسک (Basques) ابتک موجود ہی،

سیکانی نسل مین کب اور کیونکر آئے تاریخ اس حقیقت کی نقاب کشائی نہ کرسکی، لیکن وثوق سے کہا جاتا ہی کہ سسلی کی سب سے قدیم قوم یہی ہے، جو سب سے پہلے یہان آئی ہے لیکن یہ ضرور ہی کہ جب بھی آئی ہو اسکی آمد تدریجی طور پر عمل مین آئی ہے،

سیکل یا لاطینی سیکانیون کے بعد انھی کے مشابہ نام کی ایک دوسری قوم سیکل آتی ہے، اس کی آمد کا زمانہ یونانیون سے تین سو برس قبل یعنی تقریباً گیارہوین صدی، ق، م مین تسلیم کیا جاتا ہے،

سیکل اٹلی سے سسلی آئے، اوران کی زبان کے اشارات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اٹلی کی مشہور قوم لاطینی (LATINS) کا ایک جزو ہین، اٹلی کی لاطینی قوم تاریخ مین ایک درخشان عہد کی مالک ہے، لیکن سسلی کی اس لاطینی قوم سیکل کو یہان چندہی دن آئے ہوئے تھے کہ ان پر یونانی مظالم شروع ہوگئے، اس لئے انھین سر اوٹھانے کا موقع نہ مل سکا، البتہ یونانیون کی آمد سے پہلے انھون نے سیکانیون سے یہان کی زمین خالی کرالی تھی، اس لئے سسلی اسوقت دو حصون مین تقسیم تھا، حصہ مغربی مین سیکان آباد تھے، اور حصہ مشرقی سیکل کے قبضہ و تصرف مین تھا، اور اسی مناسبت سے صقلیہ اس عہد مین سیکانیہ بھی تھا، اور سیکالیہ بھی، مغربی حصہ سیکانیہ اور مشرقی حصہ سیکالیہ کہلاتا تھا

ایلیمینس ان دونون قومون کے علاوہ ایک تیسری قوم بھی اس جزیرہ مین آباد تھی، جو ایلیمنس کہی جاتی ہے، یہ لوگ شمال مغرب کے دو شہرون مین آباد تھے، اور رومیون کی طرح ان کا بھی دعوی تھا، کہ یہ تراوجن کی باقی ماندہ یادگار ہین، گویا وہ اپنے کو کسی خاص ملک اور کسی خاص شہر سے منسوب نہین کرتے،

تاریخ مین ان کا ایسے وقت سے پتہ چلتا ہے، جب یہ فینیقیون اور یونانیون مین ہم ہوچکے تھے اسلئے سسلی مین انکے ابتدائی عہد کا انکشاف ایک عقدۂ لاینحل رہ گیا ہے،

یہ تینون قومین سسلی کے قدیم باشندون کے لحاظ سے تاریخ مین نمایان ہین پھر فینیقی اور اسکے بعد یونانی یہان قدم رکھتے ہین،

فینیقیون کو سسلی کی تاریخ مین اس حیثیت سے نمایان جگہ مل سکتی ہے کہ سرزمین مشرق

نے سرزمین سسلی کی طرف سب سے پہلی مرتبہ انھی سوربا بہادرون کو تینون گذشتہ مغربی قومون کے مقابلہ مین اپنا نمایندہ بنا کر بھیجا تھا، اور مشرق کے رہنے والون مین انھی کا سب سے پہلا قدم تھا، جو فاتحانہ ارادون کے ساتھ سسلی کے ساحل پر رکھا گیا، یا دوسرے الفاظ مین صحرائے عرب کا یہ پہلا شتر سوار قافلہ تھا، جو گیارہوین صدی ق م مین سسلی کے ساحل پر اوتر کر اہل مغرب کو تمدن کا درس اولین دینے آیا تھا،

امم سامیہ جنھین الہامی زبان مین قوم عاد کہا گیا ہے، مقدس سرزمین عرب سے اوٹھے اور مختلف ناموں اور قبائل سے موسوم ہو کر بابل، شام، مصر اور کنعان (فنیقیا) مین پھیل گئے، قوم عاد کی ابتدا ۳۰۰۰ ق م سے شروع ہوتی ہے، جزیرہ نمائے عرب جنوب مغرب اور کسی قدر مشرق مین پانی سے گھرا ہوا ہے، اسلئے مہاجر قومون نے بعض مشرقی اور عموماً شمالی ممالک کی طرف سے اپنے راستے اختیار کئے، یعنی وہ وہان سے اوٹھین، اور بابل، شام اور سینا سے ایران اور شام سے بحر ابیض اور بحر روم ہو کر افریقہ و یورپ کا رخ کیا، چنانچہ وہ جس طرح بابل اور مصر پہونچین، اسی طرح شام اور فنیقیا (کنعان) ہوتے ہوئے قرطاجنہ، کریٹ اور یونان مین داخل ہوئین، اور قریب بارہوین گیارہوین صدی ق م تک ان تمام ممالک مین پہنچ چکی تھین[1]

پھر فنیقیون کا اصل وطن لبنان اور سمندر کے درمیان کی وہ تنگ زمین قرار پایا، جہان کے شہر زیڈن، ٹائیر اور اراوا اپنی قدامت و شہرت مین ممتاز ہو چکے ہین، یہان سے وہ گیارہوین صدی ق م مین ابر و باد کی طرح اٹھے ہین، اور اپنے تجارتی سلسلہ سے بحر روم کے تمام مضافات پر چھا جاتے ہین، چنانچہ ایک گروہ شمالی افریقہ ہوتا ہوا اندلس پہنچتا ہے، اور اسی سلسلہ مین سسلی مین بھی وارد ہوتا ہے،

---

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۱ ص ۱۲ و تاریخ یونان بیوری (مترجمہ اردو جامعہ عثمانیہ ص ۹۲ وغیرہ و فنیقیون کی تفصیل کیلئے دیکھو ارض القرآن ج ۱ ص ۷۰ سے ۱۶۴ تک،

فینیقیون کا پہلا گروہ لیکن ہمین اس سے بہت پہلے کہ فینیقی افریقہ کے راستہ سے سسلی مین آئین فینیقیون کی ایک ایسی جماعت کا پتہ چلتا ہے، جو براہ راست زیڈن اور ٹائر سے یہان وارد ہوئی، یہ جماعت سسلی کے مشرقی حصہ مین آباد ہوئی تھی، اس لئے سسلی مین فینیقیون کی آمد کا زمانہ سیکل کے بعد گیارہوین صدی ق م مین قرار پاتا ہے،

فینیقیون کا دوسرا گروہ فینیقیون کا دوسرا گروہ اس زمانہ مین آیا جب کہ شمالی افریقہ مین ان کی مشہور آبادی قرطاجنہ کی بنا پڑی تھی جس سے آگے چلکر حکومت قرطاجنہ کی تشکیل ہوئی، اور دنیا کی فاتحانہ تنگ و دو مین یونانیون کے مقابل مین صف آرا ہوئی چنانچہ اسی سلسلہ مین فینیقیون کا دوسرا گروہ ۸۰۰ ق م مین صقلیہ آتا ہے، اور اپنے قدیم ہم نسل و ہم وطن فینیقیون سے تعارض کئے بغیر بالکل ان کے مخالف ساحل پر مغرب مین آباد ہو جاتا ہے،

فینیقیون کے ساتھ بربریون کی آمد اور اسی کے ساتھ ہمین اسکو بھی نظر انداز نہ کرنا چاہئے، کہ ان افریقی فینیقیون کے ساتھ ایک کثیر تعداد ان کی ہمسایہ اور محکوم قوم بربر کی بھی آئی، جو حکومت قرطاجنہ سے اشتراک عمل رکھتی تھی،

یونانی یونانی قوم کے ابتدا سے دو حصے مانے گئے ہین، ایک ڈورین جس کے سرگروہ اہل اسپارٹہ ہوئے اور دوسرا آئی اونین جسکی نمایندگی اہل ایتھنز نے کی اور پھر یہی سب قومین مجموعی طور پر قوم یونانی سے موسوم ہوئین[1] یون تو یونان اور سسلی کے تعلقات گیارہوین صدی ق م سے بہت پہلے قائم ہو چکے تھے، چنانچہ اس عہد کے یونانی لٹریچر مین سسلی کی سیکل قوم کا جابجا تذکرہ نظر آتا ہے، اور یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ ان دونون قومون مین غلامون کی تجارت کا سلسلہ قائم تھا لیکن یہ تعلقات ایسی حیثیت نہین رکھتے تھے کہ یونانیون

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۱ و انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۵ ص ۳۰ و تاریخ یونان قدیم سید ہاشمی ص ۳۰ و تاریخ یونان بیوری ص ۲۳ وغیرہ۔

کو سسلی مین وطن پذیر ہونے کی طرف متوجہ کرسکتے اور علاوہ ازین اگرچہ اٹلی کے صوبہ کمپانیا مین ایک یونانی نوآبادی ایک اتفاقی واقعہ سے گیارہوین صدی مین قائم ہوچلی تھی لیکن اس کے باوجود یونانی جہازون نے آٹھوین صدی ق م سے پیشتر صقلیہ کا رخ نہین کیا،

آٹھوین صدی ق م مین یونانی صقلیہ مین سب سے پہلی مرتبہ قدم رکھتے ہین، اور ۷۳۵ ق م مین ان کی پہلی نوآبادی قائم ہوتی ہے، اسکے بعد جب صقلیہ کی زرخیزی کا فسانہ یونان مین پھیلتا ہے، تو یونانیون کے مختلف خطون سے مختلف مہاجرین گروہ در گروہ اور انبوہ در انبوہ صقلیہ کا رخ کرتے ہین، اور ایک ہی سرزمین مین مختلف خیال و اغراض کے یونانیون کا اجتماع ہوجاتا ہے، اور اسکی وجہ سے یہان مختلف ماحول اور گرد و پیش قائم ہوجاتے ہین،

اور پھر حالات کچھ ایسے پیش آتے ہین کہ صقلیہ مین یونانی باشندون کی باہمی تقسیم مین نسلی و قبائلی حیثیت کے بجائے وطنی امتیاز پیدا ہوتا ہے، اور پھر وطنی امتیازات کے لحاظ سے ایک گروہ دوسرے گروہ سے باہمی اشتراک و تعاون یا معاندت و مخالفت اختیار کرتا ہے،

اسلیے ہمین تاریخ مین صقلیہ کے یونانیون کی باہمی تقسیم ان کے وطن کے انتساب سے نظر آتی ہے، اولاً صقلیہ کے یونانی نوآبادیات مین ہمین دو قسم کے یونانیون کا نمایان فروغ نظر آتا ہے، ان مین سے ایک صوبہ ایبویا (Euboia) کے شہر چالکز (Chalkis) کے باشندے ہین، جو چالکیڈین (Chalkidian) کہے جاتے ہین، اور دوسرے کارنتھ (Corinth) کے مشہور شہر ڈوریا کے باشندے ہین، جو ڈورین (Dorian) کہلاتے ہین، چنانچہ صقلیہ کی قدیم تاریخ مین یونانی اقوام مین سے انھی دونون قومون کا نمایان حصہ رہا ہے، یہی جماعتین مختلف زمانون مین صقلیہ مین آکر آباد ہوئین اور مختلف زمانون مین مختلف شہر اپنے یونانی شہرون کے نام پر یہان آباد کیے،

چالکیز صقلیہ کے شمال مشرقی علاقہ مین آباد ہوئے، اور ڈورین نے جنوب مشرقی علاقہ مین سیراکوز کی حکومت قائم کی ان دونون مین ڈورین زیادہ کامیاب رہے کیونکہ ان کی توجہ تمام تر صقلیہ پر مرکوز رہی اور چالکیز کی نوآبادی ایطالیہ مین بھی قائم تھی،

اگرچہ یونانی قومون مین انھی دونون جماعتون کو صقلیہ کے آباد کرنے والون کی حیثیت حاصل ہے چنانچہ عام مورخین یورپ صقلیہ کی صرف انھی دونون یونانی جماعتون کا تذکرہ کرتے ہین لیکن ان کے ساتھ بعض دوسرے یونانی شہرون کے مہاجرین بھی صقلیہ آئے، نیز بحر روم کے بعض دوسرے جزیرون کریٹ، روڈس وغیرہ کے باشندون نے بھی یہان اقامت اختیار کی لیکن یہ سب کے سب اپنے صوبہ کے نگاؤسے یا تو چالکیز کی صف مین داخل ہوگئے، اور یا ڈورین کہلائے، ان کا کوئی مستقل وجود قائم نہین ہوا، البتہ ہمین دو دوسری مختصر جماعتون کا کسی حد تک پتہ چلتا ہے ان مین سے ایک جماعت مگارین ہے جس نے ایسی مستقل حیثیت اختیار کی جس سے ہم صقلیہ مین اس کو یونان کی تیسری جماعت کا لقب دیسکتے ہین، یہ یونانی شہر مگارا (Magara) سے آئے تھے اور اسی نام سے صقلیہ مین اپنا شہر آباد کیا تھا، اسی طرح گیلا کے پایہ تخت روڈ کے مہاجرین کا مستقل وجود بھی نظرانداز کرنے کے قابل نہین ہے، انھون نے بھی اپنے شہر کے نام پر گیلا آباد کیا تھا،

اس طرح صقلیہ مین یونانیون کی چار جماعتین قرار پائین چالکیڈین، ڈورین، مگارین، اور باشندگان گیلا،

صقلیہ کی تمام یونانی تاریخ انھی چار جماعتون کے حالات پر مشتمل ہے،

قرطاجنہ یونانیون کے بعد قرطاجنین کا دور آتا ہے، یہ قدیم فنیقی قوم کی وہ شاخ ہے جس نے شمالی افریقہ مین آباد ہوکر عالیشان حکومت قرطاجنہ کی بنیاد ڈالی تھی، قرطاجنہ کے مفہوم مین وہ بربری بھی شامل ہین جو فنیقیون کی معیت مین یہان پہنچے، صقلیہ مین یونانی و قرطاجنی ایک ہی زمانہ مین مختلف

حصون مین آباد رہ کر معرکہ آرائیون مین مصروف رہے،

صقلیہ مین ان دونون قوتون کے تصادم کا اثر یہان کی قومیت پر جو کچھ پڑا وہ یہ تھا کہ ان دونون قومون کی جداگانہ شخصیت کے اعلان کے بعد صقلیہ کی قدیم قومین سیکان سیکل اور ایلیمنس مجبور ہوگئین، کہ وہ بھی اپنے کو ان دونون مین سے کسی ایک مین ضم کر دین، اور اپنی قومیت کو فنا کرکے اپنی انفرادی ہستی کی حفاظت کرین،

چنانچہ جو سیکل اور ایلیمنس مشرقی حصہ مین آباد تھے، انھون نے تمام و کمال یونانی قومیت اختیار کرلی، صرف چند نشان قومی آپ سے آپ باقی رہ گئے، سیکانیون نے فینیقیون کے دامن مین پناہ لی اور اکثر مقام پر ان مین اور فینیقیون مین کوئی امتیاز باقی نہین رہا، لیکن چند مقام ایسے بھی رہ گئے، جنھون نے اپنے اجتماعی وجود کو قائم رکھا، یہان تک کہ رومیون کی آمد سے صقلیہ کی قومیت مین ایک نئے دور کا آغاز ہوگیا،

رومی | رومی اپنے نسلی اعتبار سے کیا تھے، یہ روایت اور قصص کے پردہ مین مستور ہے، مورخین نے جہان تک نقاب کشائی کی ہے اس لحاظ سے رومیون کے نسلی اجزا مین یورپ کی چند قومون، سیکل، یونان، اٹل، ٹرورریا، لیگیوریی، وینیٹی، اور گال کا سراغ لگتا ہے، اور اگر یونان کے تاریخی قصص کو نظر انداز کر دیا جائے، تو رومی روایات کے رو سے رومیون کی اصل صرف صقلیہ کی نسل سیکل قرار پاتی ہے، اور یونانی روایات کی رو سے بھی ایطالیہ و صقلیہ کی آبادیان تقریباً متحد الاصل قرار پاتی ہین، چنانچہ ڈبلوائے ہیٹ لینڈ مولف تاریخ جمہوریت رومہ لکھتا ہے،

اس خیال کی تائید یونانی مبصرین کے اس قول سے بھی ہوتی ہے، کہ جزیرہ نما کی اطالی قوم اور جزیرہ سسلی کی سیکیلی قومون مین مماثلت تھی، اس کے علاوہ یونانی روایات مین

سلہ اسٹوری آف دی نیشنس ج ۱۳ ص ۴۸ تا ۴۷ و تاریخ یونان بیوری ص ۸۹، و انسائیکلوپیڈیا ج ۲۵ ص ۲۱

بیان کیا گیا ہے کہ قوم سکیلی پہلے جزیرہ نما مین آباد تھی اور وہان سے ترک وطن کرکے سسلی چلی گئی[1]،
بہرحال وہی سیکل جنھون نے کبھی صقلیہ مین آکر اسکو آباد کیا تھا، اب جدید قوم بن کر صقلیہ کی طرف دوبارہ رخ کرتے ہین، اور جسطرح اسوقت صقلیہ کی سیکل جماعت مختلف اجزاے نسل کو قبول کرچکی ہے اوسی طرح ایطالیہ کے یہ سیکل مختلف اجزا سے ترکیب پاکر رومی کہلاتے ہین،

رومی اگرچہ مختلف جماعتون اور قبیلون رآمنیز، ٹی ٹی ایز، اور لکریزین تقسیم تھے[2] لیکن صقلیہ مین وہ قیام حکومت کے بعد محض ،، رومی ،، قوم کی حیثیت سے روشناس ہوتے ہین، جس کا امتیاز نسلی وجماعتی تفریق کے بجاے وطنی تفریق پر قائم تھا، اور انھون نے ہمیشہ اسی امتیاز کو تقویت پہنچائی،

چنانچہ صقلیہ کے عہد رومانی مین جزیرہ مین ایک طرف رومی تھے، اور دوسری طرف جزیرہ کے تمام باشندے، اوران دونون گروہون کے جداگانہ حقوق وامتیاز سے مستقل دو جداگانہ قوم کی بنا پڑگئی، رومیون کے تمام قبیلے بغیر کسی تفریق کے رومی کہے جاتے تھے، اور قدیم باشندون مین چونکہ یونانیون کو اکثریت حاصل تھی اس لئے اب رومیون کے علاوہ تمام اقوام کو یونانی کا خطاب دیدیا گیا، چنانچہ مسٹر فریمان لکھتے ہین،

"یونانی اور سیکل مین جو فرق رہ گیا تھا، وہ رفتہ رفتہ زائل ہوگیا تھا فنیقی شہر بھی یونانی ہوگئے یہان تک کہ سرو کے عہد مین سسلی کی تمام آبادی یونانی کہی جاتی تھی[3]"

رومانی عہد مین ایک جدید قوم غلامون کی تشکیل،

لیکن پھر اسی عہد مین صقلیہ کے سیاسیات کے ماتحت ایک جدید قوم کو بھی فروغ ہوتا ہے، جسکو تاریخ مین **غلام** کے نام سے موسوم کیا گیا ہے، غلام زیادہ تر

---

[1] تاریخ جمہوریت رومانی (اردو) ج ۱ ص ۱۸، باب قومیات، [2] تاریخ رومانی ج ۱ ص ۲۰۵، [3] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۱ ص ۳۲۴،

جنگون کے وہ قیدی تھے، جو مختلف ممالک سے گرفتار کرکے لائے جاتے، یا جہازون کے وہ مسافر تھے جنھین گرفتار کرکے ان کی گردن مین طوقِ غلامی ڈالدیا جاتا تھا، اور رومی مالکون کے ساتھیا اون کے ہاتھون سے صقلیہ کے یونانی زمیندارون کے ہاتھ فروخت ہوکر صقلیہ پہنچے تھے،

صقلیہ کے ان غلامون مین ایشیا، افریقہ، اوریورپ کی مختلف نسل وقوم کے افراد تھے جنھون نے صقلیہ کے ماحول مین اپنی قومیت ووطنیت کے انتساب کو ترک کرکے اپنی مخصوص جماعت کی بنیاد ڈالی اور رفتہ رفتہ اس قدر شوکت وعظمت حاصل کی، کہ جزیرہ مین حکومتِ روما کے خلاف بغاوت کرکے اپنی حکومت کا اعلان کردیا، اور ایک سے زیادہ مرتبہ ان کی حکومت کی تشکیل ہوئی،

ہمین صقلیہ کے ان غلامون کی جماعت مین **شامی عرب** کو فراموش نہ کرنا چاہیے، غلامون کی بغاوت عربی خون کے گرم قطرون کی سرگرمی کا ایک مظہر تھی، یونیس (یونس؟) جس نے غلامون کی بغاوت مین حکومت کی، شام ہی کا رہنے والا تھا، اور جو باندی اس کی ملکہ کہلائی وہ بھی ایک **شامی شہزادی** تھی[1]

یونانیون کا رومی بنانا

اس کے بعد صقلیہ مین ایک جدید طرزِ حکومت رائج کرنے سے یہان کی قومیت مین بھی ایک انقلاب رونما ہوا، اب تک رومی اور یونانی دو جداگانہ قوم تھین، لیکن اب یونانیون کا ایک حصہ رومیون کی صف مین جا ملتا ہے، حکومت روما نے صقلیہ کے چند شہر ٹارمینی، کٹانیا، تھرما اور تندرس مین خالص رومیون کو آباد کیا، اور گویا یہ شہر صقلیہ کے حکمران باشندون کے مسکن تھے، اور انھین اسی حیثیت کے حقوق وامتیاز حاصل تھے، اور پھر جب ان شہرون کا تفوق وامتیاز تسلیم کرلیا گیا، تو صقلیہ کے چند دیگر شہر مسینا وغیرہ کو جہان کہ خالص یونانی آباد تھے، انھی رومی شہرون کے ہم رتبہ تسلیم کیا گیا، اور انھین یہ حق عطا کیا گیا کہ وہ بھی اپنے کو رومی لقب سے سرفراز کرین،

---

[1] اسٹوری آف دی نارمنس ج ۱ ص ۳۲۴، ۳۲۶-۳۲۸،

اس خلعت علمی سے رفتہ رفتہ یہان کے بہت سے شہر رومی قرار پاگئے، ان کا علاقہ رومی تھا، ان کے حقوق رومی تھے، ان کے امتیازات رومی تھے، اسلئے یونانی بھی بصد فخر اپنے کو رومی تصور کرنے لگے، اور حکومت روما اور عام باشندگان صقلیہ ان کو خالص رومی سمجھنے لگے[1]،

صقلیہ مین چند جدید اقوام کا داخلہ

رومیون مین عیسائیت کے فروغ کے بعد جب کہ تمام رومی عیسائی ہوچکے تھے ۴۲۶ء مین یورپ کی ایک نئی قوم صقلیہ آتی ہے، جو فرینکس ( ) کہی جاتی ہے، اور اس کے بعد مختلف زمانون مین ٹیوٹانک (آگاں یا گاتھک ( ) اور وینڈل ( ) وغیرہ مختلف قومین، صقلیہ آئین، اور انکی نسل کو بھی یہان فروغ حاصل ہوا، ان مین سے اکثر قومین رومیون کے نزدیک باربرین یعنی بربری و وحشی قومون مین شمار کیجاتی تھین[2]،

ان قومون نے صقلیہ مین سیاسی لحاظ سے ایک جداگانہ حیثیت اختیار کرلی، اور اب صقلیہ کے یونانیون کے رومی ہوجانے کے باوجود مختلف قومون کے امتیازات کا پیدا ہوجانا ممکن تھا لیکن حکومت روما نے اس سے پہلے رومی حکومت کے قیام و بقا کیلئے رومی قومیت کے فروغ کیلئے ایک دلچسپ طرز عمل اختیار کرلیا تھا یعنی شہنشاہ اینٹونائنس (۲۱۱ء سے ۲۱۷ء) کے عہد حکومت مین صقلیہ مین رومی و غیر رومی کا فرق اٹھاکر سب کو رومی تسلیم کرلیا گیا، اور صقلیہ براہ راست رومی حکومت کا ایک جزو مشترک بنکر مرکزی حکومت روما مین برابر کا شریک ہوگیا،

وحدت قومیت

اس لئے اگرچہ صقلیہ کے سیاسیات مین بہت سے دور آئے لیکن قومی حیثیت سے ہر باشندہ صقلیہ گو وہ کسی نسل، قوم اور وطن سے تعلق رکھتا ہو، رومی تھا، اس واحد لقب سے قومون کے تمام قومی امتیازات مٹ گئے، اب سب کے لئے طغرائے امتیاز صرف ایک لقب رومی قرار پاگیا،

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۱ ص ۳۴۰، [2] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۲۱ ص ۳۴۲، ۳۴۵، ۳۴۷،

لیکن وحدتِ قومیت کا یہ شیرازہ زیادہ دنون تک قائم نہ رہ سکا اور جب صقلیہ مین عیسائیت کو فروغ ہوا تو قومی عصبیت کے بجائے مذہبی عصبیت اور مذہبی تفوق و امتیاز کا دور شروع ہوگیا، اب اگرچہ صقلیہ مین نہ سیکان تھے، نہ سیکل نہ اینیس تھے، نہ فنیقی، نہ یونانی تھے، اور نہ قرطاجنی، لیکن اب عیسائی و غیر عیسائی کی تقسیم شروع ہوگئی، رومی وہی تھے جو عیسائیت کے پیرو تھے، اس لئے صقلیہ مین پھر ایک غیر رومی جماعت قائم ہوگئی، جو غیر عیسائیون پر مشتمل تھی، چنانچہ فریمان لکھتا ہے:

"لوگ زیادہ تر کیتھولک مذہب کے پیرو عیسائی تھے چند لامذہب تھے، کچھ یہودیت پر قائم، اور چند ایسے بھی تھے جنھون نے اب تک عیسائیت قبول نہین کی یعنی بت پرست یونانی[1] تھے"

اسرائیلی یہی وجہ ہے کہ ہمین اس عہد مین صقلیہ مین ایک الگ قوم اسرائیلی (یہودیون) کے وجود کا پتہ چلتا ہے، اگرچہ انسائیکلوپیڈیا برٹیانیکا کے مقالہ نگار نے یہودیون کو عہد اسلامی کے بعد نارمنون کے دور مین صقلیہ مین داخل کیا ہے[2] اور صرف ایک امکانی شکل یہ بتائی ہے کہ یہ پہلے سے موجود ہون، لیکن یہ صحیح نہین ہے! اولاً نارمنون سے پہلے عہد اسلامی مین صقلیہ مین ان کے موجود ہونے کی بکثرت شہادتین موجود ہین، اسکے علاوہ مسٹر فریمان نے پوپ گریگوری اعظم (سنہ ۵۹۰ء سے ۶۰۴ء تک) کے چند ایسے خطوط کا تذکرہ کیا ہے جن سے پتہ چلتا ہے، کہ رومیون کے عہد مین صقلیہ مین یہودی آباد تھے، اور کلیساؤن پر جو جائدادین وقف تھین انکے بیشتر زمیندار یہی یہودی تھے[3]۔

مسلمانون کے داخلہ کے وقت، قدیم باشندگان صقلیہ کی باہمی تقسیم

ان حالات سے اندازہ ہوا ہوگا کہ جب صقلیہ مین عربون کا ستارۂ اقبال طلوع ہوا، اس وقت باشندگان صقلیہ کی قومیت کے نسلی و وطنی امتیازات

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۱ ص ۳۴۲ لغایت ۳۴۷ [2] انسائیکلوپیڈیا ج ۲۵ ص ۳۵۱ [3] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۱

فنا ہو چکے تھے، اور ایک ایسے دور سے گذر رہے تھے جب کہ ان مین امتیازات کا سارا دار و مدار عیسائی وغیر عیسائی پر تھا، وہ عیسائی بننے سے پیشتر رومی بن چکے تھے، اور جب حکومت روما نے عیسائیت قبول کی، تو گویا تمام رومیون نے عیسائیت قبول کر لی، اس لئے اسوقت صقلیہ کا ہر باشندہ "رومی عیسائی" یا صرف "غیر عیسائی" تھا، یہی وجہ ہے کہ عام عرب مورخین صقلیہ کے تمام قدیم باشندون کو بغیر کسی تفریق وامتیاز کے "قدیم باشندگان صقلیہ" سے موسوم کرتے ہین، اور حکومت روما کی اصطلاح کی پیروی کرتے ہوئے تمام باشندگان صقلیہ کو "روم" اور "رومی" کا لقب دیتے ہین، اور اگر کبھی تفریق وامتیاز کی نوبت آتی ہے، تو عام عیسائیون کو "رومی"، بت پرستون کو "یونانی"، (کہ انھون نے مذہب عیسائیت قبول نہین کیا، اور اپنے آبائی مذہب پر قائم رہے، اس لئے وہ رومیون کی جماعت سے بھی خارج ہو گئے، کہ ہر رومی کا عیسائی ہونا اب شرط اولین ہے،) اور یہودیون کو "یہودی" کہتے ہین، کہ اس وقت تمام قدیم باشندگان صقلیہ انھی رومی یونانی اور یہودیون پر مشتمل تھے،

مسلمان صقلیہ میں قومیت کی یہی تقسیم تھی کہ ۳۳ھ مین مسلمانون کا سب سے پہلا قافلہ معاویہ بن حدیج کی سرکردگی مین صقلیہ پہنچا، جو حجاز و عرب کے شریف قبیلون کے ممتاز افراد پر مشتمل تھا، اس جماعت مین بعض صحابہ، تابعین، و تبع تابعین کی ایک کثیر جماعت شامل تھی، لیکن ان مین سے کوئی یہان اقامت گزین نہین ہوا،

اس کے بعد ڈیڑھ سو برس تک عربون کے مختلف قافلے آئے، جن مین عرب کے مختلف ممتاز شریف قبائل، افریقہ کے بربر اور موالی کے افراد تھے، اور صقلیہ مین قیام کر کے صقلی کہلائے، ان کی نسلی و قبائلی تقسیم کی تفصیل جلد دوم مین آئے گی،

صقلیہ کی آبادیاں

صقلیہ کی آبادیوں کی تخطیط و بنا میں اس کے جغرافی و تاریخی حالات کو خاص دخل ہے، تاریخ صقلیہ کی سرگذشت کا پتہ جسقدر چل سکا ہے، اس کے لحاظ سے وہ ہمیشہ دو متضاد متخالف ملکوں، قوموں اور مذہبوں کی آماجگاہ نظر آیا، اس کی سرزمین پر ایک ہی وقت کبھی دو کبھی تین تین قوتیں اپنی عظمت و شوکت کا سکہ جمائے رہیں، خصوصاً وہ مشرق و مغرب کی معرکہ آرائیوں کا ایک ایسی رزم گاہ رہا ہے، جہاں ان دونوں کی کشمکش ہمیشہ کسی نہ کسی شکل و صورت اور نام سے جاری رہی،

اور چونکہ وہ سب طاقتیں اپنے عہد میں دنیا کی عظیم ترین بااقتدار طاقتیں تھیں، اس لئے انھوں نے اس مختصر جزیرہ کی مملوکہ سرزمین کی حفاظت کے لئے ہمیشہ ایسی جنگی تیاریاں رکھیں، جو دنیا کے بڑے بڑے ممالک کی حفاظت و بقا کے لئے کیجاتی ہیں، کیونکہ اس جزیرہ کا زوال اپنے جغرافی جائے وقوع کے لحاظ سے ہر دو حکومتوں کی سلطنت کے عروج و زوال کا مقدمہ سمجھا جاتا تھا کہ اگر فنیقیوں نے اس پر کامل اقتدار حاصل کر لیا، تو گویا سلطنت یونان کے تباہ و برباد کرنے کا راستہ صاف ہو گیا، اگر رومہ نے اس جزیرہ میں قرطاجنہ کو مغلوب کر لیا، تو گویا سلطنت قرطاجنہ کے زوال کا دروازہ کھل گیا، اس لئے یہ جزیرہ گویا مشرقی و مغربی حکومتوں کا سرحدی مورچہ تھا، جہاں ہر طاقت اپنے اپنے مورچہ کی کامل حفاظت نہایت ہوشیاری اور مستعدی کر رہی تھی،

ان وجوہ سے جزیرہ کے چپہ چپہ پر جا بجا بیشمار قلعے، فوجی چھاونیاں اور بارکیں تعمیر ہو گئیں جنمیں سے بعض کی آبادی میں رفتہ رفتہ اتنی ترقی ہوئی، کہ وہ قلعے اچھے خاصے شہر بن گئے، اسلئے

ہمین صقلیہ مین قدم قدم پر فوجی استحکام نظر آتے ہین، اور وہان مشکل سے کوئی ایسی آبادی ملیگی، جو کسی نہ کسی مستحکم قلعہ کے زیر سایہ آباد نہ ہو، اور یہی وجہ ہے کہ یہان کی اکثر آبادیون کو عربون نے "حصن" "معقل" اور "قلعہ" وغیرہ کے انتسابون سے موسوم کیا ہے،

چنانچہ صقلیہ کی عام آبادیون مین یہی طرز زندگی نظر نہین آتا، لوگ عہد قدیم سے شہرون مین رہنے کے عادی ہین، اور یہی دستور آج تک چلا آتا ہے، کیونکہ آغاز عہد سے یہان کی آبادیان جنگی نقطۂ نظر سے قائم کی گئین، لوگ مستحکم قلعون کی پناہ مین یکجا زندگی بسر کرتے، اور ایک ہی جگہ ان کی ضرورت کا تمام سامان مہیا ہوتا، قریب و جوار کی اراضی مین دن کے وقت زراعت کرتے، اور شب مین قلعون کے دروازے بند کرکے آرام کرتے، اور جب وقت آجاتا تو ساری آبادی کی آبادی جمع ہوتی، اور فوج کا ایک دستہ مرتب ہوکر میدان جنگ مین آجاتا،

یہان اس طرز زندگی کی ابتدا یہان کی قدیم قوم سیکان و سیکل کے عہد سے ہوتی ہے، ان کے عہد کی تمام آبادیان مستقل شہر کی حیثیت رکھتی تھین، اور ان کی ایک اہم خصوصیت یہ بھی تھی، کہ ان کے تمام شہر پہاڑون کی چوٹیون پر آباد تھے، جس کی وجہ سے دوبری و بحری حملون سے محفوظ رہتے تھے، ان قدیم قومون کے یادگار شہر اوس وقت سے عہد اسلامی تک آباد رہے، اور جن مین سے بعض آج بھی آباد ہین، خصوصاً سیکل کے متعدد مقامات کا صقلیہ کی اسلامی تاریخ مین ایک خاص حصہ رہا ہے،

سیکان و سیکلیس کی یادگارین

ہمین سیکان اور سیکل کی یادگارون مین سے سیکانی یادگارون کا پہلے پتہ دینا چاہیے لیکن افسوس ہے کہ وہ کچھ زیادہ اہم نہین ہے، سیکانی عہد کے صرف دو شہرون کا پتہ چلتا ہے اور یہی دونون ایتنس کی عظمت رفتہ کی بھی یاد دلاتی ہین، یہ دونون مقام ایرکس ( ) اور سجستا ( ) ہین، اگرچہ پہاڑون کے یہ نام باقی رہ گیے لیکن

ان کی آبادیان اسلامی عہدِ حکومت تک ویران ہوچکی تھین،

سیکل کی قدیم آبادیاں سیکل کی قدیم آبادیون مین ایک مشہور آبادی اگیریم (agyrion) ہے جو بعد مین سین فیلیپو (Sanfilippo) کہلائی، اور عربون نے اسکو اپنے لب ولہجہ مین شنت فیلب کہا، اور اب سنت فیلپو اوراگیرد (argiro) دونون کہی جاتی ہے، اسی طرح ایک دوسری آبادی سنٹوریپا (centuripa) ہے، اسی کو عہد اسلامی مین شنتوریب کہتے تھے، یہ پہاڑی پر آباد ہے اور آج کل اس کو سنتوربی (Centorbi) کہا جاتا ہے،

صقلیہ کی ان دونون قدیم آبادیون کے ساتھ یہان کی قدیم دیبی کی قیام گاہ ہینا (HENNA) کا تذکرہ کرنا بھی ضروری ہے، یہ مقام زمانہ دراز تک صقلیہ کی روحانی تسکین کا ذریعہ رہا ہے، یہ پہاڑی پر ایک مستحکم قلعہ کی شکل مین آباد تھا، عربون نے "قصر" کے اضافہ کے ساتھ اس کو "قصریانہ" سے موسوم کیا، اور اب یہی عربی نام بدل کر کسٹرم یوہنی (Castrumjohanni) سے نامزد ہے، عہد اسلامی مین اسکو نمایان حیثیت حاصل رہی،

ساحلی مقامات مین سے سیکل کی اہم یادگار (Cephaoedium) تذکرہ کے قابل سمجھی جاتی ہے، عربون نے اس کو شفلودی کے نام سے موسوم کیا، اور بعض جغرافیہ نویس جفلودی بھی لکھتے ہین، اور یہی موخر الذکر نام ابھی تک شفلو (Cefalu) کے تلفظ مین باقی رہ گیا ہے، یہ ساحل پر آباد ہے، اور جہاز کا بہترین بندر ہے، اس کی فصیل کی دیوارین سمندر سے ملی ہوئی ہین،

فینقی آبادیان فینقیون کا جو گروہ ٹائر اور زیڈن سے آیا تھا، وہ مشرقی صقلیہ مین آباد تھا، لیکن مشرقی حصہ کی ان نوآبادیون کے متعلق نہین کہا جا سکتا، کہ انکی حیثیت محض تجارتی کوٹھیون کی تھی، یا انھون نے متوطن ہوکر بود و باش اختیار کرلی تھی،

بہرحال وہ جسطرح پر بھی آباد تھے یونانیون نے اس حصہ کو اُنسے بہت جلد خالی کرالیا اوران کو قرطاجنی فینیقیون کی سرزمین مین چلا آنا پڑا، جو صقلیہ کے مغربی حصہ مین آباد تھے،

مغربی حصہ کی فینیقی نوآبادیون مین تین مقام موٹیا (Motya) سولس (Solous) اور پرمس (Panormos) اہم حیثیت رکھتے ہین،

موٹیا صقلیہ مین فینیقیون کی سب سے پہلی نوآبادی ہے صقلیہ کے فینیقیون کو یہان کی اسلامی حکومت کے مانند شمالی افریقہ سے گہرا تعلق رہا ہے، یہ صقلیہ کی ایسی سرزمین پر قائم کی گئی تھی، جو افریقہ سے سب سے قریب تر ہوسکتی تھی، یہ وہان کے مشہور مرسی علی کے شمال مین ایک مختصر جزیرہ کی صورت مین قائم تھی، اور صقلیہ اور قرطاجنہ کے تمام تعلقات کا مرکزی مقام تھی لیکن یہ عربون کے پرچم اقبال کے بلند ہونے سے بہت پیشتر کا رتھج کے عہد حکومت چوتھی صدی ق م مین ویران ہوگئی، اور اسی کے قریب جنوب مین ایک نیا شہر لیلیبان (Lilybaeum) کے نام سے آباد ہوا، جو صقلیہ کا سب سے آخری مغربی نقطہ ہے، لیلیبان اس وقت سے عربون کے عہد حکومت تک آباد رہا، عربون نے اس کو مرسی علی کے نام سے موسوم کیا، جواب مرسلا کہا جاتا ہے، موٹیا کی فینیقی دیوارون کے کھنڈر آج بھی اپنی عظمت کو یاد دلاتے ہین،

سولس صقلیہ کے شمالی حصہ مین ایک ایسے موقع پر لب ساحل واقع ہے، جہان ساحل کا بہاؤ ایک پیچ کاٹ کر گھوم جاتا ہے، اور اس سے مشرق مین ایک خلیج بن جاتی ہے، اسی خلیج کے پتھریلے ساحل پر ایک پہاڑی کے اندرونی حصہ مین ایک شہر آباد ہے، جو اپنی جائے وقوع کی مناسبت سے سیلا (Sela) یعنی "چٹان" کہا جاتا تھا، اور اس کا یہی نام مقدس صحیفہ زبور مین بھی آیا ہے،

پھر اس کے نام مین تغیر ہوتا گیا، اور مختلف زمانون مین سولس (SOLOUS)

سولٹم (Solunto) اور سولنٹو (Solunto) سے موسوم ہوا، یہ شہر فنیقی عہد حکومت کا نہایت مستحکم اور کارآمد قلعہ رہا ہے، سیکل کی مدافعانہ لڑائیون اور یونانیون کے جارحانہ حملون کا اسی مین بیٹھ کر مقابلہ کیا،

پنرمس فنیقی نوآبادیون مین سب سے اہم نوآبادی ہے، جو صقلیہ کی دونون مشرقی قومون فنیقیون اور عربون کے عہد مین سب سے بڑا مرکزی مقام اور صقلیہ کا دارالحکومت رہا ہے، لیکن فنیقی ہونیکے باوجود اس کا فنیقی نام معلوم نہ ہوسکا، یونانیون کے زمانہ مین پنرمس کہا جاتا تھا، اور غالباً اسی وجہ سے ہولم نے اسکو یونانی نوآبادی قرار دیا ہے، لیکن محققین نے اس کے نظریہ کو تسلیم نہین کیا،

یہ صقلیہ کے شمالی ساحل پر اپنی جاے وقوع کے لحاظ سے نہایت دلفریب منظر رکھتا ہے، کوہ سولورس اور پیگیر منو کے درمیان ایک زرخیز میدان ہے، جو گولڈن شلا (سنہری کوڑی) کہا جاتا ہے، یہان سمندر ایک خلیج کی شکل مین دو شاخہ ہوکر اندر تک چلا آیا ہے، اور پنرمس اسی جگہ دائین بائین سمندر کے تھپیڑے کھاتا ہوا زمانہ قدیم سے صدہا طوفان حوادث کے حملون کے باوجود کھڑا ہوا ہے،

عربون کے عہد حکومت تک اسکی جغرافی حیثیت بھی قائم رہی، لیکن بعد کو حالات بدل گئے، سمندر نے اپنی دونون شاخون کو سمیٹ لیا، شہر کی آبادی بھی کچھ ہٹ گئی ہے، اور اسی لئے اس کا بندرگاہ بہ نسبت پہلے کے شہر سے کافی دور پڑگیا ہے، عربون نے اسی کو بلرم کہا اور یہی ان کا دارالحکومت تھا، جس کے مفصل حالات جلد دوم مین آئین گے،

یونانی نوآبادیان یونانی نوآبادیون کی ابتدا ایک اتفاقی واقعہ سے شروع ہوتی ہے، آٹھوین صدی ق م مین سمندر کی موجون کا ستایا ہوا ایک جہاز صقلیہ کے ساحل سے آلگتا ہے، یونانی شہر ابویا کے شہر چالکی کا ایک باشندہ تھیوکلیز اس جہاز سے اترتا ہے، اور وطن واپس جاکر اس زرخیز سرزمین کے حالات بیان کرکے نوآبادی قائم کرنے کا مشورہ دیتا ہے، چالکی کی شہری حکومت اسی کو سرگروہ

بنا کر ایک جہاز بھیجتی ہے، اور یہ یونانی جماعت ۷۳۵ ق م مین صقلیہ مین توطن پذیر ہونے کیلئے سب سے پہلی مرتبہ قدم رکھتی ہے،

تھیوکلیز کے ہمراہی کچھ شہر چالکی اور کچھ نیکسوز کے باشندے تھے، دونون کو پاس وطن تھا، صقلیہ کی پہلی نوآبادی نیکسوز کے نام سے قرار پائی، اور اس کا دارالسلطنت چالکی مقرر ہوا،

نیکسوز:۔ مشرقی ساحل پر ایک ایسی سرزمین پر قائم کی گئی جسنے کوہ اٹنا کے لاوے سے جزیرہ نمائی شکل اختیار کر لی تھی، آبادی کے سامنے ٹاروز کی سبز پوش پہاڑی کھڑی تھی، جہان بعد مین اس کے دامن مین طاروئیا آباد ہوا، پھر اس سے کچھ الگ مشہور یونانی دیوتا ارگیٹیز (یعنی شروع اور رہنمائی کرنے والے) کی قربان گاہ کی بنا پڑی، اور یہ آبادی اسی نام سے موسوم ہوئی، یہ سب سے پہلا یونانی معبد تھا جسکو بہت جلد تمام یونان کی مرکزی عبادتگاہ کی حیثیت حاصل ہوگئی، لیکن تین برس سے زائد نہین گذرنے پائے تھے کہ سمندر کی دیوی نے اس دیوتا کو اپنے آغوش میں لیلیا،

سیراکیوز:۔ صقلیہ کو یونانی سیاحون کے قدم سے اب تک فینقیون نے بچایا تھا جنھون نے حملہ آورون کی تخویف کیلئے اس کے متعلق طرح طرح کی افواہین مشہور کر رکھی تھین لیکن جب یونانیون کی ایک نوآبادی قائم ہوگئی، تو سرزمین یونان مین اس کی سرسبزی، زرخیزی، اور بآسانی مغلوب ہوجانے کی داستانین اس کثرت سے پھیل گئین، کہ یونانی نوآبادکارون کی آمد کا ایک تانتا بندھ گیا چنانچہ پہلی نوآبادی قائم ہونے کے دوسرے ہی سال ۷۳۴ ق م مین یہان ایک ایسی یونانی آبادی کی بنا پڑی، جس کو عہد تعمیر سے عہد اسلامی تک صقلیہ کی تاریخ مین ممتاز جگہ حاصل رہی،

سیراکیوز سرزمین صقلیہ سے الگ ایک مستقل جزیرہ کے نشیب مین جزیرہ ارٹیگیا کے قریب آباد کیا گیا، ان دونون جزیرون کو ایک غیر مستقل پل (Bridge) کے ذریعہ ملا دیا گیا، جزیرہ کی آبادی شمال سے جنوب مین ہے، مغرب جانب جزیرہ نمائے پلیمی رئین ہے، ارٹیگیا، اور سیراکیوز کا ایک تنگ دہانہ بہترین

بندرگاہ کے کام مین لایا گیا، یہ دہانہ بحیثیت بندر کے بہت بڑا اور بحیثیت خلیج کے بہت چھوٹا ہے، پھر جزیرہ کے شمال مین ایک مختصر سا بندرگاہ ہے، اسکی وجہ سے سیراکیوز دو شاخون مین تقسیم ہوجاتا ہے، اور بندر کے کسی قدر شمال مین ایک لمبی پہاڑی مشرقی سرے پر کھڑی ہے جس کا مشرقی سر سمندر تک چلا گیا ہے، ایک دوسری خلیج شمال مین ہے، جہان جزیرہ نما زیگیا نظر آتا ہے، اسی طرف ایک دوسرا جزیرہ نما تھوکس آباد تھا، جنوب مین جزیرہ اور پہاڑی کے درمیان ایک نشیبی قلعہ ہے اور سطح زمین نشیبی اور دلدلی ہے،

سیراکیوز کی حکومت جہان تک ترقی کرتی گئی، اس کے قرب وجوار کا علاقہ اس مین داخل ہوتا ہوگیا، اور جزیرہ صقلیہ کا وسیع علاقہ اس مین شامل ہوگیا، اسکے بعد شہر کی حفاظت کے لیے اس سے کافی فاصلہ پر مختلف قلعے تعمیر ہوئے اور ان کو مذہبی عظمت دیکر ان کی حفاظت یہانتک واجب ہوئی کا ایک مذہبی شعار قرار دیدیا گیا، یہ قلعے مختلف دیوتاؤن کے نام سے موسوم کیے گئے جنھون نے قلعہ سے گذر کر مندر کی حیثیت اختیار کرلی جنکی حفاظت کرنا ہر اوہام پرست یونانی کا مذہبی فریضہ تھا،

یہ تمام قلعے اُن سڑکون کی حفاظت کیلئے ٹھیکیے گئے تھے، جو مختلف اطراف ملک سے سیراکیوز کو آتی تھین، لیکن سیراکیوز کی آبادی جیسے جیسے بڑھتی گئی، یہ قلعے اوس کے وسط مین داخل ہوتے گئے یہان تک کہ بالآخر صرف ایک قلعہ لچنا باقی رہ گیا، اور اسی کو شہرت دوام حاصل ہوئی، سیراکیوز کو عربون نے سرقوسہ کہا،

لیونٹینیا (Leontini) اہل کارنتھ کی اس نوآبادی کے قائم ہوتے ہی، چالکی یونانیون نے بھی نئے شہرون کی تعمیر کی ضرورت محسوس کی، اور نکسوز اور سیراکیوز کے درمیان خود نیکسوز کے بانی تھوکلیز نے ۷۲۹ ق م مین ایک نئے شہر لیونٹینا کی بنیاد ڈالی، یہ پہلا یونانی شہر تھا، جو سمندر سے کسی قدر ہٹ کر ملک کے اندرونی حصہ مین تعمیر ہوا، اور اسکے ساتھ صقلیہ کے سب سے زیادہ وسیع و

زرخیز میدان کا راستہ پیدا ہوگیا جو اسی کی چند پہاڑیون کی پشت پر واقع ہے لیوٹینا بعد مین لنٹینی (Lentini) ہوا، اور عربون نے بھی اس کا یہی تلفظ لنتینی قائم رکھا،

کٹانیا (Catania) جالیکیون کی دوسری نوآبادی ہے، یہ اگرچہ لنتینی کی طرح سمندر سے کافی فاصلہ پر نہین لیکن نیکسوز اور سیراکیوز کی طرح بالکل سمندر پر بھی واقع نہین ہی عربون نے اسکو قطانیہ کہا

مگارا (Magara) اوسی وقت جب کہ چالکی اندرون ملک مین بڑھ بڑھ کے آبادیان قائم کر رہے تھے، ۷۲۶ ق م مین یونانی علاقہ مگارا (MAGARA) سے لامیز (Lamis) کی سرکردگی مین ایک جماعت آئی، اور جنگ وجدال کے بعد شمالی ساحل پر ایک نوآبادی قائم کی اور اپنے آبائی وطن کے نام پر مگارا سے موسوم کیا، اسکو یونانی تاریخ مین نمایان شہرت حاصل رہی، مگر بعد کو ویران ہوگیا، اور صرف کھنڈر باقی رہ گئے،

مسینا (Messina) مگارا کی بنا کے بعد ہی ایک ایسے شہر کی بنا پڑی، جسکو اگرچہ یونانیون کے عہد حکومت مین بجز اسکے کہ وہ رومیون کے جزیرہ مین آنے کا ایک وسیلہ بنا اور کوئی ایسی اہمیت حاصل نہین ہوئی، مگر دور اسلامی مین یہ شمالی صقلیہ کا سب سے بڑا مرکزی مقام بنگیا،

یونان کے خطہ کیمی (Kyme) کے چند بحری ڈاکو جو غارتگری کرتے پھر رہے تھے، گھومتے گھومتے ساحل صقلیہ پر اوتر پڑے، اور بیقاعدہ طور پر ایک بستی زنکلی (Zankle) آباد کرکے مقیم ہوگئے، پھر کچھ دنون کے بعد یہی مقام کیمی اور چالکی دونون کی مشترکہ کوششون سے ایک باقاعدہ شہر بنگیا، پھر تقریباً ایک صدی کے بعد کچھ لوگ اسی شہر مین میسنا سے آتے ہین اور اس پر وفق داباد شہر پر قابض ہوکر میسنا کے نام سے موسوم کرتے ہین اور اس کا یہی نام عربون کے عہد حکومت تک میسنا و میسنی دونون طریق املا کے ساتھ قائم رہا،

میسنا کی آبادی آبنائے کے اوپر نہایت عمدہ موقع پر واقع ہی، اس کا بندرگاہ صقلیہ کے مشہور بندرگاہون مین شمار کیا جاتا ہی، اسکی آبادی سے صقلیہ کے مشرقی ساحل کی یونانی نوآبادی پایۂ تکمیل کو پہنچ جاتی ہے،

گیلا (Gela) اس کے بعد یونانی صقلیہ کے شمالی وجنوبی ساحل کی طرف متوجہ ہوئے جہان اب تک بجز شمالی قلعہ میلاؤ (Mylae) کے کوئی اور آبادی قائم نہین ہوئی تھی ان لوگون نے اس سمت ۶۸۹ ق م رخ کیا، اور ادھر آتے ہی سیکان اور سیکل کی نوآبادیان ان سے بہت قریب ہوگئین،

گیلا جنوبی ساحل کی پہاڑی لنڈانی ماٹی پر آباد کیا گیا، دریائے گیلاس اس کے بہت قریب سے گذرتا ہے، اس کو تاریخی حیثیت سے بڑی شہرت حاصل ہوئی کیونکہ اس کی تعمیر کے بعد ہی صقلیہ کے مشرقی وجنوبی حصون پر اقتدار قائم ہونا شروع ہوا، اور ۵۹۹ ق م تک حکومت سیراکیوز تمام مشرقی وجنوبی صقلیہ پر قابض ہوگئی،

ہمیرا:- کی آبادی ۶۴۸ ق م مین قائم ہوئی یہ میسینا سیتوڈیم کے وسط مین آباد تھا، اسکی خونین داستانین تاریخ مین ثبت ہین، لیکن یہ صرف ۲۴۰ برس تک آباد رہ سکا،

ٹاریمنی (TAORMINO) ہمیرا کا ایک محفوظ قلعہ تھا، جو شہر کی ویرانی کے بعد آباد ہوگیا ہمیرا کی تمام آبادی یہین اٹھ کر چلی آئی، ٹاریمنی کو عرب طبر مین کہتے ہین، اور صقلیہ کے اسلامی دور مین اسکو نمایان جگہ حاصل رہی،

سلینیوس (SELINUS) ادھر شمال وجنوب مین یہ آبادیان قائم ہورہی ہین ادھر باشندگان مگارا مغرب کی طرف پیشقدمی کرتے ہین، اور فینقی آبادیون کے وسط مین سلینیوس کی بنا ڈالتے ہین، جو دریائے مگارس پر یونانی نوآبادیون کو سیکل، لیمفیس اور فینقی حملون سے بچانے مین نہایت کارآمد ثابت ہوا، اگرچہ اب یہ غیر آباد ہے لیکن اسکے آثار دور حاضر مین بھی قائم ہین،

اکراگس کی بنا ۵۹۹ ق م مین سلینوس اور گیلا کے درمیان دو دریاؤن کے بیچ مین ایک پہاڑی کی وادی مین قائم ہوئی، رفتہ رفتہ اسکی آبادی بڑھتی گئی، لیکن ساحل سے دور ہونے کے باعث

اپنی ترقی کے باوجود سمندر تک نہین پہنچ سکا، اگراگس کی حکومت صقلیہ کی قدیم تاریخ مین سیراکیوز کے بعد دوسرے درجہ پر تھی لیکن سمندر سے دور ہونے کی وجہ سے سیراکیوز جیسی بحری طاقت حاصل نہ کرسکا،

جرجنٹی (GIRGENTI) امتدادِ زمانہ سے اگراگس کا اصل شہر ویران ہوگیا اور اسی کی جگہ جرجنٹی آباد ہوا جسکو عرب جرجنت کہتے ہین،

اب تقریباً تمام ساحلی مقامات پر یونانی نوآبادیان نظر آتی ہین، لیکن سیکل اور فنیقی نے اپنے اپنے گوشہ کو ابھی تک خیرباد نہین کہا ہے، انھی کے پہلو تہی لوہ بھی دم خم سے جمے ہوئے ہین، خصوصاً مالک کا اندرونی حصہ خود مختار سیکل کے پاس ہے، اور میلاؤ اور ہمیرا کا درمیانی شمالی ساحل بھی انھین کے قبضہ مین ابتک باقی ہے،

اگرچہ اس کے بعد بھی یونانیون کے مختلف جہاز صقلیہ کی طرف آئے لیکن اگراگس کے بعد کسی قابلِ ذکر یونانی شہر کی تعمیر نہین ہوئی، ۴۵۸ ق م مین کچھ لوگ کنانی ڈوز اور رودس سے اپنٹا تھولوس کی سرکردگی مین یہان پہنچے، اور فنیقی آبادی کے وسط مین لیلیبان کے قریب ایک نئے شہر کی بناڈالنی چاہی، لیکن قدیم باشندون نے قدم جمنے نہین دیئے پھر اسی زمانہ مین سیلینوس کے یونانیون اور سجستا کے الیمیس مین جنگ چھڑگئی فنیقی الیمیس کے ساتھ تھے، اور نوداردین نے اپنے ہموطن یونانیون کا ساتھ دیا لیکن وہ خود اپنے سرگروہ اپنٹا تھولوس کو کھو بیٹھے اور صقلیہ سے فرار ہونا پڑا،

اب یونانیون کی نظر اردگرد کے جزائر پر پڑی، افریقہ کے قریب کے جزیرے پہلے سے معمور تھے، البتہ جنوبی اٹلی اور صقلیہ کے جزیرے اپنے آباد کارون کے منتظر تھے چنانچہ بہت ہی قریب زمانہ مین شمال مغرب کے جزائر ایولوز اور لیپارا وغیرہ یونانیون سے آباد ہوگئے،

غرض یہ کہ اب صقلیہ کا مشرقی ساحل اور اسکے ساتھ شمال و جنوب کی تمام مشرقی سرزمین یونانی نوآبادیون سے گھر گئی، اور جنوبی اٹلی اور صقلیہ کے قریب کے جزیرے بھی یونانیون کے زیر اقتدار آگئی

پھر ادھر صقلیہ کے بعض حصص کے ساتھ افریقہ مین کارتھج کا ستارۂ اقبال بلند ہے، اور افریقہ اور صقلیہ کے قریب کے تمام جزیرون پر انھی کو کامل اقتدار حاصل ہے، اور پھر ان نوآبادیون کے قیام کے بعد سرزمین صقلیہ مین انھی دونون قومون کی تاریخ کی خونچکان داستان شروع ہوتی ہے،

لیکن یونانی نوآبادیات کا بیان ختم کرنے سے پہلے ہمین یونانی عہد کی ایک سیکل یونانی نوآبادی کا تذکرہ کرنا ہے جب ڈیسیئس شاہ سیکل جلاوطن کرکے یونان بھیجا گیا، تو اس نے اپنے حسن تدبیر سے بعض یونانی قومون کو ایک نئی نوآبادی قائم کرنے پر آمادہ کرلیا، اور اپنی سرکردگی مین یونانی جماعت کو ساتھ لے کر صقلیہ پہنچا، اور ایک نئے شہر کالی اکٹی کی بنیاد ڈالی، اور اسی کے بعد سیراکیوز اور اکراگس کی باہمی عداوت کی تخم ریزی ہوئی، ۴۴۴ ق م مین نہایت اہم نتائج پر اس کا خاتمہ ہوا،

رومی نوآبادیان صقلیہ کی تاریخ مین یونانیون کے بعد رومیون کا دور آتا ہے، اس عہد حکومت مین یہان کے سیاسی حالات جو کچھ بھی رہے ہون، لیکن نوآبادیون کے لحاظ سے یہ صقلیہ کے لئے نہایت ناکام عہد ثابت ہوا ہے، یہ صحیح ہے کہ ملک مین نوآبادیان اپنے ابتدائی عہد مین قائم ہوتی ہین لیکن بعد کی آنے والی قومون کا فرض ہے، کہ اگر ان مین مزید اضافہ نہ کرسکین، تو کم از کم آبادیون کی قدیم رونق کو تو بدستور قائم رکھین، لیکن صقلیہ مین رومی عہد حکومت اس لحاظ سے بھی نہایت مایوس کن ہے،

رومی عہد حکومت مین آبادیون کے لحاظ سے اگسٹس کا زمانہ بہترین زمانہ سمجھا جاتا ہے، اس نے رومن طرز حکومت مین انقلاب کیا، اور تمام صقلیہ کو رومی نوآبادی قرار دینا چاہا، سیراکیوز جو بتک کتنی مرتبہ برباد ہوچکا تھا، نئے سرے سے تعمیر ہونا شروع ہوا، اور ایک معزز رومی آبادی کے تمام لوازم مہیا کردئے گئے، یہانتک کہ ایمفی تھیٹر کی شاندار عمارت بھی اس سرزمین پر تعمیر ہوگئی، لیکن ان سب

کے باوجود سیراکیوز کی قدیم رونق عود نہ کر سکی،

صقلیہ کی رومی نوآبادیون مین سیراکیوز کے علاوہ تاورمینیم (TAUROMENIUM) کٹانا (CATINA) تھرما (THERMA) اور ٹنڈیرس (TYNDARIS) وغیرہ کو امتیازی خصوصیت حاصل ہے، اوران کے علاوہ مسینا، ہجستا، نیوٹم (NETUM) پنرمس اور چند دیگر مشہور شہر اگرچہ آباد تھے. مگر سیاسی مظالم سے ایسے برباد ہو رہے تھے، کہ خود اگسٹس کے عہد کا یونانی مورخ اسٹرابو صقلیہ کے اس عہد پر تبصرہ کرتے ہوئے صاف صاف کہہ دیتا ہے:

"اب قدیم شہر بالکل ویران ہوگئے ہین، اور ملک نہایت ردی حالت مین پڑا ہوا ہے"

صقلیہ مین حکومت روما کے بعد عہد مظلمہ کا آغاز ہوتا ہے اور تاریخ صقلیہ کے صفحات مین صقلیہ بہت کچھ زیر وزبر ہوتا ہے، مگر شہری ترقیون کا صفحہ خالی ہے. یہانتک کہ رومیون کی دوسری مغربی شاخ بیزنطی دور حکومت کا آغاز ہوجاتا ہے[1]

بیزنطی نوآبادیان

چند سیاسی انقلابات کے بعد ۵۵۱ء سے حکومت روما کی دوسری مشرقی شاخ بیزنطی اٹلی اور اسکے ساتھ صقلیہ مین برسر اقتدار ہوگئی، اور اس وقت یہی حکومت بیزنطی بحر روم کی تنہا مالک تھی، کہ عربی بڑے سمندر کی تلاطم خیز موجون سے کھیلتے ہوئے افریقہ مین لنگر انداز ہوئے، اور اب اس مشرقی رومی حکومت کو جزائر بحر روم مین صقلیہ سے بہتر کوئی دوسرا محافظ قلعہ نظر نہین آیا، چنانچہ افریقہ کے تمام رومی صقلیہ مین منتقل ہوگئے، اور صقلیہ کے جنگی استحکامات شروع ہوگئے،

عربون کے داخلہ کے وقت صقلیہ کی آبادیان

اس لئے صقلیہ مین دور اسلامی کے شروع ہونے سے پیشتر ویران صقلیہ پھر آباد ہونے لگا، جزیرہ کے تمام ساحلی شہر نئے سرے سے درست ہونے لگے

---

[1] آبادیون کے یہ حالات اسٹوری آف دی نیشنس ج ۱۳۱ انسائیکلوپیڈیا ج ۲۵ تاریخ یونان یورپی تاریخ روما، سیلیم اور نزھتہ المشتاق وغیرہ ماخوذ ہین،

شہروں کی رونق بڑھی، لیکن شہروں کی شہری ترقی سے زیادہ ان قلعوں کے استحکام پر زور صرف ہوا جو شہروں کی چوکیوں پر قائم تھے،

یونانی عہد کی نوآبادیوں کے سلسلہ میں اشارہ کیا جا چکا ہے، کہ اس عہد میں سیکل انیس فلقی اور یونانی چار قومیں موجود تھیں، اور صقلیہ ان سب میں باہم تقسیم ہو گیا تھا، ہر شہر کی حکومت جداگانہ اور خود مختار تھی، اسلئے شہر کی حفاظت کیلئے ہر گوشہ پر قلعہ تعمیر ہوتے تھے، اور اس طرح ایک مختصر سے جزیرہ میں جا بجا صدہا قلعے تعمیر ہو گئے تھے، اور پھر جو کچھ کمی تھی، وہ رومی عہد میں پوری ہو گئی تھی،

قلعے | اس لئے جب حکومت بیزنطی نے صقلیہ میں اپنی منتشر قوت کو جمع کرنا شروع کیا، اور صقلیہ کو ایک مرکزی فوجی چھاؤنی کی حیثیت دینا چاہی تو انھی قلعوں کی تعمیر سرگرمی سے شروع ہو گئی، اور یہاں عربوں کے قدم رکھنے کے پیشتر غیر آباد قلعے آباد ہو چکے تھے[1]، گو اس میں رہنے والوں کی تعداد بہت ہی تھوڑی تھی، اس لئے صقلیہ میں عربوں کے داخلہ کے وقت کافی آبادیاں قائم ہو گئی تھیں، کچھ تو قدیم شہر تھے، اور کچھ وہ قلعے تھے، جو سیاسی حالات کے ماتحت اوسی وقت آباد ہوئے تھے،

لیکن امتداد زمانہ اور مختلف سیاسی انقلابات کے باعث صقلیہ کے ان شہروں میں ایسا اتار چڑھاؤ ہوتا رہا، کہ عہد اسلامی میں بعض اپنی قدیم جائے وقوع سے ہٹ کر کہیں سے کہیں جا پہنچے، کسی کی آبادی میں اضافہ ہوا، کسی کی آبادی میں کمی ہو گئی، بعض معمولی آبادیاں پر رونق شہر بنگئیں، اور بعض بسے بسائے شہر اجڑ کر ویران ہو گئے، بعض قلعے شہر بنگئے، اور بعض شہر محض فوجی چھاونیاں بنکے رہ گئے،

خصوصاً اسلامی حکومت نے اپنے سیاسی مصالح کی بنا پر یہاں کی آبادیوں کے متعلق

---

[1] نزہتہ المشتاق و معجم البلدان ج ۵ ص ۳۷۳،

ایک خاص روش یہ اختیار کی، کہ ان تمام منفرد قلعون کو جگہ بجا اندرون ملک مین قائم تھے، غیر مسلح کرکے معمولی شہری آبادی بنا دیا، جس کی وجہ سے وہ اگرچہ قلعہ کے نام سے موسوم رہے، مگر درحقیقت وہ ایک معمولی آبادی کی حیثیت مین تھے، جن مین سے بعض ترقی کرتے کرتے اچھے خاصے شہر بن گئے،

عہد اسلامی مین آبادیون کی صحیح تعداد،

یہی وجہ ہے کہ جب عرب جغرافیہ نویس اسلامی عہد مین صقلیہ کی تمام آبادیون کی تعداد شمار کرنے لگے، تو ان کو تین حصون مین تقسیم کرنا پڑا، آبادشہر، فوجی قلعے، اور قلعہ اور شہر کی درمیانی آبادی، پھر مختلف اہل جغرافیہ نے اپنے فہم وذوق کے مطابق ان آبادیون کو شہر، قلعہ، حصن اور معقل وغیرہ مین تقسیم کرکے ہر ایک کی تعداد مختلف قرار دی،

چنانچہ ادریسی نے شہر کی تعداد ۱۰۰ بتائی ہے، جنہین سے ۳۵ بہ ساحل آباد ہین، اور قلعہ اور شہر کی درمیانی آبادیون کی تعداد ۳۰ بتائی ہے[1]،

مولف تاریخ صقلیہ فقیہ ابو علی حسن بن یحییٰ نے قاضی ابو الفضل کے بیان کے مطابق شہر ۱۱۰ اور قلعے ۳۲۰ سے زیادہ قرار دئے ہین، لیکن صقلیہ کے ممتاز اہل قلم ابن القطاع الصقلی نے اس موقع پر مؤلف کے اس بیان سے اختلاف کرتے ہوئے اسی کتاب کے حاشیہ پر اپنے قلم سے چند سطرین لکھی تھین جنہین شہر کی مجموعی تعداد ۴۳ تھی اور وہ قلعے جو شہر سے الگ قلعہ کے کام مین تھے کل ۱۳ تھے، یاقوت حموی کی نظر سے یہ حاشیہ گذرا ہے[2]،

اس اختلاف سے کم سے کم یہ اندازہ ہو جاتا ہے، کہ عہد اسلامی مین صقلیہ کی آبادیون کی مجموعی تعداد ۳۵۰ کے قریب ہوگی، اور ابن القطاع کی تصریح کے بموجب ان مین کم سے کم ۲۲ آبادیان ایسی ضرور تھین، جو بڑے شہر کی حیثیت رکھتی تھین، اگرچہ ابن قطاع کی یہ تحدید بھی صحیح نہین ہے،

---

[1] نزہۃ المشتاق ص ۲۱، [2] معجم البلدان ج ۵ ص ۲۷۳،

شہرون کا لب ساحل ہونا گذشتہ بیان سے یہ اندازہ ہوا ہوگا کہ صقلیہ کے جغرافی حالات کی بنا پر اس کی آبادیون کی یہ خصوصیت رہی ہے کہ اکثر ممتاز اور اہم شہر بالعموم ساحل پر آباد تھے اور تاریخ کے ہر دور مین یہی حالت قائم رہی چنانچہ اسلامی عہد کے اکثر ممتاز شہر بھی ساحل ہی پر آباد رہے اور پورے دورِ حکومت مین انھی ساحلی شہرون کو مرکزیت حاصل رہی یہی تجارت کی بڑی منڈیان تھے یہین ہر قسم کی تمدنی چہل پہل پررونق بازار عالیشان عمارتین اور امرا کے سامان عیش و نشاط کی عام فراوانی نظر آتی تھی

ساحلی شہر ساحل کے اہم و ممتاز شہر حسب ذیل ہین

(۱) بلرم (پلرمو)	(PALERMO)	(۱۲) لینتینی (″)	LENTINI
(۲) ثرمہ (ترمینی)	TERMINI	(۱۳) سرقوسہ (سیراکیوز)	SYRACUSE
(۳) قارونیہ (کارونیہ)	CARONIA	(۱۴) شکلہ (سکلی)	SCICLI
(۴) شنت مارکو (″)	S. MARKO	(۱۵) رغوص (رگوسا)	RAGUSA
(۵) ناصو (″)	NASO	(۱۶) بتیرہ (بٹیرہ)	BUTERA
(۶) بطس (پٹی)	PATTI	(۱۷) لنیاذا (لیکاٹا)	LICATA
(۷) میلاص (میلازو)	MILAZZO	(۱۸) الشاقہ (سیاکا)	SEIACCA
(۸) مسینا (″)	MESSINA	(۱۹) مازر (مزارا)	MAZARA
(۹) طرمین (ٹارمینا)	TARMINA	(۲۰) طرابنس (ٹراپرو)	TRAPARU
(۱۰) لیاج (اکی)	ACI	(۲۱) قلعۃ اوبی (کلالوبی)	CALALUBO
(۱۱) قطانیہ (کٹانیا)	CATANIA	(۲۲) برطنیق (پارٹینیکو)	PARTINICO

اندرون ملک شہر انکے علاوہ اندرون ملک کے شہرون مین سے صرف تین شہر اپنی قدیم تاریخی عظمت کے ساتھ عربون کے عہد مین زندہ رہے، وہ یہ ہین:-

(۲۳) قصریانہ (کسٹروگیوینا) CASTROGIOUANNIA

(۲۴) جرجنٹ (گرگنٹی) GERGENT

(۲۵) نوطس (نوٹو) NOTO[1]

ان شہرون کی عہد اسلامی مین کیا حیثیت تھی، اس کا تفصیلی مرقع کتاب کی دوسری جلد مین نظر آئے گا، یہان صرف یہ دکھانا مدنظر ہے کہ صقلیہ کی آبادیون کے یہ تدریجی حالات تھے، کہ عربون نے یہان قدم رکھے،

صقلیہ کی زبان

قدیم زبانین صقلیہ جسطرح مختلف قومون کا آماجگاہ رہا، ویسے ہی ان قومون کی مختلف زبانین بھی یہان مدتون ملکی زبان کی حیثیت سے قائم اور زندہ رہین، صقلیہ کی قدیم قومون سیکل،

[1] صقلیہ کے ان شہرون کے عربی نامون کو اون کے قدیم نامون سے جو اوپر گذر چکے ملا کر دیکھین تو پتہ چلے گا کہ جسطرح جزیرہ کا اصل نام برقرار رکھنے کی کوشش کی گئی، اوسی طرح شہرون کے نام بھی برقرار رکھے گئے، جو کچھ فرق ہوا، وہ صرف عربی لہجہ مین ادا ہونے کے باعث پیدا ہوگیا،

صقلیہ کے ان شہرون کے یہی نام اسلامی حکومت کے زوال کے بعد بھی قائم رہے، نارمنون نے قدیم نامون کو اختیار کرنے کے بجائے عربی نامون کو اختیار کیا، چنانچہ قوسین مین ان کے جدید نام پیش کئے گئے ہین، اون سے اندازہ ہوتا ہے کہ جب یہ عربی نام دوبارہ لاطینی لہجہ اور رسم الخط مین منتقل ہوئے، تو وہ بھی اثر پذیر ہوئے بغیر نہین رہ سکے، اور رفتہ رفتہ لب و لہجہ کے اختلاف سے اکثر کے نامون مین ایسا تغیر ہوا کہ مشکل سے پہچانے جاسکتے ہین،

یہ نام نزہۃ المشتاق کے ایطالوی ترجمہ سے نقل کئے گئے ہین، یہ وہی نام ہین، جو آج کل ملک مین رائج ہین، ان سے یہ بھی اندازہ ہوگا، کہ ان کے قدیم اور موجودہ نامون مین اب کسقدر فرق ہوگیا ہے،

سیکان اور ایتینس کی زبان کیا تھی، یہ علم السنہ کا ایک دقیق مسئلہ ہے، لیکن جسطرح وہ رفتہ رفتہ یونانی قوم بن گئے، ویسے ہی ان کی زبان بھی یونانی زبان ہوتی گئی، اور جب تاریخ نے اپنی تحقیق و تفتیش کے دفتر کھولے، تو صقلیہ مین یونانی ہی یونانی رائج تھی، البتہ سیکن زبان کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ لاطینی کے قریب قریب ہے،

ہیرو | پھر جب فنیقیون کے قدم پہنچے، تو ان کے ساتھ ان کی زبان بھی آئی، جو ہیرو تھی، ہیرو کی یادگار صقلیہ کے بعض شہرون کے نامون کی اصل حقیقت کی تحقیق مین آج بھی ملتی ہے، لیکن یونانی اقتدار کے ساتھ یونانی زبان ملک مین اس طرح چھا گئی کہ ہیرو کی یادگار صقلیہ کے بعض شہرون کے نامون کے علاوہ آج کچھ بھی موجود نہین، البتہ اس سلسلہ مین ان چند فنیقی سکون کو بھی پیش کیا جا سکتا ہے جو صقلیہ سے دستیاب ہوئے ہین، اور ان پر فنیقی قصے کندہ ہین،

لاطینی و یونانی | پھر صقلیہ مین یونانیون کے تسلط کے بعد یونانی زبان عام طور پر رائج ہو گئی، جسکا رومیون کی لاطینی زبان نے آکر مقابلہ کیا، اور رفتہ رفتہ لاطینی قوی تر ہوتی گئی، اور یونانیون نے بھی عیسائیت کے نام پر بخوشی اسکو قبول کر لیا، اور اسلامی عہد حکومت سے پہلے ہی یہان کی دفتری زبان قرار پائی، لیکن کتابی اور بول چال کی عام زبان یونانی بھی برقرار رہی[1]،

عربی | جب مسلمانون کا عہد حکومت شروع ہوا تو اسلام کی محبوب و عالمگیر زبان عربی کو بھی رسوخ حاصل ہوا، اور صقلیہ کی دفتری زبان عربی قرار پائی، جسکے علوم و آداب کا مفصل تذکرہ جلد دوم مین آئے گا،

صقلیہ کے مذاہب

قدیم مذاہب | سیکان سیکل، اور ایتینس وثنیت کے مختلف طریقون کے پجاری تھے صقلیہ مین سیکل کے

[1] اسٹوری آف دی نیشنس، ج ۳۱ ص ۱۲ و ۲۱ لغایت ۳۸، وانسائیکلوپیڈیا ج ۲۵ (سسلی)

مشہور دیبی ہینا (HENNA) کو شہرت دوام حاصل ہوئی، اور اس کے نام کا شہر آج تک اس سرزمین کی زینت ہے، ایمیٹس کا وہ مشہور مندر جو کوہ ایرکس پر واقع ہے، ایمینس کے عہد سے رومیوں کے زمانہ تک مختلف قوموں کا مرجع بنا رہا،

اس طرح ایک ہی دیبی، جو ایک خاص قوم کی مورتی تھی، مختلف قوموں کے درمیان مختلف ناموں اور نسبتوں سے قابل احترام سمجھی جاتی رہی، اور جب ایک ہی مندر میں دو قوموں کے پجاری یکجا ہونے لگے، تو رفتہ رفتہ قومیت کا فرق بھی جانے لگا، اور پھر سیاسی اغراض کے ماتحت جب ایک سیکل فرماں روا طلوع صبح صادق کے وقت یونانی دیبی کے آگے خاموشی سے سر نیاز جھکائے عقیدتمندانہ ہاتھ باندھے کھڑا دکھائی دیا، تو گویا اسی دن سیکل دیبیوں کی پرستش سے منہ موڑ کر یونانی دیبیوں کی پرستش کا اعلان کر دیا گیا، یہانتک کہ جب قدیم قومیں اپنی قومیت ترک کر کے یونانی اور فینیقی قرار پائیں، تو قدیم دیبیوں نے بھی یونانی و فینیقی نام اختیار کر لیے، چنانچہ ایمینس کے مندر کی جو دیبی کوہ ایرکس پر واقع تھی، وہ فینیقیوں کے یہاں اسٹورتھ (ASHTORETH) سمجھی گئی، یونانیوں نے افرو ڈائٹ (APHRODITE) کہا اور لاطینیوں نے وینس کے نام سے پکارا،

اور قومیت کی طرح مذہب کی تفریق بھی جاتی رہی، اور اتحاد قومیت کے ساتھ اتحاد مذاہب کی بنیاد بھی مستحکم ہو گئی،

مذہب فینیقی فینیقی اپنے قدیم شامی مذہب وثنیت کے پیرو تھے، پہاڑ کی بلند چوٹیوں پر اپنی دیبیوں کے مندر تعمیر کرتے پیتل اور بعد میں سونے کے خوبصورت مجسمے بناتے، اور ان کی پرستش کرتے بعل کے علاوہ کنعان، بالم اور اسٹورتھ ان کے وہ بت تھے جنکی پوجا صقلیہ میں ہوتی تھی، لیکن اس کے ساتھ ان کے یہاں ایک نہایت انسانیت سوز طریق عبادت یہ تھا، کہ

خاص خاص موقعون پر اپنے لڑکون کو ان بتون کے نام پر آگ مین زندہ جلا کر بھینٹ چڑھایا کرتے تھے، چنانچہ کوہ ایرکس اور ینرمس کے مندرون مین صدیون تک یہ مراسم جاری رہے،

یونانی مذاہب اس کے بعد جب یونانیون کا دور آیا تو صقلیہ مین یونانی دیبیون اور دیوتاؤن کی پرستش ہونے لگی، اور یونان کے دیوتاؤن و دیبیون کے بت صقلیہ کے ایک ایک گھر مین نصب ہوگئے، اور صقلیہ کے بعض مندرون کو مذہبی اعتبار سے اسقدر شہرت حاصل ہوئی کہ اصل یونان کے باشندے یہان آکر پوجا کرنے لگے، اور اس زیارت گاہ کی زیارت منجملہ فرائض مذہبی کے ایک اہم فریضہ قرار پائی، اور یہان کے بعض سالانہ مذہبی تہوارون نے ایسی شہرت حاصل کی کہ دنیا کی تمام یونانی نوآبادی کے باشندے اس جگہ سال مین ایک مرتبہ جمع ہونا مذہبی فرض سمجھتے، اور دور دراز کے عقیدتمند یہان آکر مرادین مانگتے، اور کامیاب ہوکر شکرانہ مین نذرانے چڑھانے آتے صقلیہ کی یہ مذہبی خصوصیت تاریخ یونان مین نمایان طور پر بیان کی جاتی ہے،

عیسائیت یونانی وثنیت کے بعد لاطینی وثنیت کا دور آیا، اور رومنس کی پوجا کے چند صدی گذرنے پائے تھے کہ سرزمین صقلیہ مین عیسائیت کا آغاز ہوا، انجیل کتاب اعمال مین ہے کہ

"پال (شاگرد مسیح) صقلیہ گیا اور سیراکیوز مین تین دن مقیم رہا"

انجیل کی اس عبارت کی تفسیر مین جو مذہبی قصص شہرت رکھتے ہین، ان سے پتہ چلتا ہے کہ پال جب صقلیہ آیا، تو اس کو سیراکیوز مین ایک پادری ملا، جو مارکین کے نام سے مشہور تھا، وہ اپنے گرجے مین وعظ کہا کرتا، اور کہا جاتا ہے، کہ اوس کا قدیم گرجا ارک راڈینا کے نشیب مین واقع تھا،

قصص مین یہ بھی مشہور ہے کہ سینٹ پیٹر (شاگرد مسیح) نے اپنے شاگردون کو اینٹاک سے صقلیہ بھیجا تھا، پیٹر کا ایک شاگرد پینک راٹیس تھا، جو ٹاورمینا کا باشندہ تھا، اس نے اپنا گرجا ایک مندر

مین بنایا، جو اب تک طرین کے شہر کی دیوارون کے باہر قائم ہے، پینک رائیس نے بہت سی خبیث طاقتون سے جنگ کی، خبیث طاقتین سیکل کی یادگار ہیں پالکی، لامنس اور فالکس تھے، پینک نے ان تینون بتون کو سرنگون کرکے عیسائیت کا علم بلند کیا،

سینٹ پیٹر کے متعلق مشہور ہے کہ وہ خود بھی صقلیہ آیا تھا، اور رومن عہد کی ایک مدور عمارت جو قطانیہ مین قائم ہے، سینٹ پیٹر کے گرجا کے نام سے منسوب ہے، جسکو سینٹ پیٹر نے حضرت مریم کی زندگی مین گرجا بنایا تھا،

سینٹ پیٹر کے دو اور مشہور شاگرد فلپ، اور سینٹ کلیمنز کے افسانے صقلیہ مین مشہور ہین، اور جا بجا انکی یادگارین آجتک قائم ہین، اور مسیحیت کی اشاعت مین انکا نمایان حصہ ہے،

صقلیہ کی کنواری نونہالون مین سے دو نونہالون کو شہرت خصوصی حاصل ہے، ان مین سے ایک سینٹ اگاتھا، اور دوسری سینٹ لوسی (لوسی کے نام سے بہت سی نن گذری ہین لیکن یہ سب سے پہلی ہے) ان دونون دوشیزہ نونہالون نے مسیحیت پر اپنی زندگی قربان کی، اور اسکی اشاعت کرتے کرتے ایک نے شہنشاہ ڈیسی اس (۲۴۹ء سے ۲۵۱ء) کے عہد مین جام شہادت نوش کیا، اور لوسی کی شہادت ڈیوکلی ٹین کے عہد مین ۳۰۵ء مین ہوئی، صقلیہ مین ان دونون کے کارنامے بہت کچھ مشہور ہین، اور ان کی شہادت کے افسانے بھی خاص شہرت رکھتے ہین، خصوصاً پاکدامن لوسی کے دامن عصمت کو داغدار بنانے کی ناکام کوشش کی گئی،

اس کے بعد صقلیہ کے مسیحیون کو نمایان رتبہ حاصل ہوا، اور ان کے پادریون اور گرجاؤن کی ایک خاص نظم و ترتیب قائم ہوئی، چنانچہ قسطنطین کے عہد مین حسب ذیل مقامات پر پادری رہا کرتے تھے،

سیراکیوز (سرقوسہ) پزمس (بلرم) کٹانیا، (قطانیہ) ایگریجنٹم وٹاورمینم (طرین) وغیرہ

مین ایک ایک نشست ہوتا، اور رومن کونسل مین صقلیہ کے ان پادریون کی نمایندگی تسلیم کی گئی، اور وہ کونسل کے اجلاس مین اہالیان صقلیہ کے نمایندہ کی حیثیت سے شرکت کرکے معاملات حکومت مین برابر کے حصہ دار تسلیم کرلئے گئے،

صقلیہ کی یہ ابتدائی مذہبی تاریخ ہے، اس کے بعد جب رومن امپائر کے سیاسی حالات مین مدو جزر آئے، اور رومن امپائر دو مختلف حصون مین تقسیم ہوگیا، تو صقلیہ مشرقی رومن حکومت قسطنطنیہ کے زیر حکومت آیا، اور جب شاہ قسطنطنیہ لیو نے بعض مشرقی تعلیمات سے متاثر ہوکر مسیحیت مین مورتی پوجا کی مخالفت کی، اور عالم مسیحیت مین اس کے خلاف عالمگیر جذبہ نفرت پیدا ہوگیا، تو صقلیہ نے لیو کا ساتھ دیا، اور اس کے مذہبی اصلاحات کی پوری تائید کی، اور اس سے باشندگان صقلیہ کے اس ذہنی استعداد کا پتہ چلتا ہے جو ان مین عقیدۂ وحدانیت کے قبول کرنے کیلئے موجود تھی،

صقلیہ کے گرجاؤن پر بڑی بڑی جائدادین وقف تھین، جنکے متولی وہان کے پادری ہوتے تھے اور ان سب کی نگرانی پاپائے اعظم کی سینٹ کرتی تھی چنانچہ ان جائدادون کے متعلق پوپ گرگوری اعظم (سنہ ۵۹۰ء سے ۶۰۴ء) کے بکثرت خطوط ابتک محفوظ ہین،

پاپائے اعظم یہان کے مذہبی معاملات کی پوری نگرانی کرتا خصوصاً عیسائیت کے نشر و اشاعت اور جائدادون کے تحفظ پر خاص طور پر نظر رہتی تھی، پوپ گرگوری اعظم اپنے ایک خط مین لکھتا ہے:-

"یہودیون پر ظلم نہ کیا جائے، اور جو عیسائی ہوجائین ان کی لگان کم کردی جائے"

اسی کے ساتھ غیر مذاہب کے پیروؤن کے معاملات کا مرافعہ بھی پاپائے اعظم کے دربار مین ہوتا تھا چنانچہ جب پٹرس کے پادری نے یہودیون کے عبادت خانون پر قبضہ کرکے انکو گرجا بنادیا، تو گرگوری نے اپنے ایک خط مین لکھا:-

"یہ کام مناسب نہین ہوا ہے لیکن چونکہ یہ عمارت پاک کرلی گئی ہے، اسلئے اب یہودیون کو واپس

نہین کی جاسکتی، مگر یہودیون کو اسکی قیمت دیجائے،،

یہودی

پوپ گریگوری کے خطوط سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ یہودی اس عہد مین صقلیہ مین آباد تھے، اور وہ یہان کے متمول زمیندار و سرمایہ دار کی حیثیت رکھتے تھے چنانچہ جو زمینین گرجاؤن پر وقف تھین، ان کے بیشتر زمیندار یہی یہودی تھے، اور ان کے متعلق گریگوری اعظم کے خطوط مین کافی ہدایتین موجود ہین[1]

مذہب اسلام کے داخلہ کے وقت یہان کے مذاہب

مذہب اسلام کے داخلہ سے پہلے یہان جو مذاہب قائم تھے، وہ فریمان کے بیان کے مطابق یہ ہین:-

،،لوگون کا زیادہ تر مذہب کیتھولک تھا، اور چند لا مذہب تھے، کچھ یہودی تھے، اور چند ایسے تھے جنھون نے ابتک عیسائیت قبول نہین کی تھی، اور وہ بت پرستون کا مذہب رکھتے تھے،،

صقلیہ کے یہی مذاہب تھے کہ اسلام کے قدم یہان پہنچے،

---

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۱ ص ۲۰۰، ۳۴۲، ۳۴۴، ۳۵۰ تا ۳۵۱، انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۵ آسسلی)

صقلیہ کی قدیم تاریخ

اگرچہ صقلیہ کی قدیم تاریخ ہمارے موضوعِ بحث سے خارج ہے، لیکن سلسلۂ تاریخ کو قائم رکھنے کیلئے اجمالی طور پر اون حالات سے بھی روشناس کردینا ضروری ہی، جو اس جزیرہ مین عربون کے قدم رکھنے سے پیشتر پیش آچکے ہین،

سیکان سیکل اور ایلیمنس عہد

صقلیہ کی جغرافی تاریخ کے پڑھنے سے اندازہ ہوا ہوگا، کہ یہان جب تک قدیم باشندگان صقلیہ سیکان سیکل اور ایلیمنس قومون آباد رہین، اسوقت تک یہان سیاسی آویزشون کا سلسلہ شروع نہین ہوا تھا، یہ قومین جزیرہ کو آباد کرنے والی تھین، جزیرہ کی سرزمین ایک وسیع طول و عرض مین موجود تھی، جس قوم نے جہان چاہا نہایت آزادی سے اپنی آبادیان قائم کرکے بود و باش اختیار کی، اور اپنے وسائل معاش مین لگی رہی،

فنیقی اپنی پہلی آمدین

اسی طرح جب گیارہوین صدی ق م مین فنیقیون کا سب سے پہلا گروہ صقلیہ آیا، تو اسکو بھی اپنی تمدنی ترقیون مین کوئی دشواری پیش نہین آئی، جس حصۂ ملک مین چاہا اقامت اختیار کی اور وہ قدیم باشندگان صقلیہ کے اشتراکِ عمل سے جزیرہ کی فلاح و بہبود اور حصولِ معیشت مین مصروف ہوگئے،

یونانی عہد سے رزمیہ تاریخ کی ابتدا

صقلیہ کی رزمیہ تاریخ کا اصلی دور اسوقت سے آتا ہے، جب یونانیون نے

یہان قدم رکھا، ان کے آنے کے ساتھ ہی یہان سیاسی ہنگامہ آرائیان شروع ہوجاتی ہین، ملک کے مختلف حصون مین مختلف ریاستین قائم ہوتی ہین، قومون مین باہمی تفریق ہوتی ہے، اور حاکم ومحکوم اور راعی ورعایا کا امتیاز پیدا ہوتا ہے۔ اور یہین سے مختلف ریاستون اور ان کی مختلف باہمی آویزشون کے عنوان سے تاریخ کے مختلف ابواب قائم ہوجاتے ہین، لیکن ہم ان سب کو نظرانداز کرکے انکا محض ایک اجمالی خاکہ پیش کرین گے،

ریاست سیراکیوز (سرقوسہ)

سقلیہ مین جسقدر یونانی نوآبادیان قائم ہوئین، ان مین سیراکیوز (سرقوسہ) نے اپنے جغرافیائی حالات وقوع کی خصوصیات کی بنا پر سب مین امتیاز حاصل کرلیا، اور رفتہ رفتہ اس نے مرکزی حیثیت اختیار کرلی، اور سقلیہ کی اکثر چھوٹی چھوٹی نوآبادیون کو اپنا مطیع بنالیا جب حکومت کی بنیاد بڑی حد تک استوار ہوگئی، تو اس نے بالآخر یونان کی اطاعت کا جوا بھی اپنے کندھے سے اتار پھینکا، اور ۴۳۲ ق م مین ایک خودمختار ریاست قائم ہوگئی،

ریاست سیراکیوز کا نظام حکومت

ریاست سیراکیوز کا نظام حکومت یونانی طرز پر جمہوری تھا، باشندون کے مختلف طبقے، امراء، عوام، کسان، صناع اور مزدور پیشہ وغیرہ تھے، اور ان کو نظام حکومت مین نمایان نمائندگیان حاصل تھین، لیکن درحقیقت اس نظام مین حکومت کی اصلی باگ امراء کے ہاتھ مین تھی اور اسی لئے سقلیہ کی یونانی تاریخ بھی امراء وعوام کی آویزشون سے خالی نہین ہے،

امراء وعوام کی آویزش

چنانچہ جب یونان مین امراء وعوام کی آویزش شروع ہوئی، اس کے تھوڑے ہی دنون کے بعد یہ فضا سقلیہ مین بھی پیدا ہوگئی، اور ۴۹۵ ق م مین عوام نے امرای سیراکیوز کے خلاف عام بغاوت برپا کردی، اور حصول امداد کے لئے ریاست سیراکیوز کی حریف سلطنت گیلا کے پاس پہنچے گیلا مین اسوقت ٹرنٹ فرمانروا تھا، اس نے موقع کو مغتنم سمجھا، اور کشت وخون کے بعد ریاست سیراکیوز پر قابض ہوگیا، اور اسی انقلاب حکومت کے ساتھ سقلیہ کی حکومتون مین عام انقلاب نظر آتا ہے،

صقلیہ مین مختلف یونانی جابر حکومتین

چنانچہ صقلیہ مین ۴۸۰ سے ۴۸۳ ق م کے درمیان مختلف جگہ جمہوری حکومتین مٹ مٹ کر جابرانہ حکومتین قائم ہوئین جنمین چار قابل الذکر جابر بادشاہ مختلف مقامات پر مسلط تھے۔ ریاست رگیوم کا حاکم اناکسی لاس ہمیرا کا ترملیوس، اور جنوب مین تھرن شاہ اکراگاس اور گلن شاہ سیراکیوز،

ریاست سیراکیوز کا تفوق،

ان سب مین گلن نے سب سے زیادہ فروغ حاصل کیا، اور صقلیہ کی عام یونانی آبادیون نے اسکی اطاعت قبول کرلی، اور جس نے سرکشی کی، فوجکشی سے فوراً اسکی گوشمالی کردی گئی، رفتہ رفتہ نہایت مستحکم بنیاد پر سیراکیوز کی ایک وسیع حکومت گلن کی بادشاہی مین قائم ہوگئی، اور اس نے اپنی وسعت و قوت مین اسقدر شہرت حاصل کی، کہ جب ۴۸۰ ق م مین ایرانیون نے یونان پر حملہ کیا ہے، اور یونان نے ریاست سیراکیوز سے استمداد کی ہے، تو وہ اس شرط پر آمادہ ہوا، کہ اس کو سارے یونانی بیڑون کا کمانڈر بنا دیا جائے، جس کو یونانی جمہوریت نے قبول کرنے سے انکار کردیا،

قرطاجنیون کا صقلیہ پر پہلا حملہ

اسی اثنا مین فینیقیون نے کارتھیجا (قرطاجنہ) مین اپنی بنیادین استوار کرلین، اور مقامات پر یونانیون اور قرطاجنیون مین لڑائیان شروع ہوگئین، رفتہ رفتہ جنگ کے یہ بادل ساحل صقلیہ پر منڈلا کر آئے، اور ایک اتفاقی واقعہ سے قرطاجنہ کا بیڑا ساحل صقلیہ پر آپہنچا،

حکومت ہائے صقلیہ کی باہمی آویزش، قرطاجنہ کی دخلت اور پسپائی،

وہ واقعہ یہ تھا کہ تھرن شاہ اکراگاس نے گلن کی امداد سے ترملیوس کو شہر ہمیرا سے نکال دیا، ترملیوس نے اہل قرطاجنہ سے مدد طلب کی، اور قرطاجنہ نے اپنی زبردست فوج صقلیہ مین اوتارنے کا موقع ملگیا، اور آتے ہی پنورمس (پلرم) پر قبضہ کرلیا، پنورمس ۴۸۰ ق م کا واقعہ ہے، اس کے بعد قرطاجنیون نے آگے قدم بڑھایا، اور شہر ہمیرا کا محاصرہ کرلیا، گلن شاہ سیراکیوز نے اپنی ۵ ہزار سوار اور پچاس ہزار پیادہ فوج کے ساتھ مقابلہ کیا، اور سخت خونریز لڑائیان پیش آئین

جنمین بالآخر قرطاجنہ کو شکست نصیب ہوئی، اور اسکی مٹڈھی دل فوج کا ایک بڑا حصہ ہمیرا کے میدان مین برباد ہوگیا، اور اسی مین قرطاجنہ کا نامی سپہ سالار ہملکار بھی کام آیا، اور بقیۃ السیف قرطاجنیون نے نہایت خاموشی سے افریقہ کی راہ لی، اسکے ساتھ حملہ آوری کی جرأت کرنے کی پاداش مین اسکو تاوان بھی ادا کرنا پڑا جس کے بنے ہوئے سکے عجائب خانہ مین آجتک محفوظ ہین،

گلن کے جانشین ہائرن کا عہد حکومت

گلن سرزمین صقلیہ سے قرطاجنیون کے نکالنے کے تین سال بعد خود اس دنیا سے چل بسا، اس کے بعد اس کا بھائی ہائرن اس کا بہترین جانشین ثابت ہوا، اس نے دس سال تک فرمانروائی کی، اور پوری مستعدی و ہوشیاری سے حکومت سیراکیوز کے ان تمام حدود کو قائم رکھا جنکی بنیاد گلن نے ڈالی تھی، علاوہ ازین جنوبی اٹلی مین بھی فتوحات حاصل کیے، اور اٹلی کا ایک حصہ صقلیہ کے ماتحت آیا،

گلن اور ہائرن کے عہد مین علمی ترقیان

گلن اور ہائرن کا عہد حکومت صقلیہ کا عہد زرین سمجھا جاتا ہے، بڑے بڑے باکمال یونانی شعرا اس عہد مین صقلیہ مین گذرے ہین، اور جابر بادشاہون کی شان مین ان کے قصائد آج تک مشہور ہین، اور اسی طرح اس عہد مین صقلیہ مین نمایان علمی ترقیان ہوئین،

ٹراسیوس جانشین ہائرن اور جابرانہ عہد حکومت کا خاتمہ

ہائرن نے ۲۱۷ ق م مین انتقال کیا، اسکے بعد اس کا کوئی بہتر جانشین نہ ملسکا، ایک نالائق عیش پسند، فرمانروا ٹراسیوس، اس کا جانشین ہوا، اس نے سریر آرائے حکومت ہوتے ہی صقلیہ کا نقشہ بدل دیا، اور ایسی سخت بغاوتین برپا ہوئین کہ خود تاج و تخت چھوڑ کر صقلیہ سے مفرور ہونے پر مجبور ہوا،

جمہوری نظام حکومت کا قیام

ٹراسیوس کے خارج البلد ہوتے ہی ملک مین طوائف الملوکی قائم ہوگئی، بالآخر ۴۶۱ ق م مین مختلف شہرون کے اصحاب حل وعقد جمع ہوئے، اور ایک دستور اساسی مرتب کیا، اور ملک مین دوبارہ منظم حکومت کا دار دورہ ہوا،

صقلیہ کی یونانی حکومتون مین خانہ جنگی

اس دورِ انقلاب مین ایک جدید شہر جرجنٹی نے بھی تفوق حاصل کرلیا، اور رفتہ رفتہ اس نے اس قدر ترقی حاصل کی کہ صقلیہ مین سیراکیوز کے بعد دوسرے درجہ کی ریاست قائم ہوگئی، آگے چل کر ان دونون ممتاز حکومتون سیراکیوز اور جرجنٹی مین آویزش ہوگئی، اور ایک سخت مقابلہ کے بعد جرجنٹی سیراکیوز کا مفتوح ہوگیا، اور اس کے ساتھ دوسرے ممتاز شہر سیلینونٹیوز، لیونٹینو، اور کٹانیا کو بھی سیراکیوز نے زیر کرلیا،

ایتھنز و سسلی کے محاربات

صقلیہ کی تاریخ مین یونانیون کی اس خانہ جنگی کے بعد سے ایک دوسرے باب کا آغاز ہوتا ہے یعنی مفتوح شہرون نے یونان جاکر سیراکیوز کے خلاف اپنے اصل یونانی قبائل ایتھنز والون سے استمداد کی، اور صقلیہ کی تاریخ مین ایتھنز اور سسلی کی جنگ کا آغاز ہوگیا،

ایتھنز اور سسلی کے محاربات ایک طویل داستان رکھتے ہین، جو ہمارے لئے لاطائل ہین، اس جنگ کا آغاز ۴۲۷ ق م سے سرزمین صقلیہ مین ہوتا ہے، یعنی اسی سال لیونٹینو نے سیراکیوز کے خلاف ایتھنز سے امداد چاہی، فن خطابت کا مشہور معلم گرجیاس سفیر بن کر ایتھنز پہنچا، ایتھنز صقلیہ کے خلاف خود پہلے سے تیار تھا، چنانچہ لاکیس کی کمان مین ایک عظیم الشان فوج صقلیہ روانہ ہوئی، یہان ایتھنز والون نے ابتداءً نمایان کامیابی حاصل کی، اور ایتھنز سے متعدد مہون کے آنے کے بعد ایتھنز والے حکومتِ سیراکیوز پر قابض ہوگئے، لیکن یہ غیر ملکی حکومت زیادہ دنون تک قائم نہین رہ سکی، چند ہی سال مین بغاوتین برپا ہوگئین، نہایت خون ریز لڑائیان پیش آئین، اور بالآخر اہالیان سیراکیوز فتحیاب ہوئے، اور ۱۱ ستمبر ۴۱۳ ق م مین ایتھنز کا حرمان نصیب بیڑا صقلیہ سے واپس چلا گیا، اور اس ہزیمت کے سلسلہ مین ایتھنز کو بہت کچھ مصائب برداشت کرنے پڑے، بلکہ اگر تاریخ کا سلسلۂ علت و معلول صحیح ہے، تو یہی ہزیمت شہرۂ آفاق حکومتِ ایتھنز کی بربادی کا موجب بنی،

ہرموکراٹیس اور ڈایوکلیس

صقلیہ مین ایتھنز کے زوال کے بعد پھر وہی جمہوری نظام حکومت قایم ہوا، اس عہد مین سیراکیوز کے ایک ممتاز ہیرو ہرموکراٹیس نے نام پیدا کیا، لیکن وہ ایک موقع پر اسپارٹہ کی مدد کے لئے وطن سے باہر گیا ہوا تھا، کہ اس کے حریف ڈایوکلیس نے موقع پاکر اس کے خلاف شورش برپا کی، اور سیراکیوز کا نظام حکومت اپنے ہاتھ مین لے لیا، اور ہرموکراٹیس کے لئے جلاوطنی کا حکم صادر ہوگیا،

قرطاجنیون کی صقلیہ مین دوسری آمد اور قحمندیان

پھر اسی زمانہ سے صقلیہ کی قدیم تاریخ مین ایک اور نیا باب کھلتا ہے جو اپنی خوفناک داستانون اور خون ریز لڑائیون کے لحاظ سے پہلے تمام ابواب سے زیادہ ہیبت ناک ہے، یہ اہل قرطاجنہ اور صقلیہ کی سرزمین صقلیہ کے لئے معرکہ آرائیان تھین اس کے آغاز کا افسانہ یہ ہے کہ ۴۱۰ ق م مین سگستا اور سلینوس کی ریاستون مین باہمی خون ریزیان ہوئین، اور سگستا نے اہل قرطاجنہ سے فریاد کی، قرطاجنہ کو ۴۸۰ کی ذلت آمیز ہزیمت یاد تھی، اس کو ایک زمانہ کے بعد انتقام کا موقع ملا، اس لئے قرطاجنہ کے مشہور رہبر وہنی بال نے سگستا کی امداد کا فیصلہ کیا، یہ ہنی بال اسی شہید صقلیہ سپہ سالار ہملکار کا پوتا تھا، فوج کی کمان خود اپنے ہاتھ مین لی، اور ۴۰۹ ق م مین قرطاجنہ کے جہاز ساحل صقلیہ پر لنگر انداز ہوگئے،

ہنی بال کے کارنامے.

ہنی بال سب سے پہلے سلینوس پہنچا، اور اس کو فتح کرکے ہیمیرا کا رخ کیا، جہان کی سرزمین اس کے دادا ہملکار کے خون کے چھینٹون سے رنگین ہوچکی تھی ڈایوکلیس کے ماتحت سیراکیوز سے بھی فوج آگئی اور یونانیون نے اس مرتبہ بھی سخت مقابلہ کیا لیکن ہنی بال کا علم سرنگون نہ ہوسکا، اور ہیمیرا بھی ہنی بال کے زیر نگین ہوگیا،

عہد قرطاجنہ مین صقلیہ کی ترقیان،

اس کے بعد مختلف زمانون مین مختلف مہمین قرطاجنہ سے ہنی بال

کی سرکردگی مین آتی رہین، اور رفتہ رفتہ اہل قرطاجنہ نے صقلیہ مین اپنی حکومت کی داغ بیل ڈال دی، اور پھر صقلیہ کا ایک وسیع رقبہ حکومت قرطاجنہ کے ماتحت آگیا، اور صقلیہ کی قدیم تاریخ مین اس کا درخشان عہد خصوصاً تمدنی ترقیون، ترویج علوم و آداب، صنعت و حرفت اور تجارت کے لحاظ سے نہایت امتیازی خصوصیات رکھتا ہے،

ڈایونی سیس

صقلیہ مین قرطاجنہ کی حکومت کے قیام کے بعد یونانیون مین سے ڈایونی سیس نے اقتدار حاصل کیا، اور اس کے اور حکومت قرطاجنہ کے درمیان نہایت اہم محاربات پیش آئے جن کی طویل تو تہ پیچان داستانون سے تاریخ کے بہت سے اوراق رنگین ہین، ان محاربات مین کبھی اہل قرطاجنہ کو شکست ہوتی، اور کبھی اہل سرکیوز کو، لیکن دونون حکومتون کی بنیادین اسقدر استوار تھین کہ ان مین سے کسی کے ہلائے کوئی حکومت اپنی جگہ سے نہین ہل سکی،

ڈایونی سیس دوم، وزیر اعظم ڈیون

ڈایونی سیس کے بعد اس کا لڑکا ڈایونی سیس ثانی تخت نشین ہوا، اور اسی کے عہد مین وزیر اعظم ڈیون نے اقتدار حاصل کیا، اور مشہور یونانی حکیم افلاطون کو صقلیہ بلا کر اس کے تیار کردہ دستور حکومت ریپبلک (جمہوریت افلاطون) کو سب سے پہلی مرتبہ صقلیہ مین نافذ کرنا چاہا، لیکن کامیاب نہ ہوسکا، اور اسی جرم مین جلاوطن کیا گیا، پھر مختلف رد و بدل کے بعد یونانی صقلیہ مین ٹیمولین پیدا ہوا، اور یونانی صقلیہ کو شخصی حکومت سے نجات دلائی اور پھر خود کمال شرافت کے ساتھ سیاسیات سے کنارہ کش ہوگیا، یہ واقعات ۳۳۹ ق م تک پیش آئے،

قرطاجنیون اور یونانیون کی آویزش اور جمہوریت رومکی مداخلت

اس اثنا مین یونانیون اور قرطاجنیون مین بھی خوب خوب معرکہ آرائیان ہوتی رہین، اور یہ دونون طاقتین اسی طرح نبرد آزما تھین، کہ ایک تیسری طاقت نے صقلیہ کی باہمی لڑائیون سے فائدہ اٹھانا چاہا، یہ جزیرہ نمائے اٹلی کی جمہوری حکومت روما تھی، جس نے اٹلی مین ۵۰۹ ق م مین جمہوری حکومت کی تشکیل کی تھی، اور اس عرصہ مین اٹلی کا چپہ چپہ اس

حکومت کی فرمانروائی مین داخل ہوچکا تھا، اب اسکو اٹلی سے باہر قدم نکالنے کی فکر تھی کہ سرزمین صقلیہ نے خود دعوت پیش کردی،[1]

رومی بیڑے ساحل صقلیہ پر

حکومتِ قرطاجنہ صقلیہ نے اپنے محاربات مین جنکا تذکرہ ابھی گذرا ہے، یونانی نوآبادی مسینا پر قبضہ کرلیا تھا، اہلِ مسینا قرطاجنی ویونانی دونون حکومتون سے نالان تھے اس لئے عاجز آکر رومیون سے مدد طلب کی جمہوریت روما موقع کی منتظر تھی، جزیرہ نمائے اٹلی سے اسقدر قریب رومی نوآبادی اور کمان قائم ہوسکتی تھی، اہلِ مسینا کی دعوت فوراً قبول کرلی گئی، اور ۲۶۵ ق م مین رومی بیڑے بندرگاہ مسینا پر لنگرانداز ہوگئے،

یونانی وقرطاجنی حکومتون مین اتحاد،

جب یونانی وقرطاجنی حکومتون نے اس تیسری طاقت کا مظاہرہ دیکھا تو باہمی اتحاد وہمجہتی کی تلاش ہوئی، اور بغیر کسی وقت کے ان دونون متحارب حکومتون نے اس تیسری طاقت کے خلاف باہم رشتۂ اتحاد قائم کرلیا، لیکن رومیون نے نہایت ہوشیاری سے تفرقہ پردازی کی کوشش شروع کردی جس مین وہ کامیاب ہوئے، اور ہیرون ثانی فرمانروائے سیراکیوز نے حکومتِ قرطاجنہ صقلیہ سے بدعہدی کی، اور سمندر مین رومیون کے مقابلہ مین صرف حکومت قرطاجنہ کے جنگی بیڑے باقی رہ گئے،

قرطاجنہ وروما کی معرکہ آرائیان

حکومتِ قرطاجنہ کی بحری طاقت اس کے لئے مایۂ صد ناز وافتخار تھی، اس نے نہایت دلیری سے رومیون کا مقابلہ شروع کردیا، اب یہ جنگ صرف صقلیہ کی نہین، بلکہ رومی

---

[1] یونانی عہد تک کے حالات تاریخ یونان (ہسٹری آف گریس) بیوری مترجمہ سید ہاشمی فریدآبادی مطبوعہ ۱۹۱۹ء حیدرآباد صفحات از ۸۰ تا ۹۹ و ۲۹۱ تا ۲۹۷ و ۲۶۵ تا ۲۶۱ و ۴۳۶ تا ۴۵۴ و ۵۴۷ تا ۵۷۶، و تاریخ یونان اڈولف ہولم مترجمہ محمد ہارون خان شروانی مطبوعہ ۱۹۲۳ حیدرآباد ج اول ص ۴۷۶ تا ۴۹۱ و جلد ۲ ص ۳۵۸ تا ۴۲۵ و ۴۷۵ تا ۴۸۵ و انسائیکلوپیڈیا طبع یازدہم ج ۲۵ (سسلی) وغیرہ سے ماخوذ ہین،

قرطاجنی حکومتوں کی جنگ تھی، حکومت قرطاجنہ تمام سواحل بحر روم پر متصرف تھی، اور بحر روم کے چھوٹے بڑے تمام جزیرے اسی کے قبضہ و اقتدار مین تھے،

چنانچہ جمہوریت روما، اور حکومت قرطاجنہ (افریقہ) کی سب سے پہلی معرکہ آرائی جزیرہ سردانیہ مین ہوئی قرطاجنہ کے آفتاب اقبال کے جو تمام صفحۂ عالم کو منور کر چکا تھا، غروب کا وقت آیا تھا، رفتہ رفتہ دولت قرطاجنہ کو زوال آنے لگا، چنانچہ رومیون نے سب سے پہلے سردانیہ پر اپنے پرچم لہرائے، پھر دوسرے جزیرون کی باری آئی اور کورسیکا وغیرہ روی حلقۂ اطاعت مین داخل ہوگئے،

حکومت قرطاجنہ و روما کے محاربات بھی اپنی طویل داستانین رکھتے ہین، اور انھی سے تاریخ عالم مین ایک نئے دور کا آغاز ہوتا ہے اور اب عہد قدیم کا صفحہ ختم ہو کر قرون وسطی کا زمانہ آتا ہے جسکی تفسیر صرف دو لفظون "زوال قرطاجنہ" اور "عروج روما" مین کیجا سکتی ہے،

قرطاجنہ کی شکست اور مقبوضات صقلیہ سے دستبرداری

آخر قرطاجنہ نے روما کے مقابلہ مین سپر ڈال دی، معاہدہ صلح منعقد ہوا، بحر روم کے زریخیز جزائر سردانیہ، کورسیکا، اور صقلیہ قرطاجنہ سے نکلکر جمہوریت روما کے صوبے قرار پائے، حکومت قرطاجنہ نے معاہدہ ٹسلن ہیرون ثانی فرمانروائے سیراکیوز کو سیراکیوز کا جائز فرمانروا تسلیم کیا، اور ان دست برداریون کے صلہ مین جمہوریت روما نے قرطاجنہ کے دیگر مقبوضات سے تعارض نہ کرنے کا عہد کیا، اور اس طرح صقلیہ مین حکومت قرطاجنہ کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہوگیا، یہ واقعات ۲۶۲ سنہ ق م سے ۲۴۱ سنہ ق م تک پیش آئے،

صقلیہ بطور جمہوریت روما کے ایک صوبہ کے

جمہوریت روما نے سردانیہ و کورسیکا کو ایک صوبہ اور صقلیہ کو ایک جداگانہ صوبہ قرار دیا، یہ صوبے جمہوریت روما کے سب سے پہلے صوبے تھے، صوبہ کا انتظام ایک ایک گورنر کے متعلق کیا گیا، جو اپنے تمام احکام مین خود مختار اور تمام باشندگان ملک کا حاکم مطلق تھا، البتہ رومن نژاد باشندون کے حقوق اس کے دسترس سے بالاتر رکھے گئے،

ریاست سیراکیوز کا خاتمہ اور پورے جزیرہ پر رومی تسلط

ہیرون ثانی فرمانروائے سیراکیوز ۲۱۵ سنہ ق م میں انتقال کر گیا، اسکے بعد سیراکیوز کی حکومت سنبھالنے کے لئے اس کا کوئی بہتر جانشین ثابت نہیں ہوا، حکومت جمہوریت روما نے اس موقع کو مغتنم سمجھا، اور قنصل صقلیہ مرسلوس کو ہدایت کی، کہ حکومت سیراکیوز پر قابض ہو کر اسکی مطلق العنانی کا خاتمہ کردے، چنانچہ ۲۱۲ سنہ ق م میں سیراکیوز بھی ولایت روما صقلیہ میں داخل ہو گیا، اور اسی کے ساتھ پورا جزیرہ صقلیہ بلا شرکت غیرے رومی قبضہ و اقتدار میں آ گیا، اور پورا جزیرہ رومی حکومت کا ایک صوبہ قرار پایا، جو رومی گورنر قنصل کے ماتحت تھا،

صقلیہ کا رومی نظم و نسق

حکومت روما نے صقلیہ کا باقاعدہ انتظام شروع کیا، اور یہاں کی اہم خصوصیت یہ رہی کہ مختلف مقامات پر حقوق و امتیازات سے مختلف طرز حکومت اختیار کیا گیا اگرچہ صقلیہ کی خود مختار حکومت کا خاتمہ ہو چکا تھا، لیکن جمہوریت روما کے سینیٹ ارکان سینیٹ، کی باہمی مراعات سے صقلیہ کے رومی گورنر جو پروقونصل یا پروپکٹر کہے جاتے تھے، ایک مطلق العنان فرمانروا کی طرح کم رتبہ نہ تھے، اور صقلیہ کی تاریخ میں ان کے مظالم کی دردناک داستانیں ثبت ہیں،

صقلیہ کے مختلف شہروں کو جو حقوق و امتیازات ملے، ان حیثیات سے بعض شہر جمہوریت روما سے دوستانہ تعلقات رکھنے لگے، چنانچہ ہیرون ثانی کی حکومت کے اکثر شہر اسی حیثیت کے تھے، چند شہر ایسے بھی تھے، جو رومیوں کو خراج نہیں دیتے تھے، اور بقیہ شہر ایک باج گذار مفتوح شہر کی حیثیت میں تھے،

صقلیہ کا غلہ

جمہوریت روما میں صقلیہ کی اقتصادی حیثیت بھی قابل ذکر ہے، صقلیہ غلہ کا کھیت کہا جاتا ہے، کسان مالگذاری میں غلہ دیا کرتے تھے، اور اب بھی وہ غلہ ہی نذر کرتے تھے لیکن جمہوریت روما کے قبضہ سے پہلے صقلیہ کا غلہ صقلیہ ہی میں رہتا تھا، اب صقلیہ کا غلہ اٹلی کو جانے لگا تھا،

زوال قرطاجنہ میں صقلیہ کی شرکت

رفتہ رفتہ صقلیہ نے رومائی لڑائیوں میں مساویانہ حصہ لینا شروع کیا، ۱۴۶ ق م میں کارتھیجا یعنی قرطاجنہ کا تختہ الٹ دیا گیا، اس میں اہل صقلیہ بھی شریک تھے

اس مین صقلیہ کو جو کچھ نفع پہنچا، صرف یہ تھا کہ صقلیہ کی وہ تمام چیزین جو اہل قرطاجنہ افریقہ اوٹھالے گئے تھے، اہل صقلیہ کو واپس مل گئین،

صقلیہ مین انحطاط اور بغاوتون کا آغاز

اس کے بعد رفتہ رفتہ صقلیہ مین انحطاط شروع ہوا، اس کے شہرون کی قدیم عظمت باقی نہین رہی، صقلیہ کا غلہ زیادہ سے زیادہ مقدار مین اٹلی کھینچا جانے لگا اور یہی اسباب ایسے جمع ہوگئے، کہ حکومت روما کو منظم بغاوتون کا سامنا کرنا پڑا، روما کے خلاف یہ بغاوت برپا کرنے والی جماعت غلامون کی تھی، کیونکہ یہی وہ قوم تھی جو صقلیہ مین سب سے زیادہ غلہ پیدا کرتی تھی، اور یہی وہ قوم تھی جو صقلیہ مین سب سے زیادہ رومیون کے مظالم کا شکار تھی،

غلامون کی پہلی بغاوت

غلامون کی پہلی بغاوت ۱۳۴ ق م مین برپا ہوئی، ان کا لیڈر ایک شامی یونیس نامی تھا، اس کے جھنڈے کے نیچے ۶ ہزار فوج جمع ہوگئی، اس نے اپنا نام انٹی کیورز رکھا اور ہناقصر تاؤرمینا کو دارالحکومت قرار دیکر اپنی حکومت قائم کرلی، حکومت روما نے منظم طریقہ سے بغاوت فرو کرنا شروع کیا، یہان تک کہ آخر مین صرف ہناقبضہ مین رہ گیا، آخر ۱۳۲ ق م مین رپبلیس نے اسکو بھی مغلوب کرلیا، اور وہی یہان کا گورنر مقرر ہوا، ۱۳۱ ق م مین چند قواعد واحکام منضبط کئے، جس سے کچھ دنون تک امن وامان قائم رہا،

غلامون کی دوسری بغاوت

لیکن اس کے قوانین غلامون کی تمام شکایتون کے سدباب کرنے مین کامیاب نہین ہوئے، اور بالآخر دوسری بغاوت اٹھ کھڑی ہوئی، جو ۱۰۰ ق م سے شروع ہوئی اور بالآخر ۹۹ ق م مین فرو ہوگئی،

بغاوتون کا نتیجہ

صقلیہ کی تاریخ مین غلامون کی ان بغاوتون کو نہایت اہم حیثیت حاصل ہی، اور اون کے نہایت تفصیلی واقعات ہین، حکومت روما نے بالآخر غلامی کو قطعاً مسدود کردیا، اور تمام غلامون کو آزاد کرکے رومی حقوق عطا کردئے گئے، لیکن غلامون کے آقاؤن نے گورنرون کو رشوت

ڈیکریسنٹ کے احکام کو نافذ نہ ہونے دیا، غلامون کی اس بغاوت کا خاتمہ نہایت دردناک طریقہ پر انجام پایا تھا یعنی بغاوت کے استیصال کے بعد ایمفی تھیٹر قائم کیا گیا، اور خونخوار حکام نے اسٹیج پر درندون اور غلامون کی کشمکش کا نظارہ کرنا چاہا لیکن غلامون نے ان ہولناک منصوبون کو سنکر قید خانہ مین آپس ہی مین ایک دوسرے کو مار ڈالا،

روما کی خانہ جنگیون مین صقلیہ کی حیثیت اور صقلیہ کے گورنرون کے دردناک مظالم

اس کے بعد روما مین خانہ جنگی (سول وار) شروع ہوگئی، اور صقلیہ مختلف مفروارین کی بہترین جاے پناہ ثابت ہوا، اور اسی سلسلہ مین یہان کی سیاسیات کی گتھی بھی الجھ گئی، اور گورنرون کے مظالم نہایت دردناک طریقون سے شروع ہوگئے اور ۸۲ ق م سے ۷۵ ق م تک گورنر اپنے مظالم برپا کرتے رہے، سینٹ کا ممتاز رکن سسرو سینٹ مین صقلیہ کی حمایت مین آواز بلند کرتا ہے لیکن وہ صدا بصحرا ثابت ہوتی ہی ۷۴ ق م مین ایک یکنام گورنر آتا ہی لیکن ۷۳ ق م سے پھر مظالم کا دور شروع ہوجاتا ہے، گایس ویرس مسلسل تین سال تک گورنری کے عہدہ پر فائز رہا، اور ایسے ناقابل بیان مظالم کئے کہ پوری سرزمین صقلیہ تھرا اوٹھی،

جمہوریت روما سے علحدگی

جب جمہوریت روما کے خاتمہ کے بعد رومن شہنشاہی مین سیزر کے عہد سے روما کی سول وار (خانہ جنگی) کا آغاز ہوا تو اس مین صقلیہ کو آگے چلکر اگسٹس سیزر کے عہد مین نمایان حصہ لینا پڑا، سکسٹس نے اگسٹس کے خلاف جو علم بلند کیا تھا، اس مین وہ ۳۶ ق م مین صقلیہ آکر کامیاب ہوا، اور ۷ برس تک صقلیہ ایک مستقل حکومت کا پایۂ تخت رہا، جو کہ اٹلی اور رومن طاقت سے جنگ آزما تھی،

ان سات برسون مین مختلف واقعات پیش آئے جب صقلیہ کا غلہ روما کیلئے بند ہوگیا، تو اہل روما نے اگسٹس سیزر کو صلح پر مجبور کرنا شروع کیا، اور صلح کے بعد سکسٹس کی حکومت صقلیہ مین تسلیم کرلی گئی، لیکن جنگ نے اپنے ہتھیار نہین رکھے اور مختلف بہانون سے پھر معرکۂ کارزار گرم ہوگیا، کبھی سیزر کو شکست ہوئی اور کبھی سکسٹس کسی دوسرے دعویدار حکومت کے مقابلہ مین کامیاب ہوا، سکسٹس کو اگرچہ شاہ نپچون

کی رفاقت حاصل تھی، اور وہ ڈیوی نیچون کی نسل سے اپنے کو بتا رہا تھا، لیکن نیچون نے اس کے ساتھ غداری کی، اور ۳۶ ق م مین صقلیہ کی حکومت سکسٹس کے ہاتھ سے نکل کر اگسٹس سیزر کے قبضہ مین آگئی، اور ۳۵ ق م مین سکسٹس کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ ہوگیا، اور اسکے ساتھ صقلیہ مین نیچون کی پرستش کا بھی خاتمہ ہوگیا،

صقلیہ، رومن امپائر کا ایک صوبہ،

اس کے بعد صقلیہ پھر ایک رومن امپائر کا ایک معمولی صوبہ بن گیا، اور باشندون کے وہی حقوق و امتیاز اور اس مین وہی اوتار چڑھاؤ کے قصے پیش آئے یہان تک کہ ۴۲۷ء مین جب رومانے مصر فتح کرلیا، تو مصر کے غلہ کی فراوانی نے صقلیہ کی عظمت و رفعت کو نقصان پہنچایا اور اب رومن امپائر کا کھیت صقلیہ کے بجائے مصر قرار پاگیا،

اور اسی کے ساتھ ہی رومن شہنشاہی مین زوال آنا شروع ہوگیا، پھر ۳۳۰ء مین شہنشاہ قسطنطین نے مذہب عیسوی قبول کیا، اور رومن شہنشاہی مین نئے سرے سے جان آگئی جس کے اثرات صقلیہ مین بھی ظاہر ہوئے،

غلامون کی تیسری بغاوت

اس کے بعد کے واقعات کچھ زیادہ اہمیت نہین رکھتے، البتہ ۲۶۰ء سے ۲۶۶ء تک صقلیہ مین غلامون کی تیسری جنگ خاص طور پر قابل ذکر ہے، جو علمبردارانِ مسیحیت کے خلاف غلامون نے انہی مظالم کے باعث برپا کی تھی، لیکن وہ پھر زیر کرلئے گئے،

صقلیہ مین ایک نئے دور کی ابتدائی علامتین

اس کے بعد شہنشاہ پروبس (۲۷۶ء - ۲۸۲ء) کے عہد مین صقلیہ مین ایک نئے دور کے آغاز کی ابتدائی علامتین ظاہر ہوتی ہین یعنی یورپ کی باربیرین قومین جو آگے چلکر رومن شہنشاہی کو برباد کرنے والی ہین صقلیہ پر حملہ آور ہوتی ہین، اور لوٹ مار کر چلی جاتی ہین، باربیرین مین سے پہلا حملہ آور سیتہ ٹرنیکس کا تھا، جو دراصل شمال جرمنی و شمال فرانس کے باشندے تھے،

رومن امپائر کا انقسام اور صقلیہ کا تعلق مملکت غربیہ رومہ سے

شہنشاہ تھیوڈوسیس نے ۳۷۹ء مین رومن امپائر کو دو حصون مین منقسم کردیا،

ایک مملکت شرقیہ تھی، اس کا پایہ تخت قسطنطنیہ قرار پایا، اور بیزنطی حکومت کے نام سے موسوم ہے، اور دوسری مملکت غربیہ تھی، جس کا پایہ تخت روما رہا، اور تھیوڈوشیش کے دولڑکے دونون ممالک کے عنانگیر رہے اور صقلیہ مملکت غربیہ کا ایک حصہ رہا،

ازمنۂ مظلمہ کی ابتدا اور مملکت غربیہ روما کا خاتمہ

پھر مملکت غربیہ روما پر بابیرین قومون کے بادل منڈلائے، اور اس زور شور سے آئی، کہ حکومت ٹکڑون ٹکڑون مین تقسیم ہوگئی، اور بالآخر فرمانروائے روما ایک شہنشاہ ہونے کے بجائے ایک مقدس پوپ بن کر رہ گیا، اور ۴۷۶ء مین حکومت کا سلسلہ کیلئے خاتمہ ہوگیا،

یورپ کی تاریخ مین یہ دور ازمنۂ مظلمہ سے تعبیر کیا جاتا ہے جب مغربی حکومت روما کے ٹکڑے ٹکڑے الگ ہوکر مختلف ممالک انگلینڈ، فرانس، جرمنی اور اٹلی وغیرہ مین مختلف قومون نے اپنی اپنی حکومت قائم کرلی، اسی طرح صقلیہ کی سرزمین بھی انھی نئے فاتحون کے دست ظلم مین پہنچ گئی، اور ایسے المناک دور کا آغاز ہوا کہ جس کی نظیر تاریخ مین مشکل سے پیش کیجاتی ہے،

ازمنۂ مظلمہ مین صقلیہ مختلف حملہ آور قومون

اسی دور انقلاب یعنی ازمنۂ مظلمہ مین صقلیہ پر مختلف بابیرین قومون نے مختلف زمانون مین حملہ آور ہوئین، اور اپنی آزاد حکومتین قائم کین، صقلیہ پر تین مقامات اٹلی افریقہ، اور جزائر بحر روم کی طرف سے حملے کئے گئے، اسکو سب سے پہلے وہ کی اٹلی کی طرف سے دیگئی، یہ حملہ معمولی تھا، حملہ آور گال (گاتھک فرانس کے رہنے والے) تھے، مغربی گال کے فرمانروا الیدک نے روم پر ۴۱۰ء مین قبضہ کرنے کے بعد صقلیہ اور افریقہ پر حملہ کرنا چاہا، لیکن اس کی وفات کے باعث گاتھ کو صقلیہ مین قدم جمانے کا موقع نہ ملسکا، کیونکہ دراصل ٹیوٹانکس اس کے مالک بننے والے تھے،

وندل قوم کے شاہ گیسرک نے ۴۲۹ء مین افریقہ مین ٹیوٹانکس حکومت قائم کرلی، اور صقلیہ

پر بھی قبضہ کرلیا لیکن اپنے آخری دورِ حکومت یعنی ۴۷۶ء مین صقلیہ خراج کی شرط پر شاہِ روما کو دیدیا گیا، روما مین اس وقت اوڈواکر فرمانروائی کررہا تھا، شہنشاہِ قسطنطنیہ نے باضابطہ اسکی حکومت تسلیم کرلی تھی، اور برائے نام خطاب عطا کیا تھا، اس مناسبت سے صقلیہ پھر بھی رومن امپائر کا ٹکڑا رہ گیا اگرچہ اصل فرمانروا تیوڈانکس ہی تھے،

پھر اوڈواکر کی جگہ مشرقی گاتھک شاہ تھیوڈورک ۴۹۳ء مین آیا، اور صقلیہ بھی اسی کے قبضہ مین رہا لیکن صقلیہ کا غلہ روما کے بجائے گال جانے لگا، اور صقلیہ گاتھک حکومت کا ایک جزو بنگیا جس کے آثار اب تک صقلیہ مین موجود ہین،

مملکت شرقیہ رومہ (حکومت بیزنطی) کی کروٹ، اور صقلیہ کی طرف بیزنطی بڑھا

کچھ دنون کے بعد شہنشاہ جسٹینین کے عہد مین مشرقی رومن امپائر (بیزنطی) نے کروٹ لی، اور کھوئے ہوئے اقتدار کو حاصل کرنا چاہا چنانچہ سپہ سالار بیلیسیرس کی کمان مین ۵۳۳ء مین بیزنطی لشکر سب سے پہلے سسلی آیا اور ابتدائی فتوحات کے بعد افریقہ پر فوج کشی کی گئی، جب افریقہ بیزنطی علم کے نیچے آگیا، تو بیلیسیرس نے سسلی کا دوبارہ رُخ کیا اور ۵۳۵ء مین سسلی کے گاتھک فرمانروا ئون سے معرکہ آرائی شروع ہوگئی،

صقلیہ حکومت بیزنطی کا ایک صوبہ

لیکن بیزنطی لشکر کو کچھ زیادہ جدوجہد نہین کرنی پڑی، اہل صقلیہ اپنے موجودہ فرمانروا قوم سے پہلے سے عاجز تھے، اسلئے صقلیہ کے تمام شہرون نے اپنے دروازے کھولدیے البتہ پلرمو نے مقابلہ کیا، لیکن چھ مہینہ سے زیادہ محاصرہ کی ضرورت پیش نہین آئی، چنانچہ ایک سال کے ختم ہونے سے پہلے پہلے پورا صقلیہ بیزنطی حکومت کے زیر اقتدار تھا، دوسرے سال بیلیسیرس اٹلی روانہ ہوا اور پورے اٹلی پر بھی اس نے اقتدار حاصل کرلیا لیکن گاتھ اس آسانی سے ان مقبوضات سے دستبردار نہین ہوسکتے تھے، ۵۴۹ء اور ۵۵۰ء مین شاہ ٹوٹیلا نے صقلیہ پر آخری حملہ کیا، اور گو اہم شہرون مین سے کسی پر اقتدار حاصل نہ کرسکا، مگر پورے جزیرہ کو برباد کرڈالا، اور چار مقامات پر اپنی فوجین چھوڑ کر یہان سے واپس

چلا گیا، یہانتک کہ ۸۵۱ء مین گاتھک آخری مرتبہ اس جزیرہ سے نکالے گئے، اور پورا جزیرہ حکومت بیزنطی کا ایک اہم صوبہ قرار پا گیا جس کا دارالحکومت قسطنطنیہ تھا، اور صقلیہ کا گورنر رومن ایمپائر کا سب سے بڑا عہدہ دار سمجھا جاتا تھا،

صقلیہ کا مذہبی حیثیت سے قسطنطنیہ کے ماتحت بننا

پھر آٹھوین صدی مین صقلیہ مین ایک اہم انقلاب پیش آیا یعنی جب روما کے پاپ لیون نے شہنشاہ لیو قسطنطنیہ کی مخالفت مورتیون کے بارے مین کی، تو صقلیہ نے اپنے شہنشاہ کا ساتھ دیا، اور وہ مذہبی حیثیت سے بھی قسطنطنیہ کے گرجا کے ماتحت ہو گیا، اور اسکی وجہ سے صقلیہ ایک مرتبہ پھر پورے طور پر یونانی دنیا سے ملا دیا گیا، کیونکہ حکومت بیزنطی قسطنطنیہ تمام تر یونانی روایات و آثار پر قائم تھی،

جنوبی اٹلی کی مختلف حکومتین

اور آخر اسی مذہبی جنگ کی بنا پر قدیم روما سے شہنشاہ قسطنطنیہ کی عملی حکومت قطعاً اٹھ گئی، اور ۸۰۰ء مین ایمپائر کے اسوقت پھر ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے جب فرینکس کے شاہ چارس دی گریٹ کو شہنشاہیت کا تاج پہنا دیا گیا، اور اسی کے ساتھ اٹلی کا ایک بڑا حصہ قسطنطنیہ سے الگ کر لیا گیا اور ان پر لمبارڈ نے اپنا اقتدار جما لیا،

اگرچہ اب اٹلی مین متعدد حکومتین قائم ہو گئین، لیکن ان مین سے کسی نے بھی صقلیہ کا رخ نہین کیا، اور جنوبی اٹلی کا ایک حصہ اب بھی حکومت بیزنطی کے پاس یادگار باقی رہ گیا،

عرب و روم کی جنگ کا آغاز اور شہنشاہ قسطین دوم کی صقلیہ مین آمد اور صقلیہ کی بغاوت،

صقلیہ اسی طرح حکومت بیزنطی کے ماتحت تھا، کہ عرب و روم کی جنگ کا آغاز ہو گیا، اور اسی سلسلہ مین ۶۶۵ء مین شہنشاہ قسطین دوم صقلیہ آیا، اور ۶۶۸ء مین غسلخانہ مین قتل کر دیا گیا،

اسکی وفات کے بعد اہل صقلیہ نے مزیٹیس کو صقلیہ کا بادشاہ بنایا لیکن دوسرے سال قسطنطین کا لڑکا قسطنطین چہارم (صاحب اللحیہ) صقلیہ آیا، اور مزیٹیس کو مغلوب کر کے سارے جزیرے پر قبضہ کر لیا،

صقلیہ پر عربون کے حملے

یہی زمانہ ہے جبمین صقلیہ پر عربون کے حملے شروع ہوجاتے ہین جن کا آغاز اگرچہ ساتوین صدی سے شروع ہوگیا تھا لیکن نوین صدی مین یہ حملے بڑے پیمانہ پر ہونے لگے، اور دسوین صدی کے اختتام سے پہلے پہلے عرب سارے جزیرے کے مالک بن گئے،

صقلیہ کی قدیم تاریخ مین فریمان کے اختتامی جملے

مسٹر فریمان سسلی کی قدیم تاریخ کو ختم کرتے ہوئے آخری پیرا ان الفاظ مین لکھتے ہین:-

"مسلمانون کی آمد سے سسلی کا ایک نیا دور شروع ہوتا ہے، آہستہ آہستہ یہ رومن ایمپائر سے بالکل الگ کرلیا گیا، اور اسکے ساتھ یورپ اور مسیحیت سے بھی،..... "

اور اسی کے ساتھ قدیم جنگ یورپ و افریقہ یعنی یونانیون اور سامیون کے درمیان شروع ہوگئی، اور اس مرتبہ پہلے سے زیادہ تیز تھی،.....

مسلمانون کی آمد سے اس جزیرہ کی تاریخ خود اپنی تاریخ بنکر شروع ہوتی ہے، اور یہ ایک نہایت طویل اور لمبی تاریخ ہے جو کسی دوسری جلد مین بیان کی جائیگی[1]

مسٹر فریمان کی یہ دوسری جلد عالم وجود مین نہ آسکی، اور آج یہی فریضہ یہ درماندہ قلم ادا کرنے بیٹھا ہے اس لئے سسلی کی یہ ابتدائی اور قدیم سرگذشت سننے کے بعد صقلیہ مین عربون کے کارنامہ کا مرقع دیکھئے،

---

[1] عہد روما کے آغاز سے حکومت بزنطی کے خاتمہ تک کے حالات مسٹر فریمان کی تاریخ اسٹوری آف دی نارمنس جلد ۳ (جو خصوص سسلی کی قدیم تاریخ پر لکھی گئی ہے) کے ص ۲۶۵ سے ۲۸۴ تک مسلسل ماخوذ ہے

صقلیہ پر عربون کے ابتدائی حملے

۳۳ھ سنہ ۶۵۳ء - ۱۸۴ھ سنہ ۸۰۰ء

ساتوین صدی عیسوی مین دنیا کی دو متحارب جماعتین روم و عرب یا عیسائی اور مسلمان

جسوقت اسلام کا آفتاب بطحا کی وادی سے طلوع ہوا، اس وقت سرزمین عرب کے ارد گرد ساسانی و رومی حکومتون کے جاہ و جلال کا ستارہ بلند تھا، اسلئے عرب جونہی اسلام کی دعوت اتحاد قبول کرکے یک نقطہ پر جمع ہونے لگا، تو اس کی ان ہمسایہ حکومتون کو اپنے اپنے وجود کا خطرہ نظر آنے لگا چنانچہ اسلام کے قدم حدود عرب مین پورے طور پر جمنے بھی نہین پائے تھے، کہ عرب کے دو گوشون سے دو گھنگور گھٹائین اٹھین، کہ اس نور کی کرنون کو پھیلنے نہ دین، لیکن ریگستان عرب کے گرم و تیز آفتاب نے دم کے دم مین دونون طرف کے بادلون کو چھانٹ چھانٹ کے اسطرح منتشر کردیا کہ تھوڑی ہی دیر مین ایران و شام کا مطلع صاف ہوگیا اور اسی کے ساتھ وادی نیل کی فضا بھی رومی گرد و غبار سے پاک ہوگئی،

تخت کسری کے الٹتے ہی ایرانی قوت کا تو خاتمہ ہوگیا، لیکن رومی سلطنت عہد قدیم سے قائم تھی اور رومی دنیا کی اولوالعزم قومون یونان اور قرطاجنہ وغیرہ کی جانشین تھے، دنیا کا زمام سکون ان کے گھوڑون کی ٹاپ سے روندا جا چکا تھا، اگر شام و مصر ان کے ہاتھ سے نکل گئے، تو ان سے وہ چند بڑے

صوبون مین ان کا سکہ جاری تھا، بایں ہمہ شام و مصر کا زوال رومی دیدہ و دست کیلئے ناقابل فراموش تھا، اس لئے وہ اپنے کھوئے ہوئے صوبون کے سرنگون علم کو سربلند کرنے کیلئے منڈلا منڈلا کر شام کا مطلع غبار آلود کرتے رہتے تھے،

ادھر عربون کی شمشیر آبدار مین اسلام کی صیقل گری سے ایسا دم آگیا تھا، کہ وہ مافوق العادۃ عزم و ہمت سے رومیون کے مقابلہ مین کمربستہ ہوگئے، اور جس رومی صوبہ پر ایک مرتبہ بھی اسلامی پرچم لہرا گیا، پھر اسکو ہمیشہ سربلند رکھنے کے لئے عرب کا بچہ بچہ جان نثاری کیلئے تیار تھا،

یہی کشمکش تھی جو ساتوین صدی عیسوی مین شروع ہوئی، اور اسی عہد سے دنیا کی تاریخ مین دو متحارب قومین صفحۂ عالم پر ایک دوسرے کے مقابل صف آرا ہوئین، جنکو روم و عرب یا عیسائی اور مسلمان کہا جاتا ہے،

روم و عرب کی آویزش روم و عرب کی باہمی آویزش کا پہلا واقعہ اس طرح پیش آیا کہ ۶ھ عہد نبوت مین جب اسلام کے قاصد تبلیغی خطوط لیکر حدود شام کا سفر کر رہے تھے، تو رومی رعایا کے ہاتھ سے جو عیسائی عثمانی عرب تھے، شہید ہوئے، بعد ازین اسلام کے دوسرے قاصد حارث بن عمیر بھی شامی رومی حکومت کے حدود مین قتل کئے گئے، ان شہدا کے انتقام مین عربی تلوار نیام سے نکلی، اور ۸ھ مین غزوۂ موتہ پیش آیا، اسکے بعد سے مسلمان رومی حملہ کے ہر وقت متوقع رہتے تھے، اور رومیون کے مدینہ منورہ پر حملہ کی افواہین اڑنے لگین، آخر آنحضرت صلعم مجاہدین کے ساتھ مدافعت کیلئے خود مقام تبوک مین تشریف لے گئے، جو حدود شام مین واقع تھا، اور جنگ کے اسی سلسلہ نے پہلے شام کو اور پھر مصر کو عربون کے زیر نگین کر دیا،

جب عرب کے ہمسایہ صوبے شام و مصر اسلامی حکومت کے زیر اقتدار آگئے، تو بحر روم کے سواحل انکے پاؤن کے نیچے آگئے، اور رومی ہر سال ان بحری راستون سے ان اسلامی ملکون پر تاخت کرنے لگے، یہ دیکھکر یہان کے مسلمان والیون نے دربار خلافت مین بحری پیش قدمی کی درخواست بار بار پیش

کرنی شروع کی، لیکن حضرت عمرؓ نے خشکی کے بہادرون کو بحری میدانون مین قدم رکھنے کی اجازت نہین دی، اور مملکت اسلامیہ کی حدبندی کرکے انھی حدود کے قائم رکھنے کی سخت تاکید فرمائی، اسلئے شام ومصر کے مفتوح ہونے کے بعد عربون کے نزدیک روم وعرب کی معرکہ آرائی گویا ختم ہوچکی تھی،[1]

لیکن رومی اپنی قومی حمیت سے شام ومصر جیسے زرخیز صوبون سے دست بردار ہونے کیلئے تیار نہین ہوئے، اورانکے بازیافت کی پیہم کوشش شروع کردی، اور اپنی ریشہ دوانیون مین کامیاب ہوکر ابتداً اہل مصر کو بغاوت پر آمادہ کردیا، جنھون نے اپنے رومی گورنر مقوقس کی مرضی کے برخلاف علم بغاوت بلند کردیا، اور ۲۵ھ/۶۴۵ء مین منوئیل کی سرکردگی مین حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کے جنگی بیڑے ساحل اسکندریہ پر لنگرانداز ہوگئے،[2]

اور حضرت عمرؓ کی صلح جوئی سے روم وعرب کی آویزش کا جو سلسلہ منقطع ہوچکا تھا، پھر نئے سرے سے جاری ہوگیا،

اس روسی پیشقدمی کے جواب مین مسلمانون نے بھی طبل جنگ بجایا، اور بارگاہ خلافت سے بلاد روم کو تاخت وتاراج کرنے کا فرمان صادر ہوگیا، غیور وشجاع عرب میدان کارزار مین اوتر پڑے اور اسلامی فتوحات کا دائرہ روز بروز وسیع ہونے لگا، چنانچہ اسی زمانہ مین امیر معاویہ روم کے ایشیائی صوبون پر حملہ آور ہوئے، عبداللہ بن سعد بن ابی سرح خشکی کے راستہ سے افریقہ پہونچے، اوران سب کو باجگذار بنالیا گیا،

اس کے ساتھ اسی موقع سے فائدہ اٹھاکر امیر معاویہ نے خلیفہ وقت حضرت عثمانؓ سے بحری جنگ کی اجازت طلب کی، اور ۲۸ھ/۶۴۸ء مین جزیرۂ قبرس کو باجگذار بنایا گیا،

غرضیکہ ۲۸ھ سے ۳۲ھ تک روم وعرب کے جو حالات رہے، ان کے نتیجہ کے طور پر دونون قومون

[1] فتوح البلدان بلاذری ص ۱۵۹ [2] ابن اثیر ج ۳ ص ۶۲.

کی طرف سے ایک دوسرے کے خلاف ایسی سرگرمی شروع ہوگئی، جو تھوڑے تھوڑے وقفون کے سوا مدت ہائے دراز تک ملتوی نہین ہوئی، اور درحقیقت صقلیہ کی اسلامی تاریخ کو بھی اسی سلسلۂ جنگ کی ایک کڑی سمجھنا چاہیئے، کیونکہ ان ابتدائی واقعات سے دنیا مین ایک ایسی خونریز جنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا، جس کے شعلے صدہا سال تک بلند رہے،

صقلیہ پر اسلامی حملے کے اسباب،

جزیرہ صقلیہ سال ہجرت سے ۸۷ سال قبل ۵۳۵ء مین دوبارہ حکومت بیزنطی کے زیر اقتدار آیا، اور اس حکومت کو یہان اس قدر مقبولیت حاصل ہوئی، کہ جب رومی فاتح صقلیہ بلیسیریس صقلیہ پہنچا، تو یہان بجز بلرم کے تمام شہرون نے اپنے دروازے کھول دئے، اور چھ مہینے کے اندر ہی اندر بلرم بھی مفتوح ہوگیا، اور پورے جزیرہ پر بیزنطی پرچم لہرانے لگا،[1]

صقلیہ کے اس طرح زیر نگین ہونے سے حکومت بیزنطی کو اس پر کامل اعتماد حاصل تھا، اور تمام عیسائی دنیا مین اس کی مخصوص وفاداری مسلم تھی، اس لئے جب شام و مصر اسلامی فتوحات کے دائرے مین شامل ہونے لگے، تو صقلیہ وہان کے مفرور عیسائیون کی پناہ گزینی کے لئے ایک مستحکم قلعہ ثابت ہوا، چنانچہ ۱۹ھ مین قیساریہ کے مفتوح ہونے کے بعد وہان کے رومی گورنر نے یہین آکر پناہ لی،[2]

اسی طرح ۳۱ھ مین عربون کی پیشقدمی کے جواب مین جب قیصر روم قسطین دوم (۶۴۲ء/۲۲ھ ۶۶۸ء/۴۸ھ) پانچ چھ سو جہازون کے عظیم الشان جنگی بیڑے کے ساتھ مسلمانون پر حملہ آور ہوا، اور شدید بحری معرکہ آرائی کے بعد ہزیمت اوٹھائی تو یہان سے فرار ہوکر قسطنطنیہ واپس

---

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳، (بیزنٹاین ایمپائر) ص ۸۸ [2] فتوح الشام و مصر، واقدی دراماری ص ۲۰۱،

جانے کے بجائے جنگی تیاریون کیلئے صقلیہ چلا آیا، اور یہین بیٹھ کر شام، مصر اور افریقہ کے اسلامی مقبوضات مین بغاوت کرانے اور ان پر جارحانہ حملون کی تیاریان کرنے مین مصروف ہوگیا، کیونکہ یہی بیزنطی مقبوضہ علاقہ ان اسلامی مقبوضات سے قریب واقع تھا، جہان سے ہر قسم کی خفیہ ریشہ دوانیان جاری رکھی جاسکتی تھین[1]،

ان واقعات سے عربون کو صقلیہ کی مرکزیت کا پورے طور پر احساس ہونے لگا، اور اسلامی مقبوضات، شام و مصر، اسکندریہ اور افریقہ کی بقا و تحفظ کیلئے صقلیہ پر حملہ آور ہونے کا خیال قدرۃً پیدا ہوگیا، کیونکہ صقلیہ مین والی قیساریہ کی پناہ گزینی، شہنشاہ قسطنطنیہ کی آمد اور جنگی تیاریان، مصر اور افریقہ کے اسلامی مقبوضات مین منظم بغاوت کرانے اور باغیون کے کھلے بندمعاون ہونے سے پے در پے ایسے اسباب جمع ہوگئے جنکو عرب کسی طرح نظر انداز نہ کرسکے، اور قدرتی طور پر انھین صقلیہ پر حملہ آور ہونے کی ترغیب ہوئی، کہ اگر صقلیہ اسلامی قلمرو مین شامل نہ ہوسکے، تو کم از کم اسکو خود اپنی مدافعانہ پیش بندیون مین ایسا مشغول رکھا جائے، کہ نہ اسکو اپنے ہمسایہ اسلامی مقبوضات مین ریشہ دوانیون کا موقع مل سکے، نہ حکومت بیزنطی یہان ایسی مرکزی فوجی طاقت قائم کرے، جس سے ان اسلامی مقبوضات پر جارحانہ حملون کی جرات پیدا ہو،

چنانچہ اسی نقطۂ نظر سے ۳۳ھ مین سب سے پہلا اسلامی بیڑا صقلیہ کی تاخت و تاراج کیلئے

---

[1] ابن اثیر ج ۳ ص ۹۲ صقلیہ پر سب سے پہلے اسلامی حملہ کی تعیین کسی قدر تشریح طلب ہے کیونکہ اولاً عام مورخین نے ان ابتدائی حملون کا تذکرہ سرے سے نظر انداز کردیا ہے اور اس کا آغاز اوس سنہ سے کرتے ہین، جب اسلامی بیڑا غالبہ کے دور حکومت مین ۲۱۲ھ مین صقلیہ کو اسلامی قلمرو مین شامل کرنے کے لئے افریقہ سے روانہ ہوا، اور ساحل پر اوترکر واپسی کے جہازون کو نذر آتش کردیا، چنانچہ عرب مورخین مین سے ابن اثیر اور دیوریے کے عام مورخین گبن وغیرہ نے صقلیہ پر اسلامی حملہ اسی عہد سے شروع کیا ہے، اور جن عرب مورخین نے اسلامی حملون کا آغاز دور اغالبہ کے

روانہ ہوا، اور مسلمانون نے سب سے پہلی مرتبہ سرزمین صقلیہ پر قدم رکھا، اور صقلیہ پر مسلمانون کے ابتدائی حملون کا آغاز ہوگیا، جن کا سلسلہ ۱۲۵ھ/۷۵۲ء تک تقریباً سو سال سے زیادہ قائم رہتا ہے،

سب سے پہلا حملہ صقلیہ پر حملہ آور ہونے کا خیال، واقدی کی روایت کے بموجب سب سے پہلے امیر معاویہ کو پیدا ہوا،

(بقیہ حاشیہ ص ۷۴) پیشتر دکھایا ہے، ان کے بھی دو بیان ہوگئے ہین، ایک کے رو سے اموی عہد یعنی ۴۶ھ سے ابتدا ہوتی ہے، اور دوسری روایت کے بموجب خلافت راشدہ ہی مین اس کا آغاز ہوجاتا ہے لیکن دوسری روایت اسقدر مجہول رہی ہے کہ اب تک زمانہ حال کے مورخین مین سے جنلوگون نے عربون کے ان ابتدائی حملون کا تذکرہ کیا ہے وہ بلا استثنا اسکی ابتدا اسی ۴۶ھ سے شروع کرتے ہین چنانچہ اس سلسلہ مین سب سے آخری تحریر انسائیکلوپیڈیا آف اسلام (سیلی طبع اول) کی ہے، اس نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے، لیکن ان پر اعتماد کرنے سے پیشتر مناسب ہے کہ جن عرب مورخین نے عربون کے ان ابتدائی حملون کا تذکرہ کیا ہے، ان کا ایک عام جائزہ لیا جائے،

ان ابتدائی حملون کے متعلق عرب مورخین کی مختلف روایتین ہین،

(۱) پہلی روایت بلاذری و دیگر مورخین کی ہے، جس کے رو سے صقلیہ پر سب سے پہلا حملہ عہد اموی مین امیر معاویہ کے حکم سے معاویہ بن حدیج کی سرکردگی مین ۴۶ھ مین ہوا یہ بڑا فریق سے آیا تھا، اور مال غنیمت ساتھ لے کر وہین واپس گیا،

دور حاضر مین جن مختلف اہل قلم نے صقلیہ کے ابتدائی حملون کا تذکرہ کیا ہے انھون نے بالعموم اسی روایت کو قبول کیا ہے،

(۲) دوسری روایت ایک غیر معتبر راوی یعنی واقدی کی ہے، جس سے پتہ چلتا ہے، کہ صقلیہ پر سب سے پہلا حملہ خلافت راشدہ کے دور مین عہد عثمانی مین ہوا، واقدی کا بیان اگرچہ نہایت مفصل ہے، جس کی تفصیل کی کوئی تائید کسی دوسری روایت سے نہین ہوتی، مگر اس روایت مین کسی سنہ کی تعیین نہین کیگئی ہے،

(۳) تیسرا بیان ابن عذاری کا ہے، یہ صقلیہ پر سب سے پہلا حملہ ۳۳ھ مین قرار دیتا ہے، چنانچہ لکھتا ہے:-

فسنة ۳۳ اغزی معاویة بن حدیج	۳۳ھ مین معاویہ بن حدیج نے ایک بحری فوج
جیشاً فی البحر الی صقلیه فی مائة مرکب	صقلیہ بھیجی، جو سو جہازون مین تھی، اس نے

چنانچہ لکھتا ہے :-

امیر معاویہ والی شام نے خلیفۂ وقت حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صقلیہ پر فوج کشی

(بقیہ حاشیہ ص ۷۵) فسبوا وغنموا واقاموا شهرا (البیان المغرب دراماری ص ۲۵۲) — قیدی گرفتار کئے، مال غنیمت حاصل کیا، اور ایک مہینہ قیام پذیر رہی،

اگر یہ عبارت یہیں ختم ہو جاتی تو واقدی کے بیان کی پوری تائید ہوتی، لیکن البیان المغرب کا یہ نسخہ ناقص ہے، اور پھر یہی شائع بھی ہوا ہے، اس میں مذکورہ بالا عبارت کے بعد چند سطریں غائب ہیں، پھر نصف سطر کی عبارت میں بعض ایسے واقعات کا تذکرہ آیا ہے، جو ۴۴۶ھ میں پیش آئے اس لئے نہیں کہا جا سکتا کہ جو سطریں ضائع ہو گئی ہیں، ان میں ۳۳ھ کے حملہ کے دیگر حالات کے بعد ۴۴ھ کے حملہ کا تذکرہ کیا گیا تھا، یا ۴۴ھ کے حملے کے واقعات بھی اسی ۳۳ھ کے ضمن میں درج کر دئے گئے ہیں، جس سے یہ شبہہ ہو سکتا ہے، کہ اس نے ۴۴ھ کے واقعہ کو ۳۳ھ میں قرار دیدیا ہو۔

لیکن ابن عذاری آگے چل کر ۴۴۶ھ کے واقعہ کو بھی مستقل طور پر بلاذری کے حوالے سے نقل کرتا ہے (البیان المغرب دراماری ص ۲۵۲) اس سے قیاس ہوتا ہے کہ اسکو دو روایتیں ملی ہیں، ایک ۳۳ھ کے حملہ کی، اور دوسری ۴۴ھ کے واقعہ کی، اور اس نے دونوں کو اپنے اپنے موقع پر جگہ دی، اسلئے اسکی روایت کے رو سے پہلا حملہ ۳۳ھ میں قرار دیا جا سکتا ہے،

(۴) چوتھی روایت ایسے مورخین کی ہے جنھوں نے حملہ کا سب سے پہلا سال ۳۳ھ کو قرار دیا ہے، اور اس کے تحت میں دوسرے حملہ ۴۴ھ کے واقعات درج کئے ہیں، چنانچہ اس سلسلہ میں نویری کی نہایۃ الارب میں ایک دلچسپ مسامحت ہو گئی ہے، یعنی جب اسکو صقلیہ کے حملے کا سب سے پہلا سال ۳۳ھ معلوم ہوا، اور حملہ کے تفصیلی واقعات ۴۴ھ کے ملے تو اس نے ان دونوں کی آمیزش سے ایک مرتب واقعہ قلمبند کر لیا، جس سے اغلاط کی ایک عجب داستان تیار ہو گئی، لکھتا ہے :-

۳۳ھ ذکر اول من غزا جزیرۃ صقلیہ فی الاسلام وھو عبد اللہ بن قیس الفزاری — سب سے پہلا حملہ جو جزیرۂ صقلیہ پر مسلمانوں کی طرف سے کیا گیا، وہ ۳۳ھ میں عبد اللہ بن قیس الفزاری کا ہے

کی اجازت لیکر تین سو جنگی جہازون کا ایک بیڑا صقلیہ روانہ کیا،

(بقیہ حاشیہ ص ۷۶)

من قبل معاویۃ بن حدیج وکان قد بعثہ من اجل ھذا ذلک فی خلافۃ معاویۃ بن ابی سفیان ففتح.... (نہایۃ الارب وزاری ص ۴۲۵)

جو معاویہ بن حدیج کے حکم سے کیا گیا تھا، اور اس کو افریقہ سے بھیجا تھا، اور یہ معاویہ بن ابی سفیان کی خلافت کے عہد مین پیش آیا،

نویری کی یہ صاحت روشن ہے، اولاً یہ واقعات ۴۲ھ مین پیش آئے، پھر ۳۳ھ تو خلافت راشدہ کا دور تھا جب کہ عہد عثمانی کا دور فتن بھی نہین شروع ہوا تھا، پھر "خلافت معاویہ" کے کیا معنی؟

اسی قسم کی غلطی ابن ابی دینار صاحب کتاب المونس سے سرزد ہوئی ہے، اس نے بھی ۴۲ھ/۶۶۲ء کے واقعہ کو ۳۳ھ/۶۵۳ء مین درج کرکے صقلیہ کے حملہ کا پہلا سال ۳۳ھ کو قرار دیا ہے،

اب ان تمام مختلف بیانون مین یہ امر قابل لحاظ ہے، کہ ابن عذاری، نویری، اور ابن ابی دینار کے ان غلط بیانون مین بھی قدر مشترک نکلتا ہے کہ عربون کا سب سے پہلا حملہ ۳۳ھ/۶۵۳ء مین ہوا، اسلئے یہ لوگ ۳۳ھ کی تعیین مین باہم بالکل متفق ہین، البتہ یہ سوالات رہ جاتے ہین کہ حملہ آور بیڑا کہان سے آیا، کس کی تحریک سے یہ واقعہ وقوع پذیر ہوا، جو مال غنیمت حاصل ہوا، اس کا خمس کس فرمانروا کے پاس گیا، بلاشبہہ یہ تینون مورخین باتفاق یہی بتاتے ہین، کہ حملہ آور بیڑا افریقہ سے معاویہ بن حدیج کی تحریک سے آیا، اور مال غنیمت کا خمس امیر معاویہ کے پاس بطور خلیفہ بھیجا گیا،

اس لئے ان تینون روایتون مین مقتضا دامور جمع ہین، اگر یہ واقعہ ۳۳ھ مین پیش آیا، تو یہ تفصیلات صحیح نہین، اور اگر اس واقعہ کی یہ تفصیلات صحیح ہین، تو یہ واقعہ ۳۳ھ کے بعد عہد اموی کا ہے، اسلئے سال کی تعیین صحیح نہین، اور ہمین اصولاً یہی آخری صورت اختیار کرکے اس سنہ کی تعیین کو مسامحت پر محمول کرلینا چاہئے جیسا کہ ایسے موقعون پر بالعموم یہی روش اختیار کیجاتی ہے،

لیکن چند در چند وجوہ ایسے جمع ہوگئے ہین، جن سے تعیین سنہ کو مسامحت پر محمول کرنا صحیح نظر نہین آتا، کیونکہ اولاً اس تعیین سنہ کو ہم صرف اس لئے نظر انداز نہین کرسکتے کہ عام مورخین نے اس کا تذکرہ نہین کیا، کیونکہ حقیقت یہ ہے کہ اس زمانہ مین بحر روم پر جسقدر اسلامی حملے ہوئے، ان کے حالات سے ہمارے مورخین

اگرچہ صقلیہ کی رومی حکومت کو افریقہ کے عیسائیون نے مسلمانون کے اس ارادہ سے باخبر کردیا تھا

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۷۷) بڑی حد تک بے خبر رہے، اور نہ ان کے نقطہ نظر سے ان کی کوئی ایسی اہمیت تھی، کہ وہ ان کو خصوصیت سے درج کرتے، البتہ وہ اجمالی طور پر ان حملون کے وقوع پذیر ہونے سے باخبر تھے، چنانچہ ابن اثیر ۲۸۸ھ مین فتح قبرص کا تذکرہ کرکے بحر روم کے ان حملون کے متعلق اجمالی طور پر صرف یہ لکھ دیتا ہے:۔

وبقی عبد اللہ بن القیس الجاسی علی البحر	اور عبداللہ بن القیس کے حملے جاری رہے،
فغنم خمسین غزاۃ من بین شانیۃ وصائفۃ	اور اس نے موسم گرما و سرما کے پچاس بڑی
فی البر والبحر (ابن اثیر ج ۲ ص ۷۵)	و بحری حملے کئے،

معاویہ بن حدیج کی سرکردگی مین ۳۴۴ھ مین افریقہ پر ایک حملہ ہوا تھا لیکن عام مورخین عرب اس سے ناواقف تھے، ابوالعرب اس جنگ کا تذکرہ کرکے لکھتا ہے:۔

وکانت تلک الغزوۃ لا یعرفہا الکثیر من	اور ان حملون کو بہت سے لوگ نہین
الناس (معالم الایمان ج ۱ ص ۴۱)	جانتے ہین،

پھر اگر صقلیہ کے ۳۳۳ھ کے حملہ کا سنہ اور اس کے واقعات عام طور پر لوگون کو معلوم نہین ہوئے تو کیا جائے حیرت ہے، آخر ۲۸۸ھ کے قریب سالون مین عبداللہ بن قیس کے وہ سب بحری حملے کب اور کہان ہوئے، اس لئے اگر اس عام تاریکی مین کسی جگہ صرف حملہ کا سنہ ملتا ہے، اور اس کے واقعات غلط ہین، تو یہ کوئی تعجب خیز اور ایسا ناقابل وثوق امر نہین ہوگا، کہ اس زمانہ کے بحر روم کے حملون سے لوگ عام طور پر ناواقف تھے،

علاوہ ازین جیسا کہ تذکرہ کیا جا چکا ہے، ابن عذاری نے ان واقعات کو ۳۳۳ھ مین درج کرنے کے بعد ۳۴۶ھ کے واقعہ کو جداگانہ حیثیت سے پیش کیا ہے، اس لئے اس کے نزدیک یہ دونون واقعے جداگانہ طور پر دو سالون مین پیش آئے، اور اگر کتاب کا مکمل نسخہ موجود ہوتا، تو عجب کیا ہے، کہ ۳۳۳ھ کے مستند واقعات ہمین مل جاتے،

لیکن جب ابن عذاری کا بیان موجود نہین تو قدرۃً ہمارے پیش نظر واقدی کا وہ بیان آتا ہے،

لیکن حکومت صقلیہ نے مدافعت کی کوئی تیاری نہیں کی، اور مسلمانوں کے تین سو جنگی جہاز ساحل صقلیہ پر یکایک آکر لنگر انداز ہوگئے، رومی گورنر اسلامی فوج کے جائزہ کے لئے قلعہ پر چڑھ گیا، پھر نیچے اتر کر سابق

(بقیہ حاشیہ ص ۷۸) جن میں اگرچہ کوئی سنہ مذکور نہیں، لیکن اُس کی تفصیلات سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ خلافت راشدہ کے عہد سے متعلق ہے، اور ہمارے پاس صرف یہی ایک ایسی روایت ہے، جو ۳۳ھ کے حملہ کی نسبت کہی جاسکتی ہے، کیونکہ یہ حملہ غزوۃ الصواری کے بعد بیان کیا جاتا ہے، اور غزوۃ الصواری مستند روایت کے رو سے ۳۱ھ میں پیش آیا، اسلئے عہد عثمانی میں ۳۱ھ کے بعد یہ حملہ ثابت ہوتا ہے، پھر دوسری طرف عہد عثمانی میں ۳۴ھ سے فتنوں کا دور شروع ہوجاتا ہے، جسکے بعد تمام اسلامی بحری و بری پیش قدمیاں موقوف ہوجاتی ہیں اور فتوحات کا سلسلہ رک جاتا ہے، ان وجوہ سے تسلیم کرنا پڑے گا، کہ صقلیہ کا سب سے پہلا حملہ ۳۱ھ/۶۵۱ء کے بعد اور ۳۴ھ/۶۵۴ء سے پہلے وقوع پذیر ہوا، اور پھر ہم ابن عذاری، نویری، اور ابن ابی دینار کی تصریح کی روشنی میں ۳۳ھ کو قطعی طور پر متعین کرسکتے ہیں،

ہم ان مورخین کے ان بیانوں کی روشنی میں یہاں تک پہنچے تھے، کہ ہمیں اس کی تائید میں ایک نئی روایت سے آگاہی ہوئی، جس سے مذکورۂ بالا بیان کی مزید تصدیق ہوتی ہے، یہ روایت لسان الدین الخطیب کی کتاب "اعمال الاعلام فی من بویع قبل الاحتلام من ملوک الاسلام" کی ہے، اس نے اپنی اس کتاب میں صقلیہ کے متعلق ایک مختصر سا شمالی افریقہ کی تاریخ کے ضمیمہ کے طور پر اضافہ کیا ہے، وہ صقلیہ کے اسلامی حملوں کو جس ترتیب سے لکھتا ہے، اس سے سب سے پہلا حملہ خلافت راشدہ ہی میں قرار پاتا ہے چنانچہ لکھتا ہے:-

قال ارباب التواریخ کان اول من غزا جزیرۃ	ارباب تاریخ کا بیان ہے، کہ سب سے پہلے جزیرہ
صقلیہ من امراء افریقیۃ الموجہین الیھا	صقلیہ پر اُن امراء افریقہ میں سے کسی نے حملہ کیا
من قبل الخلیفہ عثمانؓ ثم معاویہ بعدہ	جنکو خلیفہ عثمانؓ نے افریقہ میں متعین کیا، پھر امیر معاویہؓ
الامیر معاویہ بن حدیج الکندی فلم	نے حملہ کیا، اور اس کے بعد معاویہ بن حدیج نے کیا
تزل تغزی بعد ذالک (دریادگاری مضیین ج ۲ ص ۴۷)	اس کے بعد اس پر ہمیشہ حملے جاری رہے،

اور اسی طرح انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار (رسلی) نے بھی صقلیہ پر پہلا اسلامی حملہ دمشق سے بتایا ہے اور اس نے ۶۵۵ء کی تعیین کی ہے، جس کے رو سے سال ہجری ۳۵ھ قرار پاتا ہے، (طبع یازدہم، ج ۲۵ ص ۳۱) لیکن یہ دور

والیِ قیسارنیہ کو مشورہ کے لئے طلب کیا،

والیِ قیسارنیہ (شام) قیسارنیہ کے مفتوح ہونیکے بعد یہین آکر پناہ گزین تھا، وہ مسلمانون کی جنگی کارگذاریون سے آگاہ تھا، اور مختلف میدانون مین شکست کھاکر مجاہدین کے صبر و استقلال اور مافوق العادت جنگی عزم و ارادے کے سامنے ہتیار ڈال کر اپنا زیرِ حکومت علاقہ ان کے سپرد کرچکا تھا، اسلئے اس نے مشورہ کے وقت ابتداءً مصر و شام کے واقعات دُہرائے، مسلمانون کی بامردی و جوانمردی کے مختلف واقعات سناکر مشورہ دیا، کہ ان کو کچھ دے دلاکر واپس کردیا جائے، لیکن رومی گورنر صقلیہ نے اس کے مشورہ کو نہایت حقارت سے رد کردیا، اور مدافعانہ تیاریون مین مصروف ہوگیا، جب اسکی جنگی تیاریان مکمل ہوگئین، تو قدیم طریقہ جنگ کے مطابق اس نے اسلامی فوج مین ایک ایلچی روانہ کیا، کہ وہ مسلمانون کی حملہ آوری کے اغراض دریافت کرے، مسلمانون نے بھی اپنا نمایندہ ایک ترجمان کے ساتھ گورنر صقلیہ کے پاس بھیجدیا،

اسلامی نمایندہ نے گورنر صقلیہ کے بعض سوالون کے جواب مین بعثتِ نبوی، فضائل نبوی، اسلام کی عالمگیر اشاعت، اور اسلامی فتوحات کی وسعت وغیرہ کے حالات تفصیل سے سنائے، پھر صقلیہ پر حملہ آور ہونے کا سبب ان الفاظ مین ظاہر کیا،

"سرزمین شام مین جو واقعات گذر چکے ہین، ان سے تم واقف ہوگے، اور تم اس حقیقت سے بھی آگاہ ہوگے، کہ ہم نے اپنی بے مایا اور کمزور فوجی طاقت کے باوجود ہرقل کو فاش شکست دی،

(حاشیہ ص۷۹) فتن تھا، اسلئے درحقیقت اسکی اصل بھی ۳۳ھ ہی ہے، ان تمام حالات مین بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے، کہ صقلیہ پر سب سے پہلا حملہ ۳۳ھ مین کیا گیا، ۱۲ (حاشیہ صفحہ ۷۰) اگرچہ جنگ کے مفصل واقعات مستند نہین کہے جاسکتے لیکن تصحیح و تنقیط سے قطع نظر کرکے محض ضمنی طور پر بطور تفریح درج کئے جاتے ہین، واقدی نے امیر لشکر کا نام نہین لیا ہے لیکن ابن اثیر نے عبداللہ بن قیس الجاسی کے متعلق جو کچھ لکھا ہے اور اسکی بنا پر عجب کیا کہ صقلیہ پر پہلا حملہ انھی کی سرکردگی مین انجام پایا ہو،

اور وہ مسلمانون سے خوف زدہ ہوکر قسطنطنیہ بھاگ گیا، اور اسکو اپنی ذلت و ناکامی کا ایسا صدمۂ جانگداز ہوا کہ اس سے پھر جانبر نہ ہوسکا اور ناکام و نامراد اس دنیا سے چل بسا،

"ہرقل کے بعد اُس کے لڑکے قسطنطین[1] نے جگہ لی، قسطنطین اور اس کی فوج پر جو کچھ گذری اوس سے بھی تم واقف ہو کہ طوفان حوادث نے اس کو مع لشکر جرار کے ایسا تھپیڑا دیا کہ وہ پھر ہماری طرف رُخ نہ کرسکا، اور اب صقلیہ مین آکر پناہ گزین ہوا ہی،"

اس کے بعد سب سے آخر مین اسلامی نمایندہ نے اپنے عمومی مطالبہ کو ان الفاظ مین پیش کیا،:-

"اب دو ہی صورتین ہین، یا تو تم لوگ دین اسلام مین داخل ہوجاؤ، اور یا تم ہماری ذمہ داری مین آجاؤ، اور اس کے معاوضہ مین وہ ٹیکس (جزیہ) ادا کرو، جو ذمی ممالک مین لیا جاتا ہی، اس کے بعد ہم تمھاری حفاظت کے پورے ذمہ دار ہون گے، اپنے ملک مین امن و امان کی زندگی بسر کرو، ورنہ پھر آخری فیصلہ تلوار سے ہوگا،"

جب اسلامی نمایندہ کی پوری تقریر ختم ہوگئی، تو صقلیہ کے گورنر نے سلسلۂ کلام جاری کرکے کہا،:-

"اپنے سالار فوج سے کہدو، کہ صقلیہ روم کے شہرنہین جنھین تم نے بآسانی مغلوب کرلیا، جزیرہ صقلیہ ایک محفوظ و مامون قلعہ ہی، اور درحقیقت اب جب تم نے ہماری تربیت یافتہ مڈبھیڑ دل فوج اور بہترین فوجی طاقت کا بچشم خود مشاہدہ کرلیا ہے، تو تم اپنے کردار پر خود پشیمان ہوگے کہ بیجا روم کے عبور کی کیون زحمت گوارا کی،

---

[1] اکثر عرب مورخین ابن اثیر وغیرہ اس عہد کے قیصر روم قسطین دوم (CONSTANSII) (۶۴۲ء تا ۶۶۸ء) کو قسطنطین بن ہرقل کہتے ہین، حالانکہ قسطین بن ہرقل ہونا چاہیے،

کیا تم واقف نہیں کہ جس نے ہم پر حملہ آوری کی جرأت کی، اوسے نہایت ذلیل وخوار ہوکر واپس جانا پڑا، بلکہ ہم تو یہ قصد رکھتے ہیں، کہ تمھارے تمام مقبوضہ ممالک پر حملہ آور ہوکر تمھارے ہم مذہب لوگوں کو شکست دیں، اور نہایت ذلت سے گرفتار کرکے پابزنجیر جزیرہ میں لائیں،

اور تبدیلی مذہب کے متعلق جو کچھ تم نے کہا، وہ خام خیالی ہے ہم اپنے آبا واجداد کے مذہب پر ہیں، جو کبھی ترک نہیں ہوسکتا، اور جس جزیہ کا حوالہ دے رہے ہو وہ تو ہمیں خود ادا کرنا چاہیے کہ ہم تم پر حملہ آوری سے باز رہیں،"

گورنر کے جواب میں اسلامی نمایندہ نے آخری بیان دینا شروع کیا:-

"ہم وہ لوگ ہیں جو جنگ وجدال سے رسوا نہیں ہوتے، ہمارے نزدیک موت کوئی باعث ننگ وعار نہیں، دنیا کی اس ناپائدار زندگی سے قتل ہوجانا زیادہ بہتر سمجھتے ہیں،....."

گفتگو یہیں تک پہنچی تھی، کہ ایک بطریق مذہبی جوش سے دیوانہ وار اوٹھا، اور اسلامی نمایندہ کو مخاطب کرکے کہنے لگا:-

"اے عرب! ہم سے کون مبارزہ کرتا ہے؟"

اسلامی نمایندہ نے جواب دیا:-

"تمھارے مقابلہ کے لیے ہم میں کا ہر شخص تیار ہے"

بطریق یہ جواب سنتے ہی غضب کو دور کرتا ہوا [illegible] کی تلوار سونتے ہوئے محل سے باہر نکل آیا، اور اسلامی فوج کے سامنے جاکر دعوت مبارزت دی، ایک مسلم نے دعوت قبول کی اور چشم زدن میں بطریق کا سر لیے ہوئے اپنی جگہ واپس آگیا، اور باشندگان صقلیہ کو آواز بلند مقابلہ کی دعوت دی،

گورنر صقلیہ یہ تمام تماشہ دیکھتا رہا، افریقی کی جرأت و شجاعت سے محو حیرت تھا، سوال کیا، "کیا یہ عرب ہے"، جواب ملا "نہیں! یہ افریقہ کا ایک معمولی باشندہ ہے، جو دائرۂ اسلام مین داخل ہوگیا ہے اور اوس کی یہ شجاعت قبول اسلام کا ایک ادنیٰ کرشمہ ہے"، یہ خبر اوس کیلئے اور روح فرسا تھی، وہ پریشان ہوکر محل مین لوٹ آیا،

اس کے بعد مسلمانون نے عام حملہ کا انتظام کیا، موقع جنگ درست کرکے منجنیق[1] وغیرہ نصب کرکے رومی فوج بھی مقابلہ مین صف آرا ہوگئی، اور طبل جنگ بجتے ہی حملے شروع ہوگئے، مسلمانون نے پہلے منجنیق سے پتھر برسائے، جس سے رومی فوج اور وہان کی عمارتون کو کافی نقصان پہنچا، رومیون نے منجنیق کے مقابلہ مین عرادات (پتھر پھینکنے کے چھوٹے آلات) سے کام لیا، لیکن اس سے کوئی خاطر خواہ فائدہ حاصل نہین ہوا،

اس کے بعد دست بدست لڑائی کی نوبت آئی، فوج کو قدیم اصول جنگ کے مطابق میمنہ، میسرہ اور قلب مین تقسیم کردیا گیا تھا، آغاز جنگ کے ساتھ ہی اسلامی فوج کے میسرہ پر رومیون کے قدم اکھڑ گئے، میسرہ کی فوج آگے بڑھتے چلی گئی، اور پورے ایک گھنٹہ تک رومیون کو تلوار کے گھاٹ اتارتی رہی، جب رومی بہت پیچھے ہٹ گئے تو جانباز مجاہدین اپنی جگہ میسرہ پر دوبارہ واپس آگئے،

سرزمین صقلیہ پر روم و عرب یا مسیحیت و اسلام کی یہ پہلی معرکہ آرائی شام تک جاری رہی، آخر رات کی تاریکی نے ایک دوسرے کو جدا کیا، اور جب فوج کا بادل چھٹا، تو میدان کارزار مین دونون طرف کے کشتے خاصی تعداد مین پڑے دکھائی دئے،

---

[1] منجنیق کی اصل میکنک ہے جس کے معنی آلہ کے ہین، پرانے زمانہ مین یہ ایک قسم کا آلہ تھا جس مین بڑے بڑے پتھر رکھ کر اون کو پھر دیگر دشمنون پر پھینکتے تھے، اور قلعون کی دیوارون اور جہازون کے تختون کو مارتے تھے،

اب دستور کے مطابق دونون فریق کو آرام وسکون سے رات بسر کرنی تھی، لیکن جانباز مجاہدین نچلے نہ بیٹھ سکے، انھین ابھی اپنے رسد کا سامان کرنا تھا، رات کی پچھلی پہر اوٹھے، اور قرب وجوار کے مواضع پر چھاپا مارا، جہان بہت کافی، مالِ غنیمت دستیاب ہوا جسکو بحفاظت اپنے پاس رکھکر وہ مدتون کے لئے سامانِ رسد سے بے فکر ہو کر جنگ جاری رکھ سکتے تھے،

یہ لڑائیان کچھ دنون تک اسی طرح جاری رہین، اس درمیان مین صقلیہ کے رومی گورنر نے اپنی مرکزی حکومت بیزنطی قسطنطنیہ سے امداد طلب کی لیکن وہان کچھ شنوائی نہ ہوئی، تو قیصار نیہ کے سابق والی نے مشورہ دیا، کہ اسلامی امیر لشکر سے استدعا کی جائے، کہ چند روز کے لئے جنگ موقوف کر دیجائے کہ صلح کے معاملات پر غور کیا جاسکے، اور اس درمیان مین ایک وفد قسطنطنیہ بھیجا جائے، جو مرکزی حکومت کو صحیح حالات سے باخبر کرے، لیکن خود رومی گورنر نے اس مشورہ کو مسترد کر دیا، اور جنگ بدستور جاری رہی،

جنگ کا یہ سلسلہ مدتون قائم رہا، اس مین چند اہم معرکہ آرائیان پیش آئین جن مین مسلمانون کو غلبہ حاصل رہا، اور فرقہ رفتہ اون کے پاس مالِ غنیمت کا ایک انبار لگ گیا، اور صقلیہ کی فوج کی ایک کثیر تعداد موت کے گھاٹ اتر گئی،

جنگ کا یہ سلسلہ قائم تھا کہ حکومت بیزنطی قسطنطنیہ نے صقلیہ کی طرف توجہ کی، اور ۷۰ جنگی جہازون کا بیڑا تیار کر کے صقلیہ کی حفاظت کے لئے روانہ کیا، اسلامی فوج مدت سے اپنی اسی طاقت کے ساتھ برسرپیکار تھی، ذخائرِ جنگ کا کافی حصہ اب تک خرچ ہو چکا تھا، افریقہ، مصر و شام سے کسی امدادی فوج کے جلد آنے کی کوئی توقع بھی نہین تھی، اس لئے اگر اسلامی فوج رکی رہتی، تو ایک طرف صقلیہ کی فوجی طاقت سے مقابلہ رہتا، اور دوسری طرف رومی تازہ دم فوج کی مدافعت کرنی پڑتی، نیز مسلمانون کا مقصد صقلیہ کو قلمرو اسلامی مین داخل کرنا بھی نہ تھا، وہ جو کچھ چاہتے تھے، وہ حاصل ہو چکا تھا، اسلئے وہ شب

کی تاریکی مین ساحل صقلیہ سے لنگر اوٹھا کر شام کی طرف روانہ ہو گئے،

امیر لشکر اپنی پوری فوج کے ساتھ مال غنیمت اور قیدیون کو ساتھ لئے ہوئے دمشق پہنچا، امیر معاویہ نے جو ان دنون والی شام تھے، فوج کی کامیابی و کامرانی اور ان حالات مین واپسی کی پوری داستان سنی اور امیر لشکر کے طرز عمل کو عاقبت بینی پر محمول کر کے نظر استحسان سے دیکھا، اور پھر تمام واقعات کی مفصل روداد حضرت عثمانؓ کے پاس دار الخلافت بھیجدی گئی، حضرت عثمانؓ نے بھی امیر لشکر کے طرز عمل کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھا، اور صقلیہ کی یہ پہلی مہم باین طور انجام کو پہنچی،[1]

رومیون کا جوابی حملہ

مسلمانون کی یہ حملہ آور جماعت لوٹ کر سرزمین شام مین واپس گئی تھی، اسلئے صقلیہ کے اس اسلامی حملہ اور نیز ۳۴ھ مین افریقہ پر اسلامی تاخت[2] کے جواب مین شہنشاہ قسطنطنیہ نے اپنی جنگی تیاریان شروع کر دین، اور ۳۵ھ مین ایک دوسرے عظیم الشان جنگی بیڑے کے ساتھ شام کی حملہ آوری کے لئے روانہ ہوا لیکن قدرت کو کچھ اور منظور تھا، رومی بیڑا اسکندریہ کے ملاحم خیز طوفان کے نذر ہو کر منتشر ہو گیا، اور اگر عرب مورخین کی روایت صحیح ہو تو قسطنطین دوم پھر صقلیہ مین آکر پناہ گزین ہوا،[3]

عرب و روم کی عارضی صلح اور صقلیہ پر اسلامی حملہ کا التوا

رومی پھر جنگی تیاریون مین مصروف ہو گئے، لیکن ادھر عرب مین خود خانہ جنگی کا آغاز ہو گیا، اور امیر معاویہ والی شام نے خلیفہ وقت حضرت علیؓ کے خلاف علم بغاوت بلند کر دیا، لیکن اس کے ساتھ ساتھ انھین رومیون سے بھی نپٹ لینا پڑا، کیونکہ وہ شام اور بحر روم کے شمالی ساحل پر قابض تھے، اور رومیون کے بیشتر حملے انھین کی ولایت پر ہوتے رہتے تھے، جنگی مدافعت اور جارحانہ پیشقدمیون کا سارا نظام انھی کے ہاتھ مین تھا، اسلئے جب مسلمانون کے درمیان خانہ جنگی کا آغاز ہوا تو امیر معاویہ کو دو طرفہ معرکہ آرائیان پیش آئین ایک طرف انھین خلیفہ وقت کی فوج کشی کے معرکہ آرا ہونا تھا اور دوسری طرف

---

[1] فتوح الشام و مصر و اقدی در اماری از ۲۰ تا ۲۵ھ معالم الایمان ابن ناجی تیروانی ج ۱ ص ۱۴۱ تاریخ طبری ج ۶ ص ۳۴۰۰ قسطنطین کی صقلیہ مین آمد و موت کی تفصیل آگے آئے گی،

الگ بحری حملون کی تیاریان کر رہے تھے، اس لئے انھون نے اپنے سیاسی مشیر کار عمرو بن العاص کے مشورہ سے رومیون سے صلح کی سلسلہ جنبانی کی، اور دونون مین ایک عارضی صلح ہو گئی،[1] جس سے صقلیہ پر اسلامی تاخت معرض التوا مین آگئی،

اثنائے صلح مین رومیون کی جنگی تیاریان اور صقلیہ کا فوجی استحکام

اس عارضی صلح سے رومیون کو بڑی تقویت پہنچی، حکومت بیزنطی کا نظام حکومت نئے سرے سے مرتب ہونے لگا، تمام صوبے دوبارہ تقسیم کی رو سے قائم کئے گئے، جابجا فوجی مرکز بنائے گئے، اور صرف چند سال مین حکومت بیزنطی ایک مستحکم و مضبوط طاقتور حکومت بن گئی، چنانچہ مسٹر سی وائی سی اومن کے بیان سے پتہ چلتا ہے، کہ حکومت بیزنطی نے پہلے تمام ممالک محروسہ کی حد بندی کی، پھر پوری مملکت بیزنطی کو مختلف صوبون مین تقسیم کیا، اور ہر صوبہ کا نیا نظام قائم کرنے کے علاوہ جدا جدا نئے نام بھی تجویز کئے گئے، صوبون کی تقسیم مشرقی و مغربی نقطۂ نظر سے کی، چھ صوبے یعنی آرمینا اور اناطولیہ وغیرہ مشرقی مملکت مین اور اسی طرح چھ صوبے یعنی تھریس، تھیسولونیکا، اور افریقہ وغیرہ مغربی حصہ مین قائم ہوئے، اور انھی مغربی صوبون مین سے ایک اہم صوبہ سسلی بھی قرار پایا،

صوبون کی یہ تقسیم خالص فوجی نقطۂ نظر سے عمل مین آئی تھی، کہ یہ انتظامی صوبے ہونے کے بجائے حکومت بیزنطی کے الگ الگ فوجی مرکز قائم ہو جائین، چنانچہ اس جدید تقسیم سے پیشتر صوبون مین انتظامی و فوجی شعبے الگ الگ تھے لیکن اب صوبون کی انتظامی حیثیت نظر انداز کر دی گئی، اب ہر صوبہ کا افسر اعلےٰ وہان کا سب سے بڑا سپہ سالار بھی تھا، چنانچہ مسٹر اومن یہ تصریح لکھتے ہین :-

"ان مین سے ہر ایک صوبہ ایک مستقل فوجی چھاونی تھا، جسمین سے ہر ایک کو تھیم (THEME) سے موسوم کیا گیا، اور فوج ہی کا افسر اعلیٰ صوبہ کا گورنر بھی تھا"

---

[1] اخبار الطوال ص ۱۶۸، یورپ کے مورخین نے اس صلح کے واقعات کو ایسی رنگ آمیزی سے پیش کیا ہے کہ امیر معاویہ نے رومیون کا باجگذار بننا قبول کر لیا، لیکن یہ صحیح نہین، اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۰ (بزنطائن ایمپائر اومن)

حکومت بزنطی کے اس عہد کے طریق سیاست سے پتہ چلتا ہے، کہ اوس نے ان تمام صوبون مین صوبہ صقلیہ کو فوجی نقطۂ نظر سے سب سے زیادہ اہمیت دی، اگر عرب مورخین کی روایتین صحیح ہین، تو قسطین دوم قیصر روم متعدد بار صقلیہ آیا، در مغربی مورخین کے بیان کے مطابق یون کہنا چاہیے کہ وہ عربون سے جنگ آزما ہونے کے لئے اپنی زندگی کے آخری دور مین صقلیہ چلا آیا، کیونکہ یہان اسکو ایسی فوجی طاقت اور ان صوبون سے ایسی گہری دلچسپی پیدا ہو گئی تھی، کہ اسکو روما کی عظمت رفتہ یاد آگئی، اور مقدس شہر روم کو لمبارڈ کے وجود سے پاک کرنے کیلئے ۶۶۴ء مین یہین سے کوچ کرکے روم پر حملہ آور ہوا، چنانچہ مسٹر اڈمن کا بیان ہے:-

"باشندگان قسطنطنیہ کو اسقدر خطرہ ہونے لگا، کہ اب وہ روم کو یا (صقلیہ کے دارالحکومت) سیراکیوز کو اپنا پایۂ تخت بنانے والا ہے"[1]

کیونکہ وہ عربون کے حملے سے صقلیہ کو محفوظ رکھنے کے علاوہ یہان سے افریقہ، مصر اور شام کی بازیافت کی کوشش کر سکتا تھا، اور غالبًا یہی اسباب تھے جنکی بنا پر اس نے صقلیہ کے فوجی استحکام کی طرف خاص توجہ کی، چنانچہ مسٹر جان بری پروفیسر کیمبرج یونیورسٹی نے اپنے ایک مقالہ "سلطنت روما کی بحری حکمت عملی" مین اس حقیقت کو جا بجا تسلیم کیا ہے، کہ قسطین کے قیام صقلیہ کا واحد مقصد مسلمانون کے خلاف ایک بحری مرکز قائم کرنا تھا، چنانچہ ایک موقع پر لکھتے ہین:-

"قسطین دوم ۶۶۲ء مین صقلیہ آیا، اور ۶۶۸ء تک وہین رہا، اس نے افریقہ وغیرہ پر اسلامی اقتدار کے استحکام کے برخلاف صقلیہ مین ایک بحری مرکز قائم کیا، کیونکہ اسکو افریقہ کے اسلامی اقتدار سے خطرہ تھا، کہ صقلیہ جنوبی اٹلی اور یونانی علاقہ ان کی زد مین ہوگا، اور بحر ایڈریاٹک کے دروازے اون پر کھل جائین گے اور وینیشیا اور ایکزارکیٹ اون کے رحم و کرم پر ہون گے،

انھی وجوہ سے اس نے صقلیہ اور جنوبی اٹلی مین بحری قوت کو مضبوط کرنا چاہا، لیکن رومیون کی

---

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۰ (بیزنٹائن ایمپائر) ص ۱۶۸،

حکمت کے باعث کامیاب نہ ہوسکا، اور انھی کوششون مین مصروف تھا، کہ ۶۶۸ء مین قتل کر دیا گیا[1]،

مسٹر جان بری نے اگرچہ اس فوجی بحری مرکز کا سبب صقلیہ اور جنوبی اٹلی کا صرف تحفظ بتایا ہے لیکن یہ بآسانی سمجھا جاسکتا ہے، کہ اگر حکومت بیزنطی کا بحری مرکز اسلامی حکومت افریقہ کے اسقدر قریب قائم ہوجاتا، تو خود اس کے لئے کیا کم خطرات تھے، اور نیز قسطین کو بحر شامی مین پے در پے جو زخم لگے تھے، وہ اسقدر جلد مندمل ہوجاتے کہ وہ شام و مصر کے زخیز اسلامی علاقون پر بھی حملہ آور نہ ہوتا،

لیکن اولاً تو قضا و قدر کو یہ سب منظور نہ تھا، قسطین صقلیہ ہی مین خود اپنی وفادار رعایا کے خنجر خونچکان کا نشانہ بن گیا، اور پھر اس کے بعد خواہ جیسا کہ مسٹر جان بری کا خیال ہے، اس کے جانشینون نے یہ نکتہ فراموش کر دیا، اور یا اسلامی بیڑے کا بروقت حملہ خود قسطین کے ارادون مین مزاحم ہوا، اور صقلیہ کو بحری مرکز بننے کا موقع نہ ملسکا، اور عین اسوقت جبکہ قسطین صقلیہ کو بحری مرکز بنانے کا منصوبہ پورا کر رہا تھا، اسلامی حکومت افریقہ نے صقلیہ مین حکومت بیزنطی کی ان فوجی تیاریون کے روک تھام کیلئے افریقہ سے ایک زبردست اسلامی بیڑا روانہ کیا، جو یہان ایک مہینہ تک صقلیہ کی تازہ دم فوج سے نبرد آزما رہکر اپنی فوجی قوتون کی نمایش کرکے واپس چلا گیا،

دوسرا حملہ عربون کا یہ دوسرا حملہ ۶۶۹ء مین ہوا، جبکہ قسطین بذات خود صقلیہ مین مقیم تھا، اس حملہ کے بانی معاویہ[2] ابن حدیج الکندی والی افریقہ تھے، انھون نے عبداللہ بن قیس کی سرگردگی مین دو سو جنگی جہازون

---

[1] یادگاری مضامین ج ۲ ص ۲۴۴ [2] معاویہ بن حدیج الکندی نوجوان صحابی تھے، یہ عثمانی تھے، اور اسی لئے امیر معاویہ کے نہایت معتمد علیہ کارکنون مین شمار کئے جاتے تھے، طبری مین ہے کہ جب عمرو بن العاص نے اپنی حکمت علی سے حضرت ابوموسیٰ اشعری کی زبان سے حضرت علیؓ کے معزول ہونے کا اعلان کرایا، اور پھر خود عمرو بن العاص نے امیر معاویہ کے حق مین خلافت کا فیصلہ کیا، تو عبدالرحمن بن ابی بکر کے بیان کے مطابق اسوقت معاویہ بن حدیج ہی پہلے شخص تھے جنھون نے امیر معاویہ سے بیعت کرنے کے لئے ہاتھ بڑھایا، اور بیعت خلافت کی، اور پھر انھی نے عمرو بن ابی بکر قاتل عثمان کو تہ تیغ کیا (دیکھو ص ۸۹)

کا بیڑا صقلیہ روانہ کیا، عبداللہ بن قیس کو بحر روم کی لڑائیون کا کافی تجربہ تھا، اسلئے صقلیہ کے اس حملہ مین بھی اسکو نمایان کامیابی حاصل ہوئی، اور یہ بیڑا ایک مہینہ تک کامیاب معرکہ آرائیون کے بعد کثیر مال غنیمت کے ساتھ افریقہ واپس آگیا،

معاویہ بن حدیج نے حکومت اسلامی کے اصول وقوانین کے مطابق واپسی کے بعد نمونیہ مین مال غنیمت کو تقسیم کیا، اور اس کا پانچوان حصہ مرکزی حکومت کے بیت المال کیلئے امیر معاویہ بن ابی سفیان کی خدمت مین روانہ کردیا، صقلیہ کے اس مال غنیمت مین زروجواہر سے مرصع سونے چاندی کے مجسمے بھی دستیاب ہوئے تھے، جو امیر معاویہ کے پاس بھیج دئے گئے تھے،

امیر معاویہ نے ان بتون کے سونے چاندی کی مالیت کے علاوہ ان کی صنعت سے بھی فائدہ اٹھانا چاہا، اور مذہبی نقطۂ نظر کو نظر انداز کرکے ان کو فروخت کرنے کیلئے ہندوستان بھیجنا چاہا، لیکن مورخین کا بیان ہے کہ امیر معاویہ کے اس طرز عمل کو عام مسلمانون نے ناپسند کیا، اوزوری کے بیان کے مطابق اس اختلاف کی وجہ سے امیر معاویہ اپنی اس تجویز پر عمل نہ کرسکے لیکن ابن عذاری کی روایت ہے کہ اس احتجاج کے باوجود وہ ہندوستان بھیج دئے گئے،

چنانچہ بلاذری اور بیرونی نے بھی ان کے ہندوستان بھیجے جانے کی تصریح کی ہے، اور بیرونی نے ان کے سندھ کے فرمانرواؤن کے یہان فروخت ہونے کا ضمنی تذکرہ کرکے امیر معاویہ کے طرز عمل کی توجیہ بھی کی ہے،

اس کے علاوہ امیر معاویہ نے اسی مال غنیمت سے ٹیونس مین کنوئین بھی کھدوائے، جو آثار

اس لئے امیر معاویہ کے دور فرمانروائی مین یہ ممتاز عہدون پر سرفراز ہوئے، مختلف ولایتون کے والی مقرر ہوئے، ۴۵ھ مین افریقہ کی ولایت پر آئے، اور اس سے پیشتر بھی کئی مرتبہ مختلف فوج کے ساتھ افریقہ آچکے تھے، ۴۷ھ تک افریقہ مین رہے پھر امیر معاویہ نے انھین عبداللہ بن عمرو بن العاص کے بجائے مصر کا والی مقرر کردیا، (طبری ج ۶ ص ۸۴، حوادث ۴۷ھ)

حدتیج کے نام سے موسوم ہوئے[۵]

اس حملہ کا اثر صقلیہ کی سیاسیات پر

مسلمانون کے اس حملہ کا صقلیہ کی سیاسیات پر نہایت گہرا اثر پڑا، کیونکہ صقلیہ کی رومی رعایا مین سے ایک طبقہ اپنے مذہبی منافقون کی بنا پر قسطین سے پہلے ہی سے بدظن تھا، پھر وہ عربون کے خلاف صقلیہ مین جو کچھ تیاریان کر رہا تھا، اس کا خمیازہ خود اس کی موجودگی مین اہل صقلیہ کو بھگتنا پڑا، اس لئے یہ اور اسی قسم کے مختلف اسباب ایسے جمع ہوگئے، کہ خود قسطین کے برخلاف ایک منظم سازش کیگئی، اور بالآخر اسکو غسلخانہ مین تہ تیغ کر دیا گیا[۵۱]

قسطین کے قتل ہونے کے بعد صقلیہ کے سیاسیات مین بھی انقلاب ہوگیا، اور دوسری طرف عرب فاتح بھی اپنی دوسری مشغولیتون مین مصروف ہوگئے، اب حکومت بنی امیہ کی ساری توجہ مغربی ممالک مین سے صرف افریقہ کے معاملات کی طرف مبذول رہی، کیونکہ اگرچہ افریقہ کے چند مقامات مفتوح ہو چکے تھے، اور یہان اسلامی حکومت کا باقاعدہ نظام قائم تھا، مگر ابھی تک شمالی افریقہ مین حکومت قرطاجنہ کا علم بھی بلند تھا، اور جس کے سرنگون کئے بغیر بحر روم کے اسلامی ممالک کو اقتصادی و تجارتی آزادی نصیب نہین ہوسکتی تھی، کہ بحر روم کے اسلامی تجارتی جہاز کو فوجون کے سایہ مین سفر کرنا پڑتا تھا،

چنانچہ تقریباً ربع صدی سے زیادہ زمانہ گذر گیا، اور صقلیہ کے رومیون اور اسلامی جہازون مین کوئی آویزش نہین ہوئی لیکن اسی اثنا مین صقلیہ کے داخلی حالات نے بھی پلٹا کھایا، حکومت بیزنطی کے خلاف

---

[۵] فتوح البلدان بلاذری ص ۲۲۵، کتاب البیان المغرب ابن عذاری (تیمبارد و) ص ۲۱، کتاب المونس فی اخبار افریقہ و تونس ابن ابی دنیار ص ۲۵ و دیون صلۃ السمط ابن شاط و دراماری ص ۲۱۱، معالم الایمان ج ۱ ص ۱۴۱، نہایۃ الارب نویری دراماری و کتاب الہند بیرونی ص ۷۰، ۷۲، اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۰ بیزنطائن ایمپائر ص ۱۷۹، قسطین کے مقتول ہونے کے سنہ مین عرب اور یورپ کے مورخین کے متضاد بیان ہین یورپ کے مورخین ۶۶۸ء قرار دیتے ہین، ہم نے حکومت بیزنطی کی مسلسل تاریخ کو پیش نظر رکھتے ہوئے یورپ کے مورخین کے بیان کو قبول کیا ہے، اس رو سے سال ہجری ۴۸ھ قرار پاتا ہے،

جو بغاوتیں برپا ہوئی تھیں، وہ فرو ہو گئیں، جن باغیون نے سر اٹھایا، ان کی سرکوبی ہوئی، اور اس دورِ اختلال سے یہان کی فوجی اور خصوصاً بحری طاقت مین جو اضمحلال آگیا تھا، وہ بھی رفتہ رفتہ دور ہوا، اور حکومت صقلیہ ایک مرتبہ پھر اپنے دم خم سے میدان مین اوتری، صقلیہ کے جنگی جہاز بحر روم مین منڈلاتے دکھائی دینے لگے، اور پھر جب زیادہ جرأت پیدا ہوئی، تو ہمت کرکے اسلامی جہازون پر جارحانہ پیشقدمیان اور غارتگریان بھی شروع ہو گئین، اور اس سلسلہ مین ۶۹ھ مین سب سے پہلا واقعہ پیش آیا،

یہ عبدالملک بن مروان کے دورِ خلافت کا واقعہ ہے، اس نے افریقہ مین عقبہ بن نافع کی شہادت کے بعد بعض باغیون کی سرکوبی کے لئے زہیر بن قیس بلوی کو ۶۲ھ/۶۸۱ء مین افریقہ کے عہدۂ ولایت پر سرفراز کیا، وہ عقبہ کی شہادت کے بعد سے برقہ مین مقیم تھے، یہان سے مرکزی حکومت کی امدادی فوج کو ساتھ لیکر قیروان روانہ ہوئے، اور اپنے مقصد مین کامیاب ہونے کے بعد ۶۹ھ/۶۸۸ء مین مصر واپس جا رہے تھے، کہ راستہ مین یہ دہناک واقعہ پیش آیا، ابن اثیر کا بیان ہے، کہ جب شہنشاہ قسطنطنیہ کو برقہ سے زہیر کی روانگی کا حال معلوم ہوا، تو اس موقع کو مغتنم سمجھ کر حکومت بزنطی نے برقہ پر حملہ آوری کا ارادہ کیا، چنانچہ اس کا لشکر جرار صقلیہ پہنچا، اور صقلیہ کی امدادی فوج کی معیت مین برقہ پر چھاپا مارا، اہل برقہ بے سروسامان تھے، اس لئے رومیون نے خوب خوب حوصلے نکالے، سو، اتفاق کہ زہیر اسی موقع پر قیروان سے واپس جا رہے تھے، رومیون نے انکے جہاز کو بھی گھیر کر سب کو شہید کر ڈالا چنانچہ ابن اثیر پوری تفصیل سے یون لکھتا ہے:-

"رومیون کو کسیلہ باغی کی سرکوبی کے لئے زہیر کے برقہ سے افریقہ جانے کی اطلاع قسطنطنیہ مین مل چکی تھی انھون نے برقہ کے خالی ہونے کے موقع کو غنیمت سمجھا، اور بہت سے جہازون مین عظیم الشان طاقت کے ساتھ جزیرہ صقلیہ سے نکل کر برقہ پر غارت گری کی، اور بہت سے قیدیون کو گرفتار کر لیا، لوگون کو تہ تیغ کیا، اور عام لوٹ مار مچائی، عجب اتفاق کہ جسوقت رومیون کے غارتگر جہاز ساحل برقہ پر نمودار ہوئے، اسی وقت زہیر بھی قیروان سے مصر جاتے ہوئے، برقہ مین داخل ہوئے، اور اسلامی فوج کو رومیون کے مقابلہ کرنے کی

پوری ہدایت کرکے خود اپنے ساتھیون کے ساتھ اپنے راستہ پر ہولئے لیکن رومی ایک انبوہ کثیر کے ساتھ حملہ آور ہوئے تھے، اہل برقہ نے زہیر کو دیکھ کر داد و فریاد شروع کی، اور زہیر کا سفر ناممکن ہوگیا، آخر جنگ مین خود شریک ہوگئے، نہایت گھمسان کی لڑائی ہوتی رہی، رومیون کو غلبہ حاصل ہوا، اور انھون نے زہیر اور ان کے تمام ساتھیون کو قتل کردیا، ان مین سے ایک آدمی بھی سلامت نہین بچا، اور رومی اپنے مال غنیمت سمیت قسطنطنیہ واپس چلے گئے"[1]

حکومت صقلیہ کی اس جارحانہ پیشقدمی سے اولاً وہ تمام خطرات پورے ہوگئے، جو آج سے ربع صدی پیشتر اسلامی حکومت کو صقلیہ کے فوجی مرکز قائم ہوجانے سے پیدا ہوئے تھے، علاوہ ازین زہیر کو ایک عام نمایان شہرت حاصل تھی، اس لئے ان کی شہادت سے دارالخلافت مین ایک کہرام مچ گیا، "بالثار زہیر یا لثار زہیر" کی صدا در و در سے آنے لگی، معزز و ذی وقار اہل شہر کا ایک وفد خلیفہ عبدالملک کی خدمت مین حاضر ہوا، اور زہیر کے واقعۂ ہائلہ پر عنان توجہ منعطف کرائی، اور خود عبدالملک بھی حد سے زیادہ متاثر اور جوابی کارروائیون کیلئے ہمہ تن مصروف تھا،

قرطاجنہ پر حملہ ابھی تک افریقہ کا صرف ایک حصہ اسلامی قلمرو مین داخل ہوا تھا، ورنہ قرطاجنہ کی رومی حکومت اپنی پوری جاہ و جلال سے شمالی افریقہ مین حکمران تھی، اسلئے حکومت بیزنطی کو قرطاجنہ اور سیرا کیوز مین بیٹھ کر اسلامی حکومت افریقہ کے خلاف سازشین کرکے مسلمانون کو تباہ و برباد کرنے کا ابھی تک پورا موقع حاصل تھا،

عبدالملک کے پیش نظر یہ تمام صورت حال تھی، اسی اثنا مین معزز مسلمانان دمشق کا ایک وفد عبدالملک کی خدمت مین باریاب ہوا، اور اسکو افریقہ کے مسلمانون کے جان و مال کی حفاظت کی طرف توجہ دلائی، چنانچہ صاحب ریاض النفوس لکھتا ہے:-

"معزز مسلمانون نے عبدالملک سے درخواست کی کہ وہ اصل افریقیہ (حکومت قرطاجنہ) کی طرف توجہ کرے

---

[1] ابن اثیر ج ۴ ص ۹۲

کرے اور مسلمانان افریقہ کو ان کے دشمن سے نجات دے، اور ان کی امداد کے لئے لشکر روانہ کر دیا جائے[1]"

عبدالملک نے ان تمام معاملات پر غور کر کے افریقہ کی ولایت کے لئے حسان بن نعمان کو منتخب کیا، اور چالیس[2] ہزار سپاہی اور خزانہ مصر کی کنجی اس کے ہاتھ میں دیدی[3]،

عبدالملک نے حسان کو افریقہ میں سب سے پہلے ایک دارالصناعۃ کے قائم کرنے کا حکم دیا جسمیں جنگی جہاز اور دوسرے بحری آلات حرب تیار کئے جائیں، تاکہ اسلامی حکومت افریقہ کی بحری طاقت اسقدر مستحکم ہو جائے کہ وہ بحر روم پر اپنا اقتدار قائم کر سکے[4]،

اس موقع پر دارالصناعۃ کی تعمیر کی اصل غایت بحری تیاری تھی، لیکن حسان کو یہاں پہنچ کر حکومت قرطاجنہ (کارتھیجا) کی اہمیت کا اندازہ ہوا، اور بحری مہم شروع کرنے سے پیشتر حکومت قرطاجنہ کا چراغ گل کرنا چاہا، کہ اگر بحر روم کے جزائر حکومت اسلامی کے زیر اقتدار آ کر باجگذار ہو بھی گئے، تو بھی اسلامی حکومت افریقہ کے لئے حکومت قرطاجنہ ایک مستقل خطرہ کی صورت میں باقی رہے گی، چنانچہ صاحب ریاض النفوس لکھتا ہے:-

"حسان افریقہ روانہ ہوا، وہاں پہنچ کر سب سے اہم حکومت کے متعلق دریافت کرنے پر معلوم ہوا کہ حکومت قرطاجنہ میں طاقتور ہے، اسی لئے اس نے اس طرف رخ کیا[5]"

قرطاجنہ پر حملہ حکومت قرطاجنہ (کارتھیجا) اسوقت شمالی افریقہ میں ہر حیثیت سے سب سے بڑی طاقت تھی، جہاں حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کی طرف سے گورنر آیا کرتے تھے، اور اب عہد دستور کے بموجب وہی صوبہ کے سب سے بڑے سپہ سالار بھی ہوتے تھے، حکومت قرطاجنہ نے اسلامی حکومت کے خلاف بربریون سے اشتراک عمل کر لیا تھا، اسلئے جب حسان ساحل قرطاجنہ پر لنگر انداز ہوا، تو رومیون اور بربریون کی مشترکہ طاقت مسلمانون کے

---

[1] ریاض النفوس درامادی ص ۱۷۶، [2] کتاب المونس ص ۱۳۵ ابن خلدون ج ۶ ص ۲۱۱ [3] ریاض النفوس درامادی ص ۱۷۶،

خلاف صف آرا ہوئی، ایک فیصلہ کن خونریز جنگ کے بعد رومی پرچم سرنگون ہوا، اور حسان قرطاجنہ مین سب سے پہلی مرتبہ فاتحانہ داخل ہوا،

زوال قرطاجنہ کے بعد رومیون کی ایک کافی جماعت قرطاجنہ سے ہجرت کرکے اپنے محفوظ قلعہ صقلیہ اور اندلس کی طرف روانہ ہوگئی[1]، اور اس طرح حکومت بیزنطی کی وہ دوجداگانہ قوتین جو قرطاجنہ اور صقلیہ مین منقسم تھین، اب باہم یکجا ہوگئین،

لیکن ابھی قرطاجنہ رومیون سے خالی نہین ہوا تھا. حسان نے انھین اس شرط پر امان دی تھی، کہ شہر کو غیر مسلح کرکے یہان کے تمام فوجی استحکامات منہدم کردئے جائین گے، چنانچہ وہ رومیون سے یہی شرائط طے کرکے کسی دوسری طرف روانہ ہوگیا، لیکن اس اثنار مین صقلیہ اور قسطنطنیہ وغیرہ سے فوجین آگئین، اور قرطاجنہ کے رومیون نے بغاوت کا اعلان کردیا، اور اس مین وہان کے بربریون کو بھی شریک عمل بنالیا، چنانچہ وہ قرطاجنہ کی سمت واپس آرہا تھا، کہ صف آرا فوج سامنے دکھائی دی، اور پھر ایک خونریز کے جنگ کے بعد رومیون نے دوبارہ صلح کی درخواست پیش کی،

بربریون کا اسلامی لشکر مین داخلہ

لیکن حسان نے رومیون سے کوئی خطاب کرنے کے بجائے بربریون کی طرف توجہ کی، کیونکہ حسان کو رومیون کی ساری طاقت انھی بربریون کی فوجی تنظیم مین نظر آئی، اس زمانہ مین بربریون کی سیادت ایک ہوشمند عورت کے ہاتھ مین تھی، جو کاہنہ کے لقب سے مشہور تھی، حسان نے اس کاہنہ کو مغلوب کرکے مطیع کیا، اس کاہنہ کے دو اولوالعزم لڑکون کے ہاتھ مین بربریون کی کمان تھی، حسان نے انھین قبول اسلام کے بعد چھ چھ ہزار بربریون کا سردار بناکر اسلامی لشکر مین داخل کرلیا،

بربریون کا اسلامی لشکر مین داخلہ چند شرائط کے ساتھ طے پایا تھا، جنمین اہم شرطین یہ تھین، کہ فوج مین ان کو عربون کے مساوی حقوق حاصل ہون گے، یہ لوگ فتح افریقہ حکومت بیزنطی سے معرکہ آرائی اور

---

[1] ابن اثیر ج ۴ ص ۳۰۰ و ریاض النفوس دراماری ص ۱۷۷،

غیر مطیع بربریون سے جنگ آزما ہونے کیلئے عربون کے دوش بدوش میدان جنگ مین شریک ہون گے،

اس طرح بربریون سے مصالحت ہوجانے سے افریقہ کے سیاسی حالات مین نہایت اہم انقلاب برپا ہوگیا، ایک طرف افریقہ کے غیر مفتوح علاقون کے سر ہونے مین آسانیان پیدا ہوگئین، دوسری طرف بحر روم کی دوسری مہمون خصوصًا حملۂ صقلیہ مین افریقہ سے ایسی امداد حاصل ہوگئی، جس سے ان مہمون کی اہم مشکلات کا خاتمہ ہوگیا، کیونکہ بربری افریقہ کی اصل قوت تھے، اور ان مین کی یہ نمایان جماعت افریقہ مین اسلامی حکومت کے قیام و استحکام کے لئے کافی تھی، بلکہ اگر صرف عربی فوج افریقہ کی بغاوتون سے مطمئن ہوکر صقلیہ کی فوج کشی مین مصروف ہوتی، تو کچھ زیادہ دشواریان نہ تھین مزید برآن بربریون کی شرکت نے اور آسانیان پیدا کردین،

زوال قرطاجنہ اچنانچہ حسان نے ان بربریونکے معاہدہ کے بعد ایک ہی فیصلہ کن جنگ کے بعد حکومت قرطاجنہ کا تختہ الٹ دیا، اور رومیون کی بار بار کی بدعہدی کے باوجود سالانہ خراج کی ادائی کی شرط قبول کرکے امان دیدی، مگر رومیون کی یہ بھی ایک چال تھی، وہ قرطاجنہ کی حفاظت سے مایوس ہوچکے تھے، اور شہر کی پشت کے دروازے پر قطار در قطار رہا ز کھڑے ہوئے ان کے انتظار مین تھے، اور جب کہ فاتحین عرب شب کی تاریک چادر مین منہ لپیٹے غفلت کی نیند سو رہے تھے، رومی شہر کو ویران اور سنسان چھوڑ کر فرور ہونے کی تیاریان کر رہے تھے،

قرطاجنہ کی ویرانی سے صقلیہ کی آبادی | قرطاجنہ عظمت رفتہ کی یادگار تھا، متعدد باعظمت حکومتون فینقیا، قرطاجنہ، روما، اور حکومت بیزنطی کا دارالحکومت رہ چکا تھا، اگرچہ اسکو حوادث کے سینکڑون تھپیڑے لگے اور بار بار لوٹا گیا، خود عربون نے اسکو پائمال کرکے اس کی دولت و ثروت کا ایسا انبار خلیفہ عبدالملک کے دربار مین لگایا، کہ نگاہین خیرہ ہوکر رہ گئین، تاہم، وہ دنیا کی چار عظیم الشان حکومتون کا دارالسلطنت تھا، وہ ہر مرتبہ برباد کیا گیا، مگر ویران اور سنسان نہین ہوا، کسی نے اسکو اس قصد سے نہین لوٹا کہ اس تاریخی شہر کا خاتمہ ہونے والا ہے، اگر غارتگری کی تو حملہ آورون نے، خود یہان کے باشندون نے اسکو اس قصد سے کبھی برباد نہین کیا کہ وہ اس

شہر کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہنے والے ہین، اور اسکی چپہ چپہ مین دولت و ثروت کے جو انبار اور رتہ خانون مین زر و جواہر کے جو ڈھیر پڑے تھے، اور کوؤن مین حملہ آورون کے خوف سے جو دفینہ تہ آب تھا، وہ سب کے سب حملہ آورون کے دسترس سے باہر انھی کے قبضہ مین تھا،

لیکن آج یہ تمام مدفون خزائن اس لئے نکال لئے گئے کہ اس شہر کو ویران چھوڑ کر ہمیشہ کے لئے خالی کر دینا ہے، چنانچہ قرطاجنہ کے تمام لاؤلشکر، سامان جنگ، سامان رسد اور مویشیون کے علاوہ شہر کے تمام قیمتی ذخائر سیم و زر، دولت و ثروت کا سب انبار فاتح عربون کی نگاہ سے اوجھل جہازون پر بار ہوتا ہے اور پھر شہر کا ایک ایک متنفس جہاز پر سوار ہوتا ہے، بیزنطی پرچم، پر عظمت و پر شوکت تاریخی شہر قرطاجنہ کے کے احترام مین آخری سلام کرتے ہوئے جھکتا ہے، اور شب کی تاریکی مین جہازون کے لنگر اٹھائے جاتے ہین، اور بحر روم کی تلاطم خیز موجون کو چیرتے ہوئے صقلیہ کے ساحل پر آکر لنگر انداز ہو جاتے ہین،

سرزمین صقلیہ نے ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا، افریقیہ اور صقلیہ کی متفرق رومی و مسیحی طاقت مجتمع ہو گئی جس کا مقصد ایک متحدہ محاذ بنا کر ان دشمنان دین و ملک عرب کو افریقیہ سے خارج کرنا تھا، چند جہاز اندلس بھی گئے لیکن وہ معدودے چند تھے،

جب حسان صبیح کو شہر مین داخل ہوا، تو سنسان پڑا تھا، اسلامی دارالحکومت قیروان کی بنا پڑ چکی تھی قرطاجنہ کی گلی گلی مین خاک اوڑ رہی تھی، حسان سے جذبہ غضب مین کچھ نہ بنا، شہر کو تباہ و برباد کر ڈالا، اور شہر کی یادگار کے طور پر ایک مسجد تعمیر کر دی[1]،

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو ابن اثیر ج ۴ ص ۳۰۲، کتاب المونس ص ۳۲، تاریخ ابن عذاری ص ۴۶، وریاض النفوس دراماری ص ۱۷۷، ومعرکہ مذہب وسائیس ڈیپر ص ۱۳۸ وغیرہ واقعات کی تفصیل مین کسی قدر اضطراب ہے، جو سب روایتون کو سامنے رکھنے سے دور ہو جاتا ہے ہم نے زوال قرطاجنہ کے حالات سے صرف وہی چیزین اخذ کر لین، جو صقلیہ سے متعلق تھین، کہ دیگر امور کی تفصیل یا تطبیق ہمارے دائرہ بحث سے خارج ہے،

قرطاجنہ کی اس جنگ مین صقلیہ نے نمایان حصہ لیا، اولاً فتح قرطاجنہ کے بعد جب اہل قرطاجنہ نے دوبارہ سر اوٹھایا، اور اس موقع پر رومیون کی جو فوج حسان سے صف آرا ہو کر لڑی اس مین صقلیہ کے جانباز سپاہی بھی تھے، علاوہ ازین اب زوال قرطاجنہ کے بعد صقلیہ بحر روم کے رومیون کا متحدہ مرکز بنگیا لیکن حسان کو زوال قرطاجنہ کے بعد افریقہ کے معاملات سے فرصت نہ مل سکی، کہ صقلیہ کی طرف توجہ کرتا البتہ اس کے عہد حکومت مین صقلیہ کی مہم کے سلسلہ مین چند اہم کام انجام پاگئے، اولاً ٹیونس مین دارالصناعۃ کی بنیاد پڑی، دوسرے بربریون کی آزمودہ فوج بحری حملون کے لئے اسلامی لشکر مین داخل ہوئی، اور تیسرے یہ کہ قرطاجنہ کے زوال سے اولاً افریقہ کی اسلامی حکومت مضبوط ہوگئی، اور اس کے علاوہ اسلامی لشکر کی توجہ اب بحری حملون کے بجائے زیادہ تر بحری حملون کی طرف مبذول ہوگئی،

لیکن قرطاجنہ کی مہم سر ہونے کے بعد قبل اس کے کہ حسان ٹیونس کے دارالصناعۃ کی تکمیل کرکے صقلیہ کی مہم کا آغاز کرے بعض سیاسی حالات پیش آجانے کے باعث اس کا افریقہ کا زمانہ ولایت ختم ہوگیا اور اسکے بجائے یورپ کا مشہور فاتح موسیٰ بن نصیر اس عہدہ پر سرفراز کیا گیا،

دارالصناعۃ کی تکمیل جب موسیٰ بن نصیر کو افریقہ کی لڑائیون کی طرف سے جمعیت خاطر ہوئی تو انھون نے بحری تیاری کے لئے ٹیونس کے دارالصناعۃ کی طرف توجہ کی اور اس کام کو وسیع پیمانہ پر جاری کیا، اسوقت ٹیونس کی اصل آبادی بحر روم سے ۱۲ میل کی دوری پر تھی، موسیٰ نے سب سے پہلے اسی دوری کو دور کیا، اور سمندر کی موجین ٹیونس کی دیوارون سے ٹکرانے لگین، پھر دارالصناعۃ کی تکمیل کے بعد ۸۴ھ مین جہاز سازی شروع ہوئی اور سو جہازون کی تیاری کا حکم صادر کر دیا گیا،[1]

[1] ریاض النفوس در اماری ص ۷۷ و کتاب المونس ص ۷۳، ابن خلدون نے دارالصناعۃ کی تعمیر حسان کی طرف منسوب کیا ہے، اور ریاض النفوس مین موسیٰ بن نصیر کی طرف منسوب ہے ہم نے دونون کی تطبیق یون دی ہو کہ حسان نے اس کا آغاز کیا اور موسیٰ کے ہاتھون پایۂ تکمیل کو پہنچا، کتاب المونس مین "قیل" کہکر اسکو موسیٰ کی طرف منسوب کیا گیا ہے،

تیسرا اور چوتھا حملہ بہ عہد موسیٰ بن نصیر

موسیٰ نے دار الصناعۃ کی تکمیل کے بعد ۸۵ھ مین صقلیہ کی طرف ایک اسلامی بیڑا اپنے لڑکے عبداللہ کی سرکردگی مین روانہ کیا، جو ساحلی شہر کو تاراج کرکے واپس آگیا[1]، پھر چند ہی ماہ بعد ۸۶ھ مین عیاش بن اخیل کی سرکردگی مین صقلیہ پر حملہ آوری کے لئے دوسری فوج روانہ ہوئی، عیاش نے براہ راست صقلیہ کے دار الحکومت سرقوسہ کا رخ کیا، اور معرکہ آرائی کے بعد مال غنیمت کے ساتھ واپس آگیا[2]،

موسیٰ نے ۸۵ھ اور ۸۶ھ کے یہ دونون حملے چھوٹی چھوٹی مہمین بھیج کر آزمایشی طور پر کئے تھے، کیونکہ موسیٰ کے پیش نظر کچھ اور منصوبے تھے، جن کی تفصیل کا یہ موقع نہین، لیکن مشیت ایزدی کو کچھ اور منظور تھا، موسیٰ کے گرد و پیش بعض ایسے حالات جمع ہوگئے کہ اندلس کی مہم کو نامکمل چھوڑ کر افریقیہ واپس آگیا، اور بارگاہ خلافت مین حاضری دینے کے قصد سے دمشق روانہ ہوا، خلیفہ ولید اپنی زندگی کی آخری سانسین لے رہا تھا، اس کے جانشین سلیمان بن عبدالملک اور موسیٰ بن نصیر مین بعض اسباب کی بنا پر باہمی شکر رنجی ہوئی، اور سلیمان نے موسیٰ کے استیصال کا پورا فیصلہ کرلیا، اور اسکے تمام اعزاز و مناصب چھین لئے[3]، اور موسیٰ کے عہدۂ ولایت کے زوال کیساتھ ہی اسکے وہ تمام منصوبے بھی خاک مین مل گئے، اور اسی سے صقلیہ کی مہم بھی ناتمام رہ گئی،

پانچوان حملہ بہ عہد یزید بن ابی مسلم

موسیٰ کے معزول ہونے کے بعد افریقیہ کے سیاسی حالات مین مختلف مد و جزر آئے، اسی سلسلہ مین یزید بن ابی مسلم کاتب حجاج ثقفی ولایت افریقیہ پر سرفراز ہوکر آیا، اس وقت افریقیہ کے حالات کچھ پرسکون تھے، اسلئے اسکو صقلیہ کی مہم یاد آئی، اور ۱۰۲ھ مین محمد بن اوس انصاری

---

[1] دیون صلۃ السمط دراماری ۱۱، ۲۱، کتاب المونس صفحہ ۴۳ [2] البیان المغرب ابن عذاری (ترجمہ اردو) صفحہ ۴۰، ونہایۃ الارب دراماری صفحہ ۴۲۵، دیون صلۃ السمط دراماری ۳۱

[3] ابن اثیر ج ۵ ص ۴۴۷، ۴۴۹،

کی سرکردگی مین ایک بیڑا روانہ کیا لیکن اودھر یہ لشکر روانہ ہوا، اور ادھر والی افریقیہ اپنے بعض ناروا طرز عمل کی پاداش مین قتل کر دیا گیا، اسلئے محمد بن اوس کو عارضی طور پر افریقہ کی زمام حکومت سنبھالنے کیلئے صقلیہ سے واپس چلا آنا پڑا، اس کے قلیل زمانہ قیام صقلیہ مین ایک دو لڑائیان پیش آئین اور کچھ مال غنیمت بھی ہاتھ آیا،[1]

چھٹا حملہ بعہد بشیر بن صفوان | چھٹا حملہ بشیر بن صفوان کلبی کی سرکردگی مین پیش آیا، وہ ۲۱۲ھ مین افریقہ کی ولایت پر آیا، اور صقلیہ کی مہم خود اپنے ہاتھ مین لی ۲۱۳ھ مین بذات خود صقلیہ پر حملہ آور ہوا، اور کثیر مال غنیمت کے ساتھ قیروان واپس آیا،[2]

ساتوان حملہ بعہد عبیدہ بن عبدالرحمن | بشیر بن صفوان کے بجائے ۲۱۱ھ مین عبیدہ بن عبدالرحمن السلمی ولایت افریقیہ پر سرفراز کیا گیا اسکے عہد حکومت مین صقلیہ پر متعدد حملے ہوئے، اس نے سب سے پہلے اسی سال عثمان بن ابی عبیدہ بن عقبہ کی سرکردگی مین ایک بیڑا روانہ کیا، پھر اس کے بعد سات جہازون کا ایک مختصر بیڑا حبیب بن ابی عبیدہ کی معیت مین روانہ کیا، ان دونون نے ملکر صقلیہ پر یورش کی، دولی پسپا ہوئی اور بیڑا کامیاب واپس آگیا،[3]

آٹھوان حملہ | عبیدہ کے عہد حکومت مین اس ابتدائی حملہ کے بعد صقلیہ کی مہم کیلئے ایک عظیم الشان بیڑا ترتیب دیا گیا، جو ۱۰۸ جہازون پر مشتمل تھا، بیڑے کی کمان مستنیر بن الحجاب الحوشی کے سپرد ہوئی، اور یہ بیڑا نہایت جاہ وجلال سے صقلیہ روانہ ہوگیا،

افریقہ کے یہ تمام بیڑے محض عارضی و ہنگامی طور پر بھیجے جاتے تھے، کہ اسلامی مملکت کی متحارب حکومتون کے ممالک محروسہ مین وقتاً فوقتاً عام یورش کی جائے، تاآنکہ وہ عاجز آکر دل متوافقین مین داخل ہوجائین اور مستنیر کا یہ بیڑا بھی اسی غرض سے بھیجا گیا تھا، لیکن مستنیر نے اپنی ناعاقبت اندیشی سے اپنے حملون کو طول دیدیا،

---

[1] البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۵۶ و نہایۃ الارب نویری درماری ۴۲۶ [2] ابن اثیر ج ۵ ص ۱۰۸، البیان المغرب ابن عذاری (ترجمہ اردو) ص ۵۷، نہایۃ الارب درماری ۴۳۶ [3] کتاب المقتفی مقریزی درماری ص ۶۶۱ کتاب المقتفی مقریزی مین جو خود مصنف کے قلم کا نسخہ ہے یہی نام ہے، اور کتاب المونس کے مطبوعہ نسخہ مین "مستنیر بن الحارث" ہے،

اور صقلیہ مین ایک طویل مدت تک ٹھہر گیا، اسی اثنار مین جاڑون کا ایسا موسم آگیا جس مین بادبانی اور پالدار جہازون کا سفر مشکل سے ہوسکتا تھا،

لیکن مستنیر نے بحر روم کے سفر کی مشکلات کو نظرانداز کردیا، اور اسی زمانہ مین جہازون کا لنگر اوٹھا دیا، اور جب وسط سمندر مین پہنچا، تو سمندر کے تلاطم خیز طوفان کا مقابلہ نہ کرسکا، اور موجون کے تھپیڑون سے پورا بیڑا غرقاب ہوگیا، ۸۰ جہازون مین سے صرف ۷ جہاز افتان وخیزان کسی طرح ساحل سے آلگے، اور انھی مین سالار بحر مستنیر کا جہاز بھی تھا، جو طرابلس الغرب کے ساحل سے جالگا تھا،

والی افریقیہ عبیدہ بن عبدالرحمن السلمی پر یہ واقعہ نہایت شاق گذرا، کیونکہ اولاً تو پورا اسلامی بیڑا تباہ وبرباد ہوگیا، اسکے علاوہ اس واقعہ سے سارے افریقیہ مین ایک کہرام مچ گیا، کہ مستنیر کی اس غلطی سے صدہا جانین ضائع ہوگئین،

چنانچہ مستنیر اسی الزام مین گرفتار کرلیا گیا، اور حاکم طرابلس یزید بن مسلم کندی نے والی افریقیہ کے ایما سے محفوظون کے ساتھ اسکو دارالحکومت قیروان بھیج دیا جہان اوسکو اس جرم مین سزاے تازیانہ اور حبس دوام کی سزا ملی، کہ وہ حکومت کے ہدایات کے برخلاف صقلیہ مین زیادہ دنون تک ٹھہر گیا، اور باوجودیکہ جاڑون کا موسم آچکا تھا، اور اس زمانہ مین سمندر کا راستہ نہایت پرخطر تھا، لیکن وہ انھی حالات مین پوری فوج کو لیکر وہان سے روانہ ہوگیا، اور سارا بیڑا تباہ وبرباد کرڈالا، اور نیز باشندگان قیروان کے جذبات مشتعل کرنے کیلئے اسکی پاداش مین قیروان مین اسکی تشہیر کیگئی، اور بڑی بڑی سڑکون پر اسکو پابجولان گشت کرایا گیا، اور پھر اس سخت سزا کے بعد عمر بھر کیلئے قید خانہ مین ڈالدیا گیا[1]،

نوان حملہ | اس کے بعد عبیدہ کے عہد حکومت مین صقلیہ پر چند اور حملے ہوئے، ۱۱۲ھ مین ثابت بن خشیم اردنی

[1] کتاب المقفی مقریزی دراماری ص ۶۶۱ و کتاب الموئس ص ۷۸ مستنیر عبیدہ کے عہد ولایت تک جیل مین پڑا رہا پھر اس کے جانشین والی نے اسکی سزا مین تخفیف کرکے اسکو رہا کردیا،

کی سرکردگی مین ایک بیڑا روانہ کیا گیا، جو فائز المرام ہو کر مال غنیمت اور قیدیون کو لئے ہوئے صحیح و سالم واپس آگیا[1]،

دسوان حملہ | اسی اثنار مین خلیفہ ہشام بن عبدالملک نے بحر روم کی طرف توجہ کی، اور یہان کے جزائر پر حملہ آوری کیلئے ایک تجربہ کار قائد عبدالملک بن قطن کو مامور کیا[2]، وہ دارالخلافت دمشق سے افریقیہ آیا، اور یہان سے ۱۱۴ھ مین صقلیہ روانہ ہوا، اوس کو بھی خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی، اور وہان سے افریقیہ لوٹ آیا،

گیارہوان حملہ | اسی طرح ۱۱۵ھ مین بکر بن سوید کی سپہ سالاری مین ایک بیڑا صقلیہ بھیجا گیا، لیکن

بعہد عقبہ بن قدامہ | اس مرتبہ رومی پہلے سے تیار بیٹھے تھے جم کے مقابلہ کیا، اسلامی بیڑے پر منجنیقون سے آگ برسائی، اور اس کو پسپا ہونا پڑا، بالآخر وہ ناکام و نامراد افریقیہ واپس چلا آیا[3]،

۱۱۵ھ کی یہ مہم ایسے وقت صقلیہ روانہ ہوئی تھی، جب عبیدہ ولایت افریقیہ سے معزول ہو کر دمشق روانہ ہو چکا تھا، اور اس کے بجائے عقبہ بن قدامہ تجیبی بطور قائم مقام والی خدمات انجام دے رہا تھا، اس لئے ۱۱۵ھ کی اس ناکامی کے جواب مین کوئی فوری پیشقدمی نہین کیگئی، لیکن سنہ ۱۱۰ھ سے ۱۱۵ھ تک جو پے در پے حملے ہوئے، وہ خود اس کی خبر دے رہے تھے، کہ صقلیہ کی مہم کا کوئی نہ کوئی، اصلی محل عقریب ظہور پذیر ہونے والا ہے،

بارہوان حملہ بعہد عبیداللہ بن الحجاب | چنانچہ جب ۱۱۶ھ مین عبیدہ بن عبدالرحمن کے بجائے عبیداللہ بن الحجاب عہدۂ ولایت پر مقرر ہو کر افریقیہ پہنچا، تو اس نے سب سے پہلے دارالصناعۃ تیونس کی طرف توجہ کی[4]، اور اپنا بحری مرکز درست کر کے فوجکشی کی تیاریان کرنے لگا،

---

[1] کتاب المقتفی مقریزی درامار ی ص ۶۶۲، [2] کتاب المسالک والممالک ابی عبید البکری درامار ی ص ۱۳۳، [3] کتاب المقتفی مقریزی درامار ی ص ۶۶۲، [4] البیان المغرب (ترجمہ اردو) صفحہ ۶۰،

چنانچہ اس نے سب سے پہلے اسی سال ۱۱۶ھ/۷۳۴ء مین ایک عظیم الشان لشکر ترتیب دیکر صقلیہ روانہ کیا، یہ لشکر ابھی راستہ ہی مین تھا کہ ایک رومی بیڑے سے مڈبھیڑ ہوگئی، اور وسط سمندر مین دونون مین خونریز جنگ برپا ہوگئی، رومیون نے شکست کھائی، اوران کے بہت سے آدمی کام آئے اور پسپا ہوکر واپس لوٹ گئے، لیکن اتفاق سے واپسی مین مسلمانون کی ایک جماعت ان کے ہاتھ آگئی تھی، اس کو گرفتار کرکے اپنے ساتھ لیتے گئے، انھی مین عبدالرحمن بن ابی زیاد بھی تھے جو رومیون کے یہان ۱۳۱ھ/۷۴۸ء تک مقید رہے[1]

تیرھوان حملہ ابوفتح سیراکیوز | عبیداللہ والی افریقہ نے اس بحری جنگ کے بعد صقلیہ کی مہم کیلئے پھر ایک عظیم الشان لشکر تیار کیا، جسکی کمان افریقہ کے ایک مشہور قائد حبیب بن ابی عبیدہ کے سپرد ہوئی، حبیب عقبہ بن نافع فہری کے خاندان کا چشم وچراغ تھا، اوراس سے پہلے اہم مہمون سرانجام دے چکا تھا، لشکر مین حبیب کا نوجوان لڑکا عبدالرحمن بھی تھا،

یہ لشکر ۱۲۲ھ/۷۳۹ء مین افریقہ سے روانہ ہوا، اور صقلیہ کے تمام شہرون کو چھوڑکر اسکے دارالحکومت سیراکیوز کے ساحل پر لنگرانداز ہوگیا، حبیب کے جوانمرد لڑکے عبدالرحمن نے فوج کا ایک دستہ ساتھ لیا، اور جہازسے اوترکر خشکی پر قدم رکھا، رومیون نے بڑھ کر مقابلہ کیا، اور دونون فوجون مین پے درپے لڑائی ہوتی گئی، اور عبدالرحمن ہرمعرکہ مین کامیاب وکامران آگے بڑھتا گیا، یہان تک کہ شہر پناہ کا پھاٹک سامنے آگیا، رومی پسپا ہوکر محصور ہوگئے، عبدالرحمن نے حیدر کرار کی سنت تازہ کی، اور پھاٹک پر اپنی شمشیر آبدار سے ایسا بھرپور وار کیا، کہ وہ دو ٹکڑے ہوکر الگ جا گرا، اور اسلامی لشکر جوش وخروش سے شہر مین فاتحانہ داخل ہوگیا،

سیراکیوز کا باجگذار بننا، | رومیون نے ہتھیار ڈالدیئے، اور اسلامی سپہ سالار کے سامنے سراطاعت خم کرکے طالب امان ہوئے اور اسی کے ساتھ آج صقلیہ کی تمام مہمون کا اصلی مقصد سامنے آگیا، اور جو ۳۳ھ/۶۵۳ء

[1] ابن اثیر ج ۵ ص ۱۳۷،

سے شروع ہوئی تھی، آج ۲۱۲ھ مین اس کا ایک حصہ انجام کو پہنچا، عبدالرحمن فاتح سرقوسہ نے جزیہ کی ایک رقم متعین کی، حکومت صقلیہ نے اس کی ادائی کا وعدہ کیا، اور اسی تاریخ سے حکومت صقلیہ اسلامی حکومت کے دول متوافقین مین شامل ہو کر مسلمانون کی باجگذار بنی،

سیراکیوز کے قبول جزیہ کے باوجود صقلیہ کے دوسرے شہرون کا سرکش رہنا

سرقوسہ (سیراکیوز) حکومت بیزنطی صقلیہ کا دارالحکومت تھا، اسلئے اسکی اطاعت کے معنی اصولاً جزیرہ صقلیہ کی اطاعت کے ہین، لیکن اس زمانہ مین یورپ کی حکومتون اور ان کے مقبوضہ شہرون کے تعلقات دور حاضر سے بڑی حد تک مختلف تھے، اس زمانہ مین عہد قدیم کی طرح ہر ایک شہر انفرادی حیثیت سے بھی آزاد ہوتا، اس کا مستقل فوجی نظام ہوتا، الگ مستحکم قلعے ہوتے، جداگانہ نظام خراج ہوتا، اور ہر ایک شہر کو اپنی حفاظت کا پورا سامان خود بہم پہنچانا ہوتا، اس لئے ضروری نہ تھا کہ مرکزی حکومت نے جو معاہدہ کسی فریق سے کر لیا ہو اس کی پابندی تمام شہرون پر عائد ہو جائے،

خصوصاً جس زمانہ مین سرقوسہ نے اسلامی حکومت افریقہ کے سامنے سر اطاعت خم کیا، سرزمین صقلیہ اسی قسم کے ابتر حالات مین مبتلا ہو گئی تھی چنانچہ وہان کی حکومت بیزنطی کا مرکزی نظام حکومت قائم تھا، قسطین دوم نے وہان جو اصلاحات رائج کی تھین وہ شاہان بیزنطی کی غفلت شعاری سے مٹ چکی تھین صرف برائے نام مرکزی حکومت کی ایک شکل قائم تھی، ورنہ ہر ایک شہر کو جداگانہ آزادی و خود مختاری حاصل تھی، مثلاً اکثر ایسا ہوتا کہ جنوبی اٹلی کی کسی ایک حکومت اور صقلیہ کے کسی ایک شہر سے معاہدہ ہو جاتا، اور دونون کے دوستانہ مراسم قائم ہوتے، اس کے باوجود جنوبی اٹلی کی وہی حکومت صقلیہ کے کسی دوسرے شہر پر حملہ آور ہو کر جنگ آزمائی مین مصروف ہوتی،

اس لئے درحقیقت اسلامی حکومت کیلئے سرقوسہ کی مہم سرانجام پا جانے سے صقلیہ کی اصل مہم تکمیل کو نہین پہنچی تھی، کیونکہ یہ ضروری نہ تھا کہ سرقوسہ کے معاہدۂ ادائے جزیہ کو صقلیہ کے دوسرے شہر بھی قبول کر لین، یا جزیہ کی اس رقم مین اولاً حسب سدی شرکت کرین، اور جزیہ کی ادائی سے جو ذمہ داریان

اور شرطین دونون حکومتون پر عائد ہوتی ہین، ان کی پابندی کرین،

صقلیہ کے دوسرے شہرون کو مطیع کرنے کے منصوبے

اس لئے اطاعت سیراکیوز کے باوجود صقلیہ کی مہم انجام کو نہین پہنچی تھی اگرچہ اب سرقوسہ کے مطیع ہوجانے سے جزیرہ پر انھین ایسے مواقع حاصل ہوگئے، کہ وہ خشکی پر مزید پیشقدمی کا اہتمام کرین، اور دوسرے شہرکو بآسانی مغلوب کرلین، اور علاوہ ازین یہ امر واقعہ ضرور تھا، کہ جب جزیرہ کا صدر مقام حلقۂ اطاعت مین داخل ہوچکا تھا، تو دوسرے شہرون کو زیر کرنے مین وشوار ان کا زیادہ سامنا نہ تھا،

افریقہ مین بغاوت کا پھیلنا اور صقلیہ سے اسلامی لشکر کی واپسی

چنانچہ موخین متفقہ طور پر لکھتے ہین کہ اسلامی فوج کے سپہ سالار حبیب نے اسی قصد سے سرقوسہ مین قیام کیا، کہ وہ جزیرہ کو پورے طور پر مطیع کرکے افریقہ واپس جائے لیکن مشیت ایزدی کو یہ منظور نہ تھا، اسی زمانہ مین جب وہ صقلیہ کے دوسرے شہرون کو مغلوب کرنے کی فکر مین تھا کہ افریقہ سے بغاوت کے پھیلنے کی خبر آئی،

افریقہ کی اس بغاوت کا ایک بڑا سبب صقلیہ کی یہ مہم بھی تھی، کیونکہ اسوقت فوج کے چیدہ افسر اور اسلامی لشکر کا معتدبہ حصہ صقلیہ کی مہم مین مصروف تھا، اتفاق سے اہل طنجہ عبیداللہ بن الحجاب والی افریقہ سے ناراض بیٹھے تھے، موقع کو مغتنم سمجھا، اور علم بغاوت بلند کردیا، اور یہ بغاوت نہ صرف والی افریقہ کے برخلاف تھی، بلکہ خلیفہ اموی کے مقابلہ مین میسرہ نامی ایک سقہ کو امیرالمومنین کا خطاب دیکر خلیفہ بنادیا گیا،

اور اس بنا پر میسرہ کے مقابلہ کے لئے ابن الحجاب نے صقلیہ سے حبیب کو واپس بلالیا، چنانچہ ابن اثیر لکھتا ہے:-

جب بربر نے حبیب بن ابی عبیدہ کے صقلیہ کی فوجکشی کا حال سنا تو طیش مین آگئے، اور ابن الحجاب کے معاہدہ کو توڑدیا، اور میسرہ کے ہاتھ پر خلافت کی بیعت کرلی اور اسکو امیرالمومنین کا لقب دیدیا، اس لئے ابن الحجاب نے

حبیب کے پاس صقلیہ پیغام بھیجا، اور مسیرہ سقم کے مقابلہ کے لئے اس کو واپس بلالیا، کیونکہ یہ واقعہ نہایت عظیم الشان پیش آگیا تھا،

چنانچہ حبیب کے تمام منصوبے خاک مین مل گئے، اور وہ اپنا ارادہ ملتوی کرکے افریقہ لوٹ آیا[1] اس کے بعد افریقہ کے سیاسی حالات مین ایسا دور فتن آیا، کہ کچھ دنون کے لئے اس قسم کی تمام پیشقدمیان آپ سے آپ موقوف ہوگئین،

افریقہ مین دور اختلال اور اس کا اثر صقلیہ کی مہمون پر سنہ ۱۲۲ھ - سنہ ۱۴۴ھ

صقلیہ کی اس آخری مہم کے ساتھ افریقہ مین بغاوت کا جو علم بلند ہوا، اسکو حبیب بن ابی عبیدہ بھی اپنی واپسی سے سرنگون نہ کرسکا، بلکہ باغی روز بروز قوت پکڑتے گئے، چنانچہ ۱۲۳ھ مین جب عبیداللہ بن الحجاب بغاوت فرو کرنے سے عاجز آگیا، تو اسکے بجائے کلثوم بن عیاض القشیری بربریون کی سرکوبی کیلئے ایک عظیم الشان لشکر کے ساتھ افریقہ آیا، لیکن وہ بھی میدان جنگ مین قتل کیا گیا، اور اس کے ساتھ حبیب بن ابی عبیدہ فاتح صقلیہ بھی کام آیا،

اس کے بعد ۱۲۴ھ مین حنظلہ بن صفوان الکلبی ولایت افریقہ پر آیا، اور وہ صوبہ مین امن و امان قائم کرنے مین بڑی حد تک کامیاب ہوچکا تھا، کہ خود خلفای بنی امیہ کا ستارہ اقبال ڈوبنے لگا، حکومت کا تختہ الٹنے کی جو منظم کوششین تھین، وہ کامیاب ہوتی ہوئی نظر آئین، ممالک محروسہ کے چپہ چپہ مین علم بغاوت بلند ہوگیا اور خود خاندان بنی امیہ کے دعویداران خلافت کی باہمی کشمکش سے اس کا رہا سہا اعتماد بھی زائل ہونے لگا چنانچہ ابھی دمشق مین خلافت امویہ کا علمبردار اپنی آخری سانسین لے رہا تھا، کہ افریقہ نے خلافت امویہ کا جوا اوتار کر پھینک دیا، اور فاتح سرقوسہ عبدالرحمن بن حبیب بن ابی عبیدہ نے افریقہ پر چڑھائی کرکے حنظلہ بن صفوان کو معزول کیا، اور اپنی خود مختار حکومت کا اعلان کردیا،

---

[1] ابن اثیر ج ۵ ص ۱۴۱، ۱۴۲، حوادث سنہ ۱۲۲ھ، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۸۹، کتاب المونس ص ۹۳، نہایۃ الارب نویری در اداری ۴۲۶ البیان المغرب ابن غذاری در اداری ۵۲ ان سب بیانات کو سامنے رکھ کر واقعہ کو مرتب شکل مین پیش کیا گیا ہے،

لیکن اسوقت عبدالرحمن کا مقصود بنو امیہ کے خلاف علم بغاوت بلند کرنا نہ تھا، بلکہ محض ولایت افریقیہ پر اپنا قبضہ و اقتدار قائم کرنا تھا، عبدالرحمن نے اگرچہ اپنی حکومت کا اعلان کر دیا تھا لیکن ابھی خود اسکی بنیاد ایسی مستحکم نہ تھی، کہ افریقیہ کی داخلی بغاوتون کے ساتھ سیفائدہ مرکزی اسلامی حکومت کو بھی اپنا دشمن بنالے، چنانچہ جب چند ہی دن کے بعد اسی سال دولت بنی امیہ کو زوال آیا، اور ان کا مٹتا ہوا چراغ بھی ہمیشہ کے لئے گل ہو گیا، اور ان کے جانشین خلفائے عباسی سریر آرائے خلافت ہوئے، تو عبدالرحمن نے نہایت خاموشی سے اطاعت و انقیاد کی نام نہاد رسم ادا کر دی، اور خلیفہ عباسی سفاح کا نام رسمی طور پر خطبہ مین جاری کر دیا،

اسوقت عبدالرحمن کی ساری توجہ ممالک مغرب کے مطیع و زیر نگین کرنے پر مرکوز تھی، چنانچہ جب اسکو سرزمین افریقیہ مین پوری کامیابی حاصل ہو گئی، اور شمالی افریقیہ کی اسلامی مملکت کے چپہ چپہ نے اطاعت قبول کر لی[1]، تو اسکو اپنا مفتوح جزیرہ صقلیہ یاد آیا،

سیراکیوز کا ادائے جزیہ سے انکار کرنا اور صقلیہ پر چڑھ آنا

افریقیہ مین ۱۳۲ھ/۷۴۹ء سے جو حالات پیدا ہو گئے تھے ان سے حکومت صقلیہ نے فائدہ اوٹھاکر اپنے جزیہ کی موعودہ رقم ارسال نہین کی جو اس پر واجب الادا تھی اسلئے عبدالرحمن فاتح سرقوسہ نے افریقیہ مین قیام امن کے بعد ۱۳۵ھ/۷۵۲ء مین صقلیہ پر حملہ کیا، جو نہایت کامیاب ہوا اور ابن اثیر اور نویری وغیرہ کے بیان کے مطابق یہ صقلیہ کی ایسی کامیاب مہم تھی جسکی اس کے ابتدائی حملون مین کوئی نظیر نہین ملتی، اور جب وہ افریقیہ لوٹا ہے تو مال غنیمت اور قیدیون کی ایک کثیر تعداد اسکے ساتھ تھی،

حکومت صقلیہ کا جزیہ قبول کرنا

عبدالرحمن نے اس مہم مین حکومت صقلیہ کو ادائے جزیہ پر پھر مجبور کر دیا، اور انھی شرائط پر وہان سے واپس آیا،

---

[1] ابن اثیر ج ۵ ص ۲۳۷،

سردانیہ کا جزیہ قبول کرنا

پھر عبدالرحمن نے ۱۳۵ھ مین حکومت میورقہ کے دوسرے بحری مرکز سردانیہ پر فوجکشی کی، اور وہان بھی جزیہ کی ادائی پر مصالحت ہوگئی،[1]

عہد عباسیہ مین صقلیہ و سردانیہ پر یہ سب سے پہلا حملہ تھا جس نے ان جزیرون کو اصولاً حکومت عباسیہ کا باجگذار بنا دیا، اور اگر افریقہ کے سیاسی حالات مین پھر کوئی نیا انقلاب نہ ہوتا، تو کوئی وجہ نہ تھی، کہ یہ جزیرے اپنی باجگذاری پر برابر ثابت قدم نہ رہتے،

افریقہ مین بناوتین اور حکومت کے مختلف انقلابات

مگر ان دنون افریقہ کے سیاسی حالات کچھ ایسے ہو رہے تھے کہ چند سال بھی کوئی یکسان نظام قائم نہ رہ سکا، اولاً جب منصور خلیفہ عباسی کا دور آیا، تو اس نے بھی عبدالرحمن کو بدستور ولایت پر قائم رکھا، لیکن پھر دونون مین بعض وجوہ کی بنا پر ایسے اختلافات پیدا ہوگئے کہ عبدالرحمن نے اسکی اطاعت سے انحراف کرکے اپنی خود مختاری کا اعلان کردیا، چنانچہ ۱۴۰ھ سے ۱۷۶ھ تک افریقہ مین عبدالرحمن کے خاندان کی حکومت قائم رہی، پھر اس کے خاندان کا استیصال ہوا، اور عام طوائف الملوکی پھیل گئی،

یہان تک کہ جب خلافت عباسیہ کو اپنے شرقی معاملات سے فرصت ملی تو اس طرف بھی توجہ کیگئی، اور ایک دو سال کی معرکہ آرائی کے بعد ۱۴۳ھ مین محمد بن اشعث خزاعی افریقہ آیا اور ۱۴۴ھ تک تمام خارجیون اور بربریون کا قلع قمع کرکے کامل امن و امان قائم کردیا، لیکن ابھی وہ افریقہ کے معاملات کو درست اصلاح لانے مین مصروف تھا، کہ اسکو بعض سیاسی غلطی کی پاداش مین ولایت افریقہ سے دستبردار ہونا پڑا، اور اواخر ۱۴۷ھ مین افریقہ سے دارالخلافت کو روانہ ہوگیا، اور یہان کی زمام

[1] ابن اثیر ج ۵ ص ۳۴۹ ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۰ نہایۃ الارب نویری در اماری ص ۴۲۶، ابن عذاری ترجمہ ص ۸۱، اس موقع پر ابن اثیر مین عبدالرحمن کے بجائے عبداللہ ہے، جو مسامحت پر مبنی ہے، نیز نویری نے حملہ کا سال ۱۳۱ھ لکھا ہے، یہ بھی صحیح نہین،

حکومت عارضی طور پر عیسیٰ بن موسیٰ الخراسانی نے اپنے ہاتھ مین لی، اس کے بعد ربیع الاول ۱۴۸ھ مین بارگاہ خلافت سے **اغلب التمیمی** ولایت افریقہ پر سرفراز ہوکر یہان داخل ہوا، اور زمام حکومت اپنے ہاتھ مین لی، لیکن شعبان ۱۵۰ھ مین ایک بغاوت کو فرو کرتے ہوئے میدان جنگ مین یہ بھی کام آگیا،

اغلب کی وفات کے بعد اسکے اہل وعیال نے افریقہ مین سکونت اختیار کرلی لیکن ان مین کوئی بھی ایسا نہ تھا جو اسکی جانشینی کے بارگران کو سنبھال سکتا، اس لئے خلیفۂ وقت کی طرف سے دوسرا والی مقرر ہوکر آیا، لیکن افریقہ کی بغاوت و بدامنی بدستور جاری رہی، مرکزی حکومت نے امن و امان کی قیام کی بہترین صورتین اختیار کین، اور ایک مستقل خاندان آل مہلب کو یہان کی حکومت تفویض کردی، مگر پھر بھی ۱۵۱ھ سے ۲۰۳ھ تک مختلف سالون مین ۱۸ ولاۃ مقرر ہوئے، اور ان مین سے اکثر کو بغاوتون کا سامنا کرنا پڑا، اور بعض کو اپنی قیمتی جان بھی نذر کرنی پڑی،

چنانچہ ۱۸۳ھ مین جسوقت کہ محمد بن مقاتل العکی افریقہ کا والی تھا، ایک باغی سردار تمام بن تمیم التمیمی نے ایسی یورش کی کہ دارالحکومت قیروان پر قابض ہوگیا، محمد بن مقاتل افریقہ کی ولایت سے دستبردار ہوکر اوس باغی سے طالب امان ہوکر جان بخشی کرائی، اور پورے افریقہ مین نہایت ابتری پھیل گئی،

اسی زمانہ مین اغلب کا بڑا لڑکا ابراہیم زاب کا حاکم تھا، قیروان کے یہ حالات دیکھ کر فوج لیکر آگے بڑھا، تمام سے قیروان خالی کرایا، پھر پورے صوبہ کو زیر نگین کیا، اس کے بعد کمال دیانت داری و دانائی و فرزانگی سے افریقہ کی زمام حکومت سابق والی افریقہ محمد بن مقاتل کے ہاتھ مین دیدی، اور تمام افریقہ مین امن وامان قائم ہوگیا،

لیکن محمد بن مقاتل کچھ زیادہ دنون افریقہ مین قیام نہ کرسکا، اور سیاسی صورت حال ایسی پیش آگئی، کہ وہ بارگاہ خلافت مین طلب کرلیا گیا، اور خلیفہ ہارون رشید نے ۱۸۴ھ مین افریقہ کی زمام

حکومت ابراہیم بن اغلب کے حسن خدمت کے اعتراف مین اسی کے سپرد کر دیگئی۔[1]

افریقہ کی بغاوتون کے زمانہ مین صقلیہ کی جنگی تیاریان

۱۳۵ھ/۷۵۲ء سے ۱۸۴ھ/۸۰۰ء تک جو سیاسی ہیجان رہا، اس سے صقلیہ کے حالات مین بھی ایک نیا انقلاب برپا ہوگیا، کیونکہ افریقہ کا یہ مختصر دور فتن حکومت صقلیہ کیلئے نہایت کارآمد ثابت ہوا، اور اسی مختصر زمانہ مین صقلیہ نے اپنے وہ تمام منصوبے نہایت حسن و خوبی سے پورے کرلئے جن کی قسطین دوم نے یہان داغ بیل ڈالی تھی لیکن مسلمانون کے پے در پے حملون سے صقلیہ کو سر اٹھانے کا موقع نہین ملتا تھا، کہ وہ قسطینہ کی حکمت عملی کو پورا کرنے کی کوشش کرتا،

چنانچہ افریقہ کے اسی دور اختلال مین حکومت صقلیہ نے اپنی مکمل حفاظتی تدبیرین انجام دین، فوجون کا مرتب نظام قائم ہوا، شہرون کے شہر پناہ اور جہازون کے بندرگاہ کی درستی کے ساتھ قلعون کو نئے سرے سے مستحکم کیا گیا، اور حفاظت کی تمام صورتین اختیار کرکے ان کی نہایت مستعدی سے نگہداشت شروع ہوئی، اور پھر ہر سال جہاز پر سوار ہوکر جزیرہ کے گرداگرد گشت لگانے، اور اپنے تمام استحکام کی دیکھ بھال کرنے کا خاص اہتمام کیا گیا، اسی طرح اندرون جزیرہ کو پوری طرح مسلح کرلیا گیا، صقلیہ مین قلعون کی کمی نہین تھی، قدم قدم پر سر بفلک قلعے کھڑے تھے، لیکن آبادی کی کمی کے باعث اور نیز حکومت کی غفلت شعاری سے غیر آباد پڑے تھے، اگرچہ ان مین سے چند قلعے مسلمانون کے فتح افریقہ کے وقت بھی آباد ہو چکے تھے[2]، تاہم ابھی ایسے قلعون کی کثیر تعداد تھی، جو ویران اور سنسان پڑے تھے، چنانچہ اب اس موقع پر ان کے آباد ہونے کی باری آئی، اور ایک ایک قلعہ آباد کردیا گیا، علاوہ ازین جا بجا جنگی ضرورتون سے قلعے بھی تعمیر کئے گئے، یہان تک کہ مشکل سے صقلیہ کی کوئی ایسی پہاڑی باقی رہ گئی ہو، جس پر قلعہ کی سر بفلک دیوار کھڑی نہ کردیگئی ہو، چنانچہ نویری مسلمانون کے ۱۳۵ھ/۷۵۲ء کے حملہ کا تذکرہ کرکے افریقہ کے دو رفتن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے

[1] ان واقعات کی تفصیل کیلئے دیکھو ابن اثیر ج ۶ ص ۹۲ تا ۹۶، کتاب الموئس ص ۴۶، البیان المغرب ابن عذاری (ترجمہ) ص ۸۴ تا ۱۰۲، معجم البلدان ج ۵ ص ۳۷۴،

ان استحکامات کا یون ذکر کرتا ہی:-

"اور افریقہ کے ولاۃ اون فتنہ و فساد کے دور کرنے مین لگ گئے جن کا تذکرہ ہم پہلے کر چکے ہین، اس طرح باشندگان جزیرہ صقلیہ مامون و محفوظ ہوگئے، اور اس کو ہر چہار جانب سے مستحکم کر لیا اور قلعے پر قلعے تعمیر کر لئے، یہان تک کہ ایسی کوئی پہاڑی باقی نہ چھوڑی جس پر قلعہ تعمیر کر لیا ہو"[1]

صقلیہ کے ان جدید استحکامات کے بعد رومیون کو مزید حوصلہ ہوا، اور انھون نے اپنی حفاظت سے تجاوز کر کے بحر روم مین غارت گری شروع کر دی، مسلمانون کے تجارتی جہاز اب ان کے رحم و کرم پر تھے، وہ آزادی سے اون پر چھاپے مارتے، اور جہازون کے جہاز لوٹ لیتے، ابن اثیر صقلیہ کے استحکام کو ان الفاظ مین بیان کرتے ہوئے اون کی غارت گری کی طرف یون اشارہ کرتا ہے:-

"اور افریقہ کے ولاۃ بربر کے فتنہ و فساد مین مصروف ہوگئے تو صقلیہ محفوظ ہوگیا، اور رومیون نے اوس کو ہر طرف سے مستحکم کر لیا، اور اس مین قلعے اور شہر پناہ تعمیر کر لئے، اور اب ہر سال جہازون پر سوار ہو کر نکلتے، اور جزیرہ کے چارون طرف گھوم کر فوجی نقطۂ نظر سے جہان کمزوریان دیکھتے دور کر دیتے، اور جب مسلمان تاجرون کے جہاز دیکھ لیتے تو انھین گرفتار کر لیتے"[2]

چنانچہ رفتہ رفتہ صقلیہ کے رومی بیڑون کو بحر روم مین نمایان تفوق حاصل ہوگیا، اور اب وہ ایک طرف افریقہ کی اسلامی آبادی پر چھاپے مارتے، تو دوسری طرف یورپ کے دوسرے علاقون مین بھی غارتگری کرتے، اور اسلامی مرکزی حکومت بغداد کے جنگی بیڑون کے پہلو بہ پہلو مساویانہ طور پر بحر روم مین گشت کرتے، اور یورپ کے ایسے ممالک پر جن سے خلافت عباسیہ اور صقلیہ کی رومی حکومت

[1] نہایۃ الارب در اخبار فارس ص ۴۲۶، [2] ابن اثیر جلد ۵ ص ۳۳۱،

دونوں کو اختلاف تھا متفقہ حملے بھی کرتے، چنانچہ ۱۹۲ھ کے موسم سرما میں مرکزی حکومت بغداد کا ایک بیڑا اسیمان بن راشد (جو ہارون رشید کے عہد میں محکمۂ خراج کا افسر اعلیٰ تھا) کی سرکردگی میں بحر روم میں گشت کر رہا تھا صقلیہ کے رومی بیڑے نے اس سے متحد ہو کر یورپ کے بعض دوسرے علاقہ پر غارت گری کی[۱]

[۱] ابن اثیر ج ۶ ص ۱۰۰، ۱۴۸، ۱۰۔

دولتِ اغالبہ افریقیہ

۱۸۴ھ تا ۲۹۶ھ
۸۰۰ء تا ۹۰۸ء

ابراہیم بن اغلب

۱۸۴ھ تا ۱۹۶ھ
۸۰۰ء تا ۸۱۱ء

افریقہ مین حکومت اغلبیہ کا قیام

دولتِ اغالبہ افریقیہ کے بانی ابراہیم بن اغلب نے ۱۸۴ھ مین افریقیہ کی زمامِ حکومت اپنے ہاتھ مین لی، اور ملکی نظم ونسق مین مصروف ہوگیا، اسکی حکومت کے قیام کے بعد سے افریقیہ کی ایک جدید تاریخ شروع ہوتی ہے، اور اسی کے ماتحت صقلیہ کی اسلامی تاریخ ہے، اس لئے یہان اولاً افریقیہ کی دولت اغالبہ کا سمجھ لینا ضروری ہے، قیام دولت اغالبہ کے پیشتر تک خلفائے عباسیہ کو افریقیہ کی اسلامی حکومت سے کسی قسم کا کوئی مالی انتفاع حاصل نہ تھا، بلکہ خود اس صوبہ کو جس پر صرف مصر کی سرحد کی حفاظت کے لئے اقتدار قائم رکھنا ضروری سمجھا جاتا تھا، خزانہ مصر سے سالانہ ایک لاکھ دینار ادا کئے جاتے جن سے یہان امن وامان قائم رکھا جاتا تھا،

ابراہیم اغلبی نے افریقیہ کو ایک آزاد صوبہ کی حیثیت مین لانے کیلئے اس رسم کو ترک کرنا چاہا، اور عہدۂ ولایت کا انتظام ہاتھ مین لینے سے پیشتر ہی خلیفہ ہارون رشید سے خزانہ مصر سے اس رقم کے بند کرادینے، مزید برآن حکومت افریقیہ سے سالانہ چالیس ہزار دینار قبول کرنے کی استدعا کی، ہارون رشید

نے یہ تجویز خوشی سے منظور کرلی[1] اور اس پر عملدرآمد جاری ہوگیا، اسلئے درحقیقت افریقیہ کی مستقل اسلامی حکومت کی بنیاد اسی ابراہیم اغلبی کے ہاتھوں قائم ہوتی ہے،

ابراہیم عہدہ ولایت قبول کرنے کے بعد ہی اپنی دانائی و خوش تدبیری سے افریقیہ میں ایک مستقل جداگانہ نظام حکومت قائم کرنے میں کامیاب ہوگیا، اور اپنے پورے دور حکومت میں افریقیہ کے نظم و نسق میں مصروف رہا، یہاں تک کہ ۱۹۶ھ میں اس نے وفات پائی، اور اس کے بجائے اس کا لڑکا ابوالعباس عبداللہ اس کا جانشین قرار پایا، کیونکہ خلافت عباسیہ نے ابراہیم کی خدمات کے صلہ میں افریقیہ کی حکومت اسکے خاندان کیلئے موروثی قرار دیدی تھی،

اغالبہ کا عروج یہ وعدہ تھی کہ افریقیہ کے یہ اغلبی ولاۃ رفتہ رفتہ اس قدر مطلق العنان فرمانروا ثابت ہوئے کہ یہ ظاہر اس کے آزاد و خودمختار حکومت ہونے میں کوئی شبہہ نہ رہا، اگرچہ اغالبہ نے کبھی بھی اپنی خودمختاری کا اعلان نہیں کیا، لیکن معنا یہاں کی خودمختار حکومت قائم تھی، جسکو اپنے داخلی و خارجی نظام سیاست میں پوری آزادی حاصل تھی، صرف تخت نشینی کے بعد خلیفہ عباسی سے ضابطہ کی منظوری حاصل کیجاتی اور اغالبہ کے پورے دور حکومت میں بجز چند مخصوص موقعوں کے کبھی بھی ایسا نہیں ہوا کہ خلفاء عباسیہ کے معاملات میں مداخلت کرتے، وہ صرف خانوادہ کے باہمی تصفیہ سے فرمانروایان اغالبہ کے تخت نشین ہوجانے کے بعد ان کے عزل و نصب کی تصدیق کردیتے، اور انھیں وہ سالانہ خراج برابر ادا کیا جاتا، جو دارالخلافت کیلئے مقرر ہوچکا تھا، اس کے ساتھ اغالبہ کے تمام ممالک محروسہ میں خطبہ میں خلیفہ عباسی کے نام کے پہلو بہ پہلو تا ہنوز اغلبی کا نام بھی شامل ہوتا، اور خطبہ میں یکے بعد دیگرے دونوں نام لئے جاتے تھے،

اغالبہ نے افریقیہ میں ۱۸۴ھ سے ۲۹۶ھ تک فرمانروائی کی، اور اپنی حکومت سے سرزمین افریقیہ میں جو مدت دراز کا جولانگاہ تھی، امن و امان قائم کرکے، اوس کو ہر قسم کی ترقیوں سے معراج کمال

---

[1] ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۰،

پر پہونچا دیا، موسیو سدیو نے مختصر الفاظ مین ان کے دور حکومت پر ایک اجمالی تبصرہ کیا ہے، وہ لکھتے ہین :-

"اس کے بعد ان کے امیر اغلب نے کوشش کی اور تمام بربریون کو خلیفہ منصور کی اطاعت و انقیاد کے لئے مجبور کیا، پھر بربریون نے مہدی اور رشید کے زمانہ مین کئی مرتبہ بغاوت کی جسمین عباسیون کو بڑے بڑے نقصانات اٹھانے پڑے، یہانتک کہ ۸۰۰ء مین رشید نے مصمم ارادہ کرلیا، کہ ابراہیم بن الاغلب کو یا تو مغربی کی حکومت مستقل طور پر دیدے،

چنانچہ اغلبیہ خاندان اسی سنہ سے ۹۱۱ء (۲۹۷ھ) تک وہان خود مختار حاکم رہا، اس خاندان نے ازدواج و مناکحت کے ذریعہ سے عرب اور بربر دونون کے خون کو باہم مخلوط و ممزوج کردیا اور اب ان کا اخلاق اور ان کا دین بھی متحد ہوگیا، اور غیرت کی وجہ سے ان مین جو بغض و حسد اور منافرت تھی، وہ سب جاتی رہی،

ابراہیم بن اغلب کے زیر حکومت وہ تمام ملک تھا، جو ساحل بحر اوقیانوس سے لیکر حدود دریاست مصر یہ غربیہ تک چلا گیا ہے، اور اس وسیع مملکت کے خطبون مین خلیفہ عباسی کے نام کے ساتھ اس کا بھی نام لیا جاتا تھا،

عباسی خلفاء اور اغلبی حکام دونون نے بہت سخت کوشش کی کہ مغرب اقصیٰ سے اور بربیون کی حکومت کو زائل اور برباد کردین، مگر ان سے کچھ بھی نہ ہوسکا، اب اغلبیہ خاندان والے صرف بلاد مغرب وسطے اور بلاد افریقہ کی حمایت و حفاظت کرنے لگے، انھون نے ان عیسائی ممالک پر جو ساحل بحر روم پر واقع تھے، چڑھائیان کین، یہان انھین فتح و نصرت حاصل ہوئی"

اسکے بعد ان کے تہذیب و تمدن کا تذکرہ یون کرتے ہین :-

"اسکے سوا اقالیم افریقہ کو انھون نے مہذب بنایا، جو اسلامی تمدن شام اور عراق مین جاری تھا،

وہی انھون نے وہان بھی جاری کیا، قصر قدیم اور رصادہ (رقادہ) دو نئے شہر آباد کئے، وہ کبھی ٹیونس کبھی قیروان اور کبھی طرابلس مین رہنے لگے، جس سے یہ سب شہر ایسی عمارتون سے معمور ہوگئے، جن مین حادہ قوسین بنائی جاتی تھین، اور بڑے بڑے آراستہ و پیراستہ ستون قائم کئے جاتے تھے اور جو رومانی طرز تعمیر پر ہوتے تھے اور ایسی ندیون پر جہان بارش کی وجہ سے تیز رو سیلاب جاری ہوجاتے تھے، انھون نے پل بنوائے، (بند بندھوائے)

غرض ان لوگون کے سبب سے تمام ملک مین تہذیب پھیلی، انھون نے علوم و فنون صنعت و حرفت اور تجارت و فلاحت کی ترقی مین بڑی کوشش کی، جگہ جگہ تجارت کی منڈیان قائم کین، جس سے صحرائی قومون اور سواحل کے باشندون کے مابین آمد و رفت کی سہولت ہوگئی، نئی نئی سڑکین نکالین، ان مین امن و امان کا بڑا بندوبست کیا، ڈاک کے راستون اور مقامون کی نگرانی شہرون کے عمائد و اعیان کے سپرد کی، نیز ان مقامات پر خاص نگران مقرر کئے، جن مین پیدل ہرکارے اور سوار قاصد ڈاک لیجایا کرتے تھے، اور یہ ڈاک حدود مغرب کی ابتدا سے مملکت مصر کے حدود تک برابر آتی جاتی تھی، علاوہ برین اغلبیون نے بڑی کشتیون کا بیڑا بھی تیار کیا، جس کے ذریعے سے بحر متوسط پر حکومت کرتے تھے[1]،

عبداللہ بن ابراہیم والی افریقہ،

۱۹۶ھ / ۸۱۱ء - ۲۰۱ھ / ۸۱۶ء

عبداللہ بن ابراہیم نے اپنے باپ کی وفات کے بعد ۱۹۶ھ / ۸۱۱ء مین عنان حکومت سنبھالی، اس کے عہد حکومت مین ہمارے لئے جو اہم ترین واقعہ قابل ذکر ہوسکتا ہے، وہ حکومت افریقہ اور حکومت صقلیہ

[1] تاریخ عرب موسیو سدیو (ترجمہ اردو) ص ۲۳۹ لغایت ۲۴۱ طبع اول،

کا معاہدۂ صلح ہے، اور یہ صلحنامہ ان دونوں حکومتوں کے مستحکم اور دونوں کے قسادی دشمن ہونے کا ایک قدرتی نتیجہ تھا، کیونکہ ابراہیم نے اپنے عہدِ حکومت میں افریقہ کی تمام چوکیاں درست کر دی تھیں، اور صقلیہ نے افریقہ کے دورِ اختلال سے فائدہ اٹھا کر پوری قوت بہم پہنچالی تھی، عرب مورخین نے افریقہ اور صقلیہ کے اس معاہدہ کا کوئی مستقل تذکرہ نہیں کیا ہے، انسائیکلوپیڈیا بریطانیکا میں صرف اس قدر ہے کہ ۸۱۳ء/۱۹۸ھ میں مجاہدینِ اسلام اور صقلیہ کے عیسائیوں میں دس سال کیلئے صلح ہو گئی[1] لیکن عربی تاریخوں میں مختلف واقعات کے حوالوں میں اس کا ذکر آجاتا ہے جن سے چند شرائط کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے، اس معاہدہ کی غالباً سب سے اہم شرط یہ تھی کہ صقلیہ میں اگر کوئی مسلمان قیدی پہنچ جائے، تو فوراً افریقہ لوٹا دیا جائے گا، معاہدہ کی اس سرط سے حکومت صقلیہ کی ان بحری غارتگریوں کا بھی سدباب ہوتا ہے، جو وہ اکثر اسلامی جہازوں پر کرتے رہتے تھے، نیز سواحلِ افریقہ پر بھی ان کی جو تاخت کبھی کبھی ہوتی تھی، اس معاہدہ کے رو سے اس کا بھی انسداد ہوتا ہے، اسی کے ساتھ حکومت افریقہ کی ان مہموں کا بھی خاتمہ ہونا چاہیے، جو وہ اکثر اپنے معلمن احوال کے دوران میں صقلیہ پر روانہ کیا کرتی تھی[2]

---

[1] انسائیکلوپیڈیا بریطانیکا ج ۲۵ ص ۳۱ طبع یازدہم، [2] صاحب کتاب الحلۃ السیراء (دراماری ص ۳۲۷) نے عام مورخین کے برخلاف ۲۰۴ھ میں محمد بن عبداللہ اغلبی کی سرکردگی میں صقلیہ پر ایک بحری حملہ کا تذکرہ کیا ہے، لیکن یہ صحیح نہیں ہے اور بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اوس نے ۲۰۶ھ کے بحری حملہ کو جو سردانیہ پر ہوا تھا صقلیہ کی طرف منسوب کر دیا، کیونکہ اولاً الحلۃ السیراء کے علاوہ کسی نے اس کا تذکرہ نہیں کیا ہے بلکہ اس کے بجائے ابن عذاری وغیرہ نے ۲۰۶ھ کے حملہ سردانیہ کا تذکرہ کیا ہے جسکو ہم نے متن میں بھی دیدیا ہے، علاوہ ازیں جیسا کہ آئندہ معلوم ہوگا جب ۲۱۲ھ میں صقلیہ پر اسلامی حملہ کا سوال حکومت افریقہ کے سامنے آیا، تو اسی معاہدہ کی بنا پر اس میں خود زیادۃ اللہ کو پس و پیش ہوا، اور اسکے علاوہ افریقہ کے اعیان و فقہا نے اسی بنا پر سخت مخالفت کی، اور پھر حملہ صقلیہ کا یہ مسئلہ بالآخر قاضی القضاۃ افریقہ کے سامنے بطور مذہبی استفتا کے پیش ہوا، اور اس کا جو کچھ فیصلہ جن دلائل سے ہوا، اس کی تفصیل آگے آئے گی، ان حالات میں الحلۃ السیراء کی وہ مشتبہ روایت قابلِ یقین نہیں ہے، جبکہ اس معاہدہ کے متعلق معلوم ہے کہ وہ عبداللہ بن ابراہیم کے عہد میں ہوا، اس لئے

لیکن ابوالعباس کا عہد حکومت محض چند روزہ تھا، اس نے ۲۰۱ھ/۸۱۶ء مین وفات پائی، اور اسکے بجائے اس کا چھوٹا بھائی زیادۃ اللہ بن ابراہیم سریر حکومت پر جلوہ آرا ہوا۔

زیادۃ اللہ بن ابراہیم والی افریقیہ

۲۰۱ھ/۸۱۶ء تا ۲۲۳ھ/۸۳۷ء

ابو محمد زیادۃ اللہ بن ابراہیم بن اغلب ایک نہایت ہوشیار مغز فرمانروا ثابت ہوا، یہ ۲۲، ۲۳ ذی الحجہ ۲۰۱ھ کو تخت حکومت پر بیٹھا، اور سریر آرائے حکومت ہوتے ہی اسکو بغاوتون کا سامنا کرنا پڑا، اور اسلئے وہ ابتداءً افریقیہ کے معاملات اور ملکی نظام مین الجھا رہا، جب افریقیہ کے معاملات سے مطمئن ہوا، تو بحری قوت کی طرف توجہ کی، اور جہازون کے بیڑے تیار کئے، لیکن اس کے باوجود اس نے صقلیہ کے معاہدہ کا احترام کیا، اور جب بحری پیشقدمی کی ضرورت محسوس ہوئی تو ۲۰۶ھ/۸۲۱ء مین سردانیہ کی طرف توجہ کی، کیونکہ وہ بھی اس سے پہلے باجگذار ہو چکا تھا، جس کا سلسلہ افریقیہ کے دور اختلال مین منقطع ہوگیا تھا، یہ حملہ محمد بن عبداللہ تمیمی کی سرکردگی مین انجام پایا، اور طرفین نے نقصانات اوٹھائے[1]

افریقیہ مین بغاوت لیکن زیادۃ اللہ کے عہد حکومت کے چند سال گذرے تھے، کہ اتفاق سے ۲۰۹ھ/۸۲۴ء مین افریقیہ مین ایک شخص منصور طنبدی نے علم بغاوت بلند کیا، جسمیں رفتہ رفتہ اسکو کامیابی ہوتی گئی، اور آخر مین زیادۃ اللہ اس درجہ مجبور ہوگیا، کہ اس کے پاس تمام افریقیہ کے علاقہ مین صرف چند مقامات باقی رہگئے

(بقیہ حاشیہ ص ۱۲۹) ۲۰۴ھ سے پہلے وہ معاہدہ موجود تھا، اور اگر زیادۃ اللہ نے ۲۰۶ھ کے معمولی حملہ کے لئے اس کی خلاف ورزی کی اور افریقیہ کے علما و اعیان بھی خاموش رہے تو پھر ۲۱۲ھ مین کیا اسباب ہوسکتے ہین، کہ خود والی افریقیہ اور اس کے اعیان و مشیر کار معاہدہ کی خلاف ورزی سے بہ شدت احتراز کرین ملاحظہ البیان المغرب (ترجمہ) ص ۱۲۹ و ابن اثیر ج ۶ ص ۲۶۱ وغیرہ۔

ان کے علاوہ پورے افریقیہ میں منصور کا سکہ رواں ہو گیا[1]،

صقلیہ کی طرف سے معاہدہ شکنی اور سواحل افریقیہ پر حملہ

حکومت صقلیہ نے معاہدہ کو بالائے طاق رکھ کر افریقیہ کے ان حالات سے فائدہ اوٹھانا چاہا، چنانچہ اتفاق سے اسی زمانہ یعنی ۲۱۱ھ/۸۲۶ء میں میکائل دوم شہنشاہ قسطنطنیہ (۸۲۰ء تا ۸۲۹ء) نے ایک بطریق قسطنطین نامی کو (جسکو عرب مورخین "سودہ" کے لقب سے بھی موسوم کرتے ہیں) صقلیہ کی گورنری پر بھیجا تھا، اس نو وارد گورنر نے اپنی ہمسایہ حکومت افریقیہ کے اون حالات کا مطالعہ کیا، صقلیہ کی بحری و بری فوج پیشتر سے تیار تھی، اس نے زمام حکومت سنبھالتے ہی جنگی بیڑا مرتب کیا، اور صقلیہ کے ایک قائد اعظم فیمی (EUPHAMIUS) کو حکومت افریقیہ کے ساحلی مقامات پر حملہ آوری کے لئے روانہ کر دیا، فیمی جنگی جہازوں کے ساتھ ساحل پر اوترا، اور کئی مقامات پر غارت گری کی، افریقیہ اسوقت اپنے جھگڑوں میں الجھا ہوا تھا، اس رومی حملہ کا کیا جواب دیتا، فیمی جانتک لوٹ مار کر سکتا تھا، کرتا رہا، اور ایک مدت تک اسی سلسلہ میں وہ افریقیہ میں مقیم رہا[2]،

ابن عذاری کی تصریح کے مطابق افریقیہ کا ساحلی علاقہ زیادۃ اللہ کا مطیع تھا، اسلئے یہ حملہ براہ راست اغلبی حکومت کے برخلاف تھا، اور اگر اصولی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو اوسی حملہ سے اوس معاہدہ کی تنسیخ ہو گئی، جو ابو الہیثم عبد اللہ کے عہد میں کیا گیا تھا، اور پھر اس کے بعد ہی حکومت صقلیہ نے ایک قدم اور آگے بڑھایا، اور معاہدہ کی شکست کا عملاً دوسرا ثبوت بہم پہنچانا چاہا یعنی اوس نے نہایت بیباکی سے بحر روم کے اسلامی جہازوں پر چھاپے مارنا شروع کر دئے، مسافر اگر مقابلہ کرتے تو تہ تیغ ہوتے ورنہ غلام بنا کر صقلیہ پہنچائے جاتے، اور جو مال و اسباب ان پر موجود ہوتا، اس پر مال غنیمت کے طور پر قبضہ کر لیتے، اور جزیرہ میں واپس آجاتے،

چنانچہ یزید بن محمد الحجری جو افریقیہ کے ایک نہایت ثقہ اور سن رسیدہ محدث تھے، ۲۱۲ھ میں افریقیہ

[1] البیان المغرب (ترجمہ) ص ۱۳۴ و ۱۳۵ [2] ابن اثیر ج ۶ ص ۱۰۳، و ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۸ وغیرہ،

سنہ تہم میں صقلیہ کی طرف ایک لشکر کے ساتھ جا رہے تھے، صقلیہ کے رومی بیڑے نکل پڑے، اور ان جہازوں نے حملہ آور ہوئے، فوج کی ایک مختصر جماعت زبردست جنگی بیڑے کا کیا مقابلہ کرتی، چنانچہ دوسرے مسلمانوں کے ترسیخ ہونے کے علاوہ جمحیؒ جیسی مقدس و معتمد ہستی نے بھی جام شہادت نوش کیا،

جمحیؒ کو افریقیہ میں جو علمی و مذہبی مرتبہ حاصل تھا، وہ ان کے شیوخ و تلامذہ کی فہرست سے معلوم ہوتا ہے، انھیں حضرت امام مالکؒ سے شرف تلمذ حاصل تھا، نیز ابراہیم بن محمد مدنی، اور ابوبکر بن عیاش کوفی احمد بن یزید اور اسی طرح، مدینہ، کوفہ، شام، اور بصرہ کے کبار محدثین ان کے شیوخ کی فہرست میں ہیں، اور تلامذہ کے حلقہ میں موسیٰ بن معاویہ صماوی وغیرہ جیسے جلیل القدر بزرگ ہیں[1]،

اس لئے جمحیؒ کا واقعۂ شہادت سارے افریقیہ میں آگ لگا دیتا، لیکن وہاں خود بغاوت کی آگ سلگ رہی تھی، اور سب کے سب اسی کے بجھانے میں لگے ہوئے تھے، کسے فرصت تھی، اور کس میں صلاحیت تھی کہ حکومت صقلیہ کی ان حرکتوں پر باز پرس کرتا،

لیکن حکومت افریقیہ نے اس پر اگرچہ باز پرس نہیں کی اور اسکو فسخ معاہدہ کا سبب نہیں قرار دیا، تاہم ایک غیر جانب دار مورخ صاحب ریاض النفوس جمحیؒ کے واقعۂ شہادت پر تبصرہ کرتے ہوئے شیخ ابو عبداللہ اجدانی کا یہ بیان نقل کرتا ہے:-

وقال الشیخ ابو عبد اللہ الاجدانی فدل ذلک علی ان اہل صقلیہ لم یکن بینہم وبین المسلمین عہد ناتہ۔	اور شیخ ابو عبداللہ اجدانی فرماتے ہیں کہ (جمحیؒ کا واقعۂ شہادت) اس امر پر دلالت کرتا ہے، کہ اس زمانہ میں مسلمانوں اور باشندگان صقلیہ کے درمیان کوئی معاہدۂ صلح قائم نہیں تھا،

[1] ابوالعرب دریادگاری مضامین ج ا ص ۲۴۳، و ریاض النفوس دراماری ص ۱۸۰،

صقلیہ مین حکومت بیزنطی سے بغاوت اور باشندون کی خود مختار حکومت

اگرچہ حکومت افریقیہ نے رومیون کی اس ساحلی تاخت اور اس واقعہ شہادت پر اپنی پرآشوب بغاوتون کے باعث حکومت صقلیہ سے کوئی بازپرس نہین کی، تاہم ساحل افریقیہ کے بیگناہ مظلومون اور یزید بن محمد انجبی کا خون ناحق رنگ لایا، اور خود صقلیہ مین ایک سخت بغاوت برپا ہوگئی، جسکی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ وہی امیر البحر فہمی جو اسوقت سواحل افریقیہ پر تاخت کررہا تھا، کسی گرجا سے ایک نوجوان نن کو بھگا لایا، اور اس کی خبر میکائل شہنشاہ قسطنطنیہ کو ملی جس نے اسکے قتل اور یا بروایت لبن زبان تراش لینے کا حکم بھیجا، فہمی اسوقت تک سواحل افریقیہ کی اسلامی بستیون پر چھاپے مار رہا تھا، صقلیہ کی فوج کا ایک معتدبہ حصہ اس کے ساتھ تھا، اس وحشیانہ سزا کو سن کر بغاوت پر آمادہ ہوا، لشکر نے اسکی معاونت پر آمادگی ظاہر کی اور اسکو صقلیہ پر قبضہ کر لینے کا مشورہ دیا، چنانچہ فہمی نے دارالحکومت سرقوسہ کا رخ کیا، اور اس پر قبضہ کر بیٹھا، قسطنطین والی صقلیہ قطانیہ مین پناہ گزین ہوا، فہمی نے اسکو وہان بھی چین نہ لینے دیا، شاہی فوج اور باغیون مین سخت مقابلہ ہوا، والی صقلیہ نے ہزیمت اوٹھائی، اور خود بھی جان سے مارا گیا، اسکے بعد فہمی نے ساری جزیرہ مین گشت لگا کر تمام شہرون کو مطیع کیا، اور اپنی خود مختار حکومت قائم کرلی، اور شاہ صقلیہ کا لقب اختیار کیا، اور جزیرہ کے مختلف مقامات مین اپنے گورنر مقرر کردیئے،

فہمی کے خلاف بغاوت

لیکن فہمی کی حکومت چند روزہ ثابت ہوئی، حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کے ایما سے اسکے ایک گورنر بلاطہ نامی نے اسکے خلاف علم بغاوت بلند کیا، اور اسکی امداد کیلئے قسطنطنیہ سے ایک عظیم الشان لشکر آیا، بلاطہ کا چچازاد بھائی میکائل بلرم مین گورنر تھا، اس نے اسکو بھی اپنا ہمنوا بنالیا، اور بلاطہ اپنے عظیم الشان لشکر کے ساتھ آگے بڑھا، اور دوسری طرف سے میکائل والی بلرم آیا، اور دونون بھائیون نے ملکر سرقوسہ پر ایک ساتھ چڑھائی کی، فہمی اس مشترک طاقت کا مقابلہ نہ کرسکا، اور ایک معرکہ کے بعد شکست کھائی، اور جان بچاکر صقلیہ سے فرار ہونے پر مجبور ہوا، اور صقلیہ دوبارہ حکومت بیزنطی کے

زیر علم آگیا،

فیمی کا حکومت افریقیہ سے استمداد

فیمی کی یہ شکست صقلیہ کے دارالاسلام بننے کا بہ ظاہر ایک سبب بنی فیمی کے زیر علم جو کچھ فوج تھی، اس کا ایک حصہ قسطنطین کو زیر کرنے مین صرف ہو چکا تھا، پھر ایک بڑی تعداد بلاط سے مقابلہ کرنے مین کام آئی، اب اسکو اپنی کامیابی کے آثار دکھائی نہین دئے لیکن امید کی آخری جھلک اسکو افریقیہ مین نظر آئی، اسی سال کے دوران مین ۲۱۰ھ سے ۲۱۲ھ تک افریقیہ اور صقلیہ کے تعلقات مین جو کشیدگی رہی وہ سب اسکی نگاہ مین تھی، اس لئے اس نے اپنے اس آخری حربہ کو بھی استعمال کرنا چاہا اور اپنی باقی ماندہ فوج کو ساتھ لیا، اور سیدھے دربار قیروان مین حاضر ہوا،

اس نے قیروان مین سب سے پہلے اپنی اس پچھلی پیشقدمی پر زیادۃ اللہ کے سامنے افسوس ظاہر کیا، اور پھر صقلیہ کے تمام حالات بیان کرکے اسلامی فوج کشی کی خواہش ظاہر کی،

ایسے موقع پر سب سے پہلے جو سوال پیش آتا وہ یہی تھا کہ حکومت افریقیہ نے اگر فوج کشی کی، تو اسکی حیثیت کیا ہوگی، کیا وہ فیمی کی امداد و معاونت ہوگی یا مسلمانون کا کوئی مستقل حملہ، لیکن فیمی خود ہوشیار تھا اس نے ابتدا ہی مین تصریح کردی کہ وہ تاج و تخت سے دستبردار ہو چکا ہے لیکن صرف بلاط سے انتقام لینے کے لئے اپنی باقی ماندہ فوج کے ساتھ حملہ مین شریک ہوگا، فتح و نصرت کے بعد اسکو صقلیہ سے کوئی سروکار نہ ہوگا،

زیادۃ اللہ نے اس مسئلہ پر غور کرنے کا وعدہ کیا، اور فیمی دربار حکومت سے واپس آگیا، اسی اثنا مین ادھر گورنر صقلیہ کا حکومت بزنطی کی جانب سے پیغام آیا، کہ ایک باغی کو پناہ دیکر دونون حکومتون کی دوستی مین فرق نہ ڈالا جائے جو پچھلے معاہدہ کی رو سے قائم ہے، اور ایک باغی کی مدد کرکے ایک معاہد حکومت کے حدود مین بغاوت نہ پھیلائی جائے[1]

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۵، ۲۳۶، و نہایۃ الارب در اماری ص ۴۲۷، اسٹوری آف دی نارمنس ج ۳ (نیز نظام ایپائر)

زیادۃ اللہ کی توبہ صقلیہ کی طرف

رومی حکومت صقلیہ کو اب اپنے معاہدہ کا خیال آیا ہے، لیکن حقیقت یہ ہے کہ افریقہ کے وفد اختلال اور دولت غالبہ کے اس ابتدائی دور میں افریقہ کے ساتھ صقلیہ کی جو معاندانہ روش رہی وہ خود بخود یہ سوال پیش کرتی تھی، کہ آخر افریقہ اور صقلیہ کے مسئلہ کا آخری حل کیا ہوگا، کیونکہ ان دونوں کی جو جغرافیائی حیثیت تھی، اس کا قدرتی اقتضا یہی تھا، کہ یا تو دونوں مقامات کسی ایک ہی حکومت کے سلسلہ کی دو کڑیاں ہوں، یا دونوں میں ایسا رابطۂ اتحاد قائم ہو کہ دونوں ملک کے باشندوں کو معاشرتی اقتصادی اور تجارتی آزادی حاصل ہو، اور دونوں ملکوں کی قومیں مساویانہ طور پر بحر روم میں آزادانہ آمد و رفت قائم رکھ سکیں،

یہی وجہ تھی کہ دولت اسلامیہ افریقہ نے روز اول سے صقلیہ کے مسئلہ کو سامنے رکھا، اور ابتداءً یہ کوشش کی، کہ اس جزیرہ کو اپنے دول متوافقین کی جماعت میں شامل کر کے افریقہ کی بحری آزادی حاصل کیجائے، چنانچہ اس میں ابتدائی کامیابی بھی حاصل ہوگئی، لیکن اچانک افریقہ میں دور اختلال شروع ہوگیا، اور صقلیہ کو اپنے جنگی استحکامات کا موقع مل گیا، اسلئے جب عہد غالبہ کی ابتدا ہوئی تو ابوالعباس عبیداللہ والی افریقہ نے شریفانہ شرائط کے ساتھ صلح کی سلسلۂ جنبانی کی، اور دونوں ملکوں میں معاہدۂ صلح مرتب ہوا، اور افریقہ نے اپنی دانست میں صقلیہ کے مسئلہ کا آسان حل دریافت کر لیا، لیکن میکائل شہنشاہ قسطنطنیہ کے سریر آرائے حکومت ہوتے ہی جب مختلف ملکوں میں نئے نئے گورنر گئے، اور صقلیہ کے لئے قسطنطین کا انتخاب عمل میں آیا، تو صلح کی وہ شرطیں کالعدم ہوگئیں، اور جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے، اس نے زمام حکومت سنبھالتے ہی افریقہ کے ساحل پر لوٹ مار شروع کر دی، اور بحر روم میں مسلمانوں کے تجارتی جہازوں کو جو آسانی حاصل ہوگئی تھی، وہ بھی مفقود ہوگئی، اور افریقہ کا غارت گر بیڑا مدت مدید تک اپنی

(بقیہ حاشیہ ص ۱۲۱) مولفۂ امن ص ۲۰۸، ہسٹری آف دی موکلائن اینڈ فال آف دی رومن ایمپائر ایڈورڈ گبن ج ۵ ص ۴۲۱ و اخبار اندلس ج ۳ ص ۱۱،

غارت گریون مین مصروف رہا، اس کے بعد ہی یزید بن محمد المجحی جیسے ثقہ وسن رسیدہ محدث کو ایک کثیر جماعت کے ساتھ تہ تیغ کیا گیا،

اسلئے صقلیہ کا مسئلہ حکومت اغالبہ کے سامنے قدرۃً آگیا تھا، کہ اسی اثنا مین فہمی نے اپنی تحریک سے مزید عنان توجہ منعطف کردی جس سے اگر کوئی فرق پیدا ہوا تو صرف یہ کہ زیادۃ اللہ نے اس پر فوری توجہ مبذول کردی ورنہ وہ ابھی افریقیہ کے بعض معاملات کی طرف مشغول رہتا، اور پھر انھین طے کرکے صقلیہ کی مہم سامنے آتی،

حملہ صقلیہ کیلئے مجلس مشاورت | لیکن ان حالات کے باوجود جب کہ معاہدہ صلح معنیً منسوخ ہوچکا تھا زیادۃ اللہ نے حکومت صقلیہ کے پیغام کا احترام کیا، اور اس کا تصفیہ کہ وہ معاہدہ قائم ہے یا نہین اپنی مجلس مشاورت کی مرضی پر موقوف رکھا، زیادۃ اللہ کی جو مجلس مشاورت تھی، اس مین مختلف اعیان ملک کے علاوہ ملک کے ممتاز فقہا و علما بھی شامل تھے اس لئے جب تک ان کے سامنے اس کی تنسیخ کا باضابطہ ثبوت فراہم نہ کیا جاتا، وہ شرعی حیثیت سے صقلیہ کے حملہ کی اجازت دینے کیلئے تیار نہ تھے، چنانچہ اسی بنا پر زیادۃ اللہ نے صقلیہ کی مہم کے متعلق بہ فہمی کو کوئی جواب دیا، اور نہ رومی حکومت صقلیہ کو،

مجلس مشاورت کے مباحث | مجلس مشاورت مین حملہ صقلیہ کے متعلق دو اہم مباحث زیر بحث آئے،

اول یہ کہ وہ معاہدۂ صلح اب تک قائم ہے یا نہین، اگر قائم ہے تو اسوقت صقلیہ پر حملہ کرنا اسلامی اصول کے خلاف ہے، اور اسلامی حکومت پر غداری کا الزام عائد ہوتا ہے، اور اگر وہ قائم نہین ہے، تو اس کے ثبوت مین شہادت اور دلائل کیا ہین؟

دوم یہ کہ اگر صقلیہ پر حملہ ہو تو کس نقطۂ نظر سے آیا وہان کی موجودہ حکومت کو برقرار رکھکر صرف اس کو باجگذار بنا لیا جائے، یا حکومت بیزنطی کا تختہ الٹ کے اسلامی حکومت قائم کی جائے، اور اس کو

دارالاسلام قرار دیا جائے،

معاہدۂ صلح کی تنسیخ کا ثبوت حکومت صقلیہ کے طرزِ عمل سے

مجلسِ مشاورت مین انھی دونون مسائل پر بحث جاری رہی، معاہدۂ صلح کی تنسیخ کا جہان تک حقیقی طور پر تعلق ہے، وہ اسباب بالا کی بنا پر منسوخ ہوچکا تھا، چنانچہ مختلف مورخین نے بہ تصریح اس کا تذکرہ کیا ہے، اور درحقیقت زیادۃ اللہ سیاسی طور پر انھی وجوہ سے صقلیہ پر حملہ آور ہونا چاہتا تھا، چنانچہ ابن اثیر زیادۃ اللہ کے اس حملہ کا جہان تذکرہ کرتا ہے، انھی واقعات کو اس کا سبب قرار دیتا ہے، وہ لکھتا ہے:

"۲۱۲ھ مین زیادۃ اللہ نے ایک بحری لشکر بھیجا.... **اور اسکے بھیجنے کا سبب یہ تھا کہ قیصر روم** قسطنطنیہ نے جزیرہ صقلیہ پر ایک بطریق قسطنطین نامی کو ۲۱۱ھ مین والی بنایا، اور اس نے ایک رومی قیفی نامی کو امیر الاسطول بنایا، جو نہایت بہادر اور شجاع تھا، اور اس نے افریقیہ پر حملہ کیا، اور اس کے سواحل سے تاجرون کو پکڑ لیا، اور یہان ایک مدت تک ٹھہرا رہا"

اسی طرح جمجی کے واقعۂ شہادت پر مستند مورخین کی یہ رائے اس سے پہلے پیش کی جاچکی ہے کہ "اور اس سے معلوم ہوا کہ اہل صقلیہ اور مسلمانون مین کوئی معاہدہ قائم نہین تھا"[1]

علاوہ ازین ایک امر یہان پر خاص طور سے قابلِ لحاظ ہے یعنی افریقیہ و صقلیہ کے درمیان جو معاہدہ طے پایا تھا، وہ خود یورپین مورخین کے بیان سے صرف دس سال کیلئے نافذ تھا، معاہدہ کا سال ۸۱۲ء/۱۹۸ھ ہے، پہلے ۸۲۲ء/۲۰۷ھ مین ختم ہوجاتا ہے، عجب کیا ہے کہ حکومت صقلیہ نے اسلامی جہازون پر چھاپے مارنے اور ساحلی مقامات پر بیشقدمی کرنے کا سلسلہ اسی لئے چھیڑ دیا ہو کہ معاہدہ کی مدت ختم ہوچکی ہے،

لیکن صقلیہ کی ان تمام جارحانہ کارروائیون کے باوجود افریقیہ کی مجلسِ مشاورت کے بعض فقہاء وقضاۃ اس مسئلہ کو دوسرے نقطۂ نظر سے دیکھ رہے تھے، اسلئے

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۳۲۵ نیز ریاض النفوس در ماری ۱۸۰،

زیادۃ اللہ نے ان کے سامنے اس مسئلہ کو ایک دوسرے اسلوب مین پیش کیا، اور رومیون پر "شرعی نقطۂ نظر" سے یہ الزام عائد کیا کہ انھون نے مسلمان قیدیون کو گرفتار کرکے اپنے یہان رکھا، اور اس لئے وہ ناقض عہد ٹھہرے، کیونکہ معاہدہ کی ایک شرط یہ بھی تھی کہ جو مسلمان صقلیہ پہنچے، اور وہ واپس چلا آنا چاہے، تو اسکو واپس کرنا رومیون پر فرض ہوگا، لیکن انھون نے معاہدہ کی خلاف ورزی کی اور مسلمانون کو اپنے یہان روک لیا، اس لئے وہ معاہدہ قائم نہین رہا، جو عبداللہ سے طے پایا تھا، اور اب حکومت افریقیہ اس معاہدہ کی پابند نہین رہی،

زیادۃ اللہ کے اس بیان سے مجلس مین فقہا، کے درمیان دو نقطۂ نظر پیدا ہوگئے، فقہاے افریقیہ مین قاضی ابو محرز اور قاضی اسد بن فرات زیادہ نمایان تھے، اور دونون افریقیہ کے قاضی القضاۃ تھے، اور اسد اسوقت اس عہدہ پر فائز تھے، ان دونون نے اس مسئلہ مین ایک دوسرے سے مخالف راے اختیار کی، قاضی ابو محرز نے عام فقہاء کا ساتھ دیا، اور زمام نہاد معاہدہ کو برقرار رکھنا چاہا، لیکن قاضی اسد بن فرات نے معاہدہ کو کالعدم تصور کیا، اور نقض عہد کا الزام رومیون کے سر عائد کیا، قاضی ابو محرز اور اسد کے درمیان زیادۃ اللہ کے روبرو اسکے بیان کے بعد حسب ذیل گفتگو ہوئی،

ابو محرز:- مین اس مسئلہ پر (یعنی زیادۃ اللہ کے اس بیان پر کہ رومیون نے معاہدہ توڑ دیا ہے) اچھی طرح ابھی غور کرلینا چاہیے،

قاضی اسد:" اس مسئلہ پر انھی رومیون کے ایلچیون سے دریافت کرنا چاہیے"، (یعنی مسلمان صقلیہ مین مقید ہین کہ نہین)

ابو محرز:" قاصدون کا بیان رومیون کے مورد الزام قرار دینے یا ان کی صفائی قبول کرنے مین کیونکر معتبر ہوسکتا ہے"

قاضی اسد:" انھی قاصدون کے ذریعہ ہم نے ان سے معاہدہ کیا تھا، اور انھی کے ذریعہ (یعنی

ہم ناقضِ عہد قرار دین گے"

چنانچہ جب زیادۃ اللہ نے اون ایلچیون سے دریافت کیا، تو معلوم ہوا کہ وہان مسلمان قیدی ابھی تک موجود ہین، اور ان قاصدون مین بھی ایک مسلمان موجود ہی،

اور بالآخر زیادۃ اللہ نے انھی بنیادون پر رومیون کو عہد شکن قرار دیا، اور صقلیہ پر حملہ آوری کا اعلان کر دیا، اگرچہ یہ فیصلہ مشاورت کے بعد انجام پایا تھا، لیکن افریقہ کے عام علماء و فقہاء نے اسکو ناپسند کیا، اور ان کی رائے مین ان تمام وجوہ و اسباب کے باوجود وہ اب تک قائم تھا، چنانچہ ابن ناجی اور صاحب ریاض النفوس لکھتے ہین:-

"احمد بن ابی سلیمان کا بیان ہے کہ علماے افریقہ نے حملہ صقلیہ کو ناپسند کیا، کیونکہ ان کے خیال مین وہ معاہدہ قائم تھا، اور ان کے نزدیک اون کے نقض عہد کا ثبوت بہم نہین پہنچا تھا"[1]

بعض یورپی مورخین بھی اس موقع پر مسلمانون پر معاہدہ کی خلاف ورزی کا الزام لگاتے ہین، لیکن زیادۃ اللہ کے بیان کا جو خلاصہ اوپر درج کیا گیا، اور پھر دس سال کی مدت کے ختم ہونے کے بعد حکومت صقلیہ کی طرف سے جہازون پر چھاپے مارنے اور ساحلی مقامات کے لوٹنے کا جو سلسلہ قائم ہو گیا تھا، کیا یہ امور حکومت صقلیہ کی طرف سے شکست عہد کا اعلان نہین بن سکتے؟

مجلس مشاورت مین صقلیہ کے باجگذار یا دارالاسلام بنانے کا مسئلہ اور ارکان مجلس کا باہمی اختلاف

حملہ آوری کے فیصلہ کے بعد مجلس مشاورت مین دوسرا مسئلہ یہ زیر بحث آیا، کہ صقلیہ کو صرف باجگذار بنایا جائے، یا مستقل طور پر قابض ہو کر اوس کو دارالاسلام بنا لیا جائے، ارکان مجلس مین اس موضوع پر بھی اختلاف رائے ہوا، یہ بحث جاری تھی کہ سحنون بن قادم نے جو اعیان قیروان مین نہایت باوقار تھے، اہل مجلس کو خطاب کر کے سوال کیا،

---

[1] معالم الایمان ج ۲ ص ۱۴۲ و ریاض النفوس ورا ماری ص ۱۸۰،

"صقلیہ اور بلاد روم (اٹلی) کے درمیان کتنے دنون کا راستہ ہی"؟

جواب ملا:- "بلاد روم (اٹلی) سے صقلیہ دن بھر مین دو تین مرتبہ آجا سکتے ہین"

پھر پوچھا:- "اور افریقیہ سے"؟

کہا گیا:- "ایک دن کا راستہ"

اس کے بعد انھون نے ان الفاظ مین اپنا مفہوم ادا کیا،

"اگر مین پر تہمت ہوتا تو بھی اس پر پروا نہ کرتا"

صقلیہ کو دارالاسلام بنانے کا فیصلہ

لیکن قیروان کے اعیان، امرا اور فقہا، کو صقلیہ کے متعلق صدیون کا جو تجربہ حاصل تھا، اس کی بنا پر مجلس مشاورت کی اکثریت نے اس کے دارالاسلام بنانے کا فیصلہ صادر کیا،

رومی قاصدون کی واپسی

جب افریقیہ مین صقلیہ پر حملہ آوری کا آخری فیصلہ صادر ہوگیا تو حکومت صقلیہ کے ایلچی ناکام واپس لوٹ گئے اور وہان مدافعانہ تیاریان شروع ہوگئین،

صقلیہ پر حملہ آوری

اس کے بعد زیادۃ اللہ نے سب سے پہلے اس فیصلہ کی اطلاع فیمی کو دی اور کہلا بھیجا، کہ سمہ مین اسلامی بیڑے کا انتظار کرے، اس کے بعد خود زیادۃ اللہ جنگی بیڑے کے تنظم وترتیب مین مصروف ہوگیا،

سالار فوج کا انتخاب

جب فوج تیار ہوگئی، تو اسکی سپہ سالاری کے انتخاب کا مسئلہ آیا، اور اس اہم خدمت کے لئے زیادۃ اللہ کی نظر انتخاب قاضی القضاۃ ابوعبداللہ اسد بن فرات بن سنان پر پڑی، کیونکہ مجلس شوریٰ مین دراصل انھی کی آخری رائے سے صقلیہ کا حملہ طے پایا تھا، اس لئے اوسکی کامیابی مین انھین جو انہماک ہوتا، وہ کسی دوسرے سے ممکن نہ تھا،

لہ نہایۃ الارب ردا ماری ص ۴۲۷،

دولتِ اغالبہ صقلیہ

۲۱۲ھ / ۸۲۷ء - ۲۹۶ھ / ۹۰۸ء

صقلیہ کی اسلامی حکومت کا بانی اسد بن فرات

۲۱۲ھ / ۸۲۷ء - ۲۱۳ھ / ۸۲۸ء

قاضی اسد بن فرات افریقہ کے نہایت ممتاز اہل علم ، اور امام مالکؒ قاضی ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ وغیرہ جیسے مشاہیر محدثین وفقہا، کے ارشد تلامذہ مین تھے، فقہ مالکی کی مستند ترین کتاب المدونہ کا اصل متن انھی کی تصنیف تھا، اور جیسا کہ ابھی تذکرہ کیا جاچکا ہے، وہ اس وقت افریقہ کے عہدۂ قاضی القضاۃ پر فائز تھے،[1]

جب قاضی اسد کو اپنے عہدۂ امارت صقلیہ کی خبر ملی تو انھین اس کے قبول کرنے مین کسی قدر پس وپیش ہوا، کیونکہ انھون نے مسند قضا وافتا کو چھوڑ کر ملک کی ولایت اور فوج کی امارت کو پسند نہین کیا، اس لئے زیادۃ اللہ کو مخاطب کرکے عرض کیا،

"مجھے منصب قضا، جیسے دینی منصب سے الگ کرکے فوج کی امارت سپرد کیجاتی ہے؟"

زیادۃ اللہ نے ان الفاظ مین اس کا جواب دیا:-

"تم عہدۂ قضا پر بھی فائز ہو اور لشکر کی امارت بھی تمھارے سپرد کیجاتی ہے، جو اپنے اعزاز اور رتبہ

---

[1] اسد کے سوانح حیات جلد دوم مین تفصیل سے آئین گے،

مین عہدۂ قضا سے زیادہ بلند ہے، مین تمھارے لئے قضا کا انتساب بھی باقی رکھتا ہون، تمھین "قاضی امیر" سے خطاب کیا جائے گا"

اسکے بعد زیادۃ اللہ نے عہدۂ امارت فوج و منصب قضا کی سند لکھ کر اسد کے حوالہ کی، اور اس موقع پر اسد کے سوانح نگار فخریہ لکھتے ہین کہ "یہ ایک تاریخی حقیقت ہے، کہ افریقیہ مین اس سے پیشتر ان دو جلیل القدر عہدون پر کوئی شخص بیک وقت فائز نہین ہوا تھا"[1]

معززین اہل علم کی فوج مین شمولیت

اسد بن فرات جیسے ذی علم کے عہدۂ سپہ سالاری پر تقرر کے باعث افریقیہ کے معزز اہل علم ان کی ہمرکابی کا شرف حاصل کرنے کیلئے فوج مین شریک ہونے لگے، اور اس مین ایک معتد بہ حصہ ممتاز و معزز اہل علم کا شامل ہو گیا، یہان تک کہ صرف اسد کی جامع شخصیت کی کشش سے افریقیہ کے مقدس و عزلت گزین صوفیہ بھی اپنے حجرون سے نکل آئے،

ان مین ابو محمد عبد الرحیم بن عبد ربہ لیجی افریقیہ کے ایک نہایت زاہد و پاکباز و عبادت گذار بزرگ تھے، انھین قاضی اسد اور امام سحنون سے شرف تلمذ حاصل تھا، امام سحنون ان کے متعلق خود فرماتے ہین "مین نے ابن القاسم، اشہب، ابن وہب، علی بن زیاد اور ہلول بن راشد وغیرہ جیسے بزرگون کو دیکھا لیکن مین نے ان مین سے کسی کو عبد الرحیم کا ہم پایہ نہین پایا، مین ان کے ظاہر و باطن دونون سے آگاہ ہون، اور ان لوگون کا صرف ظاہر جانتا ہون"، عبد الرحیم قیروان کے شیوخ حدیث مین تھے، قاضی اسد سے دلی عقیدت رکھتے تھے، جب انکو اسد کے غزوۂ صقلیہ کی اطلاع ملی، تو خود بھی شرکت جنگ کیلئے آمادہ ہو گئے، اور امام سحنون سے مشورہ طلب کیا،

لیکن امام سحنون نے ان کے روانگی صقلیہ سے قیروان کی موجودگی کو زیادہ ضروری قرار دیا، اور بتایا کہ وہ افریقیہ ہی مین رہ کر اپنے خدمت جہاد کا شوق پورا کرنے کے لئے ایک جنگی قلعہ تصر زیاد کی

[1] معالم الایمان ج ۲ ص ۱۴ اور ریاض النفوس (ورق ۱۰۳ ی ص ۱۸۶)

تعمیر اور درستی میں مصروف ہو سکتے ہیں، اور یہ خدمت اوس سے زیادہ اہم ہوگی، جسقدر وہ صقلیہ کی فتح میں شرکت کر کے انجام دیسکتے ہیں، کیونکہ اس قلعہ سے افریقیہ کے فوجی استحکام میں بہت کچھ اضافہ کے توقعات وابستہ تھے،

شیخ عبدالرحیمؒ نے امام سحنون کے یہ خیالات قاضی اسد سے بیان کئے، انھوں نے بھی اس رائے کو پسند کیا، پھر زیادۃ اللہ کے سامنے یہ پیش کیا گیا، اور اس نے بھی اس کی تائید کی، چنانچہ جسوقت قاضی اسد کو صقلیہ کی ولایت کا فرمان سپرد ہوا شیخ عبدالرحیم کو ایک فرمان کے ذریعہ سے قصر زیاد کی اصلاح و تعمیر کی خدمت سپرد کیگئی، اور اس بنا پر سرزمین صقلیہ ان کے ورود سے مشرف نہ ہو سکی،[1]

لشکر کی روانگی اور معززین شہر و اعیان حکومت کی مشایعت

اس کے بعد زیادۃ اللہ نے افریقیہ کے ساحلی شہر سوسہ کی طرف لشکر کی روانگی کا حکم دیا، اسکے ساتھ معززین شہر اور تمام ارکان حکومت میں یہ اعلان کردیا، کہ ان میں کا ہر شخص امیر فوج کی مشایعت کیلئے لشکر کے ساتھ ساتھ سوسہ تک جائے، چنانچہ یہ عظیم الشان لشکر بڑے کروفر اور ساز و سامان سے قیروان سے روانہ ہوا، اور امیر فوج کی مشایعت کیلئے قیروان کے اعیان، معززین اور اہل علم کی ایک بڑی جماعت فوج کے ساتھ ہمرکاب ہوئی، اور پھر فرمان شاہی کی بجا آوری کے لئے ارکان حکومت میں سے ہر متنفس امیر لشکر کے ہمراہ تھا، اور عام باشندگان کا ایک بڑا مجمع بھی جوش و خروش سے نعرے لگاتا ہوا ساتھ ساتھ جا رہا تھا، یہاں تک کہ دس ہزار چیدہ سپاہیوں کا یہ لشکر اسی مرتب جلوس کی شکل میں سوسہ پہنچا،

لشکر کی روانگی

جب جہازوں کے لنگر اٹھانے کا وقت آیا، تو جوش و خروش کا ایک عجیب عالم پیدا ہوگیا، فوجی باجے بجنے لگے، جہازوں کے پھریرے کھول دیے گئے، جو ہوا میں لہرانے لگے، دس ہزار سرکف جانباز مجاہدین غروشان کے ساتھ عرشۂ جہاز پر کھڑے اپنی آبدار تلواروں کو بار بار جنبش دیتے ہیں، ساحل پر امراء و اعیان حکومت اپنے زرق برق ملبوسات میں ایستادہ کھڑے ہیں، اور عوام کا انبوہ کثیر

[1] ریاض النفوس (راماری ص ۱۸۵، ۱۸۶)

اپنے فلک شگاف نعرے مار رہا ہے، اور فتح صقلیہ کی دعا بار بار زبانوں پر آرہی ہے، یہی خیرہ کن نظارہ نگاہوں کے سامنے تھا، کہ اسی جوش و خروش کے عالم میں امیر فوج عزشہ جہاز کے سامنے آیا، اور ایک الوداعی تقریر کی، جو فخر و غرور، اور شان و شوکت کے اظہار کے بجائے عجز و نیاز، اور پند و نصائح سے لبریز تھی،

اس تقریر کا ایک حصہ بعض مورخین نے نقل کیا ہے، جسمیں حمد و ثنا کے بعد یہ الفاظ ہیں :-

"یا معشر الناس! میرے آبا و اجداد آج تک کبھی والی مقرر نہیں ہوئے، انھیں کبھی بھی یہ سرفرازی نصیب نہیں ہوئی، اور میں بھی اس منصب جلیلہ پر فائز نہ کیا جاتا، اگر علم کو اپنا زیور نہ بناتا، اسلئے علم کی تحصیل و تدوین میں سعی و کوشش کرو اسی میں جانفشانی کرو اور اسی کے ہو رہو اس راہ میں مصائب و مشکلات کا سامنا ہوتا ہے تمھیں ہلکان نہ ہونا چاہئے، مردانہ وار مقابلہ کرو، اسی سے تم دین و دنیا دونوں میں سربلند ہو سکتے ہو[1]"

الوداعی تقریر کے بعد جہاز دن نے لنگر اوٹھایا، اور یوم شنبہ ۱۵ ربیع الاول ۲۱۲ھ کو یہ اسلامی بیڑا صقلیہ کو دار الاسلام بنانے کیلئے روانہ ہو گیا،

یہ بیڑا تقریباً سو جنگی جہازوں پر مشتمل تھا جنمیں سات سو سوار، اور دس ہزار پیادہ فوج تھی، اسلامی بیڑے کے پیچھے پیچھے فیمی کے باقی ماندہ جہاز بھی اپنے قوم و ملک سے اپنی غداری کا آخری ثبوت بہم پہنچانیکے لئے افریقہ سے صقلیہ چل کھڑے ہوئے[2]

ساحل صقلیہ پر فوج کی آمد اور مازر پر بلا مزاحمت قبضہ

اب تک افریقہ سے جس قدر اسلامی بیڑے جاتے تھے، وہ زیادہ تر دار الحکومت سرقوسہ پر جا آ کر ہوتے تھے، اسد نے یہ پامال راستہ اختیار نہیں کیا، اور اپنی

[1] معالم الایمان، ج ۲ ص ۱۵، و ریاض النفوس درماری ص ۱۸۴، ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۵، البیان المغرب (ترجمہ) ص ۱۳۷

[2] نہایۃ الارب درماری ص ۴۲۸، ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۶ وغیرہ،

حکمت عملی سے ایک ایسے شہر کا رُخ کیا، جو بلا مزاحمت قبضہ مین آگیا، چنانچہ اسلامی بیڑا سوسہ سے تین دن کا راستہ طے کرکے یوم سہ شنبہ ۱۸ ربیع الاول ۲۱۲ھ مطابق ۱۳ جون ۸۲۷ء کو ساحلی شہر مازر مین لنگر انداز ہوگیا،[۲]

اسلامی لشکر پورے جوش وخروش سے ساحل پر اوترا، اور شہر پر بغیر مزاحمت قابض ہوگیا اس کے بعد اسد بن فرات نے مازر مین اپنی مورچہ بندی کی، اور یہین بیٹھ کر دشمنون کا انتظار کرنے لگا، تین دن اسی انتظار مین گذر گئے. سامنے سے فوج کا ایک چھوٹا سا دستہ آتا دکھائی دیا، لوگ سمجھے کہ رومیون کا مقدمۃ الجیش آپہنچا، جوش وخروش سے ہتھیار سنبھال لئے، اور حملہ آوری کے لئے پر تول رہے تھے کہ معلوم ہوا کہ یہ فہمی کا کوئی وفادار معاون دستہ ہے،

پیشقدمی مجاہدین اسلام نے بیتابانہ شوق جہاد مین تین دن مازر میں گذار دئے معلوم ہوا کہ رومی اس شہر کو چھوڑ کر کسی اور جگہ مورچہ جمائین گے، آخر اسد نے شہر کے قلعہ پر اسلامی پرچم بلند کردیا اور ابوذر کی کنانی کو مازر کا گورنر مقرر کیا اور یہان اسلامی حکومت کی داغ بیل ڈال کے مزید فتوحات کے لئے پیشقدمی کی، اسلامی لشکر کوچ کرتا ہوا مقام مرج مین پہنچا، تو دشمنون کی فوج سامنے دکھائی دی اور مجاہدین بھی وہین خیمہ زن ہوگئے،[۳]

حکومت صقلیہ کی مدافعانہ تیاریان جیسا کہ پہلے بتایا جاچکا ہے کہ صقلیہ مین فہمی کے خلاف بلاط کی فوجکشی خود بلاط کی قوت بازو پر مشتمل نہ تھی، بلکہ حکومت بیزنطی کی ہر قسم کی امداد شامل تھی، اور اسی کے ایما سے اوس نے اسکے خلاف خروج کرکے جزیرہ پر قبضہ کیا تھا، اور پھر بیزنطی علم کو جزیرہ مین سربلند کردیا تھا اور خود ایک گورنر کی حیثیت سے زمام حکومت سنبھال لی تھی،

---

[۱] اخبار الاندلس ج ۲ ص ۱۳ [۲] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۶، نہایۃ الارب دراماری ص ۴۲۸ [۳] نہایۃ الارب دراماری ص ۴۲۸،

اسلئے جب اس کو اسلامی لشکر کی حملہ آوری کی اطلاع ملی، تو اس نے تمام حالات کی روداد قسطنطنیہ بھیج دی، اور اسلامی فوجکشی کے مقابلہ کیلئے امداد طلب کی[1]،

لیکن حکومت بیزنطی اسوقت اپنے داخلی مشکلات مین گھری ہوئی تھی، شہنشاہ مائیکل کے خلاف جو قسطنطین ششم کی لڑکی سے شادی کرکے تخت حکومت پر غاصبانہ قابض ہوا تھا، جابجا بغاوتین برپا تھین[2]، اس کے باوجود اوس نے صقلیہ کی طرف فوری توجہ کی، اور جہان تک خود اس کی استطاعت مین تھا، ایک رومی بیڑا مرتب کرکے قسطنطنیہ سے صقلیہ روانہ کیا[3]، لیکن وہ اسلامی فوج کا مقابلہ کرنے کیلئے کافی نہ تھا، اس لئے اس نے حکومت وینس سے مدد طلب کی، اور دونون کے جہازون کا مشترک بیڑا ۸۲۷ء مین صقلیہ پہنچا[4]، اور اس طریقہ سے تین تین حکومتون قسطنطنیہ، وینس اور صقلیہ کا مشترکہ عظیم الشان لشکر اسلامی لشکر کے مقابلہ کیلئے مقام مرج پر ڈیرے ڈالے ہوئے تھا،

مرج مین ان تینون حکومتون کی فوج کی تعداد ایک لاکھ پچاس ہزار تھی، جس کی کمان بلاط کے ہاتھ مین تھی، اور ان کے مقابلہ مین اسلامی امیر فوج کے پاس صرف دس ہزار سپاہی تھے[5]،

فیمی کی اسلامی لشکر سے علیحدگی

اس لئے اس موقع پر فیمی کی مختصر سی جمعیت بھی اسلامی لشکر کیلئے معاون ثابت ہوئی، لیکن فیمی اگرچہ دربار حکومت افریقیہ مین اپنے تاج و تخت سے دستبردار ہو چکا تھا، مگر درپردہ اوس کے دل مین تاج و تخت کی ہوس باقی تھی، اور وہ ابھی تک اسی امید موہوم مین اسلامی فوج کے ہمرکاب تھا،

---

[1] ابن اثیر، ج ۶ ص ۲۳۶، وابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۸، [2] اسٹوری آف دی نیشنس، ج ۳۰، (بیزنٹائن امپائر) ص ۲۰۸ [3] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۶، وابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۸ [4] مقالہ جان بری در یادگاری مضامین ج ۲ ص ۲۷ [5] ریاض النفوس دراماری ص ۱۸۴ ونہایۃ الارب دراماری ص ۴۴۹، تاریخ تونس حسین بن محمد دراماری ص ۱۴۱، کتاب المونس ص ۸۰،

اگرچہ افریقہ مین وہ صقلیہ کے دارالاسلام بنائے جانے کی تجویز کی وجہ سے پہلے کسی قدر مایوس ہوچکا تھا تاہم اوسکو امید تھی کہ ممکن ہے قسمت کا آخری پانسہ پلٹ جائے، اور شاید بلاط کے شکست کھانیکے بعد اہل جزیرہ کی مدد سے وہ اسلامی لشکر کو شکست دیسکے، لیکن جب وہ مقام مرج مین پہنچا، اور رومیون کی عظیم الشان فوج سامنے نظر آئی، تو اسکی وہ رہی سہی امید بھی جاتی رہی، کیونکہ وہ ایک مدت دراز تک حکومت بزنطی کے ایک ملازم کے طور پر کام کرچکا تھا، اس لئے رومی حکومت کی ہیبت وعظمت اوسکے دل ودماغ پر چھائی ہوئی تھی، جسکی وجہ سے وہ یہ تصور نہ کرسکتا تھا، کہ رومیون کے اس عظیم الشان لشکر کے مقابلہ مین مسلمانون کی مختصر سی فوج ہزار فوج میدان جیت لیگی، اسلئے اس کے تاج وتخت کے تمام منصوبے خواب پریشان ثابت ہوئے اور مسلمانون کے دوش بدوش میدان جنگ مین اوترنا اوسکو باعث ہلاکت نظر آیا، اور اسی نقطہ نظر سے جنگ کی شرکت اوسے بے سود نظر آنے لگی،

فیمی کی یہ کنارہ کشی اسلامی لشکر کے لئے اور زیادہ نازک صورت حال پیدا کررہی تھی، لیکن اگر وہ میدان جنگ مین شریک ہوتا، اور عین موقع پر غداری کرکے بزدلی دکھاتا، تو یہ زیادہ خطرناک ہوتا، اسلئے اسد نے اس صورت حال پر غور کرکے اس کے متعلق ایک مختتم فیصلہ کرلینا چاہا، چنانچہ اسد نے اسلامی لشکر سے فیمی کی جمعیت کی علٰحدگی کا فیصلہ کیا جسکو اُسنے بھی غنیمت خیال کیا، اور بخوشی منظور کرلیا،

لیکن اب اس جماعت کیلئے دوسری دشواری یہ پیش آئی، کہ کہان جائے اور کیا کرے، اسد نے اسکو اسلامی خیمہ مین رہنے کی اجازت دیدی، لیکن ساتھ ساتھ یہ ہدایت کردی کہ بطور امتیاز اپنے سرون پر چیتش لگالین، کہ شاید کوئی مجاہدان مین سے کسی سپاہی پر شب کی تاریکی مین دشمن کا آدمی سمجھ کر حملہ کربیٹھے، چنانچہ اسی فیصلہ کے بموجب فیمی کے سپاہیون نے ایک امتیازی نشان اپنے سرون پر لگالیا،[1]

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۶، معالم الایمان ج ۲ ص ۱۵، ریاض النفوس دلماری ص ۱۸۴، نہایۃ الارب دلماری ص ۴۲۸،

صقلیہ کا پہلا میدان پھر اسد نے اسلامی لشکر کی صف بندی کی، لوائے جنگ خود اپنے ہاتھ مین لیکر آگے بڑھے، مسلمان سپاہی رومیون کے ٹڈی دل فوج سے لرزہ براندام تھے، ایک طرف ڈیڑھ لاکھ فوج کا سیلاب امنڈ رہا تھا، دوسری طرف دس ہزار بے وطن سپاہی صف در صف کھڑے تھے، اسد کو اس کا اندازہ ہوا، تو وہ جوش و خروش سے سامنے آئے، بلند آواز سے سورۂ یٰسین تلاوت کی، اور پھر اپنے مجاہدین کو خطاب کیا، اور ایسا برمحل اور ہمت افزا خطاب کیا، کہ اسلامی فوج کی ہمت و شجاعت مین غیر معمولی اضافہ ہوگیا، اور انھین نظر آنے لگا کہ یہ وہی لوگ ہین جو افریقیہ سے چھپ چھپا کر بھاگ آئے، اور مجاہدین کی تشنہ تلوارین اپنی پیاس بجھانے کے لئے ادھر اودھر انھین تلاش کرتی رہین، جو آج اتفاق سے سب کے سب یکجا مل گئے ہین، اسلئے آج ان تلوارون کو اپنی خون آشامیون کا خوب موقع ملیگا، اسد کے وہ برمحل جملے یہ تھے:-

"مجاہدو! یہ ساحل کے وہی عجم ہین، جو روپوش ہوکے یہان جمع ہوگئے، یہ تو تمھارے بھاگے ہوئے غلام ہین، ان سے کہین خائف نہ ہوجانا"

اسد اس فقرے کو تمام کرتے ہی گنگناتے ہوئے آگے بڑھے اور رجز خوانی کرتے رومیون پر ٹوٹ پڑے، مجاہدین نے بھی تلوارین سنبھالین، اور فوج کے اس جنگل مین گھس گئے اور گھمسان کی لڑائی ہونے لگی، رومیون نے سارا زور اسد پر صرف کیا، اور انھین پر پے در پے حملے کرتے گئے، جس کا وہ بھی پامردی سے جواب دیتے رہے، اور گو زخمون سے چور چور ہوگئے، مگر لوائے جنگ ہاتھ سے نہ چھوٹا، یہان تک کہ جس ہاتھ مین جھنڈا تھا، وہ خون سے تر ہوگیا، مگر اسد نے اس کو سرنگون نہ ہونے دیا،

آخر رومیون کے پاے ثبات مین لغزش آئی، ٹڈی دل فوج درہم برہم ہونے لگی، اور خیمہ و خرگاہ چھوڑ کر بھاگنے لگے، اور صقلیہ کا یہ پہلا میدان مسلمانون کے ہاتھ آیا، رومی فوج کا ایک کثیر

حصہ کام آگیا، میدان کارزار مین بہت سے رومی پڑے دم توڑتے نظر آئے، بہت سے قیدی گرفتار ہوئے، بیشمار مال غنیمت جسمین مویشیون اور سامان رسد کا وافر حصہ تھا، اسلامی لشکر کے ہاتھ آیا، اور صقلیہ کی پہلی معرکہ آرائی مسلمانون کے لئے بطور فال نیک انجام کو پہنچی،

اس پہلی معرکہ آرائی مین سب سے نمایان کارنامہ خود امیر لشکر اسد کا تھا، میدان جنگ کا وہ مذکور بالا نقشہ اتفاق سے اس جنگ کے ایک چشم دید راوی ابن ابی الفضل کی زبانی تاریخون مین مذکور ہے جو خود اس جنگ مین شریک تھے،[1]

زیادۃ اللہ نے اسد کے فتح وظفر کا مژدہ خلیفۂ وقت مامون کو بھیجا، اور اسکی شہرت تمام عالم اسلامی مین پھیل گئی،

رومیون کی فوجی طاقت مین ابتری

رومی اپنی ڈیڑھ لاکھ کی جمعیت لیکر آگے بڑھے تھے، اور انھین یقین کامل تھا، کہ مٹھی بھر اسلامی لشکر کو اپنے گھوڑون کی ٹاپ سے کچل دین گے، اور وہ اپنے اسی غرور و پندار مین پورے ساز و سامان اور مکمل فوجی طاقت سے پہلے ہی معرکہ آرائی مین میدان جنگ مین اتر پڑے تھے، اس لئے جب انھین اسمین شکست نصیب ہوئی، تو یہ کسی ایک معرکہ مین شکست نہین تھی، بلکہ رومیون کی پوری فوجی قوت کی تباہی و بربادی تھی، یہانتک کہ گورنر صقلیہ بلاط اسی جنگ سے دلبرداشتہ ہو کر سرزمین صقلیہ چھوڑ بیٹھا، اور قلوریہ جا کر پناہ گزین ہوا، اور سرقوسہ کی زمام حکومت یہان کے مذہبی پیشوا بطارقہ کے ہاتھ مین آگئی، اور صقلیہ کی حفاظت خود اہل صقلیہ کو کرنی پڑی،

اسلامی لشکر کی پیشقدمی

دوسری طرف اسلامی لشکر پیشقدمی کرتا ہوا مرج سے، کیلہ فیمی پہنچا، لیکن یہان کوئی جماعت مقابلہ کے لئے نہین نکلی، اس لئے اسلامی لشکر نے فتوحات کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے کنیسہ مسلقین مین آکر ڈیرے ڈالے،

---

[1] معالم الایمان ابن ناجی ج ۲ ص ۱۵۰

جزیہ کی ادائی پر صلح | یہین اہل صقلیہ کی ایک بہت بڑی جماعت جسکے سرخیل بطارقہ تھے قلعہ کراٹ سے نکلکر اسد کی خدمت مین حاضر ہوکر طالب امان ہوئی، اسد نے جزیہ کی ایک رقم متعین کی، اوسکو اون لوگون نے برضا و رغبت قبول کیا، اور مامون ہوکر واپس چلے گئے،

اسد جن مقامات کو بزور شمشیر فتح کر چکے تھے انھین کے حدود مین ٹھہر گئے، کیونکہ کراٹ سرقوسہ کا حفاظتی قلعہ تھا، اور یہان کی نمایندہ جماعت حکومت سرقوسہ کی نمایندہ تھی، اسلئے اسلامی اصول جنگ کے مطابق اس جزیہ کی ادائی کے بعد اسلامی حملون کا سلسلہ موقوف ہوگیا، اہل سرقوسہ بھی اسلامی حکومت افریقیہ کے قریب ہونے کی وجہ سے اسلامی اصول و احکام سے واقف تھے، اب وہ پورے طور پر مطمئن تھے، کہ دنیا کی کوئی طاقت ان پر حملہ آور نہین ہوسکتی[1]

فیمی کی سازش اہل سرقوسہ سے | لیکن یہ صلح زیادہ دنون تک قائم نہ رہ سکی، کیونکہ ارمنی نژاد فیمی یہان اسلامی حکومت کے قیام و استحکام کے قطعی خلاف تھا، اسلئے اس کے خلاف خفیہ سازشون مین مصروف ہوگیا، اور شدگان کراٹ کو خفیہ طور پر اسلامی حکومت کے خلاف برانگیختہ کرکے آمادۂ جنگ کرنے لگا،

شکست صلح | فیمی کو اہل صقلیہ مین اگرچہ اب کوئی رسوخ حاصل نہ تھا، لیکن اسوقت اہل صقلیہ کا کوئی صحیح رہنما نہ تھا، اسلئے انھون نے فیمی کے مشورہ کو قبول کرلیا، اور جنگی تیاریون مین مصروف ہوگئے، قلعہ کو ہر چہار طرف سے مستحکم کیا، پھر قرب و جوار کے تمام گرجون کے زر و جواہر سمیت کر قلعہ مین محفوظ کرلئے اور قلعہ بند ہوکر مقابلہ کرنے کیلئے مضافات شہر سے رسد کا کافی سامان بہم پہنچالیا، اور اسطرح کراٹ کی وہ صلح محض چند روزہ ثابت ہوئی[2]

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۶، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۹، نہایۃ الارب در اماری ص ۴۲۸ [2] نہایۃ الارب در اماری ص ۴۲۹، اس واقعہ کو متعدد مورخین نے لکھا ہے، اور سب کے بیان مین کسی قدر جزئی اختلاف بھی ہے، ابن خلدون

اسد اہل جزیرہ کی عہد شکنی اور جنگی تیاریون سے غافل نہ تھا انکو دشمنون کی تمام نقل وحرکت کی اطلاع ملی لیکن مصلحت کا خیال کرکے فی الحال کچھ تعرض مناسب نہ سمجھا، اور خود اپنی پیشقدمی شروع کردی اور سب سے پہلے فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے ملک کے اطراف وجوانب مین بھیج دئی، اور خود بڑھکر سرقوسہ کا محاصرہ کرلیا، لیکن اہل جزیرہ اپنی مکمل تیارین کے بعد پہلے ہی قلعہ بند ہوچکے تھے[1]

سرقوسہ کا محاصرہ لشکر اسلام سرقوسہ کے قرب وجوار پر قبضہ کرتا ہوا، اسکے شہر پناہ کے نیچے پہنچا، سرقوسہ جغرافیائی حیثیت سے گویا ایک مستحکم قلعہ تھا، تین طرف سمندر سے گھرا ہوا تھا، اور اسکا شمالی حصہ خشکی سے ملا ہوا تھا، اون صدر دروازہ اسی جانب تھا، اسد نے اسکی جغرافیائی حیثیت ملحوظ رکھی، اور اسکو دونون طرف سے گھیر لیا، خود صدر دروازہ کی طرف ڈیرے ڈال دئے اور فوج کا ایک حصہ سمندر کیطرف بھیجدیا، اور اسلامی بیڑے ہر طرف متعین کردئے

حسن اتفاق سے اسی اثنا مین افریقیہ سے امدادی فوج آگئی، اس لئے سے محاصرین کو بڑی تقویت حاصل ہوئی، لیکن دوسری طرف محصورین کی امدادی فوج بھی برابر سے آپہنچی، اب نقشہ جنگ اس طرح قائم ہوا کہ اسد کو ایک طرف محصورین کو شکست دیکر شہر مین داخل ہونا تھا، یا یون کہا جائے کہ

(بقیہ حاشیہ ص ۱۳۷) صرف اسی قدر لکھتا ہے کہ اہل جزیرہ نے مکر وفریب سے صلح کی، پھر محاصرہ کی تیاریان کین، اور جزیہ دینے سے انکار کردیا، اس بیان مین فیمی کا کوئی ذکر نہین ہے، ابن اثیر اس کو اس اسلوب مین لکھتا ہے کہ اہل جزیرہ نے مکر وفریب سے صلح کی، اسی اثنا مین فیمی نے ان کو ورغلایا (ج ۶ ص ۳۶) گویا اہل جزیرہ کو اس ارادہ مین فیمی کی حرکت سے مزید تقویت پہنچی، لیکن ابن اثیر نے اس واقعہ کو دوسرے اسلوب مین پیش کیا ہے، اور ہم نے اسی کو اختیار کیا ہے کیونکہ ان روایتون مین کوئی ایسا اختلاف نہین پایا جاتا، مآل سب کا یہی ہے کہ فیمی نے مسلمانون سے بدعہدی کی لیکن باشندگان جزیرہ نے آپس مین پہلے سچائی سے صلح کی تھی کہ وہان ایسی ابتری پیدا ہوگئی تھی، جسکی وجہ سے وہ صلح پر مجبور تھے، اور پھر فیمی کی برانگیختگی سے جنگ پر آمادہ ہوئے اور یا وہ ایک عارضی صلح سے مہلت حاصل کرنا چاہتے تھے، اور اسد نے صلح کرنے مین غلطی کی نویری اول الذکر صورت کو اختیار کرتا ہے، اور حالات کی جو رفتار ہے بظاہر اون سے اسی کی تائید ہوتی ہے اور اسلئے یہان یہی صورت اختیار کیگئی، [1] نہایۃ الارب دمارمی ص ۴۲۸، ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۷، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۹،

ایک طرف محصورین کی منجنیقون کی زد پڑتی دوسری طرف بلزم کی رومی فوج اسدکو گھیرے ہوئے تھی، اسد نے موقع جنگ کا اندازہ کرکے اپنے گرداگرد ایک وسیع خندق کھدوائی، اور اس سے آگے بڑھکے ایک بہت بڑی کھائی تیار کرائی،

اسد کی اس حکمت عملی سے بلزم کی حملہ آور رومی فوج کا کامیابی سے راستہ رک گیا، اس نے کھائی اور خندق کے عبور کرنے کی متعدد ناکام کوششین کین، لیکن ہر مرتبہ ناکامی ہوئی، اور ان کوششون مین بہت سے رومی کھائی مین گرگر کے ضائع ہوتے گئے، اور بالآخر اسی طریقہ سے اس حملہ آور جماعت کی قوت ٹوٹ گئی،

جب رومیون کی حملہ آور جماعت کی قوت ٹوٹ چکی تو اسد نے محاصرہ مین اور زیادہ سختی برتی اور زچ ہوکر محصورین کو طالب امان ہونا پڑا، اسد اس استدعا کے قبول کرلینے پر مائل ہوچکے تھے لیکن اسلامی لشکر کے دیگر اصحاب حل وعقد نے اہل سرقوسہ کی پہلی غداری کو پیش نظر رکھا، اور اس قسم کی صلح کی سخت مخالفت کی اور سرقوسہ پر فاتحانہ قبضہ کرنے کو ترجیح دی مجبوراً اسد نے مذاکرۂ صلح کو موقوف کردیا، اور سلسلۂ محاصرہ بدستور جاری رہا،

لیکن جب محاصرہ طویل ہوا، تو محصورین کے ساتھ محاصرین بھی مشکلات مین گھر گئے، کیون کہ محاصرہ کے میدان کا جو نقشہ تھا، وہ بلزم کے رومی لشکر کے ضعیف ہوجانے کے باوجود بھی قائم تھا، رومی لشکر اب اگرچہ حملہ آوری کی قوت نہین رکھتا تھا، تاہم محاصرین کا محاصرہ اب بھی کررہا تھا، اور نیز اسلامی لشکر اس وقت اپنے تمام مفتوحہ علاقہ سے الگ تھا، ان سے اس کو کوئی امداد حاصل نہین ہورہی تھی لشکر کے ساتھ جسقدر سامان رسد تھا، رفتہ رفتہ اس مین کمی ہوتی گئی، اور کھانے کے لئے گھوڑے ذبح کرنے کی نوبت آگئی،

اس صورت حال سے اسلامی لشکر مین بددلی پیدا ہوئی، اور ایک جماعت اس قدر دل برداشتہ ہوئی کہ اسکو

افریقہ کی واپسی کا خیال پیدا ہوگیا ہیپنانچہ ایک ممتاز اہل علم ابن قادم کو نمایندہ بنا کر اسد کے پاس بھیجا گیا، اور انھوں نے پرزور طریقہ سے اپنا مطالبہ پیش کیا،

یہ موقع اسد کے لئے نہایت نازک تھا، اگر مطالبہ منظور نہ کیا جائے تو اسلامی لشکر مین فتنہ انگیزیان ہوتی ہین، اور اگر مطالبہ قبول کرلیا جاتا ہو تو جزیرہ مین مسلمانون کی تمام جانفشانیون کا خاتمہ ہوجاتا ہو علاوہ ازین محاصرہ اس قدر طول پکڑ گیا تھا، کہ محصورین بھی بڑی حد تک عاجز آگئے تھے، اور اسی لئے انھون نے صلح کی خواہش بھی ظاہر کی تھی، اس لئے اس موقع پر محاصرہ کا اوٹھالینا دانشمندی کے سراسر خلاف تھا، اس بنا پر اسد نے اس جماعت کے فتنہ کو دبانا چاہا، اور ابن قادم کو جواب دیا:-

"مین مسلمانون کی جنگی خدمت کو نقصان نہین پہنچانا چاہتا، حالات ایسے نہین کہ واپسی کا قصد کیا جائے ابھی اسلامی لشکر مین بہت کچھ خیر و برکت باقی ہو"

اسد کا یہ خشک جواب ابن قادم کی جماعت کو مطمئن نہ کرسکا، اور وہ لوگ اپنے اصرار پر قائم رہے، جب اس جماعت کا اصرار زیادہ بڑھا، تو اسد نے جہازون کے جلا دینے کی دھمکی دی، اس پر سرخیل جماعت ابن قادم نے اسد سے گستاخانہ طرز خطاب اختیار کیا، اور کہا:-

"اس سے بہت چھوٹے معاملہ پر عثمان بن عفان قتل کر دیئے گئے تھے"

ابن قادم کے یہ الفاظ اسلامی لشکر مین فتنہ عظیم برپا کر دیتے، لیکن اسد نے اس کا فوری تدارک کیا، اور ابن قادم کو گرفتار کر کے پاداش جرم مین چند کوڑے لگوائے، یہ سزا بے تازیانہ موثر ثابت ہوئی، شورش رفع ہوئی، اور ہر شخص اطاعت و انقیاد سے اپنا فرض انجام دینے لگا، اور محاصرہ بدستور جاری رہا[1]،

غرض سرقوسہ کا محاصرہ یونہی قائم رہا، محاصرین اپنے سامان رسد کی وجہ سے پریشانیون مین مبتلا تھے

[1] معالم الایمان ج ۲ ص ۱۵، و ریاض النفوس و ط ماری ص ۱۸۵،

اور محصورین محاصرہ کی سختیاں برداشت کرتے کرتے عاجز آچکے تھے، موقع موقع پر لڑائیون کا سلسلہ جاری تھا چند تیر ادھر سے آجاتے، اور چند ادھر پھینک دئے جاتے، اور کبھی کبھی دست بدست لڑائی کی نوبت بھی آجاتی،

حالت محاصرہ مین اسد کی وفات:

محاصرہ کے یہی حالات قائم تھے، کہ اسلامی لشکر پر ایک ناگہانی افتاد آپڑی، لڑائیون کا جو سلسلہ قائم تھا، اسی مین اتفاق سے امیر لشکر اسد بھی زخمی ہوگئے، زخم اتنا کاری تھا، کہ اس سے جانبر نہ ہوسکے، اور انھی زخمون سے حالت محاصرہ ہی مین بماہ ربیع الآخر ۲۱۲ھ مین انتقال ہوگیا، اور فاتح صقلیہ اسی سرزمین مین تہ خاک ہوا جسکو وہ اپنے فتوی اور تدبر سے دارالاسلام قرار دیچکا تھا،

مسلمانون نے یادگار کے طور پر قبر پر ایک مسجد تعمیر کرادی،

اسد کی وفات سے افریقیہ مین بھی گھر گھر صف ماتم بچھ گئی تھی، خود زیادۃ اللہ کو اس کا نہایت غم ہوا، قیروان مین بطور یادگار ایک مسجد تعمیر کیگئی، اور وہ قدیم شکستہ حال نشانی آج تک کھڑی ہوئی ہے، اس پر "اسد بن فرات" کندہ ہے، اس کی تصویر میری نظر سے گذری ہے، مسجد کا طرز تعمیر نہایت سادہ ہے[1]

[1] ریاض النفوس درا ماری ص ۱۸۱ و معالم الایمان ج ۲ ص ۱۷، و مقالہ محمد بن ابی شنب در یادگاری مضامین ج ۲ ص ۴۹۲، اسد بن فرات کی وفات کے متعلق مورخین مین باہم شدید اختلاف ہے ہم نے سبکو سامنے رکھکر ان دونون قوی بالامور ضین کے بیان کو قبول کرلیا ہے کیونکہ مجموعی طور پر دیگر متاز مورخین کے بیانات سے بھی انھی کی تائید ہوتی ہے، اسد کی وفات کے سلسلہ مین یہ اختلاف تین چیزون مین ہے، پہلا مہینہ کی تعیین مین، دوسرا مقام وفات مین، اور تیسرا اختلاف مرض الموت مین ہے، مہینہ کے اختلاف کے متعلق نقشہ یہ ہے،

نہایۃ الارب نویری ، ماہ شعبان

اسد کا زمانۂ ولایت | اسد کا زمانۂ ولایت اگرچہ صرف ایک سال اور چند دن رہا لیکن واقعات ونتائج کے اعتبار سے نہایت اہم تھا، ان کے زمانۂ ولایت مین مازر کو دارالحکومت قرار دے کر اسلامی حکومت کی تشکیل کی گئی، حدود حکومت مین مازر اور اس کے مضافات داخل تھے، علاوہ ازین مازر سے سرقوسہ تک کا جس قدر دیہی علاقہ تھا، اور اس مین جو جو ممتاز اور اہم قلعے تھے، وہ سب سراطاعت خم کر چکے تھے،

(بقیہ حاشیہ ص ۱۴۱) البیان المغرب ابن عذاری - رجب

تاریخ تونس، - ربیع الثانی

کتاب الونس، " "

چونکہ نویری اور ابن عذاری کا بیان اپنے اپنے طور پر منفرد تھا، اور موخرالذکر دونون روایتون سے ریاض النفوس اور معالم کی تائید ہوتی ہے، اسلئے اسی کو قبول کیا گیا،

اور مرض الموت کے بیان مین ایک طرف ابن اثیر ہے، اور دوسری طرف دیگر مورخین ہین، واقعہ یہ ہے کہ اسد کی وفات کے بعد ہی اسلامی لشکر مین وبا پھیل گئی، اور دونون کا زمانہ اسقدر قریب ہے کہ ابن اثیر کو یہ غلط فہمی ہوئی کہ اسد کا انتقال بھی اسی وبا مین ہوا، اور اس نے اونکی وفات کے متعلق یہ فقرہ لکھا،

هلك فيه امير العسكر اسی وبا مین امیر لشکر کا انتقال ہوا،

لیکن ابن اثیر کے اس بیان کے خلاف ایک طرف ابن عذاری کی یہ تصریح ہے کہ اسلامی لشکر مین وبا اسد کی وفات کے بعد پھیلی ہے، ان دونون بیانون مین موخرالذکر اسلئے مستند ہے کہ ابن اثیر نے اپنی الکامل مین صقلیہ کے یہ واقعات ضمناً درج کئے ہین، اور ابن عذاری نے مخصوص مغرب کے حالات مین کتاب لکھی ہے، وہ خود افریقیہ کا رہنے والا ہے، اور اور اسکے ماخذ مین ایسی کتابین ہین جو خصوص افریقیہ ہی کے متعلق لکھی گئین، اسلئے اس معاملہ مین بالعموم اسی کی روایت صحیح ترسمجھی جائیگی،

اور پھر اوس کی مزید تائید ریاض النفوس اور معالم الایمان سے ہوتی ہے، جو بہ تشریح وتبیین یہی کہتے

اسد بن فرات ہی کی شخصیت تھی جس نے ابن قادم کے اٹھائی ہوئے فتنہ کو اپنے عزم و قوت سے دبا دیا، ورنہ صقلیہ کی تاریخ کسی اور رنگ میں ہوتی،

اسد نے اسلامی حکومت کی تشکیل کے بعد فتوحات کے متعلق وہی روش اختیار کی، جو تمام ممالک مفتوحہ میں مسلمانوں کی عام روش تھی، یعنی جزیرہ صقلیہ میں قیام حکومت کے بعد پورے جزیرہ کو زیر اطاعت لانا، جسکی دو شکلیں تھیں، جو مقامات صلح و آشتی سے مفتوح ہوتے وہ اسلامی حکومت کے

(بقیہ حاشیہ ص ۱۴۲) ہیں کہ وہ زخموں سے جانبر نہ ہو سکے، اور اسی سے ان کی وفات ہوئی، ان کا بیان یہ ہے:

وتوفی من جراحات اصابته شدیدة — ان سخت زخموں سے جو انھیں محاصرۂ سرقوسہ

وهو محاصر لسرقوسة، — میں لگے انھوں نے وفات پائی،

اس موقع پر یہ بھی فراموش نہ کرنا چاہئے کہ ابن اثیر کا موضوع بحث عام تاریخ ہے جسمیں کسی شخص کی وفات ضمنی طور پر درج ہوگی، اور مؤخر الذکر دونوں کتابیں مخصوص علمائے افریقہ کے سوانح حیات میں لکھی گئی ہیں، اس لئے اسد بن فرات قاضی القضاۃ افریقہ کی وفات کا زیادہ مستند حال انھی میں ہو سکتا ہے،

تیسرا اختلاف مقام دفن یا مقام موت میں ہے، اس اختلاف میں ایک طرف ابن خلدون ہے، اور دوسری طرف تمام مؤرخین مثلاً ابن اثیر نویری، ابن عذاری، ابن الابار قضاعی، ابن ابی دینار قیروانی، حسین بن محمد بن وادان، اور ابو عبداللہ المالکی وغیرہ ہیں،

ابن خلدون اسد کا مقام وفات یا مقام دفن شہر بلرم کو قرار دیتا ہے، اور یہ تمام مؤرخین نواحی سرقوسہ لکھتے ہیں لیکن اس موقع پر ابن خلدون کو ایک دلچسپ غلط فہمی ہوئی، اور اسکی بنیاد اور بھی زیادہ پر لطف ہے،

ابن خلدون نے صقلیہ کے حالات زیادہ تر ابن اثیر سے لئے ہیں، اور اسکی وجہ سے دونوں کی عبارتیں بھی اکثر جگہ ملتی جلتی ہیں، اس موقع پر ابن خلدون کی غلط فہمی کی بنیاد صرف ابن اثیر کی ایک عبارت پر ہے، اور اس عبارت میں ایک لفظ کو غلطی سے دوسرے معنے میں پڑھ لینے کی وجہ سے غلطیوں کی ایک عظیم الشان عمارت کھڑی ہوگئی، ابن اثیر سرقوسہ کے محاصرہ کے متعلق لکھتا ہے:-

زیر حمایت تھے، اور ان کے ساتھ وہی برتاؤ کیا جاتا تھا جو جزیہ ادا کرنے والی قوموں کے ساتھ کیا جاتا ہے، لیکن جو مقامات جنگ پر اور ترآئین، اور انھین بزور شمشیر فتح کیا جائے، تو وہ اسلامی حکومت کے دائرۂ حکومت مین داخل ہون گے، اور بطور اسلامی حکومت کی رعایا کے ان کو حقوق عطا کئے جائین گے،

اسد خود فقہ کے مدون تھے، اور ایک مدت تک عہدۂ قضا پر فائز رہ چکے تھے، اسلئے فطرۃً

(بقیہ حاشیہ ص ۱۴۳) وحاصروا سرقوسہ براً وبحراً لحقتہ الامداد من افریقیۃ فسار الیھم "والی" بلرم فی عساکر کثیرۃ فخندق المسلمون علیھم وحفروا خارج الخندق حفراً کثیرۃ فحمل الروم علیھم (ج ۶ ص ۲۲۷)

اس کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانون نے سرقوسہ کا بری و بحری محاصرہ کر لیا، (اسی) اثنا مین انھین افریقیہ سے کمک پہونچی، اس کے بعد بلرم کا گورنر "والی" ایک کثیر فوج کے ساتھ مسلمانون کی طرف چلا، مسلمانون نے مدافعت کے لئے ایک خندق کھودی۔ اور پھر اس خندق کے آگے ایک کھائی تیار کی، اسکے بعد رومیون نے حملہ کیا،

لیکن ابن خلدون اس عبارت مین سے لفظ "والی" کو (جسکو ہم نے دو ہی مین دیکھا ہے، اور جس سے ابن اثیر کی مراد بلرم کا رومی گورنر ہے) "والی" کے معنی مین لینے کے بجائے "والی" کے حرف "واو" کو واو عاطفہ سمجھا، اور پھر والی کے دوسرے ٹکڑے "الی" کو حرف جار سمجھا، اور اس تجزیہ کے بعد افریقیہ سے جو کمک آئی تھی، اسکو دو حصون مین منقسم کیا، ایک کو سرقوسہ بھیجا، اور "دوسرے کو بلرم" کی طرف" روانہ کر دیا، اور پھر ابن اثیر کے آخری فقرے فحمل الروم علیھم کی بنا پر رومیون کی کوئی دوسری جمعیت محاصرین سرقوسہ کے سر پر لاکر کھڑی کر دی، میرے ان قیاسات کی تائید ابن خلدون کے اون جملون سے ہوتی ہے جنمین اوس نے ابن اثیر سے ان بنیادون پر واقعات اخذ کرکے ان کو اپنے پیرایۂ بیان مین ادا کیا ہے، چنانچہ لکھتا ہے:-

وحاصروا سرقوسہ براً وبحراً وبعثہ الدمن افریقیہ وحاصروا بلرم وزحف الروم الی المسلمین وھم محاصرون سرقوسہ

ہان یہ بھی ممکن ہے، کہ ابن خلدون کے اس بیان پر الگ سے اعتماد کیا جائے، اور بلرم کا محاصرۂ اسد کے دور ولایت

صلح پسند طبیعت پائی تھی، اوران کی خواہش تھی کہ جزیرہ کے تمام مقامات صلح وآشتی سے زیر کئے جائین اور سب قبول جزیہ کی شرط منظور کرلین، اسی بنا پر انھون نے اہل مرج کی پہلی صلح بآسانی منظور کرلی، اورجب اہل سرقوسہ نے محاصرہ سے زچ ہونے کے بعد صلح کی دوبارہ درخواست کی، تو اس کے قبول کرنے پر فوراً آمادہ ہوگئے لیکن دیگر اصحاب حل وعقد کی مخالفت کی وجہ سے باز آنا پڑا، اسد نے جزیرہ مین جس طریقہ پر صلح وجنگ کی بنیاد قائم کردی تھی، ایک زمانہ دراز تک وہی قائم رہی، چنانچہ ہمیشہ یہی ہوتا رہا، کہ جو مقامات جزیہ کی ادائی منظور کرلین، وہ آزاد اور اسلامی

(بقیہ حاشیہ ص ۱۴۴) مین تسلیم کرلیا جائے لیکن یہ پھر بلا استثناء تمام عرب ویورپین مورخین کے بیان کے مخالف ہوگا اور اس لئے اسکو قطعی نظر انداز کرنا پڑے گا، تمام مورخین نے بلرم کا محاصرہ اسد کی وفات کے بعد لکھا ہے،

اس موقع پر ایک شبہہ کا ازالہ بھی ضروری ہے، وہ یہ کہ ابن خلدون کا یہ مصری مطبوعہ نسخہ نہایت ناقص ہے، اس مین اسد کی وفات کے متعلق یون مذکور ہے:-

"ومات اسد بن فرات امیرهم ودفن بمدینة قصریانه"

اس سے یہ دھوکا نہ ہو کہ ابن خلدون نے اس کا مدفن قصریانہ بتایا ہے، بلکہ یہان پر طباعت کی غلطی ہے اور ایک مستقل عبارت درج ہونے سے رہ گئی ہے، ابن خلدون کے صحیح نسخہ مین "ودفن بمدینة" کے بعد یون ہے،

"بلرم ودلی علی المسلمین بعده محمد بن ابی الجواری ووصل اسطول الروم من القسطنطنیه فاعتزم المسلمون علی الاقلاع الی افرنقیه فاعترضهم اسطول الروم فرجعوا واحرقوا المراکب واستماتوا وحاصروا مدینة المازر میناؤ ثلثة ایام فملکوها ثم حصن کرکنت کذلك ثم سار والی مدینه "قصریانه"

یہی "قصریانہ" ہے جو مطبوعہ نسخہ مین درمیان کی مذکورہ عبارت متروک ہوکر "ودفن بمدینة" سے ملحق ہوگیا ہے، چنانچہ اس کے بعد ہی مطبوعہ نسخہ مین یہ عبارت ملیگی،

"ومعهم القائد الذی جاء یستنجدهم فخادعه اهل قصریانه (ج ۴ ص ۱۹۹)

حکومت کے دائرہ سے باہر سمجھے جائین، اور جو مقامات بزور شمشیر فتح ہون، وہ اسلامی دائرۂ حکومت مین داخل کرلئے جائین،

اگرچہ اسی نظام کی بدولت اسلامی حکومت صقلیہ کو ہمیشہ بغاوتون کا سامنا کرنا پڑا جس کی تفصیل آیندہ آئیگی، تاہم اس سے انکار نہین کیا جاسکتا کہ نوع انسانی کی فلاح وبہبود کیلئے یہی طریقہ مناسب تھا، اور اسی مین خونریزی کے امکانات کم تھے،

اسد کی جانشینی | اسد کی وفات کے بعد امیر محمد بن ابی الجواری کو اسلامی لشکر نے باتفاق اپنا امیر منتخب کرلیا اور اسی نے حکومت اور فوج سنبھال لی[1]

محمد بن ابی الجواری جانشین اسد

۲۱۳ھ / ۸۲۸ء - ۲۱۴ھ / ۸۲۹ء

اسلامی لشکر مین ابتری | امیر محمد بن ابی الجواری کا انتخاب اصحاب حل وعقد اور عام اسلامی لشکر کے اتفاق سے عمل مین آیا تھا، ابن ابی الجواری نہایت خوش تدبیری سے محاصرہ کے کامیاب بنانے مین مصروف ہوگیا، اور ایسی ساعت آپہنچی کہ اہل سرقوسہ سخت پریشان حال ہوگئے اور محاصرہ کی سختیان ان کے لئے ناقابل برداشت ہوگئین، لیکن بخت واتفاق کہ اسلامی لشکر مین خوفناک بےچینی شروع ہوئی، اور ایسا اختلال وانتشار پھیلا کہ ابن ابی الجواری کیلئے اس کا مقابلہ نہایت دشوار ہوگیا، کیونکہ اسد کی وفات سے فوج مین ایسی ابتری پیدا ہوگئی تھی کہ اس کا سارا نظام درہم برہم ہوگیا تھا، اور وہ اپنے مشاغل سے ایسی غافل ہوگئی تھی، کہ مفتوحہ شہرون کے وہ تمام معززین وامرا، وسپہ سالار جو اسلامی لشکر مین بطور یرغمال نظربند تھے، موقع پاکر فرار ہوگئے[2] اور اسلامی لشکر کی بدنظمی وانتشار کا چرچا ملک کے گوشہ گوشہ مین پہنچ گیا،

---

[1] ریاض النفوس دراماری ص ۱۸۱ وغیرہ [2] نہایۃ الارب دراماری ص ۴۲۹ [3] البیان المغرب ترجمہ ص ۱۳۹،

اور اتنے دنوں میں جو کچھ رعب و داب اور اثر پیدا ہوا تھا۔ وہ بالکل زائل ہو گیا،

اسلامی لشکر میں وبا اسی اثنار میں اسلامی لشکر ایک دوسری مصیبت میں مبتلا ہوا، اسد نے بلرم کی حملہ آور فوج کی بربادی کے لئے جو کھائی کھدوائی تھی، وہ رومیوں کی لاشوں سے پٹ گئی تھی، اور پھر ان کے سڑنے کی وجہ سے آب و ہوا خراب ہو گئی جس سے اسلامی لشکر میں سخت وبا پھیل گئی جس سے مجاہدین اور آزمودہ کار افسروں کی نہایت عزیز جانیں تلف ہو گئیں،

حکومت بیزنطی کی ارادی فوج اسلامی لشکر ابھی اپنی انہی پریشانیوں میں مبتلا تھا کہ اوسے یہ وحشت انگیز خبر پہنچی کہ حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کا ایک نہایت عظیم الشان لشکر جو متعدد جنگی بیڑوں اور آزمودہ کار بڑی فوجوں پر مشتمل ہے، مسلمانوں سے جزیرہ کو خالی کرانے کیلئے یہاں آپہنچا ہے، اور وہ عنقریب اسلامی لشکر پر ٹوٹنے والا ہے، ان سب واقعات نے ملکر مسلمانوں کو دل شکستہ کر دیا اور ان میں افریقہ کی واپسی کا پھر خیال پیدا ہو گیا، اور فیصلہ پھر اپنے سازو باز اُلتمین پورے طور پر افریقہ کی واپسی پر آمادہ کر لیا،

مجاہدین کی مایوسی اور افریقہ کی روانگی کا قصد ابن ابی الجواری اس نئے فتنے کا مقابلہ نہ کر سکا، اور خود اس کے پیش نظر بھی یہ سب خطرات موجود تھے، آخر وہ سرقوسہ کا محاصرہ اٹھا لینے پر مجبور ہو گیا، اور افریقہ کے قصد سے ساحل کی طرف روانہ ہو گیا، جہاں اسلامی جہاز انتظار میں کھڑے ہوئے تھے، یہاں پہنچکر حسرت نصیب لشکر جہازوں پر سوار ہوا، اور نہایت خاموشی سے بادبان کھول کے جہازوں کا رخ افریقہ کی طرف پھیر دیا گیا،

مجاہدین کا اپنے جہازوں کو جلا دینا اور مرنے مارنے پر تیار ہو جانا لیکن ابھی لنگر اوٹھائے جا رہے تھے، کہ بیزنطی جہاز سامنے سے نمودار ہوئے اور مجاہدین کا راستہ روک کر کھڑے ہو گئے، اور اس صورت حال کے ان کے لئے بجز موت کے کوئی دوسرا راستہ باقی نہ رہا، اور یہ واقعہ ان کے لئے ایک تازیانہ عبرت ثابت

ہوا، اور ذلت و رسوائی کا ایسا احساس ہوا کہ یکایک ایک حیات تازہ پیدا ہوئی اور تمام مجاہدین جوش و خروش سے دیوانہ وار جہازوں سے کود پڑے، اب انھیں حیات و ممات کا مستقل فیصلہ کرنا تھا، چنانچہ چند لمحہ توقف کے بعد نہایت گرمجوشی سے آگے بڑھے اور اپنے جہازوں پر جھپٹ پڑے، اور اپنے ہی ہاتھوں سے اپنے تمام جہازوں میں آگ لگا دی[1]،

یہ واقعہ اسلامی تاریخ صقلیہ کا یادگار واقعہ ہے، جہازوں کے شعلہ زن تختے سمندر میں ادھر ادھر تیر رہے تھے، اور ساحل پر مجاہدین اور سطح سمندر پر رومی کھڑے ہوئے اس نظارہ کو دیکھ رہے تھے، مجاہدین صقلیہ نہایت خاموشی سے جہاز کے ایک ایک تختہ کی بربادی کا تماشہ دیکھتے جاتے اور افریقیہ کی واپسی کی آخری سے آخری موہوم امید کو منقطع کرتے جاتے، یہانتک کہ ساحل کا ایک ایک اسلامی جہاز غرقاب ہوگیا، اور افریقیہ کے مجاہدین مرنے مارنے پر تیار ہوکر صقلیہ کو مادرِ وطن سمجھ کر اوس کے آغوش مین بیٹھ گئے، اب یہ جزیرہ نہ رومی و بیزنطی تھا، اور نہ اصطلاحی طور پر دارالاسلام بلکہ حقیقی معنون مین ایک اسلامی جزیرہ تھا، اس کی حفاظت وطن کی حفاظت تھی، اسکی ترقی وطن کی ترقی تھی، اسکی فلاح وطن کی فلاح تھی، اور اوسکی بہبودی وطن کی بہبودی تھی، افریقیہ کی مجلسِ مشاورت نے اس کو دارالاسلام بنانے کا فیصلہ کیا تھا، وہ اصحاب حل وعقد کا فیصلہ تھا، اور صقلیہ مین آکر ان جانفروشون نے وطن بنانے کا فیصلہ کیا، یہ بسنے والون کا اپنے گھر کے متعلق فیصلہ تھا، اب یہ چند نفوس مسلمانانِ عرب و افریقیہ نہین بلکہ صقلیہ کے مسلمان تھے، اور حقیقی معنون مین آج کی تاریخ سے وہ صحیح طور پر مسلمانانِ صقلیہ کے نام سے موسوم کئے جائین گے،

میناؤ و جرجنت پر قبضہ اس کے بعد مجاہدین نے فتوحات کا دائرہ وسیع کرنے کیلئے فوری پیشقدمی شروع کردی، اور ساحل سے اسی جوش و خروش مین شہر مینا ؤ (MINEUN) کی طرف کوچ

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۷ ابن خلدون دراماری ص ۴۶ و نہایۃ الارب دراماری ص ۴۲۶ و تاریخ عرب موسیو سدیو ص ۲۴۳

گیا، اور پہونچتے ہی تین دن کی معمولی لڑائی کے بعد قلعہ پر قبضہ کرلیا،

اس کے بعد فوج کا ایک بڑا دستہ جرجنت روانہ ہوا، یہان بھی معمولی لڑائی کے بعد تسلط ہوگیا، اور مسلمانون نے ان دونون شہرون مین سکونت اختیار کرلی، گویا اسوقت صقلیہ کے بڑے شہرون مین سے تین اہم شہر ماذر، جرجنت اور مینا مین اسلامی آبادیان قائم ہوگئین[1]،

قصریانہ کا محاصرہ

اسلامی لشکران شہرون پر تسلط حاصل کرکے آگے بڑھا، اور صقلیہ کے مشہور و مستحکم قلعہ نما شہر قصریانہ کی دیوار کے نیچے ڈیرے ڈال دیئے، قصریانہ کو فوجی نقطۂ نظر سے جو اہمیت حاصل تھی، اس کا تذکرہ جغرافی حالات مین گذر چکا ہے، اسلئے اسی بے سروسامانی مین قصریانہ کی تاخت مسلمانون کی عدیم النظیر اولوالعزمی کا پتہ دیتی ہے،

فیمی کا قتل اور اس کی تفصیلات

مجاہدین اسلام اپنے حملہ کی تیاریون مین مصروف تھے، کہ اسی مہم کے سلسلہ مین ایک اہم واقعہ پیش آگیا، اور وہ ارمنی نژاد فیمی کا قتل ہے،

فیمی کے قتل کی تفصیلات اسکی کردار و سیرت کی طرح کچھ کم عبرت انگیز نہین، وہ جہازون کے نذر آتش ہونے سے پیشتر تک اپنی اسی حکمت عملی پر گامزن اور مسلمانون کے خلاف خفیہ ریشہ دوانیون مین اوسی طرح مصروف تھا، کیونکہ اس کے اصل حریف بلاطہ کی شکست کے بعد اہل جزیرہ مین ایسا صاحب اقتدار شخص موجود نہ تھا، جو اس کا مدمقابل ہوتا، اسکی کامیابی کی راہ مین صرف اسلامی لشکر حائل تھا، اس لئے اس کے خلاف اس نے اپنی خفیہ ریشہ دوانیان شروع کردی تھین، لیکن جب حکومت بیزنطی قسطنطنیہ سے عظیم الشان لشکر آپہنچا، تو اس کے تمام منصوبے پھر ایک مرتبہ خاک مین مل گئے، اس لئے اس جدید صورت حال سے متاثر ہوکر اوس نے اپنی روش بدل دی، اور اب اس کو اپنی فلاح اسی مین نظر آئی، کہ مسلمانون سے اشتراک عمل کرے، اور حکومت بیزنطی کے صقلیہ کی بازیافت کی کوششون

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳، ونہایۃ الارب در اماری ص ۴۲۲،

کو کامیاب نہ ہونے دے کہ اگر مسلمانوں کو کامیابی حاصل ہوئی تو ممکن ہے اسی وسیلہ سے اس کو صقلیہ کے کسی صوبہ کی گورنری مل جائے، اور دوسری طرف ابن ابی الجواری نے بھی اسلامی لشکر کے موجودہ حالات کا اندازہ لگا کر اس کو سابق والی صقلیہ کی حکمت عملی کے خلاف اپنی معیت میں لے لیا، چنانچہ قصریانہ کی اس مہم میں وہ بھی ساتھ ساتھ موجود تھا، اور اسکی اس روش سے صقلیہ کے عیسائی اسکے دشمن ہوگئے، چنانچہ جب وہ قصریانہ پہنچا تو اسکے خلاف اہل شہر نے ایک ایسی سازش تیار کی جس سے اسکی زندگی کا خاتمہ ہوگیا، وہ لوگ اس کے اصل جذبات سے آگاہ تھے، اسلئے اوس کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ایسا راستہ اختیار کیا جس پر اسکو اعتماد ہوسکے چنانچہ وہ لوگ اس مقصد کیلئے نہایت پوشیدہ طریقہ پر اوس کے پاس آئے اور زمین بوس ہوکر آداب شاہی بجالائے اور پھر گفتگو و بحث کے بعد اس کو اپنی اطاعت و انقیاد کا یقین دلایا، اور پھر خفیہ معاہدہ ہوا کہ پہلے اس جزیرہ کو حکومت بزنطی سے آزاد کرایا جائے، پھر عربوں سے آیندہ سمجھ لیا جائے گا، فیمی کو اس خفیہ معاہدہ سے پھولا نہ سمایا خود مختار حکومت کے سبز باغ نظر آنے لگے، اور تجویز کو پورے طور پر عملی جامہ پہنانے کیلئے مشاورت کا دوسرا دن مقرر ہوا، اور اس مرتبہ خود فیمی کو چند آدمیوں کے ہمراہ شہر میں بلایا گیا چنانچہ وہ حسب تجویز شہر میں پہنچا، باشندگان شہر بطور اظہار عقیدت پھر زمین بوس ہوگئے، وہ جوش مسرت سے آگے بڑھا، اس وقت بے نیام ننگی تلواروں نے یکبارگی چمک کر استقبال کیا، اور ایک ہی وار میں اس کا سر تن سے جدا ہوگیا،

فیمی کے قتل سے ایک طرف اہل شہر کا جوش انتقام ٹھنڈا ہوا، اور دوسری طرف اسلامی لشکر کو اپنے مار آستین سے نجات ملی، وہ جس قسم کی سازشوں سے اسلامی لشکر میں رہ کر مسلمانوں کو تباہ کرنا چاہتا تھا خود انہی سازشوں کا شکار ہوگیا[1]

میدان قصریانہ میں ایک خونریز معرکہ آرائی

اسلامی لشکر قصریانہ کی پہاڑی کے دامن میں خیمہ زن تھا کہ قسطنطنیہ کا امدادی بزنطی لشکر اسکے تعاقب میں یہاں آپہنچا، یہ ایک عظیم الشان لشکر تھا، کیونکہ میکائل ثانی نے اہتمام سے اوسکو تیار

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۷، نہایۃ الارب در اماری ص ۲۲۴، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۹،

کیا تھا، اور اسمین رومیون کے علاوہ ارمنیون اور حکومت وینس کی امدادی فوجین بھی شامل تھین[1]،
بیزنطی لشکر کی کمان ایک مشہور جنگ آزما بطریق تھیوڈر ٹس (جسکو عرب تودھا لکھتے ہین) کے سپرد تھی، علاوہ ازین بہت سے مشہور بطریق وراہب اپنی اپنی تلوارین سنبھال کے میدان مین اوتر آئے تھے،

رومیون کی شکست فاش

تھیوڈوٹس قصریانہ کے سامنے آتے ہی صف آرا ہوگیا اور فوراً جنگ کا سلسلہ شروع ہوگیا، بیزنطی لشکر اگرچہ بڑے ساز وسامان اور دم خم سے بھیجا گیا تھا لیکن قصریانہ کا یہ پہلا میدان مسلمانون کے ہاتھ رہا، مجاہدین جوش وخروش سے آگے بڑھے، اور چشم زدن مین رومی کشتون کے پشتے لگادئے، رومی اس مقابلہ کی تاب نہ لاسکے، اور میدان جنگ مین بہت سے لاشے تڑپتے چھوڑ کر فرار ہوگئے، اور اسی عالم فرار مین مسلمانون کے ہاتھ بہت سے قیدی آئے جنمین نوتنی کی تعداد مین صرف بطارقہ تھے،

قصریانہ کا محاصرہ اور مضافات شہر مین اسلامی حکومت کا قیام

اس شکست کے بعد بیزنطی لشکر کے باقی ماندہ حصہ نے قصریانہ کی چہار دیواری مین محصور ہوکر دروازے بند کرلئے، اور اسلامی لشکر نے اس کے جواب مین قصریانہ کی پہاڑی کے دامن مین پختہ مکانات بنالئے اور مال غنیمت کے خمس سے خاندان اغلبیہ کے سکے ڈھلوا کر رائج کردیئے، مجاہدین اس قصریانہ مین بود وباش اختیار کرکے ایک طرف اسکی فتح کے منصوبون مین لگے رہے اور دوسری طرف اس شہر کو اس تمام علاقہ سے بے تعلق کرکے سب کو اسلامی اقتدار کے ماتحت لانے کیلئے فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے مضافات مین بھیجتے رہے[2]،

امیر لشکر ابن ابی الجواری کی وفات

لیکن افسوس ہے کہ قصریانہ کی مہم ابھی یونہی ناتمام تھی، اور مجاہدین جو اسد بن فرات کی جدائی کو ابھی نہین بھولے تھے، کہ دست اجل نے ان کے قائم مقام محمد بن ابی الجواری کو بھی

---

[1] نہایۃ الارب دراماری ص ۴۳۰، وبیادگاری مضامین مقالہ جان بری ج ۲ ص ۲۷ [2] ابن اثیر ج ۶ ص ۴۳۷، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۹، ونہایۃ الارب دراماری ص ۴۳۱، واخبار الاندلس ج ۲ ص ۱۹،

اوائل ۲۱۴ھ ۸۲۹ء میں ان سے چھین لیا، اور اسلامی لشکر نے اس کی وفات کے بعد زہیر بن غوث کو اپنا امیر مقرر کیا،

زہیر بن غوث جانشین ابن ابی الجواری،

۲۱۴ھ ۸۲۹ء تا ۲۱۷ھ ۸۳۲ء

مسلمانوں کا دورِ ابتلا

زہیر بن غوث آزمودہ کار افسروں میں تھا اُس نے عنانِ امارت سنبھال کر ابن ابی الجواری کے نقشِ قدم پر چلنا چاہا، لیکن امارت کے بدلتے ہی گرد و نواح کے حالات بھی بدل گئے تھے، بیزنطی سپہ سالار تھیوڈوٹس نے ابن ابی الجواری کی وفات سے پورا فائدہ اوٹھایا اور موقع پاکر قصریانہ سے نہایت خاموشی اور حکمت عملی سے نکل آیا، اور مجاہدین کے عقب میں ڈیرے ڈال دئے، زہیر اس واقعہ سے قطعاً نابلد تھا چنانچہ قدیم روش کے مطابق قصریانہ کے مضافات پر اقتدار جمانے اور سامانِ رسد فراہم کرنے کے لئے ایک چھوٹا سا دستہ روانہ کیا، یہ ابھی اثنائے راہ میں تھا کہ سامنے سے عظیم الشان بیزنطی لشکر نمودار ہوا، اور دونوں میں اچانک مڈبھیڑ ہوگئی، اسلامی دستہ نے پامردی سے مقابلہ کیا، لیکن ایک مختصر دستہ پوری فوج کا کیا مقابلہ کرتا، نہایت فاش شکست کھائی، اور دوسرے دن بقیۃ السیف حصہ قصریانہ واپس آگیا، اس کے بعد جنگ کا نقشہ بدل گیا، تھیوڈوٹس اپنی فوج لئے آگے بڑھا، زہیر نے بھی اپنی فوج کو آگے بڑھایا، اور دونوں فوجیں آمنے سامنے صف آرا ہوگئیں، تھوڑے ہی وقفہ میں گھمسان کی لڑائی شروع ہوگئی، اور مسلمانوں کو اپنی شومئی قسمت سے شکست اوٹھانی پڑی، اور رومیوں نے اپنی پچھلی شکست کا پورا پورا بدلہ لیلیا، اور تقریباً ایک ہزار مجاہدین اس جنگ میں شہید ہوگئے[1]

مجاہدین کا شکست خوردہ اسلامی فوج قصریانہ کی چھاؤنی میں واپس آئی، رومیوں نے موقع کو مغتنم سمجھا،

[1] (ابن اثیر ج ۶ ص ۲۲۷) (نہایۃ الارب در اخبار فرس ص ۴۳۰) (ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹)

اور تعاقب کیا، اب زہیر کے سامنے دو صورتین تھین، یا تو قصریانہ کی چھاؤنی مین محصور ہو جائے، یا جرجنت وغیرہ مین سے ایسے مقام کی طرف کوچ کرے، جہان مسلمانون کی تازہ دم فوج کی امداد حاصل ہو سکے، لیکن دوسری صورت اختیار کرنے مین قصریانہ کے مضافات کی تمام فتوحات ہاتھ سے جاتی تھین اور اور محاذِ جنگ جرجنت وغیرہ بچتا تھا، اسلئے اس نے پہلی صورت کو ترجیح دیا، اور تن بہ تقدیر محصور ہو کے بیٹھ رہا، اس وقت اسلامی لشکر کا پڑاؤ کھلے میدان مین تھا، صرف سکونت کے لئے پختہ مکان تعمیر کر لئے گئے تھے، وہ قلعے نہ تھے کہ قلعہ بند ہونے کا امکان ہوتا، اسلئے زہیر نے اس پورے رقبہ کا احاطہ کر کے گرداگرد خندق کھود لی،

لیکن اس کا یہ طرزِ عمل کسی طرح دانشمندانہ نہین کہا جا سکتا، اس نے اس موقع پر اسد کے طرزِ عمل کی پیروی کی تھی، لیکن اسد اور زہیر کی فوج اور سامانِ رسد مین زمین و آسمان کا فرق تھا، اسد تازہ دم تھے، اور محاصرہ کی پوری تیاریون کے ساتھ محاصر تھے خصوصاً سامانِ رسد کا وافر حصہ ان کے پاس تھا، لیکن زہیر کا لشکر ایک زمانہ سے محاصرہ کئے ہوئے تھا، سامانِ رسد مضافات سے حاصل ہوتا تھا، محصور ہونے کے بعد یہ سلسلہ باقی نہین رہ سکا، پھر علاوہ ازین اسوقت رومیون کے حوصلے بڑھے ہوئے تھے، وہ دو لڑائیون مین اسلامی لشکر کو زیر کر چکے تھے اور اسد کا لشکر مظفر و منصور محاصر و محصور تھا، اور زہیر کو مفتوح و مغلوب ہو کر محصور ہونا پڑا،

چنانچہ رومیون نے ہر چہار طرف سے گھیر لیا، حالانکہ زہیر کے خیال مین جرجنت کی سمت محفوظ تھی، اور وہ وہین سے سامانِ رسد کی لو لگائے بیٹھا تھا، امید کی یہ آخری شعاع بھی جاتی رہی، اور چند ہی دن مین گھوڑے ذبح کر کر کے کھانے کی نوبت آگئی[1]،

پسپائی | جب مجاہدین کے آلام و مصائب انتہا کو پہنچ گئے، تو ایک دن جان پر کھیل کر شبخون مارنے کا

[1] نہایۃ الارب در اماری ص ۳۰۴، ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۸،

فیصلہ کیا بخت واتفاق کہ رومیون کو اسکی بھی پہلے سے خبر لگ گئی، اور وقت مقررہ سے پہلے اپنے تمام خیمہ وخرگاہ تنہا چھوڑ کے قرب وجوار مین جا چھپے، اسلامی لشکر وقت مقررہ پر پورے جوش سے خندق کے پار ہوا، اور مجاہدین تکبیر کا غلغلہ بلند کرتے ہوئے ایک ہی جست مین ان کے خیمون مین جا گھسے مگر وہان سب خالی پڑے تھے، مجاہدین اس واقعہ سے حیران وششدر تھے کہ رومی کمین گاہون سے نکل کر ٹوٹ پڑے، اور دم کے دم مین سینکڑون لاشین گرادین، اور لشکر کا بہت بڑا حصہ ضائع ہوگیا، جو کچھ بچے کھچے سپاہی تھے انھون نے مینا ؤ کا راستہ پکڑا اور اسی قلعہ مین جا کر دم لیا[1]،

قصریانہ کی یہ شکست عام مسلمانان صقلیہ کے لئے نہایت دردانگیز تھی، کیونکہ مازر جرجنت اور مینا ؤ وغیرہ مین جو اسلامی آبادیان تھین وہ اسی لشکر جرار کے دم سے قائم تھین، اس لئے اس شکست سے ان تمام مقامات پر عام تہلکہ مچگیا،

چنانچہ بیزنطی لشکر نے ان مفرور سپاہیون کے نقش قدم پر کوچ کیا، اور مینا ؤ پہنچ کے شہر کا نہایت سختی سے محاصرہ کرلیا، اب مسلمانان مینا ؤ کو امداد کی جو کچھ توقع تھی، وہ مسلمانان جرجنت سے تھی، کہ وہی ان کے قریب تر تھے ورنہ خود ان کی مختصر جمعیت رومی محاصرین کا مقابلہ کرنے سے عاجز تھی لیکن مسلمانان جرجنت کیلئے بقول ابن خلدون اپنی امکانی کوششون کے باوجود قلعہ مینا ؤ کے مسلمان محصورین تک پہنچنا دشوار تھا اسلئے ان لوگون نے ایک دوسری تدبیر اختیار کی، اور قصریانہ کے واقعات سنتے ہی جرجنت کے تمام فوجی استحکامات منہدم کردئے، اور خود شہر چھوڑ کر مسلمانان مازر سے جاملے، کہ مسلمانان صقلیہ کی جمعیت پریشان کسی قدر یکجا ہوجائے، کیونکہ جرجنت بہ نسبت دیگر مقامات کے مینا ؤ سے قریب تھا، اور رومیون کے لئے بہ خوبی ممکن تھا، کہ مینا ؤ کے محاصرہ کو مکمل کرکے جرجنت کو بھی گھیر لیتے، اور اس وقت جرجنت کی مختصر جمعیت بھی مقابلہ سے عاجز رہتی[2]،

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۸، [2] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۸، و ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۹، ابن اثیر کے الفاظ یہ ہین،

ان حالات مین مسلمانان مینا و سخت مشکلات مین گھر گئے، امداد کی جو کچھ توقع تھی، ہر طرف سے منقطع ہو گئی، خود انکی جمعیت ایسی نہ تھی، کہ کھل کے مقابلہ کر سکتے، پھر شہر کے عیسائیون سے الگ خطرات تھے،

رفتہ رفتہ سامان رسد مین کمی ہوتی گئی، پہلے شہر مین جو کچھ اندوختہ تھا، صرف کرتے رہے، پھر مویشیون کو ذبح کر کے کھاتے رہے، اور جب یہ سب کچھ ختم ہو گیا، تو شہر کے کتون کو پکڑ پکڑ کے کھانا شروع کیا، مگر پھر بھی فاقہ کشی سے نجات نہین ملی، اور اسی آزمایش مین بہت سے مجاہدین نے تڑپ تڑپ کے جان دیدی، ان تمام آلام و مصائب کے باوجود پائے ثبات مین لغزش نہ آئی اور اسلامی غیرت

(بقیہ حاشیہ ص ۱۵۲) وسار والی مازر ولم یقدموا علی نصرۃ اخوانھم دمازر چلے گئے، اور اپنے بھائیون کی مدد کے لئے نہین پہنچ سکے،، اور ابن خلدون لکھتا ہے، وتعذر علیھما الوصول الی اخوانھم (اپنے بھائیون تک پہنچنا، ان کے لئے ناممکن ہو گیا،) لیکن مسٹر اسکاٹ اس واقعہ کو دوسرے رنگ مین لکھتے ہین کہ "جو چھوٹے چھوٹے قلعے مسلمان جاتے وقت فتح کر کے اپنے قبضہ مین کر گئے تھے، وہان کے باشندون نے غدر کر کے ان دستون کو جو حفاظت کے لئے رکھے گئے تھے قتل کر ڈالا، یہ کیفیت تھی، کہ اگر کوئی عمامہ بند کہین نظر آجاتا، تو تمام علاقہ غیظ و غضب مین آجاتا تھا، اور لڑنے بھڑنے پر تیار ہو جاتے تھے" یہ صحیح ہے کہ سرزمین صقلیہ اس وقت مسلمانون کے لئے نہایت تنگ ہو رہی تھی، اور یہ بھی صحیح ہے کہ جرجنت مسلمانون کے ہاتھ سے نکل گیا، اور اس کے ساتھ اس کے قلعے بھی جاتے رہے، لیکن وہان کے باشندون نے "غدر" نہین کیا، اور نہ وہان اسلامی دستے تہ تیغ کئے گئے،

جرجنت کو مسلمانون نے حفظ ماتقدم کے طور پر خود خالی کر دیا تھا، اگر باشندگان جرجنت غدر کرتے، اور مسلمانون کی جان کے لالے پڑ جاتے، تو وہ سراسیمہ ہو کر فرار ہوتے، غدر و ہنگامہ مین یہ کیونکر ممکن ہے، کہ شکست خوردہ فریق شہر کے استحکام کو ویران و مسمار کر دے، اس کو تو پہلے اپنی جانین بچانے کی فکر ہو گی،

وجمیت نے اجازت نہ دی، کہ سپر ڈال کر رومیون سے طالب امان ہون،

تائید غیبی | مسلمانان مینا و اسی دور ابتلا مین موت کا مردانہ وار مقابلہ کر رہے تھے، کہ دریائے رحمت جوش مین آیا، اور دو مختلف سمتون سے مجاہدین کی دو جماعتین ساحل صقلیہ پر اوتریں، اور مسلمانان صقلیہ کے لئے تائید غیبی ثابت ہوئین، ان دونون جماعتون مین سے ایک مجاہدین اندلس کی جمعیت تھی، جو سرفروشانہ جہاد کے لئے نکلی تھی، اور دوسری جماعت زیادۃ اللہ کی فرستادہ امدادی فوج پر مشتمل تھی،

اندلسی بیڑا صقلیہ مین | اندلس مین اسوقت اموی حکومت کا جاہ وجلال تھا، اور تخت حکومت پر عبدالرحمن ثانی جلوہ افروز تھا، اس کی بحری قوت نہایت مستحکم تھی، اور اس کے جہاز ہر سال خاص خاص موسمون مین بحر روم کا چکر لگاتے تھے، حسن اتفاق کہ انہی مین کا ایک بڑا اصبغ بن وکیل المعروف بہ فرغلوش کی سرکردگی مین صقلیہ کے ساحل پر ٹھہر گیا، اس کے جہازون کی تعداد ابن عذاری کے بیان کے مطابق تقریباً ۳۰۰ تھی اور اواخر ۲۱۴ھ ۸۲۹ء مین صقلیہ پہنچا تھا،

افریقہ کی کمک | دوسری طرف انھی دنون امیر زیادۃ اللہ کو افریقہ کی بغاوتون سے کلیۃً نجات مل گئی، اور اس کو بھی مسلمانان صقلیہ کی زبون حالت کی طرف توجہ کرنے کا موقع مل گیا، چنانچہ اس نے ایک کمک سلیمان بن عافیہ طرطوسی کی سرکردگی مین صقلیہ روانہ کی، یہ بیڑا جمادی الاخری ۲۱۵ھ ۸۳۰ء مین صقلیہ پہنچا، مسٹر اسکاٹ اس بیڑے کے متعلق لکھتے ہین:-

"امیر زیادۃ اللہ..... نے تین سو جہازون کا ایک زبردست بیڑا، اور بیس ہزار آدمی اس طرف روانہ کئے۔ یہ بیڑا ۸۳۱ء مین افریقہ کے بندرسے چلا تھا، ایسا بہت کم اتفاق ہوا ہوگا کہ اتنی بڑی فوج نے جسمین اتنے مختلف قبائل کے آدمی جمع ہون، ایک ہی سپہ سالار کے ماتحت کام کیا ہو (؟) دریائے نیل سے لیکر بحر اوقیانوس تک کے وحشی بربری، اپنی فطری وحشت وخونخواری کے ساتھ اس مین

موجود تھے، یمن کے جلاوطن، ایران کے پناہ گزین، یونان کے مفرورین اور ہر قبیلے کے اندلسی اس بیڑے میں اپنے جزیرہ نما کو خیرباد کہکر داخل ہوگئی تھے اور امیر زیادۃ اللہ نے اپنی غیر معمولی حکمت عملیوں سے امیدوں کے سبز باغ دکھا کر باشندگان ٹیونس کو بھی اس فوج میں داخل کرلیا تھا، حالانکہ یہ وہ لوگ تھے جو چند روز پیشتر ان کے مقابلہ میں شمشیر بکف تھے۔

اندلسی امیر البحر بطور اسلامی سپہ سالار صقلیہ

اس وقت مسلمانان صقلیہ کی سب سے اہم ضرورت محصورین مینا ؤ کی امداد کرکے ان کو مصیبتوں سے نجات دلانا تھا، اندلسی جمعیت نے اس میں اس شرط پر شرکت منظور کی، کہ حملہ آور لشکر کی کمان اندلسی سپہ سالار فرغلوش کے ہاتھ میں دیجائے، مسلمانان افریقہ نے اسکو قبول کرلیا، اور افریقہ و اندلس کی مشترکہ فوج فرغلوش کی سرداری میں مینا ؤ روانہ ہوگئی،

محصورین مینا ؤ کی امداد کے لئے فوج کی روانگی اور ملک میں غلبگری

اثنائے راہ میں جس قدر قلعے اور فوجی چھاؤنیاں ملتی گئیں، مجاہدین سب پر چھاپے مارتے، اور لوٹ مار مچاتے مینا ؤ پہنچے، اور محاصرین سے مقابلہ شروع ہوگیا، رومیوں کے لئے یہ ایک ناگہانی افتاد تھی، ہتھیو ڈرٹس نے بڑھ کر مقابلہ کیا، اور خود جان سے مارا گیا، اور نیچے کچھے بیزنطی سپاہی ادھر ادھر منتشر ہوگئے، مینا ؤ کے رومی باشندوں نے محصورین کو کافی ذخیرہ پہنچائی تھیں، مجاہدین نے جوش انتقام میں شہر میں آگ لگادی، اور پورا قلعہ مسمار کردیا، اور اس طرح پچھلے دو سال مسلمانوں کے لئے نہایت سخت گذرے، ویسے ہی یہ وقت رومیوں کے لئے سخت دور ابتلا ہورہا تھا، اور اندلس اور افریقہ کے سپاہیوں نے چند ہی دن میں ان تمام مظالم کا بدلہ لے لیا، جو رومی مسلمانوں پر اب تک کرچکے تھے، اور علاوہ ازیں اسوقت فوج کی کمان بھی فرغلوش کے ہاتھ میں تھی، جس کا مقصد لوٹ مار اور غارت گری کے علاوہ اور کچھ نہ تھا، اس لئے اس وقت مازر سے مینا ؤ تک کا علاقہ مجاہدین کا جولانگاہ تھا، اور چند ہی دنوں میں سخت تباہی و بربادی پھیل گئی،

فتح غلولیہ

جب لوٹ مار سے کچھ فرصت ملی تو پیشقدمی کا سلسلہ شروع ہوا، اور مجاہدین مینا ؤ کو زیر کرکے

سب سے پہلے غلولیہ میں آکر خیمہ زن ہوئے، اور محاصرہ کے بعد بزور شمشیر اس پر قابض ہوگئے،

اسلامی لشکر میں وبا لیکن غلولیہ پہنچ کر حوادث کا پھر ایک جھونکا آیا، اور پیش قدمی کا سلسلہ عارضی طور پر ملتوی ہوگیا، چنانچہ غلولیہ آئے ہوئے ابھی چند ہی دن گذرے تھے کہ اسلامی لشکر میں وبا پھوٹ پڑی، اور سالار فوج اسبغ بن وکیل، و دیگر کارآزمودہ قائدین اس کے نذر ہوگئے،

ایک جماعت کی واپسی اس واقعہ سے مسلمانوں میں پھر بددلی پیدا ہوگئی، جو لوگ فوج میں محض مال غنیمت کے حرص میں شریک ہوگئے تھے، ان کی ہمتیں پست ہوگئیں، اور جان بچانے کیلئے فرار ہوئے، اسی سراسیمگی میں رومیوں کا ایک دستہ عقب سے نکل آیا، اور ان مفروروں پر ٹوٹ پڑا جس سے بہت سے سپاہی ضائع ہوگئے، اور بقیہ البسف نے افریقیہ وامدنس کی راہ لی،

محاصرہ بلرم جب فوج میں کچھ سکون پیدا ہوا، تو پیشقدمی کا سلسلہ پھر شروع ہوگیا، اس مرتبہ صقلیہ کے ایک اہم شہر بلرم کا رخ کیا گیا، جو صقلیہ کا مشرقی دارالحکومت تھا، لشکر اسلام غلولیہ سے اواخر جمادی الاخری ۲۱۵ھ میں روانہ ہوا، اور مشرقی دارالحکومت بلرم کا محاصرہ کرلیا، بلرم صقلیہ کا کوئی معمولی شہر نہ تھا، اس پر زمانہ قبل تاریخ سے دور حاضر تک مختلف دور گذر چکے تھے، اور ہر دور میں اس کو نمایاں حیثیت حاصل رہی تھی، کبھی یہ صوبہ کا دارالحکومت رہا، اور کبھی مرکزی حکومت کا پایتخت بنایا گیا، اسلئے شہر کے تمام جنگی استحکامات مکمل تھے، اس لئے اسی قدر اس کا محاصرہ دشوار تھا،

چنانچہ مجاہدین کو بھی اس کے محاصرہ میں دشواری پیش آئی، اور اسی حالت میں ایک طویل زمانہ گذر گیا، لیکن ان لوگوں نے نہایت ہمت و استقلال سے محاصرہ کو قائم رکھا، اور عزم و استقلال کا ایسا نمایاں جوہر دکھایا کہ محصورین روز بروز کمزور ہوتے گئے،

اگرچہ یہ بھی امر واقعہ تھا کہ اس وقت جزیرہ کی بیزنطی حکومت بے دست و پا ہو رہی تھی، میکائل ثمانی شہنشاہ قسطنطنیہ جو صقلیہ کی مہموں کی خبر رکھتا، اور حسب ضرورت امداد کرتا رہتا تھا، انتقال کرچکا تھا

اور اس کا جانشین تھیوفلس (۸۲۹ء سے ۸۴۲ء) عیش و عشرت میں مصروف تھا، اور خود صقلیہ میں جو بیزنطی فوج تھی، وہ برباد ہو چکی تھی، اس لئے گورنر بلرم کو کسی طرف سے کوئی امداد نہیں ملی، لیکن اس کے باوجود شہر خود اس قدر مستحکم، اور وہاں سامانِ رسد کی اس قدر فراوانی تھی، کہ گورنر نے کامل ایک سال تک جم کے مقابلہ کیا،

فتح بلرم لیکن جب محصورین کی تمام قوتیں صرف ہو گئیں، اور گرسنگی و فاقہ کشی سے صدہا جانیں تلف ہو گئیں، اور اس کے ساتھ مجاہدین کسی طرح محاصرہ سے دستبردار ہونے پر آمادہ نظر نہیں آئے، تو ایک دن اچانک بلرم کا صدر دروازہ کھلا، اور گورنر دست التجا بڑھائے اسلامی سپہ سالار کی خدمت میں حاضر ہوا، اور شرائط صلح پیش کیں، جو درحقیقت صلح کی درخواست کے بجائے محاصرین کی فتح و ظفر کا اعتراف، اور محصورین کیلئے رحم و کرم کی درخواست تھی، چنانچہ گورنر کی درخواست کے بموجب حسب ذیل امور منظور کئے گئے،

(۱) گورنر اور اس کے اہل و عیال کی جان بخشی کی گئی،

(۲) گورنر کو اپنی دولت و ثروت یہاں سے منتقل کرنے کی اجازت دی گئی،

(۳) فوج کے سپاہیوں کو گرفتار کرنے کے بجائے یہاں سے چلے جانے کی اجازت دی گئی،

ان شرائط کی تکمیل کے بعد مجاہدین فتح و ظفر کے شادیانے بجاتے بلرم میں داخل ہوئے،

بلرم کی بے رونقی لیکن جب مسلمان شہر میں پہنچے، تو شہر کی آبادی کا تقریباً خاتمہ ہو چکا تھا، چنانچہ جس وقت مسلمانوں نے اس کا محاصرہ کیا تھا، اسکی آبادی ستر ہزار تھی، لیکن جب مسلمان شہر میں داخل ہوئے، تو تین ہزار آدمیوں سے بھی کم تھے، عرب مورخین کا خیال تو یہ ہے کہ صرف ایک سال کے محاصرہ میں سب کی سب جانیں ضائع ہو گئیں، لیکن اس موقع پر مسٹر اسکاٹ کا یہ بیان زیادہ قابل قبول ہے کہ اکثر باشندے گورنر بلرم کے ساتھ قسطنطنیہ روانہ ہو گئے، مسٹر اسکاٹ بلرم کی فتح پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں،:-

پلرمو کے قبضے مین آجانے سے چونکہ موقع جنگ اچھا مل گیا اس لئے مسلمانون کی حالت مین روزافزون ترقی ہونے لگی، اب اُن کو یہ ضرورت باقی نہ رہ گئی تھی، کہ وہ چھوٹے چھوٹے کمزور قلعون اور پورہ ون مین اپنا سر چھپاتے پھرتے، قطع نظر اس کے اب وہ بندرگاہ کے قبضہ مین تھا جس کو ہر فاتح قوم ترقی دیتی چلی آئی ہے، اس بندر پر قابض ہوجانے مین وہ فائدہ تھا، جو تمام فوائد پر فوقیت رکھتا تھا اسکی وجہ سے افریقہ کے ساتھ رسل و رسائل مین آسانی اور سرعت پیدا ہوگئی قسطنطنیہ وہ اتنی جلد امداد نہین پہنچا سکتی تھی جتنی کہ افریقہ سے سامان رسد اور کمک پہنچ سکتی تھی،

اس نئی فتح سے ایسا بہتر علاقہ مسلمانون کے قبضہ مین آیا تھا کہ اگر نامکمل طریقہ زراعت بھی اختیار کیا جاتا، تو بہ ادنی محنت ایسی فصلین اٹھائی جاسکتی تھین، کہ اچھی خاصی فوج کیلئے کافی تھین، علاوہ اور فوائد کے جو فی نفسہ کچھ کم نہ تھے یہی اثر کیا کم تھا کہ پلرمو جیسا مقام مسلمانون کے قبضہ مین آیا تھا، سواحل بحر روم پر اس شہر سے زیادہ کوئی شہر مشہور نہ تھا، اہالی فونیشیا نے اس کی بنیاد رکھی تھی، زمانہ قدیم کا سب سے بڑا بازار یہی تھا اگر زمانہ قدیم قرون وسطی کے تمام تجارتی شہرون پر اوسکو فوقیت دیجاتی تو بالکل بجا تھا، اس کی جائے وقوع ایسی تھی، کہ جس قوم کے ہاتھ مین یہ مقام ہوتا، اس کے لئے تمام صقلیہ پر قبضہ کرلینا آسان تھا"

تشکیل حکومت کا خیال | پلرمو کی اسی جغرافی و تاریخی اہمیت سے اسکی فتح مسلمانون کے لئے نمایان نتائج پیدا کرنے کا ذریعہ بنی، کیونکہ ولا او سکے زیر اقتدار آجانے سے مازر وغیرہ کا علاقہ ملاکر مسلمانون کے حدود حکومت مین اس قدر رقبہ آگیا جو کسی زمانہ مین قرطاجنہ وغیرہ کی حکومت صقلیہ کے زیر اقتدار تھا، اور اس کی وجہ سے حکومت بزنطی کو بھی صقلیہ مین اسلامی حکومت کے قیام و وجود کو تسلیم کرنا پڑا، اور اسی کے بعد رومیون کی آیندہ جو کوششین ہوئین، وہ صقلیہ سے اسلامی حکومت کے استیصال کی نہین، بلکہ مزید فتوحات کے روکنے کیلئے، اور اسی کے ساتھ اب مسلمانون کے لئے بھی وہ وقت آپہنچا، کہ صقلیہ کی اسلامی حکومت

کی باضابطہ تشکیل کی جائے، اور فتوحات مین اضافہ کرنے کے علاوہ ملکی نظم ونسق کا سلسلہ بھی قائم کیا جائے، چنانچہ فوج کے اصحاب حل وعقد اس مرحلہ کے طے کرنے مین مصروف ہوگئے،

افریقیون اور اندلسیون مین نزاع باہمی

جب تشکیل حکومت کا وقت آیا، اور وقتی طور پر گورنر کا انتخاب ہونے لگا، تو بدقسمتی سے خود اسلامی لشکر مین اختلاف رونما ہوگیا، یہ باہمی نزاع افریقیون اور اندلسیون کے درمیان پیدا ہوئی، کیونکہ فوج مین اوس اندلسی جماعت کی کافی تعداد ابھی تک موجود تھی، جو اصبغ بن وکیل کی سرکردگی مین آئی تھی، اور جس نے مصورین مینا کی مصائب کے خاتمہ مین افریقیہ کی فوج کے دوش بدوش خدمات انجام دی تھے، اور چونکہ مینا اور غلولیہ کا معرکہ اصبغ بن وکیل کی سرکردگی مین سر ہوا تھا، اور اسکے بعد بلرم کی فتح ظہور پذیر ہوئی، اس لئے یہ جماعت یہ تمام کارنامے اسی کی طرف منسوب کرتی تھی، اور صقلیہ کی اسلامی حکومت کو حکومت امویہ اندلس کا ایک جزو بنانا چاہتی تھی، اس لئے اس موقع پر اگر اغلبی تاجدار زیادۃ اللہ کے ان نثارون مین سخت برہمی پیدا ہوگئی تو کچھ خلاف توقع نہ تھا، کیونکہ افریقیون کو جزیرہ مین نہ صرف غلبہ حاصل تھا، بلکہ اغلبی حکومت ہی نے فتوحات کی ابتدا کی تھی، ہزارون افریقی اسی راہ مین شہید ہوئے تھے، اغلبی سکہ یہان روان ہوچکا تھا، اور فتح بلرم مین بھی افریقیون کو غلبہ حاصل تھا،

اس لئے اندلسیون کے اون احسانات کے باوجود افریقی اس پر کسی طرح آمادہ نہ ہوسکتے تھے کہ وہ صقلیہ کی حکومت سے دستبردار ہوجائین، لیکن حسن اتفاق کہ یہ باہمی نزاع صرف باتون تک محدود رہی، اور بالآخر رفتہ رفتہ اندلسیون کو اپنے دعوی سے دستکش ہونا پڑا،

اور اسکے بعد زیادۃ اللہ نے شاہی خانوادہ اغلبیہ کے ایک ممتاز رکن محمد بن عبداللہ بن الاغلب کو صقلیہ کے لئے نائب السلطان مقرر کیا، جس نے صقلیہ پہنچ کر زمام ولایت سنبھالی،[1]

[1] نہایۃ الارب مطبوعہ ۱۹۲۳ء ص ۴۳۰، ابن، تیریخ ۶ ص ۸، ۲۳، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۵۹ البیان المغرب (ترجمہ اردو)

محمد بن عبداللہ بن الاغلب والیِ صقلیہ اوّل

۲۱۷ھ / ۸۳۲ء - ۲۲۱ھ / ۸۳۵ء

محمد بن عبداللہ پہلا اغلبی شاہزادہ ہے، جو ۲۱۷ھ / ۸۳۲ء کے اوائل مین صقلیہ پہنچا، یہ ابراہیم بانی دولت اغلبیہ کا پوتا اور زیادۃ اللہ موجودہ فرمانروائے وقت کا سگا بھتیجا تھا، افریقہ مین خانوادۂ اغالبہ کی کامیابی کا اصل راز تمام افرادِ خاندان کا نظامِ حکومت سے وابستہ رہنا تھا، اگر اغلبیون کی ایک شاخ اورنگِ حکومت پر تھی تو کوئی دوسری عہدۂ سپہ سالاری پر، اور اسی طرح مختلف سلسلۂ خاندان مختلف اہم صوبون کی ولایت کے اہتمام پر مامور تھے، اور اسی سلسلہ مین محمد بن عبداللہ کے ولایت صقلیہ پر مامور ہونے سے اغالبہ کی ایک شاخ کے سپردِ صقلیہ کی ولایت بھی ہوگئی، چنانچہ اسی وجہ سے ابن الابار صاحب الحلۃ السیرا کا بیان ہے کہ اغالبہ مین سے بنو عبداللہ صقلیہ کی ولایت پر مامور تھے[1] چنانچہ عبداللہ کے ساتھ ساتھ اس کا پورا خاندان صقلیہ مین آکر سکونت پذیر ہوگیا،

صقلیہ مین بنو عبداللہ کے برسرِ اقتدار آجانے کے بعد ایک اہم تغیر یہ ہوا، کہ صقلیہ کا والی بہ نسبت پہلے کے خود مختار ہوگیا، اور اس کا تعلق افریقہ سے گویا محض ایک رسمی طور پر باقی رہ گیا، ورنہ درحقیقت اب یہ سمجھا جانے لگا کہ جس طرح ابراہیم کے ایک لڑکے کو افریقہ مین حقِ فرمانروائی حاصل ہے اسی طرح اس کے دوسرے لڑکون کو صقلیہ پر حقِ فرمانروائی عطا کیا گیا ہے،

اس لئے صقلیہ مین بنو عبداللہ کے عہدِ حکومت کے آغاز سے صقلیہ کی تاریخ کا ایک نیا دور شروع ہوتا ہے، ابو عبداللہ اسد بن فرات سے زہیر بن غوث تک اگرچہ تین والی گذر چکے تھے لیکن

(بقیہ حاشیہ ص ۱۶۱) ص ۱۴۹، تاریخ جزیرہ صقلیہ من بمن دخلہا المسلمون درماری ص ۱۶۶، اخبار الاندلس ج ۲ ص ۲۰ تا ۲۳ والحلۃ السیرا، درماری ص ۳۲۷ [1] الحلۃ السیرا درماری ص ۳۲۷،

یہان معنون مین صقلیہ کا سب سے پہلا والی ہے کہ اسی کے عہد حکومت سے صقلیہ مین تشکیل حکومت کے بعد اسلامی حکومت کا نظم ونسق جاری ہوا، اور اسی لئے ہم نے اسکو والی صقلیہ اول کا خطاب دیا ہے،

صقلیہ مین اسلامی نظام حکومت کی تشکیل

بلرم کے مفتوح ہوتے ہی بعد زیادۃ اللہ نے کچھ دنون کے لئے فتوحات کا مزید سلسلہ روک دیا، اور عمال حکومت کی تمام قوتون کو حکومت کے نظم ونسق مین صرف کرنے کا حکم دیا، چنانچہ محمد بن عبداللہ کے عہد حکومت سے صقلیہ مین سب سے اہم تغیر جو پیش آیا، وہ یہ تھا کہ اب صقلیہ مین سول اور فوجی نظام کے دو جداگانہ صیغے قائم کر دئے گئے، حکومت کا نظم ونسق والی کے سپرد ہوا، اور فوج کی نگرانی امیر لشکر کو دی گئی، جو والی صقلیہ کے ماتحت تھا،

اس کے دور حکومت کے آغاز کے ساتھ ہی بلرم اسلامی حکومت کا پایۂ تخت قرار پایا، اس لئے والی صقلیہ کا یہی مستقل مستقر بن گیا، بلرم کے ماتحت ایک نہایت زرخیز وسیع علاقہ تھا، وہ سب اس وقت اسلامی حکومت کے ماتحت تھا، اسی طرح مازر اور اس کے مضافات پر بھی اسلامی اقتدار تھا، اب اسلامی حکومت کے قیام وبقا مین انھی دونون مقامات کے زرخیز علاقے معاون ثابت ہوئے، والی صقلیہ نے قدیم اصول کے ماتحت یہ پورا علاقہ مجاہدین اور قائدین فوج کو دے دیا، فوج کے قائد اور سپاہی اسکی زمینداریون اور کاشتکاریون کے مالک بن گئے، اور یہی ان کی فوجی خدمت کا صلہ قرار پایا، یعنی ان کی تنخواہین بصورت زر ادا کرنے کے بجائے بصورت زمین دی گئین اور جب فوجی خدمت کی ضرورت پیش آتی، قائدین لشکر اپنی اپنی حیثیت کے مطابق فوجین لئے ہوئے دارالحکومت مین حاضر ہو جاتے،

چنانچہ صقلیہ مین جب تک اسلامی حکومت قائم رہی، فوجی تنخواہون کی ادائی اور حسب ضرورت فوج جمع ہو جانے کا یہی طریقہ جاری رہا،

دارالحکومت کی توسیعی ترقی

والی صقلیہ کے پیش نظر اس فوجی نظم ونسق کے ماسوا اسلامی دارالحکومت کی

تمدنی ترقی بھی تھی چنانچہ پلرم جب سے دارالحکومت قرار دیا گیا، اس کی آبادی مین بھی نمایان تغیر ہوتا گیا، پلرم اسلامی دورِ حکومت مین جس شان و شوکت کا عظیم الشان شہر تھا، اس کا نقشہ دوسری جلد مین تفصیل سے آئے گا، سر دست ہم یہان پر مسٹر اسکاٹ کے ایک بیان کو نقل کرتے ہین جسمین اختصار و جامعیت سے ان تبدیلیون کا خوش اسلوبی سے تذکرہ کیا گیا، وہ لکھتے ہین:-

"مسلمانون نے اپنی رسم کے مطابق ہر ایک مذہب والون کے لئے الگ الگ محلے مخصوص کر دیئے اور مختلف قسم کی تجارت کے لئے بازار جدا جدا کر دئے، یہ معلوم ہوتا تھا، کہ پلرمو یورپ کا شہر نہین ایشیا کا ہی، ٹلی اور بے ڈھنگے بدصورت لباس کی جگہ ڈھیلے ڈھالے ہوا مین اڑتے ہوئے لباس اور اونچے اونچے عمامے نظر آنے لگے، حرم سراؤن کی برقعہ پوش خواتین پر تکلف لباس پہنے ہوئے خواجہ سراؤن کے ساتھ بازارون مین چلتی پھرتی دکھائی دیتی تھین، یا جھروکون مین سے نہایت شرمگین آنکھون سے جھانکتی نظر پڑجاتی تھین، وہ بارکش جانور جو صرف ایشیا ہی مین نظر آتے تھے، قطار در قطار شہر مین گذرتے دکھائی دیتے تھے، اور صحرا کے قافلون کا نظارہ پیش کرتے تھے، یہ نظارے اب کچھ ایسے عام ہو گئے تھے کہ کوئی ان کی طرف اعتنا بھی نہ کرتا تھا، ہر جگہ نہرین، پل، فوارے پھیل گئے، کھجورون کے درخت اتنے بڑھ گئے، کہ پلرمو کے مضافات وادی نیل و فرات کی تصویر بن گئے، افسران فوج کے مکانات اور دولتمند تاجرون کے محلات، اور پائین باغون کو دیکھ دمشق و اشبیلیہ یاد آجاتے تھے، عربی جوہر قابل کو اپنی تہذیب پھیلانے اور اپنی قابلیت دکھانیکے لئے پلرمو سے بہتر کوئی میدان نہین ملا تھا،

چند مہینون کے قبضے کے بعد یہ معلوم ہوتا تھا، کہ پلرمو ہمیشہ ہی سے مسلمانون کے قبضہ مین چلا آتا ہی، وقت و موقع کے لحاظ سے پلرمو ایک طاقتور اسلامی دارالسلطنت بننے کے لئے نہایت موزون تھا، یہین ایسی سلطنت کی داغ بیل پڑی کہ جس سے زمانہ آیندہ مین دنیاے مسیحی کی سب سے بڑی سلطنتون کی تہذیب متاثر و مستفیض ہونے والی تھی، (ج ۲ ص ۲۴)

فوجی پیشقدمیون کا آغاز اور میدانِ قصریانہ کی سرکرآرائیان

محمد بن عبداللہ والیِ صقلیہ کامل دو سال تک تشکیل حکومت اور ملکی نظم و نسق مین مصروف رہا جب حکومت کی تمام چولین اپنی اپنی جگہ بیٹھ گئین تو پھر فوجی پیشقدمیون کے سلسلہ کا آغاز ہوا،

مسلمانون کی پچھلی ہزیمت کا سلسلہ قصریانہ سے شروع ہوا تھا، اور شدید محاصرہ کے باوجود وہ مفتوح نہ ہو سکا تھا، علاوہ ازین اس وقت اسلامی حدودِ حکومت سے صقلیہ کے اہم شہرون مین سب سے قریب مرکزی شہر بھی تھا، اس لئے فوجی پیشقدمی کا آغاز بھی یہین سے کیا گیا، اور ۲۱۹ھ مین اسلامی لشکر قصریانہ پہنچا، رومیون نے شہر سے نکل کر قصریانہ کے سامنے میدان مین صف آرائی کی، اس وقت دونون فوجین کامل دو سال تک آرام کرنے کے بعد میدان مین اتری تھین، اس لئے دل کھول کے لڑین، بالآخر نہایت سخت کشت وخون کے بعد رومیون کو پسپا ہونا پڑا، اور ہزیمت خوردہ فوج قلعہ مین پناہ گزین ہوگئی اور شہر کے دروازے بند ہو گئے۔

مسلمانون نے شہر کا محاصرہ کر لیا، قصریانہ کے قدرتی فوجی استحکام ایسے نہ تھے کہ محاصرین انھین نقصان پہنچا کر شہر پر قبضہ کر سکتے، ایک زمانہ تک محاصرہ کئے ہوئے پڑے رہے جب فصلِ بہار آئی تو رومیون نے خود پیشقدمی کی اور شہر سے نکل کر میدان مین صفین جمائین، دونون مین دوبارہ مقابلہ ہوا اور اس مین بھی مسلمان ہی فتحیاب ہوئے[1]

اس جنگ کے بعد غالباً اسلامی لشکر پلرم لوٹ آیا، اور اس کے بعد ہی دوسرے سال ۲۲۰ھ مین پھر ایک عظیم الشان لشکر قصریانہ روانہ ہوا اس کی کمان خود والیِ صقلیہ محمد بن عبداللہ کے ہاتھ مین تھی، رومی بھی اسی حیثیت کے ساز و سامان کے ساتھ باہر نکلے، دونون فوجین صف آرا ہو گئین، اور ایک خونریز جنگ کے بعد رومیون کو اس مرتبہ بھی پسپا ہونا پڑا، اسی گھمسان کی جنگ مین مجاہدین رومیون

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۸،

کے لشکر گاہ تک پہنچ گئے، وہ بدحواس ہو کے قلعہ مین بھاگے لشکر گاہ کا سارا خیمہ و خرگاہ و ساز و سامان مجاہدین کے ہاتھ آیا، اور اتفاق سے اسی دار و گیر مین قصریانہ کے کسی معزز بطریق کی بیوی اپنے بچے سمیت مسلمانون کے ہاتھ اسیر ہوگئی، اور لشکر بلرم واپس چلا آیا[1]

اس عہد مین رومی صقلیہ کی حالت اور مسلمانون کے نقشۂ جنگ مین تبدیلی،

والیِ صقلیہ کو قصریانہ کی ان تاختون سے ایک اہم تجربہ حاصل ہوا، وہ یہ کہ اب صقلیہ کی اسلامی حکومت کو اسقدر استحکام حاصل ہوگیا تھا، کہ یہان کوئی دوسری ایسی منظم طاقت باقی نہین رہ سکتی، جو اپنا نظام قائم رکھ کر کسی چھوٹے سے علاقہ کو بھی حدودِ حکومت قرار دیسکے، اور کسی باضابطہ قانونی حکومت کا سکہ روان رکھے، کیونکہ اب صورت حال یہ پیدا ہوگئی کہ صقلیہ کے ہر بڑے شہر مین ایک حکومت قائم تھی اور ہر شہر اپنی اپنی حفاظت کا واحد ذمہ دار تھا، صرف دارالحکومت سرقوسہ مین حکومت بیزنطی برائے نام قائم تھی اور رومی گورنر وہین قیام پذیر تھا لیکن یہان کے ہر ایک شہر مین کچھ قدرتی حفاظت کے سامان اور کچھ مختلف فاتح قومون کے جنگی استحکامات ایسے تھے کہ رومی سالہا سال تک قلعہ بند رہ کر منظم سے منظم طاقت کا مقابلہ کرسکتے تھے، اسلئے اس صورتِ حال کے قائم ہوجانے کے باوجود شہرون کا مفتوح ہونا آسان نہ تھا جب مسلمانون نے یہ حالت دیکھی تو اپنے نقشۂ جنگ مین تبدیلی پیدا کی، اور ایک جدید حکمت عملی اختیار کی، کہ وہ اپنی بے پناہ فوج کو پورے جزیرہ مین مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک جہان چاہتے بھیج دیتے، اور جس شہر کا محاصرہ کرنا چاہتے کرلیتے، جب جنگ کا یہ نقشہ قائم ہوا تو لشکرِ اسلام کے سامنے پورے جزیرہ مین بجز اتفاقی حوادث کے کوئی قوت سدِ راہ نہین ہوتی، وہ جہان چاہتے چلے جاتے، اور جس علاقہ کو چاہتے زیر کرتے، لیکن جب کسی شہر کے محاصرہ کی نوبت آتی، تو وہان کے رومی باشندے قلعہ سے نکل کے جم کر مقابلہ کرتے،

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۸ و تاریخ مغرب ابن عذاری ترجمہ ص ۱۴۱،

چنانچہ محمد بن عبداللہ والیِ صقلیہ اسی حکمت عملی پر گامزن ہوگیا، گویا بہ الفاظ دیگر صقلیہ کے تمام زرخیز علاقے اس کے دسترس مین تھے، تمام وہی آبادیان اسکے زیرِ حکم تھین، جن پر وہ اپنی معمولی تاختون کے بعد سالانہ خراج بھی آسانی سے وصول کرلیتا،

چنانچہ صقلیہ مین اس کے بعد یہی صورتِ حال قائم ہوگئی، کہ اسلامی حدودِ حکومت کے باہر جابجا مختلف سمتون مین فوجی دستے روانہ کئے جاتے، اگر وہ جزیہ بطور خراج دینا منظور کرتے تو انھین امان ملتی، اور اگر مقابلہ کرتے، تو بزورِ شمشیر زیرِ نگین کئے جاتے، اسی کے ساتھ اگر کسی شہر کا محاصرہ کیا جاتا، اور شہر مفتوح ہوجاتا، لیکن اثنائے فتح مین زیادہ دشواریان پیش آتین تو حسب ضرورت شہر کے فوجی استحکامات کو منہدم کردیا جاتا، اور باشندگانِ شہر کو پرامن شہری کی حیثیت سے زندگی بسر کرنے پر مجبور کیا جاتا، چنانچہ محمد بن عبداللہ کے عہدِ حکومت سے اسی قسم کا سلسلہ تقریباً ربع صدی تک جاری رہا، اور آیندہ صفحات مین اسی کی تفصیل نظر آئے گی،

نواحِ طبرمین پر فوج کشی، اسی حکمت عملی کے بموجب محمد بن عبداللہ نے ۲۲۰ھ مین قصریانہ سے مراجعت کے بعد بلرم سے دور افتادہ ایک اہم شہر طبرمین کے مضافات پر تاخت کرنے کیلئے ایک لشکر مرتب کیا، سپہ سالاری کے عہدہ پر محمد بن سالم سرفراز تھا، اور اسی کی کمان مین یہ لشکر طبرمین کے نواح مین روانہ کیا گیا، طبرمین کے متعلق بتایا جاچکا ہے، کہ یہ صقلیہ کے مشرقی ساحل پر لبِ سمندر آباد تھا، اس کے آس پاس کی سرزمین نہایت زرخیز تھی، اور نہایت اچھی زراعت ہوتی تھی، امیر محمد بن سالم کی تاخت اسی نواح مین جاری ہوئی، اور اسکو ان تمام مہمون مین نہایت اچھی کامیابی حاصل ہوئی، اور مالِ غنیمت کا وافر حصہ اسلامی لشکر مین جمع ہوگیا،

اسلامی سپہ سالار کا قتل لیکن امیر محمد بن سالم کی مہمین جاری تھین کہ اسلامی لشکر مین اختلاف برپا ہوگیا، اور ایک جماعت سپہ سالار کی مخالفت پر آمادہ ہوگئی، اور موقع پاکر اس کو قتل کرڈالا، قاتلون

کی یہ ناسزا وار حرکت حد درجہ قابلِ گرفت تھی، پھر اس شوریدہ سر جماعت سے اس سے بھی زیادہ ننگِ اسلام حرکت یہ سرزد ہوئی کہ پاداشِ عمل کے خوف سے اسلامی لشکر کے خیمہ سے فرار ہوگئی، اور رومیون کے کیمپ مین پناہ لی[1]،

افریقیہ سے سپہ سالار کی آمد

جب محمد بن سالم کی شہادت کی خبر افریقیہ پہنچی۔ تو زیادۃ اللہ والیِ افریقیہ نے اس کے بجائے فضل بن یعقوب کو اس عہدہ پر سرفراز کرکے ایک لشکر کے ساتھ صقلیہ روانہ کیا[2]

نواحیِ سرقوسہ پر متعدد فوجکشیان

فضل بن یعقوب کو آتے ہی نواحیِ سرقوسہ کی مہم سپرد ہوئی، وہان پہنچ کے اس کے قرب وجوار مین مختلف مقامات پر چھاپے مارے، اور کثیر مالِ غنیمت لیکر بلرم واپس آگیا،

لشکر کی مراجعت کے بعد اسی سال ۲۲۰ھ/۸۳۵ء مین ایک دوسرا لشکر اسی نواح مین روانہ ہوا اس کی کمان خود والیِ صقلیہ محمد بن عبداللہ کے ہاتھ مین تھی، چنانچہ یہ لشکر سرقوسہ کے نواح مین پہنچا، اور اس کے قرب وجوار کے متعدد قلعون پر چھاپے مارے، اور جو کچھ مالِ غنیمت کے طور پر قبضہ کرلیا،

باشندگانِ سرقوسہ کا جوابی حملہ

نواحیِ سرقوسہ مین مسلمانون کے ان دونون پے درپے حملونے اس علاقہ مین عام بیاہی

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۹، مسٹر اسکاٹ نے غلطی سے اس واقعۂ قتل کو محمد بن سالم کے بجائے ابو فہر محمد بن عبداللہ کی طرف منسوب کردیا ہے، یہ صحیح نہین ہے، ابن اثیر کے اصل الفاظ یہ ہین، ثم سیر محمد بن عبد اللہ عسکرا الی ناحیۃ طبرمین، علیہم محمد بن سالم۔

[2] ہم اس سے پیشتر سول وفوجی صیغون کے جداگانہ نظام قائم ہونے کا تذکرہ کرآئے ہین، کہ اب سپہ سالار کا تقرر بھی بالعموم افریقیہ ہی سے ہونے لگا، چنانچہ محمد بن سالم کی وفات کے بعد فضل بن یعقوب کا یہ تقرر اسی حیثیت سے عمل مین آیا، ابن اثیر کے اصل الفاظ یہ ہین، فقتلوہ وحملوا براسہ فارسل زیادۃ اللہ من افریقیۃ فضل بن یعقوب عوضا منہ،

پھیل گئی اور سرقوسہ کی شہری فوج مجبور ہوکے میدان مین نکل آئی، چنانچہ جب مجاہدین مال غنیمت سے لدے پھندے بزم واپس جارہے تھے، تو دوسری طرف سے رومی لشکر نمودار ہوا، اسکی کمان خود بطریق صقلیہ کے ہاتھ مین تھی، جو حکومت بزنطی کی طرف سے والی صقلیہ تھا،

مسلمانون کی ایک کامیاب جنگی حکمت عملی،

مسلمانون نے اس موقع پر ایک جنگی حکمت عملی اختیار کی، اتفاق وقت سے دونون فوجون کا آمنا سامنا ایسے مقام پر ہوا کہ مسلمانون کے سامنے ایک وسیع رقبہ مین گھنا جنگل لگا ہوا تھا، مسلمان اسی جنگل مین گھس کے روپوش ہوگئے، یہ جنگل اسقدر گنجان اور گھنا تھا کہ رومیون کے لئے یہ قطعاً ناممکن تھا کہ وہ اس مین گھس کے مسلمانون سے فرداً فرداً نبرد آزما ہوتے، اسلئے رومیون نے وہین پر انتظار مین ڈیرے ڈالدئے،

اسی انتظار مین شام کا وقت آپہنچا، آخر پوری فوج کی فوج کبتک مسلح رہ سکتی تھی، رومی گورنر نے سہ پہر کے وقت اپنی فوج کو کمر کھولنے کی اجازت دیدی، اور سب لوگ غیر مسلح ہوکے ادھر ادھر پڑ رہے،

ادھر مجاہدین رومیون کی نقل و حرکت کی پوری دیکھ بھال کر رہے تھے یہ موقع تاک کے نہایت جوش و خروش سے یکبارگی جنگل سے مڈی دل کی طرح رومی لشکر گاہ پر ٹوٹ پڑے، ان کے لئے یہ ناگہانی مصیبت تھی، اتنا وقفہ نہ تھا کہ مسلح ہوتے، اسی سراسیمگی مین عام بھگدڑ پڑگئی تشنہ لب عربی تلوارون کی سیرابی کا موقع آیا، ہزارون سورما سپاہی قتل کئے گئے، اسی اثنا مین رومی گورنر فرار ہونے کیلئے اپنے گھوڑے پر سوار ہوتا دکھائی دیا، اور ابھی چند ہی قدم جانے پایا تھا کہ نیزہ باز مجاہدین نے آلیا، اور ایسا تاک کے نشانہ لگایا کہ زخم کھا کر گھوڑے سے نیچے گرا، مسلمان جھپٹے ہی دائے تھے کہ چند جانباز رومی پیشقدمی کرگئے، اور جانون پر کھیل کر گورنر کی جان بچالی، اور اسکو گھوڑے پر لاد کے فرار ہوگئے، اور جنگل کے سامنے فوج کا جو نیا جنگل آباد ہوگیا تھا، وہ دم کے دم مین صاف ہوگیا،

اسلامی لشکر منظفر ومنصور بلرم واپس آیا، رومی لشکرگاہ کے تمام خیمہ وخرگاہ اور آلات جنگ مسلمانوں کے ہاتھ آئے، عرب مورخین اس واقعہ کو نہایت اہمیت دیتے ہین، اور اسکو "واقعۂ عظیمہ" سے تعبیر کرتے ہین[1]

امیر محمد بن عبداللہ کی معزولی اور اس کی جانشینی

لیکن اسکے بعد ہی محمد بن عبداللہ والی صقلیہ کو اپنے عہدہ سے دستکش ہونا پڑا، مگر اوسنے یہ جگہ کسی غیر کے لئے نہین خود اپنے حقیقی بھائی ابوالاغلب ابراہیم کے لئے خالی کی تھی، محمد کے معزول ہونے کا سبب عرب مورخین نہین بتاتے، لیکن غالبًا مسٹر اسکاٹ کا یہ بیان صحیح ہوگا، کہ صقلیہ مین قبائل کی باہمی کشمکش شروع ہوگئی تھی[2]، خصوصًا امیر محمد بن سالم کا واقعۂ قتل اس کا کچھ کم ثبوت نہین ہے، اس لئے اس وقت صقلیہ مین کسی آزمودہ تجربہ کار شخصیت کی ضرورت تھی، اور اسوقت افریقیہ مین ابوالاغلب سے زیادہ موزون کوئی دوسری شخصیت موجود نہ تھی، اس لئے اسی کا انتخاب عمل مین آیا[3]

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۹، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۹ [2] اخبار اندلس ج ۲ ص ۲۵ مسٹر اسکاٹ نے ابوالاغلب کو فضل بن یعقوب کے بجائے بتایا ہے، کیونکہ ان کے خیال مین محمد بن سالم کے بجائے محمد بن عبداللہ والی صقلیہ قتل کیا گیا تھا، فضل اسی کی جگہ پر افریقیہ سے آیا تھا، مسٹر اسکاٹ کے اس بیان کی تغلیط ہم اس سے پیشتر کر چکے ہین، فضل ابوالاغلب کے عہد مین بھی پہ سالاری کے عہدے پر بدستور سرفراز رہا چنانچہ متعدد مہمون اس عہد مین بھی اسکی سرکردگی مین انجام پائین، [3] ہماری عرب مورخین کو محمد بن عبداللہ اور ابوالاغلب ابراہیم بن عبداللہ کی شخصیتون مین کافی التباس ہوگیا ہے، اور بحر حنیہ کے ہر ایک سے کچھ نہ کچھ دسیسہ غلطی ہوگئی ہے،

ابن اثیر اور اس کے متبعین ابن خلدون اور ابوالفداء وغیرہ نے اگرچہ ۲۲۶ھ مین ابوالاغلب کے عہدۂ ولایت پر مقرر ہونے کا تذکرہ کیا ہے، لیکن جب صقلیہ مین اس کی وفات ہوتی ہے اور اس کا زمانہ ولایت ختم ہوتا ہے تو اس کے نام کے بجائے محمد بن عبداللہ سابق والی کا نام لیتے ہین، گویا اس بیان سے محمد بن عبداللہ ۲۱۶ھ یا ۲۱۷ھ سے ۲۳۶ھ یا ۲۳۷ھ تک والی رہا، ان کا یہ دونون متناقض بیان یہ ہے، ابن اثیر ۲۲۶ھ

ابوالاغلب ابراہیم بن عبداللہ بن الاغلب والیِ صقلیہ (۲)

۲۲۱ھ/۸۳۵ء - ۲۳۶ھ/۸۵۰ء

افریقیہ سے ابوالاغلب کی روانگی اور ایک رومی بیڑی کا اچانک حملہ

ابوالاغلب ابراہیم سابق والیِ صقلیہ محمد کا حقیقی بھائی تھا۔ یہ رمضان ۲۲۱ھ/۸۳۵ء مین افریقہ سے روانہ ہوا، ابھی اثنائے راہ مین تھا، کہ مشکلات سے اس کو دوچار ہونا پڑا، اولاً سمندر مین اتفاقاً ایک سخت طوفان آگیا، اور اس کے جہاز کے ٹکڑے ٹکڑے اڑ گئے، اور دوسرا جہاز بدلنا پڑا، اور پھر اس مصیبت سے پوری طرح نجات حاصل نہین ہوئی تھی، کہ دوسری ناگہانی افتاد آپڑی، اور اس کے بیڑے کو رومی قزاقون کے ایک بیڑے نے اچانک آکر گھیر لیا، اور

(بقیہ حاشیہ ص ۱۷۰) کے سلسلہ مین لکھتا ہے:-

ثم سار واسنة عشرين ومائتين وامیرهم محمد بن عبد الله الی قصریانه	پھر ۲۲۲ھ مین یہ لشکر قصریانہ روانہ ہوا، اور اس کا امیر محمد بن عبداللہ تھا،

اس کے بعد لکھتا ہے،

وسیر زیادة الله عن افریقیه الی صقلیة ابا الاغلب ابراهیم بن عبد الله امیرا علیها (ج ۶ ص ۲۳۹)	اور زیادۃ اللہ نے افریقہ سے ابراہیم بن عبداللہ کو صقلیہ کا امیر بنا کے بھیجا،

اور پھر والیِ صقلیہ کی وفات کے متعلق لکھتا ہے:-

وکان الامیر علی صقلیة للمسلمین محمد بن عبد الله بن الاغلب فتوفی فی رجب سنة ست وثلاثین ومائتین فکان مقیما بمدینة بلرم لم یخرج منها انما کان اخرج الجیوش والسرایا (ج ۶ ص ۴)	اور صقلیہ کی امارت پر محمد بن عبداللہ بن اغلب سرفراز تھا، اس نے رجب ۲۳۶ھ مین وفات پائی، یہ برابر شہر بلرم مین مقیم رہا، خود کبھی فوج کے ساتھ نہین نکلا، لشکر اور فوجی دستے برابر بھیجتا رہتا تھا،

اس کے چند جہاز جلا ڈالے، اس نے ان حملہ آورون کا مقابلہ کیا، اور اس کے ایک فوجی افسر محمد بن سندی نے رومی بیڑے کا تعاقب کیا، اور رومی قزاق جان بچا کر فرار ہوگئے، محمد بن سندی ان کے تعاقب مین دور تک چلا گیا، آخر جب شب کی سیاہ چادر درمیان مین حائل ہوگئی، تو یہ سلسلہ ختم ہوا، اور والی صقلیہ کا بیڑا بخیر و خوبی بلرم پہنچا،

ابوالاغلب کی خود مختاری ابوالاغلب ابراہیم نہایت ہوشمند فرمانروا تھا، زیادۃ اللہ نے اس کو اس کے بھائی محمد سے بھی زیادہ خود مختار بنا کر صقلیہ بھیجا تھا، اور گویا اوسکو صقلیہ کی عنان حکومت ایک مطلق العنان خود مختار فرمانروا کی حیثیت سے تفویض ہوئی تھی، اور اسی حیثیت سے اس نے زمام

(بقیہ حاشیہ ص ۱۷۱) ابن اثیر کے یہ سب بیانات صحیح ہین، جو کچھ غلطی ہے وہ صرف یہ کہ تذکرہ وفات مین ابوالاغلب کا نام لکھنے کے بجائے محمد بن عبداللہ کا نام لکھ گیا ہے، ورنہ ابوالاغلب کے پورے دور حکومت کے حالات مین وہ برابر والی صقلیہ کی حیثیت سے ابوالاغلب ہی کا نام لکھتا رہا ہے، اور محمد بن عبداللہ کا کسی ایک جگہ بھی تذکرہ نہین آیا ہے،

ابن عذاری کی دلچسپ غلطی دوسری ہے، وہ پہلے ۲۱۶ھ کے حوادث مین محمد بن عبداللہ کے ولایت صقلیہ پر مقرر ہونے کا تذکرہ کرتا ہے لیکن اسکی کمیت کے ساتھ یعنی،

"ابوفہر صقلیہ کا والی مقرر ہوا"

اس کے بعد ۲۱۷ھ کے حوادث مین لکھتا ہے:-

"۲۱۷ھ مین ابوفہر محمد بن عبداللہ تمیمی صقلیہ گیا، اور عثمان بن قرہب وہان سے بھاگ گیا"

یہین سے اس کی غلطی شروع ہو جاتی ہے، غالباً "ابوفہر کی کمیت یا محمد بن عبداللہ تمیمی" کے نام سے افریقیہ کا کوئی دوسرا قائد تھا اور وہ افریقیہ کی بغاوتون کے فرو کرنے پر مامور ہوا، اسی کو اس نے صقلیہ کی طرف منسوب کر دیا ہے، ورنہ ابھی تک صقلیہ مین "عثمان بن قرہب" نامی کوئی شخص دخیل نہین ہوا تھا، لیکن ابن عذاری نے ان دونون شخصیتون مین التباس پیدا کر دیا، اور محمد بن عبداللہ کو ۲۱۶ھ سے ۲۱۹ھ تک افریقیہ کی بغاوتون مین

حکومت سنبھالی،

بحری حملہ کا آغاز اور اس کے وجوہ

ابو الاغلب نے اثنائے سفر میں رومی قزاقوں کی حملہ آوری سے متاثر ہو کر عنان حکومت سنبھالتے ہی سب سے پہلے بحری تیاری شروع کی، تاکہ اولاً صقلیہ کے ساحلی علاقہ پر جو رومی قزاقوں کے بڑے منڈلا رہے ہیں، ان کا خاتمہ کرے۔ علاوہ ازیں اس بحری حملہ سے اس نتیجہ تک پہنچا، کہ بحر روم کے اون تمام جزائر کو جو صقلیہ و افریقیہ کے درمیان واقع ہیں، اسلامی حکومت کے زیر اقتدار رہنا چاہیئے، تاکہ ان دونوں ممالک میں رسل و رسائل اور آمد و رفت میں اس قسم

(بقیہ حاشیہ ص ۱۷۲) مشغول دکھایا ہے، حالانکہ افریقیہ کی بغاوتوں میں ۲۱۷ھ سے ۲۱۹ھ تک جو شخص مشغول رہا ہے، وہ ابو فہر یا محمد بن عبداللہ تمیمی ہے ورنہ محمد بن عبداللہ بن اغلب تو اس پورے دور میں افریقیہ کے بجائے صقلیہ میں موجود تھا،

اس کے بعد ابن عذاری ۲۲۰ھ کے حوادث میں لکھتا ہے،:-

"اسی سال صقلیہ کے امیر محمد بن عبداللہ بن اغلب نے فوجکشی کی"

اور پھر ابو الاغلب کی ولایت کا تذکرہ اسی ذیل میں یوں کرتا ہے،:-

"اسی سال ابن اغلب صقلیہ کا امیر ہو کر ماہ رمضان میں وہاں کے صدر مقام بلرم پہنچا"

ابن عذاری کے یہ دونوں بیانات اپنی اپنی جگہ صحیح ہیں۔ لیکن تاریخ ابن عذاری کے اردو کے مترجم مولوی محمد جمیل الرحمن ایم اے نے ۲۱۷ھ سے ۲۱۹ھ تک کے حوادث افریقیہ اور ابن عذاری کے اسی قسم کی وجہ سے اس عبارت میں "ابن اغلب" کے پہلے "محمد بن عبداللہ" تو سین میں بڑھا دیا ہے، یہ صحیح نہیں ہے اسکی بجائے (ابراہیم بن عبداللہ) ابن اغلب ہونا چاہئے تھا۔ کیونکہ "ابن اغلب" سے ابن عذاری کی مراد ابو الاغلب ابراہیم بن عبداللہ ہی ہے، چنانچہ اس کے بعد اسکے عہد حکومت تک والی صقلیہ کا جہاں تذکرہ آیا ہے، اس نے "ابو الاغلب" ہی لکھا ہے، ملاحظہ ہو حوادث ۲۲۳ھ اور اسی طرح اس کی وفات کے متعلق حوادث ۲۲۶ھ میں لکھتا ہے:-

"ابو الاغلب ابراہیم بن عبداللہ بن اغلب صاحب صقلیہ کی وفات پر اہل صقلیہ نے عباس بن فضل کو امیر بنا لیا"

کے مشکلات و موانع پیش نہ آئین،

سب سے پہلی بحری جنگ

چنانچہ اس نے سب سے پہلے ایک عظیم الشان بیڑا تیار کر کے اپنے اوسی حملہ آور بیڑے کے تعاقب مین روانہ کیا، اسلامی بیڑا کچھ دور نکلا تھا کہ وہ بیڑا نظر آ گیا، اور بحری جنگ شروع ہوگئی، یہ اسلامی بیڑا اوس عہد تک کے ترقی یافتہ ساز و سامان سے آراستہ تھا، چنانچہ ناریونا نیہ سے جس سے دشمنون کے جہازون اور قلعون پر آگ برساتے تھے، آتش باری کی گئی، رومی بیڑا تاب مقاومت نہ لایا، اور مسلمانون کے ہاتھ گرفتار ہوگیا اور اسلامی بیڑا منظفر و فتحیاب صقلیہ واپس آیا، ابوالاغلب

(بقیہ حاشیہ ص ۱۷۳) اس لئے ابن عذاری کو اگرچہ محمد بن عبداللہ اور ابراہیم بن عبداللہ ان دونون بھائیون کے نام مین التباس نہین ہوا ہے اور اپنی اپنی جگہ اس نے ان دونون کا صحیح صحیح تذکرہ کیا ہے، تاہم محمد بن عبداللہ کا نام افریقہ کے دوسرے قائد کے نام سے ملتبس ہوگیا ہے،

ابن اثیر اور ابن عذاری کیطرح دوسرے عرب مورخین سے بھی کچھ نہ کچھ تھوڑی بہت غلطی ہوتی گئی ہے لیکن ہم طول بیان کیوجہ سے سب کو نظر انداز کرتے ہین البتہ ان تمام عرب مورخین مین سب سے صحیح بیان کتاب الحلۃ السیراء کا ہے، اسمین خانوادۂ اغالبہ کے تفصیلی شجرۂ نسب کی تحقیق کیگئی ہے، اسمین یہ دونون شخصیتین عبداللہ کے دو لڑکون کی حیثیت سے جداجدا مین، پہلے محمد کے ۲۴۱ھ مین صقلیہ کے والی ہونے کا ذکر ہے پھر ابراہیم کی ولایت صقلیہ کا تذکرہ کیا گیا ہے، اور اسی کے طویل عہد حکومت کا خاص طور پر تصریح و ذکر ہے، اور یہی بیان مورخین کی تمام التباسات کی حقیقت کھول دیتا ہے، (الحلۃ السیراء و امارۃ ۳۲) ان سطور کو لکھنے کے بعد ایک جدید الشیوع "کتاب اعمال الاعلام" مین یوں قبل الاستلام کا اقتباس نظر سے گذرا، اس بیان سے صاحب الحلۃ السیراء کے بیان کی پوری پوری تائید ہوتی ہے وہ لکھتا ہے، ۱۔

ولی زیادۃ اللہ بن ابراھیم (ابن اخیہ) ابا الاغلب ابن عبد اللہ بن ابراہیم علی صقلیۃ.... فوصل الی صقلیہ فی شھر رمضان سنۃ احدی وعشرین ومائتین (یادگاری مضامین اماری ج ۲ ص ۴۷)	امیر زیادۃ اللہ بن ابراہیم نے اپنے بھتیجے ابو الاغلب بن عبد اللہ کو صقلیہ کا والی بنایا.... وہ ماہ رمضان ۲۲۱ھ مین صقلیہ پہنچا،

نے جوش انتقام مین تمام اسیر قزاقون کی گردنین اوڑا دین[1]،

جزائر پر حملے رومی بیڑے سے انتقام لینے کے بعد اوس نے جزائر پر توجہ کی، جو افریقیہ اور صقلیہ کے درمیان واقع تھے، چنانچہ سب سے پہلی نظر انتخاب جزیرہ قوصرہ پر پڑی، یہ جزیرہ افریقیہ اور صقلیہ دونون کے وسط مین واقع تھا، یہ اس سے پہلے بھی مسلمانون کے قبضہ مین رہ چکا تھا، اور امیر معاویہ کے عہد سے خلیفہ عبدالملک بن مروان کے زمانہ تک اس پر اسلامی پرچم لہراتا رہا[2]، اب ۲۲۱ھ/۸۳۵ء مین صقلیہ سے یہ بیڑا روانہ ہوا اور ساحل قوصرہ سے کچھ دور ہی پر ایک رومی بیڑا نظر آیا، جو فوراً گرفتار کرلیا گیا، اس بیڑے مین بہت سے رومی سپاہی سوار تھے، انھی کے ساتھ افریقیہ کا ایک جانا پہچانا عیسائی بھی تھا، سب گرفتار کرکے صقلیہ لائے گئے، اور ان سب کی گردنین بھی اوڑا دی گئین،

جزائر پر قبضہ اس کے بعد اسی سال ابوالاغلب نے جزیرہ کی ایک اندرونی مہم سے فارغ ہوکر ایک دوسرا جنگی بیڑا صقلیہ کے قرب و جوار کے تمام جزائر پر قبضہ کرنے کے لئے روانہ کیا، اس مہم مین بحر روم کے متعدد اہم جزیرے خاصی تعداد مین زیر اقتدار آئے اور اسلامی بیڑا مال غنیمت سے لدا پھندا نہایت خوبی واپس آگیا،

بحر روم پر اقتدار اس کے بعد ایک ایسے وقت مین جب ایک اندرونی جنگ مین مسلمانون کو شکست نصیب ہوچکی تھی، ایک بحری جنگ مین نہایت اہم کامیابی حاصل ہوئی، اور مسلمانون نے رومیون کے ۹ عدد بڑی بڑے جنگی جہاز مع سپاہیون کے گرفتار کرلئے[3]، اور اسی بحری جنگ سے رومی جہازون سے سمندر کی سطح صاف ہوگئی، اور بحر روم مین رومیون کی بحری قوت کا گویا اس وقت تک کیلئے خاتمہ ہوگیا جبتک کہ قسطنطنیہ سے نئے جنگی بیڑے نہ آجاتے،

---

[1] اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ ص ۱۷۱، ۱۷۴، البیان المغرب (ترجمہ) ص ۱۴۲ و ابن اثیر ج ۶ ص ۲۳۹ و ابن خلدون ج ۴ ص ۱۹۹، بعض مورخین اسکی آمد ۲۲۰ھ مین لکھتے ہین، [2] معجم البلدان ج ۷ ص ۱۰۲ [3] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۴۰،

ان جزائر کے مفتوح ہونیکو بھی بعض یورپین مورخین عجب انداز مین بیان کرتے ہین کہ

"قرب وجوار کے جزائر جو اب تک صقلیہ کی سی حالت کو نہین پہنچے تھے جنگل و بیابان بنا دیئے گئے"

لیکن سسلی کی پوری قدیم تاریخ شاہد ہے کہ یہ جزائر بالعموم اسی طاقت کے زیر اثر رہے جو صقلیہ مین فرمانروا رہی اور جب صقلیہ مین دو دو حکومتین قائم ہین. تو مشرقی ساحل کی حکومت بحر روم کے مشرقی جزائر پر قابض رہی، اور مغربی ساحل کی حکومت مغربی جزائر پر حکمرانی کرتی رہی، اسلئے جب صقلیہ مین اسلامی حکومت کو اقتدار حاصل ہوا تو ایک نہ ایک دن جزائر کو بھی تبعاً زیر نگین ہونا تھا، اور مسلمانون نے کوئی ایسا اقدام نہین کیا، جو اس سے پہلے نہین کیا جا چکا ہے، انھون نے اپنے پیشرو حکمران سلطنتون کے نقش قدم کی پوری پوری پیروی کی،

جزیرہ مین پیشقدمیان

ابوالاغلب نے اس بحری مہم کے ساتھ ساتھ اندرون صقلیہ کی طرف بھی توجہ کی، چنانچہ قوصرہ سے اسلامی بیڑے کی واپسی کے بعد اسی سال ۲۲۱ھ مین کوہ آتش فشان اٹنا کے نواح مین ایک فوج روانہ کی، جس نے متعدد قلعون پر قبضہ کر لیا، اور پھر کثیر مال غنیمت کے ساتھ بلرم لوٹ آئی،

اسکے بعد پھر اوسی نواح مین دوسری مرتبہ فوجکشی کی گئی، اور اسمین اس نواح کے کچھ اور قلعے زیر کئے گئے، اور اس مرتبہ بھی کثیر مال غنیمت ہاتھ آیا، اور فوج منظفر و منصور بلرم واپس آگئی،

یہ علاقہ ان پے در پے حملون مین بہت کچھ تباہ و برباد ہوا، کیونکہ قلعون اور دیہی آبادی کے رومیون نے اسلامی لشکر سے مقابلہ کیا، اور اسی پاداش مین ان کو سخت سے سخت سزائین بھگتنی پڑین، چنانچہ پہلے حملہ مین ایک وسیع علاقہ کی ہری بھری کھیتی برباد کر دی گئی تھی، اور پھر اس دوسری مہم مین ان کے مصائب اور زیادہ دردناک ہو گئے، مال و دولت کا ایک وافر حصہ انکے ہاتھ سے ضائع ہونے کے علاوہ مسلمانون نے اس نواح کے ہزارون باشندون کو گرفتار کر لیا، جو نہایت

سستے سستے داموں پر بلرم وغیرہ مین فروخت کئے گئے،

نواحِ کوہ اٹنا کی بربادی کے بعد ایک غیر معروف مقام قسطلیاسہ کی طرف فوج کشی کی گئی، فوج کا یہ دستہ عبد السلام بن عبد الوہاب کی زیر سرکردگی تھا، حملہ آورون کو یہان نمایان کامیابی حاصل ہوئی، اور مالِ غنیمت اور بہت سے قیدی ہاتھ آئے لیکن واپسی کے وقت کسی طرف سے کوئی رومی لشکر نکل آیا، اور معمولی آویزش کے بعد مسلمانون نے شکست کھائی اور امیرِ لشکر رومیون کے ہاتھ گرفتار ہوگیا جسکو بعد مین فدیہ دیکر رہا کرایا گیا،[1]

محاصرۂ قصریانہ

اس کے بعد ۲۲۲ھ مین اسلامی لشکر پھر بلرم سے روانہ ہوا، اور قصریانہ کے دامن مین خیمہ زن ہوگیا، رومی شہر سے باہر نکلے، اور دونون فوجین صف آرا ہوئین، اور گھمسان کی لڑائی شروع ہوگئی، مگر یہ تجربہ بھی حوصلہ شکن ثابت ہوا، اور مسلمانون کو سخت ہزیمت اوٹھانی پڑی، اور مسلمان نبرد آزما بہادرون کی ایک جماعت کام آئی لیکن اس شکست کے باوجود اسلامی لشکر محاصرہ سے دستبردار نہین ہوا، اور پراگندہ جمعیت یکجا کرکے محاصرہ جاری کردیا،

حوالیِ شہر پر قبضہ اور مصالحت

اسی حالتِ محاصرہ مین ایک طویل مدت گذر گئی، اور جاڑون کا موسم آگیا، اتفاقاً ایک دن اندھیری رات مین ایک مسلمان سپاہی نے ایک رومی کو شہر کی طرف جاتے دیکھا، مسلمان سپاہی خاموشی سے اس کے پیچھے پیچھے چلا گیا، اور فصیل کے قریب پہنچ کر اس کو ایک مخفی راستہ سے شہر مین داخل ہوتے دیکھا، اور واپس آکر اس واقعہ کی اطلاع اپنے امیرِ لشکر کو دی جس نے اسی وقت فوج کو تیاری کا حکم دیا، اور پوری فوج اسی مسلمان سپاہی کی رہبری مین روانہ ہوئی، اور اسی مخفی راستہ سے سب لوگ فصیل کے پار ہوگئے، اور پہنچتے ہی نعرۂ تکبیر مارا، اور بعض شہر پر قابض ہوگئے، جو اندرون شہر اور بیرونی فصیل کا درمیانی حصہ تھا لیکن اس کی فتح قصریانہ کی فتح نہین تھی،

[1] ابن عذاری مین یہ واقعہ ۲۲۲ھ مین مذکور ہے،

رومی فوج شہر مین محصور ہوگئی، اس کی فصیل بھی کسی مستحکم قلعہ کی فصیل سے کم نہ تھی، لیکن جب رفتہ رفتہ شہر مسلمانون کے قبضہ مین آچکا تھا، تو اندرون شہر مین کتبک قلعہ بند رہ سکتے تھے، اس لئے طالب امان ہوئے، اور امیر لشکر نے ان کو امان دی، اور اس کے معاوضہ مین بہت کچھ مال و دولت ہاتھ آیا، اور لشکر اسلام بلرم واپس چلا آیا،

جفلوذی کا محاصرہ اور بیزنطی بیڑی سے مقابلہ

مہم قصریانہ کے بعد اسلامی لشکر نے ۲۲۳ھ/۸۳۷ء مین ایک ساحلی شہر جفلوذی کا محاصرہ کیا، لیکن اسی اثنا، مین حکومت بیزنطی کا ایک عظیم الشان بڑا قسطنطنیہ سے آکر ساحل پر لنگر انداز ہوگیا، اسلامی لشکر جفلوذی کا محاصرہ اٹھا کر اس تازہ دم رومی لشکر کو رد کنے کیلئے روانہ ہوگیا، اور دونون فوجون مین کشت و خون کا بازار گرم ہوگیا،

والی افریقہ زیادۃ اللہ کا انتقال،

اسی اثنا، مین مسلمانان صقلیہ پر ایک ناگہانی افتاد پڑی یعنی بروز سہ شنبہ ۱۴ رجب ۲۲۳ھ/۸۳۸ء کو افریقہ و صقلیہ کا بیدار مغز فرمانروا زیادۃ اللہ بن ابراہیم کا دار الحکومت قیروان مین انتقال ہوگیا،

والی افریقہ کے انتقال سے صقلیہ مین سراسیمگی

اس حادثہ کی خبر سے مسلمانان صقلیہ پر ایک بجلی گر پڑی، اور حالت اضطراب مین فوجکشی چھوڑ کر بلرم مین سراسیمہ ہو کر بیٹھ رہے، یہ وقت مسلمانان صقلیہ کے لئے نہایت نازک تھا ۲۲۱ھ/۸۳۵ء کے بعد سے مسلمانون کو افریقہ سے کوئی کمک نہین پہنچی تھی، اور اسوقت سے اس وقت تک متعدد معرکۃ الآرا، لڑائیان ہو چکی تھین، اور فوراً رومیون کا زبردست تازہ دم لشکر قسطنطنیہ سے آیا تھا، اس لئے ایسے نازک موقع پر ایک ایسے فرمانروا کا سانحہ ارتحال، جو خود حملہ صقلیہ کا بانی تھا، نہایت اندوہگین ثابت ہوا، کہ معلوم نہین افریقہ کا نیا فرمانروا بھی ان بحری مہمون سے ویسی ہی دلچسپی لیتا ہے، جیسی کہ زیادۃ اللہ کو تھی، یا جدید والی کوئی نئی حکمت عملی اختیار کرتا ہے،

زیادۃ اللہ کا زمانہ اور جانشینی

زیادۃ اللہ نے ۲۱ سال ۷ مہینہ حکومت کی، اور خلیفہ معتصم عباسی کے عہد مین ۵۱ سال ۵ ماہ اور ۸ دن کی عمر مین انتقال کیا، اور اس کے بجائے اس کا بھائی ابوعقال اغلب بن ابراہیم بن اغلب افریقیہ کی ولایت پر سرفراز ہوا[1]

ابوعقال اغلب بن ابراہیم بن اغلب والی افریقیہ،

۲۲۳ھ / ۸۳۷ء - ۲۲۶ھ / ۸۴۰ء

صقلیہ مین عام بغاوت

ابوعقال والی افریقیہ نان حکومت سنبھالتے ہی افریقیہ کے نظم و نسق مین ایسا مشغول ہوا، کہ صقلیہ کی طرف کوئی توجہ نہ کرسکا، اور زیادۃ اللہ کی وفات کا صقلیہ پر جو گہرا اثر پڑا تھا، ابوعقال کی عدم توجہی سے اوس کو مزید تقویت پہنچ گئی،

اور اس لئے مسلمانان صقلیہ مین زیادۃ اللہ کی وفات سے عام سراسیمگی پھیلنے، اور ابوعقال کی غفلت سے بیزنطی بیڑے کے مقابلہ مین افریقیہ سے کسی کمک کے نہ آنے سے اولاً تو مسلمانان صقلیہ کی پیشقدمیان ملتوی ہوگئین، دوسرے ان حالات سے صقلیہ کے رومیون نے فائدہ اوٹھایا، اور اسلامی حکومت سے سرکشی کرکے اکثر جگہ علم بغاوت بلند کردیا،

افریقیہ سے کمک اور صقلیہ مین امن و امان

لیکن یہ حالت کچھ زیادہ دنون تک قائم نہین رہی ابوعقال نے افریقیہ کے معاملات سے فرصت پاتے ہی صقلیہ کی طرف توجہ کی، اور ۲۲۴ھ / ۸۳۸ء مین ایک عظیم الشان کمک روانہ کی، اس لشکر کے ساحل پر قدم رکھتے ہی حالات بدلنے لگے، اور اس کمک کی خبر جزیرہ مین جیسے ہی پھیلی، اس کا فوری اثر یہ ظاہر ہوا، کہ وہ تمام قلعہ نما شہر جو موقع پاکر سرکش ہوگئے تھے، طالب امان ہوئے، اور ۲۲۵ھ / ۸۳۹ء مین ان سب پر پھر سے اسلامی پرچم لہرانے لگا، ان مین سے

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۲۹، ۲۴۰، ۲۵۰، ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۰، ابن عذاری (ترجمہ اردو) ص ۱۴۲، ۱۴۳،

قلعہ بلوط، ابلاطنو، قریلیون، اور مرو وغیرہ کے نام تاریخون مین مذکور ہین۔

جنوبی اٹلی یہ قلعے زیر نگین ہو رہے تھے کہ اسی سال ۲۲۵ھ مین اتفاقاً ابوالاغلب کو بیرون جزیرہ کی سیاسیات مین الجھ جانا پڑا۔ صقلیہ کے شمال مین آبنائے میسنا کے اس پار جنوبی اٹلی کی جو جغرافیانہ حیثیت ہے، وہ اس سے پہلے گذر چکی ہے، اس وقت یون تو یہان چھوٹی چھوٹی متعدد خود مختار حکومتین قائم تھین لیکن اگر ان کو عمومی حیثیت سے تقسیم کیا جائے تو شاہزادگان لمبارڈ مین سے بینیونٹم (BENEVENTUM) زیادہ تر اٹلی کے جنوبی حصہ پر حکمران تھے، اور پرنسپلس گے آٹیا، سارینٹو، اور ایلیفی کی چھوٹی چھوٹی خود مختار ریاستین الگ الگ قائم تھین، نیز حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کے قبضہ مین بھی ملک کا ایک حصہ تھا، مسٹر ایلبورٹ ہیچرپی ایچ ڈی نے ایک سلسلہ بیان مین اس عہد کے اٹلی کی سیاسی حالت کا اجمالی تذکرہ کیا ہے، یہی حالات اس وقت سے جب کہ مسلمانون کا اٹلی سے تعلق پیدا ہوا، اور اس وقت تک جب یہ سلسلہ منقطع ہو گیا، یہان قائم رہے، اس لئے اس کو ذیل مین نقل کیا جاتا ہے، جس سے یہان کی سیاسی حالت کا ایک عام خاکہ سامنے آجاتا ہے، وہ لکھتے ہین:-

"نوین صدی کے وسط مین اہل اسلام سسلی پر قابض ہو گئے تھے، اور اصلی اٹلی کے بعض مقامات بھی ان کے تصرف مین آگئے تھے، (جس کا تفصیلی تذکرہ آیندہ صفحات مین آتا ہے) جنوبی اٹلی کا اہم حصہ اب تک شہنشاہ قسطنطنیہ کے زیر نگین تھا، اور اسی کے عمال اس پر حکمران تھے، مشرقی ساحل پر اس کے یہ علاقے شمالاً کوہ گارگنو تک پھیلے ہوئے تھے، اور مغرب مین سرنو تک، اس علاقہ کے شمال مین بعض خود مختار ریاستین قائم تھین، مثلاً سلرنو، امالفی، پرنسپلس، کیپوا، بینونٹم، اور اسپولیٹو وغیرہ جن پر اب تک (یعنی عہد اسلامی کے آخر تک) نہ شہنشاہ جرمنی کا قبضہ ہونے پایا تھا، نہ شہنشاہ یونان کا، ان ریاستون کے والی یا تو باہم جنگ آزمائی

ابن اثیر ج ۶ ص ۳۵۰ و ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۰ وغیرہ

کرتے رہتے تھے، اور یا اپنے ہمسایہ یونانیون اور مسلمانون سے مصروفِ پیکار رہتے تھے، ان کے قلمرو مین سخت ابتری و بدنظمی پھیلی رہتی تھی، اور ان کا کوئی سیاسی وجود قائم نہین تھا،

حکومت نیپلس اور اسلامی حکومت صقلیہ مین رشتۂ اتحاد

یہان کے ان حکمرانون مین سے نیپلس کا مقامی حکومتون مین سب سے زیادہ طاقتور تھے، اور وہ اپنی دوسری ہمسایہ ریاستون پر دندان آزتیز کرتے رہتے تھے،

اس کا یہ قدرتی نتیجہ ہوا کہ ان ریاستون کی توجہ صقلیہ کی نوخیز اسلامی حکومت کی طرف ہوئی اور ان مین سے حکومت نیپلس نے اسلامی حکومت صقلیہ کے سامنے دستِ مصالحت بڑھایا، اور دونون مین رشتۂ اتحاد قائم ہوگیا، اور ضرورت کے وقت ایک دوسرے کی امداد و اعانت کا معاہدہ طے پایا،

جب اٹلی مین اس معاہدہ کی خبر پھیلی، تو مسیحی طاقتون نے اس کے فسخ کرنے پر زور دیا، اور خصوصًا کلیسائے روما نے اس کے خلاف اپنی تمام کوششیں صرف کردین لیکن نیپلس اپنے معاہدہ پر قائم رہا جس سے ایک طرف حکومت نیپلس کی بنیادین استوار ہوئین، اور دوسری طرف مسلمانون کو صقلیہ کے شمالی ساحل خصوصًا آبنائے مسینا پر قبضہ کرلینے مین آسانیان پیدا ہوگئین،

حکومت نیپلس کی مدد

چنانچہ جب حکومت لمبارڈ کے فرمانروا سیکارڈس نے اسی سال ۲۲۵ھ/۸۳۹ء مین نیپلس کا محاصرہ کیا، تو ابوالاغلب نے نیپلس کی امداد کیلئے صقلیہ سے ایک جنگی بیڑا روانہ کیا، جس نے وہان نمایان خدمت انجام دی، اور سیکارڈس کو محاصرہ سے دستبردار ہونا پڑا، اور مجبور ہوکر اس شرط پر صلح کی کہ نیپلس کے تمام قیدی بغیر زرِ فدیہ ادا کئے رہا کردئے جائین گے،

جنوبی اٹلی کے مقبوضات

اسلامی بیڑا نیپلس کی جنگ کے بعد حکومت بیزنطی کے مقبوضات جنوبی اٹلی

کی طرف روانہ ہوا، جنوبی اٹلی کا مشہور صوبہ قلوریہ (کلبریہ) اس وقت حکومت بیزنطی کے ماتحت تھا چنانچہ اسلامی بیڑے نے یہاں تاختین کین، اور اس مین نمایان کامیابی حاصل ہوئی، اسی اثنا مین حکومت بیزنطی کا بیڑا، اس کی مدافعت کے لئے قسطنطنیہ سے آپہنچا، دونون مین سخت بحری جنگ ہوئی، اور بیزنطی بیڑا نقصان اوٹھا کر قسطنطنیہ واپس گیا،

بیزنطی اور اسلامی بیڑون کی یہ معرکہ آرائی اٹلی کے مشرقی ساحل پر بحر یونین (IONIANSEA) مین ہوئی تھی، اور اس فتحمندی کا اہم نتیجہ یہ برآمد ہوا کہ جنوبی اٹلی کے شمالی ساحل کا مشہور شہر برینڈیزی (BRINDISI) پر عربی پرچم لہرانے لگا، پھر آگے بڑھکر مسلمان بندرگاہ باری (BARI) پر بھی قابض ہوگئے،

اس کے بعد اسلامی بیڑا صوبہ اپولیا مین داخل ہوا، اور بحر اڈریاٹک (ADRIATIC SEA) کی ایک اہم بندرگاہ پر قابض ہوگیا، عربون کا یہ قبضہ جغرافی جائے وقوع کے لحاظ سے نہایت اہم تھا، اب ایک طرف یا مین ہاتھ پر اون کے سامنے اٹلی کا مشرقی صوبہ تھا، اور دوسری طرف یونانی جزائر اور ڈلماشیا کے سواحل ان کا انتظار کر رہے تھے،

چنانچہ ان کامیابیون کے بعد اٹلی کے مشرقی صوبے پورے طور پر اون کے مطیع ہوگئے، پھر انھون نے آگے قدم بڑھایا، اور ڈلماشیا (ساحل اسٹریا) پہنچے، اور یہان تاخت وتاراج کیا،

دوسری طرف جزائر یونان سیلینسی وغیرہ سے حکومت بیزنطی نے اپنی توجہ ہٹالی تھی اس لئے یہ بھی ان کے تاخت وتاراج کے میدان بنے،

اور پھر کپوا (CAPUA) مین پہنچے، اور اس کو غارت کیا، اور اس کے بعد گیرگلی آنو (GARIGLIANO) پر ایک نئی آبادی قائم کی تاکہ ان مقبوضات کی حفاظت ہوسکے، اور اٹلی کی

ریاستون پر اسلامی طاقت کا سکہ جما رہے،

اور انہی فتحمندیون پر ۲۲۵ھ/۸۳۹ء مین اس مہم کا خاتمہ ہوا، ابن اثیر اس کو "فتح عظیم" سے تعبیر کرتا ہے،[1]

اندرون جزیرہ مین فتوحات

ابوالاغلب بیرونی مہمون سے فرصت پا کے پھر اندرون جزیرہ کی طرف متوجہ ہوا ۲۲۳ھ/۸۳۷ء کے دور اختلال مین قصریانہ نے اپنی پچھلی مصالحت کا خاتمہ کر دیا تھا، اس لئے اسلامی مہمون کا پھر یہیں سے آغاز ہوا، اور اسلامی لشکر نے ۲۲۶ھ/۸۴۰ء مین قصریانہ کا رُخ کیا، اور شہر کا محاصرہ کر لیا لیکن رومی شہر کے باہر نہین نکلے، اس لئے مسلمان چند دن انتظار کے بعد مقابلہ سے مایوس ہو گئے، اور محاصرہ اٹھا کر تاخت و تاراج کیلئے آگے نکل گئے،

قصریانہ سے کوچ کر کے کوہ اٹنا کے دامن مین پہنچے، اور یہان کے بہت سے مقامات پر قبضہ کر لیا، منجملہ انکے ایک مقام مینیاج تھا، جو کوہ اٹنا کے جانب شمال ۵ میل پر آباد تھا، اور دوسرا علاقہ غیران تھا، جو چالیس غارون پر مشتمل تھا، اس فوجکشی مین یہ پورا علاقہ عربون کے زیر نگین آ گیا، اور اسطرح عرب تقریباً جزیرہ کے تہائی حصہ پر قابض ہو گئے،

اس کے بعد ابوالاغلب نے تھوڑے سے وقفہ کیلئے جنگ کا سلسلہ روکدیا، اور اسی اثنا مین مختلف ممالک سے تجارتی تعلقات قائم کئے گئے، جن سے صقلیہ مین تجارت صنعت اور حرفت کو روز افزون ترقی حاصل ہوئی، مسٹر اسکاٹ اس عہد پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہین :-

"۲۲۶ھ/۸۴۰ء کے آخر مین جزیرہ صقلیہ کے تہائی حصہ پر عرب قابض ہو گئے، اور اس کی وہ حالت نہین

---

[1] اخبار الاندلس ج ۲ ص ۲۶، ۲۹، تاریخ یورپ لبور تھیمر فرڈیننڈ حصہ اول (شائع کردہ جامعہ عثمانیہ) ص ۱۴۹، تاریخ عرب مؤسیو سدیو ص ۲۴۵، ابن اثیر ج ۶ ص ۱۵۱، وابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۰، عرب مورخین حملۂ قلوریہ کو ۲۲۵ھ مین لکھتے ہین، اور یورپین مورخین ۸۴۹ء مین یہ دونون سنہ ایک دوسرے کے مطابق ہین،

رہی، کہ گویا یہ لوگ صرف قتل و غارت ہی کے لئے آئے تھے، بلکہ نظر آنے لگا، کہ ان کا قبضہ و تصرف مستقل ہے چند روز تک لڑائی ملتوی رکھنے کا معاہدہ ہوگیا، یہ تو نہیں کہا جاسکتا کہ یہ معاہدہ بزنطی حکومت سے خائف ہو کر کیا گیا تھا، بہرحال اس سے طرفین کو گونہ اطمینان ہوگیا، خاص کر رعایا کو کیونکہ وہ کم از کم عارضی طور سے آئے دن کی مصیبت سے بچ گئی، ادھر مصر و افریقیہ اور اندلس سے جو تجارت بڑھی تو یہ معلوم ہونے لگا کہ کم سے کم تجارت کے لحاظ سے تو اس جزیرے کے دن پھرنے والے ہیں اور اس قلیل عرصہ میں حکومت صقلیہ کی طاقت و رعب داب میں بھی اتنا اضافہ ہوگیا کہ اوس کے قدیم اور قدرتی دشمن والیان آنرو آبائے مسینا نے بڑی خوشامد سے ان کے حلیف بننے کی خواہش کی[1]،

والی افریقیہ کی وفات اسلامی فوج مینائج کی مہم سر کر چکی تھی کہ افریقیہ سے ابوعقال اغلب والی افریقیہ کی وفات کی خبر پہنچی، اس نے یوم پنجشنبہ ۲۳ ربیع الآخر ۲۲۶ھ کو وفات پائی، مدت ولایت صرف ۲ سال ۷ مہینہ اور ۷ دن ہے، اگرچہ اس کا زمانہ ولایت بہت ہی کم رہا لیکن اس نے اس قلیل عرصہ میں اپنی اوس کمک سے جو ۲۲۴ھ میں صقلیہ بھیجی تھی صقلیہ کو اسقدر اہم امداد پہنچائی کہ اسلامی حکومت صقلیہ کی بنیاد استوار کرنے میں اس کا حصہ بہت نمایاں ہوگیا، اور اس نے اپنے اسی قلیل زمانہ حکومت میں صقلیہ کی مہموں کی کامیابی اور ان کے نتائج بھی اپنی آنکھوں سے دیکھ لئے،

جانشین اسکی وفات کے بعد اس کا لڑکا ابوالعباس محمد بن اغلب سریر آرائے حکومت ہوا[2]،

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۳۵۱، و ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۰، و اخبار الاندلس ج ۲ ص ۲۶،

[2] ابن اثیر ج ۶ ص ۳۶۹،

ابوالعباس محمد بن اغلب والی افریقیہ

سنہ ۲۲۶ھ تا سنہ ۲۴۲ھ
سنہ ۸۴۰ء تا سنہ ۸۵۶ء

ابوالاغلب ابراہیم کی ولایت صقلیہ پر برقراری

جدید والی افریقیہ ابوالعباس محمد بن اغلب، والی صقلیہ ابوالاغلب ابراہیم کا چچازاد بھائی تھا، اس نے ابوالاغلب کو صقلیہ کی ولایت پر بدستور برقرار رکھا،

فتح مسینا

اور جب معاہدہ کی وہ عارضی مدت پوری ہوگئی، تو ۲۲۵ھ مین صقلیہ کی فتوحات کے لئے ایک لشکر فضل بن جعفر ہمدانی کی سرکردگی مین افریقیہ سے روانہ کیا، اور فضل اپنے لشکر کو براہ راست مسینا لایا،

مسینا مشرقی ساحل کے شمالی زاویہ مین ساحل پر واقع تھا، اور مغرب کی طرف پہاڑیون کا سلسلہ قائم تھا جس سے اس کی قدرتی حدبندی ہوگئی، آبنائے مسینا کو عبور کرکے اس کے بالمقابل دوسری طرف جنوبی اٹلی کا مشہور شہر ریو اپنی فلک بوس عمارتون کے ساتھ کھڑا تھا، گذشتہ زمانہ مین ساحل مسینا یورپ و افریقیہ کے تاجرون کا نقطۂ اتصال تھا، ایک طرف یورپ کے جہاز کھڑے ہوتے تھے، اور دوسری طرف افریقیہ کے جہاز لنگرانداز دکھائی دیتے تھے، ساحل نہایت گہرا تھا اور جہاز اس قدر قریب آکر ٹھہرتے تھے، کہ جہاز سے ہاتھ بڑھا کر ساحل کی چیزین آسانی سے لیجا سکتی تھین، اس لئے جو رومی جہاز یہان کھڑے رہتے تھے، وہ اس شہر کی پوری حفاظت کرتے تھے، اور خشکی کی طرف پہاڑون کی حدبندی اور ساحل پر رومی جہازون کے حصار سے اس پر کسی دشمن کا حملہ آور ہونا نہایت دشوار تھا، اگر حملہ کی کوئی ممکن صورت تھی تو صرف یہی کہ بحری جنگ سے رومی بیڑون کو راستہ سے ہٹایا جائے اسی لئے فضل بن جعفر ہمدانی افریقیہ سے بلرم جانے کے بجائے اپنے بیڑے سیدھے اسی طرف لے آیا،

اسلامی بیڑا بندرگاہ میسینی پر لنگر انداز ہوا، تو خلاف توقع رومی جہازون نے ساحل پر کوئی مزاحمت نہین کی، اور رومیون نے قلعہ بند ہو کر مقابلہ کرنا چاہا چنانچہ فصیل کے تمام دروازے بند کر دئے گئے،

فضل نے سب سے پہلے محاصرہ کی تیاریان شروع کین، اور سامان رسد کی فراہمی کیلئے مضافات میسینی مین فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے بنا کے روانہ کر دئے، جو اطراف وجوانب مین پھیل گئے، ان دستون نے اولاً ان مقامات اور نیز شہر کے ہر چہار طرف کے فوجی استحکام پر نظر غائر ڈالی، علاوہ ازین نہایت کثیر مقدار مین مال غنیمت ساتھ لائے جو بہت دنون تک فوجی ضروریات کیلئے کافی تھا،

فضل بن جعفر ہمدانی نے محاصرہ کی مکمل تیاری اور شہر کی جغرافی حیثیت کا معائنہ کرنے کے علاوہ جنوبی اٹلی کی حلیف عیسائی سلطنت نیپلس سے بھی نامہ و پیام کا سلسلہ جاری کیا، اور حکومت نیپلس کی فوج اسلامی لشکر سے اشتراک عمل کیلئے میسینی آگئی،

حکومت نیپلس کے شریک جنگ ہو جانے کی وجہ سے اسلامی لشکر کو جنوبی اٹلی سے کسی اچانک حملہ کا جو اندیشہ تھا، وہ دور ہو گیا، کیونکہ خطرہ تھا کہ اسلامی لشکر پر جنوبی اٹلی کی کوئی حکومت ایسے وقت مین عقب سے حملہ آور نہ ہو جائے، جب وہ اہل میسینی سے مصروف جنگ ہون، ایسی صورت مین اسلامی لشکر دو طرف سے گھر جاتا،

فضل نے ان ابتدائی انتظامات سے فارغ ہو کر جنگ کا سلسلہ شروع کیا، اہل میسینی شہر کی تمام سمتون سے مطمئن ہو کے لب ساحل مورچہ جمائے ہوئے تھے مسلمانون نے بھی اپنا مورچہ جما لیا، اور جنگ کا سلسلہ شروع ہو گیا، مسلمان جوش و خروش سے حملہ کرتے، اور رومی بھی ترکی بہ ترکی جواب دیتے، روزانہ اسی طرح مسلمانون کے حملے ہوتے، اور رومی اسی جوش و خروش سے مدافعت کرتے، اس اثنا مین متعدد خونریز معرکہ آرائیان ہوئین لیکن مسلمانون کے داخلہ کے لئے شہر کا کوئی دروازہ نہ کھل سکا،

جب جنگ کا یہ سلسلہ اس طرح بڑھ گیا، تو اسلامی امیر لشکر نے ایک جدید جنگی حکمت عملی اختیار کی وہ خود اپنے لشکر جرار کے ساتھ اسی طرح رومیون سے لب ساحل مصروف پیکار رہا، اور فوج کے ایک مختصر دستہ کو شہر کے بالا بالا پہاڑیون کے دامن سے گذارتے ہوئے شہر کی پشت پر پہونچا دیا کہ وہ مردانہ وار پہاڑیون پر چڑھ کے شہر مین داخل ہو جائے،

چنانچہ اس اسلامی دستہ نے سالار فوج کے حکم کے مطابق مسینی کی پہاڑیون کی بلند و بالا چوٹی کو سرفروشانہ عبور کر لیا، اور شہر مین عین اس وقت پہنچا جب رومیون اور مسلمانون مین لب ساحل نہایت گھمسان کی جنگ ہو رہی تھی، اہل شہر پہاڑی جیسے قدرتی محافظ پر بھروسہ کر کے اوس سمت سے بالکل بے خبر تھے، کہ اچانک اسلامی دستہ کے نعرہ تکبیر سے مسینا کی تمام پہاڑیان گونج اٹھین اور سارے شہر مین ایک بھگدڑ مچ گئی، اسی شور محشر سے محاذ جنگ کے رومی ایسے بدحواس اور سراسیمہ ہوئے لوٹے کہ بجز ہتھیار رکھنے کے کوئی دوسری صورت باقی نہین رہ گئی، اور فضل اپنے لشکر کو لئے شہر مین فاتحانہ داخل ہو گیا، اور شہر پر اسلامی پرچم لہرانے لگا،

مسینی پر اسلامی قبضہ ہو جانے سے صقلیہ کی اسلامی حکومت مین ایک نئی جان آگئی مسینی صقلیہ کا نہایت جنگی و مرکزی شہر تھا، بلکہ یون کہنا چاہئے کہ شمالی صقلیہ کا یہ صدر مقام تھا، اس کے زیر ہو جانے سے شمالی صقلیہ مین اسلامی حکومت کی فوجی پیشقدمیون کا سلسلہ نہایت آسان ہو گیا فضل بن جعفر ہمدانی صوبہ مسینی کے والی کی حیثیت سے یہان مقیم ہو گیا،

اور فتح مسینی کے بعد اب بیک وقت دو علاقون مین اسلامی حکومت کی فوجی پیشقدمیان جاری ہو گئین، ایک فضل بن جعفر کی سرکردگی مین انتہائی شمالی زاویہ مین اور دوسری ابوالاغلب کی مرکزی حکومت کے زیر اہتمام، انتہائی جنوبی حصہ مین،

جزیرہ کے جنوبی حصہ مین فتوحات: چنانچہ فتح مسینی کے بعد ہی اسی سال ابوالاغلب والی صقلیہ نے فضل بن

یعقوب سابق سپہ سالار صقلیہ کے لڑکے عباس کی سرکردگی مین صقلیہ کے جنوبی علاقہ مین ایک لشکر روانہ کیا، عباس بن فضل سب سے پہلے شہر مکان پہنچا، یہ جرجنت کے علاقہ مین اس سے کچھ دور پر واقع تھا، عباس نے اس پر بآسانی قبضہ کرلیا،

اس کے بعد ابوالاغلب نے اسی علاقہ کے بعض دوسرے اہم مقامات پر قبضہ کرنے کیلئے فوجین روانہ کین، اس سلسلہ مین سب سے پہلے ۲۲۹ھ/۸۴۳ء مین عباس کی سرکردگی مین ایک لشکر شہر شیرہ کی طرف روانہ کیا[1] جو جنوب مین بنیاذہ اور رغوص کے درمیان ساحل سمندر سے سات میل پر واقع تھا، اور رومیون کا مستحکم قلعہ سمجھا جاتا تھا جب اسلامی لشکر شیرہ پہنچا، تو رومی سپہ سالار نے قلعہ کی تمام فوج لاکر سامنے کھڑی کردی، مسلمان فتحمندی کے نشہ سے سرمست تھے، بڑھ کے ایسا سخت حملہ کیا، کہ رومیون کو جوابی حملہ کا موقع بھی نہ ملسکا، اور تھوڑے وقفہ مین دس ہزار سے زیادہ رومی کھیت ہوگئے، اور اسلامی لشکر شہر مین داخل ہوگیا، مسلمانون مین سے صرف تین مجاہد کسی طرح تلوار کے جھٹکے مین پڑکے شہید ہوئے، طرفین کے مقتولین کی تعداد بظاہر تعجب انگیز ہے لیکن ابن اثیر کہتا ہے "صقلیہ مین ایسی جنگ اس سے پیشتر کبھی نہین دیکھی گئی"[2]

جنوبی اٹلی کی مہمین، ادھر مرکزی حکومت بلرم کی سرکردگی مین صقلیہ کے جنوبی ساحل پر فتوحات ہورہے تھے، اسی زمانہ مین ادھر جنوبی اٹلی مین مسلمانون کی جنگی کارروائیان جاری تھین کیونکہ ۲۲۵ھ/۸۳۹ء مین عربون نے وہان جو ملک فتح کئے تھے، وہ ان کے قبضے سے چند ہی سال مین ایک ایک کرکے نکل گئے، اور عربون نے ادن پر نئے سرے سے تاخت شروع کی، چنانچہ ۲۳۲ھ/۸۴۶ء سے پیشتر ایک اسلامی بیڑا حیات مولی اغلب کی سرکردگی مین افریقیہ سے روانہ ہوا، اور باری پر حملہ آور ہوا، لیکن کامیاب نہ ہوسکا[3]

---

[1] ابن اثیر کے مطبوعہ نسخہ مین مکان کا نام "مسکان" اور شیرہ کا نام "شرہ" اور "سرہ" چھپ گیا ہے،

[2] ابن اثیر ج ۶ ص ۳ و ۴ و اخبار الاندلس ج ۲ ص ۲۷، و نزہتہ المشتاق (ذکر مسینا)

[3] ابن اثیر ج ۶ ص ۳۷،

مگر اب فتح مسینا کے بعد جنوبی اٹلی کی مہم مسلمانون کے لئے نہایت آسان ہوگئی تھی، اب تک وہ بحر ایڈریاٹک اور آئی اونین کو عبور کرکے اٹلی پہنچتے تھے لیکن اب وہ صرف آبنائے مسینا کو عبور کرکے جدھر چاہتے بری راستہ سے رخ کرسکتے تھے چنانچہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کا مقالہ نگار لکھتا ہے:-

"۲۴۳ھ مین عربون نے مسینا فتح کرلیا، جس سے وہ ایطالیہ وصقلیہ کے درمیانی راستہ پر کھڑے ہوگئے"[1]

جنوبی اٹلی مین فتوحات

چنانچہ فضل بن جعفر مسینا کے نظم ونسق کے بعد اٹلی کی طرف متوجہ ہوا، اور ۲۴۴ھ یعنی ۲۳ھ مین ایک اسلامی بیڑا، اٹلی روانہ ہوا، اور یہان کے ایک مشہور شہر طارنت TARANTO پر حملہ آور ہوکر اس کو فتح کرلیا، اور اس کے بعد اسلامی لشکر اندرون ملک مین داخل ہوا، ڈیوک یونی فانٹو نے مقابلہ کی ناکام کوشش کی، اور نقصانات اوٹھائے، اور عربون کو کثیر دولت ہاتھ آئی، اور اسی سلسلہ مین ایک مشہور گرجے دیرکوہ قسیس کا قیمتی ساز وسامان بھی ہاتھ آیا، اور ان فتوحات کی تکمیل کے بعد اسلامی لشکر مسینا لوٹ آیا،

طارنت مین اسلامی نوآبادی

اس مہم مین کثیر مال ودولت کے علاوہ طارنت پر مستقل اسلامی قبضہ ہوگیا، اور مسلمانون نے جنوبی اٹلی مین اپنے قدم ٹیکنے کے لئے یہان اسلامی نوآبادی قائم کرلی، ابن اثیر کے بیان کے مطابق یہ اسلامی نوآبادی ۲۴۴ھ ۸۵۸ء مین سب سے پہلی مرتبہ قائم ہوئی[2]

اٹلی مین ایک اسلامی حکومت کی تشکیل

اس کے بعد اسی زمانہ مین مسلمانون کی ایک دوسری حملہ آور جماعت افریقہ سے اٹلی آئی اس جماعت کو نہ حکومت افریقہ سے تعلق تھا، اور نہ حکومت صقلیہ سے، یہ مجاہدین کی ایک خودرو جماعت تھی، جو خلفون بربری کی سرکردگی مین جو قبیلہ ہوارہ کے موالی مین سے تھا، ملک گیری کے خیال سے افریقہ سے نکلی، اور اٹلی آئی، اور شہر باری پر حملہ آور ہوکر قابض ہوگئی،

---

[1] انسائیکلوپیڈیا ج ۲۵ ص ۳۲، [2] ابن اثیر ج ۶، ص ۴، وتاریخ عرب ڈیسومیدی صفحہ ۲۴۵،

اس کے بعد اسی زمانہ مین اسی قسم کے مجاہدین کا ایک دوسرا گروہ مفرج بن سالم کی سرکردگی مین اٹلی پہنچا، اس نے بھی یہان حیرت انگیز کامیابی حاصل کی، اور فتوحات حاصل کرتے کرتے ۴۴ قلعون پر قابض ہوگیا،

اسکے بعد یہ دونون جماعتین باہم مل گئین، مفرج سردار تسلیم کیا گیا، اور باری کو صدر مقام بنا کر ایک چھوٹی سی اسلامی حکومت قائم کرلی،

لیکن چونکہ مفرج افریقہ سے ایک "بحری مجاہد" کی حیثیت سے اوٹھا تھا، اور اسکو حکومت اغلبیہ سے کوئی باضابطہ تعلق نہ تھا، اس لئے اسلامی اصطلاح کے رو سے وہ اٹلی مین ایک "متغلب" کی حیثیت رکھتا تھا، جس کی وجہ سے اس کو اقامت جمعہ کا کوئی اختیار حاصل نہ تھا، اس لئے اوس نے تشکیل حکومت کے بعد اوس کو "جائز حکومت" تسلیم کرانے کیلئے بارگاہ خلافت بغداد سے سند حکومت کے حصول کیلئے والی مصر سے سلسلہ جنبانی شروع کی، چنانچہ ابن اثیر لکھتا ہے :-

فکتب الی والی مصر یعلمہ خبرہ	فتوحات کے بعد اس نے والی مصر سے خط و
وانہ لا یری لنفسہ ومن معہ	کتابت شروع کی اور اسکو اپنے تمام کارنامون
من المسلمین صلاۃ الا بان یعقد	سے آگاہ کیا، اور پھر اپنی اس حیثیت کو واضح کیا
لہ الامام علی ناحیتہ و	کہ جب تک اسکے لئے کسی امام کا باضابطہ تقرر
یولیہ ایاھا لیخرج من	نہ ہو، اور جب تک کہ اس حکومت کا وہ باضابطہ
حد المتغلبین :-	والی نہ مقرر کردیا جائے، وہ نماز جمعہ بھی قائم
	نہین کرسکتا، اس لئے اس کو یہ حقوق عطا
	کرکے متغلبین کی حیثیت سے نکال لیا جائے،

چنانچہ اس کے بعد اس کی حکومت کو ایک جائز حکومت تسلیم کرلیا گیا، اور اسی نے اٹلی مین

سب سے پہلی جامع مسجد تعمیر کی،

اس کے بعد اس اسلامی حکومت نے اپنی فتوحات کا دائرہ وسیع کرنا شروع کیا اور اٹلی کے شہرون اور دیہاتون پر تاختین شروع کر دین جسمین اوسکو وقتاً فوقتاً صقلیہ اور افریقہ کے اسلامی بیڑون سے امداد ملتی رہی، اس کی تاختین مختلف مقامات پر ہوتین، اور اس سلسلہ مین اوسی زمانہ مین غیطہ (GAETA) اور ملف (MALFI) وغیرہ پر حملہ آور ہوئی، پھر دریاے جاریلون پر ایک قلعہ بنایا، اور دریائے ٹابر کے ذریعہ اندرون ملک مین داخل ہونا چاہا، لیکن اسمین مزاحمت ہوئی، اور پوپ کے حکم سے شہر بستہ کے حصار زیادہ بلند کر دیے گئے تو مجاہدین شہر روم پر ٹوٹ پڑے، اور یہان سینٹ پیٹر اور سینٹ پال کے دو مشہور گرجون کو لوٹ لیا اور اسی طرح چند اور شہر بھی برباد کیے[1]

مسٹر اسکاٹ اٹلی مین اسلامی پیشقدمیون کا تذکرہ ایک دلچسپ انداز بیان مین کرتے ہین، اگرچہ اس مین مبالغہ آمیزی بھی شامل ہی، وہ لکھتے ہین:-

"جن سپاہیون نے افریقہ اور اندلس کی خانہ جنگیون مین اپنے بے رحم پیشے کی وجہ سے نام پیدا کیا تھا، ان کی آزاد بستیان جزیرہ نماے اٹلی کے جنوب مین قائم ہوگئین، اون کو وہی شہرت حاصل ہوگئی جو یورپ کے ازمنۂ مظلمہ مین بڑی بڑی سلطنتون کو حاصل تھی نیپلس کی کشتیان بحر ایڈریاٹک کے ساحل پر ان کے بحری قزاقون کو لیے پھرتی تھین،

والیِ افریقہ کے بیڑے نے کئی مرتبہ وینس والون کو بحری جنگ مین شکستین دین، انھون نے اپنی فوجون کو دریاے پو کے دہانہ پر اتارا، اور یہان سے حدود اسٹریا تک پہنچ گئے، اور جمہوریۂ اٹلی کی تجارت کا رُخ دریاے خشکی کی طرف پھیر دیا، پھر شہر روم کے دروازے تک پہنچ گئے، سینٹ پیٹر اور سینٹ پال کے گرجون کو جو فصیل شہر کے باہر تھے جا کر ویران و برباد کیا، پاپاے مقدس کی سخت توہین و بے ادبی کی، یہی اولیاے

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۳۷، ۳۷۱، و تاریخ عرب موسیو سدیو ص ۲۴۵،

اس کے بعد اسی زمانہ مین اسی قسم کے مجاہدین کا ایک دوسرا گروہ مفرج بن سالم کی سرکردگی مین اٹلی پہنچا، اس نے بھی یہان حیرت انگیز کامیابی حاصل کی، اور فتوحات حاصل کرتے کرتے ۴۴ قلعون پر قابض ہوگیا،

اسکے بعد یہ دونون جماعتین باہم مل گئین، مفرج سردار تسلیم کیا گیا، اور باری کو صدر مقام بنا کر ایک چھوٹی سی اسلامی حکومت قائم کرلی،

لیکن چونکہ مفرج افریقہ سے ایک "بحری مجاہد" کی حیثیت سے اوٹھا تھا، اور اسکو حکومت اغلبیہ سے کوئی باضابطہ تعلق نہ تھا، اس لئے اسلامی اصطلاح کے رو سے وہ اٹلی مین ایک "متغلب" کی حیثیت رکھتا تھا، جس کی وجہ سے اس کو اقامت جمعہ کا کوئی اختیار حاصل نہ تھا، اس لئے اوس نے تشکیل حکومت کے بعد اوس کو "جائز حکومت" تسلیم کرانے کیلئے بارگاہ خلافت بغداد سے سند حکومت کے حصول کیلئے والی مصر سے سلسلہ جنبانی شروع کی، چنانچہ ابن اثیر لکھتا ہے:-

فکتب الی والی مصر یعلمہ خبرہ	فتوحات کے بعد اس نے والی مصر سے خط و
وانہ لا یری لنفسہ ومن معہ	کتابت شروع کی اور اسکو اپنے تمام کارنامون
من المسلمین صلاۃ الا بان یعقد	سے آگاہ کیا، اور پھر اپنی اس حیثیت کو واضح کیا
لہ الامام علی ناحیتہ و	کہ جب تک اسکے لئے کسی امام کا باضابطہ تقرر
یولیہ ایاھا لیخرج من	نہ ہو، اور جب تک کہ اس حکومت کا وہ باضابطہ
حد المتغلبین:-	والی نہ مقرر کردیا جائے، وہ نماز جمعہ بھی قائم
	نہین کرسکتا، اس لئے اس کو یہ حقوق عطا
	کرکے متغلبین کی حیثیت سے نکال لیا جائے،

چنانچہ اس کے بعد اس کی حکومت کو ایک جائز حکومت تسلیم کرلیا گیا، اور اسی نے اٹلی مین

سب سے پہلی جامع مسجد تعمیر کی،

اس کے بعد اس اسلامی حکومت نے اپنی فتوحات کا دائرہ وسیع کرنا شروع کیا اور اٹلی کے شہرون اور دیہاتون پر تاختین شروع کر دین جسمین اوسکو وقتاً فوقتاً صقلیہ اور افریقہ کے اسلامی بیڑون سے امداد ملتی رہی، اس کی تاختین مختلف مقامات پر ہوتین، اور اس سلسلہ مین اوسی زمانہ مین غیطہ (GAETA) اور ملف (MALFI) وغیرہ پر حملہ آور ہوئی، پھر دریاے جاریلون پر ایک قلعہ بنایا، اور دریاے ٹائبر کے ذریعہ اندرون ملک مین داخل ہونا چاہا، لیکن اسمین مزاحمت ہوئی، اور پوپ کے حکم سے شہر سینٹ کے حصار زیادہ بلند کر دیے گئے تو مجاہدین شہر روم پر ٹوٹ پڑے، اور یہان سینٹ پیٹر اور سینٹ پال کے دو مشہور گرجون کو لوٹ لیا اور اسی طرح چند اور شہر بھی برباد کیے[1]

مسٹر اسکاٹ اٹلی مین اسلامی پیشقدمیون کا تذکرہ ایک دلچسپ انداز بیان مین کرتے ہین، اگرچہ اس مین مبالغہ آمیزی بھی شامل ہی، وہ لکھتے ہین:-

"جن سپاہیون نے افریقہ اور اندلس کی خانہ جنگیون مین اپنے بے رحم پیشے کی وجہ سے نام پیدا کیا تھا، ان کی آزاد بستیان جزیرہ نماے اٹلی کے جنوب مین قائم ہوگئین، اون کو وہی شہرت حاصل ہوگئی جو یورپ کے ازمنۂ مظلمہ مین بڑی بڑی سلطنتون کو حاصل تھی نیپلس کی کشتیان بحر ایڈریاٹک کے سواحل پر ان کے بحری قزاقون کو لے پھرتی تھین،

والیِ افریقہ کے بیڑے نے کئی مرتبہ وینس والون کو بحری جنگ مین شکستین دین، انھون نے اپنی فوجون کو دریاے پو کے دہانہ پر اتارا، اور یہان سے حدود اسٹریا تک پہنچ گئے، اور جمہوریۂ اٹلی کی تجارت کا رخ دریاے خشکی کی طرف پھیر دیا، پھر شہر روم کے دروازے تک پہنچ گئے، سینٹ پیٹر اور سینٹ پال کے گرجون کو جو فصیل شہر کے باہر تھے جاکر ویران و برباد کیا، پاپاے مقدس کی سخت توہین و بے ادبی کی، سچی اولیاء کے

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۳۷۰، ۳۷۱، و تاریخ عرب مؤسیو سدیو ص ۲۴۵،

تبرکات کے ساتھ وہ گستاخیاں کیں، کہ ناقابل بیان ہیں، راہبوں کو سخت بیرحمی کے ساتھ ذبح کر ڈالا، یا صقلیہ کے دلدلوں میں کام کرانے کیلئے جوق در جوق لیگئے، اچھوتی راہبات کو لشکر مواور قیروان کے بازاروں میں بیچنے کیلئے پکڑ لے گئے،

اگر شہر روم اتنا مضبوط نہ ہوتا کہ اس کا محاصرہ کامیابی کے ساتھ وہ فوج نہ کرسکتی کہ جس کے پاس ایسے شہر کو فتح کرنے کیلئے کلیں نہیں تھیں، تو وہ مقام جو آج مذہب مسیحی کا مرکز بنا ہوا ہے، موذنوں کی اذانوں سے گونجتا ہوتا، وہاں کے گرجاؤں میں عشاء ربانی کے بجائے مسلمانوں کی نماز ہوتی، یہ پہلا موقع تھا کہ پوپ کے تقدس کی اس طرح سخت توہین ہوئی تھی،

ان اسلامی فتوحات کے روکنے کے لئے اس زمانہ میں شہنشاہ جرمنی سے بھی مدد لیگئی، مگر کوئی فائدہ نہ پہنچا، اس نے جو کچھ تدبیریں سوچی تھیں، وہ اس کے حلیفوں کی باہمی مخالفت و معاندت سے پیش نہ گئیں، اور جو فوجیں شہنشاہ جرمنی نے اٹلی کے لئے بھیجی تھیں، وہ چھوٹے چھوٹے بادشاہوں اور سلطنت بیزنطی کے باہمی مناقشوں میں مشغول رہیں، حالانکہ مسلمان جیسے چالاک اور بہادر دشمنوں کے مقابلہ کیلئے ان سب کا متفق ہونا سب سے زیادہ ضروری تھا[1]

اٹلی کی اسلامی حکومت کی ایک قدیم مسیحی تصدیق

اتفاق سے اسی زمانہ میں ایک مسیحی راہب برنارڈ ۸۵۳ھ مطابق ۱۴۴۹ء میں اٹلی کی اسلامی حکومت میں آیا، اور یہاں کے مسلمان والی تک رسائی حاصل کی، اس نے اپنے سفر کے حالات بھی قلمبند کیے ہیں، جو چشم دید واقعات پر مبنی ہیں، اس سے اس عہد میں اٹلی کی اسلامی حکومت کے حالات پر روشنی پڑتی ہے، مولانا عبدالحلیم شرر مرحوم نے برنارڈ کا یہ بیان اپنے رسالہ میں نقل کیا ہے، وہ اپنے سفرنامہ میں لکھتا ہے:-

"میں کوہ گرگانون کا سفر کرکے اور ۱۵ میل کی مسافت طے کرکے باری نام ایک شہر میں پہنچا، جو مسلمانوں

---

[1] اخبار الاندلس ج ۲ ص ۳۶، ۳۷.

کے قبضہ مین ہے، یہ اس سے پہلے علاقہ بنی ونٹم مین شامل تھا، یہ شہر سمندر کے کنارے ہے، جنوب کی جانب یکے بعد دیگرے دو بہت ہی چوڑے آثار کی فصیلون سے اس کی قلعہ بندی کی گئی ہے، مگر شمال کی جانب سمندر سے آنے والون کے سامنے کھلا ہوا ہے، یہان کے حاکم نے جو سلطان کہلاتا ہے، (؟) ہمارے سفر کے ضروری انتظامات کر دیئے،

ہم باری سے شہر مارنٹم (طارنت) کی بندرگاہ مین پہنچے، جو وہان سے ۹۰ میل کی مسافت پر ہے، یہان ہمین چھ جہاز ملے جنمین علاقہ بنی ونٹم کے ۹ ہزار مسیحی اسیر بھرے ہوئے تھے، ان مین سے دو جہازون مین جنھون نے پہلے روانہ ہو کر افریقیہ کی راہ لی، تین ہزار قیدی تھے، اس کے بعد جو دو جہاز لنگر اوٹھا کر ٹیونس کو گئے، ان مین بھی اتنے ہی مسیحی اسیر بھرے ہوئے تھے، باقی ماندہ دو جہاز جو سب کے بعد روانہ ہوئے ان مین بھی اتنے ہی گرفتاران ایطالیہ تھے، ان دونون نے اسکندریہ کی راہ لی، انھی جہازون پر ہم نے بھی سفر کیا، اور ۳۰ دن سفر کر کے وہان پہنچ گئے،[1]

سینا کے مضافات مین فضل بن جعفر کی پیش قدمی و فتح لنتینی،

فضل بن جعفر نے اٹلی سے واپسی کے بعد اسی سال ۳۳۶ھ/۹۴۷ء مین سینا کے مضافات مین پیش قدمی کی اور سب سے پہلے ایک اہم شہر لنتینی پر حملہ آور ہوا، لنتینی مختلف حیثیات سے ایک مرکزی شہر اور مختلف شہرون کا مرکزی قلعہ تھا، کیونکہ یہ اگرچہ صقلیہ کے شمال مشرق ساحل کے کنارے پر آباد تھا، لیکن اہم شہرون کے وسط مین پڑتا تھا، مثلاً ایک طرف سرقوسہ اس سے ۲۵ میل کے فاصلہ پر آباد تھا، دوسری طرف قطانیہ بھی ۲۵ ہی میل پر تھا، پھر مینا و ۴۰ میل سے زیادہ نہ تھا، انھی وجوہ سے رومیون نے بھی نہایت مضبوط مورچہ بندی کر رکھی تھی، اور پورا شہر ایک قلعہ کی حیثیت مین تھا،

فضل بن جعفر نے یہان پہنچکر شہر کا محاصرہ کیا، لیکن یہ محاصرہ بے سود ثابت ہوا فصیل کے باہر

---

[1] سفرنامہ برنارڈ در رسالہ صقلیہ مین اسلام، ص ۴۲، ۴۳،

اسلامی لشکر مورچہ قائم کئے ہوئے کھڑا تھا، اور اہل شہر مطمئن طریقہ سے فصیل کے اندر اپنے کاروبار مین مصروف تھے اور اسلامی لشکر کے محاصرہ کو لائق التفات ہی نہین سمجھتے تھے،

اہل شہر کا یہ طرز عمل فضل بن جعفر کے لئے حیرت انگیز تھا، آخر جاسوسون نے اصل حقیقت کا سراغ لگایا، کہ اہل شہر کے بیرونی تعلقات محاصرہ کے باوجود قائم ہین، اور سالہا سال تک اگر اسی طرح محاصرہ جاری رہے، تو بھی انکو کوئی گزند نہین پہنچ سکتا، اس لئے فضل خفیہ کوششون مین مصروف ہوگیا چنانچہ اسی سلسلہ مین اوسکو اہل شہر اور رومی گورنر صقلیہ کے درمیان نامہ وپیام جاری ہونے کی اطلاع ملی، اس کی راز دارانہ طور پر نگرانی کرتا رہا جس سے رومیون کے تمام آیندہ طرز عمل اور طریق کار کا پتہ چلتا گیا چنانچہ ان مین باہم یہ خفیہ سازش ہوئی کہ رومی گورنر ایک لشکر لیکر ایک معین دن لنتینی آئے گا، لیکن سر قوسہ سے رومی لشکر کی روانگی کا حال نہایت پوشیدہ رکھا جائے گا، جب یہ لشکر مسلمان محاصرین پر حملہ آور ہو اوسی وقت لنتینی کی محافظ فوج شہر سے نکل کر مسلمانون پر ٹوٹ پڑے، اور اس دوطرفہ حملہ سے اسلامی لشکر کو برباد کر دیا جائے، اس خفیہ نامہ وپیام مین شاہی لشکر کے حملہ کا دن اس طریقہ سے مقرر کیا گیا، کہ جس دن وہ لنتینی پہنچے گا، اوس سے تین دن پیشتر سے فلان پہاڑی پر جسکی چوٹی لنتینی مین نظر آتی ہے، شب کے وقت متواتر آگ جلائی جائے گی، اس کے بعد چوتھا دن شاہی فوج کی آمد کا ہوگا، اور اسی صبح کو شہر کی محافظ فوج سامان جنگ سے مسلح رہے، اور جس وقت طبل جنگ سنائی دے شہر کے دروازے کھول کے باہر نکل آئے،

فضل نے جاسوسون کی ان اطلاعون سے حسب موقع فائدہ اوٹھایا، اور سب سے پہلے اوسی موعودہ پہاڑی پر اسی ترتیب سے متواتر تین دن آگ جلائی گئی، اور اسی کے ساتھ محاصرین جس مقام پر پڑے تھے، اوس سے کسی قدر پیچھے ہٹ کر ایک کمین گاہ تیار کرائی، ان انتظامات کے بعد چوتھے دن ادھر اہل شہر جوش وخروش سے جنگ کی تیاری مین مصروف ہوگئے، اور ادھر فضل نے ایک مضبوط دستہ

کو کمین گاہ مین چھپا دیا، اور فوج کو ہدایت کر دی کہ جب رومی شہر سے باہر آکر حملہ آور ہون تو آہستہ آہستہ پسپا ہوتی جائے،

وقت موعودہ پر رومی شہر سے باہر نکل پڑے مسلمان امیر لشکر کی ہدایت کے بموجب پسپا ہونا شروع ہوئے، یہان تک کہ دونون فوجین اس کمینگاہ سے آگے بڑھ آئین جسمین اسلامی دستہ چھپا ہوا تھا چنانچہ معًا اسلامی دستہ کمینگاہ سے نکل کے رومیون پر اچانک ٹوٹ پڑا، اور ادھر پسپا ہونے والی فوج بھی قدم جما کے پلٹ پڑی اور اس زور کا دو طرفہ حملہ ہوا کہ سینکڑون لاشین زمین پر گر پڑین، رومی فوج کا بڑا حصہ تہ تیغ ہو گیا جب ایک مختصر جمعیت باقی رہ گئی، تو انھین ہوش آیا، اور ہتھیار رکھ کر جان و مال کی سلامتی چاہی فضل نے سب کی جان بخشی کی، معاہدہ مرتب ہوا، اور مسلمان بزور شمشیر فتحیاب ہونے کے باوجود شہر کے مال و دولت سے دستکش رہے، رومیون نے شہر حوالہ کر دیا، مسلمان مظفر و منصور شہر مین داخل ہوئے، اور شہر اسلامی حکومت کے قبضہ و اقتدار مین داخل کر لیا گیا،

صقلیہ مین ایک رومی بیڑے کی آمد اور بربادی

حکومت بیزنطی نے مسلمانون کو صقلیہ کے مشرقی حصہ اور جنوبی اٹلی وغیرہ مین مشغول پاکر ۲۳۳ھ/۸۴۷ء مین دس بڑے بڑے جہازون کا ایک بیڑا صقلیہ روانہ کیا، جو یہان کے بندرگاہ طرمین (پورٹ فونگو) مین بلرم سے ۷ میل کے فاصلے پر آکر لنگر انداز ہوا، رومی یہان سے پیشقدمی کے لئے روانہ ہوئے مگر یہ ایک غیر معروف بندر تھا، انھین یہان کوئی ایسا راستہ نہین ملسکا جو مسلمانون کی قیامگاہ یا کسی اسلامی شہر تک انھین پہنچا دیتا، اس لئے واپسی کے قصد سے قسطنطنیہ روانہ ہوگئے، لیکن ابھی راستہ ہی مین تھے کہ سمندر مین سخت طوفان آیا، اور سات جہاز غرقاب ہوگئے، اور باقی تین جہاز خستہ حال قسطنطنیہ پہنچے،

فتح رغوس

شمال مشرقی علاقہ مین لینتینی کے زیر ہونے کے بعد حکومت بلرم نے جنوب مشرقی علاقہ مین پھر پیشقدمی کی اور سبیرہ اور شرکلہ کے ہمسایہ درمیانی شہر رغوس مین اسلامی لشکر جمع ہوا، رغوس بھی ساحل سمندر سے سات میل اور شہر سبیرہ سے ۲۵ میل پر آباد تھا چنانچہ ۲۳۴ھ/۸۴۸ء مین اس کا محاصرہ کیا گیا اہل شہر

مین تاب مقاومت نہ تھی، اس نے مقابلہ کی جرأت نہین کی، اور شہر کو مع تمام مال ومتاع مسلمانون کے حوالہ کردینے اور یہان سے ہجرت کرجانے پر آمادہ ہوئے امیر لشکر نے ان کی یہ شرط منظور کرلی، اور شہر پر قبضہ کرلیا، شہر مین جو کچھ دولت وثروت تھی معاہدہ کے مطابق مسلمانون کے ہاتھ آئی، اور اس کے بعد شہر کے استحکامات منہدم کرکے یہان کی جو جو چیزین منتقل کیجا سکتی تھین منتقل کرلی گئین، اور بسا بسایا شہر چند لمحون مین ویران کھنڈر بنگیا،

رومی پایۂ تخت قصریانہ مین

۲۲۸ھ سے ۳۳۲ھ تک رومی مقبوضات صقلیہ مین اہم تغیرات ہوگئے، ان کے ممتاز مرکزی شہر اسلامی اقتدار مین آگئے، اور اب ایک طرف پورا جنوبی علاقہ اسلامی حکومت کے قبضہ مین آگیا، اور دوسری طرف ولایت مسینی پر مکمل اقتدار حاصل ہوگیا، اس جدید تغیر سے رومیون کا پایۂ تخت سرقوسہ اسلامی مقبوضات سے گھر گیا، شمالی علاقہ مین طرمین اور قطانیہ اگرچہ رومی مقبوضات مین موجود تھے لیکن لنتینی پر اسلامی اقتدار کے باعث سرقوسہ سے ان مقامات کا راستہ مسلمانون کے قبضہ مین آگیا تھا، اسلئے رومی گورنر صقلیہ نے حکومت بیزنطی صقلیہ کا پایۂ تخت سرقوسہ سے قصریانہ منتقل کردیا[1]، قصریانہ کے پایۂ تخت ہوجانے سے حکومت اسلامی صقلیہ اور حکومت بیزنطی صقلیہ کے دارالحکومت بلرم اور قصریانہ دونون باہم متصل ہوگئے،

قصریانہ پر تاخت

اسکے بعد ۲۳۵ھ مین بلرم سے ایک اسلامی لشکر قصریانہ بھیجا گیا لیکن رومی گورنر شہر پناہ سے باہر نہین نکلا، لشکر نے قرب وجوار کو تاخت وتاراج کیا جو لوگ مزاحم ہوئے، انھین آب شمشیر کا مزہ چکھایا گیا، اور اسی سلسلہ مین قتل وغارتگری اور آتش زدگی کے واقعات پیش آئے، جو کچھ مال غنیمت ملسکا، اسکو لئے ہوئے اسلامی لشکر بلرم واپس چلا آیا،

والی صقلیہ کی وفات

قصریانہ سے اسلامی لشکر کی واپسی کے بعد صقلیہ مین ایک مہتم بالشان واقعہ پیش آیا یعنی والی صقلیہ ابوالاغلب ابراہیم بن عبداللہ نے ۱۰ رجب ۲۳۶ھ کو وفات پائی،

---

[1] ابن اثیر ج ۷ ص ۱۴۳، نزہۃ المشتاق ادریسی، (ذکر شہر لنتینی) اور غوص وغیرہ، تاریخ تونس حسین بن محمد حوادث سنہ ۲۲۶ھ،

ابوالاغلب کا عہدِ حکومت اس نے تقریباً ۱۶ سال حکومت کی، اور مختلف حیثیات سے اس کا عہدِ حکومت صقلیہ کے زرّین عہد مین شمار کیا جاتا ہے، ابن الآبار صاحب الحلۃ السیرا لکھتا ہے:-

"ابوالاغلب صقلیہ مین ۲۲۱ھ سے والی تھا، اوس کا نظم ونسق قائم کیا، اور عمر بھر یہ نظم ونسق صحیح حالت مین قائم رہا"

صقلیہ کی مہمین اس کے زیرِ حکومت نہایت تیزی سے جاری رہین، اس کے علاوہ قرب وجوار کے جزیرون کو مطیع کیا، جنوبی اٹلی پر فوجکشی کی، اور فتوحات حاصل کئے، اس کے عہد مین اقتصادی حیثیت سے بھی جزیرہ مین نمایان ترقیان ہوئین، اور اس نے مختلف ممالک سے صقلیہ کے تجارتی تعلقات قائم کئے، جب تک صقلیہ مین رہا، خود دارالحکومت مین مقیم رہا، حالانکہ اس کے عہد مین بہ کثرت فوجکشیان ہوئین، اور ہر سال متعدد فوجین مختلف سمتون مین روانہ ہوئین، اور بہت سے اہم مقامات مفتوح ہوئے لیکن لشکر کی کمان خود بہت کم ہاتھ مین لی، اور مدبرانہ شان وشوکت سے زمامِ حکومت سنبھالے ہوئے فتوحات کے دائرہ کو وسیع کرنے کے ساتھ ملک کی عام ترقی وفلاح وبہبودی مین برابر مشغول رہا، ابن اثیر لکھتا ہے:-

"شہر بلرم مین برابر مقیم رہا، یہان سے کبھی نہین نکلا، اطراف ملک مین لشکر اور فوجی دستے بھیجتا رہا، فتوحات اور مال غنیمت حاصل ہوتے رہے[1]"

اس کے اس شاہی رعب وداب کا اصل باعث جیسا کہ معلوم ہو چکا ہے یہ تھا کہ وہ الی افریقیہ زیادۃ اللہ بن ابراہیم کا حقیقی بھتیجا تھا، جو اس کو دل سے عزیز رکھتا تھا، زیادۃ اللہ اسی کے باپ عبداللہ بن ابراہیم کی وفات کے بعد تختِ حکومت پر بیٹھا تھا، اگر افریقیہ کی ولایت خاندان کے سن رسیدہ رکن مین منتقل ہونے کے بجائے نسلاً

[1] ابن اثیر ج ۷ ص ۴، الحلۃ السیرا، دی ماری ص ۳۳۱، البیان المغرب ابن عذاری، ترجمہ ۱۴۹، ابن اثیر نے مذکورہ بالا اقتباس اگرچہ محمد بن عبداللہ کے نام سے لکھے ہین، لیکن جیسا کہ اس سے پہلے واضح ہو چکا ہے، اسکو ابوالاغلب ہی کی ذات سے متعلق سمجھنا چاہیے،

بعد نسل چلتی تو یہی اپنے باپ کی وفات کے بعد افریقیہ کا جائز وارث قرار پاتا، پھر زیادۃ اللہ کی وفات کے بعد اس کا دوسرا چچا ابوعقال فرمانروائے افریقیہ ہوا، اور پھر اس کا چچازاد بھائی ابوالعباس محمد بن اغلب سریر آرائے حکومت ہوا، انھی تین فرمانروایان افریقیہ کے عہد میں صقلیہ کا مستقل والی رہا، اور اگر یہ ولایت صقلیہ پر سرفراز نہ ہوتا، تو بہت ممکن تھا کہ زیادۃ اللہ کی وفات کے بعد اسی کے ہاتھ میں افریقیہ کی عنان حکومت آتی، ورنہ اپنے دوسرے چچا ابوعقال کی وفات کے بعد تو ہر حیثیت سے یہی جائز فرمانروا تھا، اور اس وقت تاریخ کے صفحوں میں اس کا نام صقلیہ کے ایک ماتحت گورنر کے بجائے افریقیہ کے ایک خود مختار فرمانروا کی حیثیت سے نظر آتا، کیونکہ ابوالعباس، بانی دولت اغلبیہ ابراہیم کا پوتا، اور یہ پوتا تھا، یا یوں کہا جائے کہ بانی دولت اغلبیہ ابراہیم کے تمام لڑکوں میں سے بڑے لڑکے کا یہ لڑکا تھا، اور یہی اسوقت خاندان میں سب سے سن رسیدہ تھا، اس کے ہوتے ہوئے ابوالعباس ولایت افریقیہ کا حقدار نہیں ہو سکتا تھا،

یہی اسباب تھے کہ اسکے عہد حکومت میں صقلیہ اور افریقیہ کی حکومتوں کے باہمی تعلقات تمام پچھلے اور آئندہ ادوار سے بالکل مختلف رہے گو اصولاً حکومت صقلیہ حکومت افریقیہ کی ماتحت تھی، اور ان دونوں کی یہ حیثیت اس زمانہ میں بھی یہی قائم رہی لیکن پھر بھی عملاً اس کے عہد میں حکومت صقلیہ قطعاً آزاد و خود مختار تھی، اور گویا بانی دولت اغلبیہ ابراہیم کے لڑکوں میں ممالک محروسہ کو تقسیم کر دیا گیا، افریقیہ دوسرے اور تیسرے لڑکے کے لئے اور صقلیہ بڑے لڑکے عبداللہ کے لڑکوں محمد اور ابراہیم کے لئے وقف کر دیا گیا تھا، چنانچہ مورخین برتصریح لکھتے ہیں کہ جب یہ افریقیہ سے ولایت صقلیہ کے لئے روانہ ہوا تو زیادۃ اللہ نے اسکو ایک مطلق العنان فرمانروا کی حیثیت سے عنان حکومت تفویض کی تھی، صاحب کتاب اعمال الاعلام کا بیان ہے،

پس زیادۃ اللہ بن ابراہیم نے اپنے بھتیجے ابوالاغلب بن عبداللہ بن ابراہیم کو صقلیہ کا قطعی طور پر خود مختار فرمانروا بنا دیا، چنانچہ اس کی وفات تک وہاں کا تمام جزو کل سب اوسی کے ہاتھ میں تھا،

ابوالاغلب کی پرورش گہوارۂ شاہی مین ہوئی تھی، اسلئے صفات شاہانہ بھی اوس مین پائے جاتے تھے، خصوصًا جود وسخا اسکے نمایان اوصاف تھے، جب یہ افریقیہ سے چلنے لگا، تو اس کے جود وکرم اور سخاوت کی فیاضی کے شہرے سے مختلف نواحی افریقیہ کی ایک خلقت اسکی ہمرکابی کے لئے تیار ہوگئی، اور اسی لئے جیسا کہ معلوم ہوچکا ہے، متعدد جہاز اس کے جہاز کے ساتھ صقلیہ پہنچے تھے، صاحب اعمال الاعلام لکھتا ہے:-

"مورخ کہتا ہے، اور جب یہ صقلیہ کیلئے روانہ ہونے لگا، تو سوسہ سے بہت سے جہازون کی معیت مین سوار ہوا، کیونکہ مختلف نواحی افریقیہ سے سوار و پیدل سپاہ اسکے ساتھ ہوگئی تھی، کیونکہ لوگ اوس کے جود وکرم سے بخوبی آگاہ تھے، یا اپنے عطایا مین اسراف کی حد تک فیاض تھا"

صقلیہ مین بھی یہ اپنے تمام دور حکومت مین اسی قسم کی فیاضیان کرتا رہا، ایک معمولی واقعہ اسکی فیاضی کا یون نقل کیا جاتا ہے، کہ یہ ایک مرتبہ صقلیہ مین اپنے دارالامارۃ کے جھروکہ سے جھانک رہا تھا، سامنے ایک مکان مین ایک عورت کھانا پکاتی ہوئی دکھائی دی، اوس دن اتفاق سے اس نے دو چوزے ذبح کرکے پکائے اور دیگچی چولھے سے اتار کر نیچے رکھ دی، ابوالاغلب یہ سب دیکھ رہا تھا جب وہ عورت کسی طرف چلی گئی، تو ابوالاغلب نے اپنے ملازم کو بلاکر عورت کا مکان دکھایا، اور چپکے سے دیگچی اٹھوالی جب خوب سیر ہوکر کھانا کھا لیا تو دینار کی تھیلی منگوائی اور دیگچی اشرفیون سے بھر کر اوس کے مکان پر پہنچوا دی، اور جب عورت سالن پکانے بیٹھی، تو وہ اشرفیون سے لبالب تھی[1]

جانشین | ابوالاغلب ابراہیم کی وفات کے بعد مسلمانان صقلیہ نے مجلس شوری منعقد کی، عباس بن فضل امیر لشکر کو عارضی طور پر اپنا والی منتخب کرلیا، ابوالاغلب کی وفات اور اس جدید عارضی انتخاب کی اطلاع فرمانروائے افریقیہ ابوالعباس محمد بن اغلب کو بھیج دی، اور اسکے ساتھ اس عارضی والی کو اس عہدہ پر مستقل کردینے کی درخواست بھی پیش کی[2]

---

[1] کتاب اعمال الاعلام فیمن بویع قبل الاحتلام من ملوک الاسلام دریا وگاری مضامین ج ۷ صفحہ ۴۷۲ و ۴۷۳ [2] ابن اثیر ج ۶ صفحہ ۴۰

عباس بن فضل والیِ صقلیہ (۳)

۲۳۷ھ / ۸۵۱ء — ۲۴۷ھ / ۸۶۱ء

عباس بھی شاہی خانوادۂ اغالبہ کا ایک رکن تھا، صاحب اعمال الاعلام نے اس کو "ابن برمکی" لکھا ہے[۱] اگر اس سے مراد اس کا نسلاً بربری ہونا ہے، تو یہ صحیح نہیں، یہ خانوادۂ اغالبہ کی مشہور شاخ بنو یعقوب کا چشم و چراغ تھا، اس کا سلسلۂ نسب یہ ہے، عباس بن فضل بن یعقوب بن المضاء بن سواده بن سفیان الخ بنو یعقوب ولاۃ اغالبہ کے خان نثاروں میں تھے۔ ابو العباس موجودہ فرمانروائے افریقہ عباس کے دادا یعقوب کی کوششوں سے سریر آرائے حکومت ہوا تھا[۲] اور جیسا کہ معلوم ہے ۲۴۲ھ میں اس کا باپ فضل بن یعقوب، محمد بن سالم کے بجائے امیرِ لشکر ہو کر صقلیہ آیا، پھر باپ کی جگہ بیٹے نے امارتِ لشکر ہاتھ میں لی، اور عباس تقریباً دس

(بقیہ حاشیہ ص ۱۹۹) موجودہ زمانہ کے بعض مورخین اس واقعہ کو مسلمانانِ صقلیہ کی غداری اور خود رائی سے تعبیر کرتے ہیں، حالانکہ اس عہد میں یہی عام طریقہ رائج تھا کہ اگر کسی عہدہ دار کی کوئی جگہ اچانک خالی ہو جاتی، تو فوراً وہ کسی عارضی انتخاب سے پر کر دیجاتی، صقلیہ افریقہ کے ماتحت تھا، ۲۱۲ھ میں بشر بن صفوان والی افریقہ نے وفات پائی، تو فوراً ایک عارضی والی منتخب کیا گیا، جس نے وقتی طور پر زمامِ حکومت سنبھال لی، اسوقت صقلیہ میں بھی یہی پیش آیا تھا، بلکہ آج کل بھی جب سلسلۂ رسل و رسائل میں اسقدر آسانیاں حاصل ہیں ایسے موقعوں پر یہی رویہ اختیار کیا جاتا ہے لیکن اس زمانہ میں مرکزی حکومت کو بروقت اطلاع نہیں پہنچ سکتی تھی، اسلئے مجلس شوریٰ نے یہ عارضی انتخاب کیا، اگرچہ دربار قیروان سے اس کے مستقل کر دینے کی استدعا کی گئی تھی، لیکن اس کے باوجود جب تک قیروان سے فرمان تقرر نہیں آیا، عباس نے بھی اپنے کو عارضی والی تصور کیا، ابن اثیر یہ تصریح لکھتا ہے:-

فکان العباس الی ان وصل عهد لا یغیر و یرسل الرایا و یاتیه الغنائم فلما قدم الیه عهده بولایته خرج بنفسه"

عباس کو جب تک فرمان تقرر نہیں ملا، نظم و نسق کرتا رہا، اور فوجی دستے روانہ کرتا اور مفتوحہ چیزیں بھیجتا رہا، اور اسکے پاس مال غنیمت آتا رہا، اور جب فرمان تقرر آپہنچا، تو خود بنفس نفیس لڑائیوں میں نکلنے لگا،

[۱] اعمال الاعلام و دیادگاری مضامین ج ۲ ص ۴۷۲، [۲] الحلۃ السیراء، و امارۃ ص ۲۲۸،

برس تک صقلیہ میں اپنی فوجی خدمات انجام دیتا رہا، مسلمانانِ صقلیہ نے اسی صلہ میں ولایت صقلیہ کے عہدہ پر اسکو پسند کیا،

افریقہ سے جب تک سندِ ولایت نہیں پہنچی یہ عارضی طور پر زمامِ حکومت سنبھالے رہا، البتہ سلسلۂ پیشقدمی کو جاری رکھنے کے لئے برابر ادھر افواج بھیجتا رہا، لیکن خود بلرم سے باہر نہیں نکلا، کیونکہ اگرچہ مسلمانانِ صقلیہ نے اسکو اتفاقِ عام سے اپنا عارضی امیر منتخب کر لیا تھا، لیکن حیلہ جو طبائع ہر جگہ موجود ہوتے ہیں، ممکن تھا کہ افریقہ سے تصدیق نہ ہونے کا حیلہ بنا کر لوگ فتنہ و فساد پر آمادہ ہو جاتے،

فرمانِ ولایت

یہاں تک کہ ۲۵۱ھ میں افریقہ سے فرمانِ ولایت آپہنچا، جسمیں فرمانروائے افریقہ ابوالعباس محمد بن اغلب نے مسلمانانِ صقلیہ کے انتخابِ ولایت کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا تھا، اور اس کے نام سندِ ولایت لکھ کر بھیج دی تھی،

فوجکشی اور فتوحات قلعہ ابی ثور وغیرہ

چنانچہ اس فرمان کے پہنچتے ہی اوس نے فوجی نظم و نسق کی طرف توجہ کی، فوج کو دو بری و بحری حصوں میں تقسیم کیا، بری فوج کی سپہ سالاری اپنے چچا رباح بن یعقوب کے سپرد کی، جو ایک آزمودہ کار افسر تھا، اور بحری فوج کیلئے اپنے بھائی علی بن فضل کو منتخب کیا،

پھر صقلیہ کے رومی مقبوضات میں عام تاخت و تاراج کے لئے فوجی دستے مرتب کئے، سب سے پہلے مقدمۃ الجیش کے طور پر ایک دستہ رباح کی سالاری میں روانہ کیا، پھر ایک عظیم الشان لشکر خود اپنی کمان میں لیکر بلرم سے روانہ ہو گیا، اور ایک جگہ خیمہ زن ہو کر فوج کو مختلف حصوں میں تقسیم کیا، اور رومی مقبوضات کے مختلف اطراف و جوانب میں چھوٹے چھوٹے دستے روانہ کر دئے، چنانچہ اسی سلسلہ میں ایک دستہ قلعہ ابی ثور پہنچا، جو اندرونِ صقلیہ میں ایک مستحکم اور پائدار قلعہ تھا، قلعہ بآسانی قبضہ میں آگیا، اور کثیر مالِ غنیمت ہاتھ آیا، اور فوج واپس آگئی،

اس کے بعد عباس نے رومی مقبوضات کے صدر مقام قصریانہ کی طرف پیشقدمی کی، مگر کوئی

مقابلہ کے لئے نہین نکلا، آخر اس کے مضافات سے بہت سا مال غنیمت اور قیدیون کو لیکر واپس چلا آیا، یہ واقعات اسی سال ۲۴۵ھ مین پیش آئے، پھر ۲۴۶ھ مین ایک لشکر کے ساتھ پھر فوجکشی کی، اور قصریانہ آکر ڈیرے ڈال دئے لیکن اس مرتبہ بھی رومی مقابلہ کے لئے نہین نکلے، تو فوج کو لیکر دوسرے رومی مقبوضات کی طرف نکل گیا، جابجا معرکہ آرائیان ہوئین، اور سینکڑون رومی تہ تیغ کئے گئے، جن کے سر تشہیر عام کے لئے بلرم بھیج دے گئے، نیز رومی مقبوضات کی زراعت نہایت بیدردی سے برباد کیگئی، جو رومی ملگیا، وہ گرفتار ہوا اس طرح عام تاخت وتاراج کے بعد لشکر بلرم واپس آیا،

اسکے بعد ۲۴۷ھ کے موسم گرما مین عباس نے پھر ایک فوجکشی کی، اور رومی مقبوضات کے مشہور شہرون مین پہلے قطانیہ کا رخ کیا، پھر سرقوسہ پہنچا، اس کے بعد نوطس اور پھر وہان سے اپنے مفتوحہ شہر رغوس مین داخل ہوگیا، اس یورش مین بھی ان تمام مقامات اور ان کے مضافات کو بیدردی سے غارت کیا،

اسی اثنا مین اس کو اطلاع ملی کہ باشندگان بشیرہ نے جو ۲۲۹ھ مین مطیع ہوئے تھے، علم بغاوت بلند کردیا ہے، عباس نے فوراً بشیرہ کی طرف رُخ کیا، اہل بشیرہ اسلامی لشکر دیکھ کر قلعہ بند ہوگئے، عباس نے فصیل کے نیچے ڈیرے ڈال دئے، اہل بشیرہ نے بھی پامردی سے مقابلہ کیا، اور مسلسل پانچ مہینون تک محاصرہ کی سختیان جھیلتے رہے، لیکن بالآخر مقابلہ سے عاجز آگئے، اور حلف اطاعت لیکر شہر حوالہ کرنے پر تیار ہوگئے، عباس نے اہل بشیرہ سے بروایت ابن اثیر ۱۰ ہزار اور بروایت ابن عذاری ۶ ہزار آدمی بطور تاوان جنگ طلب کئے، باشندون نے شرط قبول کرلی، اور شہر اسلامی مقبوضات مین داخل ہوگیا، اس کے بعد ایک دوسرے غیر معروف مقام سمرینہ پہنچا، اور وہ بھی مفتوح ہوا،

پھر ۲۴۸ھ مین اس نے دوسری پیشقدمی کی، اور مختلف اطراف مین فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے روانہ کردئے، جنھون نے رومی مقبوضات کو تہ وبالا کیا، اور کثیر مال غنیمت کے ساتھ فوج واپس آئی،

پھر دوسرے سال ۲۴۱ھ/۸۵۵ء میں دوبارہ اوٹھا، اور کھیتوں کو پامال کیا، فوجی دستوں نے اندرونِ ملک میں غارت گری کی، اور خود عباس کسی دشوار گذار پہاڑی میں مقیم رہ کر روزانہ قصر یانہ کے گرد حملہ آور ہوتا، اور آبادی کو تباہ و برباد کرتا،

علاوہ ازیں انہی دنوں صقلیہ کا اسلامی بیڑا علی بن فضل کی قیادت میں بحری جنگ میں مصروف رہا، یہ بیڑا بھی اپنے مقصد میں کامیاب رہا، اور بکثرت مالِ غنیمت اور قیدی ہاتھ آئے[1]،

والی افریقیہ ابوالعباس کی وفات

فوجکشیوں اور فتوحات کا یہ سلسلہ جاری تھا، کہ والی افریقیہ ابوالعباس محمد بن اغلب نے یوم دوشنبہ ۱۰ محرم الحرام ۲۴۱ھ/۸۵۶ء کو وفات پائی، اس نے افریقیہ پر پندرہ سال آٹھ مہینے دس دن حکومت کی، یہ جنگی قوتوں کا دلدادہ تھا، جس کی وجہ سے صقلیہ میں بھی اسکے عہد میں فوجی پیشقدمیاں بکثرت جاری رہیں،

ابوالعباس محمد بن اغلب کے بعد اس کا لڑکا ابوابراہیم احمد اس کا جانشین ہوا،

ابوابراہیم احمد بن محمد والیِ افریقیہ

۲۴۱ھ/۸۵۶ء - ۲۴۹ھ/۸۶۳ء

عباس بن فضل کی عہدہ و ولایت پر برقراری

ابوابراہیم احمد ۲۰ سال کی عمر میں تختِ حکومت پر بیٹھا، اس نے صقلیہ کی ولایت پر عباس بن فضل کو بدستور برقرار رکھا، اور عباس نے اپنی پیشقدمی کا سلسلہ جاری رکھا،

فوجکشی اور تصرجدید و حصن شفلودی وغیرہ کی فتوحات

چنانچہ ۲۴۲ھ/۸۵۶ء میں بلرم سے ایک فوج لیکر رومی مقبوضات کی طرف روانہ ہوا، اور لوٹ مار کرتا ہوا بہت سے قلعوں پر پہنچا جن میں سے اکثر مفتوح ہوگئے، اور

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۴۰ والبیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۵۰، [2] ابن اثیر ج ۶ ص ۴۰ والبیان المغرب ترجمہ اردو ص ۱۵۱،

بعض نے مختلف شرائط پر صلح کرلی، اس کے بعد بلرم لوٹ آیا،

پھر ۲۴۳ھ میں اسی طرح قصریانہ پہنچا، اس مرتبہ رومی گورنر خلاف معمول شہر سے باہر نکل کر صف آرا ہوا، جنگ شروع ہوئی، بہت سے رومی کام آئے، اور پسپا ہو کر شہر میں داخل ہوگئے،

عباس قصریانہ میں رومیوں کے قلعہ بند ہوجانے کے بعد حسب معمول رومی مقبوضات میں نکل گیا اور اس سلسلہ میں سرقوسہ اور طرمین کے نواح میں تاخت کی، فصلیں تیار تھیں جسقدر لوٹ سکا لوٹ لیا، اور جو کھیت باقی رہ گئے، اون میں آگ لگادی،

اسکے بعد ایک مقام قصر جدید پہنچا، یہاں رومیوں کی بہت بڑی آبادی موجود تھی، جو عباس کے پہنچتے ہی قلعہ بند ہوگئی، عباس نے محاصرہ کرلیا، اہل قلعہ دو مہینے میں عاجز آگئے، اور ۱۵ ہزار دینار دیکر صلح کرنی چاہی، لیکن عباس نے اسکو مسترد کردیا، پھر کچھ دنوں محاصرہ کا سلسلہ جاری رہا، اہل قلعہ بھی جرأت سے محاصرہ کی سختیاں برداشت کرتے رہے، آخر تاب مقاومت باقی نہیں رہی، اور رومیوں کو اندیشہ ہوا کہ اگر قلعہ میں اسلامی لشکر اپنے زور بازو سے داخل ہوا تو ایک سپاہی بھی زندہ نہ چھوڑا جائیگا، اسلئے انھوں نے صلح کی دوبارہ درخواست پیش کی کہ محصورین میں سے دو سو آدمیوں کی جان بخشی کیجائے، ان کے علاوہ پورا قلعہ اپنے تمام محافظ سپاہیوں کے ساتھ پیش ہے،

عباس نے یہ شرط منظور کرلی، اور اسلامی لشکر قلعہ میں داخل ہوگیا، اور دو سو منتخب رومیوں کو مستثنیٰ کرکے قلعہ مع محافظ فوج کے مسلمانوں کے قبضہ میں آگیا، اسکے بعد عباس نے قلعہ کو مسمار کردیا، اور قیدیوں کو بلرم لے آیا، اور یہیں وہ فروخت کئے گئے[1]

اس کے بعد حصن شغلودی پہنچا، یہاں اہل قلعہ سے اس شرط پر صلح ہوئی، کہ تمام باشندے قلعہ سے نکل جائیں گے، اور وہ قلعہ منہدم کردیا جائے گا، چنانچہ عباس نے قلعہ کے خالی ہونے کے بعد

---

[1] ابن اثیر ج ۷ ص ۴۱، والبیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۵۱

اس کو بھی مسمار کردیا،

پھر اس کے دوسرے سال ۲۴۴ھ مین عباس نے حسب معمول نئی فوجکشی کی، اور قصریانہ اور سرقوسہ کے نواح مین غارت گری کی، اسی کے ساتھ اسکو بحر روم مین ایک رومی بیڑے کے منڈلانے کی اطلاع ملی، چنانچہ علی بن فضل امیر البحر کی سرکردگی مین ایک بحری مہم بھی انجام پائی، اسلامی بیڑے نے رومی بیڑے کا تعاقب کیا، رومیون کا یہ بیڑا چالیس جہازون پر مشتمل تھا، اور اس کا امیر البحر جزیرہ اقریطس کا کوئی رومی سردار تھا، دونون مین گھمسان کی جنگ ہوئی، اسلامی بیڑا فتحیاب ہوا، اور رومیون کے دس جہاز مع رومی سوارون کے گرفتار کرلئے گئے،[1]

فتح قصریانہ

عام فوجکشی کا یہی سلسلہ جاری تھا، کہ اسی سال ۲۴۴ھ کے موسم سرما مین ایک اسلامی دستہ قصریانہ گیا، اور ایک اتفاقی واقعہ سے قصریانہ کی ناقابل تسخیر مہم سر انجام پائی،

یہ دستہ قصریانہ کے مضافات مین لوٹ مار کر واپس آرہا تھا کہ راستہ مین چند رومی مل گئے، اور انھین گرفتار کرلیا، اور ان کے قتل کرنے کا فیصلہ کیا، چنانچہ یہ قیدی مقتل مین باری باری لائے جاتے، اور قتل کئے جاتے، ان گرفتاران بلا مین قصریانہ کا ایک معزز باشندہ بھی تھا، جب اوس کے قتل کی باری آئی، اور سر مقتل لایا گیا، تو اوس نے چلاّ کر کہا مجھے قتل نہ کرو، مین تم لوگون کو ایک مفید مشورہ دون گا، سپاہیون نے اس راز کو معلوم کرنا چاہا، لیکن ناکام رہے، آخر اوسکو عباس کے پاس لے آئے،

[1] ابن اثیر ج ۷ ص ۱۴۱، و نہایۃ الارب نویری در اماری ص ۴۳۱، و ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۰، ابن عذاری نے اس بحری حملہ کو دوسرے رنگ مین لکھا ہے، اسکے بیان کے مطابق علی بن فضل جزیرۂ اقریطس پر حملہ آور ہوا، اور ناکام ہوکر ۲۰ جہاز ضائع کردئے، ہوسکتا تھا کہ یہ کوئی جداگانہ واقعہ اسی سال پیش آیا ہو لیکن اقریطس ۲۱۲ھ سے ۳۵۰ھ تک دولت عباسیہ کا ایک مقبوضہ جزیرہ رہا ہے، رومیون نے ۳۵۰ھ مین ۹ مہینے کے محاصرہ کے بعد اسکو زیر کیا ہے (دیکھو معجم البلدان ج ۱ ص ۳۱۱ بحری ج ۱ ص ۱۰۹ و ابن اثیر ج ۶ ص ۲۸۲) اسلئے اس عہد مین وہ ممالک محروسہ اسلامیہ مین داخل تھا، اس پر حملہ آوری کے کیا معنی ہوسکتے ہین،

عباس سے اوس نے کہا کہ اگر جان و مال اور اہل و عیال کی جان بخشی ہو تو ایک مفید مشورہ پیش کروں، پوچھا گیا وہ کیا؟ کہنے لگا، مین قصریانہ پر قبضہ کرا دونگا، آج کل موسم سرما ہے، برف باری شدت سے ہو رہی ہے، اسوقت یہان کے لوگ اسلامی حملہ کے خطرہ سے مطمئن ہو کر بالکل غیر مسلح ہین، اگر تھوڑی سی فوج میرے ہمراہ کر دیجائے، تو اس کو شہر مین پہنچا دون،

قصریانہ کے قدرتی جغرافی حدود اور اس کی ناقابل تسخیر فصیل سد سکندری سے کم نہ تھی، عباس نے اس معزز رومی کا بیان سنتے ہی اس کی جان بخشی کی، اور اس کو ایک محافظ دستہ کے سپرد کیا، اور خود فوجکشی کی تیاری مین مصروف ہو گیا، اور مجاہدین مین سے دو ہزار سپاہی اور ایک دوسری روایت کے رو سے ایک ہزار سات سو سپاہی منتخب کئے، جنمین ایک ہزار سوار اور سات سو پیدل تھے، اور ہر دس سپاہی پر ایک افسر مقرر کیا، اور اسی ترتیب سے اس لشکر کو اپنی سرکردگی مین لیکر روانہ ہو گیا، لیکن فوج کے کسی سپاہی کو اس کی خبر نہین کہ یہ مہم کس قصد سے ہے، اور اس کوچ کی آخری منزل کہان ہے، اور خصوصاً فوج کو زیادہ حیرت اس لئے تھی کہ اس وقت موسلا دھار پانی برس رہا تھا، اور اور نہایت شدت سے پالا بھی پڑ رہا تھا، لیکن منتخب لشکر نہایت تیزی سے کوچ کرتا رہا، آخر سفر کی ایک منزل پہنچی، عباس نے یہان پہنچکر قیام کیا، یہان رات اچھی طرح سے آچکی تھی، یہان پہنچکر اس نے ان بہادرون مین سے بھی چند نہایت کارآزمودہ شجاع منتخب کئے، اور ان کو صقلیہ کے سپہ سالار رباح بن یعقوب کے زیر علم دیا، اور رباح اسی رومی کو دلیل راہ بنا کے اصل مہم پر روانہ ہو گیا،

رباح نے سب سے پہلے اس رومی کی نگرانی کا مکمل انتظام کیا، پھر اسی کی رہنمائی مین آگے بڑھا، قصریانہ جیسے جیسے قریب آتا گیا، یہ مختصر دستہ بھی آہستہ آہستہ بالکل ہلکے ہلکے قدم اوٹھاتے ہوئے قصریانہ کی پہاڑی کے دامن مین پہنچ گیا،

اب رومی سردار کی رہبری کا وقت آیا، اس نے پہاڑی کے ایک حصہ کی طرف اشارہ کرکے اس پر چڑھنے کی ہدایت کی، پہاڑی کا وہ حصہ نہایت دشوار گذار تھا چٹانین بالکل سیدھی سپاٹ اور کھڑی تھین، رباح نے سیڑھیون کا انتظام کیا اور پوری جمعیت اوپر پہنچ گئی، اوپر کچھ ناہموار چٹانین تھین، وہ راستہ آسانی سے طے ہوا، اور پھر اسی طریقہ سے سیڑھیون کے ذریعہ سے پہاڑی کے دوسری جانب اوتر پڑے، اور تقریباً صبح کاذب کے وقت داخلی شہر پناہ کے نیچے پہنچ گئے، یہ دشوار گذار راستہ اس قدر سکون سے طے ہوا، کہ شہر پناہ کی محافظ فوج کی خوشگوار نیند مین کوئی خلل نہین پڑا، اور مجاہدین ان کو اسی حال مین چھوڑ کر آگے گذر گئے،

اس کے بعد داخلی شہر پناہ کے مرحلہ کو طے کرنا تھا، رومی سردار نے ایک نالہ دکھایا جس سے شہر بھر کی غلاظت بہ کر باہر نکلتی تھی، مجاہدین کے لئے یہ نہایت کٹھن منزل تھی، رباح جرات سے خود آگے بڑھا، اور دفعتہً پو پھٹتے ہی پوری اسلامی جمعیت صبح صادق کے وقت شہر کے اندر پہنچ گئی، سارا شہر غافل سو رہا تھا مسلمانون نے پہنچتے ہی نعرۂ تکبیر مارا، اور تلوارین علم کرلین، اور بڑھ کر شہر کے دروازون کے محافظ سپاہیون کو موت کے گھاٹ اوتارا، اور دروازے کھول دئے، ادھر عباس سارے لشکر کے ساتھ باہر کھڑا انتظار مین تھا، دروازہ کھلتے ہی سب اندر گھس پڑے، اور کشت وخون کا بازار گرم ہوگیا، اور اس کے ختم ہونے کے بعد قصریانہ کی کنجی عباس کے ہاتھ مین آگئی، یہ واقعہ یوم پنجشنبہ ۱۲ شوال ۲۵۴ھ مین پیش آیا، جسوقت لڑائی ختم ہوئی، صبح کی نماز دوگانہ کا وقت باقی تھا جوش وخروش سے اذان پکاری گئی، اور مجاہدین عجز ونیاز سے بارگاہ ایزدی مین حاضر ہوکر اسی نماز دوگانہ کیساتھ سجدۂ شکر بجالائے، جو سرزمین قصریانہ پر خدائے واحد کا سب سے پہلا سجدہ تھا،

مقتولین واسیران جنگ قصریانہ حکومت بیزنطی کا پایۂ تخت تھا، اور اسی پایۂ تخت مین صقلیہ کے چیدہ معززین، بطارقہ، امراء، رؤسا، اور بیزنطی شہزادے موجود تھے، جو قصریانہ کی اس آخری معرکہ آرائی

مین سرفروشانہ میدان مین آئے اور مسلمانون کے آب شمشیر سے سیراب ہوئے،

ان مقتولین کے علاوہ بہت سے معززین گرفتار کئے گئے جنمین ایسے نو عمر شہزادے شاہزادیان بھی تھین جنھین سلطنت روما کے شاہی خاندان سے نسلی تعلق تھا، اور جنھون نے روما کی بہترین گہوارۂ تہذیب مین ناز و نعم سے پرورش پائی تھی، جس وقت وہ اسلامی لشکر مین گرفتار ہو کر آئی ہین، نہایت پرتکلف لباس اور قیمتی زیورون سے آراستہ تھین،

مال غنیمت اسی کے ساتھ پورے جزیرۂ صقلیہ مین قصریانہ ایک ناقابل تسخیر شہر شمار کیا جاتا تھا، اسلئے یہ رومیون کا ایک محفوظ خزانہ بھی تھا، تمام رومی وبیزنطی عمائدین، بطارقہ، رؤسا، اور امرا اسی محفوظ قلعہ مین اپنے تمام زر و جواہر کے انبار کے ساتھ قلعہ بند تھے، اور چونکہ مسلمانون کی آمد بالکل ناگہانی تھی اس لئے یہ لوگ اپنی دولت و ثروت کہین منتقل نہ کر سکے تھے، اور یہ تمام انبار مسلمانون کے ہاتھ آیا جس کے متعلق عرب مورخین کا یہ آخری فقرہ ہے کہ "اسکی فراوانی کی کوئی حد و نہایت ہی نہین تھی"، اور اسی پر سٹرارسکاٹ بادیدۂ پرنم لکھتے ہین:-

"شہر کی فصیل کو محفوظ دیکھ کر تمام مسیحی عابد و رؤسا جزیرۂ صقلیہ کی مابقی دولت لے کر جمع ہو گئے تھے، پادریون کا وہ جم جتھا، جو صدیون سے انھون نے اپنے معتقدون کو ڈرا دھمکا کر وصول کیا تھا، یا خود معتقدین سے نذرین لیکر جوڑا تھا، اس شہر کو محفوظ سمجھکر یہان لا کر رکھا تھا، تمام وکمال فاتحین کے ہاتھ آگیا، مال غنیمت کی قیمت کا کوئی اندازہ نہین لگ سکتا صقلیہ بھر مین کوئی نجیب و شریف خاندان ایسا باقی نہ تھا جو اپنے کسی عزیز دوست کی گرفتاری یا موت سے سوگوار نہ ہوا ہو، ان امرا کے بچے جن کا سلسلہ نسب ارکین سلطنت روم تک پہنچتا تھا، نہایت بیرحمی سے یا تو قید خانون مین پہنچا دیے گئے تھے، یا کسی مسلمان فوجی افسر کے حرم سرا مین لونڈی غلام کے طور پر بھیج دیے گئے، قصریانہ کا ہاتھ سے نکل جانا وہ مصیبت تھی کہ جب سے شہر قسطنطین (مسلمانون) نے جزیرۂ صقلیہ مین قدم

رکھا تھا، اتنی بڑی مصیبت کبھی نہین پڑی تھی،،

اس وافر مال غنیمت اور ان بیشمار اسیران جنگ مین سے حسب اصول پانچوان حصہ حکومت اغلبیہ افریقیہ کو بھیجا گیا، اور باقی تمام مال غنیمت اور اسیران جنگ حکومت صقلیہ کے قبضہ مین آئے، حکومت صقلیہ نے اوس کو کچھ مجاہدین مین تقسیم کیا، اور کچھ حصہ صقلیہ کے خزانہ عامرہ مین داخل ہوا، اور کچھ تحائف بطور نذر عقیدت خلیفہ عباسی المتوکل باللہ کے پاس دار الخلافت بغداد بھیجے گئے، جن مین ایسی نوجوان شاہزادیان بھی تھین، جن کے شاہانہ اعزاز و اکرام عزت و تمکنت اور نسلی و خاندانی امتیازات اسی کے شایان شان تھے کہ وہ بارگاہ خلافت مین شرفیاب کیجائین[1]،

تعمیر جامع مسجد نسخ قصر یانہ کے بعد عباس نے یہان ایک جامع مسجد کی بنیاد ڈالی، کہا جاتا ہے، کہ مسلمانون نے قصر یانہ کے گرجے کو مسجد بنا لیا، لیکن ہمارے عرب مورخین اس معاملے مین خاموش ہین، یون اگر کوئی گرجا مسجد بنایا جاتا، تو سب سے پہلے وہان کے سب سے بڑے گرجے کو جامع مسجد مین منتقل کیا جاتا، لیکن عباس نے تیمنا و تبرکا جامع مسجد کی بنیاد اس میدان مین ڈالی جہان یوم

[1] اگرچہ صقلیہ کی ان فتوحات کو خلافت عباسیہ سے براہ راست کوئی خاص تعلق نہین لیکن حکومت اغلبیہ افریقیہ خلفائے عباسیہ کی باجگذار تھی، اور صقلیہ کے یہ فتوحات اسی کی سرکردگی مین انجام پاتے تھے، علاوہ ازین خلفائے عباسیہ کو تمام عالم اسلامی مین مذہبی تفوق حاصل تھا، اس لئے ان مناسبتون سے صقلیہ کو بھی خلافت عباسی سے ایک لگاؤ قائم تھا اس لئے حکومت صقلیہ نے یہان کے دو اہم موقعون پر جو فتح صقلیہ کے یادگار مواقع ہین، فتوحات کے ہدیے دار الخلافت بغداد بھی بھیجے، جن مین پہلا ہدیہ مامون کی خدمت مین اس وقت پیش ہوا، جب اسد بن فرات نے یہان پہلی کامیابی حاصل کی اور یہ دوسرا ہدیہ اس وقت بھیجا جا رہا ہے، جب حکومت بیزنطی صقلیہ کا پایہ تخت مفتوح ہوا ہے، ورنہ صقلیہ کی ان مہمون مین عملاً خلفائے عباسیہ کو کوئی دخل نہیں تھا، صرف حکومت اغلبیہ افریقیہ خود مختارانہ طریقہ سے یہان کی سیاسیات کی نگران تھی، اور وہی یہان کے منافع حکومت اور مال خمس کی بھی حقدار تھی، خلفائے عباسیہ اپنے خراج کی رقم براہ راست حکومت اغلبیہ سے وصول کرتے تھے،

فتح مین صبح کی نماز ادا کی گئی تھی، مسلمان وہان پنجشنبہ کو پہنچے تھے، اس کے دوسرے ہی دن ۱۶ شوال یوم جمعہ تھا، چنانچہ اسی میدان مین مصلائے امام کے نزدیک منبر بنا کر خطیب نے خطبہ دیا اور پھر اسی مصلے پر کھڑے ہو کر نماز جمعہ ادا کی گئی، اور اسی مقام پر اس وقت تک جامع مسجد قائم رہی جبتک کہ قصریانہ پر اسلامی پرچم لہراتا رہا[1]،

حکومت بیزنطی کا انتقامی حملہ اور ناکامی

حکومت بیزنطی قسطنطنیہ اگرچہ ابتک صقلیہ مین اسلام کی روز افزون طاقت کا اپنی بساط کے مطابق مقابلہ کر رہی تھی، اور صقلیہ کے رومیون کو بہ وقت ضرورت قسطنطنیہ سے برابر کمک آتی رہی، لیکن قصریانہ کے نکل جانے سے قسطنطنیہ مین عام تہلکہ مچگیا اور اس کا انتقام لینے کیلئے تین سو جہازون کا ایک عظیم الشان بیڑا ساحل باسفورس سے صقلیہ روانہ ہوا اور سرقوسہ کے ساحل پر لنگر انداز ہوا، جو قصریانہ کے مفتوح ہونیکے بعد پھر صقلیہ کی حکومت بیزنطی کا دارالحکومت قرار پایا تھا،

ادھر عباس جو قصریانہ کے ابتدائی انتظامات مین مصروف تھا، خبر لگتے ہی روانہ ہوا بیزنطی لشکر ساحل پر ابھی اوترا ہی تھا، کہ عباس نے وہین سرقوسہ کے میدان مین اس کا راستہ روک لیا اور لڑائی شروع ہوگئی، جنگ کا خاتمہ رومیون کی ہزیمت پر ہوا، بہت سے رومی قتل ہوئے، جو بچ رہے بدحواس ہو کر فرار ہوئے، عباس نے تعاقب کیا، اور فوج کا کثیر حصہ کاٹ کے میدان مین ڈال دیا، رومی جان بچا کر جہاز پر سوار ہوئے، عباس نے جہازون کا تعاقب کیا اور سو جہاز گرفتار کر لئے،

اس طرح رومیون کا یہ پورا بیڑا تہ و بالا ہو گیا، مجاہدین مین سے تو صرف تین آدمی بیزنطی تیراندازون کا نشانہ بنے، لیکن رومی فوج کے دستے کے دستے تباہ ہو گئے، اور جو باقی بچے بے نیل مرام قسطنطنیہ لوٹ گئے،

---

[1] ابن اثیر ج ۷ ص ۴۱، ۴۲، اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ ص ۴۷۲، ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۲، نہایۃ الارب نویری در اماری حوادث ۲۴۷ھ ص ۴۳۳، کتاب الموئس ص ۷۹، اخبار الاندلس ج ۲ ص ۲۹،

حکومت اسلامی کی مدافعانہ تیاریان

جب عباس نے حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کا یہ جذبۂ انتقام دیکھا تو مدافعانہ تیاریان بھی شروع کردین، سب سے پہلے قصریانہ کی جو نومفتوح شہر تھا، فوجی طاقت مستحکم کی، اور شہرپناہ کے نیچے جابجا مضبوط محافظ دستے متعین کردئے کہ ہمہ وقت تیار رہین،

فوجکشی

شہر کی حفاظت کے بعد پھر بقیہ رومی مقبوضات کی طرف ازسرنو توجہ کی، اور عام پیشقدمی کا سلسلہ جاری کرنا چاہا، چنانچہ ۲۴۶ھ سے پھر یہ سلسلہ شروع ہوا، اور اس سال چند قلعے شطر ابلا، ابلاطنو بلوط، اور قلعہ عبدالمومن وغیرہ قبضہ مین آئے،

اگرچہ ان مین سے بعض قلعے اسلامی اقتدار مین پہلے داخل ہوچکے تھے، لیکن موقع پاکر سرکشی اختیار کرلی تھی، چنانچہ عباس ان مین سے جہان پہنچا، رومیون نے مقابلہ کیا، اور سب بزور شمشیر مفتوح ہوئے،

ایک اور بیزنطی بیڑا

فوجکشی کا یہ سلسلہ جاری تھا، اور اسلامی لشکر قلعہ عبدالمومن مین مصروف کار تھا، کہ عباس کو ایک دوسرے بیزنطی لشکر کی آمد کی اطلاع ملی، یہ بیزنطی لشکر بھی قسطنطنیہ سے آیا تھا، اور اپنی پہلی ہزیمت کا انتقام لینا چاہتا تھا، اور اسی لئے یہ لشکر بھی قسطنطنیہ سے بڑے ساز وسامان سے روانہ ہوا اور عام معززین روم نے اپنے باہمی اندرونی اختلافات کو مٹا کر مجموعی حیثیت سے اس مین شرکت کی تھی، عباس نے پھر بڑھکر راستہ روکا، اور مقام جفلودی پر دونون فوجون کا مقابلہ ہوا، یہ جنگ پہلے سے زیادہ سخت تھی، اس مرتبہ رومیون نے بھی داد شجاعت دی، اور بڑی پامردی سے لڑے، لیکن نوجوانان عرب کے بڑھتے ہوئے حوصلون کا مقابلہ نہ کرسکے، اور اگرچہ دونون مین اس قدر کشت وخون ہوا کہ ساری سرزمین جفلودی لالہ زار بن گئی، لیکن بالآخر اس جنگ کا خاتمہ بھی رومیون کی ہزیمت پر ہوا، اور پسپا ہوکر دارالحکومت سرقوسہ مین پناہ گزین ہوگئے، ادھر عباس اپنی فوج لیکر قصریانہ لوٹ آیا،

قصریانہ کا دوبارہ استحکام اگرچہ تازہ دم بیزنطی لشکر کو نہایت ذلت آمیز شکست ہوئی تھی، لیکن اس کا جسقدر حصہ بچ رہا تھا، اور رومیون کی جسقدر فوج صقلیہ مین موجود تھی، عباس کو ان سے قصریانہ کے حملہ کا اندیشہ ہوا، اس لئے یہان پہنچتے ہی نئے سرے سے فوجی استحکامات کی دیکھ بھال کی اور جو جو غیر محفوظ مقام سمجھے جا سکتے تھے، نہایت عجلت سے ان کی از سر نو تعمیر کی، اسکے علاوہ اور خاص خاص مقامات کی قلعہ بندی کی، اور جابجا فوج متعین کی جو پورے شہر کی حفاظت کیلئے کافی ہو سکتی تھی،

عباس کا آخری سفر اس کے بعد ۲۴۷ھ/۸۶۱ء مین عباس بیزنطی لشکر سے نبرد آزمائی کیلئے سرقوسہ روانہ ہوا، نواح سرقوسہ مین کچھ مال غنیمت حاصل کیا، پھر غیران قرقنہ کو تاخت و تاراج کرنے چلا لیکن اثنائے راہ ہی مین سفر آخرت پیش آگیا، اور صرف تین دن کی علالت مین ۲۸ جمادی الاخری ۲۴۷ھ/۸۶۱ء یوم جمعہ کو اس اولوالعزم والی نے آنکھین بند کرلین مسلمانون نے نماز جنازہ پڑھ کر دہین پر سپرد خاک کر دیا، اور پھر اسلامی لشکر وہان سے بلرم واپس چلا آیا،

عباس کا دور حکومت عباس نے گیارہ سال فرمانروائی کی، وہ خود ایک فوجی جنرل تھا، اس لئے اس کے عہد حکومت کی نمایان خصوصیت بھی فوجی پیشقدمیان رہین، اس کا دستور تھا کہ تقریباً ہر سال گرمی اور سردی کے دونون موسمون مین دو مرتبہ پیشقدمیان کرتا، صقلیہ ایک زرعی ملک تھا، اسلئے یہ دونون موقع ایسے ہوتے تھے کہ سال کی دو فصلین کھیتون مین تیار رہتین، اور یہ اپنی فوجکشی سے روی علاقہ کی تمام زراعت حاصل کرلیتا، اور جو غلے کھیتون مین باقی رہ جاتے، انھین برباد کر دیتا، اور اسکی اسی حکمت عملی کے باعث صقلیہ کے رومی مقبوضات کے باشندے اس سے تھرا اوٹھے تھے، اور اسی لئے ہر موقع پر اسکو نمایان کامیابیان بھی حاصل ہوتی گئین اگرچہ یہ افسوسناک امر ہے کہ اسکی سخت گیر حکمت عملی مین غارتگری آتش زدگی اور قتل اسیری سب داخل تھے،

عباس کی لاش سے رومیوں کا بزدلانہ انتقام

اور اس کی اسی سخت گیری کا نتیجہ تھا کہ صقلیہ کے رومیوں کو اس سے شدید بغض و عناد پیدا ہو گیا تھا، اور جب وہ اس کی زندگی میں اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے تو اس کی موت کے بعد اس کے جسد بے روح سے انتقام لینا چاہا، اور ایسی بزدلانہ حرکت کا ثبوت پیش کیا، کہ یورپ کے اہل قلم بھی رومی تہذیب کے اس مظہر پر سرنگون ہیں،

چنانچہ عباس کے مدفن سے اسلامی لشکر کی مراجعت کے بعد ان مہذب رومیوں کی ایک جماعت پہنچی، اور قبر سے اس کی لاش نکالی اور آگ میں جلا کر خاکستر کر دیا[1]

جانشین

مسلمانان صقلیہ نے عباس کی وفات کے بعد اس کے چچا احمد بن یعقوب کو عارضی طور پر اپنا امیر منتخب کر لیا، اور اس کی اطلاع دربار افریقیہ کو دیدی،

احمد بن یعقوب والی صقلیہ (۴)

۲۴۷ھ / ۸۶۱ء

ابو ابراہیم احمد بن محمد بن اغلب فرمانروائے افریقیہ نے مسلمانان صقلیہ کی خواہش کے مطابق احمد بن یعقوب کو عہدۂ ولایت پر نامزد کر دیا، اور فرمان ولایت لکھ کر بھیجدیا، احمد بن یعقوب اگرچہ باشندگان صقلیہ کے انتخاب اور دربار قیروان کے فرمان تقرر سے عہدۂ ولایت پر سرفراز ہوا تھا لیکن

---

[1] ابن اثیر ج ۷ ص ۴۲، ۴۳، ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۲ نہایۃ الارب حوادث ۲۴۶ھ دراماری ص ۴۴۳ واخبار الاندلس وکتاب المونس وغیرہ عباس کی تاریخ وفات میں ان مورخین کا متفقہ بیان ہے لیکن بعض مورخین کے بیانات ان سے مختلف ہیں جنھیں ہم نے نظر انداز کر دیا، کیونکہ ان میں جزوی اختلافات ہیں، مثلاً ابن عذاری نے ماہ جمادی الاولیٰ لکھا ہے اسی طرح حسین بن محمد بن وادان کی تاریخ تونس میں سنہ وفات سنہ اربعین ومائتین ۲۴۰ھ ہے، مگر یہ غالباً کتابت کی غلطی ہے، اور لفظ ربیع چھوٹ گیا ہے کیونکہ اس نے اپنی کتاب میں واقعات حوادث ۲۴۲ھ مین درج کئے ہیں جنمیں ۲۴۲ھ سے ۲۵۸ھ تک کے واقعات ہیں ۱۲ البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۵۲ ونہایۃ الارب حوادث ۲۴۶ھ دراماری ص ۴۴۳

اس کی اور مرحوم والی عباس کے لڑکے عبداللہ کی باہمی چشمک سے اس کو اس خدمت سے مجبوراً عبداللہ بن عباس کے حق مین بہت جلد سبکدوش ہوجانا پڑا، چنانچہ اوس کو عنان امارت سپرد کرکے واقعہ کی اطلاع افریقیہ بھیج دی،

عبداللہ بن عباس قائم مقام والی

عبداللہ بن عباس نے اپنے اس قائم مقامی کے زمانے مین فوجی پیشقدمیون کا سلسلہ شروع کرنا چاہا، اور امارت لشکر پر رباح کو بدستور باقی رکھا،

فوجکشی اور فتوحات

چنانچہ اسی کی سرکردگی مین فوجین روانہ ہوئین، اور اکثر مقامات پر کامیاب ہوئین اور ان مہمون مین کثیر تعداد مین مال غنیمت اور قیدی ہاتھ آئے، لیکن اسی سلسلہ مین کسی مقام پر یہ واقعہ پیش آیا، کہ رباح اپنی فوج کے ساتھ رومیون سے برسرپیکار تھا، کہ اسلامی لشکر کے قدم اوکھڑ گئے، اور اس کا ایک دستہ رومیون کے ہاتھ گرفتار ہوگیا، اور پھر رومیون نے ایسی یورش کی کہ رباح کا علم اور فوجی طبل چھن گئے اور خود پسپا ہونے پر مجبور ہوا،

اس کے بعد ایک شہر جبل ابی مالک پر حملہ آور ہوا، اور یہ حملہ کامیاب ہوا، اور شہر اسلامی قبضہ مین آگیا، ابھی اس کو اپنی پچھلی شکست بھولی نہ تھی، جوش انتقام مین شہر کے تمام باشندون کو گرفتار کرلیا، اور پورا شہر جلا کر خاکستر کردیا،

اس کے بعد مختلف اطراف مین فوجین روانہ ہوئین، اور بعض مقامات قبضہ مین آئے، بنین سے قلعہ ارغین اور قلعہ مشارعہ کے نام تاریخون مین ملتے ہین،

عبداللہ بن عباس کی قائم مقامی کا خاتمہ اور اسکے اسباب

عبداللہ بن عباس کو عنان حکومت ہاتھ مین لئے ہوئے پانچ مہینے گذرے تھے کہ اس کی قائم مقامی کا زمانہ ختم ہوگیا، اس نے اپنے مختصر دور حکومت مین صقلیہ مین جو خدمات انجام دئے تھے، اس کے لحاظ سے یہ ممکن تھا کہ فرمانروائے افریقیہ مسلمانان صقلیہ کی خواہش کا لحاظ کرکے عبداللہ بن عباس کو مستقل والی بنا دیتا، لیکن احمد بن یعقوب دربار قیروان

کا نامزد والی تھا، عبداللہ بن عباس نے اوس کو عملاً معزول کرکے عنان حکومت ہاتھ مین لی تھی، اس لئے والی افریقہ نے عبداللہ کے مستقل تقرر کو منظور نہین کیا، اور شاہی خاندان اغلبیہ کے ایک دوسرے آزمودہ کار ممتاز رکن خفاجہ بن سفیان کو صقلیہ کی ولایت پر روانہ کیا،[1]

خفاجہ بن سفیان والی صقلیہ (۵)

سنہ ۲۴۸ھ - ۲۵۵ھ
۸۶۲ء - ۸۶۸ء

خفاجہ شاہی خاندان اغلبیہ کا ممتاز رکن تھا، اس کا سلسلۂ نسب یون ہے، ابن سفیان بن سواوہ بن سفیان، یہ سفیان غلب کا بھائی تھا، چنانچہ خفاجہ کا سلسلۂ نسب سفیان سے پھر یون چلتا ہی

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۶۸ والبیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۵۳ و نہایۃ الارب فی فنون الادب حوادث ۲۴۸ھ و اماری ص ۳۳۴ احمد بن یعقوب اور عبداللہ بن عباس کے متعلق مورخین کے بیان مین اضطراب ہی، ابن اثیر ابن خلدون، ابوالفداء محمد بن حسین اور ابن ابی دینار کا متفقہ بیان ہی کہ عباس کی وفات کے بعد اس کے لڑکے عبداللہ کو جانشین منتخب کیا گیا، اور ابن عذاری کا بیان ہی کہ احمد بن یعقوب جانشین ہوا، اور دربار قیروان سے اسکی منظوری ہوئی، پھر نویری کا بیان ہی وہ ان دونون اقوال کو جمع کردیتا ہی، اور ہم نے اوسکے بیان کو ابن عذاری کی تائید کے ساتھ اخذ کیا ہے، کیونکہ گو اس طرف بہ کثرت مورخین کے بیانات ہین، لیکن اس کے ساتھ سبکے سب یہ بھی لکھتے ہین، کہ عبداللہ نے صرف پانچ مہینے قائم مقامی کی اور پھر جمادی الاخری ۲۴۸ھ مین نئے والی خفاجہ نے آکر عبداللہ سے عنان حکومت لیلی، اس لئے اگر ان بیانات کو صحیح باور کیا جائے، تو بھی اس مدت حکومت سے اون کے بیان کی تغلیط ہوتی ہی، اور دوسری طرف اگرچہ ابن عذاری نے عبداللہ کی قائم مقامی کا ذکر نہین کیا ہی لیکن نویری کی تصریح سے یہ خود بخود حل ہوجاتا ہی، اور اسی بیان سے ان سب مورخین کے بتائے ہوئے مدت ولایت کی بھی تصدیق ہوتی ہی، کیونکہ عباس کی وفات کے بعد سے خفاجہ کی آمد تک کامل ایک سال کا زمانہ ہوتا ہی، اسمین پانچ مہینے عبداللہ نے فرمانروائی کی اور بقیہ شروع کے مہینون مین احمد کی فرمانروائی رہی، احمد کو ہم نے مستقل والی اس لئے تسلیم کیا کہ دربار قیروان سے اسکے تقرر کا فرمان صادر ہوچکا تھا، اور عبداللہ نے اسی کی قائم مقامی کی، پھر اسکے بعد نئے والی خفاجہ کا عہد حکومت شروع ہوگا،

ابن سالم بن عقال بن خفاجہ بن عبداللہ بن عبّاد بن مخرب بن سعید بن عقال،
یعنی خفاجہ، اغالبہ کے بنو اَخ کے خاندان سے تھا، یہ بنو اخ بھی حکومتِ اغلبیہ کے جاں نثارون مین تھے، امیر زیادۃ اللہ کے عہد مین خفاجہ کے باپ سفیان بن سوادہ نے خانہ جنگیون کا خاتمہ کرکے امیر زیادۃ اللہ کی حکومت قائم کی، چنانچہ ابن الآبار نے اسکی حکومت کے قیام کا سبب اسی کو قرار دیا ہی اور خفاجہ بھی ولایت صقلیہ کے تقرر سے پیشتر حکومت کی نمایان خدمات انجام دیچکا تھا، چنانچہ ابوالعباس محمد بن اغلب والی افریقیہ اور اسکے بھائی کے درمیان جو خونریز جنگ برپا ہوئی تھی، اوس مین اس نے بھی اپنے بھائی احمد بن سفیان اور اپنے ابن عم یعقوب بن مضار کی معاونت کے ساتھ ابوالعباس کا ساتھ دیا تھا، اور انھی کوششون سے ابوالعباس کی حکومت قائم ہوئی تھی[1]

خفاجہ جمادی الاولی ۲۴۷ھ/۸۶۱ء مین صقلیہ پہنچا اور عنان حکومت سنبھال لی، اور سپہ سالاری کے عہدے پر اپنے لڑکے محمود کو مقرر کیا اور فوجی پیشقدمی کا سلسلہ شروع کردیا، خفاجہ کے عہد مین سب سے پہلا لشکر سرقوسہ روانہ ہوا، لشکر کی کمان محمود بن خفاجہ کے ہاتھ مین تھی، یہ لشکر سرقوسہ کے نواح مین پہنچکر حملہ آور ہوا، رومیون نے شہر سے نکل کر مقابلہ کیا، لیکن ہزیمت اوٹھائی اور محمود مال غنیمت لیکر بلرم واپس آگیا[2]

والی افریقیہ کی وفات | خفاجہ کو آئے ہوئے ابھی ایک ہی سال کا زمانہ گذرا تھا، کہ والی افریقیہ ابوابراہیم احمد بن محمد بن اغلب نے اٹھائیس سال کی عمر مین بماہ ذیقعدہ ۲۴۹ھ/۸۶۳ء وفات پائی، اس کی ولایت کا زمانہ ۷ سال ۱۰ مہینے اور چند دن رہا، اُس کے عہد حکومت مین صقلیہ کا سب سے اہم واقعہ قصریانہ کی فتح ہی، اُس کے بعد صقلیہ کی قسمت اس کے بھائی ابومحمد زیادۃ اللہ بن محمد بن اغلب کے ہاتھون مین چلی گئی[3]

---

[1] الحلۃ السیراء لابن الابار ص ۳۲۰ و دامادی ص ۳۲۰ [2] ابن اثیر ج ۶ ص ۶۸ [3] ابن اثیر ج ۶ ص ۷۰۔

ابو محمد زیادۃ اللہ ثانی بن محمد بن اغلب والی افریقہ

۲۴۹ھ ۸۶۳ء — ۲۵۰ھ ۸۶۴ء

ولایت صقلیہ پر خفاجہ کی برقراری کا فرمان اور خلعت

ابو محمد زیادۃ اللہ ثانی نے سریر آرائے حکومت ہوتے ہی بقول ابن عذاری سب سے پہلا کام جو کیا، وہ والی افریقہ خفاجہ کی ولایت صقلیہ پر برقراری تھی چنانچہ اس نے خفاجہ کو اسکی ولایت کا فرمان لکھ کر بھیجا نیز اس کے ساتھ زیادہ لطف و کرم کے اظہار کیلئے اس کو خلعت فاخرہ سے بھی سرفراز کیا۔[1]

رومی مقبوضات صقلیہ کی عام حالت اور اسلامی حکومت کیطرف میلان

اسی زمانہ میں صقلیہ کے رومی و اسلامی سیاسیات میں ایک نئی فضا پیدا ہوگئی، جس سے صقلیہ کے سیاسی حالات نے ایک نیا رخ اختیار کیا، اس وقت صقلیہ میں اگرچہ رومیوں کا اصل مرکز سرقوسہ تھا، اور اسی کے قرب و جوار کے چند شہروں میں بیزنطی لشکر روان تھا، لیکن صقلیہ کے اس بیزنطی علاقہ کے رومی باشندے حکومت بیزنطی سے بدل نظر آنے لگے، کیونکہ اولاً اسلامی لشکر کی پے در پے یورش سے وہ روز بروز برباد ہوتے جاتے تھے، علاوہ ازیں حکومت بیزنطی کے عمال اپنی چیرہ دستیوں سے ان کو جداگانہ پریشان کر رہے تھے پھر اس بیزنطی علاقہ کے یہ محکوم عیسائی اپنے پہلو میں اسلامی حکومت کے عیسائیوں کی مرفہ الحالی کو دیکھتے تھے، جو ان سے زیادہ بہتر حالت میں زندگی گذار رہے تھے، کیونکہ اولاً وہ اسلامی یورش سے محفوظ تھے، اس کے علاوہ اسلامی و بیزنطی حکومت کے قوانین اور طریق حکومت میں جو نمایاں فرق تھا، وہ انھیں حکومت بیزنطی سے اور زیادہ بددل کر رہا تھا، کیونکہ اسلامی حکومت ایک مقرر اصول کے ماتحت عیسائیوں سے خراج و جزیہ کی رقم سالانہ وصول کر لیتی، اس کے معاوضہ میں باشندوں کو زرعی، صنعتی، اور تجارتی آسانیاں بہم

[1] البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۵۳، ابن اثیر ج ۷ ص ۱۸۲۔

پہنچاتی، دوسری طرف بیزنطی حکومت کے عمّال تھے، جو خراج سے دوچند رقمیں وصول کرتے اور اون سے کچھ جیب بھرتے اور کچھ حکومتِ بیزنطی قسطنطنیہ کو روانہ کرتے، یہی اسباب تھے جنکی بنا پر صقلیہ کے بیزنطی علاقہ کے عام باشندون مین حکومتِ بیزنطی سے بددلی پیدا ہوئی، اور پھر قدرۃً اسلامی حکومت کی طرف میلان پیدا ہوگیا، اور مسلمانون کی فوجی پیشقدمیون مین اسکے اثرات ظاہر ہونے لگے[1]،

فتوحات

فوجکشی اور چنانچہ جب ماہ محرم ۲۵۰ھ مین اسلامی لشکر ایک اہم تاریخی شہر نوطس (نوٹو) پہنچا، جو سرقوسہ سے ایک مرحلہ پر واقع تھا، اور اسکے شہر پناہ کے نیچے خیمہ زن ہوا تو شہر کے چند رومی پوشیدہ طریقہ سے اسلامی سپہ سالار کی خدمت مین حاضر ہوئے، اور شہر مین داخلہ کا ایک مخفی راستہ بتا گئے، اور اسلامی لشکر اوسی راستہ سے شہر مین داخل ہوگیا، اور خون کا ایک قطرہ بہائے بغیر شہر پر اسلامی پرچم لہرانے لگا، اور اس کے ساتھ کافی مالِ غنیمت ہاتھ آیا[2]،

نوطس پر قبضہ کی تکمیل کے بعد اسلامی لشکر نے شکلہ کی طرف پیشقدمی کی اور اسی سال ۲۵۰ھ مین یہان پہنچا، اور محاصرہ کے بعد اس پر قابض ہوگیا[3]،

والیِ افریقہ کی وفات اور اس کا جانشین؛

صقلیہ کی فوجی کارروائی ہنوز تک پہنچے پائی تھی کہ ابو محمد زیادۃ اللہ ثانی والیِ افریقہ نے صرف ایک برس ۶ دن حکومت کر کے یوم شنبہ ۹ ذیقعدہ ۲۵۰ھ کو وفات پائی، اسکے بعد ابو عبداللہ محمد بن احمد بن محمد بن اغلب تختِ حکومت پر آیا[4]،

ابو عبداللہ محمد بن احمد بن محمد بن اغلب والیِ افریقہ

۲۵۰ھ - ۲۶۱ھ / ۸۶۴ء - ۸۷۴ء

ابو عبداللہ محمد بن احمد نے سریر آرائے حکومت ہونے کے بعد صقلیہ کے نظام مین کسی قسم کا کوئی

---

[1] اخبار الاندلس ج ۲ ص ۳۴ و ۳۵ ابن اثیر ج ۷ ص ۶۹ و ۷۳ ابن اثیر ج ۷ ص ۶۹ و ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۲،

[2] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۰۷ بعض مورخین نے اس کی کنیت ابو عبداللہ کے بجائے ابو الغرانیق لکھی ہے،

تغیر و تبدل نہین کیا، خفاجہ بن سفیان بدستور اپنے عہدۂ ولایت پر فائز رہا، اور اسی طرح اوسکی جنگی کارروائیان جاری رہین،

سریۂ الف فارس | چنانچہ ۲۵۱ھ ۸۶۵ء مین خفاجہ قصریانہ ہوتا ہوا سرقوسہ پہنچا، رومی مقابلہ کیلئے نکلے، اور ایک معمولی آویزش کے بعد خفاجہ نے وہان سے کوچ کردیا، اور ایک کمین گاہ مین اپنے لڑکے محمود کی سرکردگی مین تھوڑی سی فوج چھوڑدی، محمود نے موقع پاکر رومیون پر حملہ کیا، اور دم بھر مین ان کے ایک ہزار سپاہیون کو تہ تیغ کرڈالا اسلئے یہ جنگ "سریۃ الف فارس" سے موسوم ہی،

فتح طبرمین | سریۃ الف فارس کے دوسرے سال ۲۵۲ھ ۸۶۶ء مین فوجکشی ہوئی، پہلے یہ لشکر سرقوسہ آیا، یہان کوئی خاص مہم پیش نہین آئی، اسلئے یہان سے طبرمین کی طرف رخ کیا، جب باشندگان طبرمین کو مسلمانون کی اس فوجی نقل و حرکت کی اطلاع ملی، تو چند معززین شہر خفاجہ کی خدمت مین حاضر ہوئے اور باشندگان شہر کی وفاداری کا یقین دلایا، اور شہر کو بغیر کسی خونریزی کے اسلامی مقبوضات مین داخل کرلینے کی التماس پیش کرکے طالب امان ہوئے،

خفاجہ اس زمانہ مین رومیون کی جو عام ذہنیت تھی، اوس سے آگاہ تھا، اور اس کو ابھی نوطس مین اس کا عملی ثبوت ملچکا تھا، اس لئے اوس نے ان نمایندگان شہر پر اعتماد کیا، اور شہر کو اسلامی مقبوضات مین شمار کرکے اس کے نظم و نسق کے احکام صادر کردیے، کچھ مسلمان انھی نمایندگان شہر کے ساتھ شہر مین چلے گئے، انھی مین خفاجہ کے لڑکے وغیرہ بھی تھے، اور وہ خود کسی دوسری طرف فوج لیکر روانہ ہوگیا،[1]

---

[1] یہ واقعہ البیان المغرب مین ہی اور قصریانہ کی فوجکشی اور زراعت کی پامالی کا ذکر ہی لیکن یہ قطعاً بعید از قیاس ہی قصریانہ اس وقت اسلامی مقبوضات مین تھا، ابن عذاری نے فتح قصریانہ کا کوئی تذکرہ نہین کیا ہی اس لئے غالباً خفاجہ قصریانہ آیا ہو اور یہان سامان رسد فراہم کیا ہو، اس کو اس نے اس رنگ مین پیش کردیا، ۲۵۱ھ کی اس مہم کا تذکرہ ابن عذاری کے علاوہ کسی دوسری مورخ نے نہین کیا ہی، ابن اثیر ج ۷ ص ۶۹،

باسل مقدونی کی سیاسیات صقلیہ سے دلچسپی

اس طرف رومی مقبوضات مین حکومت اسلامی کے موافق جو فضا پیدا ہوگئی تھی اس سے وہ زمانہ روز بروز قریب آتا جاتا تھا جسمین حکومت بیزنطی صقلیہ کا چراغ ہمیشہ کیلئے گل ہوجانے والا تھا، لیکن اسی موقع پر قسطنطنیہ کی سیاسیات مین ایک اہم تغیر پیش آجانے سے یہ ٹمٹماتا ہوا چراغ ایک مرتبہ پھر روشن ہوگیا، اور جدید قیصر روم باسل مقدونی (۸۶۷ء تا ۸۸۶ء) نے صقلیہ کی سیاسیات مین بیزنطی عظمت و سطوت کیلئے آخر طور پر ایک نہایت بامو قع مداخلت کی۔

باسل مقدونی اور اس کی حکومتین،

باسل مقدونی کی تمام زندگی اگرچہ نہایت تاریک گذری تھی، لیکن خود اپنی قوت بازو سے تخت حکومت پر بیٹھا، اور نہایت مدبر فرمانروا ثابت ہوا، لیکن اس کے ساتھ عیسائیت مین نہایت شدت سے غلو رکھتا تھا، اور مزید برآن مورتی پوجا کا قائل تھا، اسلئے تمام گرجون مین حضرت مسیحؑ اور حضرت مریمؑ کی مورتیان رکھوائین، جس سے ممالک محروسہ بیزنطی مین عام طور پر مذہبی مداخلت اور مذہب کے نام پر مظالم کا دور شروع ہوگیا، اور لوگ اس نئی افتاد سے گھبرا کر ممالک محروسہ بیزنطی سے بھاگ بھاگ کر اسلامی ممالک مین آنے لگے، جنھین مسلمانون نے خندہ جبینی سے خوش آمدید کہا، اور اسلامی ممالک مین انھین آباد کیا گیا، اور پھر رفتہ رفتہ اسلامی ممالک کے ان نو آبا عیسائیون کی اس قدر تعداد ہوگئی، کہ وہ جماعت بندی کرکے بیزنطی حکومت کے گرد و نواح مین لوٹ مار کرنے لگے[1]

اس واقعہ سے باسل کو خصوصیت سے عام مسلمانون سے دشمنی پیدا ہوگئی تھی، اور اس کیلئے اپنے زیر حکومت صوبہ سسلی مین اسلامی حکومت کا قیام و بقا سخت ناقابل برداشت تھا، اس لئے اس نے اپنے مقصد زندگی، اور مشاغل حکومت مین صقلیہ کو مسلمانون کے وجود سے پاک کرنا بھی داخل کرلیا، اور ان تمام اسلامی حکومتون کا انتقام جنھون نے بیزنطی مفرورین کو اپنے اپنے ملک مین جگہ دی تھی، صقلیہ کے مسلمانون سے لینا چاہا، اور سرگرمی سے اولاً حکومت اسلامی صقلیہ کے خلاف خفیہ ریشہ دوانیون اور سازشون مین

---

[1] اسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۰ بیزنٹائن ایمپائر مولفہ مسٹر اوسن صہ ۲۱۳،

مصروف ہوگیا، اسلامی مقبوضات کے مشیر حصون مین اپنے آدمی بھیجے، اور انھین بغاوت پر آمادہ کیا، جس مین اس کو نمایان کامیابی ہوئی، اور اس کی انھی کوششون سے صقلیہ مین بغاوتون اور سرکشیون کا آغاز ہوگیا،[1]

بغاوتین اور ان کا استیصال | اور اس سلسلہ مین سب سے پہلے نومفتوح شہر طبرمین نے علم بغاوت بلند کیا، خفاجہ نے یہ خبر سنتے ہی اپنے لڑکے محمد کی سرکردگی مین فوراً ایک لشکر روانہ کیا، جس نے یہان پہنچکر بغاوت کا استیصال کیا، اور غداری و بدعہدی کی پاداش مین بہت سے باشندون کو گرفتار کرلیا، اور ۲۵۲ھ/۸۶۶ء کے ختم ہونے سے پہلے اس شہر پر اسلامی پرچم دوبارہ لہرانے لگا، لیکن چند ہی دن کے بعد یہ شہر پھر ہاتھ سے جاتا رہا،

اسی طرح رغوس نے بھی سر اوٹھایا، یہان خفاجہ خود لشکر لیکر پہنچا، اور محاصرہ کرلیا، اہل شہر ایک مرتبہ مسلمانون سے مقابلہ کرنے کا مزا اوٹھا چکے تھے، چنانچہ محاصرہ کے بعد کسی قسم کا کوئی فوجی مظاہرہ ہونے سے پیشتر ہی شہر کے چند معززین خفاجہ کی خدمت مین حاضر ہوکر بغاوت سے تائب ہوئے، اور اس شرط پر امان طلب کی کہ باشندگان شہر مین سے صرف ایک شخص کو مع تمام مال و متاع اور سامان باربرداری شہر سے جانیکی اجازت دی جائے، اور پھر پورے شہر پر قبضہ کرلیا جائے، خفاجہ نے یہ شرط منظور کرلی، اور اسلامی لشکر شہر مین داخل ہوگیا، اور شہر کی تمام دولت و ثروت جائداد منقولہ و غیر منقولہ اسلامی ملکیت مین داخل کرلیگئی،

خفاجہ رغوس کی مہم سے فارغ ہوکر دوسرے باغی قلعون کی طرف متوجہ ہوا، اس سلسلہ مین سب سے پہلے قلعہ غیران پہنچا، اور یہان کامیاب ہونے کے بعد اسی علاقہ کے دوسرے سرکش قلعون کا رخ کیا، اور ہر جگہ کامیاب ہوتا گیا،

---

[1] اخبار الاندلس ج ۲ ص ۳۴-۳۵،

چنانچہ پورے سرکش علاقہ کی بغاوت فرو ہوگئی، اور تمام مقامات اسلامی مقبوضات مین از سر نو داخل ہوئے،

خفاجہ کی علالت اس کے بعد کچھ دنون کیلئے فوجی پیشقدمی رک گئی، کیونکہ خفاجہ اسی اثنا مین ایسا بیمار پڑا کہ صاحب فراش محل مین سوار بلرم واپس آیا،

فوجکشی پھر ۵۲۵ھ مین اوس نے صحتیاب ہونے کے بعد فوجی پیشقدمیون کا آغاز کیا، اور حسب دستور رومی مقبوضات مین آیا، یہان سرقوسہ اور قطانیہ کے میدان مین غلہ کی فصل تیار تھی، فوج کو غلہ جمع کرنے کا حکم دیا، اور خود بلرم چلا آیا، اور لشکر اوسی علاقہ مین مال غنیمت جمع کرنے مین مصروف رہا،

بیزنطی بیڑے کی آمد اور بربادی اسی اثنا مین باسل مقدونی نے بغاوت پیدا کرانے کی غرض سے عملی کی ناکامی اور خفاجہ کی اس عام یورش کے جواب مین ایک جنگی بیڑا صقلیہ روانہ کیا، اسلامی فوج کا وہ دستہ سرقوسہ کے نواح مین موجود تھا، اس نے اس جنگی بیڑے کی آمد کی خبر خفاجہ کو پہنچائی وہ سنتے ہی پیشبندی کیلئے ۲۰ ربیع الاول ۵۲۵ھ کو بلرم سے روانہ ہوا، اور ایک جگہ کو صدر مقام قرار دیکر قیام کرلیا، پھر اپنے لڑکے محمد کو امیر البحر بنایا، اور اس کو ایک بیڑے کے ساتھ بحری نقل و حرکت کی نگرانی پر مقرر کردیا، اور ایک دوسرا دستہ سرقوسہ روانہ کیا، جو رومیون کی عام نقل و حرکت کی نگرانی کرتا رہا،

آخر بیزنطی بیڑا ایک بطریق کی سرکردگی مین صقلیہ پہنچا، جہازسے فوج کی کثیر تعداد ساحل پر اتری، خفاجہ نے بڑھ کر راستہ روکا، مقابلہ نہایت سخت ہوا، جنگ کا خاتمہ رومیون کی ہزیمت پر ہوا، جو کثیر تعداد مین مقتول ہوئے، اور مسلمانون کو بیشمار خیمہ و خرگاہ ہاتھ آیا،

خفاجہ اس فتحیابی کے بعد سرقوسہ آیا، باشندگان سرقوسہ اپنے شاہی لشکر کے استقبال کیلئے چشم براہ تھے کہ عمامہ بند مسلمان سامنے نظر آئے، اسلامی لشکر کیلئے شہر کے دروازے بند تھے لیکن کھیتون

مین جو غلہ تیار تھا، مال غنیمت کے طور پر اکٹھا کر لیا گیا، اور اس کے بعد لشکر ماہ رجب ۲۵۴ھ/۸۶۸ء مین بلرم واپس آیا[1]

اٹلی مین معرکہ آرائیان اسی زمانہ مین ادھر اٹلی مین مسلمانون اور عیسائیون کی جداگانہ جنگ جاری تھی وہان اسلامی فتوحات کو روکنے کے لیے ۲۴۴ھ/۸۵۸ء ہی سے مقدس پوپ لیو چہارم کی سرکردگی مین عیسائی فوجین مسلمانون کے سامنے صف در صف کھڑی ہوگئین چنانچہ دریائے ٹائبر سے عرب مجاہدین واپس آگئے، اور اس کے بعد لوئی ثانی کی سرکردگی مین صوبہ اپولیا مین مسلمانون اور عیسائیون کی مسلسل معرکہ آرائیان جاری رہین، جن کا سلسلہ ۲۵۴ھ/۸۶۸ء تک قائم رہا[2]

چنانچہ اس سلسلہ مین خفاجہ نے ۲۵۴ھ/۸۶۸ء مین بیزنطی بیڑے کی شکست کے چند ہی دن بعد ماہ رجب ۲۵۴ھ/۸۶۸ء مین ایک عظیم الشان بیڑا اپنے لڑکے محمد کی سرکردگی مین اٹلی روانہ کیا،

محمد بن خفاجہ اٹلی کے ساحلی شہر غیطہ (GAETA) مین پہنچا، اور اس کا محاصرہ کر لیا، اور اپنی فوجین اسکے مضافات مین پھیلا دین، اور جب جہاز مال غنیمت سے بھر گئے، تو یہ بیڑا شہر کا محاصرہ اٹھا کر ماہ شوال ۲۵۴ھ/۸۶۸ء مین بلرم واپس چلا آیا[3]

مفرج بن سالم کا قتل اور اٹلی کے اسلامی مقبوضات صقلیہ کے تحت آنا اسی اثنا مین مسلمانان اٹلی کے درمیان کچھ اختلاف رونما ہوا اور وہ باہمی کشت وخون مین ایسے مصروف ہوئے کہ اپنے اولوالعزم سردار مفرج بن سالم کو قتل کر ڈالا، اور اسکے بعد صقلیہ کی اسلامی حکومت نے اٹلی کے تمام منتشر اسلامی مقبوضات کو اپنی نگرانی مین لے لیا[4]

فوج کشی اس کے بعد اس نے اندرون جزیرہ کی شورشون مین سے طبرمین کی ایک شورش پیش آئی، یہ شہر دو

---

[1] ابن اثیر ج ۷ ص ۷۰، ابن خلدون ج ۴ ص ۳۰۳، البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۵۵، نہایۃ الارب دمباری ص ۳۴۳
[2] اخبار الاندلس ج ۲ ص ۳۵، تاریخ جزیرہ متعلقہ ص معین دخلها المسلمون دمباری ص ۱۶۵، تاریخ عرب موسیو سدیو ص ۲۴۵، ۲۴۶، ابن اثیر ج ۷ ص ۷۰، ۷۱، ج ۷ ص ۱۷۱ و نہایۃ الارب حوادث ۲۵۴ھ، دمباری ص ۳۴۳، ۳۴۹،

مرتبہ مسلمانون کے قبضہ مین آیا، اور پھر ہاتھ سے نکل گیا تھا، اس مرتبہ طبرمین کا حملہ یہان کے رومی باشندون کی تحریک سے ہوا، چنانچہ ماہ صفر ۲۵۵ھ مین طبرمین کے چند باشندے بلرم پہنچے، اور خفاجہ کو طبرمین پر فوجکشی پر آمادہ کیا، اور شہر مین پہنچا دینے کی ذمہ داری خود قبول کی، خفاجہ نے ایک لشکر محمد کی سرکردگی مین انھی رومیون کے ساتھ طبرمین روانہ کردیا،

محمد طبرمین کے قریب پہنچ کر ایک مقام پر ٹھہر گیا، اور تھوڑی سی پیدل فوج انھی رہبرون کی معیت مین روانہ کردی، چنانچہ مسلمانون کی یہ مختصر جمعیت ایک مخفی راستہ سے شہر مین پہنچ گئی، اور شہر کے دروازون اور شہر پناہ پر قابض ہوگئی، اور پھر قیدیون کی گرفتاری اور مال غنیمت کی فراہمی شروع کردی،

یہ پیدل فوج اسی طرح رومیون کو گرفتار کرتی رہی، اور اسی دار و گیر مین خاصہ وقت گذر گیا، اور ادھر سوء اتفاق سے محمد کسی وجہ سے وقت موعودہ پر طبرمین نہین پہنچ سکا، جس سے اون لوگون کی طرف سے تشویش لاحق ہوگئی، اور اس فوج مین ایسی سراسیمگی پھیل گئی، کہ گرفتاریون کا سلسلہ موقوف کرکے شہر سے باہر نکل آئی ادھر یہ فوج نکلی، اور ادھر محمد اپنے لشکر کے ساتھ شہر کے دروازے پر پہنچا لیکن یہ بعد از وقت تھا، آخر سب لوگ بے نیل مرام بلرم واپس آگئے،

اس کے بعد خفاجہ ماہ ربیع الاول ۲۵۵ھ مین بلرم سے روانہ ہوا، فوج کے دو حصے کئے ایک بڑی فوج محمد کی سرکردگی مین دیدی، جو سرقوسہ روانہ ہوئی خود ایک مختصر جمعیت کے ساتھ کسی دوسری طرف ایک غیر معروف مقام کی جانب نکل گیا، جب محمد بن خفاجہ سرقوسہ پہنچا، تو رومیون کی ایک فوج شہر سے باہر نکل کر صف آرا ہوئی، اور دونون مین خونریز لڑائی ہوئی، اس مرتبہ رومیون کا پلہ بھاری رہا مسلمان پسپا ہونے لگے، رومیون کو مدت کے بعد انتقام کا موقع ملا تھا، نہایت بے جگری سے ٹوٹ پڑے مسلمانون کی کثیر تعداد کام آئی، اور جو بچے وہ فرار ہوکر خفاجہ کی جمعیت سے جا ملے، خفاجہ پراگندہ جمعیت

یکجا کرکے جوشِ انتقام مین پھر سرقوسہ پہنچا لیکن رومیون نے شہر کے دروازے بند کرلئے، اوس نے شہر کا محاصرہ کرلیا، اور آس پاس کی تمام رومی آبادیون کو تباہ و برباد کرنا شروع کیا، اور زراعت پامال کرڈالی، اور اس کے بعد محاصرہ اٹھا کر بلرم روانہ ہوگیا[1]

خفاجہ کا قتل لیکن خفاجہ کا یہ سفر بھی عباس بن فضل کی طرح سفرِ آخرت تھا، سفر منزل بہ منزل طے کرتا ہوا یکم رجب ۲۵۵ھ کو وادی الطین سے شب کی تاریکی مین کوچ کیا کہ اچانک ایک مسلمان سپاہی اس پر ٹوٹ پڑا اور اپنے زہر آلود نیزے سے ایسی کاری ضرب لگائی کہ اوس کی روح اوسی لمحہ قفس عنصری سے پرواز کرگئی،

قاتل کا نام خلفون بن ابی زیاد ہوازی تھا، وہ اوسی وقت فرار ہوگیا اور سرقوسہ کے رومیون کے دامن مین پناہ لی، یہ حادثہ مسلمانانِ صقلیہ کے لئے نہایت جانگداز تھا، خصوصاً اسلئے کہ خفاجہ کا قاتل ایک مسلمان سپاہی تھا،

خفاجہ کی لاش بلرم لائی گئی، کیونکہ عباس کو اثنائے راہ مین دفن کرکے تلخ تجربہ ہوچکا تھا چنانچہ بلرم ہی مین مراسم تجہیز و تکفین ادا ہوئے، اور یہین پیوند زمین ہوا[2]

خفاجہ کا عہدِ حکومت خفاجہ کے عہدِ حکومت کی یادگار نوطس اور شکلہ وغیرہ کی فتوحات ہین، نیز اوس نے باسل مقدونی کی خفیہ بغاوت انگیزیون کا قلع قمع کیا، پھر بیزنطی لشکر کو میدانِ جنگ سے ہٹایا، نیز جنوبی اٹلی مین فوجکشیان کین، اگرچہ اوس کے فتح سرقوسہ کی تمنا پوری نہ ہوسکی، اور اسی مہم کو واپسی مین سازش کا شکار ہوگیا،

جانشین خفاجہ کی شہادت کے بعد مسلمانانِ صقلیہ نے اس کے لڑکے محمد کو اس کا جانشین منتخب کیا،

---

[1] ابن اثیر ج ۶ صفحہ ۱۰۱ البیان المغرب ابن عذاری (ترجمہ) صفحہ ۱۵۵ [2] ابن اثیر ج ۷ صفحہ ۱۰ ونہایۃ الارب حوادث ۲۴۷ھ دراہی صفحہ ۴۳۳ واعمال الاعلام دیاد گاری مضامین ج ۲ صفحہ ۱۶۲،

اور ان حالات کی مفصل کیفیت دربار قیروان بھیج دیگی،

محمد بن خفاجہ والی صقلیہ (۶)

۲۵۵ھ / ۸۶۸ء

محمد اپنے باپ کے عہد حکومت مین جس قدر خدمات انجام دے چکا تھا، وہ اسکی ولایت صقلیہ کے لئے پر زور سفارش تھے، اس لئے والی افریقیہ نے اس انتخاب کو بہ نظر استحسان دیکھا، اور اسکے نام فرمان ولایت اور خلعت ارسال کیا جو یوم شنبہ ۲۴ رمضان ۲۵۵ھ کو صقلیہ پہنچا،

فوجکشی محمد نے اپنے چچا عبداللہ بن سفیان کو امارت لشکر سپرد کیا، عبداللہ بن سفیان نے اسی سال سب سے پہلے سرقوسہ پر فوجکشی کی، اور اسکے نواح کو تاخت و تاراج کرکے بلرم واپس چلا آیا،

مالٹا پر کامل اسلامی اقتدار

اسکے بعد ۲۵۶ھ مین مالٹا کی ایک مہم پیش آئی، جزیرۂ مالٹا ۲۹۵ء کی تقسیم کی رو سے حکومت بیزنطی کے ماتحت آگیا تھا، عرب اس پر اس سے پہلے دو مرتبہ حملہ آور ہو چکے تھے، آخری حملہ ۲۲۱ھ مین ابوالاغلب نے کیا تھا، مالٹا اوسی زمانہ سے حکومت بیزنطی کے اقتدار سے نکل کر اسلامی حکومت کی سیادت مین داخل ہو چکا تھا،

حکومت بیزنطی نے ۲۵۶ھ مین اس کے بازیافت کی ایک کوشش کی، اور والی صقلیہ محمد کو اطلاع ملی کہ رومی مالٹا کا نہایت سخت محاصرہ کئے ہوئے ہین، اوس نے یہ سنتے ہی ایک لشکر مالٹا روانہ کیا،

رومیون کا یہ محاصرہ اہل مالٹا کو بھی جو زیادہ تر فنیقی قوم تھے، ناگوار تھا، اسلئے انھون نے اس کا سخت مقابلہ کیا، اور بیزنطی لشکر کے تین ہزار سپاہی مارے گئے، لیکن محاصرہ جاری رہا، اس اثنا

---

(۶) ابن اثیر ج ۷ صفحہ ۱۰ و اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ صفحہ ۳۷۴ و ۳۷۵ و ص ۱۴۹ ۵۳

مین اسلامی لشکر مالٹا پہنچا، اور وہ اس بیڑے کی خبر سنتے ہی محاصرہ سے دستبردار ہو کر وہان سے فرار ہو گئے ما
اسکے بعد اسلامی لشکر یہان کے پایۂ تخت مین مستقل طور پر ٹھہر گیا، لیکن چونکہ خود یہان کی قدیم باشندہ فنیقی
قوم مسلمانون کی طرف مائل تھی، اسلئے مسلمانون نے یہان اپنا دارالحکومت قائم کرنے کیلئے جزیرہ مالٹا کے پایۂ
تخت شہر مالٹا پر اپنا اقتدار رکھا، اور جزیرہ کے بقیہ حصص بدستور اپنی حالت پر قائم رہے، اور جزیرہ کا تعلق صقلیہ
سے وابستہ ہو گیا،

انسائیکلوپیڈیا بریطانیکا کے مقالہ نگار نے مالٹا مین اس طرز کے اسلامی اقتدار کو اس
رنگ مین پیش کیا ہی، کہ چونکہ مسلمان جزیرہ کی حفاظت کسی بڑی فوجی طاقت سے نہین کر سکتے تھے، اس لئے
انھون نے صرف اس کے پایۂ تخت اور اس کے رباط و مضافات پر قبضہ کر لینے پر اکتفا کیا تھا کہ ممالک محروسہ
کی حفاظت کا کام انجام پاتا رہے،

لیکن درحقیقت جب اسلامی حکومت خود باشندگان جزیرہ کی خواہش سے وہان قائم ہوئی تو پھر کسی
ایسی طاقت کی چندان ضرورت نہین تھی، جو خود اہل مالٹا پر مسلط رہے، البتہ ایسی طاقت کی ضرورت
تھی، جو وہان کے باشندون کی امداد سے اجنبی حملہ آورون کا مقابلہ کر سکے، اس لئے جسقدر فوجی قوت وہان
قائم کیگئی، وہ کافی تھی، علاوہ ازین حکومت اسلامی صقلیہ کا ان جزائر مالٹا و قوصرہ وغیرہ پر قبضہ کرنے سے
یہ مقصود بھی نہین تھا، کہ ملک گیری کی ہوس پوری کیجائے، ان پر صرف ایسی نگرانی کی ضرورت تھی کہ وہ دشمنون
کے قبضہ مین جاکر اسلامی حکومت صقلیہ و افریقیہ کے خلاف اونکی فوجی چھاونی کا کام نہ دیسکین، اور یہ مقصود بھی انکو
اپنی نگرانی مین کر لینے سے حاصل ہو گیا تھا،

چنانچہ جیسا کہ خود انسائیکلوپیڈیا بریطانیکا کے مقالہ نگار کا بیان ہی حکومت صقلیہ کی اسلامی حکومت نے
مالٹا کی حکومت کے نظم و نسق مین یہ خاص اصول مدنظر رکھا کہ حکومت کے تمام مقامی ادارے (MUNI
CIPAL INSTITUTION) خود یہان کے باشندون کے ہاتھ مین دیدئے، اور حکومت کے اعلیٰ عہدون

کو یہان کے باشندون کے سپرد کیا، اور اسکی وجہ سے حکومت اور رعایا کے درمیان نہایت خوشگوار تعلقات قائم رہے،

چنانچہ جب سے مالٹا اسلامی حکومت کے زیرِ اقتدار آیا، اس وقت سے اسلامی حکومت کے زوال تک کوئی ایسی بغاوت برپا نہین ہوئی، جس سے حکومت کے خلاف رعایا کی بیدلی کا اظہار ہوتا ہو، اور اسی مذکورہ بالا نظم ونسق کے ساتھ مالٹا مین اسلامی حکومت قائم ہوگئی،[۱]

محمد بن خفاجہ کا قتل صقلیہ مین عباس کی وفات کے بعد سے مسلمانون کی باہمی سازش اور ولاۃ صقلیہ کے عزل ونصب کی جو ریشہ دوانیان شروع ہوگئی تھین، اونھون نے اب خوفناک شکل اختیار کرلی تھی، چنانچہ ابھی خفاجہ کے قتل کو چند ہی دن گذرے تھے کہ مخالفینِ حکومت نے محمد بن خفاجہ کو بھی قتل کرڈالا، محمد کے قاتل خود اس کے خواجہ سرا تھے جنھون نے ۳ رجب ۲۵۷ھ کو صبح کے وقت اس کا کام تمام کیا، اور دوسرے دن اون کے فرار ہونے کے بعد یہ راز افشا ہوا، اربابِ حکومت نے ان شوریدہ سرون کی گرفتاری کے انتظامات کئے، اور پوری جماعت گرفتار ہوکر پابہ زنجیر بلرم آئی جن مین سے بعضون کی گردن مار دی گئی اور بعض جیل خانون مین ڈال دئے گئے،

جانشین مسلمانانِ صقلیہ نے قدیم طرزِ عمل کے بموجب اس موقع پر اہالیانِ صقلیہ مین سے ایک شخص محمد بن ابی الحسین کو عارضی طور پر اپنا والی مقرر کرلیا، اور واقعات کی تمام تفصیل افریقیہ بھیج دی،

رباح بن یعقوب والیِ صقلیہ

سنہ ۲۵۷ھ / ۸۷۰ء تا ۲۵۸ھ / ۸۷۱ء

عباس کی وفات کے بعد احمد بن یعقوب پھر اوس کے معزول ہونے کے بعد عبداللہ نے زمام

---

[۱] ابن اثیر ج، صلہ نہایۃ الارب در اماری صہ ۴۲۹ آثار البلاد قزوینی صہ ۲، انسائیکلوپیڈیا برطانیکا، طبع یازدہم ج ۷، ص ۵۱۱،

حکومت ہاتھ مین لی تھی لیکن ابوابراہیم احمد بن محمدؒ نے صقلیہ کی زمام حکومت اس خانوادہ سے چھین کر اغالبہ کی ایک دوسری شاخ یعنی بنی سفیان مین سے خفاجہ کے ہاتھ مین دیدی تھی، حالانکہ بنو یعقوب یعنی خانوادۂ عباس مین احمد و عبداللہ کے علاوہ رباح جیسی شخصیت بھی موجود تھی۔ رباح عباس کے عہد مین عہدۂ سپہ سالاری پر فائز رہا تھا، پھر اپنے بھائی اور بھتیجون کے زمانہ مین بھی اسی خدمت پر مامور رہا، لیکن بنو سفیان کے برسر اقتدار آجانے سے سپہ سالاری کا علم خفاجہ کے لڑکے محمد کے ہاتھ مین چلا گیا لیکن صقلیہ مین خانوادون کی موجودہ باہمی کشمکش کو دور کرنے کے لئے موجودہ فرمانروائے افریقہ نے ایک مرتبہ پھر بنو یعقوب کے ہاتھ مین صقلیہ کی قسمت دیدینی چاہی، چنانچہ سابق سپہ سالار صقلیہ رباح بن یعقوب موجودہ قائم مقام والی صقلیہ محمد بن ابی الحسین سے زمام حکومت اپنے ہاتھ مین لیلی،

ولایت جنوبی ایطالیہ اسی کے ساتھ فرمانروائے افریقہ نے صقلیہ کی ولایت کے حاصل کرنے مین ایک جدید شاہراہ بھی اختیار کی یعنی صقلیہ اور اٹلی کی اسلامی نوآبادیون کو دو مستقل حصون مین تقسیم کر دیا، اور رباح کو ولایت صقلیہ پر مامور کرنے کے ساتھ اوس کے بھائی عبداللہ بن یعقوب کو مقبوضات ایطالیہ کا والی بنا کر اٹلی روانہ کیا، اور اب جنوبی اٹلی کے اسلامی مقبوضات حکومت صقلیہ سے الگ ایک جدید حکومت کے ماتحت آگئے،

جنوبی اٹلی پر فوجکشی لیکن اگرچہ ایطالیہ و صقلیہ مین یہ دو جداگانہ ولایتین قائم ہوگئی تھین، مگر ان دونون ممالک کے اسلامی مقبوضات مین کوئی بے تعلقی پیدا نہین ہوئی، بلکہ والی صقلیہ نے ایطالیہ کے اسلامی مقبوضات کے معاملات پر اوسی طرح اپنی توجہ مبذول رکھی، چنانچہ رباح والی صقلیہ زمام حکومت سنبھالتے ہی ایک فوج لیکر جنوبی اٹلی پہنچا، اور دونون بھائیون نے مل کر سرزمین ایطالیہ کے عیسائیون کے بڑھتے ہوئے سیلاب کو روکنا چاہا، اور ۲۵۸ھ مین ایک خونریز لڑائی پیش آئی،

رباح اور عبداللہ بن یعقوب کی وفات اور انکی جانشینی، مگر ان دونون صوبون کی یہ ولایت ان دونون بھائیون کے لئے نامساعد

ثابت ہوئی، اور معلوم ہوتا ہے کہ دونوں اپنی اپنی عمر کا چھلکتا ہوا جام ہاتھ میں لئے ہوئے اپنی اپنی ولایت میں آئے تھے، چنانچہ ابھی چند دن بھی نہیں گذرے تھے کہ محرم ۲۵۸ھ/۸۷۱ء میں رباح کا پیمانۂ عمر لبریز ہوگیا اور حکومت صقلیہ کی باگ اس کے لڑکے حسین کے ہاتھ میں آگئی،

اور پھر دوسرے ہی مہینہ یعنی ماہ صفر میں اس کے بھائی عبداللہ بن یعقوب نے بھی سفر آخرت اختیار کیا،

ولایت جنوبی اٹلی | عبداللہ بن یعقوب کی وفات کے بعد مقبوضات ایطالیہ کی حکومت کا نظم و نسق ابوالعباس بن یعقوب بن عبداللہ کے ہاتھ میں آیا، لیکن اسکی عمر نے بھی وفا نہ کی، اور ربیع الآخر ۲۵۹ھ/۸۷۲ء میں اس کا بھی انتقال ہوگیا، تو پھر لوگوں نے اس کے بھائی کا دامن پکڑا، اور اوسی کو یہ بار گراں تفویض کردیا،[1]

شہر باری اور سلرنو کا سقوط | ادھر جنوبی اٹلی کے اسلامی مقبوضات کے نظم میں پے درپے یہ تغیرات ہو رہے تھے، اور ادھر عیسائیوں کی متحدہ طاقت لیو ثانی شاہ اٹلی کے زیر علم مسلمانوں کے مقابلہ میں مسلسل تین سال سے میدان میں موجود تھی، چنانچہ اسی سال ۲۵۸ھ/۸۷۱ء میں شہر باری مسلمانوں کے قبضہ سے نکل گیا، اور پھر چند سال گذرنے کے بعد ۲۶۵ھ/۸۷۸ء میں مشہور شہر سلرنو بھی مسلمانوں کے ہاتھ سے جاتا رہا، اور اب مسلمانوں کا مرکزی شہر طارنت قرار پایا[2]

حسین بن رباح والی صقلیہ

۲۵۸ھ/۸۷۱ء ۔ ۲۵۹ھ/۸۷۲ء

صقلیہ میں حسین بن رباح کو فرمانروائے افریقیہ نے اس کے باپ کی جگہ ولایت کے

[1] نہایۃ الارب حوادث ۲۵۸ھ دراماری صہ ۳۳۹ و ۳۴۰ و البیان المغرب (ترجمہ اردو) صہ ۱۵۶، [2] تاریخ عرب موسیو سدیو،

مستقل عہدے پر سرفراز کر دیا، اور اسکی تصدیق افریقیہ سے صقلیہ آگئی[۱]

سرقوسہ پر ایک نوبکتی اور ہنگامی صلح

حسین بن رباح نے برسر حکومت ہونے کے بعد سرقوسہ پر چڑھائی کی اور حسب دستور نواح سرقوسہ کو تاخت و تاراج کرنا چاہا، لیکن رومیون نے اس مرتبہ خلاف معمول صلح کی درخواست کی، اور اس کے معاوضہ مین ان مسلمان قیدیون کو رہا کر دینے کا وعدہ کیا جو وقتاً فوقتاً رومیون کے ہاتھون مین گرفتار ہوتے گئے تھے،

مسلمانون نے یہ شرط منظور کر لی، اور حسب معاہدہ تین سو ساٹھ مسلمان سرقوسہ کے دروازے سے باہر کر دئے گئے، اسلامی لشکر ان کو لیکر بلرم لوٹ آیا[۲]

حسین بن رباح کا عزل

اس کے بعد صقلیہ کے عہدۂ ولایت مین پھر ایک تغیر ہوا، اور افریقیہ سے حسین بن رباح کے عزل کا حکم آگیا، اور اس کے بجائے عبداللہ بن محمد کو اس عہدہ پر مقرر کیا گیا،

عبداللہ بن محمد والی صقلیہ (۹)

۲۵۹ھ
۸۷۲ء

عبداللہ سابق والی صقلیہ محمد بن عبداللہ بن ابراہیم بن اغلب کا لائق فرزند تھا، اس لئے

(بقیہ حاشیہ ص ۲۳۰) صلح ۲۳۵ھ، موسیو سدیو کا بیان ہے کہ اب صرف طارنت مسلمانون کے قبضہ مین رہ گیا، یہ صحیح نہین جیسا کہ آیندہ معلوم ہوگا، [۱] نہایۃ الارب نویری در اماری ص ۴۲۲، ادھر چند سال کے اندر صقلیہ کے ولاۃ مین زیادہ ردوبدل ہوا ہے، اسکو نویری نے جداجدا تفصیل سے درج کیا ہے، ورنہ دیگر مورخین ابن اثیر، ابن عذاری، ابوالفدا، اور ابن ابی دینار وغیرہ کے بیانون مین اضطراب پیدا ہو گیا ہے کسی نے کسی ایک موقع پر کسی ایک والی کا نام لیا ہے کسی دوسرے نے کسی دوسرے موقع پر کسی دوسرے کا نام لے لیا ہے، اس لئے لائق استناد نہین ہے، اگرچہ نویری نے بھی ایک ادھ مقام پر تسامح ہو گیا ہے لیکن اس کی تصحیح اپنی جگہ بعض دوسرے مستند ماخذ سے کر دی گئی ہے، [۲] ابن اثیر ج ۷ ص ۱۸۲ و البیان المغرب (ترجمہ ردو) ص ۱۵۰،

اس کے والی صقلیہ مقرر ہونے کے بعد صقلیہ کی حکومت کی باگ پھر بنو عبداللہ کے ہاتھ مین چلی گئی، جو صقلیہ پر سب سے زیادہ خود مختار فرمانروائی کر چکے تھے عبداللہ ماہ شوال ۲۵۹ھ مین صقلیہ پہنچا[۱] لیکن فوراً ہی اوس کے عزل کا پروانہ آیا، اور یہان سے منتقل کر کے طرابلس الغرب کی ولایت پر بھیج دیا گیا[۲]

اسکے بعد اسی خانوادۂ بنو عبداللہ کا ایک دوسرا رکن ابو مالک احمد بن عبداللہ[۳] اس عہدہ پر سرفراز کیا گیا

ابو مالک احمد بن عمر بن عبداللہ والی صقلیہ[۱۰]

۲۵۹ھ / ۸۷۲ء - ۲۶۴ھ / ۸۷۷ء

ابو مالک احمد بن عمر بن عبداللہ بن ابراہیم المعروف بہ عیشی شوال ۲۵۹ھ مین صقلیہ آیا، یہ بھی افریقیہ کے اکابر اغالبہ مین تھا، اس نے یہان پہنچ کر اپنی مستقل میان جاری کر دی[۴]

والی افریقیہ کی وفات | ابو مالک کے ورود صقلیہ کے چند ماہ بعد ابو عبداللہ محمد بن احمد والی افریقیہ نے دس سال پانچ مہینہ سولہ دن ولایت افریقیہ پر سرفراز رہ کر یوم چہارشنبہ ۷ جمادی الاولی ۲۶۱ھ / ۸۷۴ء کو وفات پائی،

جانشین، | اس نے اپنی وفات سے چند دن پیشتر اپنے نابالغ لڑکے ابو عقال کو اپنا جانشین مقرر کیا تھا، اور اپنے بھائی ابراہیم سے بھی اس کی تصدیق کرائی تھی جو اسکے بعد حکومت کا جائز حقدار تھا، لیکن ابراہیم نے اسکی وفات کے بعد ابو عقال کی جانشینی کے محضر کو رد کر دیا، اور تخت حکومت پر بیٹھ گیا[۵]

ابراہیم (ثانی) بن احمد بن محمد بن اغلب والی افریقیہ،

ابراہیم ایک بیدار مغز فرمانروا ثابت ہوا، خود صاحب علم و فضل تھا اسکے ساتھ نظم مملکت کی بہترین

---

[۱] نہایۃ الارب حوادث ۲۵۵ھ و اماری ص ۴۳۳ [۲] الحلۃ السیراء اماری ص ۳۳۴ [۳] نویری نے "احمد بن یعقوب بن عمر" لکھا ہے لیکن "یعقوب" کا اضافہ صحیح نہین معلوم ہوتا، ابن اثیر نے اس کا اس کے عزل کے موقع پر ذکر کیا ہے، اس مین "احمد بن عمر بن عبداللہ" ہے، [۴] نہایۃ الارب نویری و اماری ص ۴۳۳ [۵] ابن اثیر ج ۷ ص ۱۹۵ و ابن عذاری (ترجمہ اردو) صفحہ ۱۵۷،

صلاحیت و قابلیت رکھتا تھا، اس نے حکومت کے ہر شعبے کی طرف بذات خود توجہ کی اور نہایت مستعدی سے جزوی جزوی معاملات کی نگرانی کی خصوصاً صیغہ فوج اور صیغہ عدالت کی نگرانی اپنی ذات سے نہایت خصوصیت کے ساتھ متعلق رکھی چنانچہ ہر پنجشنبہ اور سہ شنبہ کو جامع قیروان مین بیٹھکر داد خواہون کی داد رسی کرتا، اسی طرح اس کے عہد مین اور بھی متعدد نمایان ترقیان ہوئین، سواحل پر خاطلتی چوکیان تعمیر کین، خبر رسانی کا ایسا مکمل انتظام کیا، کہ شب کو بندرگاہ سوسہ پر آگ روشن ہوتی، اور سلسلہ بہ سلسلہ وہ اسکندریہ تک پہنچ جاتی،[1]

اس کے نظم و نسق کی اس فطری استعداد کا اثر صقلیہ پر بھی ہوا، اور یہی وہ فرمانروا ہے، جسکے ہاتھون صقلیہ کا چپہ چپہ اسلامی حکومت کے زیر اقتدار آگیا،

فوجشنی اس نے صقلیہ کی ولایت پر ابو مالک احمد المعروف بہ جبشی کو برقرار رکھا، اور اوسکی پیشقدمیان اس عہد مین بھی برابر جاری رہین، چنانچہ ایک مرتبہ موسم گرما مین ایک لشکر کے ساتھ سرقوسہ کو روانہ ہوا، خود نواح سرقوسہ مین رہا، اور فوج کے مختلف دستے جا بجا پھیلا دئے جنھون نے رومی مقبوضات کے مختلف اطراف مین غارتگری کی، اور کثیر مال غنیمت حاصل کیا، اور اس کے بعد لشکر بلرم واپس آگیا، پھر کچھ دنون کے بعد ایک دوسری فوجکشی مین قلعہ نصر پر حملہ آور ہوا، یہان رومیون سے معرکہ آرائی ہوئی جنھون نے شکست کھائی، قلعہ کی دولت و ثروت مسلمانون کا مال غنیمت بنی، ایک کثیر جماعت تہ تیغ ہوئی، اور بہت سے زندہ گرفتار ہوئے، جنکو ابو مالک اپنے ساتھ بلرم لیتا آیا،

عزل و جانشینی ابراہیم کے عہد حکومت مین ابو مالک کے یہی چند ہی دن گذرے تھے کہ ۲۶۴ھ مین افریقیہ سے اس کی معزولی کا پروانہ آگیا، اور امیر جعفر بن محمد[2] نے آکر حکومت سنبھالی،

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۴۹ [2] اعمال الاعلام دریا دگاری مضامین ج ۲ ص ۱۴۷ اعمال الاعلام مین اس کا نام ابو جعفر بن محمد ہے، لیکن دیگر مورخین جعفر بن محمد لکھتے ہین،

جعفر بن محمد والی صقلیہ (۱۱)

۲۶۴ھ
۲۷۷ھ

جعفر کا تقرر اور صقلیہ مین مجبون کی جلاوطنی

جعفر بن محمد ابراہیم بن احمد کے معتمدین مین تھا یہ ایک لشکر کے ساتھ افریقہ سے روانہ ہوا، اور ۲۶۴ھ مین صقلیہ پہنچا، جعفر کا یہ لشکر موالی اغالبہ پر مشتمل تھا، ابراہیم جب سے تخت حکومت پر بیٹھا تھا، اسکو دوسرے فرمانروایان اغالبہ کے خلاف ابوعقال کے اوس محضر نامہ کے باعث بعض ایسے حالات سے دوچار ہونا پڑا کہ افریقہ کی سیاسیات مین اوس کو مخصوص روش اختیار کرنی پڑی اسی سلسلہ مین موالی اغالبہ سے اس کی آویزش ہوئی، اور بعض صورتین ایسی پیش آگئین کہ بغاوت نمودار ہوگئی جسکی تفصیل ہمارے لئے حاصل ہے لیکن ابراہیم نے اوسی زمانہ مین ان موالی کو گرفتار کیا اور پاداش جرم مین انھین قتل کرنے اور قیروان کے قید خانہ مین دائم الحبس کی سزا دینے کے علاوہ ان کی عام قوت کو شکستہ کرنے کیلئے ایک بڑی جماعت کو صقلیہ جلاوطن کر دیا، چنانچہ جعفر بن محمد اپنے فرمان ولایت کے ساتھ جس لشکر کی قیادت ہاتھ مین لیے ہوئے صقلیہ مین داخل ہوا، اوس مین اس شورہ پشت جماعت کا غالب عنصر موجود تھا،

اسی کے ساتھ ابراہیم نے خانوادۂ اغالبہ کے اون ممتاز شہزادون کو جو اوس کی مخالف جماعت کے سرگروہ تھے، گرفتار کیا، اور انھین صقلیہ بھیج دیا، خانوادۂ اغالبہ کے اون ارکان مین سے ایک اس کا حقیقی چچا اغلب بن محمد بن (ابی) اغلب اور اس کا حقیقی بھائی اغلب بن احمد اور ایک وہی بدبخت بھتیجا ابوعقال احمد بن ابی عبداللہ تھا، یہ لوگ صقلیہ لائے گئے، اور والی صقلیہ جعفر بن محمد کے قصر مین قید کر دئے گئے، اور وہ جلاوطن موالی صقلیہ کی فوج مین داخل کر دئے گئے[1]

ان شاہزادگان افریقہ و موالی اغالبہ کے صقلیہ مین جلاوطن ہو کر آنے سے یہان اچھے اور برے

---

[1] نہایۃ الارب باب اخبار افریقہ والمغرب حوادث ۲۶۴ھ دراماری ص ۴۴۹، اخبار الاندلس جلد ۲ ص ۳۵، و اعمال الاعلام دیار گاری مقامین ج ۲ ص ۴۷۳،

دونوں نتائج پیدا ہوئے۔ بُرے نتائج تو بعد میں ظاہر ہوئے لیکن فوری طور پر اس کا خوشگوار پہلو یہ سامنے آیا کہ اسلامی حکومت صقلیہ کی فوجی طاقت بہ نسبت پہلے کے بہت زیادہ بڑھ گئی، اور امیر جعفر بن محمد نے اسی شورید سر و آمادۂ فساد عنصر پر بھروسہ کر کے صقلیہ میں ایک نہایت اولوالعزمانہ اقدام کیا۔

محاصرۂ سرقوسہ | چنانچہ اس نے زمام حکومت سنبھالتے ہی رومی مقبوضات صقلیہ میں فوجی پیشقدمیاں جاری کر دیں، فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے رومی علاقہ کی مختلف سمتوں میں بھیج دیتا، جو کثیر مال غنیمت سے لدے پھندے بلرم واپس آجاتے[1]

ان ابتدائی مہموں سے فارغ ہو کر فوج کو سرقوسہ کے حملہ کیلئے نئے سرے سے آراستہ کیا، اور پھر ایک عظیم الشان لشکر مرتب کر کے بڑے ساز و سامان اور ہر قسم کے نو ایجاد آلات جنگ سے مسلح ہو کر بلرم سے روانہ ہوا،

جعفر کی منزل مقصود اگرچہ سرقوسہ تھی لیکن ابتداءً رومی مقبوضات کے اہم شہر سرقوسہ قطانیہ طرمین اور رمطہ وغیرہ کے گرداگرد ایک عام گشت لگایا، اور ہر جگہ سے وافر مقدار میں سامان رسد فراہم کیا اور جب سد کی طرف سے بھی مطمئن ہو گیا، تو سرقوسہ پہنچ کر ڈیرے ڈال دئے،

اب تک سرقوسہ پر عربوں کی جو جو کوششیں ہو چکی تھیں، جعفر ان تمام حالات سے ناآشنا نہ تھا، اس لئے اس نے ایسی اہم جنگی تیاریاں کیں، جو اس کے تمام پیشرو ولاۃ کی مساعی سے سبقت لے گئیں، مثلاً محاصرۂ سرقوسہ میں قلعہ شکنی کے لئے مسلمان انجینیروں سے ایسی منجنیقیں تیار کرائی گئیں جن سے عربوں کے آلات جنگ میں ایک معتد بہ اضافہ ہوا، ان کے نشانے کج ہونے کے بجائے بخط مستقیم فصیل شہر پر پڑتے تھے، اس کے علاوہ قلعوں کو برباد کرنے کیلئے ایک خاص قسم کی بارود جو نار یونانیہ (آتش یونانی) کہی جاتی تھی مہیا کی گئی تھی، اسی طرح سرنگ وغیرہ کھودنے کیلئے وافر اوزار فوج کے ساتھ تھے، غرض اوس عہد کی مدنیت

[1] اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ صـ ۲۴۳،

مین محاصرہ، انہدام قلعہ اور فتح کے لئے جو ضروری سامان ملسکتے تھے، وہ سب اس لشکر کے ساتھ تھے، اسی کے ساتھ اوس نے اس بڑی لشکر کے علاوہ بحری محاصرہ کے لئے بھی بڑا بھیج دیا تھا، چنانچہ جب مسلمانون کا یہ لشکر سرقوسہ پہنچا، تو اوس نے خشکی کی طرف نہایت سخت محاصرہ کرنے کے علاوہ ساحل کی طرف سے بھی نہایت مکمل ناکہ بندی کرادی، اور اسلامی لشکر کے پہنچتے ہی سرقوسہ ہر چہار طرف سے محاصرین سے محصور ہوگیا،

ربض شہر پر قبضہ

اس شدید بحری و بری محاصرہ کا پہلا اثر یہ ہوا کہ بیزنطی فوج شہر سرقوسہ کی بیرونی آبادی سے جسکو عرب ربض مدینہ کہتے ہین پسپا ہوگئی، مسلمانون کے لئے "ارباض سرقوسہ" پر یہ غیر متوقع قبضہ ایک فال نیک تھا، وہ نہایت جوش و خروش سے شہر کے بیرونی دروازے سے ربض مین داخل ہوئے، یہان انھین میدان محاصرہ مین خیمے اور قناتین نصب کرنے کے بجائے نہایت سرفلک محل شہرون کے خوشنما مکان اور خدائے واحد کی پرستش کے لئے مقدس عبادتگاہین مل گئین، اور یہین مقیم ہوکر محاصرہ کی کارروائیان براطمینان جاری ہوگئین،

ربض شہر کے بعد تقریبًا سو گز سے کچھ زیادہ عریض ایک خندق تھی، بیزنطی لشکر نے خندق کے اوس طرف مورچہ جمایا، اور ان دونون دشمنون کو یہی سو گز کا فاصلہ ایک دوسرے سے جدا کئے ہوئے تھا، پھر بیزنطی لشکر کی پشت پر اندرون شہر کی آہنی فصیل تھی،

حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کا امدادی بیڑا اور اوس کی بربادی

لیکن ابھی تیر اندازی چلنے بھی نہین چڑھانے پائے تھے کہ جعفر کو قسطنطنیہ سے ایک بیزنطی بیڑے کی آمد کی خبر ملی، یہ اسکل مقدونی کی وہ بروقت مدد تھی جو صقلیہ کے اس قدیم پرعظمت شہر کی حفاظت کے لئے آرہی تھی، لیکن ادھر جعفر کی بحری تیاری بھی پہلے سے مکمل تھی، اس نے ایک زبردست جنگی بیڑا مدافعت کے لئے روانہ کیا، جس نے آگے بڑھ کر راستہ روک لیا، اور پھر اس اسلامی بیڑے کو اس پر ایسی کامیاب فتحمندی ہوئی کہ رومیون کے تمام جہاز مسلمانون کے قبضہ مین آگئے،

بحری کامیابی کا خوش آیند نتیجہ

یہ دوسرا خوش آیند نتیجہ تھا، جو مسلمانون کو اس محاصرہ کے آغاز ہی مین حاصل ہوگیا، جو درحقیقت اپنے اثرات کے لحاظ سے پورے محاصرہ کی اصل جان ہے، اس واقعہ سے محاصرین و محصورین دونون کو دوجداگانہ حالات پیش آئے، یہ بزنطی ممالک اگر ایک طرف محصورین کے لئے امید کی سب سے آخری کرن تھی، تو دوسری طرف یہ محاصرین کے لئے دشمنون کی سب سے زیادہ پرخطر طاقت تھی، چنانچہ ابن اثیر کی تصریح کے مطابق مسلمانون نے اس بحری فتحمندی کے بعد محاصرہ کے لئے "اطمینان کمال" ڈیرے ڈال دیئے، اور اسلامی لشکر نہایت سکون و اطمینان سے محاصرہ مین مصروف ہوگیا[1]،

جعفر کی دارالحکومت بلرم کو مراجعت

جب جعفر نے مہم سرقوسہ کی یہ اطمینانی شکل دیکھی، تو خود اپنی موجودگی زیادہ ضروری نہین سمجھی، اور کسی ضرورت سے بلرم چلا آیا،

جعفر پر قاتلانہ حملہ اور انقلاب حکومت

لیکن یہ کیا معلوم تھا کہ یہان اسکی قضا اوسکو کھینچ کرلائی ہے، اگرچہ فوج کا جو فتنہ پرداز عنصر تھا، وہ سرقوسہ کے محاصرہ مین مصروف تھا، لیکن شاہی خاندان کے کینہ پرور معزز شاہزادے اسی کے محل مین مقید تھے، ان لوگون نے اوسکی عدم موجودگی سے پورا فائدہ اوٹھایا، اور جعفر کے غلامون کو مال وزر کی طمع دلائی، اور انھین سے ساز باز کرکے اون کو اوس کے قتل پر آمادہ کرلیا، چنانچہ وہ نماز کے لئے محل سے نکلا تھا کہ اوس کے غلام اوس پر ٹوٹ پڑے، اور ایک ہی حملہ مین تہ تیغ کرڈالا،

جعفر کے مقتول ہونیکے بعد اونہی مقید اغالبہ مین سے فرمانروائے افریقیہ ابراہیم کے چچا اغلب بن محمد نے صقلیہ کی حکومت پر قبضہ کرلیا، اور کچھ دنون کے لئے صقلیہ مین ایک حکومت قائم ہوگئی جس کے قیام مین انھین کوئی دشواری پیش نہین آئی کہ سب کے سب شاہی خاندان سے تعلق رکھتے تھے، اور یہی اون لوگون کی صقلیہ مین جلاوطنی کے بُرے نتائج تھے،

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۱۲۲ اخبار الاندلس ج ۲ ص ۳۵،

اغلب بن محمد متغلب صقلیہ

۲۶۴ھ ۸۷۷ء ۲۶۵ھ ۸۷۸ء

قصر جعفر کی بربادی

اغلب بن محمد ایک متغلب کی حیثیت سے حکومت صقلیہ پر قابض ہوا اس نے سب سے پہلے مرحوم والی صقلیہ جعفر پر نظر عنایت کی اور اس کے پورے محل کو لوٹ لیا،

محاصرۂ سرقوسہ کا بدستور قائم رہنا

اس وقت مسلمانان صقلیہ کی توجہ تمام تر سرقوسہ کی طرف مبذول تھی، فوج کا جو وفادار حصہ تھا، وہ بھی سرقوسہ کے محاصرہ میں لگا ہوا تھا، اس لئے اس انقلاب حکومت کا کوئی اثر بلرم میں مترتب نہیں ہوا، بلکہ اغلب نے اپنے ہواخواہوں کو جمع کیا، اور ایک لشکر مرتب کر کے اپنے لڑکے احمد کی سرکردگی میں سرقوسہ بھیج دیا، کیونکہ اغلب نے سیاسی مصالح کے لحاظ سے بھی یہی ضروری سمجھا، کہ سرقوسہ کا محاصرہ بدستور قائم رہے، اور فتح سرقوسہ کا قابل فخر درخشندہ کارنامہ اسی کے ہاتھوں انجام پائے، چنانچہ احمد بن اغلب نے سرقوسہ پہنچکر محاصرہ کی نگرانی اپنے ہاتھ میں لے لی[1]

---

[1] اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ ص ۴۷۴، جعفر بن محمد کے قتل اور فتح سرقوسہ کی تکمیل میں مورخین کے درمیان بظاہر متضاد اختلاف ہے ایک طرف لسان الدین بن خطیب صاحب اعمال الاعلام کا بیان ہے، اس کے رو سے جعفر کا قتل حملۂ سرقوسہ سے پہلے ہوا ہے، اور سرقوسہ پر حملہ کا آغاز اغلب بن محمد متغلب کے دور سے شروع ہوتا ہے، جو اغلب کے لڑکے محمد کی سرکردگی میں اتمام کو پہنچا، دوسری طرف ابن اثیر نے ۲۶۴ھ کے حوادث میں "ذکر ملک المسلمین مدینۃ سرقوسہ" کا عنوان قائم کر کے جعفر کی سرکردگی میں اس کی فتح کے حالات لکھے ہیں، اور جعفر کے واقعہ قتل میں خاموش ہے، تیسرا بیان ابن عذاری کا ہے، وہ ۲۶۵ھ میں فتح سرقوسہ کی تکمیل کے بعد جعفر کے قتل کا تذکرہ کرتا ہے اسلئے جعفر کے واقعہ قتل میں صرف دو بیان ہیں ایک ابن عذاری کا اور دوسرا لسان الدین بن خطیب کا، موخر الذکر کا بیان تاریخ وسنہ کے لحاظ سے قطعاً مجمل ہے، اسلئے ابن عذاری کا بیان بغیر کسی رد کے قابل قبول ہے، کہ وہ ۲۶۴ھ میں مارا گیا، لیکن یہ واقعہ قتل ۲۶۴ھ میں مہم سرقوسہ سے پہلے پیش آیا، یا اس کے بعد اس میں ابن عذاری کی تائید ابن اثیر کے بیان سے چند در چند وجوہ سے نکلتی ہے، اگرچہ ابن اثیر میں واقعۂ قتل مذکور نہیں

حصار بندرگاہ کی بربادی

یہان محاذ جنگ پر بزنطی بیڑے کو جو شکست ہوئی تھی، اوس سے جنگ کا نقشہ بدل گیا تھا، مقہورین کی ہمت ایسی پست ہوگئی، کہ شہر کے شمالی حصہ پر جو فوج بندرگاہ کی حفاظت کے لئے متعین تھی، وہ پسپا ہوکر فصیل شہر کے اندر چلی گئی، مسلمانون کو موقع ملا، انھون نے بڑھکے بندرگاہ کے حصار کو جس سے اوس کی

(بقیہ حاشیہ ص ۲۳۸) بلکہ علاوہ برین ابن اثیر ۲۶۴ھ کے اگلے اور پچھلے چند سال کے صقلیہ کے حالات مین مطلق خاموش نظر آتا ہی، اوس نے صحیح طور پر ولاۃ کے تقرر کو لکھا ہے، اور نہ دوسرے حالات بیان کئے ہین، اس لئے ممکن تھا کہ ۲۶۴ھ مین سرقوسہ کی فتح کے حالات جو اوس نے قلمبند کئے ہین، وہ بھی سرسری ہون لیکن اس کے برخلاف اس مہم کے حالات سب سے مفصل اسی نے لکھے ہین، اور جو کچھ لکھے ہین، اون مین جعفر کی سرکردگی کو چھوڑکر تمام واقعات کی پوری تائید ابن عذاری اور لسان الدین کے بیان سے بھی ہوتی ہے چنانچہ ان تینون مورخین کے بیان مین کم سے کم قدر مشترک یہ متفقہ طور پر نکلتا ہے،

اول محاصرہ نو ماہ تک جاری رہا، **دوم** شہر پر قبضہ ماہ رمضان ۲۶۴ھ کی ۱۴ تاریخ کو ہوا، **سوم** اسلامی لشکر ماہ ذیقعدہ ۲۶۴ھ مین سرقوسہ سے واپس آگیا، جب یہ قدر مشترک سب مین تسلیم ہے اور تینون کے بیان یہ تاریخین اپنی اپنی جگہ موجود ہین، تو پھر انھی سے جعفر کے واقعہ قتل کے زمانہ کی تعیین بھی خود بخود ہوجاتی ہی، کیونکہ جب محاصرہ نو ماہ جاری رہا، تو اس کی ابتدا ماہ محرم ۲۶۴ھ سے ماننی پڑیگی کہ جعفر نے تمام حکومت سنبھالتے ہی مہم سرقوسہ کی تیاری کی، اور روانہ ہوگیا، اور نو ماہ کی تعیین خود لسان الدین نے اعمال الاعلام مین کی ہی، اس لئے اگر اس مہم کا آغاز اغلب متغلب کی سرکردگی مین تسلیم کیا جائے تو پھر اوس کے قتل کا واقعہ ۲۶۳ھ مین ماننا پڑے گا، اور یہ وہ زمانہ ہے، جب نہ جعفر صقلیہ آیا تھا اور نہ موالی کی بغاوت ہوئی تھی، اور نیز ابن عذاری کے بیان کے مطابق جعفر ۲۶۴ھ تک بقید حیات تھا، اس لئے واقعہ کی وہی شکل ماننی پڑیگی، جو اوپر بیان کی گئی ہی،

اس صورت واقعہ کی تائید ابن اثیر کے ایک بیان سے ہوتی ہی اس موقع پر اس کو غور سے دیکھنا چاہئے، اس نے نہ جعفر کے تقرر کا ذکر کیا ہی، اور نہ واقعہ قتل کا، صرف ذیل کے اس موقع پر اسکا پہلی اور آخری مرتبہ نام لیتا ہے،

"اسی سال ۲۶۴ھ، کی ۱۴ رمضان کو مسلمانون نے سرقوسہ فتح کیا، اور یہ صقلیہ کے عظیم ترین شہرون مین ہی، اور اسکی فتح کا سبب یہ ہوا کہ جعفر بن محمد والی صقلیہ اس پر حملہ آور ہوا، اور اسکی اور قسطانیہ،

اغلب بن محمد متغلب صقلیہ

۲۶۴ھ ۸۷۷ء سے ۲۶۵ھ ۸۷۸ء

قصر جعفر کی بربادی

اغلب بن محمد ایک متغلب کی حیثیت سے حکومت صقلیہ پر قابض ہوا اس نے سب سے پہلے مرحوم والی صقلیہ جعفر پر نظر عنایت کی اور اس کے پورے محل کو لوٹ لیا،

محاصرۂ سرقوسہ کا بدستور قائم رہنا

اس وقت مسلمانان صقلیہ کی توجہ تمام تر سرقوسہ کی طرف مبذول تھی، فوج کا جو وفادار حصہ تھا، وہ بھی سرقوسہ کے محاصرہ میں لگا ہوا تھا، اس لئے اس انقلاب حکومت کا کوئی اثر بلرم میں مترتب نہیں ہوا، بلکہ اغلب نے اپنے ہواخواہوں کو جمع کیا، اور ایک لشکر مرتب کر کے اپنے لڑکے احمد کی سرکردگی میں سرقوسہ بھیج دیا، کیونکہ اغلب نے سیاسی مصالح کے لحاظ سے بھی یہی ضروری سمجھا، کہ سرقوسہ کا محاصرہ بدستور قائم رہے، اور فتح سرقوسہ کا قابل فخر درخشندہ کارنامہ اسی کے ہاتھوں انجام پائے، چنانچہ احمد بن اغلب نے سرقوسہ پہنچکر محاصرہ کی نگرانی اپنے ہاتھ میں لے لی،[1]

---

[1] اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ ص ۴۷۴، جعفر بن محمد کے قتل اور فتح سرقوسہ کی تکمیل میں مورخین کے درمیان بظاہر متضاد اختلاف ہے ایک طرف لسان الدین بن خطیب صاحب اعمال الاعلام کا بیان ہے، اس کے رو سے جعفر کا قتل حملۂ سرقوسہ سے پہلے ہوا ہے، اور سرقوسہ پر حملہ کا آغاز اغلب بن محمد متغلب کے دور سے شروع ہوتا ہے جو اغلب کے لڑکے محمد کی سرکردگی میں اتمام کو پہنچا، دوسری طرف ابن اثیر نے ۲۶۴ھ کے حوادث میں "ذکر ملک المسلمین مدینۃ سرقوسہ" کا عنوان قائم کر کے جعفر کی سرکردگی میں اس کی فتح کے حالات لکھے ہیں، اور جعفر کے واقعہ قتل میں خاموش ہے، تیسرا بیان ابن عذاری کا ہے، وہ ۲۶۵ھ میں فتح سرقوسہ کی تکمیل کے بعد جعفر کے قتل کا تذکرہ کرتا ہے اسلئے جعفر کے واقعہ قتل میں صرف دو بیان میں ایک ابن عذاری کا اور دوسرا لسان الدین بن خطیب کا، موخر الذکر کا بیان تاریخ وسنہ کے لحاظ سے قطعاً مجمل ہے، اسلئے ابن عذاری کا بیان بغیر کسی رد کے قابل قبول ہے، کہ وہ ۲۶۴ھ میں مارا گیا، لیکن یہ واقعہ قتل ۲۶۴ھ میں مہم سرقوسہ سے پہلے پیش آیا، یا اس کے بعد، اس میں ابن عذاری کی تائید ابن اثیر کے بیان سے چند در چند وجوہ سے نکلتی ہے، اگرچہ ابن اثیر میں واقعۂ قتل مذکور نہیں

حصار بندرگاہ کی بربادی

یہان محاذ جنگ پر بزنطی بیڑے کو جو شکست ہوئی تھی، اوس سے جنگ کا نقشہ بدل گیا تھا، مقہورین کی ہمت ایسی پست ہوگئی، کہ شہر کے شمالی حصہ پر جو فوج بندرگاہ کی حفاظت کے لئے متعین تھی، وہ پسپا ہوکر فصیل شہر کے اندر چلی گئی، مسلمانون کو موقع ملا، انھون نے بڑھکے بندرگاہ کے حصار کو جس سے اوس کی

(بقیہ حاشیہ ص ۲۳۸) بلکہ علاوہ برین ابن اثیر ۲۶۴ھ کے اگلے اور پچھلے چند سال کے صقلیہ کے حالات مین مطلق خاموش نظر آتا ہی، اوس نے صحیح طور پر ولاۃ کے تقرر کو لکھا ہے، اور نہ دوسرے حالات بیان کئے ہین، اس لئے ممکن تھا کہ ۲۶۴ھ مین سرقوسہ کی فتح کے حالات جو اوس نے قلمبند کئے ہین، وہ بھی سرسری ہوتے لیکن اس کے برخلاف اس مہم کے حالات سب سے مفصل اسی نے لکھے ہین، اور جو کچھ لکھے ہین، اون مین جعفر کی سرکردگی کو چھوڑکر تمام واقعات کی پوری تائید ابن عذاری اور لسان الدین کے بیان سے بھی ہوتی ہے چنانچہ ان تینون مورخین کے بیان مین کم سے کم قدر مشترک یہ متفقہ طور پر نکلتا ہے،

اول محاصرہ نوماہ تک جاری رہا، **دوم** شہر پر قبضہ ماہ رمضان ۲۶۴ھ کی ۱۴ تاریخ کو ہوا، **سوم** اسلامی لشکر ماہ ذیقعدہ ۲۶۴ھ مین سرقوسہ سے واپس آگیا، جب یہ قدر مشترک سب مین تسلیم ہے اور تینون کے یہان یہ تاریخین اپنی اپنی جگہ موجود ہین، تو پھر انھی سے جعفر کے واقعہ قتل کے زمانہ کی تعیین بھی خود بخود ہوجاتی ہی، کیونکہ جب محاصرہ نوماہ جاری رہا، تو اس کی ابتدا ماہ محرم ۲۶۴ھ سے ماننی پڑیگی کہ جعفر نے تمام حکومت سنبھالتے ہی مہم سرقوسہ کی تیاری کی، اور روانہ ہوگیا، اور نوماہ کی تعیین خود لسان الدین نے اعمال الاعلام مین کی ہی، اس لئے اگر اس مہم کا آغاز غلبہ متغلب کی سرکردگی مین تسلیم کیا جاتا تو پھر اوس کے قتل کا واقعہ ۲۶۳ھ مین ماننا پڑے گا، اور یہ وہ زمانہ ہے، جب نہ جعفر صقلیہ آیا تھا اور نہ موالی کی بغاوت ہوئی تھی، اور نیز ابن عذاری کے بیان کے مطابق جعفر ۲۶۴ھ تک بقید حیات تھا، اس لئے واقعہ کی وہی شکل ماننی پڑیگی، جو اوپر بیان کی گئی ہی،

اس صورت واقعہ کی تائید ابن اثیر کے ایک بیان سے ہوتی ہی اس موقع پر اس کو غور سے دیکھنا چاہیے، اس نے جعفر کے تقرر کا ذکر کیا ہی، اور نہ واقعہ قتل کا، وہ صرف ذیل کے اس موقع پر اسکا پہلی اور آخری مرتبہ نام لیتا ہے،

"اسی سال ۲۶۴ھ، کی ۱۴ رمضان کو مسلمانون نے سرقوسہ فتح کیا، اور یہ صقلیہ کے عظیم ترین شہرون مین ہی، اور اسکی فتح کا سبب یہ ہوا کہ جعفر بن محمد والی صقلیہ اس پر حملہ آور ہوا، اور اسکی اور قطانیہ،

حفاظت ہوتی تھی، منہدم کردیا،

اوس کے بعد آبنائے پر دونون فوجین آمنے سامنے تھین، دونون مین مقابلہ ہوا، اور ایک نہایت خونریز جنگ پیش آئی،

محصورین کے اقدام آغاز جنگ کے ساتھ ہی مسلمانون نے اپنی منجنیق نصب کردی، اسکی باڑھ سے فصیل کی دیوار روز بروز کمزور ہوتی گئی، دوسری طرف ناریونانیہ سے آتش باری شروع ہوئی جس سے آبادی مین ایک ہل چل پڑ گئی، اسلامی لشکر کی یہی شعلہ فشانی شبانہ روز جاری رہی جس سے رفتہ رفتہ محصورین مین عام پریشانی پھیل گئی، پھر سامان رسد مین بھی کمی ہوئی، اور جب غلہ کمیاب ہوا، تو گھوڑے اور گدہے کھائے گئے، اور پھر ان کی بھی ایسی کمیابی ہوئی کہ ایک ایک گدہے کا کلہ بیس بیس اشرفیون مین فروخت ہونے لگا، پھر جانورون کی کھالین

(بقیہ حاشیہ ص ۲۳۹)

طبرین در مرطہ بغیر دمی مقیم ضات صقلیہ کی زراعت برباد کی پھر سرقوسہ پہنچا، اور اس کا بری و بحری محاصرہ کرلیا اور اس کے بعض شہر کے حصون پر قابض ہوگیا اور جب روم کے جہاز سرقوسہ کی امداد کے لیے آئے تو اوس نے جنگی بیڑا روانہ کیا جس نے رومی جہازون پر فتح پائی، اور اسوقت وہ اطمینان سے محاصرہ کرسکے، چنانچہ لشکر نے نوتہینے محاصرہ قائم رکھا"۔

ابن اثیر یہان تک کے حالات کو جعفر کی طرف منسوب کرتے ہوئے بیان کرتا ہی، اس کے بعد ہی جعفر کا تذکرہ موقوف ہوتا ہی، اور صیغہ مجہول "وفُتِحَت"، "قُتِل"، اور اسلامی لشکر کا تذکرہ بصیغہ جمع "راقاتلوا"، "صدموھا"، "فانھزموا"، "وانصرف المسلمون الی بلدھم"، وغیرہ الفاظ سے اپنا مفہوم ادا کیا ہی،

ابن اثیر کا یہی طرز بیان ہے، جس نے میرے سامنے ان متضاد بیانون کی تطبیق کی یہ صورت پیدا کردی، اور مین نے اون سب بیانون کو سامنے رکھتے ہوئے واقعہ کی وہی مرتب شکل تیار کی، جو اوپر پیش ہوئی ہی، کہ حملہ کا آغاز جعفر کے ہاتھون ہوا، اور اختتام احمد بن اغلب کے ہاتھون،

لسان الدین کی اس مطبوعہ عبارت مین جعفر کا نام "ابوجعفر بن محمد" ہی، اور آگے چل کر اوسکو "ابوحجر" کے نام سے موسوم کیا ہی، غالباً یہ نسخہ کی غلطی ہے، ورنہ ممکن ہی "جعفر کی کنیت" ابوحجر" ہو، اور شروع مین جو "ابوجعفر" چھپا ہی، وہ "ابوحجر جعفر بن محمد" ہو (ابن اثیر ج ۷، ص ۲۲۲، اعمال الاعلام دریاد گاری ج ۲ صفحہ ۴۷۵، وابن عذاری (اردو) صفحہ ۱۵۸ و ۱۵۹)

اور ہڈیاں خوراک بنیں، پھر دیوارے کائی کھرچ کھرچ کر چبانے لگے اور بالآخر یہ دردناک و الم انگیز لمحہ بھی آپہنچا۔ کہ اپنے ہی مقتول عزیز و اقارب کی بوٹیاں نوچ نوچ کر چبائی گئیں۔ اور پھر محصورین کی اس حالت زار کا اثر قدرۃً شہر کی آب و ہوا پر پڑا، اور سارے شہر میں عام وبا پھیل گئی، جس سے شہر کی ایک خاصی آبادی نذر اجل ہوگئی،

بیچ کا انہدام

لیکن ان تمام آلام و مصائب کے باوجود محصورین کمال پامردی و اولوالعزمانہ ہمت سے محاذ جنگ سے پیچھے نہیں ہٹے لیکن دوسری طرف مسلمان بھی آخری فیصلہ کے انتظار میں دہن جمے ہوئے تھے، آخر محاصرہ کو کامل آٹھ مہینے اسی طرح گذر گئے، اور ادھر فصیل پر منجنیق کی پیہم باڑھ پڑ رہی تھی، گولے بخط مستقیم ایک ہی نقطہ پر پہنچ پہنچ کر فصیل کو کمزور کر رہے تھے، اور پھر مسلمانوں نے ایک نقب زن آلہ دبابہ کو فصیل کی ایک برج سے لگا دیا، جس سے اس کی بنیاد روز بروز کھوکھلی ہونے لگی، آخر کامل ایک ماہ کے بعد یہ برج مسمار ہوگیا، اس کوہ پیکر کا ہٹنا تھا، کہ دونوں طرف سے زہر میں بجھی تلواریں نیام سے نکل پڑیں اور دست بدست لڑائی شروع ہوگئی، مسلمان اپنی فاتحانہ حوصلہ مندیوں سے سرمست تھے، اور عیسائی اپنے وطن کی آخری مقدس قربانگاہ پر دیوانہ وار نثار ہو رہے تھے،

مصریوں کا جوش جنون

ممکن تھا کہ فصیل کے مسمار ہوتے ہی سرقوسہ کی عیسائی آبادی اپنے آپ کو فاتحین کے رحم و کرم پر چھوڑ دیتی، اور پھر اسی سلوک کی مستحق ہوتی، جو ایسے موقعوں پر مسلمان دریا دلی سے مفتوح شہروں کے ساتھ کرتے آئے تھے لیکن سرقوسہ کے مقدس پوپوں اور راہبوں نے حضرت مسیحؑ کے ان معصوم بچوں کو کچھ ایسا جنون آمیز سبق پڑھا دیا تھا کہ مسیحیت کا ہر نام لیوا شہر پناہ سرقوسہ کے نیچے مسلمانوں کے آب شمشیر سے سیراب ہونے کو ابدی سعادت کا مستحق سمجھتا تھا، یہانتک کہ جنون آمیز جوش و خروش سے عورتیں اور بچے بھی حسب استطاعت جنگ میں شریک ہو کر حصول ثواب میں مصروف تھے اور مقدس پادری اپنے مقدس لباس زیب تن کئے دعائیں پڑھ پڑھ کر مسیحیوں کے دل بڑھا رہے تھے، اسلئے جب مسلمانوں نے فصیل ٹوٹنے کے

بعد یہ رنگ دیکھا کہ عاجزی و درماندگی کے بجائے جنون آمیز جوش و خروش سے خونچکان تلوارین بلند ہین، تو وہ بھی بے جگری سے ٹوٹ پڑے اور فصیل کا مسمار شدہ حصہ مردون کے تودہ سے پٹ کر وہ چند بلند ہو گیا، لیکن باایں ہمہ مجبورین پامردی سے محاذ جنگ پر قائم رہے، چنانچہ باوجودیکہ فصیل منہدم ہو چکی تھی، لیکن کہا جاتا ہی کہ بیزنطی لشکر اس پامردی سے مورچے قائم کئے رہا کہ مسلمان بیس دن تک ایک انچ آگے نہ بڑھ سکے،

جب اسلامی سپہ سالار نے جنگ کا یہ نقشہ دیکھا، تو ایک دوسری حکمت عملی اختیار کی، فوج کو پیچھا ہونے کا حکم دیا، بیزنطی سپہ سالار بیس دن کی متواتر جنگ سے تھک کر چور ہو گیا تھا، اس لئے اس موقع پر اوس نے منہدم فصیل کے گرد فوج کا ایک دستہ متعین کر دیا، اور خود آرام لینے چلا گیا،

فتح سرقوسہ | اسلامی سپہ سالار کی یہ حکمت عملی کامیاب ہوئی، مسلمانون نے پھر منجنیق کی باڑھ نشانہ پر لگا دی اور چشم زدن مین اوس محافظ بیزنطی لشکر کا خاتمہ ہو گیا، پھر منجنیق کے گولے عالیشان مکانون کو زمین بوس کرنے لگے اور اوس کے بعد ہی مسلمان نعرۂ تکبیر بلند کرتے ہوئے شہر مین گھس پڑے،

اب سرقوسہ کی تمام آبادی مسلمانون کے رحم و کرم پر تھی، لیکن عیسائیون نے مسلمانون کے حسن سلوک سے فائدہ اوٹھانے کے بجائے دیوانگی سے مجنونانہ طرز عمل اختیار کیا، یہ مذہبی دیوانے مسلمانون کے سامنے آآکر رسول اکرم صلعم کو سب و شتم کرتے اور حیات جاوید کے خواہان ہوتے، اسلامی فوج مین بھی افریقہ کے وحشی موجود تھے، ان کی بھی مذہبی فریفتگی ضرب المثل ہی، جب آنحضرت صلعم پر (خاکم بدہن) گالیون کی بوچھار ہونے لگی، تو ان مذہبی مجنونون پر یہ مذہبی دیوانے بھی ٹوٹ پڑے اور تھوڑے ہی وقفہ مین فصیل، قلعے، اور عالیشان مکان کے تودون کے گرد ہزارون کشتون کے پشتے قائم ہو گئے، اور عرب مورخین کی تصریح کے بموجب صرف چند شہری زندہ باقی بچ گئے،

اس موقع پر بیزنطی حکومت کے ایک وفادار صوبہ دار کا تذکرہ کرنا ناانصافی ہو گی، کہ اوس نے حیرت انگیز اولوالعزمانہ بہادری کی مثال قائم کی، وہ شریدہ سپاہیون کو لیکر فصیل کی ایک برج پر چڑھ گیا، اور چوبیس گھنٹہ

تک مقابلہ کرتا رہا، اس کے سر ہوتے ہی سرقوسہ پر اسلامی پرچم لہرا دیا گیا اور فتح سرقوسہ کی یہ مہم نو ماہ کے محاصرہ کے بعد یوم چہارشنبہ ۱۴ رمضان المبارک ۲۶۴ھ کو اتمام کو پہنچی،

تعداد مقتولین

مقتولین کی اس طویل جنگ مین رومی مقتولین جنگ کی تعداد عرب مورخین کی تصریح کے مطابق چار ہزار سے زیادہ ہی[1]

مال غنیمت

سرقوسہ صقلیہ کے دولتمند ترین شہرون مین تھا، اس لئے یہان حسب موقع مال غنیمت کا ایک انبار لگا ہوا تھا، عام عرب مورخین لکھتے ہین کہ

"یہان اسقدر دولت و ثروت حاصل ہوئی کہ کسی دوسرے شہر مین حاصل نہین ہوئی تھی"۔

اور ایک چشمدید گواہ تھیودوسی یش کا بیان ہو کہ مال غنیمت کی تعداد نو لاکھ بیزنطی سکہ تھی، اور ابن القوطیہ کو غالبًا صاحب الملال مصر نے ۲۰۰۰۰۰ ریال سے موسوم کیا ہی[2] اس کے علاوہ مسلمانون نے سرقوسہ کے رئیس الاساقفہ اور تین دوسرے راہبون کے ذریعہ گرجا کے مقدس طلائی و نقرئی مرصع ظروف کا سراغ لگایا، جن کا وزن پانچ ہزار پونڈ بتایا جاتا ہے، اب ان کی قیمت صنعت و ندرت کے لحاظ سے جو کچھ بھی قرار پائی ہو،

انہدام سرقوسہ

فتح سرقوسہ کی تکمیل کے بعد اسلامی لشکر دو مہینے یہان مقیم رہا لیکن شہر قدیم باشندون سے سنسان ہو گیا تھا، سرقوسہ کی شہری آبادی جنگ سے پیشتر ہجرت کر چکی تھی، باشندون مین جو قدر لڑنے والے تھے اولًا وہا کی نذر ہوے، اور پھر جو باقی بچے وہ جنگ مین کام آے، اس لئے فتح سرقوسہ کے بعد یہان بجز مسلمانون

---

[1] یورپین مورخین کا بیان اس سے مختلف ہے، وہ سرقوسہ مین مسلمانون کے مظالم اور قتل و خونریزی کی ایک طویل داستان لکھتے ہین، جو تمامتر مبالغہ آمیز ہے، عرب مورخین مین سے ابن عذاری اور لسان الدین بن الخطیب نے بہ تصریح یہی تعداد بیان کی ہی، عرب مورخین مقتولین کی تعداد کو کم دکھانے کے عادی نہین، یہ ان کے نزدیک محاسن مین داخل تھا، کہ ان کے خیال مین مقتولین کی کثرت تعداد بھی جوہر شجاعت کا ایک ثبوت تھا، [2] الملال مصر ج ۲ نمبر ۵،

کے اور کوئی موجود نہ تھا، موجودہ متغلب صقلیہ اغلب بن محمد نے یہاں مسلمانوں کو آباد کرنا مناسب نہ سمجھا، پھر اس لئے کہ آیندہ بیزنطی لشکر شہر میں آکر نئے استحکامات کے ساتھ اوس کو دوبارہ کام میں نہ لاسکے اوس نے اوس کے ڈھا دینے کا فیصلہ کیا، اور فتح سرقوسہ کے دو مہینے کے بعد احمد کے پاس جو اسلامی لشکر کے ساتھ یہاں مقیم تھا، شہر کے انہدام کا فرمان پہنچا، اور اواخر ماہ ذیقعدہ ۲۶۴ھ میں اس پر عظمت تاریخی شہر کی اینٹ سے اینٹ بجادی گئی جسکی ایک ایک اینٹ صقلیہ میں یونانی اور رومی تہذیب کی آخری یادگار تھی[1]

بیزنطی بیڑے کی آخری کوشش

انہدام سرقوسہ کے بعد مسلمان ابھی واپس بھی نہیں ہونے پائے تھے کہ وہی خطرہ سامنے آگیا، جسکی بنا پر اغلب نے اس کے انہدام کا آخری فیصلہ صادر کیا تھا چنانچہ حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کا ایک عظیم الشان بیڑا سرقوسہ کی بازیافت کے لئے آتا دکھائی دیا، اسلامی بیڑے نے بڑھ کے مقابلہ کیا، یہ بحری جنگ اس پر عظمت تاریخی شہر کے سلسلۂ محاربات کی آخری کڑی تھی، اسلامی بیڑا اس میں بھی فتحیاب ہوا، چار جہاز قبضہ میں آگئے، اور اوس کے تمام سپاہی تہ تیغ ہوئے، اور جو باقی رہ گئے، وہ تباہ و برباد ہو کر قسطنطنیہ واپس گئے[2]

اسلامی لشکر کی مراجعت

اسلامی لشکر اس بحری جنگ کے بعد اواخر ماہ ذیقعدہ ۲۶۴ھ میں سرقوسہ سے بلرم واپس گیا[3]

فتح سرقوسہ اور حکومت بیزنطی قسطنطنیہ

یہ عجب اتفاق ہے کہ مرکزی حکومت بیزنطی قسطنطنیہ نے موجودہ فرمانروا باسل مقدونی ہی کے عہد میں صقلیہ کے معاملات سے گہری دلچسپی لی، اور خصوصاً سرقوسہ کے بچانے کے لئے دو دو بیڑے روانہ کئے، لیکن صقلیہ میں حکومت بیزنطی کا آخری زوال اسی کے عہد میں پورا ہوا، اور اسی وجہ سے عیسائی مورخین کی طرف سے یہ سب دشنام کا نشانہ بنا، اور کہا گیا کہ فتح سرقوسہ کا کارنامہ

---

[1] اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ صفحہ ۴۷۴ و ۴۷۵ ابن اثیر ج ۷ صفحہ ۲۲۲، [2] ، واعمال الاعلام یادگاری مضامین ج ۲ صفحہ ۴۷۴، والبیان المغرب (ترجمہ اردو) صفحہ ۱۵۸،

مسلمانون نے اپنی شجاعت کو انجام نہین دیا، بلکہ یہ واقعہ قسطنطنیہ کے بزدل شہنشاہ باسل مقدونی کی مجرمانہ سستی و تساہل سے وقوع پذیر ہوا،

حالانکہ باسل ہی قسطنطنیہ کا وہ آخری فرمانروا تھا جس نے صقلیہ پر سب سے زیادہ توجہ کی، وہ ۲۵۳ھ/۸۶۷ء مین تختِ حکومت پر آیا، اور فوراً ایک زبردست جنگی بیڑا صقلیہ روانہ کیا، جسکو ۲۵۴ھ/۸۶۸ء مین مسلمانون نے اپنی محیر العقول جوانمردی سے شکست دی، پھر باسل نے اندرونِ صقلیہ مین حکومتِ اسلامی کے خلاف بغاوت کی عام لہر ڈال دی، جسکی تفصیل اوپر گذر چکی ہے، پھر اوس نے سرقوسہ کو اس قدر مستحکم کر لیا، اور بیزنطی لشکر صقلیہ کے حوصلے اس قدر بڑھا لئے کہ ۲۵۵ھ/۸۶۸ء مین اس نے اسی سرقوسہ کی دیوار کے نیچے مسلمانون کو نہایت زبردست شکست دی، لیکن پھر امر واقعہ یہ ہے کہ رفتہ رفتہ مسلمانون نے بحر و بر پر کامل اقتدار حاصل کر لیا، اور باسفورس کے اوّل و آخر بیڑے کی شکست پر فتحِ سرقوسہ کے آغاز و انجام کا تماشہ ختم ہوا،

فتحِ سرقوسہ سے صقلیہ مین گویا حکومتِ بیزنطی کا وہ پرشکوہ علم جو کئی صدیون تک یہان نہایت جاہ و جلال اور شان و شوکت سے لہراتا رہا ہمیشہ کیلئے سرنگون ہو گیا، چنانچہ مسٹر اومن باسل کے عہدِ حکومت پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہین:

"اس کے عہدِ حکومت کے وقائع مین قابلِ اعتنا واقعہ صقلیہ کا آخری زوال ہے، افریقہ کے عرب جنھون نے میکائل دوم کے عہدِ حکومت مین جزیرہ پر قدم رکھا تھا، اب ان کی تمام تگ و دو ۲۷۸ھ/۸۹۱ء مین سرقوسہ پر حملہ سے اتمام کو پہنچ گئی"[1]

اسلامی پیشقدمی کا عارضی التوا

مسٹر اومن کا یہ بیان اگرچہ نتیجہ کے اعتبار سے صحیح ہے، لیکن ابھی جزیرہ مین حکومت بیزنطی کا کچھ نہ کچھ نام و نشان باقی رہ گیا تھا، اور ان اطراف کے چند شہر طرمین اور قطانیہ وغیرہ حکومتِ بیزنطی کے علم برداروں مین باقی رہ گئے تھے، لیکن فتحِ سرقوسہ کے بعد کچھ دنون کے لئے خود عربون نے اپنی پیشقدمی ملتوی کر دی، ورنہ ان شہرون مین سے کسی مین بھی ایسی قوت نہ تھی، کہ وہ اسلامی

[1] اسٹوری آف دی سیرسنس ج، ہسٹریز ٹائن ایمپائر، صـ۲۱۴،

حکومت کی پوری طاقت کا مقابلہ کرکے بیزنطی علم کو سربلند رکھتے،

سرقوسہ کی نئی آبادی سرقوسہ اگرچہ تباہ و برباد کردیا گیا تھا لیکن مسلمانوں نے اوسکی تاریخی عظمت برقرار رکھنی چاہی اور اسی غیر مسلح بے فصیل شہر میں آکر آباد ہوگئے جس نے رفتہ رفتہ پھر ایک اچھے خاصے شہر کی حیثیت اختیار کرلی جسمیں مسلم و غیر مسلم تمام قومیں آباد تھیں، یہاں کے باشندوں میں اہل علم کی بھی ممتاز جماعت پیدا ہوئی، جنکے تذکرے دوسری جلد میں نظر آئیں گے،

باغیانہ حکومت کا خاتمہ محاصرۂ سرقوسہ کے اثنار میں صقلیہ کی حکومت میں جو اہم انقلاب ہوگیا تھا، اوس سے مسلمانان صقلیہ غافل نہ تھے لیکن اثنائے محاصرہ میں اس جانب توجہ کرنے میں خانہ جنگی برپا ہوجانے کا اندیشہ تھا جس سے اس مہم کو نقصان پہنچتا، اس لئے خاموشی سے سرقوسہ کی مہم کے انجام پانے کا انتظار کرتے رہے، چنانچہ جب سرقوسہ کی یہ مہم انجام پاگئی، تو دو مہینہ کا وقفہ بھی نہیں گذرنے پایا تھا، کہ اون متغلبین کے خلاف شورش پیدا ہوئی، اور خود باشندگان صقلیہ نے ماہ محرم ۲۶۵ھ میں اغلب بن محمد، ابو عقال اور ان کے تمام ساتھیوں کو گرفتار کرلیا، اور لوہے کی زنجیروں میں جکڑ کر افریقیہ بھیج دیا، جہاں اونھیں سزائے موت دیدی گئی[1]

صقلیہ کے نظام حکومت میں ابتری، ۲۶۵ھ سے ۲۸۳ھ تک دور اختلال اور اوس کے اسباب و نتائج، اگرچہ صقلیہ کی اس باغیانہ حکومت کا ان سرکشوں کے استیصال سے بظاہر خاتمہ ہوگیا لیکن یہاں افریقیہ کے مجرموں کا مستقر بنجانے سے فتنہ و فساد کی ایسی تخم ریزی ہوگئی تھی کہ ایک مدت تک حکومت اغالبہ یہاں کامل امن و امان قائم کرنے میں کامیاب نہ ہوسکی، کیونکہ اوس جلاوطن گروہ کے افراد کو جنمیں وہاں کے معززین و ذی اثر باشندے بھی تھے، صقلیہ کے باشندوں میں بہت جلد ہر دلعزیزی حاصل ہوگئی، یہ لوگ بغاوت کی چنگاریاں افریقیہ سے اپنے ساتھ لائے تھے، جلاوطن موالی کی ایک کثیر تعداد ان کے ساتھ تھی، اس لئے انھیں اپنے مقصد میں

[1] اعمال الاعلام دریادگاری ج ۲ ص ۲۴۴ البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۵۹،

یہان بھی بہت جلد کامیابی حاصل ہوگئی ان لوگون نے اولاً موالی و دیگر جلاوطن لوگون سے مخالفین حکومت کی ایک مستحکم جماعت تیار کرلی اور پھر مسلمانان صقلیہ کے درمیان مختلف جذبات برانگیختہ کرکے اپنی تفرقہ اندازی سے انھین ٹکڑون ٹکڑون مین تقسیم کردیا،

ادھر صقلیہ مین یہ بغاوت انگیزی ہورہی تھی، اور ادھر افریقیہ مین بھی بعض ایسے حالات پیش آگئے کہ ان کا اثر صقلیہ پر نہایت ناخوشگوار پڑا، فرمانروائے افریقیہ ابراہیم کو عنان حکومت سنبھالے ہوئے چند سال گذرے تھے کہ وہ ایک دماغی مرض مین مبتلا ہوگیا، اور اسکی طبیعت پر مراق کا اثر پیدا ہوگیا لیکن اس کے باوجود وہ عنان حکومت ہاتھ مین لئے رہا، اور اس کے ادنیٰ اشارے پر بڑے بڑے اکابر سلطنت، امراء، روساء، علماء، اور خود اس کے عزیز و اقارب قتل ہونے لگے، جس سے یہان کے نظام حکومت مین بھی اختلال آگیا، اور جگہ جگہ علم بغاوت بلند ہوگئے، چنانچہ صرف ۲۸۲ھ/۸۹۵ء مین تونس، جزیرۂ اربس، باجہ وغیرہ نے کچھ ہی دنون آگے پیچھے باری باری بغاوت کا اعلان کیا، اور پھر اسی طرح سارے افریقیہ مین ایسی بغاوت پھیل گئی، کہ حکومت افریقیہ کے قبضہ و اقتدار مین سمندر کا صرف ساحلی علاقہ اور مشرق مین طرابلس کا کچھ حصہ باقی رہ گیا، اس سے صقلیہ کے باغیون کو مزید تقویت پہنچی،

علاوہ ازین افریقیہ کے نظام حکومت مین حکومت صقلیہ کی نگرانی ایک خاص حاجب (وزیر) کے سپرد تھی، جب افریقیہ کی وزارت مین ردوبدل ہونے لگا، تو صقلیہ کے عہدۂ ولایت مین بھی عزل و نصب کا سلسلہ جاری ہوگیا، آج ایک حاجب نے صقلیہ پر ایک والی کو مقرر کیا، تو کل کسی دوسرے نے اوس کے عزل کا پروانہ لکھ بھیجا، یا کبھی ایک ہی حاجب نے ایک کا تقرر کیا، پھر کبھی دوسرے حالات سے متاثر ہوکر اوس کی معزولی کا حکم لکھ بھیجا،

نیز انھی دنون حدود حکومت اغلبیہ مین دعوت اسماعیلی کی سیاسی تحریک ۲۸۰ھ مین شروع ہوچکی تھی ان کے دعاۃ مختلف شہرون مین پھیل گئے، ابراہیم کے اوس طرز عمل سے اوسکو مزید تقویت پہنچی حکومت

اغلبیہ کے خلاف مختلف شہرون مین پروپیگنڈا اجاری ہوگیا اور آخر آیندہ چل کر انھی وجوہ سے حکومت اغالبہ کا آفتاب اقبال ہمیشہ کے لئے غروب ہوگیا،

مرکزی حکومت افریقہ کے ان حالات کا صقلیہ پر نہایت گہرا اثر پڑا، اولاً تقریباً ہر سال صقلیہ کی ولایت مین عزل ونصب ہوا، مختلف قبائلی دشمنیان قائم ہوگئین، ایک شہر کے مسلمان دوسرے شہر کے مسلمانون سے معرکہ آرا ہوگئے، اور صقلیہ کا پورا نظام حکومت اس قدر درہم برہم ہوگیا کہ ابراہیم کو ان تیاریون کے ساتھ اپنے لڑکے ابوالعباس کی سرکردگی مین افریقہ سے یہان فوج بھیجنی پڑی، گویا وہ نئے سرے سے صقلیہ کو فتح کرنے آیا ہے، صقلیہ کا یہ دور اختلال ۲۶۵ھ/۸۷۸ء سے ۳۰۷ھ/۹۱۹ء تک بیس بائیس برس تک قائم رہا اگرچہ اس اثنا مین یہان کے مختلف ولاۃ اپنے فرائض انجام دیتے رہے، رومی علاقون پر فوجکشیان بھی ہوئین اور بعض مواقع پر غیر معمولی کامیابیان حاصل ہوئین، جنوبی اٹلی پر بھی ایک آدھ مہم روانہ ہوئی اور حکومت بیزنطی سے بحری معرکہ آرائی ہوئی تاہم ان تمام امور کے باوجود صقلیہ مین فتح سرقوسہ کے بعد جو امن وامان قائم ہونا چاہئے تھا، غیر مفتوح علاقہ کو جس آسانی سے زیر ہوجانا تھا، اور نظام حکومت کو جس مضبوطی سے قائم رہنا تھا، وہ اسی شر انگیز فسادی عنصر کی فتنہ پردازیون، سازشون اور بغاوتون سے مفقود رہا، اور یہی حالات تقریباً بائیس برس تک قائم رہے،

ابوالاغلب بن ابراہیم والی صقلیہ (۱۲)

۲۶۵ھ
۸۷۸ء

چنانچہ ابراہیم نے صقلیہ کے سرکش متغلبین کے قلع قمع کے بعد یہان کی ولایت پر خود اپنے لڑکے ابوالاغلب کو ۲۶۵ھ/۸۷۸ء مین روانہ کیا، لیکن مخالفین حکومت بہت جلد اس کے خلاف شورش پیدا کرنے مین کامیاب ہوگئے، اس لئے ابراہیم نے صقلیہ کے سابق والی حسین بن رباح کو فرمان ولایت دیکر

یہان بھیج دیا، اور ابو الاغلب یہان صرف نو ماہ کے قیام کے بعد افریقہ واپس چلا گیا[۱]،

حسین بن رباح والی صقلیہ (۱۳)

۲۶۵ھ / ۸۷۸ء سے ۲۶۷ھ / ۸۸۰ء

فوجکشیان اور بری و بحری معرکہ آرائیان

حسین بن رباح اواخر ۲۶۵ھ / ۸۷۸ء مین صقلیہ پہنچا، یہ ایک آزمودہ کار والی تھا، اس نے برسر حکومت آنیکے بعد مسلمانون سے کسی قسم کا تعارض کئے بغیر رومی علاقہ پر فوجکشی کا سامان کیا، اور ۲۶۵ھ / ۸۷۸ء کے موسم گرما مین ایک فوج اپنی سرکردگی مین لیکر طرمین وغیرہ کی جانب روانہ ہوا، وہان رومی مقابلہ کے نکلے، اور جنگ شروع ہو گئی، اسلامی لشکر کی یہ پیشقدمی کسی جوش و ولولہ کے ساتھ تو تھی نہین، رومیون نے اون کو پسپا کرنا شروع کیا، اور قریب تھا کہ مسلمان شکست کھاکر فرار ہو جائین، کہ یکایک قدم سنبھل گئے، اور مسلمانون کے ایک سخت حملہ کے بعد رومیون کو ہزیمت اوٹھانی پڑی، ان کی ایک کثیر تعداد کام آئی، اور سپہ سالار بھی مارا گیا[۲]،

اس کے بعد اسی زمانہ مین ایک سو چالیس جہازون کا ایک بیزنطی بیڑا صقلیہ آیا، حسین بن رباح نے ایک اسلامی بیڑا مدافعت مین روانہ کیا، اور ایک خونریز جنگ ہوئی، مسلمانون نے شکست کھائی، اور ان کے چند جہاز بھی رومیون کے قبضہ مین چلے گئے، اور جو باقی بچ گئے بمرم واپس چلے آئے، اور بیزنطی بیڑا قسطنطنیہ چلا گیا،

حسین بن رباح نے اس ہزیمت کے جواب مین مختلف دستون کو رومیون کی مختلف سمتون مین

---

[۱] اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ ص ۴۷۲، والبیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۵۱، ابن غذاری نے ابو الاغلب کے تقرر کا تذکرہ نہین کیا ہے، اسکے بجائے حسین بن رباح کا تقرر متغلب صقلیہ کے واقعہ قتل کے بعد لکھا ہے اور ادھر لسان الدین ابن الخطیب نے اسکے نو ماہ کے قیام کے ذکر کے بعد چند سال کے واقعات چھوڑ دیے ہین، ہم نے حسین کے دور صقلیہ کا زمانہ دونون بیانات کے سامنے رکھکر متعین کیا ہے [۲] البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۵۹

بھیج دیا، جو چند مہینوں تک روی علاقہ کو تاخت و تاراج کرتے رہے[1]،

عزل و جانشینی | تا آنکہ سیاسی آویزشوں کی بنا پر ۲۶۷ھ مین افریقیہ سے حسین بن رباح کی معزولی کا پروانہ آگیا اور اس کے بجائے حسن بن عباس والی مقرر کیا گیا،

حسن بن عباس والی صقلیہ (۱۴)

۲۶۷ھ - ۲۶۸ھ / ۸۸۰ء - ۸۸۱ء

رومی مقبوضات پر اسلامی حملے، اور اسلامی مقبوضات پر رومی حملے،

حسن بن عباس ۲۶۷ھ / ۸۸۰ء مین صقلیہ آیا[2] اور فوجکشی کا سلسلہ جاری کر دیا، فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے رومی مقبوضات مین بھیج دیے، اور خود ایک بڑا لشکر لیکر قطانیہ پہنچا، اور یہان سے طرمین کا رخ کیا، وہ کھیت کے غلون اور باغ کے درختون کو نقصان پہنچایا، پھر یہان سے ایک غیر معروف مقام بقارہ پہنچا، اور یہان کی زراعت بھی پامال کی، اور اسی قسم کی تاخت و تاراج کے بعد بلرم لوٹ آیا،

اگرچہ حسن بن عباس کی اس مہم سے رومی علاقہ کو نقصان پہنچ گیا تھا لیکن اسلامی حکومت مین جو ابتری پیدا ہو گئی تھی، اوس سے رومیون کے حوصلے بڑھ گئے تھے، چنانچہ ادھر اسلامی لشکر رومی علاقہ سے واپس آیا، اور ادھر بالکل خلاف معمول اسکے جواب مین رومی دستے بھی اسلامی حدود حکومت مین گھس آئے اور یہان کے باغون اور کھیتون کو اسی قسم کے نقصانات پہنچائے، جیسے ابھی وہ نقصانات اوٹھا چکے تھے،

حسن بن عباس نے اوس کے تدارک کے لئے فوجی دستے متعین کئے، چنانچہ ۲۶۸ھ / ۸۸۱ء مین ایک مختصر دستہ ابوتور نامی ایک قائد کی سرکردگی مین جا رہا تھا، کہ ایک رومی لشکر اس پر حملہ آور ہوا، مسلمانون کی

---

[1] ابن اثیر ج ۷، صفحہ ۲۳ والبیان المغرب (ترجمہ اردو) صفحہ ۱۵۹ [2] ابن اثیر ج ۷، صفحہ ۲۵۲ و اعمال الاعلام دریادگاری مقامات مین ج ۲ صفحہ ۲۴۷ والبیان المغرب (ترجمہ اردو) صفحہ ۱۵۹،

تعداد بہت تھوڑی تھی، رومی غالب آئے اور دستہ کے ایک ایک سپاہی کو قتل کر ڈالا، صرف سات مسلمان کسی طرح جان بچا کر بلرم پہنچے[1]

اور اس کے بعد ہی حسن بن عباس کی معزولی کی خبر آگئی اور اوس کے بجائے ابوالحسین محمد بن فضل فرمان ولایت لیکر صقلیہ پہنچا،

ابوالحسین محمد بن فضل والی صقلیہ (۱۵)

۲۶۸ھ / ۸۸۱ء

فوجکشی ابوالحسین محمد بن فضل ۲۶۸ھ / ۸۸۱ء میں صقلیہ پہنچا، اوس کو بھی دوگونہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، ایک طرف اوسکے خلاف مخالفین حکومت کی خفیہ سازشیں، اور دوسری طرف اسلامی حکومت کے خلاف رومیوں کی بڑھتی ہوئی حوصلہ مندیاں تھیں،

اس نے بھی اول امر کو نظر انداز کیا، کہ جب وقت آئے گا عہدۂ ولایت سے سبکدوش ہو جائے گا اور اپنی تمام توجہ رومیوں کے خلاف مبذول کی، رومی گذشتہ سال اسلامی حکومت کے حدود میں تاخت و تاراج کر چکے تھے، علاوہ ازیں اپنی منظم کوششوں سے طرابن وغیرہ کے علاقہ میں ایک منظم حکومت کی تشکیل میں مصروف تھے، اوراسی سلسلہ میں ان لوگوں نے کسی دور افتادہ مقام پر کسی ایک قلعہ کو مستحکم کر کے اپنی فوجی تیاریاں شروع کر دی تھیں، اور اوسی قلعہ کو صقلیہ میں حکومت بیزنطی کا پایۂ تخت (مدینۃ الملک) قرار دیا تھا اور حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کی طرف سے بھی امدادی بیڑے آنے لگے تھے،

محمد بن فضل انھی حالات کی بنا پر اسی سال ۲۶۸ھ / ۸۸۱ء میں ایک فوج لیکر قطانیہ روانہ ہوا، اور تاخت و تاراج میں مصروف ہو گیا، اسی اثنا میں قسطنطنیہ کا امدادی بیڑا پہنچا، اور اوس سے معرکہ آرا ہوا، اس جنگی

---

[1] ابن اثیر ج ۷ صفحہ ۲۵۲ و صفحہ ۲۵۸،

جنگ مین مسلمان فتحیاب ہوئے، اور بہت سے رومی کام آئے، جنگ کے خاتمہ کے بعد محمد بن فضل طبرمین چلا آیا، اور یہان کی زراعت وغیرہ کو نقصان پہنچا کر جدید پایہ تخت کی جستجو مین روانہ ہوا، کہ سامنے سے رومیون کی ایک بڑی دل فوج آتی دکھائی دی، دونون فوجین صف آرا ہوئین، اور دونون مین شدید کا مقابلہ ہوا، آخر رومیون کی صفین ٹوٹین، اور انھین کی ہزیمت پر اس جنگ کا خاتمہ ہوا، رومی مقتولین کی تعداد تین ہزار سے زیادہ تھی، محمد بن فضل مقتولین کے سر بلرم لے آیا،

جدید رومی پایہ تخت پر قبضہ اس کامیاب جنگ سے مراجعت کے بعد اس نے رومیون کے جدید مرکز مدینۃ الملک (شاہی شہر) کا رخ کیا، اس شہر کی فتح مین کوئی دشواری پیش نہین آئی، رومیون کی مرکزی قوت کا اوسی جنگ مین خاتمہ ہو چکا تھا، جو کچھ بچی کھچی فوج رہ گئی تھی، اوس نے مقابلہ کیا، اور اس جنگ مین کام آئی، قلعہ پر قبضہ ہو گیا، جو لوگ زندہ بچ گئے تھے، گرفتار کر لئے گئے، اور ۲۶۳ھ/۸۸۱ء کے اختتام سے پہلے حکومت بزنطی کے اس جدید دار الحکومت کا خاتمہ ہو گیا،

اس کے بعد پھر دوسرے سال ۲۶۵ھ/۸۸۲ء مین رومی علاقہ پر حملہ آور ہوا، فوج کی پہلی منزل قلعہ رمطہ قرار پائی، پھر یہان سے قطانیہ روانہ ہوئی، یہان رومیون سے معرکہ آرائی ہوئی، رومی یہان بھی کثیر تعداد مین مقتول ہوئے، محمد بن فضل اختتام جنگ کے بعد اسیران جنگ اور مال غنیمت لیکر ذی الحجہ مین بلرم واپس آ گیا،

عزل و جانشینی اس کے بعد محمد بن فضل دوسری مہم کا آغاز نہ کرنے پایا تھا کہ ماہ ربیع الاول ۲۷۰ھ/۸۸۳ء مین اوس کی معزولی کا پروانہ دربار قیروان سے آ گیا، اور اوس کے بجائے علی بن محمد بن ابی الفوارس عہدۂ ولایت پر آیا،[1]

---

[1] ابن اثیر جلد ۶، صفحہ ۲۵۰، ۲۷۹، اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ صفحہ ۴۷۶، ونہایۃ الارب دربارہ ی صفحہ ۴۳۴، ۴۳۵، البیان المغرب (ترجمہ اردو) صفحہ ۱۶۲، اعمال الاعلام مین اس کا نام علی بن ابی الفوارس ہے، ہم نے علی بن محمد بن ابی الفوارس فوریہ کی تصریح کے مطابق لکھا ہے،

علی بن محمد والی صقلیہ (۱۶)

۲۷۰ھ / ۸۸۳ء

علی بن محمد خاندان اغالبہ کا ایک رکن تھا، سلسلۂ نسب علی بن محمد بن ابی الفوارس بن عبداللہ بن اغلب ہے، یہ یوم دوشنبہ ۲۵ ربیع الاول ۲۷۰ھ / ۸۸۳ء مین صقلیہ آیا،

لیکن اس کا دور حکومت بھی محض چند روزہ ثابت ہوا، اور چند ہی مہینے بعد اسی سال ماہ رمضان مین اوس کی معزولی کا پروانہ قیروان سے آگیا، اور صقلیہ کی باگ حسین بن احمد کے ہاتھ مین آگئی[1]

حسین بن احمد والی صقلیہ (۱۷)

۲۷۰ھ / ۸۸۳ء — ۲۷۱ھ / ۸۸۴ء

فوجکشی

حسین بن احمد ۲۷۰ھ / ۸۸۳ء مین صقلیہ آیا، اور اسی سال رمطہ پر فوجکشی کی، اور مال غنیمت اور قیدی لیکر بلرم واپس آیا،

والی صقلیہ کی وفات،

پھر کچھ دنون کے بعد بیمار پڑا، اور ماہ شعبان ۲۷۱ھ / ۸۸۴ء مین وفات پائی، اور اسکے بعد سوادہ بن محمد کو ولایت صقلیہ پر بھیجا گیا[2]

[1] ابن اثیر ج ۷، صفحہ ۲۹۲، اعمال الاعلام دریادگار مقتضابین ج ۲ صفحہ ۴۷۴، البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۶۲ عجب اتفاق ہے، کہ لسان الدین ابن الخطیب نے حسین بن احمد کے بجائے حسین بن رباح لکھا ہے، ابن عذاری اور ابن اثیر کی روایت قبول کی ہے، اس لئے کہ حسین بن رباح ۲۶۵ھ مین آیا، اور ۲۶۶ھ مین معزول ہوچکا ہے، لسان الدین نے اس موقع پر اس کا ذکر نہین کیا ہے، اس لئے خیال ہوا، کہ شاید اسی سے ادسکو التباس ہوا ہو، اور حسین بن احمد کے بجائے حسین بن رباح لکھ گیا ہو، [2] ابن اثیر ج ۷، صفحہ ۲۹۲۔

سوادہ بن محمد والی صقلیہ (۱۸)

سنہ ۲۷۱ھ ۸۸۴ء - سنہ ۲۷۳ھ ۸۸۶ء

سوادہ سابق مقتول والی صقلیہ خفاجہ بن سفیان کا پوتا اور محمد بن خفاجہ کا لڑکا تھا، سنہ ۲۷۱ھ ۸۸۴ء مین صقلیہ پہنچا،

فوجکشی اور رومیون سے صلح

عنان حکومت سنبھال کر رومی علاقہ پر فوجکشی کی، اور طبرمین پر حملہ آور ہوا، یہان اس علاقہ کو تخت و تاراج کر رہا تھا، کہ حاکم طبرمین نے ایک پیغام بھیج کر کچھ دنون کے لئے فوجکشی ملتوی کر دینے کی درخواست پیش کی اور معاوضہ مین تین سو مسلمان قیدی رہا کرنے کا عہد کیا، سوادہ نے شرط منظور کر لی، اور تین مہینہ کے لئے فوجکشی ملتوی ہو گئی، اس معاہدہ سے رومیون کو ایک فصل کا غلہ گھر مین مل گیا، اور اسلامی حکومت کو تین سو مسلمانون کو رہا کرانے کا موقع ملگیا،

اس کے بعد سوادہ نے تین مہینہ کی وقفہ کے بعد دوبارہ فوجکشی کی، اور فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے رومی مقبوضات مین پھیل گئے، اور قتل و نہب مین مصروف ہو گئے اور جب مال غنیمت اور قیدی جمع ہو جاتے، تو بلرم لوٹ آتے،

جنوبی اٹلی کے دو اسلامی شہرون پر بزنطی قبضہ

اس کے بعد اسی سال سنہ ۲۷۲ھ ۸۸۵ء مین ایک بزنطی بیڑا قسطنطنیہ سے ایک امیر البحر نجفور (NICEFORO) کی سرکردگی مین اٹلی پہنچا، اور ایک اسلامی شہر سبرینہ (SEVERINA) کا محاصرہ کیا، مسلمانان شہر مقابلہ سے عاجز تھے، اس شرط پر شہر حوالہ کر دینے کی درخواست کی، کہ انھین امن و امان سے صحیح و سالم صقلیہ چلے جانے کی اجازت دیدیجائے، نجفور نے شرط منظور کر لی، مسلمان شہر خالی کر کے صقلیہ چلے آئے اور شہر پر بزنطی علم لہرانے لگا،

اس کے بعد اوس نے ایک دوسرے شہر قتنیہ (AMAN TEA) کا رخ کیا، یہان بھی مسلمانون نے معمولی محاصرہ کے بعد شہر حوالہ کر دیا، اور امن و امان سے یلرم چلے آئے، اور اس پر بھی بزنطی علم لہرانے لگا،[1]

والیِ صقلیہ کی گرفتاری | اس کے بعد صقلیہ مین حسب معمول والی کے خلاف بغاوت ہوئی، اور باغی سواده پر قابو پانے مین کامیاب ہوگئے اس مرتبہ ان لوگون نے پہلے سے کسی قدر زیادہ جرأت کی، اور سواده اور اسکے عزیز و اقارب اور اوس کے حاشیہ نشین امرائے صقلیہ یعقوب بن بکر وغیرہ کو گرفتار کر لیا، اور سب کو ماہ رجب ۲۷۳ھ/۸۸۶ء مین افریقیہ روانہ کر دیا، اور صقلیہ کی حکومت کا نظم و نسق عارضی طور پر ابو العباس بن علی کے ہاتھ مین آگیا،[2]

ابو مالک احمد بن عمر المعروف بہ حبشی والیِ صقلیہ (۱۹)

۲۷۴ھ/۸۸۷ء — ۲۷۸ھ/۸۹۱ء

ابو مالک احمد بن عمر بن عبد اللہ بن ابراہیم بن اغلب سواده کے بجائے صقلیہ کی ولایت پر بھیجا گیا، وہ اس سے پہلے بھی اس عہدہ پر مامور ہو چکا تھا، اب دوبارہ ماہ صفر ۲۷۴ھ/جولائی ۸۸۷ء مین یہان پہنچا،

فوجکشی و فتوحات | اس نے موسم گرما مین طبرمین قطانیہ اور رمطہ وغیرہ پر فوجکشی کی، اور سلب و نہب اور زراعت کے پائمال کرنے مین کامیابی حاصل کی، پھر ۲۷۵ھ/۸۸۸ء مین رومی مقبوضات مین ایک دوسری فوجکشی کی اس مین بری و بحری دونون لڑائیان پیش آئین، رومیون کو ہزیمت ہوئی، ان کے سات ہزار سے زیادہ آدمی بری جنگ مین کام آئے، اور اسی طرح بحری جنگ مین تقریبًا پانچ ہزار رومی غرقاب ہوئے، اور اسلامی لشکر رومی مقبوضات مین مال غنیمت اور قیدی جمع کرنے مین مصروف رہا،

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۲۹۵، [2] اعمال الاعلام، دریا دگاری ج ۲ ص ۴۷۴، والبیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۶۲، [3] اعمال الاعلام دریا دگاری مضامین ج ۲ ص ۴۷۵،

ابو مالک کی یہ پچھلی فوجکشی نتیجہ خیز ثابت ہوئی، دشمنوں کی اس قدر کثیر فوج کی بربادی کے علاوہ رومی مقبوضات کا ایک وسیع علاقہ اسلامی قبضہ و اقتدار میں داخل ہوگیا، ابن عذاری لکھتے ہے،

حتی اخلا الروم کثیرا من البلاد	یہاں تک کہ رومیوں نے ایسے بہت سے شہر اور قلعے
والحصون التی تجاور المسلمین	خالی کردئے جو اسلامی سرحد کے قریب واقع تھے،

اس کے بعد اوس نے جنوبی اٹلی پر بھی توجہ کی، اور سبرینہ و بنتیہ کے زوال کا انتقام لینا چاہا، لیکن کسی شہر پر اقتدار حاصل نہیں ہوا صرف مال غنیمت اور قیدی لیکر واپس آیا،[1]

پھر دوسرے سال بلرمن پر دوبارہ فوجکشی ہوئی، لیکن معمولی محاصرہ کے بعد فوج واپس آگئی،[2]

صاحب افریقیہ کا قتل اور ولایت صقلیہ میں عزل و نصب

اسی اثناء میں ابراہیم فرمانروائے افریقیہ نے نصر بن حمصامہ حاجب (وزیر) کو اس کے عزیز قارب سمیت کسی سبب سے قتل کرا دیا، اور اوس کے بجائے حسن بن ناغذ کو اس عہدہ پر مقرر کیا، اور ولایت صقلیہ کی نگرانی اسی کے سپرد ہوئی،

حسن بن ناغذ نے ولایت صقلیہ کے اہتمام کا جائزہ لینے کے بعد سب سے پہلے والی صقلیہ ابو مالک کی معزولی کا پروانہ لکھا چنانچہ ۲۷۸ھ میں وہ معزول کیا گیا، اور اوس کے بجائے سابق والی صقلیہ ابو الحسین محمد بن فضل کو اس عہدہ پر مقرر کرکے صقلیہ روانہ کیا گیا،[3]

---

[1] البیان المغرب (مارمی حوادث ۲۷۵ھ ترجمہ ابرو) ص ۱۶۳ ط ۱ البیان المغرب (ترجمہ ابرو) ص ۱۴۶ ابن عذاری نے سوادہ بن محمد کو اس زمانہ میں امیر صقلیہ بتایا ہے لیکن یہ صحیح نہیں ہے خود ابن عذاری سوادہ بن محمد کے خلاف بغاوت پھیلنے اور اسکے افریقیہ بھیجنے کی روایت ۲۷۳ھ میں لکھ چکا ہے، ابن عذاری کے اس بیان کے رد سے اسکے بعد علی بن ابی العباس باشندگان صقلیہ کے انتخاب سے والی ہوا تھا، لیکن پھر صحیح روایت کے رو سے ۲۷۴ھ میں ابو مالک افریقیہ سے بھیجا گیا، اور وہی اسوقت تک اس عہدہ پر تھا، ۲ نہایۃ الارب نویری باب اخبار افریقیہ المغرب حوادث ۲۷۵ھ و مارمی ص ۱۴۵، نویری نے واقعہ قتل کو ۲۷۶ھ میں لکھا ہے، اور اسی سال ولایت صقلیہ میں اس تبادلہ کا تذکرہ کیا ہے، اور اسی طرح ابن عذاری نے اگرچہ واقعہ قتل کو ۲۷۵ھ میں بیان کیا ہے لیکن محمد بن فضل کے تقرر کو ۲۷۶ھ میں لکھا ہے، اور لسان الدین ابن الخطیب نے صرف ابو مالک کی معزولی اور محمد بن فضل کے تقرر کا تذکرہ کیا ہے، کسی سنہ کی تعیین نہیں کی ہے۔

ابوالحسین محمد بن فضل والی صقلیہ (۲۰)

۲۷۹ھ / ۸۹۲ء — ۲۸۴ھ / ۸۹۷ء

محمد بن فضل ۲ صفر ۲۷۹ھ / ۸۹۲ء کو دارالحکومت بلرم مین داخل ہوا، اس کے تقرر سے صقلیہ کے رومیون مین انتشار پیدا ہوا، اوس نے اپنے پچھلے دورِ حکومت مین بری طرح ان کا قلع قمع کیا تھا، چنانچہ اس مرتبہ بھی اس نے عنانِ حکومت ہاتھ مین لے کر رومی علاقہ کو تاخت وتاراج کرنا شروع کیا، اور رومیون نے اس سے پناہ مانگ کر صلح کی سلسلہ جنبانی کی، اور ۲۸۲ھ / ۸۹۵ء مین ایک معاہدہ پر طرفین کی رضامندی ثبت ہوگئی، جس کے رو سے تین برس چار مہینے کیلئے فوجی پیشقدمی کا سلسلہ ملتوی کر دیا گیا، اور اوس کے معاوضہ مین ایک ہزار مسلمان قیدی آزاد ہوئے اور اسلامی حکومت نے بطور ضمانت تین تین مہینے کے لئے مغرب و بربر کے چند اشخاص یا رہائی طرفین مین بطور یرغمال بھیجنے کا عہد کیا،[1]

باشندگانِ صقلیہ کی سرکشی اور والی کا عزل ونصب

رومیون نے اسلامی حملہ سے بچنے کے لئے صلح کی سلسلہ جنبانی کی تھی لیکن محمد بن فضل نے اس کو بطیب خاطر اس لئے منظور کر لیا، کہ اس زمانہ مین صقلیہ کے داخلی سیاسیات کا مطلع نہایت غبار آلود ہو گیا تھا، چنانچہ معاہدۂ صلح کے منعقد ہوتے ہی یہان کے شورش پسندون کی فتنہ پردازی و بغاوت انگیزی کے روکنے کی کوشش کرنے لگا، اور تقریباً ڈیڑھ دو سال امن وامان سے گذار لے گیا، کہ موجودہ حاجب افریقیہ احمد بن نافذ نے اوس کو معزول کر کے صقلیہ کی عنانِ حکومت اپنے لڑکے حسن کے سپرد کر دی،

---

[1] البیان المغرب (ترجمہ اردو) صفحہ ۱۸۶ ۔

حسن بن احمد والی صقلیہ (۲۱)

۲۸۴ھ سنہ ۲۸۵ھ
۸۹۷ء ۸۹۸ء

بغاوت اور قبائلی جنگ کا آغاز

حسن بن احمد نے ۲۸۴ھ مین عنان حکومت سنبھالی صقلیہ مین بغاوت کی جو آگ سلگ رہی تھی، اوس کے فرو کرنے مین کامیاب نہین ہوا، اور ۲۸۵ھ مین حکومت کے خلاف علم بغاوت بلند ہوگیا، اور اوسی سے مسلمانون مین باہمی قبائلی جنگ بھی چھڑ گئی،

مقابل کی دو جماعتین دو قومون اور قبیلون کا علم اپنے اپنے ہاتھ مین لئے ہوئے کھڑی ہوگئین، ایک طرف قبائل بربر ابراہیم فرمانروائے افریقہ کے کشتگان ظلم سے اظہار ہمدردی مین مجرمین حکومت کی قوت و شہ سے حکومت اغلبیہ کے الٹنے کی فکر مین مصروف تھے، اور دوسری طرف قبائل عرب اغالبہ کی حمایت مین شمشیر بکف میدان مین تھے،

باغیون کے اصل سرغنہ ابوالحسن بن یزید اور اوس کے فتنہ پرداز لڑکے تھے، اور انھی کے ساتھ ایک شخص حضرمی نامی بھی تھا چنانچہ انھی کی سرکردگی مین عرب و بربر کی باہمی تیغ آزمائی شروع ہوگئی،

ابراہیم اگرچہ مرض مراق مین مبتلا تھا تاہم ہوش و خرد کا دامن ہاتھ سے نہین چھٹا تھا، اوس نے بغاوت کی خبر سن کر باشندگان صقلیہ کے نام ایک فرمان صادر کیا جسمین اولاً تمام باغیون کو مطیع ہوجانے کی دعوت دی، اور اوس کے صلہ مین عفو عام کا اعلان کیا اور نیز باغیون کے سرغنہ ابوالحسن اور حضرمی اور ابوالحسن کے لڑکون کو گرفتار کرکے افریقیہ طلب کیا،

قیام امن

ابھی تک پورے طور پر باغیون مین باہمی تنظیم نہین ہوئی تھی، اور نہ ابوالحسن وغیرہ نے اس قدر ہر دلعزیزی حاصل کی تھی کہ بطل پرستی کے جذبہ سے فرمان سلطانی کو رد کر دیا جاتا، چنانچہ لوگون نے مسرت سے

فرمانِ سلطانی کو قبول کر لیا، اور ابو الحسن وغیرہ گرفتار کر کے افریقیہ بھیج دیئے گئے،

ان مین سے ابو الحسن کو زہر کا پیالہ پلا کر ہلاک کیا گیا، اور درسِ عبرت کے لئے اوسکی لاش مصلوب کر دیگئی، پھر اوس کے دونون بیٹے قتل کئے گئے، حضرمی کچھ دنون ابراہیم کی مصاحبت مین رہ چکا تھا، اوس نے اس موقع پر اوس سے فائدہ اوٹھانا چاہا، اور کوئی ہنسنے ہنسانے کی حرکت کی ابراہیم نے ڈانٹ کر کہا، "یہ مذاق کا موقع نہین، اور پھر اس جرم کی پاداش مین حکم دیا کہ ڈنڈون سے پیٹ کر ہلاک کیا جائے"[1]

عزل وجانشینی

اسی اثنار مین ابراہیم نے موجودہ والیِ صقلیہ حسن بن احمد کو برقرار رکھنا مناسب نہین سمجھا، اور اوس کے بجائے سابق والیِ صقلیہ ابو مالک احمد بن عمر کو مامور کیا[2]

ابو مالک احمد بن عمر والیِ صقلیہ (۲۲)

۲۸۵ھ ۸۹۸ء تا ۲۸۷ھ ۹۰۰ء

بغاوت اور حکومت کی شکست،

اگرچہ اوس فرمان سلطانی سے صقلیہ کی بغاوت فوری طور پر فرو ہو گئی تھی، لیکن جب ابو مالک نے تیسری مرتبہ عنانِ حکومت ہاتھ مین لی، تو باغیون نے پھر سر اوٹھایا، اور یہ بغاوت پہلے سے زیادہ سخت تھی، اس مرتبہ دار الحکومت بلرم پر بھی باغیون کا قبضہ ہو گیا، اور ابو مالک بے دست

[1] البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۷۹، [2] ابن اثیر ج ۷ ص ۳۴۹، ابو مالک کے تقرر کا تذکرہ صرف ابن اثیر نے کیا ہے، لسان الدین ابن الخطیب جو تمام ولاۃ کے عزل ونصب کو مفصل لکھتا آیا ہے، خاموش ہے، لیکن بالکل اسی طرح ابن اثیر نے بجز ابو مالک کے اس زمانہ کے دوسرے ولاۃ کا کوئی تذکرہ نہین کیا ہے، اور پھر ابو مالک کا زمانہ بھی صحیح طور پر مقرر نہین کیا جا سکتا، ہم نے صرف قیاس سے تمام روایتون کو سامنے رکھ کر اس کا زمانہ قیام متعین کیا ہے، کیونکہ لسان الدین ابن الخطیب جو تمام بیان کے رو سے حسن بن احمد ۲۸۴ھ مین صقلیہ آیا، اور ابن اثیر کے بیان کے رو سے ابو مالک ۲۸۵ھ تک صقلیہ کی ولایت پر مامور تھا، اور صقلیہ کی بغاوت ۲۸۵ھ مین ہوئی، ابو مالک اسی کے بعد یہان آیا ہے اس لئے اس کا زمانہ قیام قیاساً ۲۸۵ھ سے ۲۸۶ھ قرار پایا ہے

دیا وہان سے فرار ہونے پر مجبور ہوا، بغاوت کی لہر اکثر شہرون مین دوڑ گئی، صرف چند شہر حکومت کے وفادار رہے، انہی مین ایک جرجنت تھا چنانچہ یلرم سے حکومت کے جو ہواخواہ فرار ہوئے، اونھون نے یہین آکر پناہ لی اور اسی شہر کو حکومت کا مرکز قرار دیا، اس لئے باغیون نے اس کا رخ کیا، اور ان دونون شہرون کے باشندون مین جرجنت کے سامنے معرکۂ کارزار گرم ہوگیا،

ابن اثیر کا بیان ہے کہ اس مرتبہ باغیون کو یہ قوت محض ابو مالک کی نااہلیت سے حاصل ہوئی، اس لئے ابراہیم نے بہت جلد اوس کو وہان سے بلا لینے کا فیصلہ کیا، اور اوس کے بجائے اپنے اولوالعزم شاہزادے ابوالعباس کو نامزد کیا، جو افریقیہ کا ہونے والا تاجدار تھا، اور ابھی افریقیہ مین بغاوت فرو کرنے کی اہم خدمات انجام دیچکا تھا، چنانچہ وہ اعلیٰ پیمانہ پر صقلیہ کی روانگی کی تیاریان کرنے لگا،[1]

ابوالعباس بن ابراہیم والی صقلیہ (۲۳)

۲۸۶ھ - ۲۸۹ھ / ۹۰۰ء - ۹۰۱ء

صقلیہ کی روانگی کی تیاریان

ابوالعباس صقلیہ کے نازک ترین لمحہ مین عہدۂ ولایت کی اس مشکل خدمت کو انجام دینے کیلئے مامور ہوا تھا، اسی مناسبت سے اس کے لئے نہایت اہم جنگی تیاریون کا اہتمام کیا گیا، اور فوج بہم پہنچانے اور بیڑے تیار کرنے مین اس شان و شوکت کا اظہار ہوا گویا وہ نئے سرے سے فتح صقلیہ کیلئے جا رہا ہے،

ورود طرابنش

چنانچہ اس لشکر مین افریقیہ کے بہترین کارآزمودہ سپاہی یکجا کئے گئے، جو ایک سو بیس جہازون پر افریقیہ سے سوار ہوئے، علاوہ ازین چالیس جنگی جہازان کے ماسوا تھے، یہ عظیم الشان بیڑا ماہ شعبان ۲۸۶ھ / ۹۰۰ء مین صقلیہ کے مشہور بندرگاہ طرابنش مین لنگر انداز ہوا،

---

[1] اعمال الاعلام دریادگاری ج ۲ صـ ۲۷۵، و ابن اثیر ج ۷، صـ ۲۴۹،

بغاوت کی لہر صقلیہ کے تمام شہرون مین دوڑگئی تھی، اس لئے طرابنش کا بھی محاصرہ کرنا پڑا، لیکن بغیر کسی قسم کی خونریزی کے شہر پر قبضہ ہوگیا، اور چند دن کے لئے یہی شہر اسلامی حکومت صقلیہ کا عارضی دارالحکومت بنگیا،

باغیون کا وفد ابوالعباس کی خدمت مین

بلرم کے باغی اسوقت اہل جرجنت سے معرکہ آرا تھے، شاہی فوج کی آمد کی خبر سنتے ہی سرایمہ بلرم لوٹ آئے، باشندگان بلرم مین ابوالعباس کے لشکر جرار سے مقابلہ کرنے کی طاقت نہ تھی، اسلئے ابوالعباس کو فوری طور پر کسی طرح بہ لطائف الحیل راضی کرنا چاہا، کہ شاہی فوج سے صف آرائی کا موقع نہ آنے پائے، اور اوس کو اپنی وفاداری کا یقین دلا کر عام معافی کا فرمان حاصل کرلیا جائے، اور پھر جو حالات پیش آئین، اونھین کے مطابق کوئی حکمت عملی اختیار کیجائے، چنانچہ اسی غرض سے بلرم کے معززین واکابرین کا ایک وفد قاضی صقلیہ کی سرکردگی مین ترتیب دیا گیا، جس نے ابوالعباس کی خدمت مین حاضر ہوکر اپنے معروضات پیش کئے، اور اپنی بغاوت و غداری اور جرجنت پر فوجکشی وغیرہ پر معذرت کی، اور آیندہ کے لئے کامل اطاعت وانقیاد اور وفاداری کا یقین دلایا، ابوالعباس یہ معروضات سن کر خاموش ہورہا اور کسی دوسرے وقت جواب دینے کا وعدہ کیا، کیونکہ اسی اثنا مین اہل جرجنت کے پرامن شہریون کا ایک وفد بھی پہنچ چکا تھا، اسلئے اوس سے بھی تبادلہ خیالات کرلینا ضروری تھا،

چنانچہ بلرم کے وفد کی باریابی کے بعد اہل جرجنت رازدارانہ طور پر ابوالعباس کے پاس پہنچے اور اہل بلرم کے اصل مقصد سے اوسکو آگاہ کیا، کہ یہ باغیون کی وقتی حیلہ جوئی ہے، ان مین ابھی تک حکومت کی اطاعت وانقیاد کا کوئی جذبہ پیدا نہین ہوا ہے، اور اس وفد کی ساری کارروائی تمام تر سازش ونمائش پر مبنی ہے، انہی کے ساتھ جرجنت والون نے اہل بلرم کے حسن نیت کا پتہ چلانے کیلئے ابوالعباس کو یہ مشورہ دیا کہ ارکان وفد سے بطور آزمایش بلرم کے فلان فلان اشخاص یہان طلب کئے جائین،

اگر وہ لوگ بلا تامل یہان آجائین تو ان کی عام اطاعت قبول کرلی جائے، ورنہ سازش کا راز خود افشا ہوجاتا ہے، چنانچہ ابوالعباس نے اسی مشورہ کے مطابق اہل وفد کو جواب دے دیا، اور وہ چند اشخاص بلرم سے طلب کئے گئے،

باغیون کی سرکشی | باشندگان جرجنت کا گمان صحیح نکلا، بلرم کے وہ سربرآوردہ اشخاص طرابنش آنے کے بجائے وہین علانیہ مخالفت پر کمربستہ ہوگئے، جب ابوالعباس کو اس کی خبر ملی تو بطور حفظ ماتقدم بلرم کے اوس وفد کے تمام ارکان کو حراست مین لے لیا، اور پھر اسی وفد کے رئیس قاضی صقلیہ کی سرکردگی مین افریقہ کے چند معززین کو بلرم روانہ کیا، کہ وہ اہل شہر کو راہ راست پر لائین لیکن اس جماعت کی کوشش بھی ناکام رہین، بلکہ باغیون نے ان اکابر بلرم کی گرفتاری کے انتقام مین افریقہ کے اوس صلح جو گروہ کو گرفتار کرلیا، اور ابوالعباس کے خلاف طرابنش پر حملہ آوری کی تیاریان کرنے لگا،

ابوالعباس کے خلاف فوجکشی، | باغیون کا لشکر ۱۵ شعبان ۲۸۷ھ کو بلرم سے روانہ ہوا، لشکر کی کمان مسعود باجی نامی ایک سرخیل جماعت کے ہاتھ مین تھی، ان باغیون کے ساتھ صقلیہ کی ایک شورہ پشت جماعت بھی بڑی تعداد مین رکمونیہ نام ایک شخص کی سرکردگی مین شریک تھی،

طرابنش گو صقلیہ کا ایک حصہ تھا، لیکن جغرافی حیثیت سے وہ جزیرہ سے بالکل جدا تھا، صرف زمین کی ایک پتلی سی پٹی دونون کو ملائے ہوئے تھی، ان جغرافی حالات کی بنا پر باغیون نے اپنا لشکر دو حصون مین تقسیم کیا، تیس جہازون کا ایک بڑا اساحل ساحل ہوتا ہوا طرابنش بھیجا گیا، اور لشکر کا بقیہ حصہ جو کثیر تعداد پر مشتمل تھا خشکی کے راستہ سے روانہ ہوا، لیکن تائید ایزدی سے باغیون کا بیڑا بلرم سے کچھ ہی دور نکلا تھا کہ سمندر مین طوفان آگیا، اور اکثر جہاز غرقاب ہوگئے، اور جو باقی بچے وہ نامراد بلرم لوٹ آئے، لیکن بری فوج نہایت تیزی سے کوچ کرتی ہوئی طرابنش پہنچی، یہان شاہی فوج بھی پہلے سے تیار تھی، باغیون کے پہنچتے ہی دونون کی بالمقابل صفین قائم ہوگئین،

معرکہ آرائی اور باغیون کی پسپائی،

ان دونون فوجون کا پہلا مقابلہ ۱۲ شعبان کو پیش آیا، دونون طرف کے مسلمان سپاہی کام آئے لیکن یہ جنگ کسی نتیجہ پر نہین پہنچ سکی، پھر دوسرے دن ۱۳ شعبان کو علے الصباح میدان کارزار گرم ہوگیا، دیر تک لڑائی کا سلسلہ قائم رہا جب عصر کا وقت آیا، تو باغیون مین کچھ سراسیمگی پیدا ہوئی، اور پسپا ہوکر فرار ہوئے، ابوالعباس نے تعاقب کا حکم دیا، اور شاہی فوج نقش قدم پر چل کھڑی ہوئی، اور ادھر سمندر کے راستہ سے شاہی بیڑے نے بھی بلرم کا رُخ کیا، اور بلرم پہنچ کر بری و بحری محاصرہ کرلیا گیا،

بلرم کا محاصرہ

باغی قلعہ بند ہوگئے، اور کبھی کبھی شہر سے نکل کر کچھ دیر لڑتے، اور پھر شہر کے دروازے بند کرلیتے یہی سلسلہ ۱۰ رمضان تک جاری رہا، دسویں تاریخ کی فیصلہ کن جنگ مین دونون طرف سے سہ پہر تک بے پناہ تلوار چلی اور سہ پہر کے بعد باغیون مین انتشار پیدا ہوا، اور پسپا ہونا شروع ہوے، شاہی فوج آگے بڑھی اور تعاقب کرکے مغرب تک تہ تیغ کرتی رہی، بہت سے باغی کام آئے اور شاہی لشکر ربض شہر پر قابض ہوکر بلرم کے باغات اور نزہت گاہون مین پھیل گیا، اور ان مقامات مین باغیون کا جو کچھ سرمایہ تھا، اوسکو لوٹ لیا،

باغیون کی ناکامی اور غرناطہ کا فرار ہونا۔

اب باغیون کو اپنی کامیابی کی کوئی امید باقی نہین رہی تھی، اس لئے ان مین کے جو سرغنہ اور ممتاز افراد تھے کسی طرح موقع پاکر اپنے تمام اہل وعیال کو لے کر بلرم سے فرار ہوگئے، اور ان مین سے اکثر رومی مقبوضات کے صدر مقام طبرمین مین جاکر پناہ گزین ہوے، اور بعضون نے صقلیہ کو ہمیشہ کے لئے خیرباد کہہ دیا، چنانچہ رکمونیدا کے ساتھ بقدر جنگجو اور شورہ پشت اشخاص تھے، وہ سب کے سب صقلیہ سے نکل کر حکومت بیزنطی کے پایتخت قسطنطنیہ چلے گئے،

بلرم مین داخلہ

ان لوگون کے فرار ہونے کے بعد بلرم کے پرامن شہری ابوالعباس کی خدمت مین حاضر ہوے، اور اہل شہر کے لئے امن وامان کا فرمان حاصل کیا، اور اوس کے بعد وہ ۲۰ رمضان ۲۸۶ھ کو

شہر مین داخل ہوگیا،

باغیون کے سرغناؤن کی گرفتاری، شہر مین پہنچنے کے بعد اوس نے سب سے پہلے باغیون کے سرغناؤن کو تلاش کیا، اگرچہ اصل مجرم فرار ہوچکے تھے تاہم معززین و رؤسائے شہر مین ایسے اشخاص اب بھی باقی رہ گئے تھے، جنھون نے بغاوت مین کچھ نہ کچھ حصہ لیا تھا، ابوالعباس نے ان سب کو گرفتار کرکے اپنے باپ ابراہیم کے پاس افریقیہ بھیج دیا،

مفرورین کا تعاقب اس کے بعد ابوالعباس نے دیگر مفرورین کے تعاقب مین طرمین پر لشکرکشی کی، رومیون نے شہر سے نکل کر مقابلہ کیا، اور شہر بناہ کے نیچے معرکہ آرائی ہوئی لیکن کوئی نتیجہ نہ نکلا، پھر اسلامی لشکر اس علاقہ کے باغون کے درختون کو برباد کرتا قطانیہ چلا گیا، اور پھر وہان سے بے نیل مرام بلرم واپس آیا،

جزیرہ مین کامل امن و امان ابوالعباس جس مقصد کے لئے صقلیہ گیا تھا، اس مین اسکو خاطر خواہ کامیابی حاصل ہوئی، اس نے فتنہ و فساد کی پورے طور پر بیخکنی کردی، اور اب سارے جزیرہ مین امن و امان کا کامل دار و دورہ ہوگیا،

اس کے بعد ابوالعباس چند ماہ کے لئے دارالحکومت بلرم مین مقیم رہ کر ملکی نظم و نسق مین مصروف ہوگیا[1]،

جنوبی اٹلی پر تاخت، جب جزیرہ مین سخت خونریزی کے بعد کامل امن و امان ہوگیا، اور پھر چند ماہ مین ملکی نظم و نسق بھی درست ہوگیا، تو ابوالعباس نے جنوبی اٹلی کی اسلامی نوآبادی اور مقبوضات کی طرف توجہ کی جو روز بروز مسلمانان صقلیہ کی باہمی خانہ جنگی اور یورپ کی حکومتون کے حملون سے تباہ ہورہے تھے، اور ان مین سے اکثر مقام شہر ریو، باری، سلرنو، سبرینہ، اور منتیہ وغیرہ ۲۵۸ھ سے ۲۶۲ھ تک مین اسلامی قبضہ و اقتدار سے نکل چکے تھے،

---

[1] ابن اثیر ج ۷، ص ۲۴۹، ۲۵۰، البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۷۹، اعمال الاعلام در یادگاری مضامین ج ۱، ص ۴۷۵،

چنانچہ ابوالعباس نے یکم ربیع الآخر ۲۸۸ھ میں ایک عظیم الشان بیڑا بندرگاہ بلرم سے روانہ کیا، جو اولاً صقلیہ کے ایک رومی، ساحلی شہر دمش (DEMONE) پہنچا، اور کسی بنا پر اس کا محاصرہ کرلیا گیا، اور فصیل شہر کو نشانہ بنا کر منجنیقیں نصب کردی گئیں، لیکن پھر چند ہی دن میں خود ابوالعباس آپہنچا، اور شہر کا محاصرہ اوٹھا کر بیڑے کو مسینا لے آیا، تاکہ یہاں سے جنوبی اٹلی کا رُخ کرسکے،

فتح ریو، اس کے بعد یہ بیڑا مسینا سے روانہ ہوا، اور اوس کے بالمقابل شہر ریو کا محاصرہ کرلیا، ریو میں عیسائیوں کی بڑی دل فوج مقابلہ کے لئے موجود تھی، چنانچہ شہر کے دروازہ پر نہایت خونریز جنگ ہوئی، جس میں مسلمان کامیاب ہوئے، اور ماہ رجب ۲۸۸ھ میں شہر میں فاتحانہ داخل ہوگئے، اور شہر پر اسلامی پرچم لہرانے لگا،

چونکہ شہر پر زور شمشیر قبضہ ہوا تھا، اس لئے قدیم اصول جنگ کے مطابق سارے شہر میں سلب و نہب کا بازار گرم ہوگیا جس میں بے حساب دولت ہاتھ آئی، اسلامی لشکر میں سونے اور چاندی کا ایک انبار لگ گیا، شہر سے روانگی کے وقت ابوالعباس نے شہر کو غیر مسلح کرنے کے لئے فصیل کو منہدم کردیا، اس عہد میں اٹلی کی داخلی سیاسیات ویسے ہی پراگندہ حالات میں تھی، جس کا تذکرہ گذر چکا ہے، ابوالعباس نے یہاں کی اس طوائف الملوکی سے فائدہ اوٹھایا، اور ہر ایک سے صلح اور جنگ کے جداگانہ معاہدے کئے، اور اسی کے مطابق اپنی پیشقدمی اندرون ملک میں جاری کی، اور انھیں معاہدوں کے مطابق نیپلس، امفی، اور سالرنو سے صلح قرار پائی، اور پاپائے روما کے حدود حکومت اسلامی لشکر کی تاخت و تاراج کی جولانگاہ بنے،[1]

چنانچہ ابوالعباس پیشقدمی کرتا ہوا کلیسائے روما کے حدود میں داخل ہوا، جو مقدس شہر روما کے اردگرد کے چند میلوں پر مشتمل تھا، تمام علاقہ عربی گھوڑوں کی ٹاپ سے روند ڈالا گیا، یہ دوسرا موقع تھا

---

[1] ابن اثیر ج ۶ صفحہ ۳۵، و تاریخ عرب مسیو سدیو صفحہ ۲۴۳،

کہ عرب حدود سلطنت کلیسا مین داخل ہوئے تھے، لیکن اس مرتبہ شہر روما کی شہر پناہ کے دروازے تک پہنچ گئے، اور قریب تھا کہ روما کا محاصرہ شروع کردین، کہ پوپ نے دست مصالحت بڑھایا،

مسیحی نقطۂ نظر سے عربون کے اس حملہ سے سلطنت روما کے ارض پاک کی سخت بے حرمتی ہوتی تھی، چنانچہ ان کے فرضی مظالم کی مبالغہ آمیز داستانین عیسائیون کی تاریخ مین بیان کیجاتی ہین، مسٹر اسکاٹ لکھتے ہین:-

"مسلمانون نے حسب معمول اپنا غصہ پادریون کے اوپر نکالا، گرجا اور خانقاہین تباہ کردی گئین، پادری قتل کردیے گئے، اچھوتی راہبات اور نونون کو امرا کے محلون مین پہنچادیا گیا، جو پناہ گزین روم مین آئے، اون سے تمام بازار گلیان اور گرجا وغیرہ بھر گئے تھے، ..... اور روما مین ایک عام اختلال دہشت اور مایوسی پھیل گئی، اور ہر وقت دشمنون کے حملہ کا اندیشہ لگا رہتا تھا"

پوپ کا جزیہ کی ادائی قبول کرنا

ابوالعباس نے سلطنت کلیسا کے فرمانروا پوپ یوحنا کے دست مصالحت کے جواب مین جزیہ کی شرط پیش کی، جس کو اوس نے خوشی سے منظور کرلیا، اور جزیہ مین پچیس ہزار رطل چاندی دینے کا وعدہ کیا،

اس طرح جنوبی اٹلی کی اس تاخت مین مجاہدین اسلام مسیحی دنیا کے سب سے بڑے مذہبی پیشوا کو اپنا باجگذار بنا کر مسینا لوٹ آئے،

ایک بزنطی بیڑے کی بربادی

ابوالعباس نے واپسی کے بعد اپنے قدیم حریف حکومت بزنطی کے ایک بیڑے کو آبنائے مسینا مین منڈلاتے دیکھا، اسلامی بیڑا بڑھ کر حملہ آور ہوا، رومیون کو ہزیمت ہوئی، اور اون کے تیس جہاز مجاہدین کے قبضہ مین آگئے، ابوالعباس اس مہم کے بعد دارالحکومت بلرم لوٹ آیا[1]،

ابوالعباس کی مراجعت افریقیہ

ابوالعباس بلرم مین امور مملکت کی نگرانی کر رہا تھا کہ اچانک ۲۸۹ھ مین یہ

[1] ابن اثیر ج ۷ ص ۳۵، اخبار الاندلس ج ۱ ص ۱۴۹، و تاریخ عرب موسیو سدیو ص ۲۴۶،

فرمان سلطانی پہنچا کہ وہ افریقہ واپس چلا آئے،

قائم مقامی | چنانچہ وہ صقلیہ کی حکومت اپنے لڑکوں ابو مضر اور ابو معد کے سپرد کرکے خود پانچ جہازوں کے ایک مختصر بیڑے پر سوار ہو کر افریقہ روانہ ہو گیا[1]،

ابو العباس کا عہد حکومت | ابو العباس جس مقصد کے لئے صقلیہ آیا تھا اس میں کامیاب ہوا، بغاوتیں فرو ہو گئیں، ملک میں امن و امان قائم کیا، پھر اٹلی میں اسلامی پیش قدمیوں کو منتہائے کمال تک پہنچایا اور عالم سیاست کے پیشوائے اعظم پوپ جنا کو ادائے جزیہ پر مجبور کر دیا،

تاہم ابھی صقلیہ میں چند امور کے قیام کی ضرورت باقی تھی، اول یہاں کے باقی ماندہ رومی مقبوضات کو اسلامی حکومت کے حدود میں داخل کرنا تھا، علاوہ بریں اٹلی میں بھی بعض ایسی ریاستیں باقی رہ گئی تھیں جو اسلامی حکومت صقلیہ سے سرکشی اور مخالفت پر قائم تھیں لیکن افریقہ میں اوکی طلبی بعض ناگزیر اسباب کے باعث پیش آگئی جنکی تفصیل آگے آتی ہے،

ابراہیم کی حکومت سے کنارہ کشی اور ابو العباس کی سیر آرائی | افریقہ میں ابو العباس کی مراجعت کا سبب اوس کے باپ ابراہیم کی حکومت سے کنارہ کشی تھی، چنانچہ ابو العباس ماہ ربیع الاول ۲۸۹ھ میں ٹیونس پہنچا، اور ابراہیم اس کے حق میں حکومت سے دستبردار ہو گیا،

ابراہیم کا عہد حکومت اور کنارہ کشی کے اسباب اور اوسکا اثرات صقلیہ پر | ابراہیم نے اٹھائیس سال فرمانروائی کی، اس کی سیرت و کردار اور عہد حکومت کے محاسن و معائب میں مورخین کے متضاد بیانات ہیں، لیکن سب کو سامنے رکھ کر ہم اجمالی طور پر اس نتیجہ تک پہنچے ہیں، کہ جب اوس نے تخت حکومت پر قدم رکھا تو جیسا کہ بتایا جا چکا ہے، ایک بہترین فرمانروا ثابت ہوا، اور نہایت بیدار مغزی تدبر جفاکشی اور عدل و انصاف سے حکومت شروع کی،

---

[1] ابن اثیر ج ۶ صفحہ ۳۵،

اس کے عہد حکومت کے چھ سات سال گذرے تھے کہ وہ خلط سوداوی کے غلبہ سے مرق مین مبتلا ہوگیا، اور اس مرض سے اوسکی طبیعت رفتہ رفتہ ایسی بدلی، کہ اوس کے تمام اوصاف حمیدہ عادات رذیلہ مین تبدیل ہوگئے، عمال کا عزل ونصب بار بار کرنے لگا، اور ذرا ذرا سی بات پر قتل کے واردات سرزد ہونے لگے اور اس خونین دور مین بکثرت اراکین دولت، عمال، کتاب، حجاب اور خدام وغیرہ قتل کئے گئے، اور ان مظالم کی طویل داستانین تاریخون مین مذکور ہین، اسلئے جن مورخین نے اوس کے اوصاف ومحامد بیان کئے ہین، وہ اس کے پہلے دور سے متعلق ہین، اور جن لوگون نے اوس کے مظالم کا تذکرہ کیا ہے، وہ اوسکے مرض مرق مین مبتلا ہونے کے بعد کے واقعات ہین،

دعوت اسمٰعیلی کی ابتدا، ابراہیم کے اس طرز حکمرانی سے افریقیہ مین دولت اغالبہ سے بددلی پیدا ہوگئی، لوگ خائف ہوہوکر دارالحکومت سے فرار ہوگئے، اور ملک کے گوشہ گوشہ مین اوسکے مظالم کی داستانین پہنچ گئین،

اتفاق وقت کہ انہی دنون افریقیہ مین تحریک اسمٰعیلی کا علمبردار ابوعبداللہ اپنی مذہبی وسیاسی دعوت کی نشر واشاعت کررہا تھا، اوس کو ابراہیم کی اس روش سے تائید حاصل ہوئی، اور دعوت اسمٰعیلی کو روز بروز زیادہ فروغ حاصل ہوتا گیا، اور پھر انہین اثرات سے افریقیہ مین جابجا بغاوتین برپا ہوگئین، اور پھر اسی سلسلہ مین جیسا کہ گذر چکا ہے، صقلیہ مین بغاوت کے اثرات پہنچے، اور ایک مدت دراز تک وہان بھی امن وامان مفقود ہوگیا،

جب ابراہیم کی اس روش سے افریقیہ کے حالات روز بروز بدسے بدتر ہوتے گئے، اور دعوت اسمٰعیلی کو تقویت حاصل ہوتی گئی، تو معززین افریقیہ مین جو لوگ حکومت اغلبیہ کے زیادہ جان نثار تھے، اون کے درمیان معاملات کے روبہ اصلاح لانے کی تحریک پیدا ہوئی، اور اون لوگون نے اس موقع پر خلیفہ عباسی المقتدر باللہ کی طرف رجوع کیا، جس نے حالات سے باخبر ہوکر ابراہیم کو ایک تہدید آمیز فرمان بھیجا کہ "یا تو تم اپنے

اخلاق وعادات مین تبدیلی پیدا کرو، ورنہ امر ولایت اپنے برادر عم زاد محمد بن زیادۃ اللہ کے سپرد کردو"
لیکن ابراہیم نے اس فرمان خلافت کی بھی کوئی پروا نہین کی اور اس کا سفاکانہ طرز عمل بدستور جاری رہا لیکن جب پھر بعض نئے مظالم اس سے سرزد ہوئے، تو بالآخر المعتضد نے ۲۸۹ھ مین ایک نہایت سخت تہدید آمیز مکتوب ابراہیم کے پاس بھیجا کہ "حکومت سے دستبردار ہوجاؤ، اور اپنی جگہ اپنے لڑکے ابوالعباس کو بٹھادو اور خود فوراً بغداد آؤ"

ابراہیم خلیفہ وقت کے اس آخری فرمان سے سنبھل گیا، طبیعت مین انقلاب پیدا ہوا، اور مظالم کی جہان تک تلافی کرسکتا تھا، تلافی کی، اور خود ایک زاہد شب زندہ دار کی زندگی اختیار کی، اور صقلیہ سے ابوالعباس کو طلب کرکے امور مملکت اسکو تفویض کردیئے اور پھر خلیفہ المعتضد کو اطلاع بھیج دی، کہ "حج کا عزم رکھتا ہو اسلئے دربار خلافت مین حاضری سے معذور ہے"[1]

ابوالعباس عبداللہ بن ابراہیم فرمانروائے افریقہ

۲۸۹ھ
۹۰۲ء

ابوالعباس خود صاحب علم وفضل تھا، اس لئے علما واعیان افریقہ کو امور مملکت مین شریک کیا، اور تخت شاہی پر قدم رکھتے ہی ایک اعلان شائع کیا جس مین رعایا کو لطف واحسان، رفق ومحبت اور عدل وانصاف کا پورا یقین دلایا گیا، اور ابتدائی نظم ونسق سے فارغ ہوکر اپنے بھائی احول کی سرکردگی مین ایک لشکر ابوعبداللہ الداعی کی جماعت کے مقابلہ مین روانہ کیا جس مین شاہی لشکر کو کامیابی حاصل ہوئی

[1] ان حالات کی تفصیل کے لئے دیکھو ابن اثیر ج ۷، ص ۱۹، اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲، صفحہ ۴۴۷ ابن خلدون ج ۴ صفحہ ۲۷۴، نہایۃ الارب باب ذکر اعتزال ابراہیم حوادث ۲۸۹ھ دراماری صفحہ ۴۵، والبیان المغرب (ترجمہ اردو) صفحہ ۱۷۷، وغیرہ

اور بظاہر افریقہ مین حکومت اغلبیہ کے موافق ایک اچھی فضا قائم ہوگئی،

ولایت صقلیہ حکومت افریقہ مین جو کچھ انقلاب ہوا، اسکے اثرات افریقہ مین جیسے کچھ ہوئے ہون لیکن صقلیہ کے لئے ایک فال نیک ثابت ہوا، ابراہیم حکومت سے دستبردار ہوکر سوسہ پہنچا، اور یہین سے المعتضد کو اپنا جواب بھیجا، اور پھر چند دن ٹھہر کر اس نے ایک دوسرا قاصد روانہ کیا جس مین المعتضد کو اطلاع دیگئی، کہ اوسکو فرمانروایان مصر نبوطولون کے خوف سے حج کا ارادہ فسخ کرنا پڑا، اور اب وہ صقلیہ جارہا ہی، کہ وہان جو چند شہر اور قلعے عیسائیون کے قبضہ مین باقی رہ گئے ہین، انھین اسلامی حکومت کے زیر علم لے آئے، کہ سارے جزیرہ پر حکومت اسلامی کا دار و دورہ ہو، ورنہ اگر وہ حج کو جاتا ہے تو بنوطولون مصر مین مزاحم ہون گے جس سے فتنہ و فساد کا اندیشہ ہے، اسلئے وہ دربار خلافت کی حاضری سے معذور ہی[1]

[1] نہایۃ الارب ذکر اعتزال ابراہیم دراماری ص۴۵۱، احمد بن طولون خانوادۂ خلافت عباسیہ کا ایک پروردہ قائد تھا، جو مصر و شام پر مستولی ہوگیا تھا، اس خاندان کی حکومت ۲۹۲ھ سے ۹۰۴ء تک خود مختارانہ قائم رہی، اگرچہ کبھی کبھی خلفاء عباسیہ اور امرائے بنی طولون مین خوشگوار تعلقات بھی قائم رہے لیکن پھر بھی حکومت بنی طولون خلفائے عباسیہ کے لئے ایک باغی حکومت تھی، چنانچہ ۲۹۶ھ مین جب خلیفہ عباسی مکتفی کو موقع ملا، تو اس کا خاتمہ کردیا (ابن خلدون ج ۴ باب الخبر عن دولت احمد بن طولون) اور ادھر افریقہ کی حکومت اغلبیہ خلافت عباسیہ کی سیادت ہمیشہ تسلیم کرتی رہی، اور اسی رشتۂ اتحاد کے باعث بنوطولون اور اغالبہ مین برابر مخالفت قائم رہی، چنانچہ ۲۶۵ھ مین خود ابراہیم پر احمد بن طولون کے لڑکے عباس نے فوجکشی کی اگرچہ اسوقت خود اپنے باپ طولون سے باغی تھا، لیکن پھر ۲۷۳ھ مین ابراہیم نے مصر کی جانب پیشقدمی کی (ابن خلدون ج ۴ ص۲۰۵) اسلئے ابراہیم کی یہ بہانہ جوئی دربار خلافت مین قابل پذیرائی تھی لیکن متن کی روایت نویری کی ہے اور ابن اثیر اور ابن خلدون وغیرہ نے لکھا ہے، کہ ابراہیم نے بنی طولون کے خطرہ سے مصر کا راستہ چھوڑ کر صقلیہ کا راستہ اختیار کیا تاکہ وہ وہان سے حج کو جائے، اور جہاد اور حج دونون فضیلتون کو حاصل کرے، لیکن یہ صحیح نہین ہوسکتا کہ صقلیہ سے جہاز کے وہی راستے ہوسکتے تھے، خواہ مصر ہوکر جاتا یا شام ہوکر ابراہیم کیلئے جو خطرہ مصر مین تھا وہی شام مین بھی موجود تھا، کیونکہ اسوقت شام بھی بنوطولون ہی کے ممالک محروسہ مین داخل تھا، ابراہیم کا یہ سفر ۲۸۹ھ مین پیش آیا اور شام سے بنوطولون کی حکومت ۲۹۲ھ مین قرامطہ کے ہاتھون مین گئی ہے (ابن خلدون ج ۴ ص۲۹۵) اسلئے یہ قیاس آرائی بھی صحیح نہین ہوسکتی کہ شام کا راستہ اختیار کیا جاسکتا تھا، اسلئے مین نے نہایۃ الارب نویری کے بیان کو ترجیح دی ہے کہ وہ حج کا ارادہ فسخ کرکے صقلیہ روانہ ہوا،

سابق فرمانروائے افریقہ ابراہیم بن احمد کا صقلیہ پر (۲۳) حملہ ۲۸۹ھ / ۹۰۱ء

ابراہیم کا ورود صقلیہ

ابراہیم اپنے ذاتی خزانہ کی تمام دولت و ثروت اور آلات جنگ وغیرہ ساتھ لیکر سوسہ مین صقلیہ کے لباس مین داخل ہوا تھا، یہان آتے ہی صقلیہ کی روانگی کا اعلان کیا، کچھ لوگ اس کے ساتھ چلنے پر آمادہ ہوئے جس سے ایک مختصر فوج تیار ہوگئی، اور اوسکو ساتھ لے کر ۱۰ ربیع الآخر ۲۸۹ھ / ۹۰۱ء کو یہان سے نوبہ پہنچا، اور یہان اپنے سپاہیون کے لئے آلات جنگ اور گھوڑے وغیرہ فراہم کئے، اور پھر ہر سوار کے لئے بیس بیس اور پیادہ کو دس دس دینار دیدیئے، کہ اپنے اہل وعیال کی خبرگیری کا سامان کرسکین، اور پھر صقلیہ روانہ ہوا، اور طرابلس مین آکر لنگر انداز ہوا، اور یہان سترہ دن ٹھہر کر اٹھارہوین دن بلرم روانہ ہوا، اور ۲۸ رجب ۲۸۹ھ / ۹۰۱ء کو شاہانہ شان و شوکت عزت اور تمکنت سے شہر مین داخل ہوا،

ابراہیم جب طرابلس پہنچا، اپنے جود و سخا سے داد و دہش کا فیض عام جاری کردیا، مراحم خسروانہ کے طور پر باشندگان صقلیہ کی معمولی معمولی شکایتون پر بھی توجہ کی، اور اب تک رعایا کو حکومت اور عمال حکومت سے جو کچھ شکایات پہنچی تھین، سب کی تلافی کی، پھر شاہی انعام و عطایا سے لوگون کو مالامال کیا، اور اس طرح چند ہی دن مین تمام باشندگان صقلیہ کے قلوب مسخر کرلئے، اور ہر کس و ناکس ابراہیم کے اشارون پر چلنے کے لئے تیار ہوگیا،

قوسکشی اور پورے جزیرہ پر قبضہ

ان ابتدائی پیشبندیون کے بعد اوس نے اصل مقصد کی طرف توجہ کی، صقلیہ کے سفر کا مقصد المعتضد کے خط مین ظاہر ہوچکا ہے، صقلیہ کی اسلامی فوج ابو مضر کی قیادت مین پہلے سے تیار تھی، چنانچہ صقلیہ کے رومی مقبوضات کے چپہ چپہ کو زیر نگین کرنے کیلئے اسلامی لشکر ابراہیم کی سرکردگی مین

رجب ۲۸۹ھ/۹۰۲ء مین بلرم سے روانہ ہوگیا،

فتح طبنیق ابراہیم کی پہلی منزل ایک غیر مفتوحہ رومی شہر طنیق قرار پائی، یہان پہنچکر شہر کا محاصرہ کیا، اور ۳۰ رجب ۲۸۹ھ/۹۰۲ء کو شہر مین داخل ہوا، شہر پر اگرچہ بزور شمشیر قبضہ ہوا تھا، اور اس عہد کے اصول جنگ کے مطابق یہان کے باشندے گرفتار کئے جا سکتے تھے لیکن ابراہیم نے گرفتاری کی ممانعت کردی اور باشندون کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آیا[1]

فتح طبرین ابراہیم فتح طنیق کی تکمیل کے بعد ۲ رشعبان کو طبرین روانہ ہوا، طبرین اس سے پہلے ایک سے زیادہ مرتبہ اسلامی حکومت کے اقتدار مین آچکا تھا لیکن بار بار قبضہ سے نکل گیا، اور پھر فتح سرقوسہ کے بعد تو صقلیہ مین رومیون کا یہی سب سے بڑا مرکز بن گیا تھا، اسلئے جب ابراہیم یہان پہنچا، تو رومی لشکر صف در صف مورچہ جمائے پہلے سے موجود تھا، کہ اب رومیون کے لئے طبرین کے سقوط کے دوسرے معنی سرزمین صقلیہ سے رومیون کا آخری زوال تھا،

دونون فوجون مین لڑائی شروع ہوگئی، رومی صف شکن حملہ کرتے نہایت جوش و خروش سے آگے

---

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۱۹۶، ابن اثیر مین اس شہر کا نام برطینوا اور برطینو ہے لیکن اس کے بجائے ہم نے طنیق نام اختیار کیا ہے جو جغرافیہ کی کتابون مین مذکور ہے، ابراہیم کی اس فوجکشی کا تذکرہ ابن اثیر ابن خلدون اور نویری نے تفصیل سے کیا ہے، ابن خلدون کا بیان نہایت مغلق نامکمل اور مضطرب ہے جو غالباً اس کے نسخہ کی غلطی کی بنا پر ہے، اور اسمین مطبوعہ اور اماری کے مقابل نسخہ دونون کا یکسان حال ہے اسلئے اس موقع پر مین نے اوسکو نظر انداز کردیا ہے، پھر ابن اثیر اور نویری مین بھی بعض جزوی اختلافات ہین، لیکن دقت نظر سے دیکھنے سے ان کی تطبیق ہوجاتی ہے، صرف بعض بعض جزوی فرق رہ جاتا ہے، جو لائق اعتنا نہین، مثلاً نویری نے ابراہیم کے ورود بر طنیق کا کوئی تذکرہ نہین کیا ہے، لیکن ابراہیم کے داخلہ بلرم کی تاریخ ۸ رجب معین کی ہے، پھر ۱۴ دن قیام لکھا ہے، اور ۲ رشعبان کو بلرم سے روانہ ہوجاتا ہے، پھر لکھتا ہے، کہ ۲ رشعبان کو طبرین روانہ ہوا، اسلئے ۲ رشعبان سے ۸ رشعبان جو وقفہ ہوتا ہے اسی مین فتح طنیق کا تذکرہ ہونا چاہئے، اور یہی فرق نویری اور ابن اثیر کے بیان مین ہے، جہان تک کہ ابن اثیر کے بیان سے ۳۰ رجب داخلہ طنیق ہے اور نویری کے بیان سے وہ ۲ رشعبان کو بلرم سے روانہ ہوا،

بڑھے اور قریب تھا کہ مجاہدین کے قدم اکھڑ جائین کہ لشکر کا قاری مسلمانون کا دل بڑھانے کیلئے انا فتحنا لک فتحا مبینا کی آیت تلاوت کر رہا تھا، ابراہیم نے قاری کو پکار کر کہا، پڑھو ہذان خصمان اختصموا فی ربھم (یعنی یہ دونون دشمن اپنے پروردگار (کی راہ) مین لڑ رہے ہین)

قاری نے یہ آیت تلاوت کرنی شروع کی اور ابراہیم یہ کہتے ہوئے آگے بڑھا، اللھم انی اختصم انا والکفار الیک فی ھذا الیوم (خدایا! ہم اور یہ کفار تیرے ہی راستہ مین آج لڑ رہے ہین)

ابراہیم کے اس جوش ایمان سے مجاہدین کے ایمان تازہ ہوگئے ابراہیم ہی برجستہ بڑھا فوج کے ایک حصہ کو ساتھ لیکر رومیون کی ایک سمت پر ٹوٹ پڑا، یہ دیکھتے ہی مجاہدین نے بھی تلوارین سنبھال لین، اور ایسی بے جگری سے ٹوٹ پڑے کہ صفون کی صفین چاک ہوگئین، اور دم بھر مین پورا مطلع صاف ہوگیا، ہزیمت خوردہ رومی پسپا ہوئے ابراہیم انکا تعاقب کرتا شہر کے پھاٹک پر پہنچ گیا، اور پھر تمام مجاہدین طبرین مین داخل ہوگئے،

ہزیمت خوردہ سپاہیون نے مختلف کوہ و دشت اور وادی کی راہ لی مسلمان ان کا تعاقب کرکے ڈھونڈتے رہے، اور جو جہان ملگیا، وہان قتل کیا گیا، اور اسی طرح اسلامی لشکر کے شہر مین پہنچنے کے بعد شہر کے عام باشندون نے بھی اپنی حفاظت کی تدبیرین کرلین، جن جن لوگون کو موقع ملا، وہ فرار ہوگئے، طبرین لب ساحل آباد تھا، ساحل پر کشتیان کھڑی رہتی تھین، موقع پاتے ہی کشتیون پر سوار ہوئے، اور جزیرہ کو خیرباد کہہ دیا،

لیکن جو لوگ شہر مین باقی رہ گئے تھے، ان مین سے ناعاقبت اندیش گروہ نے طبرین کے ایک اندرونی مستحکم قلعہ مین پناہ گزین ہوکر مقابلہ کیا، مسلمانون نے قلعہ کا محاصرہ کرلیا، چند دن کے معمولی مقابلہ کے بعد قلعہ کا دروازہ توڑ کر اندر گھس گئے، جہان کچھ لوگ قتل کئے گئے، اور جو باقی بچے اونھین گرفتار کرکے طوق غلامی اون کی گردن مین ڈالدیا گیا، اور شہر اور قلعہ کی دولت و ثروت مسلمانون کے قبضہ مین آئی

یہ واقعہ ۱۲ شعبان ۲۸۹ھ مین پیش آیا،

سقوط طبرمین کا اثر قیصر روم پر

طبرمین سرزمین صقلیہ مین حکومت بیزنطی قسطنطنیہ کا سب سے آخری باجگذار شہر تھا، اسکے سقوط کے ساتھ ہی صقلیہ سے حکومت بیزنطی کا خاتمہ ہوگیا،

اس لئے اوسکے سقوط کی خبر سے قسطنطنیہ مین صف ماتم بچھ گئی، اور خود قیصر روم نے وفور رنج وغم مین سر سے تاج اوتار کر پھینک دیا، یہ اپنی قسم کا پہلا واقعہ تھا، اس سے سارے قسطنطنیہ مین ایک آگ لگ گئی، اور فدائیان تاج وتخت جوق در جوق مسلمانان صقلیہ سے انتقام لینے کے لئے صف لشکر مین داخل ہونے لگے، اور قسطنطنیہ مین بڑے جوش وخروش سے فوجکشی کی تیاریان شروع ہوگئین، درباریون نے قیصر کو تاج پہننے پر آمادہ کیا، لیکن وہ کسی طرح تیار نہین ہوا، یہان تک کہ جب مسلمانان صقلیہ سے انتقام کیلئے ایک لشکر تیار ہوگیا تو ساتوین دن تاج اُٹھا کر سر پر رکھا، لیکن ادھر ابراہیم بھی حالات سے بے خبر نہ تھا، اسکے جاسوس قسطنطنیہ مین موجود تھے جب اوس کو رومیون کے حملہ آوری کی خبر ملی، اوس نے جاسوسون سے قسطنطنیہ مین یہ افواہ پھیلوائی کہ ابراہیم خود قسطنطنیہ پر حملہ آوری کے قصد سے صقلیہ سے روانہ ہونے والا ہے،

ابراہیم کی یہ حکمت عملی کامیاب رہی، اس خبر کے پھیلتے ہی وہ بیزنطی لشکر جو صقلیہ پر حملہ آوری کیلئے روانہ ہونے والا تھا، قسطنطنیہ کے جنگی مورچون کی حفاظت پر مامور کر دیا گیا، اور شبانہ روز عربون کے جنگی بیڑے کی آمد کا دہشت انگیز انتظار ہونے لگا،

پھر کہا جاتا ہے، کہ کچھ دنون کے بعد ایک بڑا قسطنطنیہ سے صقلیہ بھیجا گیا، لیکن پھر یہ معلوم نہ ہوسکا کہ اُس کے صقلیہ پہونچنے کے بعد اوس کا کیا حشر ہوا[1]،

بانی مانہ پنجرون اور قلعون کی تسخیر

اس کے بعد ابراہیم ان شہرون قلعون اور چھوٹی چھوٹی آبادیون کی طرف متوجہ ہوا جو ابھی تک اسلامی حکومت کے زیر علم نہین آئے تھے، چنانچہ فوج کا ایک دستہ

[1] ابن اثیر ج ۷، صہ ۱۹۶، نہایۃ الارب در اخبار فرس، اعمال الاعلام در بیان مغاربہ ج ۲ صہ ۴۷۵، اخبار الاندلس ج ۱ صہ ۱۵۰ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا مین فتح طبرمین کا سال مشتبہ ہے جسکے رد کو سال ہجری ۲۵۹ھ ہونا ہی، تو یہ ہے کہ انسائیکلوپیڈیا مین صقلیہ پر اسلامی فوج کے حملہ کے سنین لکھے گئے ہین وہ سب ہجری سنین کے مطابق ہوتے ہین لیکن اس موقع پر یہ اختلاف کیون ہے لیکن بہرحال انسائیکلوپیڈیا کا بیان صحیح نہین ہے کیونکہ ابراہیم اس سے بہت پہلے وفات پاچکا ہے

اپنے پوتے ابو مضر زیادۃ اللہ کی سرکردگی مین شہر مقش روانہ کیا، جو طبرمین اور مسینا کے درمیان آباد تھا، دوسرا دستہ اپنے دوسرے لڑکے ابوالاغلب کے سپرد کیا، جو دمنش پہنچا، ان دونون مقام کے باشندے اسلامی دستون کے پہنچنے سے پہلے ہی شہر کو خالی چھوڑ کر فرار ہو چکے تھے، مسلمانون نے شہر پر مع مال و متاع قبضہ کر لیا،

اس کے بعد ابراہیم نے فوج کے مختلف دستے جا بجا مختلف شہرون اور قلعون پر بھیج دیے، جو سب کو زیر علم لاتے گئے، مثلاً ایک دستہ اپنے ایک لڑکے ابو حجر کی سرکردگی مین رمطہ بھیجا، اسی طرح ایک دوسرا دستہ سعدون الجلوی نامی ایک قائد کی سیادت مین لیاج روانہ کیا، اہل شہر نے جزیہ کی شرط پر صلح چاہی لیکن اولاً ان اطراف مین جزیہ کی شرط پر جو صلحین ہوئی تھین، وہ قائم نہین رہ سکین، علاوہ ازین جب اس علاقہ کے مرکزی شہر اسلامی اطاعت مین داخل ہو چکے تھے، تو ان چھوٹے چھوٹے شہرون کی خود مختاری برقرار رکھنی مناسب نہ تھی، اسلئے مسلمان قائد نے جزیہ کی شرط نامنظور کر دی، مجبوراً رومی ہتھیار رکھ کر قلعہ سے باہر نکل آئے، اور قلعہ مسمار کر دیا گیا، اور قلعہ کی اینٹ اور پتھر کو سمندر کی لہرون مین ڈال دیا گیا، کہ دوبارہ تعمیر نہ ہو سکے[1]،

پورے جزیرہ پر کامل تسلط

یہی قلعہ لیاج صقلیہ مین رومیون کا سب سے آخری مامن تھا، اسکی تسخیر کے ساتھ ہی جزیرہ صقلیہ سے نہ صرف حکومت بیزنطی کا نام و نشان مٹ گیا، بلکہ رومی استیلا کا خاتمہ ہو گیا، اور جزیرہ کے چپہ چپہ پر اسلامی پرچم لہرانے لگا، فتح صقلیہ کی اصل مہم ۲۱۲ھ/۸۲۷ء سے اسد بن فرات کے ہاتھون شروع ہوئی تھی، وہ آج ۲۸۹ھ/۹۰۲ء مین ابراہیم بن احمد کے ہاتھون پورے اٹھتر برس مین اتمام کو پہنچی، فالحمد للہ علی ذالک،

---

[1] بعض مورخین نے ابراہیم کے دور مظالم مین اسکے لڑکے ابوالاغلب کے قتل کا واقعہ لکھا ہے، غالباً وہ مقتول لڑکا کوئی دوسرا ہوگا،

[2] ابن اثیر ج ۷، ص ۱۱۱، و نہایۃ الارب نویری ورارمی ص ۴۵۲،

جنوبی اٹلی پر فوجکشی ابراہیم نے صقلیہ کی مکمل تسخیر کے بعد جنوبی اٹلی پر توجہ کی، کہ یہاں کے سلسلہ مفتوحات کو بھی کسی اتمام تک پہنچا دے، چنانچہ وہ اسی مقصد سے طبرین سے مسینا پہنچا، اور یہاں ۵ دن قیام کے بعد ۲۶ رمضان المبارک ۲۹۱ھ کو صوبہ قلوریہ (کلبریہ) روانہ ہوگیا،

قلوریہ پہنچکر اسلامی فوج کے دستے جا بجا پھیلا دیے، اور خود بھی ایک جانب پیشقدمی کرتا گیا، اور جا بجا نصارٰی کی فوجیں مقابلہ میں آئیں، اور میدان چھوڑ کر پسپا ہوئیں، اسی طرح پیشقدمی کرتے ایک مشہور شہر کسنتہ (کسنٹ) کی جانب روانہ ہوا جب باشندگان کسنتہ کو اسلامی لشکر کی آمد کی خبر ملی، تو وہ اس لشکر کے کسنتہ پہنچنے سے پیشتر ایک وفد کی صورت میں جزیہ کی شرط پر امان طلب کرنے کے لئے ابراہیم کے پاس پہنچے لیکن ابراہیم نے اٹلی کی اسلامی حکومت کے مصالح پیش نظر رکھ کر جزیہ کی رقم قبول کرنے سے انکار کر دیا، اور فوج کو اپنی پیشقدمی جاری رکھنے کا حکم دیا،

ابراہیم کا مرض موت لیکن ادھر ابراہیم کے لئے قضا و قدر کا فیصلہ کچھ اور صادر ہوا، فوج کوچ کرتی منزل بہ منزل آگے بڑھ رہی تھی کہ خود ابراہیم کے کوچ کا وقت آپہنچا، مرض اسہال میں مبتلا ہوگیا، جب مرض لحہ بہ لحہ بڑھتا گیا، تو فوج کو اپنے راستہ پر آگے روانہ کر دیا، اور خود ایک مختصر دستہ کے ساتھ فوج سے پیچھے رہ گیا،

محاصرہ کسنتہ اسلامی لشکر ۲۶ شوال کو کسنتہ پہنچ گیا، اور ایک وادی میں خیمہ زن ہوا، اسی اثنار میں ابراہیم بھی آپہنچا، اور اپنے لڑکوں اور فوج کے ممتاز قائدین کو شہر کے مختلف دروازوں پر متعین کر دیا، اور قلعہ شکن منجنیقیں نصب کر دی گئیں، اور محاصرہ جاری ہوگیا،

اگرچہ ابراہیم اپنی بیماری کے باوجود فوجی کارروائیوں میں خود عملی دلچسپی لیتا رہا، مگر اس کا مرض روز بروز بڑھتا گیا، اور بالآخر ہچکیوں کا تانتا بندھ گیا، اور چند لمحوں کا مہمان نظر آنے لگا، محاصرین کیلئے یہ موقع نازک تھا، پیام صلح مسترد کر کے شہر کا محاصرہ کر لیا گیا ہے، اہل شہر مدافعت کی تیاریاں کر چکے تھے،

اور ادھر سالار فوج بستر مرگ پر پڑا دم توڑ رہا ہے،

ابراہیم کی وفات اور جانشینی جب قائدین لشکر ابراہیم کی زندگی سے مایوس ہوگئے، تو اوس کی زندگی ہی مین فوج کی قیادت اور صقلیہ کی ولایت اس کے پوتے ابو مضر زیادۃ اللہ کے سپرد کرنے کا فیصلہ کیا، لیکن ابھی ابو مضر سے استدعا بھی نہین کی گئی تھی، کہ شب شنبہ ۱۹ ذیقعدہ ۲۸۹ھ / ۹۰۲ء کو ابراہیم کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی،

ابراہیم کی وفات کے بعد قائدین نے ابو مضر سے صقلیہ کی ولایت اور مجاہدین ایطالیہ کی فوری قیادت قبول کرنے کی استدعا کی، لیکن اوس نے ان سے یہ کہتے ہوئے انکار کیا، کہ اُس سے زیادہ حقدار اُس کا چچا ابو الاغلب موجود ہے، اور پھر خود بھی ابو الاغلب سے اصرار کیا، مگر ابو الاغلب نے یہ بار اوٹھانے سے انکار کیا اور ابو مضر زیادۃ اللہ ہی نے کسنتہ کی دیوار کے نیچے فوج کا جائزہ لے لیا،

ابو مضر زیادۃ اللہ بن ابی العباس والی صقلیہ (۲۴)

سنہ ۲۸۹ھ / ۹۰۲ء سنہ ۲۹۰ھ / ۹۰۳ء

کسنتہ کا قبول جزیہ ابو مضر کو سب سے پہلے کسنتہ کے محاصرہ کو مکمل کرنا تھا، حسن اتفاق کہ محصورین کو محاصرین کی ان پریشانیون کا کوئی علم نہین ہوا، وہ لوگ اسلامی لشکر کے محاصرہ سے لرزہ براندام ہو رہے تھے، اس لئے مقابلہ کرنے کے بجائے باوجودیکہ ایک مرتبہ صلح کا پیغام مسترد کر دیا تھا، مگر اس کی دوبارہ سلسلہ جنبانی کی اور جزیہ کی شرط پر طالب امان ہوئے،

ابو مضر نے محصورین کی درخواست خوشی سے قبول کر لی، اور لڑائی شروع ہونے سے پہلے ہی محاصرہ اوٹھا لیا گیا،

جنوبی اٹلی کی واپسی اس کے بعد جو اسلامی دستے ملک کے اطراف و جوانب مین پھیل گئے تھے، وہ کسنتہ طلب کئے گئے، جب پورا لشکر جمع ہو گیا، تو ابو مضر اپنے جد امجد کی لاش کو ایک تابوت مین رکھ کر اسلامی

لشکر کے ساتھ کسنتہ سے بلرم واپس آیا،[1]

تجہیز و تکفین مراجعت بلرم کے بعد ابراہیم کی تجہیز و تکفین کے مراسم ادا کئے گئے، اور وہ وفات کے تینتالیس دن[2] کے بعد ۲۳ ذی الحجہ ۲۸۹ھ کو بلرم مین دفن کیا گیا، اور اوس کی قبر پر بطور یادگار ایک عالیشان قصر تعمیر کر دیا گیا ابراہیم کی تجہیز و تکفین کے بعد فوج کے وہ سپاہی جو اوس کی معیت مین صقلیہ آئے تھے، افریقہ واپس چلے گئے،[3]

ابو مضر کی نااہلی ابراہیم نے اپنی چند روزہ ولایت مین درحقیقت صقلیہ کی فوجی مہمون کو پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا اور اب والی صقلیہ ابو مضر کو اندرون جزیرہ مین کسی پیشقدمی کی ضرورت باقی نہین رہ گئی تھی، اگرچہ جو بنی اغلب کی مہم موجود تھی، لیکن اس سلسلہ کے دوبارہ شروع کرنے کی بھی چنداں کوئی فوری ضرورت نہین تھی اسلئے اب صقلیہ مین اوسکی تمدنی، علمی، ادبی اور معاشی ترقی کا حقیقی دور آیا تھا،

لیکن افسوس ہے کہ جب صقلیہ مین فوجی مہمون سے فراغت کے بعد امن و سکون کا دار و دورہ ہوا، اور تمدنی و علمی ترقیون کے معراج کمال پر پہنچنے کا زمانہ آیا تھا، تو صقلیہ کی حکومت ایسے نوجوان شہزادے کے سپرد کیگئی جو اس کا اہل ثابت نہین ہوا، اور فوجی مہمون سے فارغ البالی اور کچھ نشہ شباب کی سرمستیون سے وہ صقلیہ پہنچتے ہی عیش و عشرت مین مصروف ہوگیا، اور قصر حکومت مین دن رات جام شراب کا دور چلنے لگا، اور امور مملکت کی نگرانی کے بجائے لہو و لعب، سیر و تفریح اور عیش و عشرت کی محفلین گرم ہونے لگین،

---

[1] نہایۃ الارب دریاری ص۴۵۱، ابن اثیر ج ۷ ص۱۹۷، اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲، ص۴۷۵، و ۴۷۶

[2] اعمال الاعلام دریادگاری مضامین ج ۲ ص۴۷۵ و ۴۷۶، نہایۃ الارب دریاری ص۴۵۱، والبیان المغرب (ترجمہ ادفونسو) ص۱۸۱، مورخین نے ابراہیم کا دفن بلرم لکھا ہے، جیسا کہ بیان کیا گیا، لیکن ابن اثیر نے اس کے بجائے قیروان لکھا ہے اور ابن اور ابن ابی دینار اور ابوالعذار نے اسی موخر الذکر روایت کو نقل کیا ہے، اور ابن خلدون نے اول الذکر روایت پہلے نقل کی ہے، اور اوسکو قبول کرنے کے بعد ابن اثیر کی روایت کو بھی درج کر دیا ہے،

ابو مضر کی معزولی | جب ابو مضر کے باپ ابو العباس فرمانروائے افریقیہ کو اوسکی زنانہ زندگی اور امور مملکت سے بے پروائی کی اطلاع ملی، تو اوس کو معزول کر دیا، اور افریقیہ بلا کر قید خانہ مین ڈال دیا،

جانشین | اور اوس کے بجائے محمد بن سرقوسی کو صقلیہ کی حکومت تفویض کر دی[1]

محمد بن سرقوسی والی صقلیہ (۲۵)

سنہ ۲۹۰ھ / ۹۰۲ء

ابو العباس والی افریقیہ کا قتل | محمد بن سرقوسی نے ۲۹۰ھ / ۹۰۲ء مین صقلیہ کی حکومت سنبھالی، اس کے عہد حکومت کے چند ماہ گذرے تھے کہ ابو مضر نے قید خانہ مین اپنے باپ ابو العباس کے خلاف سازش کر کے اسکو تین صقلبی غلاموں کے ذریعہ سے شب چہار شنبہ ۳۰ شعبان ۲۹۰ھ کو قتل کرا ڈالا، اور اوس کے بجائے خود تخت حکومت پر قابض ہو گیا،

ابو مضر کی طبیعت مین یہ عجیب انقلاب تھا، ایک دن وہ صقلیہ کی ولایت از خود اپنے چچا ابو الاغلب کو دے رہا تھا، اور آج اوس نے تخت افریقیہ کے لئے اپنے باپ کو شہید کر ڈالا،

ابو مضر زیادۃ اللہ فرمانروائے افریقیہ

سنہ ۲۹۰ھ تا ۲۹۶ھ / ۹۰۲ء تا ۹۰۸ء

والی صقلیہ کی معزولی | اس کے بعد ابو مضر نے اپنے باپ کے نامزد کردہ والی صقلیہ محمد بن سرقوسی کو معزول کر دیا اور اسی سال ۲۹۰ھ / ۹۰۲ء مین اوس کے بجائے علی بن محمد بن ابی الفوارس کو اس عہدہ پر مقرر کیا،

[1] ابن اثیر ج ۶ صفحہ ۳۶، و کتاب المونس فی اخبار افریقیہ و تونس و البیان المغرب (ترجمہ اردو) صفحہ ۱۸۳ لیکن لسان الدین ابن الخطیب صاحب اعمال الاعلام کا بیان ہو کہ ابو مضر نے ابو العباس کے خلاف افریقیہ پر چڑھائی کی تیاری کی تھی اور اسی لیے اسکو معزول کیا گیا

علی بن محمد بن ابی الفوارس والیِ صقلیہ (۲۶)

۲۹۰ھ
۹۰۲ء

علی بن محمد بن ابی الفوارس کو چند دن سے زیادہ حکومت کرنا نصیب نہین ہوا ابو مضر نے چند دن کے بعد اوس کو بھی معزول کرکے احمد بن ابی الحسین بن رباح کو ولایتِ صقلیہ سپرد کردیا[1]،

احمد بن ابی الحسین بن رباح والیِ صقلیہ (۲۷)

۲۹۰ھ ۲۹۶ھ
۹۰۲ء ۹۰۸ء

آخری اغلبی تاجدار کا آخری والی صقلیہ،

احمد بن ابی الحسین بن رباح، آخری اغلبی تاجدار افریقہ کا مقرر کردہ آخری اغلبی والی صقلیہ ثابت ہوا، کیونکہ ابو مضر نے اس طرف جو روش اختیار کی، اوس سے دولت اغالبہ کی رہی سہی بنیاد متزلزل ہوگئی،

دولتِ اغالبہ کا زوال

اگرچہ اغلبی حکومت مین اضمحلال واختلال ابراہیم بن احمد کے آخری دورِ حکومت سے شروع ہوچکا تھا تاہم ابو العباس نے اپنی چند روزہ حکومت مین حالات بہت کچھ درست کر لئے تھے، اور اگر اوس کو چند سال اور حکومت کا موقع مل جاتا، تو شاید وہ تحریکِ دعوتِ شیعی کے استیصال مین کامیاب ہوجاتا،

ابو مضر نے برسرِ حکومت آتے ہی افریقہ مین پھر کشت وخون کا بازار گرم کردیا جس سے دولت اغالبہ کیخلاف ملک مین بددلی پیدا ہوگئی کیونکہ اسنے اپنی شخصی حکومت کے استحکام اور اپنی ہوا و ہوس پوری کرنے کیلئے پہلے خود اپنے عزیز

[1] نہایۃ الارب در اماری صفحہ ۴۳۲،

واقارب کو قتل کیا، پھر حکومت کے دوسرے عہدیداروں کو تہ تیغ کیا، اور اس طرح اپنی ناعاقبت اندیشی سے اپنا اقتدار قائم کرکے عیش ونشاط میں مصروف ہوگیا،

دعوت اسمٰعیلی کا عروج

جب افریقہ کے اعیان وعلماء نے جو ابراہیم کی معزولی کے بعد حکومت کے نظم ونسق میں شریک ہوگئے تھے، یہ حالات دیکھے تو نظام حکومت سے رفتہ رفتہ علحدہ ہوگئے، اور ملک میں ابراہیم کے عہد سے بھی زیادہ اختلال اور بدامنی پھیل گئی جس سے دعوت اسمٰعیلی کی بنیادیں قدرۃً مضبوط ہوگئیں، اغالبہ کا دست راست اصول جو اس تحریک کو اب تک دبائے ہوئے تھا، خود ابو مضر کے ہاتھوں قتل ہوچکا تھا، اب کوئی ایسی طاقت موجود نہ تھی جو اس بڑھتے ہوئے سیلاب کو روک سکتی،

چنانچہ دعوت اسمٰعیلی کے داعی دعاۃ ابو عبداللہ نے اپنی کامیابی کے توقعات دیکھ کر فرقۂ اسمٰعیلی شیعی کے امام ابو عبید اللہ المہدی کو افریقہ بلا بھیجا اور وہ خود منزل بمنزل کوچ کرتا، اور شہر پر شہر فتح کرتا آگے بڑھا، کہیں کہیں معمولی لڑائیاں ہوئیں، اکثر مقام بلا مزاحمت قبضہ میں آئے، اغالبہ کا لشکر ابراہیم بن ابی الاغلب کی سرکردگی میں مقابلہ کررہا تھا، ۲۴ جمادی الاخریٰ کو ایک معرکۃ الآرا جنگ میں ابراہیم بن ابی الاغلب کو شکست ہوئی وہی سب سے آخری میدان ثابت ہوا

ابو مضر کا فرار اور دولت اغالبہ کا خاتمہ

کیونکہ ابو مضر ۲۴ جمادی الاخریٰ کی اس شکست سے حواس باختہ ہوگیا، اور باوجودیکہ ابھی حکومت کی فوج میں اچھے اچھے قائدین موجود تھے، اور ابھی اسمٰعیلی لشکر دارالحکومت سے کافی دور تھا، اور دارالحکومت کے علاوہ چند دوسرے شہروں پر بھی اغلبی علم لہرا رہا تھا لیکن ابو مضر نے تاج وتخت چھوڑ کر فرار ہوجانے کا قصد کرلیا، حکومت کے بہی خواہوں نے اسکو اس ارادہ سے باز رکھنا چاہا اور ابو عبداللہ کی بڑھتی ہوئی فوج کو روک لینے کا یقین دلایا، لیکن ابو مضر لشکر کا مقابلہ کرنے کے لئے کسی طرح آمادہ نہیں ہوا،

چنانچہ ۲۶ جمادی الاخری ۹۶ھ/۹۰۹ء کو اغالبہ کا یہ آخری تاجدار قصر شاہی سے جسقدر دولت وثروت کا

انبار ساتھ لیجا سکتا تھا، اونٹون پر لاد کر اور اپنے تمام اہل وعیال اور عزیز واقارب کو دشمنون کے رحم وکرم پر چھوڑ کر رقادہ سے فرار ہوا، وداع کے وقت ایک وفا شعار لونڈی آگے بڑھی، اور سینہ پر عود رکھ کر یہ چند شعر گائے،

لم انس یوم الوداع موقفها وجفنها فی دموعها غرق

رخصت کے دن کا مین یہ منظر نہین بھول سکتی، جب کہ اوس کی آنکھین آنسوؤن سے تر تھین،

وقولها والرکاب سائرة ترکنا سیدی ونتطلق

اور اوس کا یہ کہنا اوس حالت مین جب کہ اور سوار چل رہے تھے وہ ہمکو چھوڑ کر جا رہے ہین،

استودع الیه ظبیة جزعت للبین والبین فیه لی حرق

مین اُس ہرنی کو رخصت کر رہا ہون جو جدائی سے پریشان ہو اور مین بھی سوز فرقت سے جل رہا ہون،

ابو مضر کی آنکھون سے آنسوؤن کی جھڑی لگ گئی، اور تن بہ تقدیر تن تنہا، بادیدۂ پُرنم محل سے باہر نکل آیا، اور راتون رات مصر کی راہ لی،

ابراہیم بن ابی اغلب ابو مضر کے نکلنے کے بعد باشندگان قیروان سے حلف اطاعت لیا، اور اسماعیلی فوج کے مقابلہ پر آمادہ کیا، لیکن وہ لوگ بہت جلد منحرف ہوگئے، ابراہیم نے اس کام کوشش کے بعد گھوڑے کو ایڑ لگائی اور آخری اغلبی تاجدار افریقہ ابو مضر زیادۃ اللہ سے جاملا،

اسی کے ساتھ دولت اغالبہ کا آفتاب اقبال جو ایک سو گیارہ سال اور چند مہینے تک سرزمین افریقہ کو اپنی تابانی ودرخشانی سے منور کرتا رہا، ۲۶ جمادی الاخری ۲۹۶ھ/۹۰۸ء کو ہمیشہ کے لئے غروب ہوگیا،

غم نصیب ابو مضر طرابلس ہوتا ہوا مصر پہنچا لیکن کسی جگہ چین نہین ملا، سرگشتہ تقدیر ادھر اودھر پھرتا رہا، آخر اثنائے سفر مین رملہ پہنچا، اسی کی خاک مین اوس کی خمیر لکھی تھی، چنانچہ ۲۹۷ھ/۹۰۹ء مین یہین آغوش لحد مین سو رہا[1]

[1] ابن اثیر ج ۷، صفحہ ۳۶، وج ۸ ص ۱۵ تا ۱۷، والبیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۲۰۰ تا ۲۰۲،

صقلیہ سے دولت اغالبہ کا خاتمہ

افریقہ مین دولت فاطمی کے قیام کے بعد صقلیہ کا آخری اغلبی والی احمد بن حسین بن رباح پندرہ ۱۵ دن تک اپنی جگہ پر برقرار رہا، اسکے بعد ایسے حالات پیش آگئے کہ صقلیہ مین از خود دولت فاطمی کا استقبال کیا گیا، نئے فاطمی تاجدار نے یہان کی ولایت کیلئے اپنا ایک قائم مقام نامزد کیا، اور ۱۱ رجب ۲۹۶ھ سے صقلیہ مین بھی جدید حکومت قائم ہوگئی جسکی تفصیل آیندہ آئیگی،

دولت اغالبہ پر ایک نظر

اغالبہ صرف ایک سو گیارہ سال اور چند مہینے افریقہ کے حکمران رہے اور اس مدت مین گیارہ فرمانروا ؤن نے حکومت کی، اگر اس قلیل زمانہ مین سے افریقہ کی سرکش قوم بربر کی بغاوتون اور غداریون کا زمانہ نکال لیا جائے تو شکل سے پچھتر ۷۵ برس ایسے نکلین گے جن مین امن و امان قائم رہا، اور انھین نظام حکومت کی تشکیل اور فتوحات کا دائرہ وسیع کرنے کا موقع ملا،

لیکن انھون نے اسی قلیل ترین عہد حکومت مین نہایت نمایان کارنامے انجام دیے، انھون نے محض اپنی قوت بازو سے تقریبًا تمام شمالی افریقہ کو زیر نگین کیا، صرف مختلف گوشون مین دو چھوٹی چھوٹی حکومتین بنو مدرار کی سلجماسہ مین اور بنو رستم کی تاہرت مین علی الترتیب ایک سو ۱۰۰ تیس اور ایک سو نو ۱۰۹ ساٹھ سال تک قائم رہین، لیکن اغالبہ کا عہد حکومت اگرچہ ان سے بھی کم ثابت ہوا، اور انھون نے صرف ایک سو گیارہ ۱۱۱ سال اور تین مہینہ تک فرمانروائی کی لیکن تمام شمالی افریقہ پر چھا گئے، اور ان کے حدود حکومت سواحل بحر روم کا احاطہ کرتے ہوئے حدود صوبہ مصر تک جا پہنچے،

دولت اغالبہ کے بانی ابراہیم بن اغلب نے ایک والی کی حیثیت سے افریقہ کی حکومت سنبھالی تھی، اس سے پہلے تک افریقہ مرکزی حکومت بغداد کو کوئی خراج دینے کے بجاے قیام امن کے لئے اس سے مصارف لیا کرتا تھا، ابراہیم وہ پہلا والی ہے جس نے دولت عباسیہ بغداد کو ان مصارف سے سبکدوش کر دیا، اور افریقہ سے خراج کی ایک متعینہ رقم بھیجنے لگا، اور ابراہیم اور ہارون رشید سے جو کچھ تعلقات پاے اون کے رو سے افریقہ

کی حکومت نواغلب کیلئے نسلاً بعد نسلٍ وقف ہوگئی، اور باوجودیکہ اونھین افریقہ مین اس قدر اقتدار حاصل ہوگیا تھا، کہ اپنی خود مختاری کا بھی اعلان بھی کرسکتے تھے لیکن فرمانروایان اغالبہ اپنی دانشمندی سے خلافت عباسیہ کے دامن سے ہمیشہ وابستہ رہے، اور خطبہ مین خلیفۂ وقت اور فرمانروائے اغلبی کا نام ساتھ ساتھ پڑھا جاتا رہا

شمالی افریقہ کا یہ تمام علاقہ جو اغالبہ کے ماتحت تھا، چونکہ بحر روم کے سواحل پر آباد تھا، اس لئے انھون نے بحری طاقت مین نمایان امتیاز حاصل کرلیا تھا چنانچہ ابن خلدون نے اپنے مقدمہ باب قیادۃ الاساطیل مین بھی تصریح کی ہے کہ افریقہ اور اندلس کی اسلامی حکومتون کی بحری طاقتین، اوس زمانہ مین دنیا کی سب سے بڑی بحری طاقتین تھین،

یہی وجہ تھی کہ بحر روم کے تمام جزائر انھی دونون اسلامی حکومتون کے زیر اقتدار آگئے تھے، جو جزیرے اندلس سے قریب پڑتے تھے، وہ اندلس کے قبضہ مین تھے لیکن اون کی تعداد کم تھی، اور جو جزائر شمالی افریقہ کے گرد واقع تھے، یا شمالی افریقہ کے ان جزیرون سے قریب پڑتے تھے، وہ اسلامی حکومت اغالبہ افریقہ کے زیر اقتدار تھے،

بحر روم کے اون جزائر پر مسلمانون کے حملے اگرچہ بہت پہلے شروع ہو چکے تھے جن کی تفصیل کسی گذشتہ باب مین گذر چکی ہے لیکن ان پر ایسے حملے بالعموم انھی اغالبہ کے عہد مین شروع ہوئے جو مستقل طور پر انھین زیر اقتدار لانے کیلئے کئے گئے تھے، چنانچہ اغالبہ جزیرہ سسلی کے علاوہ بحر روم کے اور بہت سے دوسرے جزیرون پر بھی قابض ہوئے، پھر اپنی علو ہمتی سے سواحل اٹلی پہنچے، اس سے آگے بڑھ کر اندرون اٹلی مین داخل ہوئے اور پھر ساحل فرانس سے جاکر ڈانڈے ملا دئے، اغالبہ کی یہ تمام کامیابیان صرف اُن کی بحری قوت کی بنیاد پر تھین، اور بالآخر یورپ کی تمام عیسوی حکومتون اور خصوصاً حکومت بزنطی نے ان کا بحری تفوق تسلیم کرلیا تھا، اور یہی وجہ تھی کہ شمالی افریقہ، صقلیہ اور بحر روم کے دیگر جزائر پر قابض ہونے کے علاوہ اٹلی کی ریاستین

بھی ان کے زیرِ اقتدار آئین، اور اٹلی مین آبنائے سیناسے کوہ الپس تک استه مین کوئی قوت اون کے سدِّ راہ نہین ہوسکتی تھی، ہوسیو سدیو انگلی فتوحات پر اجمالی تبصرہ کرتے ہوئے آخر مین لکھتے ہین:-

"اس بیان مذکورہ سے صاف ظاہر ہے کہ جو فتوحات بحرِ روم پر انغلبیون کو حاصل ہوئی تھین، وہ افریقہ اور اسپین کے دوسرے عربون کی فتوحات سے کہین بڑھ چڑھ کر تھین"[1]

دولتِ اغالبہ صقلیہ کے مختلف دور اور صقلیہ کی مکمل تسخیر مین تاخیر کا باعث

پھر اغالبہ کی بحری طاقت کے اس تفوق کے باوجود سسلی کی مکمل تسخیر مین اس قدر تاخیر کیون ہوئی، کہ اس کا سلسلہ ۲۱۲ھ/۸۲۷ء سے شروع ہوکر ۲۸۹ھ/۹۰۱ء مین جاکر اٹھتر برس مین اختتام کو پہنچا؟ اس کا جواب کسی قدر تفصیل طلب ہے، عہدِ اغالبہ مین اسلامی حکومت کے مختلف دور گذرے ہین، اُن کے کل مدتِ حکومت مین ستائیس ولاۃ صقلیہ آئے اور توسیعِ فتوحات کے بارے مین ان مختلف دورون مین مختلف ولاۃ کا نقطۂ نظر مختلف رہا،

سب سے پہلا دورِ دولتِ اسلامیہ صقلیہ کے بانی قاضی اسد بن فرات کی آمد سے فتح بلرم تک ہے،

جب قاضی اسد بن فرات ۲۱۲ھ/۸۲۷ء مین مازر پر بلا مزاحمت قابض ہوئے تو ادسی کو اسلامی حکومت کا صدر مقام قرار دے کر اونھون نے اپنی توجہ سرقوسہ کی فتح پر مبذول کر دی کہ اون کے نقطۂ نظر سے یہ نطی دارالحکومت کی فتح ہی گویا پورے جزیرہ کی فتح تھی، اثنائے راہ مین مختلف مقامات پر بھی حملے ہوئے اور قاضی اسد نے اپنی صلح جو طبیعت کی افتادسے یہی چاہا کہ کہین خونریزی کی نوبت نہ آئے، اور لوگ ادائے جزیہ کی شرط پر امان طلب کرلین، اور پھر وہ اسی نقطۂ نظر سے سرقوسہ پہنچے کہ اوس کی تسخیر کے بعد وہ پورے جزیرہ کو جزیہ ادا کرنے پر رضامند کرلین گے، اور جہان معرکہ آرائی کی نوبت آئے گی، وہ مقام اسلامی حکومت کے قبضہ و اقتدار مین داخل ہوگا،

قاضی اسد بن فرات اپنے بعد مسلمانانِ صقلیہ کے سامنے یہ نقطۂ نظر قائم کرگئے کہ پیشقدمیون

[1] تاریخ عرب ہوسیو سدیو ص ۲۴۳،

کی تمام کوششین مرکزی مقام پر جاری رکھی جائین، اور باقی چھوٹے چھوٹے شہرون یا قلعون سے جزیہ کی شرط پر صلح کی جائے، چنانچہ ان کے جانشین محمد بن ابی الجواری نے اسی نقش قدم کی پیروی کی لیکن جب مسلمانون پر مصائب کا طوفان آیا، اور سرقوسہ کی مہم ناکام ثابت ہوئی، تو اونھون نے اپنے زاویہ نگاہ مین تبدیلی کی، اور بعض دوسرے شہرون پر حملہ آور ہو کر قابض ہوئے تاہم مرکزی شہر پر قبضہ کرنے کا تخیل اب بھی موجود رہا، اور اسی سلسلہ مین قصریانہ پر قسمت آزمائی کرنی چاہی، اور مسلسل دو سال تک یہ کوششین جاری رہین، یہانتک کہ ایک طویل ابتلا کے بعد بلرم پر قبضہ ہو گیا،

بلرم مسلمانون کو ایسے موقع سے مل گیا کہ جزائر جائے وقوع کے لحاظ سے مسلمانون کا بہترین صدر مقام بن سکتا تھا، اور اسی لئے مشرقی کی فنیقی قوم نے اوس کو دارالحکومت قرار دیا تھا، مسلمانون نے تسخیر بلرم کے بعد اسلامی حکومت کی تشکیل کی، اور مسلسل دو سال تک فوجی مہمون کا سلسلہ موقوف رہا، پھر جب فوجی مہمون کا آغاز ہوا تو اوسکی ابتدا، قصریانہ سے ہوئی، اولاً یہان کی پچھلی ناکامی کا انتقام اور پھر دارالحکومت سے اسکے قریب ہونے اور اسکے زیر اثر ایک وسیع علاقہ کے ہونیکے باعث مسلمانون کی تمام تر توجہ اسی شہر پر مرکوز رہی، تاآنکہ ادائے جزیہ کی شرط پر یہ سلسلہ موقوف ہوا، اس اثنا مین مسلمانون نے ہر قسم کی علمی و تمدنی ترقیون کی شاہراہ کھول دی، بلرم اور اوس کے زیر اثر علاقہ مین ایسا کاروبار جاری ہو گیا جو ایک مستقل حکومت کے شایان شان ہو سکتا تھا، یہ صقلیہ کی اسلامی حکومت کا دوسرا دور تھا،

اس کے بعد مسلمانان صقلیہ نے جزیرہ مین دو مستقل حکومتون کا وجود تسلیم کر لیا، ایک طرف صقلیہ کی اسلامی حکومت تھی، اور دوسری طرف رومیون کی بیزنطی حکومت، اب اولاً اونھون نے بیزنطی حکومت کو نظر انداز کر کے اسلامی حکومت کے بقا و تحفظ کی فکر کی، اور اسی سلسلہ مین افریقیہ و صقلیہ کے مابین جزائر پر تسلط حاصل کیا، اور پھر جزیرہ کے اوس جنوبی علاقہ کو جو دارالحکومت بلرم کے آس پاس تھا اپنے قبضہ مین لائے، اور اوس کے بعد بیزنطی حکومت کے خاتمہ کے لئے اوس کے پایہ تخت پر اقتدار حاصل کرنے کا قدیم تخیل پھر لوٹ آیا،

اور اسی بنا پر بزنطی دارالحکومت سرقوسہ کے بجائے خود مسینا پر توجہ مبذول کی، کیونکہ یہاں سے بزنطی دارالحکومت سرقوسہ پر زد پڑتی تھی، اور نیز اسلامی حکومت صقلیہ کی ترقی کے لئے ریاستہائے ایطالیہ سے تجارتی تعلقات وغیرہ قائم ہو سکتے تھے چنانچہ فتح مسینا کے بعد یہ دونوں مقصد حاصل ہوئے، لیکن ولایت مسینا کی فتح کے بعد ہی بزنطی عمال نے اسی بنا پر اپنا پایہ تخت سرقوسہ سے قصریانہ منتقل کر لیا، اور پھر اسی بنا پر مسلمانوں کو بھی اپنی پیشقدمی کا نقشہ بدلنا پڑا، اور انھوں نے اپنی عنان توجہ قصریانہ پر دوبارہ منعطف کر لی، اور اسی فتح پر اسلامی حکومت کا جزیرہ مین **تیسرا دور** ختم ہو گیا،

اس کے بعد جب سرقوسہ دوبارہ پایہ تخت قرار پایا، تو مسلمانوں نے بھی اپنی تمام تر توجہ پھر سرقوسہ کی مہم پر مبذول کی، اور یہ مہم بھی اتمام کو پہنچی، اور یہ اسلامی حکومت کا جزیرہ مین **چوتھا دور** تھا،

اس کے بعد دولت اغالبہ صقلیہ کا **پانچوان دور** اوس کے دور اختلال سے شروع ہوتا ہے جس کے وجوہ و اسباب اس سے پہلے بتفصیل گذر چکے ہین، لیکن اس دور مین بھی جب کہ اسلامی حکومت مختلف قسم کی خانہ جنگیون مین مبتلا تھی، اور اسلامی حکومت کی فوجی پیشقدمیون کا سلسلہ تقریبًا موقوف ہو چکا تھا جب صقلیہ کے رومیون نے ایک نئے قلعہ کو درست کر کے اس کو مرکزی حیثیت سے دارالحکومت کا لقب دیا، تو والی صقلیہ نے پیشقدمی کر کے اس جدید دارالحکومت پر قبضہ کر لیا، اور اس طرح اونھون نے جزیرہ مین گویا اپنی حریف سلطنت کا خاتمہ کر دیا، اور اسی بنا پر حبیب ابوالعباس نے یہان امن و امان قائم کر کے فوجی مہمون کا دوبارہ آغاز کیا، تو اوس نے اندرون جزیرہ مین پیشقدمی کرنے کے بجائے جنوبی اٹلی کا رُخ کیا،

اسی کے بعد ابراہیم پورے جزیرہ کی تسخیر کے قصد سے صقلیہ آتا ہے، اور چند ہی دن مین بغیر کسی زیادہ مزاحمت کے سارے جزیرہ پر قابض ہو جاتا ہے، اور یہی دولت اغالبہ صقلیہ کے سلسلۂ محاربات کی آخری کڑی ہے جسے **چھٹا دور** کہا جا سکتا ہے،

ملکی فتوحات کے لحاظ سے جزیرہ مین مسلمانون کے یہی چند دور گذرے ہین، ان تمام دورون پر

اجمالی نگاہ ڈالنے سے یہ بخوبی اندازہ ہوتا ہے کہ ان مین سے ہر ایک دور اپنی جگہ پر اس قدر مستقل ہے کہ لوگون نے ہر ایک دور کے خاتمہ پر گویا اوسکو جزیرہ کی فتح سے تعبیر کیا، اور آغاز ہی مین بلرم کی فتح کے بعد اسلامی حکومت کی بنیا دیہان ایسی مستحکم سمجھ لی گئی، کہ کبھی انھین پورے جزیرہ کی تسخیر کا خیال سرے سے پیدا ہی نہین ہوا، البتہ ان مختلف دورون مین سے ہر دور مین یہ قدر مشترک ضرور موجود رہا کہ حکومت بیزنطی کے پایہ تخت پر قبضہ کیا جائے اور مسلمانون کے نقطۂ نظر سے پایہ تخت پر قابض ہو جانے کے دوسرے معنی پورے جزیرہ کی تسخیر کے تھے، چنانچہ جب ۲۴۴ھ/۸۵۸ء مین قصر یانہ اسلامی اقتدار مین داخل ہوا جو اوس زمانہ مین بیزنطی پایہ تخت کی حیثیت رکھتا تھا، تو مسلمانون نے اسکو پورے جزیرہ کی فتح سے تعبیر کیا، اور اسی بنیاد پر ابن ابی دینار کا بیان ہے کہ پورا جزیرہ ۳۵ سال مین تسخیر ہو گیا، حالانکہ اس وقت تک جزیرہ کے تہائی حصہ سے زیادہ اسلامی مقبوضات مین داخل نہین ہوا تھا،

اس لئے اصل واقعہ یہ ہے کہ مسلمانون نے پورے جزیرہ کی تسخیر کا تخیل کبھی سامنے نہین رکھا، وہ پہلے دارالحکومت پر قبضہ کرنا چاہتے تھے، اور اسی راستہ سے پورے جزیرہ پر حکمران ہونا چاہتے تھے، اور یہی اس تاخیر کا اصل باعث ہے،

فتح سرقوسہ کے بعد بھی جب پورے جزیرہ کی تسخیر نہایت آسان ہو گئی تھی، جس کا یورپین مورخین کو بھی اعتراف ہے، لیکن اونھی حالات کے گرد و پیش جنکی تفصیل اوپر گذر چکی ہے اونھون نے خود اس جانب توجہ نہین کی اور اسی لئے جب ابراہیم پورے جزیرہ کی تسخیر کا خیال لیکر صقلیہ آیا تو چند ہی دن مین اسکو اتمام تک پہنچا دیا،

اہم شہرون کی تسخیر لیکن اس کے یہ معنی نہین کہ بیزنطی پایہ تخت کو نشانہ بنانے کی وجہ سے مسلمانون نے کسی دوسری جانب رُخ نہین کیا، بلکہ مقصود یہ ہے کہ ان کا اصل محاذ پایہ تخت رہا، اور اسی ضمن مین اونھون نے دوسرے شہرون پر بھی فوجکشیان کین، اور رفتہ رفتہ فتح سرقوسہ سے پہلے تقریباً دو تہائی جزیرہ

پر قابض ہوگئے، اور جزیرہ کے اہم شہر پلرمو طرابنش جرجنت، مناؤ، نوطس مسینا، لیتی، سکلہ، رغوص، بیرہ، اور لنبایذہ وغیرہ بیزنطی دارالحکومت کے مفتوح ہونے سے پہلے اسلامی اقتدار مین داخل ہوچکے تھے، لیکن جیسا کہ اوپر کی تفصیلات سے معلوم ہوا ہوگا، اگرچہ کبھی کبھی توسیع فتوحات کے نقطۂ نظر سے ان پر حملے کیے گئے، تاہم ان مین سے اکثر کی تسخیر یا پایۂ تخت کی تسخیر کی کوششون کے ضمن مین ظہور پذیر ہوئی

فوجکشیون اور شقیقیون کی کثرت۔

علاوہ ازین دولتِ اغالبہ صقلیہ کی سرگذشت مین فوجی شقیقیون اور فوجکشیون کی بہ کثرت مثالین ملتی ہین، اور دراصل یہ فوجکشیان بھی اصل نقطۂ نظر کے حصول کے ذریعے اور واسطے تھین، جو حسب ذیل مقاصد کے لئے کیجاتی تھین،

(۱) رومی مقبوضات کے شہر اور آبادیان جزیہ قبول کرین،

(۲) جو شہر جزیہ قبول کرنے سے انکار کرین اور مقابلہ کرین، اونھین اس قدر تہ وبالا کیا جائے کہ حکومت بیزنطی کے قبضہ سے از خود نکلنا چاہین،

(۳) حکومت بیزنطی کے ذرائع آمدنی کو مسدود کرنے کے لئے اوس کے مقبوضات کی پیداوار سے وہانکے باشندون کو محروم کردیا جائے، خواہ وہان کی زراعت کو حاصل کرکے یا اوس کو برباد کرکے یہ مقصد حاصل ہو،

اوس عہد کے قانون جنگ وصلح کے رو سے دشمن کے مقبوضات کو تاخت وتاراج کرنا اصولاً روا بھی سمجھا جاتا تھا، کہ وہ سب علاقے دارالحرب تھے، اور انھین خود دشمنون کے نقطۂ نظر سے حق حاصل تھا، کہ اون کے مقبوضات کی زراعت برباد کردین، مویشیون کو چھین لین اگر کسی علاقہ کے باشندے مقابلہ کرین تو اونھین تہ تیغ کرین، اور جو ان مین سے گرفتار ہوجائین، اور ان کے بارے مین متحارب حکومت سے کوئی سمجھوتہ نہ ہوسکے تو لونڈی غلام بنا کر فروخت کردین اور اگر اسی سلسلہ مین کوئی شہر مفتوح ہوجائے، تو زیر علم کرلین، ورنہ ان مصائب سے بچنے کے لئے جزیہ قبول کرکے اسلامی حکومت

کی حفاظت میں آجائیں مسلمانوں نے اس قسم کی بیشقدمیاں کثرت سے کیں چنانچہ ایک سے زیادہ مرتبہ رومیوں نے مسلمانوں کی اس قسم کی بیشقدمیوں کو روکنے کیلئے مختلف شرائط پر کسی محدود مدت تک کیلئے عارضی صلحیں کیں اور جب تک اوس صلح کی مدت قائم رہی، فوجکشی ملتوی رہی،

اسی طرح جب رومیوں کو موقع ملتا، وہ بھی اسلامی مقبوضات کو تاخت وتاراج کرتے اور صلح کے موقعوں پر تین تین چار چار سو قیدی فدیہ لیکر چھوڑائے جاتے،

دولت اغالبہ کے زوال کا سبب

یہ بھی عجب اتفاق ہے کہ جہاں ابراہیم کی ذات صقلیہ میں فتوحات اسلامی کی تکمیل کا باعث بنی، وہاں صرف اسی کی شخصیت دولت اغلبیہ کے زوال کا موجب بنی، اگرچہ اس سے جو کچھ سرزد ہوا، وہ ہوش وخرد میں نہیں، بلکہ مراق وخفقان میں اس لئے درحقیقت دولت اغلبیہ کے زوال کی تمام تر ذمہ داری اون ارکان دولت پر آتی ہے، جو ابراہیم کے عہد میں حکومت کے ذمہ دار عہدون پر فائز تھے اگر وہ اس کے مراق کی ابتدا، ہوتے ہی، اوسکو حکومت سے دستبردار ہونے کی دھمکی دیتے، اور اگر اس صورت میں بھی حالات روبہ اصلاح نہ ہوتے، تو خلافت عباسیہ سے رجوع کرنے میں جو کچھ اونھون نے آخر میں کیا وہ ابتدا ہی میں کر گذرتے تو غالبًا دولت اغالبہ کو اس قدر جلد یہ تلخ انجام دیکھنا نہ پڑتا، اور ابراہیم شروع ہی سے یا تو حکومت سے کنارہ کش ہوجاتا، اور ابوالعباس کو اپنا جانشین بناتا، یا دلجمعی سے اپنے کو سنبھالنے کی فکر کرتا، جیسا کہ اپنے آخر عہد حکومت میں فرمان خلافت پاکر دربار خلافت میں حاضری، اور وہان کی جواب دہی کی ذمہ داری قبول کرنے سے خائف ہوا، اور حیلہ جوئی کرکے صقلیہ چلا آیا،

لیکن یہ کنارہ کشی غایت درجہ بتاخیر ہوئی، سلسلۂ علت ومعلول کی کڑیاں اس سے پہلے پوری ہوچکی تھیں، صرف نتیجہ کا ظہور باقی تھا، کہ اوس کے طویل دور مظالم کے نتائج وعواقب کے طور پر سرزمین افریقیہ میں دعوت اسمٰعیلی پورے طور پر پیدا آور ہوچکی تھی، اور ابراہیم زیادہ تر اسی لئے اپنی روش بدلکر حکومت سے کنارہ کش ہوا، کہ اس کے باعث افریقیہ میں دعوت اسمٰعیلی کو روز بروز قبولیت حاصل ہوتی جاتی تھی، چنانچہ

ابن خلدون لکھتا ہے،

وفی ایامہ ظھر ابو عبد اللہ الشیعی	ابراہیم کے زمانہ میں ابو عبد اللہ الشیعی کتامہ میں ظاہر
بکتامہ ..... وھو من الاسباب التی	ہوا ..... اور منجملہ دیگر اسباب کے یہ بھی ایک
دعتہ للتوبۃ والاقلاع وخروج	سبب ہے جس نے اسکو تائب ہونے تاج و تخت چھوڑنے
الی صقلیہ	اور صقلیہ چلے جانے پر آمادہ کیا،

اس لئے اگر ابراہیم کے دور مظالم کے شروع ہوتے ہی اسکو حکومت سے الگ ہونے پر مجبور کیا جاتا تو دولت اغالبہ کا اس قدر جلد خاتمہ نہ ہوتا،

پھر یہ بھی بخت و اتفاق کی بات ہے کہ جب ابراہیم کے بعد ابو العباس نے نئے سرے سے حکومت سنبھال لی اور یہ توقع پیدا ہوئی کہ حکومت اغلبیہ کی متزلزل بنیاد کچھ دنوں کے لئے سنبھل جائے، اور شاید وہ دعوت اسماعیلی کے استیصال میں کامیاب ہو جائے، کہ اچانک اوس کے سر مست شباب ناخلف لڑکے ابو مضر نے رہی سہی امیدوں کا خاتمہ کر دیا، اور اپنے باپ ابو العباس کو قتل کر کے دولت اغلبیہ کے زوال کی تمام تر ذمہ داری اپنے سر قبول کر لی، اور پھر باغیوں سے مقابلہ کی قوت رکھنے کے باوجود حکومت سے دست بردار ہو کر افریقیہ سے نکل پڑا، اور اس طرح خود اپنے ہاتھوں اپنی قبر تیار کر لی، اور آوارہ وطن آغوش لحد میں جا لیٹا، اور اسی کے ساتھ خانوادہ اغالبہ کی سطوت و عظمت اور جاہ و جلال کا آفتاب بھی غروب ہو گیا،

دولت فاطمیہ

سنہ ۲۹۶ سنہ ۳۲۶
۹۰۸ء ۹۴۷ء

دولت فاطمیہ شیعی تحریک کی اسماعیلی شاخ سے تعلق رکھتی ہی، اس اجمال کی تفصیل یہ ہے، کہ شیعی تحریک جسمین ہمیشہ سے عجمی روح کارفرما رہی ہو اوس نے اول روز سے اپنی کامیابی کا گر مخفی دعوت و تبلیغ (پروپگنڈا) کو قرار دیا چنانچہ حضرت عثمانؓ کے عہد مین ابن سبا وغیرہ کی شیعی تحریک اسی تدبیر سے کامیاب ہوئی، اور حضرت عثمانؓ شہید ہوے، اور مسلمانون مین کشت و خون تک نوبت پہنچی، اور بجاے ایک اسلام کے تین سیاسی اسلام یعنی اہل سنت والجماعۃ شیعہ اور خارجی ہوگئے،

حضرت علی مرتضیٰؓ کی شہادت اور حضرت امام حسنؓ کی دست برداری کے بعد جب بنو امیہ دنیاے اسلام کے تنہا مالک ہوگئے، تو اہل بیت کرام یعنی بنو امیہ کے خلاف بنو ہاشم کی تائید مین ایک متفقہ شیعی تحریک برسر کار آئی، اور بالآخر ابو مسلم خراسانی کے ہاتھون اوس نے ۱۳۲ھ/۷۴۹ء مین بنو امیہ کا تختہ اولٹ دیا، مگر جب اس ہاشمی تحریک کے چہرہ سے پردہ اوٹھا تو ہاشمیہ اور اہل بیت مین سے عباسی خاندان کی کامیابی کی صورت مین وہ نظر آئی،

اب وہ کشاکش جو بنو ہاشم اور بنو امیہ کے باہمی اقتدار کے لئے جاری تھی، وہ عباسیہ اور علویہ (یعنی اولاد علیؓ بن ابی طالب) کی صورت مین قائم ہوگئی، عباسیہ اب برسر حکومت تھے اور علویہ اپنی مخفی تحریکون مین مصروف

اور جب کبھی اون کی دعوت کو کہین کامیابی نصیب ہوئی، اونھون نے فضل کر تیغ وسنان سے عباسیہ کا مقابلہ کیا، بالآخران علویہ کے بھی دو حصے ہوگئے، یعنی ایک تو وہ جو حضرت علیؓ کی زوجہ مطہرہ حضرت فاطمہؓ بنت رسولؐ کی اولاد کرام تھی، اور دوسرے وہ جو حضرت علیؓ کی دوسری بیبیون کے بطن سے تھے، فاطمی کے معنی حضرت علیؓ کی نسل سے حضرت فاطمہؓ کے سلسلہ سے جو اولاد ہوئی،

حضرت علیؓ کی فاطمی نسل مین حضرت امام حسنؓ، امام حسینؓ، امام علی زین العابدین، امام محمد باقر، امام جعفر صادق تک تمام شیعیان اہل بیت کا اتفاق رہا، امام جعفر صادق کی اولاد مین دو نامور تھے، ایک اسماعیل دوسرے موسیٰ کاظم اس لیے شیعی گروہ بھی دو حصون مین منقسم ہوگیا، ایک نے موسیٰ کاظم کو، اور دوسرے نے اسماعیل کو امام مانا، امام موسیٰ کاظم والے، امام موسیٰ کے بعد امام علی رضا، کو، پھر امام محمد تقی، امام علی نقی، امام حسن عسکری زکی، پھر امام مہدی منتظر کو امام مان کر بارہ امامون پر امامت تمام کردی، یہ اثنا عشری کہلائے جو آج ایران کا عام مذہب ہے،

اسماعیل کی امامت کے معترف، اسماعیل کے بعد محمد مکتوم بن اسماعیل، جعفر مصدق بن محمد مکتوم، اور حبیب بن جعفر مصدق ہین، اور انھین کی نسل مین کہا جاتا ہی، کہ ابو محمد عبید اللہ ملقب بہ مہدی ظاہر ہوا، اور یہی دولت فاطمیہ کا بانی بنا، جس نے سب سے پہلے شمالی افریقہ مین ظہور کیا، اور اوس کے تیسرے جانشین المعز لدین اللہ نے عباسیون کو نکال کر مصر پر قبضہ کیا، اور اپنے مرکز حکومت کو شمالی افریقہ سے ہٹا کر مصر مین منتقل کیا، اور مصر مین دولت فاطمیہ کی بنیاد ڈالی[1]

[1] یعنی فاطمی خلفا مین سے آگے چل کر ایک خلیفہ الحاکم بامر اللہ پیدا ہوا جس کے دو بیٹے ہوئے، نزار اور علی الظاہر لاعز دین اللہ اس طرح فاطمی اسماعیلی امامت دو حصون مین منقسم ہوگئی، ایک نزاری اور دوسرے ظاہری ظاہر لاعز دین اللہ مکر خلیفہ ہوا، اور آخر یا امامت سلطان صلاح الدین ایوبی کے ہاتھون تباہ ہوئی، اسی سلسلہ کے لوگ آج ہندوستان مین بوہرے کہلاتے ہین، اور نزاری کی بنا حسن بن صباح نے کوہستان ایران مین ڈالی، اور قلعہ الموت مین باطنی حکومت کی بنیاد استوار کی جس کا خاتمہ ہلاکو خان تاتار کے ہاتھ سے ہوا، اسی سلسلہ کے امام ہز ہائنس آغا خان ہین،

اس مخفی تحریک دعوت کے چلانے کی صورت یہ تھی، کہ کسی مناسب مقام پر جہاں امام ہوتا، اوس کا پوشیدہ صدر مقام ہوتا، اور اوس کے تحت تمام ملک مین اوسکے ہشیار مبلغون کی نگرانی مین اوسکی شاخین ہوتین، اور ان مین سے ہر ایک اوس امام کی بیعت لوگون سے لیتا، اور جب کسی حصۂ ملک مین کسی نائب کو معتد بہ افراد کی بیعت حاصل ہوجاتی، وہ ان کو لیکر حکومت کے مقابلہ کے لئے اوٹھ کھڑا ہوتا، اب یا وہ کامیاب ہوجاتا، اور یا مارا جاتا، پھر اوس کا دوسرا جانشین مقرر ہوتا، اور یہ تحریک آگے کو چلاتا، ان مبلغون کا اصطلاحی نام داعی اور جمع کی صورت مین دعاۃ تھا،

ان اسماعیلی دعاۃ اور خصوصًا داعی الدعاۃ کی تعلیم و تربیت صدر مقام کے افاضل کے زیر اہتمام ہوتی، اور جب وہ تعلیم و تربیت مین پورے اوتر جاتے تو حسب ترتیب تعلیم و تربیت کی مناسبت سے مختلف مقامات پر بھیج دیئے جاتے، اور یہی دعاۃ اپنی ولایت مین شیعی دعوت کی تبلیغ و اشاعت تحریک کے مخالف افواہون کی تردید و انسداد، اور حکومت وقت کے خلاف بغاوت کی منظم جد و جہد کرتے، اور اپنی تمام جد و جہد کی مفصل روداد نیز باشندگان ولایت کی ذہنی استعداد و ذہنی انقلاب کی پوری تشریح صدر مقام مین بالالتزام بھیجتے، اور پھر یہان سے اونھی روداد ون کے حسب اقتضاء مختلف ہدایتین جاری ہوتین،

چنانچہ اسی اصول کے زیر اثر سرزمین افریقیہ مین بھی اسماعیلیون کے دعاۃ نامزد ہوئے، ارباب تاریخ کا بیان ہے، کہ افریقیہ مین اسماعیلی دعوت کا سب سے پہلا داعی ایک شخص حلوانی نامی آیا، اور اسی کی مدد کے لئے ایک اور داعی ابوسفیان نام بھی بھیجا گیا، یہ دونون حضرت امام جعفر مصدق بن محمد المکتوم بن جعفر صادق کے فرستادہ تھے، ان لوگون نے افریقیہ پہنچ کر حکومت کے پایہ تخت سے دور نبوکتامہ نام ایک مشہور بربری قبیلہ کی سرزمین کو اپنی جد و جہد کی جولانگاہ بنایا،

نبوکتامہ بربریون مین سب سے زیادہ بہادر تھے، اور وہ افریقیہ کی حکومت وقت سے ہمیشہ برسرپیکار رہتے تھے، اسماعیلی داعیون نے ان کو بہت جلد اپنے قابو مین کرلیا،

چنانچہ اسماعیلی داعی حلوانی اور ابو سفیان ارض کتامہ پہنچ کر ان لوگون مین اپنی پوری قوت سے تبلیغ شروع کر دی، حلوانی نے اپنا مستقر مرماجنہ[1] کو قرار دیا، اور ابو سفیان نے شہر سوف حمار کو، ان لوگون نے زہد وورع تقوی اور مذہبی تقدس کے اظہار سے بنو کتامہ مین بہت جلد ہر عزیزی حاصل کر لی، اور لوگ عقیدتمند ان کے پاس آنے لگے، یہ ان کی پہلی کامیابی تھی، اس کے بعد دعوت وتبلیغ کا سلسلہ شروع ہوا، اور ان شہرون کے آس پاس مذہب کے پیرون کا ایک گروہ پیدا ہو گیا لیکن ابھی یہ داعی اپنی کوششون کے ثمرات نہ دیکھنے پائے تھے کہ کچھ دنون آگے پیچھے دونون کا انتقال ہو گیا،

ان دونون کے انتقال کے بعد افریقیہ کے لئے ابو عبداللہ کا انتخاب ہوا، ابو عبداللہ الحسین بن احمد بن محمد بن زکریا صنعا کا رہنے والا تھا، امام اسماعیلی محمد الحبیب نے اس کی تعلیم وتربیت کے لئے اسکو کمسنی سے ابن حوشب کے سپرد کیا، ابن حوشب شیعی دعوت کے بڑے مبلغون مین سے اور امام اسماعیلی محمد کا دست راست تھا، چنانچہ عبداللہ کی ہر قسم کی تعلیم وتربیت ابن حوشب ہی کے زیر نگرانی ہوئی،

ابن حوشب نے اس کو ان الفاظ مین افریقیہ کی خدمت سپرد کی، کہ

"حلوانی وابو سفیان مغرب مین ارض کتامہ کو قابل زراعت بنا چکے ہین، اب ان کے انتقال کے بعد اس سرزمین کے لئے تم سے بہتر کوئی دوسرا موجود نہین، جلد سے جلد جاؤ کہ صالح اور تیار زمین تمہارے لئے موجود ہے"

اتفاق سے حج کا موسم تھا، ابو عبداللہ اپنے ایک رفیق کار عبداللہ بن ابی ملاحف کے ساتھ دولت وثروت کا ایک انبار ساتھ لئے ہوئے مکہ معظمہ پہنچا، کہ یہان بنو کتامہ کے کچھ لوگ حج کے لئے آئے ہوئے تھے اس کے بعد وہ مکہ معظمہ سے بنو کتامہ کے چند افراد کی معیت مین مختلف حیلون سے مصر پہنچا، اور پھر صحرا الصحرا

[1] ابن اثیر مین "مرجنہ" اور ابن خلدون مین اسی کا نام "مرغنہ" ہے لیکن جغرافیہ کی متداول کتابون ابن حوقل مقدسی اصطخری اور یاقوت وغیرہ مین "مرماجنہ" ہے، اسلئے مین نے ابن اثیر کے لفظ مرجنہ کو مرماجنہ لکھا ہے ابن خلدون ج ۴ ص ۳۰، وابن اثیر ج ۸ ص ۱۲۳

ہوتا ہوا، افریقہ روانہ ہوا، اور مختلف مقاموں مین ٹھہر کر ۱۵ ربیع الآخر ۲۸۸ھ کو ارضِ کتامہ کے ایک مرکزی مقام انکجان مین پہنچ گیا،

ابوعبداللہ کے مکہ معظمہ سے افریقہ پہنچنے، یہان تحریک شروع کرنے اور اوس مین رفتہ رفتہ کامیاب ہونے کی ایک طویل داستان ہی، جو دولتِ فاطمی کی مستقل تاریخ کا ایک باب ہوسکتی ہی، یہان مختصراً یہ کہنا کافی ہی، کہ ابوعبداللہ نے کتامہ کو منظم کرکے بربریون کا ایک لشکرِ جرار حکومتِ اغلبیہ کے خلاف میدانِ جنگ مین لے آیا، لوائے اسماعیلی اسکے ہاتھ مین امامِ منتظر کے لئے سربلند تھا، فرمانروائے افریقہ ابراہیم کے عہد سے کھلم کھلا مقابلہ ہونے لگا، اور بالآخر رجب ۲۶ جمادی الاخری ۲۹۶ھ کو آخری اغلبی تاجدار ابومضر زیادۃ اللہ افریقہ سے فرار ہوا تو ابوعبداللہ نے فوراً ہی تمام افریقہ مین دولتِ اسماعیلی فاطمی یا دولتِ عبیدیین کے قیام کا اعلان عام کردیا، اور جمعہ کے دن خطبہ مین ابوعبداللہ نے اپنے امامِ منتظر عبیداللہ المہدی کو امیرالمومنین المہدی کے لقب سے موسوم کیا، اور اسی دن افریقہ سے خلافتِ عباسیہ کا قطعی انقطاع ہوگیا،

عبیداللہ المہدی اسماعیلی،

۲۹۶ھ / ۹۰۸ء — ۳۲۲ھ / ۹۳۳ء

افریقہ کا دولتِ فاطمیہ کا پہلا فرمانروا فرقۂ اسماعیلیہ کا امام عبیداللہ المہدی تھا، اس کا سلسلۂ نسب چند پشتون سے حضرت امام حسینؓ تک پہنچتا ہے، بغداد کے خلفائے عباسیہ نے گو اس کے نسب کی صحت مین کلام کیا، اور علما، اور سادات کی طرف سے ۴۰۲ھ مین ایک محضر بھی تیار کرایا جسمین فاطمیہ کی صحتِ نسب کا انکار کیا گیا، مگر محققین اس محضر کو خلفائے عباسیہ کی ایک سیاسی سازش سے زیادہ وقعت نہین دیتے، چنانچہ ابن اثیر ابن خلدون اور مقریزی نے بدلائل اس محضر کا پردہ چاک کیا ہی[1]،

[1] تاریخ ابن اثیر ج ۸ ص ۱۸۱، ابن خلدون ج ۴ ص ۳۱، ومقریزی در خطط مصر ج ۲ ص ۱۵۹،

عبید اللہ کو اوس کے باپ محمد الحبیب نے اپنی وفات کے وقت اپنا جانشین بنایا، اور مغرب مین جانے کی وصیت کی، جب وہ اس وصیت کے مطابق مغرب روانہ ہوا، تو اوس کی خبر عباسی خلیفہ وقت تک پہنچی، اور دربار خلافت سے اوس کی گرفتاری کا حکم صادر ہوا، عبید اللہ اپنے لڑکے ابوالقاسم کو ساتھ لے کر شام سے مصر کو روانہ ہوگیا معتضد نے قاصد دوڑائے اور والی مصر کو اسکی گرفتاری کے لئے لکھا، یہ قاصد عبید اللہ کے پہنچنے سے پہلے مصر پہنچ گئے، چنانچہ عبید اللہ مصر مین داخل ہوتے ہی گرفتار کرلیا گیا لیکن عجب اتفاق کہ وہ شخصی مشابہت سے مصر مین رہا کر دیا گیا، اور وہان سے افریقیہ روانہ ہوگیا،

جب معتضد کو خبر ملی تو والی مصر کو تہدید آمیز خط لکھا، اور پھر قیروان والیان افریقیہ کو لکھ بھیجا، کہ وہ ڈھونڈکر گرفتار کرلیا جائے، چنانچہ اوسکی گرفتاری کا حکم افریقیہ کے تمام شہرون مین بھیج دیا گیا،

عبید اللہ مغرب و افریقیہ کی مختلف شہرون مین روپوش، مارا مارا پھرا، لیکن بنو کتامہ تک کسی طرح رسائی حاصل نہ ہوئی، بالآخر وہ اپنے رفقا سمیت سلجماسہ مین گرفتار کرلیا گیا،

لیکن قضا و قدر کا فیصلہ اس کے برعکس تھا، بنو فاطمہ کا آفتاب اقبال طلوع ہوچکا تھا، اسی اثنا مین ابو عبد اللہ الداعی کی قوت کو فروغ حاصل ہوا، آخری اغلبی تاجدار ابو مضر تاج و تخت چھوڑکر افریقیہ سے بھاگ کھڑا ہوا، ابو عبد اللہ نے دار الحکومت پر قبضہ کرنے کے بعد سلجماسہ پر لشکر کشی کی، اور ۱۰ ذی الحجہ یوم شنبہ کو شہر مین داخل ہوگیا،

عبید اللہ اور اوس کا لڑکا ابو القاسم مریم بنت مدرار کے مکان مین مقید تھے، قید سے باہر نکلے اور ابو عبد اللہ سے آگے بڑھا، اور فرط مسرت سے اوس کے قدمون پر گر پڑا، اور تاج و تخت پیش کئے[1] اور

[1] ابن خلدون ج ۴ ص ۳۰۰ لغایۃ ۳۷، ابن اثیر ج ۸ ص ۲۰ لغایۃ ۳۹، ابن عذاری (ترجمہ اردو) ص ۲۴۱، لغایۃ ۲۴۰، دولت فاطمیہ کا بانی ابو عبد اللہ الداعی سنت جاریہ کے مطابق دولت عباسیہ کے بانی ابو مسلم خراسانی کی طرح تہ تیغ کیا گیا،

فرقۂ اسماعیلیہ کے متعین نے اپنے امام وقت کے ہاتھ پر بیعت کی، اور پھر یہ پوری جماعت شاہانہ تزک و احتشام سے دار الحکومت مین داخل ہوئی،

پھر رفتہ رفتہ تمام شمالی افریقہ بنو فاطمہ کے زیر اقتدار آگیا، اور بنو اغلب کے ممالک محروسہ کے علاوہ بنو مدرار کی ۱۳۰ سالہ حکومت (سلجماسہ) اور بنو رستم کی ۱۶۰ سالہ حکومت (تاہرت) کا بھی خاتمہ ہوا، اور سارے افریقہ مین بنو فاطمہ کی واحد خود مختار حکومت قائم ہوگئی،

انقلاب حکومت کا اثر صقلیہ پر

افریقہ کے انقلاب حکومت کے اثرات فوراً صقلیہ بھی پہنچے، اور یہان کے معززین اور عام باشندے بھی دو گروہون مین منقسم ہوگئے، ایک گروہ نے افریقہ کی فاطمی حکومت کا استقبال کرنا چاہا جس کی قیادت علی بن محمد بن ابی الفوارس نے اپنے ہاتھ مین لی جس کو ابو العباس سابق فرمانروائے افریقہ نے ابو مضر زیادۃ اللہ کے بعد صقلیہ کی حکومت تفویض کی تھی، اور دوسرا گروہ احمد بن ابی الحسین بن رباح کے ساتھ تھا جس کو ابو مضر نے افریقہ کی حکومت سنبھالنے کے بعد علی بن محمد بن ابی الفوارس کے بجائے نامزد کیا تھا، اور اوس وقت یہی صقلیہ کا وہ آخری والی تھا جسکو سب سے آخری اغلبی تاجدار نے مقرر کیا تھا،

حامیان دولت فاطمیہ کو اقتدار حاصل ہوا، اور علی بن محمد بن ابی الفوارس کی سرکردگی مین ایک ہی حملہ مین موجودہ والی صقلیہ احمد بن ابی الحسین بن رباح کو گرفتار کرکے قید خانہ مین ڈال دیا گیا اور اوس کے گھر بار، مال و متاع سب لوٹ لیا، یہ واقعہ ۱۱ رجب ۲۹۶ھ یعنی حکومت اغالبہ کے زوال کے ٹھیک پندرہوین دن پیش آیا،

اسکے بعد علی بن محمد بن ابی الفوارس نے احمد بن ابی الحسین کو پا بہ زنجیر عبید اللہ المہدی کی خدمت مین پیغام تہنیت کے ساتھ افریقہ بھیج دیا، اور اس طرح مسلمانان صقلیہ نے اس جدید حکومت سے اپنی اطاعت کا اظہار کیا، اور اسی کے ہمراہ عبید اللہ کی خدمت مین مسلمانان صقلیہ کا ایک محضر بھی پہنچا جس مین دستور کے

مطابق علی بن محمد بن ابی الفوارس کو عہدۂ ولایت پر سرفراز کرنے کی استدعا کیگئی تھی، عبید اللہ نے یہ درخواست منظور کرلی، اور وہ دولتِ فاطمی افریقیہ کا صقلیہ مین سب سے پہلا والی مقرر ہوا،

علی بن محمد بن ابی الفوارس فاطمی والیِ صقلیہ (۱)

۲۹۶ھ / ۹۰۸ء — ۲۹۷ھ / ۹۰۹ء

علی بن محمد بن ابی الفوارس عہدِ اغالبہ مین بھی ولایتِ صقلیہ کے خدمات انجام دے چکا تھا، اور اگرچہ اسی کے ہاتھون صقلیہ مین دولتِ اغلبیہ کا خاتمہ ہوا، اور فرمانروائے فاطمی کو صقلیہ پر تسلط حاصل کرنے کی کوئی خاص زحمت نہین کرنی پڑی، اس لئے یہ علی بن محمد بن ابی الفوارس کا دولتِ فاطمی کے لئے ایک اہم کارنامہ کہا جاسکتا ہے،

لیکن اس کے باوجود علی بن محمد بن ابی الفوارس نے جس حیثیت سے ولایتِ صقلیہ پر قبضہ کیا تھا، سیاسی مصالح کے لحاظ سے اوس کا یہ اقتضا نہ تھا، کہ یہان کی حکومت اوسکو تفویض کردیجائے، کہ وہ فاطمی حکومت کے بغیر کسی ایک سپاہی کی مدد کے یہان مطلق العنان حیثیت اور باشندگانِ صقلیہ کی پشت پناہی سے حکومت کرے، اس طور پر یہان دولتِ فاطمی کے اثر و اقتدار کے قیام کے کم امکانات ہوسکتے تھے، تاہم وقتی مصالح کا یہی اقتضا تھا کہ اسی طور پر اوس کو یہان کا والی نامزد کردیا جائے چنانچہ عبید اللہ نے اس کو ولایتِ صقلیہ کی سند لکھ کر بھیج دی، اور بری و بحری حملے جاری کرنے کا حکم دیدیا،

لیکن جب افریقیہ مین انقلابِ حکومت کا قیامت خیز طوفان ختم ہوا، اور ملک مین امن و امان کا دور دورہ ہوا تو ہر ایک صیغہ کے لئے جداگانہ نظام قائم ہوا، اور حکومت کا نظم و نسق نئے سرے سے جاری ہوگیا، تو اسی سلسلہ مین مختلف لوگون کی وفاداری و جان نثاری کے صلہ کا وقت بھی آپہنچا، اور عبید اللہ کے معتمدین افریقیہ کی مختلف ولایتون پر نامزد کردیئے گئے، اس موقع پر قدرۃً صوبۂ صقلیہ کا سوال بھی سامنے آیا لیکن علی

(۱) نہایۃ الارب دماری ص ۴۲۴،

بن محمد بن ابی الفوارس کو معزول کرکے ایک نئے فتنہ کا سامان پیدا کرنا تھا، اس لئے عبید اللہ نے موقع کا انتظار کیا، اتفاق وقت کہ علی بن محمد بن ابی الفوارس نے عبید اللہ سے افریقیہ آنے کے لئے چند دن کی عارضی رخصت طلب کی، ہسکار خود نشانہ پر آرہا تھا، عبید اللہ نے اجازت بھیجی، اور جب وہ افریقیہ پہنچا، تو آتے ہی دار الحکومت رقادہ کے قید خانہ مین ڈال دیا گیا[1]

اس کے بجائے اپنے ایک معتمد خاص حسن بن احمد بن ابی الخنزیر کو صقلیہ کی ولایت پر روانہ کیا،

حسن بن احمد بن ابی الخنزیر فاطمی والی صقلیہ[2]

۲۹۷ھ/۹۰۹ء - ۲۹۹ھ/۹۱۱ء

حسن بن احمد بن ابی الخنزیر بنو فاطمہ کے محسن ترین قبیلہ کتامہ کا ایک رکن تھا وہ افریقیہ سے روانہ ہوکر سال رواں کے ختم ہونے سے پیشتر ۱۰ ذی الحجہ ۲۹۷ھ/۹۰۹ء کو مازر پہنچا، اور یہان سے دار الحکومت بلرم آیا،

جدید نظم ونسق اور حکومت کا مذہب شیعی قرار پانا

ابن ابی الخنزیر دولت فاطمی کا وہ پہلا شیعی گورنر تھا، جو افریقیہ سے نامزد ہوکر آیا، اور صقلیہ کی حکومت کا دولت فاطمی کے نقطۂ نظر سے جدید نظم ونسق قائم کیا، اوس نے حکومت صقلیہ کو مختلف صوبون بلرم جرجنت قصریانہ اور سیناوغیرہ مین تقسیم کیا، ہر صوبہ پر جدا جدا والی مقرر کئے جن مین سے صوبہ جرجنت کی گورنری اپنے ایک حقیقی بھائی کے سپرد کی،

انقلاب حکومت کے بعد جس طرح افریقیہ کی حکومت کا سرکاری مذہب شیعی قرار پایا، اسی طرح ابن ابی الخنزیر کی آمد کے بعد صقلیہ کی حکومت کا سرکاری مذہب بھی شیعی قرار دیا گیا، اور اسی لیے جس طرح

---

[1] ابن اثیر ج ۸ ص ۳۸، نہایۃ الارب، دوزی ص ۴۳۹، [2] ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۷،

مذہب کے بدلنے سے افریقہ کے مذہبی و نیم مذہبی عہدون مین تغیر و تبدل ہوا، اوسی طرح صقلیہ کے عہدون مین بھی ردّ و بدل ہوا، چنانچہ اسی سلسلہ مین والی صقلیہ نے سابق قاضی صقلیہ کو معزول کر کے اوس کے بجائے عہدۂ قضاء کے فرایض ایک شخص اسحٰق بن منہال کے سپرد کر دیے[1]،

مشرقی صقلیہ کے رومیون کی سرکشی اور صقلیہ مین اسلام و عیسائیت کی جنگ کا دوبارہ آغاز

افریقیہ اور صقلیہ کے اس انقلاب حکومت سے صقلیہ کے اوس مشرقی حصہ نے جس کو ابراہیم نے اپنے آخری حملہ مین زیر کیا تھا، اور جو تمامتر رومی باشندون پر مشتمل تھا، فائدہ اوٹھایا، اور اسلامی حکومت سے بغاوت کر کے اٹلی کی عیسائی حکومتون سے مدد طلب کی، اور پھر صقلیہ مین اسلامی حکومت کے خلاف رومیون کی اس سرکشی سے حکومت بیزنطی کی امیدین بھی تازہ ہوگئین، اور بیزنطی بیڑے صقلیہ اور جنوبی اٹلی کے سمندرون مین پھر منڈلانے لگے، کہ اپنے کھوئے ہوئے اقتدار کو دوبارہ حاصل کرین، اور اسکی وجہ سے صقلیہ اور اٹلی مین اسلام اور عیسائیت کی جنگ کا بھی دوبارہ آغاز ہوگیا، اور اس کا سلسلہ صقلیہ مین اسلام کے آخر عہد حکومت تک جاری رہا چنانچہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کا مقالہ نگار ابراہیم کے فتوحات کے تذکرہ کے بعد لکھتا ہے:-

"ابراہیم کے بعد خانہ جنگی شروع ہوگئی، اور صقلیہ کے عیسائیون نے دنیائے عیسائیت سے مدد طلب کی، اور مشرقی صقلیہ مین عربون کے اقتدار کو زوال آگیا، اور پھر، نہ بیزنطی فرمانروا صقلیہ کے دعوی سے کبھی دستبردار ہوئے، اور نہ کبھی اس کے دوبارہ حصول سے ناامید ہوئے، اور جزیرہ مین عیسائیت سے جنگ کے علاوہ خود بیزنطی شہنشاہیت اور مسلمانون مین براہ راست لڑائی شروع ہوگئی، لیکن یہ لڑائیان بہ نسبت صقلیہ کے ایطالیہ مین زیادہ پیش آئین"

رومن کی سرکشی اور استیصال

صقلیہ مین ان لڑائیون کے پیش آنے کی وجہ یہ تھی کہ یہان رومیون نے جب کبھی سر اوٹھایا اسلامی حکومت نے انھین فوراً زیر کر لیا، چنانچہ اس سلسلہ مین دولت فاطمیہ کے عہد

[1] ابن اثیر ج ۶ ص ۳۵، نہایۃ الارب در اماری ص ۴۳۵، ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۷،

مین صقلیہ مین جو سب سے پہلے بغاوت رونما ہوئی، وہ ۲۹۰ھ/۹۱۰ء مین مشرقی صقلیہ مین اہل دمنش کی جانب سے تھی، ابن ابی الخنزیر نے بغاوت کی خبر سنتے ہی فوجکشی کی، اور بغاوت فرو کی اور قیدیون کو ساتھ لیکر بلرم چلا آیا،[1]

صقلیہ مین ایک جدید انقلاب کے آثار،

ادھر صقلیہ کے رومیون مین یہ نقل و حرکت تھی، اور ادھر ابن ابی الخنزیر کی آمد کے بعد صقلیہ کی حکومت شیعی قرار پاجانے کے باعث مسلمانان صقلیہ کے درمیان بھی ایک حرکت پیدا ہوگئی، کیونکہ دعوت شیعی کی تبلیغی کوششین جو کچھ تھین، وہ صرف فرقہ تک محدود رہی تھین، اسلئے مسلمانان صقلیہ تک اس دعوت کی کوئی آواز نہین پہنچی تھی، اور وہ اسی طرح مذہب اہل السنۃ والجماعۃ کے راسخ العقیدہ پیرو تھے،

پھر مسلمانان صقلیہ اپنے نامزد کئے ہوئے اہل سنت والی علی بن محمد بن ابی الفوارس کے معزول کئے جانے پر پہلے سے چین بجبین تھے کہ یہان کی حکومت کے مختلف شعبون مین دولت شیعی کے اثرات نمودار ہوئے، اور مختلف معزز عہدون پر شیعون کو مقرر کردیا گیا، علاوہ ازین ابن ابی الخنزیر کا عام طرز عمل بھی یہان کے باشندون کے ساتھ کچھ اچھا نہ تھا، ان وجوہ سے یہان دولت فاطمی کے خلاف بدگمانیان پیدا ہوئین، جس سے یہان کے باشندون اور عمال حکومت کے تعلقات مین کشیدگی پیدا ہوگئی، اور وہ روز بروز ترقی کرتی گئی، خصوصًا ابن ابی الخنزیر مسلمانان صقلیہ کے تمام حلقون مین بری نگاہ سے دیکھا جانے لگا،

اسی سلسلہ مین ایک اتفاقی حادثہ یون پیش آیا، کہ والی صقلیہ ابن ابی الخنزیر نے دمنش سے واپسی کے تھوڑے دنون بعد کسی تقریب سے عمائدین شہر کو اپنے محل مین کھانے پر مدعو کیا، اور شہر کے معززین و رؤسا قصر حکومت مین جمع ہوئے، اتفاق سے قصر مین داخلہ کے بعد ان مہمانون مین سے کسی نے کمرے کے کسی بیرونی حصہ مین والی کے پیش خدمتون کو ننگی تلوارون سے مسلح دیکھا، معززین صقلیہ و عمال حکومت کے

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۵ صہ ۳۳۲، وابن اثیر ج ۸ صہ ۳۸،

تعلقات پہلے سے کشیدہ تھے، ان ننگی تلوارون سے کھٹک پیدا ہوئی، اور لوگ اضطراری طور پر کمرے کی کھڑکیان کھول کر "السلاح" "السلاح" ہتھیار ہتھیار چلانے لگے، اس ندائے عام سے سارے شہر مین ایک ہلچل مچگئی، اور لوگ ہر طرف سے تلوارین لئے ہوئے قصرِ شاہی کے گرد جمع ہوگئے اور پھر جوشِ غضب مین مشتعل مجمع نے محل کی کھڑکیون سے آتش باری شروع کردی،

لیکن تھوڑے ہی وقفہ مین محل کے مہمانون کو اپنی غلط فہمی کا احساس ہوا، اور خطرہ کے انسداد کے لئے سب کے سب محل سے باہر نکل کر مجمع کے سامنے آئے، لیکن مشتعل مجمع کو سمجھانا آگ سے کھیلنا ہے، عمائدین نے مجمع کو لاکھ لاکھ سمجھایا، لیکن اس نے ایک نہین سنی، اور کسی طرح قابو مین نہ آسکا، اور پھر بڑھتے بڑھتے محل مین گھس آیا، اور والیِ صقلیہ پر جھپٹ پڑا، ابن ابی الخنزیر سے اوسوقت کچھ نہ بن پڑی تو جان بچانے کے لئے اپنے محل کی پشت پر اپنے ایک ہمسایہ کے مکان مین کود پڑا، جس سے پنڈلی کی ایک ہڈی ٹوٹ گئی، اور بھاگ نہ سکا، اس اثنار مین مشتعل مجمع یہان بھی آپہنچا اور اوسکو گرفتار کرلیا، یہ واقعہ ۲۹۹ھ / ۹۱۱ء کے آخری مہینون مین پیش آیا،

ابن ابی الخنزیر ابھی شورش پسندون کے ہاتھ مین رہا، اور اس کے بجائے صقلیہ کے محکمۂ خراج کے افسرِ اعلیٰ خلیل نے حکومت کا نظم و نسق عارضی طور پر سنبھال لیا، اور ان واقعات کی تفصیل عبید اللہ فرمانروائے افریقیہ کے پاس بھیج دی، اصل واقعہ کے لحاظ سے ابن ابی الخنزیر کی معزولی کا کوئی سبب موجود نہ تھا بلکہ سرکشون کی یہ انتہائی فتنہ انگیزی تھی جس کی پاداش مین نہین کیفر کردار تک پہنچانا تھا لیکن حکومتِ فاطمی کے ابتدائی ایام تھے، کارکنانِ حکومت کو ابھی بہت سے امور سے چشم پوشی کرنی پڑتی تھی، اسلئے عبید اللہ نے مصالحِ حکومت کو پیشِ نظر رکھ کر باشندگانِ صقلیہ کی اس حرکت کو نظر انداز کردیا، اور حکومت کی طرف سے عفوِ عام کا اعلان کیا گیا، اور اس اعلان کے بعد نہ حکومت کے رعب و داب کے لحاظ سے ابن ابی الخنزیر کو ولایتِ صقلیہ پر برقرار رکھا جاسکتا تھا، اور نہ اسکی غیرت اسکو قبول کرسکتی تھی کہ ان حالات

کے بعد اس منصب کو اپنے لئے باعثِ سرفرازی تصور کرتا، اس لئے اس کے بجائے علی بن عمر البلوی کو والی مقرر کیا گیا،

علی بن عمر البلوی فاطمی والی صقلیہ (۲)

۲۹۹ھ / ۹۱۱ء

علی بن عمر البلوی ۲۷ ذی الحجہ ۲۹۹ھ / ۹۱۱ء کو صقلیہ پہنچا[۱]

انقلابِ حکومت

لیکن اس اثنا میں صقلیہ میں دولتِ فاطمی کے خلاف منظم جد و جہد ہو چکی تھی، اس لئے عبید اللہ نے حسن بن احمد بن ابی الخنزیر کو معزول کر کے جس طرح آتشِ بغاوت کو فرو کرنا چاہا تھا، اس میں وہ کامیاب نہ ہو سکا، اور باشندگانِ صقلیہ نے علی کے ورود کے ساتھ ہی اختلافِ مذہب کے نام پر جس کا تذکرہ ابھی کیا جا چکا ہے، دولتِ فاطمی کے خلاف علانیہ علمِ بغاوت بلند کر دیا،

علی اولاً ایک کمزور فطرت کا انسان تھا، اور پیری میں اس خدمت پر مامور کیا گیا تھا، اور شاید حکومت کے نظم و نسق کا کوئی سابقہ تجربہ بھی نہیں رکھتا تھا، اور علاوہ ازیں ابھی تک دولتِ فاطمی صقلیہ کی فوجی طاقت تمام تر مسلمانانِ صقلیہ ہی کی اجتماعی طاقت پر مشتمل تھی، اس لئے وہ اس متحدہ بغاوت کا چند دن بھی مقابلہ نہ کر سکا اور روپوش ہو کر کسی جانب نکل گیا، اور مسلمانانِ صقلیہ نے فاطمی علم کو سرنگوں کر کے صقلیہ سے آناً فاناً دولتِ فاطمی کا خاتمہ کر دیا،

---

[۱] نہایۃ الارب در اماری صفحہ ۴۳۵ و ابن اثیر ج ۸ صفحہ ۳۹۱۔

طوائف الملوکی

سنہ ۳۰۰ھ - ۳۰۳ھ
۹۱۲ء - ۹۱۵ء

تشکیل حکومت کی کوششیں

باشندگان صقلیہ نے دولت فاطمیہ کے خلاف یہ بغاوت محض مذہبی اختلاف کے باعث کی تھی، اس لئے بغاوت کی کامیابی کے بعد اس موقع پر جدید حکومت قائم کرنے کیلئے اون کے درمیان صقلیہ کی گذشتہ اسلامی حکومت دولت اغالبہ کی یاد قدرۃً تازہ ہوگئی اور جدید حکومت کی تشکیل کے فرائض صقلیہ کے ایک رئیس احمد بن زیادۃ اللہ بن قرہب کے سپرد کرنا چاہے، جو صقلیہ مین خانوادۂ اغالبہ کا چشم وچراغ تھا، اور اوس کا خاندان یہان ایک مدت سے سکونت پذیر تھا،

چنانچہ صقلیہ کے مسلمان احمد بن زیادۃ اللہ بن قرہب کی خدمت مین حاضر ہوئے، اور اوس سے صقلیہ مین ایک آزاد وخود مختار حکومت قائم کرنے کی درخواست کی،

لیکن ابن قرہب کی پوری زندگی صقلیہ مین گذری تھی، وہ مسلمانان صقلیہ کے وقتی جوش وخروش اور اطاعت کر کرکے منحرف ہوجانے کی عادتون سے آگاہ تھا، اور ابھی چند دن پیشتر دولت اغالبہ سے انحراف کرکے دولت فاطمیہ کا جس جوش وخروش سے استقبال کیا اور پھر دولت فاطمیہ سے بغاوت کرکے ابن ابی الخنزیر کے ساتھ جو طرز عمل اختیار کیا تھا، وہ سب اون کے سامنے تھے اس لئے اوس نے اس اہم ذمہ داری کے قبول کرنے سے انکار کردیا، اور اسی شور وشر سے بچنے کے لئے ایک غار مین جاکر چھپ گیا، لیکن شورش پسندون نے اوسکو وہان بھی جا گھیرا، اور اپنی اطاعت اور وفاداری کا یقین دلاکر اس بار امانت کو اوٹھا لینے پر اس قدر سخت مجبور کیا کہ اوس نے چار وناچار

سپرڈال دی، اور بلا توقف حکومت کی تشکیل مین مصروف ہوگیا،

احمد بن زیادۃ اللہ بن قرہب عباسی والیٔ صقلیہ

۳۰۰ھ ۹۱۲ء - ۳۰۳ھ ۹۱۵ء

احمد بن زیادۃ اللہ بن قرہب نے ایک مرتبہ پھر صقلیہ مین خانوادۂ اغالبہ کے اقتدار کو از سر نو قائم کردیا اور ایک آزاد اور خود مختار فرمانروا کی حیثیت سے حکومت ہاتھ مین لیلی،

ابن قرہب نے جب عنانِ حکومت سنبھالی صقلیہ کا چپہ چپہ اس کا مطیع و منقاد تھا، البتہ صرف بعض مقامات مین بعض خاصی والیان صوبہ مستولی رہے اور نہ ملک کے تمام عمالِ حکومت، فوج اور عام باشندون نے اوس کی ہمنوائی کی،

حکومت کا جدید نظم و نسق اور خلافت عباسیہ سے تجدید تعلقات

اوس نے عنانِ حکومت ہاتھ مین لیتے ہی اولاً عمالِ حکومت مین ردّ و بدل کیا، فوج کو اپنے لڑکے کی نگرانی مین دیا، اور عہدۂ قضا پر جو ایک نیم مذہبی عہدہ تھا ایک شخص ابن خامی کو مقرر کیا، پھر عباسی خلیفہ وقت المقتدر باللہ سے سلسلہ جنبانی کی کہ وہ یہان کا ایک جائز والی تسلیم کیا جائے،

جنوبی اٹلی پر فوجکشی

مشرقی صقلیہ اور جنوبی اٹلی مین اسلام اور عیسائیت کی جنگ کے سلسلہ کے آغاز کا جو تذکرہ انسائیکلوپیڈیا کے حوالہ سے گذر چکا ہے، اتفاق سے اوس سلسلہ کی ایک کڑی اس زمانہ مین بھی نمودار ہوئی، اور جنوبی اٹلی اور مشرقی صقلیہ دونون مقامون پر رومیون نے سر اٹھایا، اسلئے ابن قرہب نے اپنی گوناگون مصروفیتون کے باوجود ان کے حملون کے جواب مین ایک بڑا بیڑا ۳۰۲ھ ۹۱۲ء مین صوبہ قلوریہ روانہ کیا، جو وہان کے رومی شہرون کو تاخت و تاراج کرکے اور غنیمت ساتھ لیکر واپس آیا،

طبرمین پر فوجکشی

اس کے بعد ابن قرہب کو صقلیہ مین مشرقی صقلیہ کے رومیون کے طبرمین مین

جمع ہونے کی اطلاع ملی، رومیون نے اس شہر کو نئے سرے سے مستحکم کرکے اسکو مشرقی صقلیہ کا مرکز قرار دیا، ابن قرہب نے اس کے انسداد کے لئے اپنے لڑکے علی کی سرکردگی مین ایک لشکر روانہ کیا،

طبرمین اسلامی دارالحکومت سے دور پر تھا جس کی وجہ سے ابھی تک کوئی اسلامی آبادی قائم نہ ہوسکی اسلئے یہان کے عیسائی جب موقع پاتے اطاعت سے منحرف ہوجاتے اور اسی شہر کو مشرقی صقلیہ کا مرکز بناتے، اس لیے ابن قرہب نے اس مرتبہ اوس کو فتح کرکے یہان اسلامی آبادی قائم کرنی چاہی تاکہ اولاً مشرقی صقلیہ کے عیسائیون کو بار بار سر اوٹھانے کا موقع نہ مل سکے، اور نیز اوس نے اسی شہر کو اپنے اہل وعیال کے لئے بھی مامن قرار دینا چاہا، کیونکہ ابھی تک اوس کو مسلمانان صقلیہ کی اطاعت پر پورا بھروسہ نہین ہوا تھا،

لیکن ابن قرہب کے یہ منصوبے پورے نہ ہوسکے، علی چھ مہینے تک محاصرہ کئے پڑا رہا، اور کامیابی کی کوئی صورت نہین نکلی، اسی اثنا مین اس طویل محاصرہ سے چند نوجوان اُکتا گئے، اور ایک دن کسی بات پر ایسے برگشتہ ہوئے کہ خود اپنے سپہ سالار علی کے خیمہ پر ٹوٹ پڑے اور آسمین آگ لگادی، جب آگ کے شعلے بلند ہوئے اور علی باہر نکل آیا تو ایک جماعت آگے بڑھی، کہ علی کا کام تمام کردے لیکن اوس کے چند جان نثارون نے اوس کی جان بچائی، اور علی اپنا ناکام محاصرہ اٹھا کر چلا آیا،

خلافت عباسیہ ابن قرہب کو سند ولایت

اس اثنا مین ابن قرہب کا فرستادہ قاصد صقلیہ کی ساری سرگذشت لے کر بغداد پہنچا، جسکی بارگاہ خلافت مین پذیرائی ہوئی، اور پھر خلیفۃ المقتدر باللہ کی جانب سے چند قاصدون کی معرفت ابن قرہب کے لئے حکومت کی سند، سیاہ علم، سیاہ رنگ کا خلعت اور نیز طلائی طوق اور کنگن صقلیہ روانہ کئے گئے،

ابن قرہب نے خلیفہ عباسی کے ان قاصدون کا اون کے شایان شان خیر مقدم کیا، اور عباسی خلعت کو عقیدت سے قبول کیا،

اب ابن قرہب کی حیثیت صقلیہ مین متغلب کے بجاے ایک جائز والی عباسی کی تھی، دربار خلافت کی جانب سے ابن قرہب کے ان امتیازات سے سرفراز ہونے سے اسکو صقلیہ مین بہت بڑی تقویت حاصل ہوئی، اور نیز خلافت عباسیہ سے بھی باشندگان صقلیہ کو مزید وابستگی ہوگئی،

دولت فاطمی سے انقطاع

اسی کے بعد ابن قرہب نے صقلیہ مین خلافت عباسی کی عام دعوت کا غلغلہ بلند کر دیا، اور یہان کی تمام مسجدون مین جمعہ کے خطبہ مین عبید اللہ المہدی کے نام کے بجاے المقتدر باللہ عباسی کا نام لیا گیا، اور صقلیہ چند سال کے وقفہ کے بعد ضابطہ کے ساتھ ایک مرتبہ پھر دولت عباسیہ کے زیر سایہ آگیا، یہ واقعہ ۳۰۱ھ ۹۱۳ء مین پیش آیا،

افریقہ اور صقلیہ کی جنگ

یون اگرچہ عملاً صقلیہ سے بنو فاطمہ کی حکومت کا خاتمہ علی بن عمر البلوی پر ہو چکا تھا لیکن ابھی تک ابن قرہب نے عبیدیین سے انقطاع کا کوئی باضابطہ اعلان نہین کیا تھا خطبہ جمعہ مین یہ پہلا اتفاق تھا کہ خلیفہ فاطمی کے بجاے خلیفہ عباسی کا نام لیا گیا، اور یہی گویا دولت فاطمی سے اعلان جنگ کے مترادف تھا،

اس لئے یہ ممکن نہ تھا کہ عبید اللہ المہدی اپنے دور حکومت کے آغاز کے باوجود ابن قرہب کی اس جسارت سے چشم پوشی کرتا، کیونکہ صقلیہ مین بنو عباس کے اثر و اقتدار قائم ہو جانے سے حکومت افریقیہ کی زندگی کے لئے مستقل خطرات پیدا ہو جانے کے امکانات تھے، اس لئے یہ ممکن نہ تھا کہ صقلیہ مین ان حالات کے پیدا ہو جانے کے باوجود عبیدیین کا جنگی بیڑا ساحل صقلیہ پر لنگر انداز نہ ہو جائے،

صقلی بیڑے کی افریقہ کو روانگی

اس لئے ابن قرہب نے اسی پیش بینی کے ساتھ خود پیشقدمی مناسب سمجھی اور قبل اس کے کہ افریقہ کا بیڑا صقلیہ پر حملہ آور ہو، خود صقلیہ کا جنگی بیڑا افریقہ پر حملہ آور ہونے کیلئے ۳۰۱ھ ۹۱۳ء مین اپنے ایک لڑکے محمد کی سرکردگی مین روانہ کیا، ابن قرہب کی وہ پیش بینی برمحل ثابت ہوئی، اور افریقیہ کے قریب پہنچتے ہی ساحل لمطہ پر ایک مسلح فاطمی بیڑا نظر آیا، جسکی قیادت

سابق والی صقلیہ حسن بن احمد بن ابی الخنزیر کے ہاتھ مین تھی،

دولت فاطمیہ کی شکست | ساحل لمطہ پر ان دونون بیڑون مین نہایت خونریز جنگ ہوئی، اہل صقلیہ اپنی جدید خود مختار حکومت کے نشہ سے سرشار تھے، دل کھول کر لڑے، اور افریقی بیڑے کو مغلوب کر لیا، فاطمی امیر البحر ابن ابی الخنزیر صقلی امیر البحر محمد کے ہاتھ سے قتل کیا گیا، اور پھر محمد نے اوس کا سر کاٹ کر فتح کے طور پر اوسکو اپنے باپ ابن قرہب کے پاس صقلیہ بھیج دیا، اور چھ سو سپاہیون کو گرفتار کر کے فاطمی بیڑے کو جلا کر خاکستر کر دیا،

فاطمی بیڑے کی تباہی کے بعد عبید اللہ کی ایک فرستادہ فوج لمطہ پہنچی، جو اسی بیڑے کی معاونت کے لئے آئی تھی، محمد نے نوجوانان صقلیہ کو خشکی پر اوتار کر صف در صف آراستہ کیا، اور دونون فوجون مین بڑی جنگ شروع ہو گئی، ممکن تھا کہ صقلی فوج کے لئے یہ مقابلہ دشوار ہوتا لیکن دوسری طرف فاطمی لشکر صاحب الدول المنقطعہ کی تصریح کے مطابق لڑائی مین دلچسپی لینے کے بجائے لوٹ لعب مین مصروف ہو گیا، اور اس جنگ کا نتیجہ بھی فاطمیین کے خلاف نکلا، اور دست بدست معرکہ آرائی کے بعد انجام کار افریقی فوج کو پسپا ہونا پڑا، اور اوس کے ساتھ جو خیمہ و خرگاہ تھا، وہ نوجوانان صقلیہ کے ہاتھ آیا،

اس کامیاب جنگ سے نوجوانان صقلیہ کے حوصلے بلند ہو گئے، اور امیر لشکر محمد آگے بڑھ کر افریقہ کے ایک دوسرے ساحلی شہر سفاقس کے ساحل پر اوترا، اور شہر کو تاخت و تاراج کیا، اور پھر یہان سے طرابلس الغرب کی جانب روانہ ہو گیا، لیکن وہان عبید اللہ المہدی کا لڑکا القائم پہلے سے مورچہ جمائے موجود تھا، اس لئے وہان اوترنے کی ہمت نہ کر سکا، مال غنیمت سے لدے پھندے جہاز لیکر صقلیہ چلا آیا،

جنوبی اٹلی پر تاخت | پھر اوسی زمانہ مین صوبہ قلوریہ پر ایک دوسری فوجکشی کی ضرورت پڑی، اور ایک اسلامی لشکر یہان روانہ کیا گیا، جو یہان کے مختلف شہرون کو تاخت و تاراج کرنے کے بعد مال

غنیمت لے کر بلرم لوٹ آیا،

صقلیہ کی افریقہ پر چڑھائی اور ناکامی

ابن قرہب کے حوصلے ان پے در پے فتوحات سے بڑھ گئے، اور فتح افریقہ کے خواب دیکھنے لگا، اور ایک عظیم الشان بیڑا افریقہ پر حملہ آوری کے لئے روانہ کردیا، لیکن اگرچہ صقلیہ کی بحری طاقت ایسی مستحکم تھی، کہ اوس نے بحر روم کی ناکہ بندی کر رکھی تھی، اور وہ دنیا کی بڑی سے بڑی قوتوں کا مقابلہ کرتی تھی تاہم یا وہی وقت تک ممکن تھا جب تک افریقہ کی بحری طاقت اوسکی پشت پناہ ہوتی، اور افریقہ و صقلیہ کی متحدہ طاقت کسی تیسری طاقت کے مقابلہ میں آتی لیکن ان دونوں کی انفرادی حیثیت میں افریقہ پھر بھی ایک مرکزی حکومت کا صدر مقام تھا اوسکی عسکری و بحری طاقت مرکزی طاقت کی حیثیت رکھتی تھی، پچھلی جنگ میں صقلیہ کو افریقہ پر جو فتح حاصل ہوگئی تھی، وہ ایک امر اتفاقی تھا، جو خاص حالات میں پیش آگیا، ورنہ صقلیہ کی عسکری و بحری طاقت اس لائق نہ تھی کہ وہ افریقہ کے مقابلہ میں میدان میں لائی جاتی، زیادہ سے زیادہ یہ ممکن تھا، کہ وہ ان افریقی بیڑوں کا مقابلہ کرسکتی، جو افریقہ سے مسافت طے کرکے صقلیہ پر حملہ آور ہوتے،

اس لئے ابن قرہب کی اس ناعاقبت اندیشی کا نتیجہ جو کچھ ہونے والا تھا، وہ پیش آیا، اور افریقی بیڑے نے صقلیہ کے تمام جہازوں کو گرفتار کرلیا،

صقلیہ میں ابن قرہب کے خلاف بغاوت

ابن قرہب کی اس ناعاقبت اندیشی کے نتائج صرف اسی حد تک نہیں رہے، بلکہ یہی بحری شکست اوس کے زوال کا دیباچہ بنی، صقلیہ میں اوس کے خلاف علم بغاوت بلند ہوئے، اور ابن اثیر وغیرہ بہ اتفاق لکھتے ہیں کہ اوسکی اسی ناکامی سے صقلیہ میں اوس کے اثر و اقتدار کو صدمہ پہنچا، اور جا بجا بغاوت نمودار ہوگئی، اور اس سلسلہ میں سب سے پہلے اہل جرجنت نے اپنی بغاوت کا اعلان کیا، جرجنت میں خالص اسلامی آبادی تھی، اور عجب کیا کہ ابن ابی الخنزیر کا بھائی اپنی جماعت کے ساتھ یہاں ابھی تک موجود ہو، چنانچہ ابن قرہب کے خلاف

خرچ کرکے اسکی اطلاع عبیداللہ المہدی کو افریقیہ بھیج دی گئی،

اس کے بعد آناً فاناً ہر جگہ ابن قرہب کی ہوا اکھڑ گئی، اور جابجا اس کے دست بردار ہوجانے کے مطالبے آنے لگے، ابن قرہب نے معاملات کو روبہ اصلاح لانے کی کوشش کی اور اپنے مخالفین کو لطف و ملائمت سے ہموار کرنا چاہا، انھین اون کے گذشتہ مواعید یاد دلائے لیکن کوئی تدبیر کارگر ثابت نہین ہوئی، اور دست برداری کا مطالبہ روز بروز بڑھتا گیا،

اس وقت تک علم بغاوت صرف اہل جرجنت کے ہاتھ مین تھا، پھر رفتہ رفتہ دوسرے شہر بھی اس علم کے نیچے آتے گئے، یہان تک کہ عام بغاوت پھیل گئی، لوگون کا میلان طبع بدلا اور تعصب کی ماتحتی قبول کرنے پر آمادگی ظاہر ہونے لگی، پھر باغیون کی منتشر جماعت کی شیرازہ بندی ہوئی، اور صقلیہ کے ایک سربرآوردہ شخص ابوالغفار نامی کو امیر جماعت قرار دے کر ابن قرہب پر متفقہ حملہ کی تیاریان کی گئین،

ابن قرہب سے دستبرداری کا مطالبہ،

اگرچہ یہ بغاوت ابن قرہب کے خلاف ہوئی تھی لیکن اس کی بجز اوس بحری شکست کے کوئی ایسی خطا نہ تھی، کہ باشندگان صقلیہ یا باغیون کے اس جدید سرگروہ ابوالغفار کے دل مین اوس کے خلاف بغض و عناد ہوتا، اس لئے ابوالغفار نے صقلیہ کے چند اصحاب حل و عقد کی ایک جماعت کو اوس کے پاس بھیجا، کہ وہ حکومت سے کنارہ کشی کے بعد جدھر مناسب سمجھے چلا جائے، لیکن ابن قرہب کی غیرت نے اسکو قبول نہین کیا، اور ایک فیصلہ کن جنگ پر اپنی قسمت کا فیصلہ رکھا اودھر باغی ابوالغفار کی قیادت مین تھے، اور ادھر ابن قرہب اپنی جان نثار جماعت کے ساتھ میدان مین تھا، دونون مین جنگ آزمائی ہوئی اور بالآخر ابن قرہب کو اپنی پوری جماعت کے ساتھ قلعہ بند ہونا پڑا،

ابن قرہب کا فرار اور گرفتاری

جب ابن قرہب اپنی کامیابی سے مایوس ہوگیا، تو اوس نے چند جہازون

کا خفیہ انتظام کیا، اور اندلس فرار ہو جانے کے قصد سے اپنا مال و اسباب جہازوں پر لادا لیکن باغیوں کو عین موقع پر اطلاع مل گئی، تمام جہاز لوٹ لئے، اور ابن قرہب مع اپنے تمام اعوان و انصار کے جن مین اوس کا لڑکا محمد اور اوس کے عہد حکومت کے قاضی ابن خامی بھی تھے، گرفتار کر لئے گئے، اور پھر پابزنجیر عبید اللہ المہدی کے پاس افریقیہ روانہ کر دئے گئے،

ابن قرہب کی افریقیہ کو روانگی، اور عبید اللہ سے دو بدو گفتگو

یہ واقعہ اواخر ۳۰۳ھ / ۹۱۶ء مین پیش آیا، اور محرم ۳۰۴ھ / ۹۱۶ء مین یہ تمام قیدی طوق و سلاسل سے جکڑے ہوئے، افریقیہ کے ساحلی شہر سوسہ پہنچے، اتفاق وقت کہ عبید اللہ اوس وقت وہین موجود تھا، اوس نے ابن قرہب کو اپنے پاس بلایا، اور بغاوت کے اسباب و علل پوچھے ابن قرہب نے صرف ان چند لفظون مین اسکو جواب دیا، کہ

"باشندگان صقلیہ نے زبردستی مجھے اپنا فرمانروا بنایا، اور مین اسکو ناپسند کر رہا تھا، مین نے ایک غار مین جاکر پناہ لی، اور روپوش ہوا لیکن اونھون نے وہان پہنچ کر مجھ آتش کر دینے کی دھمکی دی اور اوس کے بعد پھر زبردستی مجھے معزول کر دیا، حالانکہ اب یہ بھی میرے لئے ناپسندیدہ تھا"

ابن قرہب کا قتل

اس گفتگو کے بعد عبید اللہ ان سب کو لیکر دار الحکومت رقادہ پہنچا، جرم پہلے سے ثابت تھا سزا تجویز ہوئی، پہلے اونھین تازیانے لگائے گئے، پھر سب کو ابن ابی الخنزیر کی قبر پر باب سلم لیجایا گیا، ابن ابی الخنزیر ابن قرہب کے لڑکے محمد کی تلوار کا نشانہ بنا تھا، اور صقلیہ مین باغیون کی یورش سے اوسکی ایک ٹانگ پہلے ٹوٹ چکی تھی، ابن قرہب اسی انتقام مین یہان لایا گیا تھا چنانچہ پہلے سب کے پیر اور ہاتھ کاٹے گئے، اور اس کے بعد ہر ایک کو باب سلم پر چڑھا کر مصلوب کر دیا گیا،

مدت حکومت

ابن قرہب نے صقلیہ پر کل تین برس گیارہ مہینے حکومت کی[1] اور اوس کے خاتمہ کے ساتھ ہی خلافت عباسیہ کا بھی خاتمہ ہو گیا، اور صقلیہ کی فضا مین تین سال گیارہ مہینے کی فترت کے بعد پیغام مہدویت کی صدائین پھر گونجنے لگین،

[1] ابن اثیر ج ۵ ص ۲۳ و ۲۴، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۰۴، نہایۃ الارب دریاری ص ۳۶۴، ابن عذاری حوادث ۳۰۴ھ، الدر المنتظمۃ در یادگاری مضامین جلد ۲ ص ۱۱۳، اعمال الاعلام در یادگاری ج ۲ ص ۱۰۴، نہایۃ الارب مین صرف "گیارہ مہینے" ہی جو نسخہ کی غلطی ہے

دولتِ فاطمیہ صقلیہ

۳۰۴ھ ۳۳۶ھ
۹۱۶ء ۹۴۷ء

ولایت صقلیہ کا عارضی انتظام

مسلمانانِ صقلیہ نے ابنِ قرہب کے استیصال کے بعد ابو الغفار کی اطاعت قبول کی لیکن پھر نہ ابو الغفار کے مستقل تقرر کی درخواست افریقیہ بھیجی، اور نہ ابو الغفار نے خود اس کی تحریک کی، بلکہ افریقیہ سے کسی دوسرے شخص کو اس عہدہ کے لئے طلب کیا،

باشندگانِ صقلیہ کی ایک درخواست

لیکن ادھر چند سال سے مسلمانانِ صقلیہ حکومت کے نظم و نسق پر جس طرح حاوی ہو گئے تھے، وہ اپنے اس اقتدار کو بھی نقصان نہ پہنچانا چاہتے تھے اسلئے ان لوگوں نے یہ بھی افریقیہ لکھ بھیجا کہ جدید فاطمی والی کے ساتھ کسی نئے لشکر کے بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے، یہاں کی فوجی طاقت حکومت کا اقتدار قائم رکھنے کے لئے کافی ہے، اس طرح گویا وہ رسمی طور پر دولتِ فاطمیہ کے نامزد کردہ والی کے ماتحت رہ کر یہاں کی حکومت پر اپنا موجودہ اقتدار بھی قائم رکھنا چاہتے تھے،

درخواست کی نامنظوری جدید والی اور لشکر کی روانگی

لیکن عبید اللہ نے اپنے پچھلے تجربوں کی بنا پر اپنے قائم مقام کو یہاں کے باشندوں کے رحم و کرم پر چھوڑنا بھی مناسب نہ سمجھا، اور بے پروائی سے اس درخواست کو مسترد کر دیا، اور

ابوسعید موسیٰ بن احمد نامی ایک شخص کو ایک زبردست لشکر کے ساتھ صقلیہ کی ولایت پر بھیج دیا،

ابوسعید موسیٰ بن احمد فاطمی والیِ صقلیہ (۴۷)

۳۰۴ھ
۹۱۶ء

ابوسعید کی آمد اور باشندگانِ صقلیہ کا طرزِ عمل

ابوسعید موسیٰ بن احمد صقلیہ کے ساحلی شہر طرابنش پہنچا، اوس کا لشکر قبیلہ کتامہ کے جرار سپاہیون پر مشتمل تھا، اور نیز انھی مین سے چند ایسے ممتاز اصحاب حل وعقد بھی تھے، جو مشیرِ سلطنت کی حیثیت رکھتے تھے، اور ابوسعید اس اہتمام سے صقلیہ پہنچا، کہ گویا وہ یہان دولتِ فاطمی کی نئے سرے سے بنیاد ڈالنے اور حکومت کے نظم ونسق کو درست کرنے آیا تھا،

لیکن باشندگانِ صقلیہ کی طبعی سرکشی بھی مسلّم تھی، عبیداللہ نے ان کے علی الرغم یہ لشکر بھیجا تھا اسلئے وہ اس سے اپنی ناراضی کا اظہار کئے بغیر نہین رہ سکے، اور اس کا پہلا مظاہرہ یون ہوا کہ جب ابوسعید صقلیہ کے ساحل پر اترا تو وہان اوس کے استقبال کے لئے ایک متنفس بھی موجود نہ تھا، اگرچہ باشندگانِ صقلیہ کی یہ سرد مہری جدید والی کیلئے قدرۃً اشتعال انگیز ثابت ہوئی اور اوس کے ساحل پر قدم رکھتے ہی راعی ورعایا کے درمیان اختلاف کی بنیاد نئے سرے سے قائم ہوگئی، تاہم ابوسعید نے اس موقع پر اون کی اس حرکت سے چشم پوشی کی، اور جب معززینِ جرجنت کا ایک وفد اس کی خدمت مین باریاب ہوا، تو اوس نے توقع سے زیادہ اوسکے ارکان کی پذیرائی کی اور حکومت کی جانب سے انھین خلعت پیش کیا، اہلِ جرجنت کی یہ پذیرائی خصوصیت کے ساتھ اسلئے بھی تھی، کہ سب سے پہلے انھی لوگون نے فاطمی دولت کا علم دوبارہ اوٹھایا تھا، اور انھی کی یہ خواہش تھی کہ جدید والی کی معیت مین کسی لشکر کے بھیجنے کی ضرورت نہین ہے،

ابوالغفار کی گرفتاری

ابوسعید کی اس حکمتِ عملی کا باشندگانِ صقلیہ پر اچھا اثر ہوا، اور اون کی مرضی کے خلاف لشکر بھیج دینے سے جو ناخوشگواری پیدا ہوگئی تھی وہ دور ہوگئی، لیکن یہ ابوسعید کی ایک وقتی کارروائی تھی، وہ

موقع کا منتظر رہا، اور بالآخر ایک دن باشندگان صقلیہ کے سرغنہ ابوالغفار کو گرفتار کر لیا، یہ وہی ابوالغفار ہے جو ابن قرہب کے بعد باشندگان صقلیہ کے اتفاق عام سے عارضی طور پر والی مقرر کیا گیا تھا، اور درحقیقت اس وقت اسی کی شخصیت ابوسعید والی صقلیہ کے مدمقابل تھی،

بغاوت

لیکن ابوسعید نے باشندگان صقلیہ کے جذبات کا غلط اندازہ لگایا تھا اس سے ابوغفار کی گرفتاری میں کسی قدر عجلت ہوگئی، چنانچہ اسکی گرفتاری سے سارے جزیرہ میں آگ لگ گئی، سب سے پہلے اس کا بھائی احمد یہ خبر لے کر جرجنت پہنچا، اور باشندگان جرجنت کو حکومت کے خلاف برانگیختہ کرنے میں کامیاب ہوگیا پھر باغیوں کا ایک لشکر اپنی قیادت میں لے کر طرابنش پہنچا، اہل طرابنش پہلے ہی سے آمادہ فساد تھے وہ بھی اس کے زیر علم آئے، اور اوس کے بعد مختلف شہروں سے فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے آئے اور احمد کے علم کے نیچے جمع ہوتے گئے، اور ابوسعید والی صقلیہ اور احمد برادر ابوالغفار کی فوجوں کے درمیان محاذ جنگ قائم ہوگیا،

ابوسعید نے اس موقع پر ایک نئی حکمت عملی اختیار کی، وہ اپنے لشکر کو لے کر طرابنش کے ایک ساحلی میدان میں نکل گیا، اور اسی میدان میں اپنے مورچے جمائے، شاہی فوج کی پشت پر سمندر لہریں مار رہا تھا اور سامنے طرابنش کی آبادی تھی، اسی کے ساتھ اوس نے آبادی اور اس میدان کے درمیان سد سکندری کے طور پر ایک شہر پناہ کی دیوار تعمیر کی اور دونوں فوجوں میں موقع موقع سے جنگ شروع ہوگئی،

جنگ آزمائی کا یہ سلسلہ چند ماہ تک قائم رہا، اس اثنا میں نہایت خونریز لڑائیاں ہوئیں، اور گرچہ ان لڑائیوں میں رفتہ رفتہ باغیوں کی قوت کمزور ہوتی گئی، اور ان کے بہت سے آدمی کام آئے لیکن وہ ہمت نہ ہارے، اور جنگ کا سلسلہ طول پکڑتا گیا، بلرم بھی ابوسعید سے باغی تھا، اور اس کا بھی محاصرہ کر لیا گیا،

جب ابوسعید نے جنگ کا یہ نقشہ دیکھا تو اوس نے پھر وحشیانہ طرز عمل اختیار کیا، قبیلہ کتامہ کے وحشی

ورندون کو طرابنش کے مضافات مین بھیج دیا وہ صقلیہ کی شریف آبادیون مین سے عورتون اور بچون کو گرفتار کرلاتے اور ان مسلمان شریف زادیون کے ساتھ بھی اپنی حیا سوز حرکتون سے باز نہ آتے اس قسم کے ایک ایک حملہ مین دو دو ہزار عورتین اور بچے گرفتار ہو ہو کر آئے، اور اسکی وجہ سے مسلمانان صقلیہ کے درمیان حکومت کے خلاف مذہبی جذبۂ منافرت وعناد کو ترقی ہوتی ہوگئی لیکن وہ مہینون سے مقابلہ کرتے کرتے عاجز آگئے تھے اسی اثنا مین افریقہ سے ابوسعید کو ایک زبردست کمک پہنچ گئی جس سے باغیون کی رہی سہی قوت بھی زائل ہوگئی اور وہ ہتھیار رکھنے پر مجبور ہوگئے،

طلب امان | چنانچہ اہل صقلیہ کا ایک وفد ابوسعید کے پاس امان طلب کرنے کے لئے آیا، ابوسعید نے اس شرط پر درخواست منظور کی کہ فساد کے جو بانی ہین وہ اوس کے سپرد کردئے جائین،

اہل صقلیہ نے یہ شرط آسانی سے قبول کرلی، اور باغیون مین سے دو سرغنہ ابوسعید کے سپرد کردئے جن مین سے ایک ابوالغفار کا بھائی احمد تھا، اور ایک دوسرا سردار ابن علی داد السواری تھا، ان دونون کی گرفتاری کے بعد جنگ کے اختتام کا اعلان کردیا گیا، شاہی فوج طرابنش مین داخل ہوئی، اور اسی اعلان کے ساتھ بلرم کے باشندون نے بھی اطاعت قبول کرلی،

مزایئن | جنگ کے خاتمہ سے پہلے اگرچہ باغیون کو امان مل چکی تھی لیکن ابوسعید نے طرابنش مین داخلہ کے بعد اس کا کوئی لحاظ نہین کیا، اور بغاوت کے مستقل استیصال کے لئے اولاً شہر کی فصیل منہدم کی، پھر عام باشندون کے تمام ہتھیار گھوڑے اور غلام ضبط کرلئے، اور تاوان جنگ کے طور پر ایک بھاری ٹیکس اہل شہر پر عائد کیا، اور پھر جنگ کے تمام قیدیون اور دونون رہبرون کو جو پہلے گرفتار کرلئے گئے تھے بظاہر عبیداللہ کے پاس افریقہ روانہ کیا، اور جب یہ جہاز وسط سمندر مین پہنچا تو نہایت بیدردی سے غرقاب کردیا گیا،

شاہی معافی نامہ | سب سے آخر مین ضابطہ کے طور پر یہ رسم بھی پوری ہوئی کہ عبیداللہ کی جانب سے عام

باشندگان صقلیہ کے نام ۳۰۴ھ/۹۱۶ء کے اواخر مین ایک معافی نامہ آیا، اور اس پروانۂ شاہی کی سارے جزیرہ مین تشہیر کی گئی،

ابوسعید کی عہدۂ ولایت سے سبکدوشی
سالم بن ابی راشد کا تقرر

قیام امن و امان کے بعد ابوسعید نے یہان اپنے قیام کی ضرورت نہین سمجھی اسلئے خود ہی ولایت صقلیہ کی خدمت سے سبکدوش چاہی، اور عہدۂ ولایت کو معززین کتامہ مین سے ایک شخص سالم بن ابی راشد کے سپرد کیا، اور اوسکی معیت مین قبیلۂ کتامہ کے چند آدمی بطور مشیر مقرر کردئے، اور خود قیروان چلا آیا[1]

سالم بن ابی راشد فاطمی والیِ صقلیہ (۵)

۳۰۵ھ/۹۱۷ء - ۳۲۵ھ/۹۳۶ء

سالم بن ابی راشد ۳۰۵ھ/۹۱۷ء مین عہدۂ ولایت پر آیا، اور کامل آٹھ سال امن و امان سے گذر گئے، اس ہشت سالہ مدت مین وہ ملکی نظم و نسق مین مصروف رہا جب اس مدت مین صقلیہ کی جانب سے کامل اطمینان ہوگیا تو ۳۱۳ھ/۹۲۵ء سے پھر فوجی مظاہرے شروع کئے گئے، اور مسلمانانِ صقلیہ کی یہ تمام فوجی پیشقدمیان سب کی سب جنوبی اٹلی مین پیش آئین،

اٹلی پر تاخت

اس دور مین جنوبی اٹلی پر تاخت کا آغاز افریقہ کے ایک بیڑے سے ہوتا ہے، یہ بیڑا ایک آزمودہ کار بحری قائد قوارب کی سرکردگی مین آیا، اور رویہ مین اسلامی اقتدار کو بحال کیا، اس کے بعد ۳۱۰ھ/۹۲۲ء مین ایک بیڑا ایک فوجی افسر مسعود کی سرکردگی مین جو آزاد کردہ غلام مونس تھا اٹلی پہنچا، یہ اسلامی بیڑا بیس جہازون پر مشتمل تھا، اور اٹلی کے ایک شہر آغاثی پر حملہ آور ہوا، اٹلی مین اس نام کے ایک سے زیادہ شہر ہین غالباً اس موقع پر آغاثی سے وہ آبادی مراد ہے

---

[1] ابن اثیر ج ۸ ص ۵۵، البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۲۴۱، نہایۃ الارب در اماری ص ۴۲۶، و تاریخ جزیرۂ صقلیہ من حین دخلہا المسلمون در اماری ص ۱۷۵)

جو شہر ریو سے جانب شمال چار میل پر اگاٹا کے نام سے آباد ہے، مسعود اپنے معمولی حملہ کے بعد کامیاب ہوا، اور شہر اسلامی قلمرو مین داخل ہو گیا، فتحمندی کے بعد وہ اپنے قیدیون کو ساتھ لیکر مہدیہ چلا آیا،[1]

مسعود کی اس کامیابی سے حکومت افریقہ کو اٹلی مین ایک درخشان مستقبل کی جھلک دکھائی دی، لیکن قدیم تجربون سے اٹلی کی پیشقدمیون مین حکومت صقلیہ کی شرکت ضروری قرار پا گئی تھی، اسلئے عبیداللہ نے اپنے حاجب خاص ابو حمد جعفر بن عبید کی سرکردگی مین ایک زبردست جنگی بیڑا روانہ کیا، کہ وہ صقلیہ پہنچ کر اٹلی کے تاخت و تاراج کیلئے روانہ ہو جائے، لیکن اتفاق وقت کہ حالات ایسے نہ تھے، کہ اس وقت اٹلی کی طرف پیش قدمی کیجاتی، اسلئے جعفر بن عبید کو مجبوراً موسم سرما صقلیہ ہی مین بسر کرنا پڑا، اور اسی سلسلہ مین تقریباً ایک سال گذر گیا،

فتح بریصانہ وغیرہ

بالآخر ایک مدت کی تعویق کے بعد ۳۱۳ھ/۹۲۵ء مین اسلامی لشکر اٹلی روانہ ہوا، یہ لشکر صقلیہ اور افریقہ دونون کی فوج پر اپنے اپنے امیر کے ماتحت مشتمل تھا، امیر سالم اور امیر جعفر دونون اٹلی پہنچکر دو مختلف سمتون مین اپنی اپنی فوج کے ساتھ روانہ ہوگئے، سالم نے اپنی پیشقدمی کے لئے صوبہ انکبردہ کو منتخب کیا، اور یہان کے متعدد اہم شہر بریصانہ وغیرہ پر قبضہ کر لیا، اور ان پیشقدمیون مین اسلامی لشکر کو کثیر مال غنیمت حاصل ہوا،[2]

فتح واری

دوسری طرف امیر جعفر شہر واری (باوریا Bauria) پر حملہ آور ہوا، اور یہان عیسائیون اور مسلمانون مین ایک نہایت زبردست زور آزمائی ہوئی، جسمین مسلمانون کو ظفریابی ہوئی چھ ہزار عیسائی تہ تیغ اور تقریباً دس ہزار سپاہی گرفتار کئے گئے، اور انھی مین شہر کا گورنر جو ایک بطریق تھا، گرفتار ہو گیا، گورنر نے اپنی گرفتاری کے بعد صلح کا پیغام دیا، اور پانچ ہزار مثقال پر معاملہ طے پایا، اور شہر اور

---

[1] ڈاکٹنری آف جغرافیہ مرتبہ جارج، آر، ایمپرس و البیان المغرب (ترجمہ اردو) حال ۲۶۱ و ۲۶۲ البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۲۶۲

[2] ابن اثیر ج ۸ ص ۱۱۷، و تاریخ جزیرہ صقلیہ من حین دخلها المسلمون (دراماری ص ۱۷۰)

گورنر کے سپرد کر دیا گیا، جس نے اسلامی حکومت کی اطاعت کا وعدہ کیا، اور ضمانت میں دو دیرغمال جعفر کے سپرد کئے، جنمیں سے ایک صقلیہ کا اسقف اور دوسرا قلوریہ کے کسی شہر کا والی تھا، جعفران دونوں کو ساتھ لیکر ۲۶ ربیع الثانی ۳۱۲ھ/۹۲۵ء کو صقلیہ واپس آگیا[۱]، اور اسی کے ساتھ سالم کا لشکر بھی لوٹ آیا[۲]،

مال غنیمت

اٹلی کے اس اسلامی حملہ میں بے حد وحساب دولت ہاتھ آئی، جعفر نے صقلیہ واپس آکر تمام فتوحات کی اطلاع عبیداللہ کو بھیجی، اور پھر کچھ دنوں کے بعد مال غنیمت کا انبار جہاز پر لاد کے خود ہدیہ روانہ ہوا، اور عبیداللہ کی خدمت میں پیش کیا،

لیکن خود عبیداللہ کا بیان ہے کہ اٹلی کے اس اسلامی حملہ میں جس قدر مال غنیمت ملا، اس کا عشر عشیر بھی عبیداللہ تک نہیں پہنچا، عبیداللہ کا ایک خادم ذیل کا واقعہ بیان کرتا ہے:-

"میں ایک دن عبیداللہ کی خدمت میں حاضر ہوا، اوس کے سامنے زر و جواہر بیش قیمت ریشم اور دولت و ثروت کا ایک انبار لگا ہوا تھا، میں نے کہا "آقائے من! میری نگاہوں نے یہ منظر اپنی زندگی میں اس سے پہلے نہیں دیکھا"، عبیداللہ نے کہا "یہ مال غنیمت ہے جو واری سے حاصل ہوا ہے" اس پر میں نے ابو احمد جعفر کی تعریف شروع کی کہ شخص بڑا امانت دار ہے، لیکن عبیداللہ یہ سنتے ہی فوراً مجھے روک کر کہنے لگا بخدا اوس نے اونٹ کے دو کانوں کے سوا مجھے اور کچھ بھی نہیں دیا[۳]"

جنوبی اٹلی پر صارب[۴] بحری کے فتح طارنت اور ترمولہ وغیرہ

اس کامیابی سے حکومت اسلامی کو اٹلی سے مزید توقعات وابستہ ہوگئے، اور ۳۱۵ھ/۹۲۷ء میں ایک نوجوان صقلبی صارب نامی چوالیس جہازوں کے بیڑے کے

۲۶۵

[۱] البیان المغرب ترجمہ اردو ص ۲۶۵، [۲] تاریخ صقلیہ مرتبہ حسن (حسن) مسلمون واری ص ۱۷۹، [۳] ابن یشرح ص ۱۱۶، [۴] البیان المغرب ترجمہ اردو ص ۲۶۵

[۴] صارب پورا نام نویری کے نسخہ میں البیان المغرب میں "صاں" بغیر نقطہ ہی لیکن اوسکے اردو مترجم مولوی محمد جمیل الرحمن صاحب نے اسکو صابر کر دیا ہے گمان یہ ہے کہ خیال میں "صاین" کو "صابر" کرنے کے بجائے زیادہ سے زیادہ "صاین" کر سکتے ہیں خصوصاً اسلئے کہ اس کا یہی التماس نسخہ صقلیہ میں جسے دخلہ المسلمون میں ہے عجب کیا کہ یہی "صاین" صحیح ہو لیکن ہم نے بغیر کسی معقول ترجیح کے نویری کے نسخہ سے اسکو "صارب" اختیار کر لیا ہے،

ساتھ صقلیہ پہنچا، اور یہان سے اٹلی روانہ ہوگیا اور صوبہ انکبردہ کے ایک شہر وترنتو (OTKANTO) پر لنگر انداز ہوا، یہان متعدد معرکہ آرائیان ہوئین جن مین بہت سے عیسائی مقتول ہوئے، یہ اسلامی بیڑا فتوحات کے بعد مال غنیمت اور قیدیون کو لے کر مہدیہ واپس آگیا[1]،

صارب اس مراجعت کے چند ہی ماہ بعد ۳۱۶ھ مین مہدیہ سے تیس جہازون کے بیڑے پر دوبارہ روانہ ہوا، اور صقلیہ پہنچا، اور یہان سے صقلیہ کی بحری فوج ہمراہ لی، اور انکبردہ مین لنگر انداز ہوا، لیکن یہان کوئی مقابلہ نہین ہوا، صرف کسی موقع پر چند قیدی پکڑ لئے،

اس کے بعد اسلامی جہاز اسی صوبہ مین آگے روانہ ہوئے اور طارنت (تارنٹو) پہنچے، اور شہر کا محاصرہ کرلیا، یہ شہر مسلمانون کے زیر اقتدار رہ چکا تھا، عیسائیون نے چند دن اسلامی حملہ کا جواب دیا، پھر تاب مقاومت نہ لاسکے، اور شہر اسلامی اقتدار مین داخل ہوگیا[2]،

اسکے بعد دو قلعون قلعہ غیران اور قلعہ حسب کا رخ کیا، اور اون پر چھاپے مارے، جو بہت جلد مفتوح ہوگئے، اور قلعہ کے تمام املاک پر قبضہ کرلیا، پھر یہان سے سلیر کے شہر پناہ کے نیچے ڈیرے ڈال دئے لیکن اہل شہر نے ایک متعین رقم اور یہان کی خام پیداوار ریشم پر صلح کی، پھر نیپلس (NAPLES) پہنچے، یہان کے گورنر نے بھی اسی طرح کچھ مال و دولت اور کپڑے وغیرہ دے دلا کر جان بچائی[3]، لیکن یہ صلحین کوئی مستقل حیثیت نہین رکھتی تھین، صرف عارضی طور پر ایک سال کیلئے معاہدہ کرلیا گیا تھا[4]،

پھر اسلامی لشکر ان مقامات کو طے کرکے اٹلی کے ایک دوسرے اہم شہر اورنت پہنچا، یہان مقابلہ سخت تھا، اہل شہر، شہر پناہ کے دروازے بند کرکے بیٹھ گئے، مسلمانون نے بھی طویل محاصرہ کا ارادہ کرلیا، چنانچہ اسلامی لشکر شہر پر وقتاً فوقتاً مختلف آلات حرب سے حملہ آور ہوتا، اور شہر کی عمارتون کو نقصان

---

[1] البیان المغرب ترجمہ اردو ص ۲۲۰ تاریخ صقلیہ مین دخلها المسلمون درماری ص ۱۵۱، [2] نہایۃ الارب درماری ص ۴۳۶، وابن اثیر جلد ۸ ص ۱۱، ابن اثیر نے تارنتو کو صوبہ قلوریہ مین بتایا ہے حالانکہ وہ انکبردہ مین تھا، [3] البیان المغرب ترجمہ اردو ص ۲۲۰ [4] تاریخ صقلیہ مین دخلها المسلمون درماری ص ۱۷۰،

پہنچا تا رہا، لیکن کوئی آخری نتیجہ برآمد نہ ہونے پایا تھا کہ سوے اتفاق سے اسلامی لشکر مین ایک مہلک وبا پھیل گئی، اور فشکر کو مجبوراً کوچ کر دینا پڑا[۱]، لیکن روانگی سے پہلے حکومت قلوریہ سے ایک سال کیلئے معاہدہ کر لیا، اور اوس سے کچھ مال غنیمت حاصل ہو گیا[۲]،

اس کے بعد صارب نے تیسری مرتبہ ۳۱۷ھ/۹۲۹ء مین پھر کوچ کیا، اتفاق وقت کہ کسی موقع پر صارب کے ساتھ صرف چار جہاز تھے اور ادھر کوئی رومی افسر سردغوس گذر رہا تھا، دونون کی وسط سمندر مین مڈبھیڑ ہو گئی، اور فتحمندی کا سہرا صارب ہی کے سر بندھا،

اسکے بعد وہ شہر ترمولہ (TERMOLI) پہنچا جو اٹلی کے مشرقی ساحل پر کیٹینا نام کے علاقہ مین اسوقت بھی نقشون مین اسی نام سے نظر آتا ہے اس حملہ مین بھی صارب فتحیاب ہوا، اور شہر پر قابض ہو گیا، اس جنگ مین بیشمار قیدی ہاتھ آئے جن کی تعداد صاحب تاریخ صقلیہ کی روایت کے بموجب ۱۲ ہزار تھی[۳]،

حکومت کلبریہ کا قبول جزیہ مسلمانون نے ۳۱۰ھ/۹۲۲ء سے ۳۱۷ھ/۹۲۹ء تک کی ان مسلسل پیش قدمیون سے اٹلی مین تہلکہ ڈال دیا، اور بالآخر حکومت قلوریہ اسلامی حکومت کے سامنے سپر ڈالنے پر مجبور ہو گئی، اور مستقل امن وامان کے حصول کیلئے صلح کی سلسلہ جنبانی شروع کی، اسلامی حکومت نے جزیہ کی ادائی کی شرط پیش کی، اور اسی پر معاہدہ مرتب ہو گیا، اور اس کے بعد اسی سال ۳۱۷ھ/۹۲۹ء مین اسلامی لشکر اٹلی سے واپس چلا آیا،

اس معاہدۂ صلح کے بعد مسلمانون کو اٹلی کے ایک وسیع علاقہ پر کامل اقتدار حاصل ہو گیا، اور جزیہ کی یہ رقم کم از کم عبید اللہ کے عہد حکومت تک بہ تحقیق معلوم ہے کہ سال بسال

---

[۱] نہایۃ الارب دماری ص ۴۳۶، و ابن اثیر ج ۸ ص ۱۱۷ ابن اثیر نے سب واقعات ۳۱۳ھ کے ذیل مین یکجا بیان کر دیے ہین، [۲] تاریخ صقلیہ من حین دخلها المسلمون دماری ص ۱۶۷ البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۲۷۲ و تاریخ صقلیہ من حین دخلها المسلمون دماری ص ۱۷۰،

افریقیہ آتی رہی[1]

حملہ جنووا | جب اسلامی حکومت اور حکومت کلیریہ کے درمیان معاملات یکسو ہوگئے، اور جنوبی اٹلی پر مسلمانوں کی پیشقدمی کا سلسلہ موقوف ہوگیا، تو عبیداللہ المہدی نے یورپ کی دوسری سمت کا رخ کیا، نگاہ انتخاب شہر جنووا پر پڑی، جو آج کل اٹلی اور فرانس کی عین سرحد پر نقشہ میں نظر آتا ہے، چنانچہ ۳۲۲ھ میں ایک بحری لشکر یعقوب بن اسحاق کی سرکردگی میں وہاں روانہ ہوا، لیکن شہر پر حملہ آور نہ ہوسکا، اسکے مضافات میں لوٹ مار کر اور شہر کے استحکامات وغیرہ کو دیکھ کر واپس آگیا[2]

عبیداللہ کی وفات | یورپ میں اسلامی فتوحات اور پیشقدمیوں کی رفتار ہیں تک پہنچی تھی کہ عبیداللہ المہدی کا انتقال ہوگیا، اوس نے شب سہ شنبہ ۱۵ ربیع الاول ۳۲۲ھ کو وفات پائی،

یہ دولت فاطمی یا دولت عبیدیین کا بانی تھا، چوبیس برس اور دس مہینے حکومت کی، اور اپنے قوت بازو اور عقل و تدبیر سے افریقیہ مغرب طرابلس، برقہ اور صقلیہ پر قابض ہوا، پھر اپنی اولوالعزمی سے اٹلی پر تاخت کی اور چند سال کی جدوجہد میں اسکو مطیع کرلیا،

اسکے بعد اس کا سب سے بڑا لڑکا ابوالقاسم القائم بامر اللہ کے لقب سے اوسکا جانشین ہوا،

ابوالقاسم بن عبیداللہ القائم بامر اللہ فاطمی فرمانروائے افریقیہ

۳۲۲ھ / ۹۳۳ء — ۳۳۴ھ / ۹۴۵ء

ابوالقاسم نے تخت نشین ہونے کے بعد اپنے باپ کے نقش قدم کی پیروی کی، اور خصوصاً

[1] نہایۃ الارب، راماری صہ ۴۳۶ [2] ابن خلدون ج ۴ صہ ۲۰۰،

فوجی مہمیں اسی طرح جاری رکھیں، اسی سلسلہ میں مختلف اطراف میں فوجیں روانہ کیں جن میں ایک بحری فوج بھی تھی تاکہ اُس مہم کی تکمیل ہو جسکی داغ بیل اس کے باپ عبید اللہ کے عہد میں پڑ چکی تھی،

حملہ سردانیہ و کورسیکا چنانچہ یہ بحری مہم اسی سال ۳۲۷ھ/۹۳۹ء میں یعقوب بن اسحاق کی سرکردگی میں جنوا کے قصد سے روانہ ہوئی، جو تیس جنگی جہازوں پر مشتمل تھی، اثنائے راہ میں جزیرہ سردانیہ ملا، جو اس سے پہلے حکومت افریقیہ کا باجگذار رہ چکا تھا، پہلے اسی جزیرہ پر حملہ کیا گیا، رومیوں کو شکست ہوئی، کچھ آدمی مقتول اور کچھ گرفتار ہوئے، اور ان کے چند جہاز بھی قبضہ میں آئے، پھر اسلامی بیڑا آگے بڑھا، راستہ میں جزیرہ کورسیکا ملا جسے بعد میں نپولین کے مولد ہونے کی حیثیت سے شہرت حاصل ہوئی، کورسیکا کے ساحل پر چند رومی جہاز کھڑے ہوئے تھے، مجاہدین نے ان کو نذر آتش کر دیا،

فتح جنوا کورسیکا سے کوچ کر کے جنوا آئے جو اوس کے بالمقابل نقشہ میں نظر آتا ہے اوس عہد میں شہر کے گرداگرد شہر پناہ کی دیواریں کھنچی ہوئی تھیں، مجاہدین دیواروں میں نقب مار کر شہر میں داخل ہو گئے، اہل شہر تاب مقاومت نہ لائے، مجاہدین کے قدموں پر دولت و ثروت کا انبار لگ گیا، اور ایک ہزار حسین لونڈیاں منتخب کی گئیں، اور اسلامی بیڑا سب کو ساتھ لے کر ہدیہ چلا آیا، اور شہر پر عرب مورخین مؤلف تاریخ صقلیہ ابن عذاری ابن اثیر نویری ابن خلدون اور ابوالفداء وغیرہ کے بیان کے روسے اسلامی اقتدار قائم ہو گیا[1]،

صقلیہ میں بغاوت اس کے اسباب جس زمانہ میں اسلامی حکومت صقلیہ کے استحکام اور اثر و نفوذ کی ترقی کیلئے یورپ کے مختلف حصوں میں اسلامی پیشقدمیاں جاری تھیں، اتفاق وقت کہ انھیں دنوں صقلیہ پر بعض ایسے آفات ارضی و سماوی نازل ہوئے کہ باشندگان صقلیہ اقتصادی حیثیت سے تباہ

[1] تاریخ الاسلام ذہبی در اذاری ص۵۹، و ابن خلدون وغیرہ۔

ہونے لگے، اور پھر انھی دنون مین سالم کے بعض مشیر کارون نے جنھیں حکومت کے نظم ونسق مین شریک بنایا گیا تھا، باشندون پر بعض ناروا محصول عائد کئے اور ان حالات سے صقلیہ کے باشندون مین حکومت کے خلاف بغض وعناد کے جذبات پھر تازہ ہوگئے،

بعض جدید محصولات کی وصولی | اس کی ابتدا عبید اللہ کے عہد حیات ہی سے شروع ہوگئی تھی، چنانچہ اس کے آخری دور حکومت مین حکومت کے ممتاز مشیر کار بلزمی، قلشانی، ابن حملہ، اور ابن الدایہ وغیرہ نے سالم کے مشورہ سے باشندگان صقلیہ پر بعض جدید گران قدر محصول عائد کئے، اور رقمون کو سختی سے وصول کرکے خود افریقیہ روانہ ہوگئے، حکومت کی اس سخت گیری سے باشندون مین شورش پھیلی، اور بعد مین فرمانروائے افریقیہ نے ان لوگون کے اس طرز عمل پر باز پرس بھی کی،

آفات ارضی وسماوی | ابھی باشندون کے جذبات ٹھنڈے نہین ہونے پائے تھے، کہ جزیرہ مین چند طوفانی حوادث آگئے، پہلے متعدد دریاؤن کے جوش مین آجانے سے سیلاب کا ایک طوفان اُمنڈا، اور سیلاب کا پانی بلرم کے مضافات اور شہر کے اندر پھیل گیا جس سے بہ کثرت مکانات کے انہدام کے علاوہ کثرت سے لوگ غرقاب ہوگئے، اور یہ پریشانیان ابھی رفع نہین ہوئی تھین کہ دوسرے سال جزیرہ مین ایک باد سموم چلی، جس سے پوری فصل برباد ہوگئی، اور باغون کے پھل بھی گر پڑے، اور اسکی وجہ سے سارے جزیرہ مین سخت ابتری پھیل گئی،

سالم کے مظالم | اس موقع پر ضرورت تھی کہ حکومت عوام سے ہمدردی کرتی لیکن سالم اپنی سخت گیر حکمت عملی پر قائم رہا، مسلمانان صقلیہ ان آفات ارضی وسماوی سے پریشان تھے، اور سالم اپنے جبر وتشدد سے سرکاری ٹیکسون کی وصولی مین مصروف تھا،

دوسری طرف صقلیہ کی عیسائی رعایا بھی مطمئن نہین رہی کیونکہ اس نے انھی دنون طبرمین کے عیسائی والی رنداش کو کسی جرم مین گرفتار کیا، اور اپنے قصر کے سامنے قتل کرادیا،

آتش بغاوت

ان حالات سے سارے جزیرہ مین بغاوت کے لئے فضا تیار ہوگئی، اور صقلیہ کی فتنہ پرداز جماعتنے موقع سے فائدہ اوٹھاکر لوگون کو بغاوت پر آمادہ کیا، اور صوبہ جرجنت مین بغاوت کا اعلان ہوگیا، اور باغیون نے جرجنت کے گورنر ابن ابی احمد کو وہان سے باہر نکال دیا، یہ واقعہ ۳۲۵ھ ۹۳۶ء مین پیش آیا، اور اسی طرح قلعہ بلوط کے لوگون نے بھی بغاوت کی اور وہان کے حاکم ابن عمران کو شہر سے نکال دیا،

جب سالم کو ان واقعات کی اطلاع ملی تو اوس نے افریقیہ اور صقلیہ دونون کی متحدہ فوج کا ایک لشکر اہل جرجنت کی گوشمالی کیلئے روانہ کیا، باغیون نے مقابلہ کیا، اور شاہی فوج کو شکست دیدی،

اس کے بعد سالم نے ایک دوسرا لشکر مرتب کرکے، فوج کی کمان خود اپنے ہاتھ مین لی، اور دارالحکومت سے روانہ ہوا، جرجنت کے بیرونی حصہ مین شہر کے باہر دونون فوجین باضابطہ صف آرا ہوئین اور نہایت سخت لڑائیان شروع ہوگئین، بالآخر ماہ شعبان مین اہل جرجنت پسپا ہوئے،

لیکن ابھی سالم جرجنت مین داخل ہوکر امن وامان قائم نہ کرنے پایا تھا، کہ خود دارالحکومت بلرم سے بغاوت کی خبر پہنچی، بلرم مین اس وقت اسحاق تبانی اور محمد بن حمود فتنہ پرداز اشخاص سالم کے خلاف مصروف عمل تھے، ان لوگون نے اولاً اہل جرجنت کی کامیابی کی مبالغہ آمیز داستانین مشہور کین، اور پھر اہل شہر کو سالم کے دردناک مظالم کے افسانے سناکر انھین برانگیختہ کیا جس سے شہر مین بھی بغاوت کی آگ لگ گئی،

جب سالم کو یہ حالات معلوم ہوئے تو وہ بھاگا ہوا بلرم آیا، یہان شہر کے دروازے بند تھے، اس نے محاصرہ کرلیا، اور شاہی فوج اور باغیون مین موقع بہ موقع جھڑپ ہونے لگی اور محاصرہ طویل ہوتا گیا یہانتک کہ ذی القعدہ کا مہینہ آگیا،

سالم کا افریقیہ سے امداد طلب کرنا،

سالم کو ابھی تک بغاوت سے کوئی سابقہ نہین پڑا تھا، اسکو ابوسعید کی تیار کی ہوئی زمین ملی تھی، اور اتنے دنون اطمینان سے حکومت کرتا رہا، جرجنت کی بغاوت کو

ابتداءً اوس نے اتفاقی واقعہ خیال کیا، اور معمولی لشکر بھیج دیا، پھر اوس کی ناکامی کے بعد خود کوچ کر بیٹھا، لیکن دارالحکومت سے روانگی کے پہلے یہان کا انتظام مکمل کر لینا تھا اسلئے اب جیسے جیسے یلرم کی بغاوت طویل ہوتی گئی، اس کی پریشانیون مین اضافہ ہوتا گیا، آخران تمام حالات کی مفصل اطلاع دربارِ افریقیہ لکھ بھیجی، اور وہان سے جلد از جلد کمک طلب کی،

فرمانروائے افریقیہ القائم نے ایک لشکر جرار مرتب کیا جس مین متعدد شجاع اور بہادر فوجی افسر بھی تھے، اور اس لشکر کو ایک تجربہ کار قائد خلیل بن اسحاق کی سرکردگی مین سالم کی معاونت کے لئے صقلیہ روانہ ہو جانے کا حکم دیا،

اہل صقلیہ کی ایک کامیاب حکمت عملی

جب جزیرہ مین سالم کی ان کارروائیون کی اطلاع پھیلی، اور شاہی فوج کی آمد کی خبر گشت کرنے لگی، تو باغیون کو ہوش آیا، انھین اپنی اندرونی قوت کا اندازہ تھا، اسلئے نہایت عجلت اور ہوشیاری سے باشندگانِ صقلیہ کی طرف سے ایک عرضداشت مرتب کی، اور ایک تیز رو جہاز کے ذریعہ سے ایک فد القائم کی خدمت مین روانہ کر دیا،

عرضداشت مین پہلے القائم کو باشندگانِ صقلیہ کی اطاعت و فرمانبرداری کا یقین دلایا گیا، اور پھر بغاوت و سرکشی کا اصل باعث صرف سالم کے طرزِ حکومت اور اوس کے بے پناہ جور و ظلم کو قرار دیا گیا، اور تصریح کی گئی، کہ یہ بغاوت حکومتِ افریقیہ کے مقابلہ مین نہین صرف سالم کے خلاف برپا ہے،

سالم کا عزل اور خلیل بن اسحاق کا تقرر،

یہ حکمت عملی باغیون کے سرغنہ اسحاق بستانی کی تھی، جو کامیاب ثابت ہوئی، چنانچہ القائم نے عرضداشت سنتے ہی خلیل بن اسحاق کو سالم کی معاونت پر بھیجنے کے بجائے اس کے ہاتھ اوسکی معزولی کا پروانہ دیکر اوسکو صقلیہ روانہ کر دیا[1]،

سالم کامل تین برس سے اس جزیرہ پر حکمرانی کر رہا تھا، القائم کے اس طرزِ عمل سے باغیون کے مقابلہ مین

[1] نہایۃ الارب ج ۱ ناری ص ۴۳۷، تاریخ جزیرہ صقلیہ من حین دخلہا المسلمون دناری ق ۱۷۱، ابن اثیر ج ۸ ص ۲۵۲،

اسکی سخت توہین ہوئی، اور اگرچہ القائم کے اس طرزِ عمل سے صقلیہ کی بغاوت فوری طور پر فرو ہوگئی لیکن اس طرزِ عمل کی اصولِ حکمرانی کے لحاظ سے توصیف نہیں کیجا سکتی اگرچہ یہ بھی صحیح ہو کہ سالم نے صقلیہ میں نہایت دردانگیز مظالم کئے تھے، تاہم یہ سمجھا جا سکتا تھا کہ جو عرضداشت بعد میں بھیجی گئی، وہ علمِ بغاوت بلند کرنے سے پیشتر بھیجی جا سکتی تھی، لیکن اگر اس کے باوجود باغیوں کو پاداشِ عمل سے محفوظ رکھنا تھا، تو کم سے کم حکومت کے وقار کو سنبھالنے کے لئے سالم کو بطائف صقلیہ سے بلا لیا جاتا، اور نہ جو کچھ آج سالم کے ساتھ پیش آیا، کیا معلوم کل وہی اسکے جانشین خلیل کے ساتھ بھی پیش نہ آئے گا،

ابوالعباس خلیل بن اسحاق فاطمی والیِ صقلیہ (۶)

۳۲۶ھ / ۹۳۷ء — ۳۲۹ھ / ۹۴۰ء

ابوالعباس خلیل بن اسحاق بن ورد افریقیہ کے ذی اثر و ممتاز افاضل میں تھا، طرابلس الغرب اوس کا وطن تھا، ابتداً علم ادب کی تحصیل میں مصروف رہا، پھر تصوف کا ذوق ہوا، اور صوفیہ کی صحبت میں شبانہ روز مسجد میں رہنے لگا،

اس کے بعد بعض حوادث کے پیش آجانے سے اوسکی زندگی میں انقلاب ہوا، اور امورِ مملکت میں دلچسپی لینے لگا، چنانچہ جب عبیداللہ کے عہدِ حکومت میں القائم کی سرکردگی میں مصر پر حملہ کیا گیا، تو اوس لشکر میں خلیل بھی اسکندریہ پہنچا، اور پھر مصر کے محکمۂ خراج کا افسرِ اعلیٰ مقرر ہوا، بعد ازیں وہاں سے افریقیہ آیا، اور افریقیہ اور مصر کی متحدہ فوج اور افریقیہ کی بحری طاقت کا افسرِ اعلیٰ مقرر کیا گیا،

خلیل جیسے جیسے اپنے ان مراتب میں ترقی کرتا گیا، اوسے فرمانروائے افریقیہ عبیداللہ کی خدمت میں زیادہ رسوخ ہوتا گیا، اور پھر رفتہ رفتہ اُس کا عبیداللہ کے مقربینِ خاص میں شمار ہونے لگا، عبیداللہ کی شان میں اس کے بعض قصائد بھی ہیں، جن میں وہ کسی حد تک تجاوز کر گیا ہے،

پھر اتفاق سے کچھ دنوں کے بعد کسی سلسلہ مین عبید اللہ کو خلیل سے تکرر نجی پیدا ہوگئی، جو بڑھتے بڑھتے اس حد تک پہنچی کہ وہ خلیل کے خون کا پیاسا ہوگیا، اور اس کا کام تمام ہوچکا ہوتا، اگر القائم اسکو اپنے باپ کی خشمگین نگاہون سے بچا کر اپنے دامن مین چھپا نہ لیتا،

اس واقعہ کے بعد ہی خود القائم کا عہد حکومت آگیا اور صقلیہ مین اون حالات کے پیش آجانے سے عہدۂ ولایت پر مقرر کیا گیا،[1]

خلیل اواخر ذی الحجہ ۳۲۵ھ مین افریقیہ سے روانہ ہوا، اور اوائل محرم ۳۲۶ھ مین ساحل بلرم پر اوترا،[2] اوس کی آمد کی خبر جزیرہ مین پھیلتے ہی لوگ جوق در جوق آتے، اور اپنی اطاعت و فرمانبرداری کا اظہار کرتے، خلیل نے باشندگان صقلیہ کے اس طرز عمل پر اپنی خوشنودی کا اظہار کیا،

اہل صقلیہ کی وفاداری

پھر باشندگان صقلیہ نے خلیل کی خوشنودی و ہمدردی دیکھ کر اپنی عورتون اور بچون کو اس کے پاس بھیجا کہ رو رو کر سالم کے مظالم بیان کرین چنانچہ بچے اور عورتین خلیل کے پاس آئین، اور رقت انگیز لہجہ مین سالم کے مظالم کی ہولناک داستانین بیان کرتین، اور اپنے گریہ و ماتم سے ساری مجلس سر پر اٹھا لیتین، خلیل سب کو تسلی و تشفی دیتا، اور تلافی مافات کے وعدے کرتا،

اسی طرح جرجنت اور بلرم کے معززین کے وفود خلیل کی خدمت مین بار یاب ہوے، اور سالم کے ظالمانہ طرز عمل اور اپنی بغاوت کے اسباب و وجوہ تفصیل بیان کئے، اور پھر خلیل کے مطیع و منقاد رہنے کے حلف اوٹھائے،[3]

---

[1] الحلیۃ السیراء ابن آبار، دراماری ص ۱۰۴، [2] نہایۃ الارب دراماری ص ۲۷ [3] ابن اثیر ج ۸ صفحہ ۲۵۳، وابن خلدون ج ۴ صفحہ ۲۰۹،

خلیل کا جدید نظم و نسق خلیل نے انھی حالات سے متاثر ہو کر ان وفود کے ارکان کے مشوروں کے بموجب سالم کے مقرر کیے ہوئے تمام عمال کو صوبہ داریوں اور دوسرے اہم عہدوں سے معزول کیا، اور ان کی جگہ نئے عمال مقرر کر کے باشندگان صقلیہ میں اپنا مزید اعتماد حاصل کیا،[1]

دوسری طرف سالم معزول ہونے کے بعد اسی جزیرہ میں موجود تھا جب اوس نے خلیل کا یہ رنگ دیکھا، تو اوس کے منتقمانہ جذبات ابھر پڑے، اور وہ خلیل کے خلاف اپنی معاندانہ کارروائیوں میں مصروف ہو گیا، اور لوگوں کو اس سے برگشتہ کرنے کیلئے مختلف افواہیں پھیلانے لگا،

سالم کی بغاوت انگیزی چنانچہ اوس نے سب سے پہلے انھی معززین جرجنت و بلرم کو جو خلیل کی خدمت میں باریاب ہو چکے تھے، اپنا تختہ مشق بنایا، اور اون کے درمیان افواہ پھیلائی کہ القائم نے خلیل کو در اصل شاہی فوج کے قتل کا جو پچھلی بغاوت میں تہ تیغ کیگئی ہے، اہل صقلیہ سے انتقام لینے کیلئے روانہ کیا ہے، اگرچہ اسوقت وہ لطف و ملائمت سے پیش آرہا ہے لیکن در پردہ انتقام لینے کی تیاریوں میں مصروف ہے،

سالم کا یہ حربہ کارگر نکلا، اور جزیرہ میں خلیل کے خلاف آوازیں پیدا ہو گئیں لیکن خلیل نے دور اندیشی سے کام لیا، اور قبل ازیں کہ کسی کھلی بغاوت سے اوسے سابقہ پڑے اوس نے اس کی انسدادی تدبیریں شروع کر دیں،

ایک جدید شہر خالصہ کی تعمیر صقلیہ کی بغاوتوں میں عمال حکومت کو سب سے زیادہ دشواری اور مجبوری دار الحکومت بلرم کی بغاوت میں پیش آتی تھی، والی صقلیہ جب کسی دوسرے شہر کو مطیع کرنے روانہ ہوتا، تو خود دار الحکومت کے باشندے شہر کے دروازے بند کر لیتے، اور والی صقلیہ کو بار بار محاصرہ و مقابلہ کرنا پڑتا، اسلئے خلیل کو یہ خیال پیدا ہوا کہ حکومت کے دفاتر اور عمال کے قیامگاہوں کیلئے بلرم سے الگ اسی کے قریب ایک نیا شہر تعمیر کرے، اور اوسکو عام باشندوں کے میل جول سے بچائے رکھے، کہ جب کسی

[1] نہایۃ الارب در اماری صـ ۴۲۷،

دوسری جگہ فوجکشی کیجائے، تو تھوڑی سی شاہی فوج بھی دارالحکومت کے دروازے بند کرکے شہر پر تسلط قائم رکھ سکے، ورنہ اس وقت بلرم کی موجودہ شکل یہ تھی کہ والی صقلیہ اندرون شہر مین مقیم تھا، شاہی فوج جابجا پھیلی ہوئی تھی، اس لئے کبھی یہ پیش آتا، کہ باغی ولاۃ پر اچانک حملہ کردیتے اور ولاۃ بے دست و پا گرفتار ہوجاتے، کیونکہ بلرم دارالحکومت ہونے کے علاوہ ایک تجارتی شہر تھا، اس لئے آبادی نہایت گنجان تھی، ایک ہی مقام پر کسی شہری کا مکان ہے، تو وہین پر کسی فوجی افسر کا، ایک جگہ تجارت کی منڈی لگی ہوئی ہے، اور وہین پر عمال حکومت نے اپنے دفاتر کھولے ہین، اس مشترک زندگی سے اولاً ارباب حکومت کا رعب و داب صحیح طور پر قائم نہین ہوتا تھا، اور پھر ملکی معاملات کے انصرام مین بھی دشواریان پیش آتی تھین، قصر حکومت کی ہر قسم کی خبرین محلہ محلہ گشت کرتین، اور پھر ایک شہر سے دوسرے شہر مین پھیل جاتین، اور اس طرح جزیرہ کے چپہ چپہ مین حکومت کے متعلق مختلف قسم کی موافق و مخالف افواہین پھیل جاتین، چنانچہ بہ کثرت بغاوتون کے علاوہ ابن ابی الخنزیر کا واقعہ چند ہی دن پیشتر گذرا تھا کہ محض تھوڑی سی غلط فہمی سے باغی اس کے محل مین اچانک گھس پڑے، اور وہ جست لگا کر ایک پڑوسی کے مکان مین کود پڑا، مگر وہان بھی پناہ نہین ملی،

اس لئے فضیل نے بلرم کی چہار دیواری کے باہر ساحل سمندر پر ایک وسیع رقبہ مین ایک جدید شہر کی تعمیر کا فیصلہ کیا[1] اور اوسکی بنا و تخطیط کے بعد تیزی سے عمارتین بننے لگین، تمام عمارتین ایک دوسرے سے الگ اور حسب ضرورت تعمیر ہوئین، جن مین والی صقلیہ اور اسکے ماتحت عمال کے جداگانہ محلات کے علاوہ حکومت کے تمام صیغون کے لئے الگ الگ عمارتین بنائی گئین جن مین ایوان حکومت، فوجی بارکین، قید خانہ، اور جہاز اور دیگر بحری آلات حرب کے کارخانہ دارالصناعۃ کی عمارتین خاص طور پر قابل ذکر ہین، نیز اس حلقہ کے باشندون کے لئے ایک مسجد اور سڑکون پر جابجا حمام بنائے گئے، اس شہر کی تعمیر مین یہ خصوصیت سے لحاظ رکھا گیا، کہ اس مین تعمیری حیثیت سے ایسی کوئی شان پیدا نہ ہو کہ رفتہ رفتہ یہ محدود رقبہ بھی شہر کی

[1] ابن اثیر جلد ۵، صـ۲۵۲،

شکل مین تبدیل ہو جائے، اسلئے اس عہد مین شہر کے جو جو لوازم مثلاً بازار، دوکان اور ہوٹل وغیرہ خصوصیت سے سمجھے جاتے تھے، وہ اس محدود حلقہ مین جگہ نہ پا سکے، اور اون کے لئے ایک عمارت بھی تعمیر نہین ہوئی، عمارتون کی تعمیر کے بعد نہایت مضبوط و مستحکم سنگی دیوار ہر چہار طرف کھینچ دی، اور اس سنگی شہر پناہ مین آمد و رفت کیلئے چارون سمتون پر چار دروازے رکھے گئے، یہ شہر پناہ بلرم کی قدیم فصیل کو مسمار کرکے اوسی کے ملبہ سے تعمیر کی گئی،

یہ سلسلۂ تعمیر جنیدہ مین اختتام کو پہنچ گیا، اور خلیل نے اس محدود رقبہ کو "خالصہ" کے نام سے موسوم کیا، اور اسی سال حکومت کے تمام شعبے اس مین منتقل ہو گئے[1]،

خالصہ کی تعمیر باشندگان صقلیہ کی مرضی کے خلاف عمل مین آئی تھی، اور وہ اسقدر آناً فاناً اتمام کو پہنچائی گئی کہ سرکشون کو اپنی سرکشی کا موقع نہ ملسکا،

علاوہ ازین خلیل نے خالصہ کی تعمیر مین اپنی جرات کا مزید ثبوت یہ دیا کہ وہ عمارتون کا تمام سامان یہان سے منتقل کرکے گیا، جسمین سرکاری اور غیر سرکاری مکانون کے انہدام کی ضرورت پیش آئی، اور خصوصاً خالصہ کی شہر پناہ بلرم کی فصیل کو مسمار کرکے اوسی کے ملبہ سے تیار کیگئی، اور اس طریقہ سے اگر صقلیہ باشندگان بلرم کو خالصہ کی تعمیر نہایت شاق گذری لیکن انکے غیر مسلح کر دیے جانے کے باعث وہ بے دست و پا ہو چکے تھے اور درحقیقت اسی سلسلہ مین بلرم کی بغاوت و سرکشی کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ ہو گیا،

بغاوت جزیرہ مین بلرم کے بعد، جرجنت دوسرا سرکش شہر تھا جب وہان کے باشندون کو خلیل کی اس کارروائی کا علم ہوا، تو انمین سالم کی پھیلائی ہوئی افواہون کا مزید یقین آیا، اور وہ حکومت سے مقابلہ پر آمادہ ہو گئے، اور اپنی حفاظت کیلئے جرجنت کی فصیل کے کمزور مقامات کو مستحکم کر لیا، لیکن ابھی وہ کوئی مزید پیشقدمی نہ کرنے پائے تھے

[1] نزہۃ المشتاق ص ۱۲۳، معجم البلدان ج ۳ ص ۳۵۹، شمس الدین صوفی دمشقی نے اپنی نخبۃ الدہر فی عجائب البر و البحر مین اختتام تعمیر کا زمانہ ۳۲۵ھ قرار دیا ہے لیکن یہ کیونکر صحیح ہو سکتا ہے یہ تو خلیل کے ورود صقلیہ کے زمانہ سے بھی پہلے ہے۔

کہ اس اثنا مین یہ خبر خلیل کو پہنچ گئی وہ سنتے ہی ماہ جمادی الاولی ۳۲۶ھ مین جرجنت پر حملہ آور ہوا اہل شہر فصیل کے دروازے بند کرکے محصور ہوگئے خلیل نے ڈیرے ڈالدئے اس کے بعد جرجنت والے فصیل سے باہر نکلتے اور محاصرین پر حملہ آور ہوتے اور یہ تقریباً دستور ہوگیا کہ صبح کو نکلتے اور شام تک نبرد آزمائی کرتے اور رات کو فصیل کے اندر چلے جاتے اس طریقہ سے محاصرہ طویل ہوتا گیا اور اسی طرح سات آٹھ مہینے گذر گئے،

آخر خلیل محاصرہ سے عاجز آگیا اسی اثنا مین موسم سرما بھی آگیا اور وہ محاصرہ اوٹھا لینے پر مجبور ہوا چنانچہ ماہ ذی الحجہ ۳۲۶ھ مین وہ جرجنت سے بے نیل مرام خالصہ واپس آگیا،

خلیل کی اس ناکام واپسی سے اہل جرجنت کی ہمت بڑھ گئی وہ بغاوت کا علم ہاتھ مین لیکر سارے جزیرہ مین پھیل گئے اور شاہی فوج پر اپنی کامیابی و فتحمندی کے افسانے مشہور کئے اور دوسرے شہر کو بغاوت پر آمادہ کرنے کیلئے فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے مختلف شہرون اور قلعون پر بھیج دئے کہ وہ اہل شہر کی امداد و معاونت سے شاہی عمال اور شاہی فوج کو شہر اور قلعہ سے نکال دین،

چنانچہ ۳۲۷ھ کے آغاز مین اہل جرجنت کی جد و جہد سے صقلیہ کے اکثر ممتاز شہر اور قلعے مازر، البلاطنو، بلوط، اور قلعہ ابی ثور وغیرہ باغی ہوگئے اور ان مقامات سے حکومت کے تمام عمال اور فوج باہر نکال دی گئی،

قحط سالی اس وقت صقلیہ کے باغی ہر طرف بہتر حال مین تھے لیکن صقلیہ کے پے در پے فسادات و انقلابات سے جزیرہ اور خصوصاً بلرم اور اوس کے مضافات مین سخت قحط پڑ گیا اور لوگ اپنے تخت جگر بچون کو بھون بھون کر کھانے لگے چنانچہ صاحب تاریخ جزیرہ صقلیہ لکھتا ہے:-

وکانت فی تلک الایام مجاعۃ شدیدۃ فی المدینۃ والبوادی حتی اکل الوالدون اولادھم	اور اسی زمانہ مین شہر اور دیہاتون مین سخت قحط پڑا، یہان تک کہ لوگ اپنے بچون کو کھا گئے،

باغیون کی حکومت بیزنطی سے امداد

جب جزیرہ مین یہ صورت پیدا ہوگئی تو باغیون نے ایک دوسرا راستہ اختیار کیا، اور صقلیہ کے مسلمان باشندون نے اسلامی حکومت کے خلاف اسکی قدیم دشمن و متحارب حکومت حکومت بیزنطی قسطنطنیہ سے امداد طلب کی، حکومت بیزنطی کا تعلق ایک زمانہ سے صقلیہ سے منقطع ہوچکا تھا لیکن جب ایسے مواقع خود پیش کئے گئے، تو اُسنے اس سے فائدہ اوٹھایا، اور ایک بیزنطی بیڑا صقلیہ کے مسلمان باغیون کی امداد کے لئے قسطنطنیہ سے روانہ کیا جس پر فوج کی ایک کثیر تعداد سوار تھی، اور نیز باغیون کو قحط زدگی سے بچانے کے لئے غلون سے بھرے ہوئے جہاز بھی اس جنگی بیڑے کے ساتھ صقلیہ بھیجے گئے،

افریقیہ سے کمک اور سالم کی وفات

دوسری طرف خلیل نے ان واقعات کی مفصل روداد القائم کو لکھ بھیجی، اور وہان سے ایک عظیم الشان لشکر صقلیہ پہنچا، اسی اثنا مین سالم سابق امیر صقلیہ نے جو دربردہ باغیون کی رہنمائی کر رہا تھا، وفات پائی، اور خلیل کو اس کمک کی آمد اور سالم کی وفات سے بڑی تقویت پہنچی اور اوس نے ایک منظم طریقے سے باغی شہرون اور قلعون پر تاخت شروع کی،

بغاوت کا استیصال

خلیل کی یہ فوجکشی نہایت کامیاب ہوئی، اور باغی بیزنطی لشکر کی امداد کے باوجود شاہی لشکر کا راستہ کہین نہ روک سکے، وہ سب سے پہلے اپنا لشکر کیکر قلعہ ابی ثور پہنچا، اور اس پر قابض ہوا پھر بلوط گیا اور وہان بھی کامیاب ہوا، یہان سے ابلاطنو پہنچا، اور یہان ابھی محاصرہ ہی مین تھا، کہ ۳۲۷ھ سنہ ۹۳۸ء ختم ہوگیا،

جب ابلاطنو کے محاصرہ مین سال ختم ہوگیا، تو وہ یہان کا محاصرہ اوٹھا کر جرجنت چلا گیا کہ یہی باغیون کا مرکزی مقام تھا، اور اوس کا محاصرہ کر لیا، اگرچہ ملک مین قحط سالی اور سالم کی وفات کے باعث اہل جرجنت کی قوت ٹوٹ چکی تھی، لیکن حالت محاصرہ مین بیرون شہر سے اون کے تعلقات چند خفیہ راستون سے قائم تھے، اسلئے خلیل کا یہ محاصرہ بھی طویل ہوگیا، اور وہ اس

سے گھبرا کر اس کا اہتمام ایک تجربہ کار فوجی افسر ابوخلف بن ہارون کے سپرد کیا اور خود خالصہ چلا آیا، کہ یہاں حکومت کی مختلف ضرورتوں کو پورا کرے،

اسی طریقہ سے جرجنت کے محاصرہ کو کامل دو سال گذر گئے اس اثنار میں نہ محاصرین شہر میں داخل ہوئے، اور نہ محصورین نے امان طلب کی لیکن دو سال گذرنے کے بعد ان کی حالت بد سے بدتر ہوگئی، اور ایسی صلاحیت بھی نہیں رہی، کہ خفیہ راستوں سے آمد و رفت جاری رکھنے کے باوجود محاصرہ کا مقابلہ کرتے رہیں،

باغیوں کا ترک وطن و ترک مذہب

جب اہل جرجنت کو مقابلہ سے بالکل مایوسی ہوگئی، تو یہاں کے باشندوں میں سے ایک کثیر تعداد جس میں زیادہ تر یہاں کے امرار و معززین تھے، حکومت کے انتقام کے خوف سے انھی خفیہ راستوں سے فرار ہوگئے، اور آس پاس کے عیسائی ملکوں میں پناہ گزین ہوئے، اور وہاں امن و امان سے زندگی بسر کرنے کیلئے مذہب اسلام ترک کرکے عیسائیت قبول کرلی، جو تمام تر انہی کی بغاوتوں اور سرکشیوں کا نتیجہ تھا،

شہر کے معززین و امرار کے نکلنے کے بعد باقی ماندہ لوگوں کے لئے محاصرہ کے مشکلات زیادہ بڑھ گئے، اسلئے اسلامی سپہ سالار ابوخلف بن ہارون کو بہت جلد صلح کا پیغام بھیجا، ابوخلف نے اس شرط پر امان دی کہ جرجنت کے مستحکم قلعہ سے جس پر اس شہر کی حفاظت کا دارومدار ہے شہر کی فوج نیچے اتر آئے، اور اسکو خالی کرکے حکومت کے قبضہ میں دیدے، اہل شہر نے اس شرط کی تعمیل کی، اور شہر پر قبضہ ہوگیا،

لیکن ارباب حکومت کے دل میں اہل جرجنت کی طرف سے اس قدر غیظ و غضب پیدا ہوچکا تھا کہ اونھوں نے شہر میں داخلہ کے بعد اپنے مواعید کا بھی کوئی پاس نہیں کیا، اور شہر کے تمام جنگجو باشندوں کو گرفتار کرکے خالصہ روانہ کردیا،

جرجنت کی اطاعت کے بعد پھر صقلیہ کے دوسرے شہرون مین حکومت کا اقتدار خود بخود قائم ہوگیا، اور بلا استثنا تمام شہرون اور قلعون نے اپنی اپنی اطاعت کا اقرار کیا، اور اب گویا پورے جزیرہ مین پھر ایک نئے سرے سے ایک منظم حکومت کا دار و دورہ شروع ہوگیا،

یہ بغاوت جسقدر اہم تھی، اسی قدر دیرپا رہی، چنانچہ جمادی الاولی ۳۲۶ھ سے شروع ہوئی تھی اور ذی الحجہ ۳۲۹ھ مین اختتام کو پہنچی،[1]

افریقہ مین آتش بغاوت

یہ عجیب اتفاق ہے کہ ادھر صقلیہ کی بغاوت فرو ہوئی، اور ادھر مرکزی حکومت افریقہ مین اس سے زیادہ سخت بغاوت اوٹھ کھڑی ہوئی، اس بغاوت کا علمبردار قبیلۂ زناتہ کا ایک شخص ابو یزید بن کیداد تھا، ابو یزید عقیدۃً خارجی تھا، اور اگرچہ اوس نے عبید اللہ المہدی ہی کے عہد حکومت ۳۱۶ھ مین دولت فاطمی کے خلاف خروج کیا تھا، اور عبید اللہ کے بعض مذہبی تشدد و مظالم کے باعث مسلمانان افریقہ کے مختلف فرقون کے پیرو اس کے زیر علم آگئے تھے، اور باغیون کا ایک اچھا خاصہ جتھا تیار ہوگیا تھا تاہم عبید اللہ اپنی قوت بازو سے اس فتنہ کو دبائے رہا، اگرچہ اوسکے حملون کا سلسلہ کبھی موقوف نہین ہوا مگر القائم کے عہد حکومت کے آغاز کے ساتھ ہی ابو یزید کی دعوت کو زیادہ فروغ حاصل ہوا، القائم کو اوس کے فرو کرنے مین دشواریون کا سامنا ہوا،[2]

اس موقع پر اوس کو اپنا قدیم تجربہ کار قائد خلیل یاد آیا، اور اسکو جلد سے جلد صقلیہ سے افریقہ طلب کیا،

خلیل کی افریقہ روانگی

خلیل کو یہ فرمان عین اوس وقت ملا جب اوس نے صقلیہ کی تمام بغاوتین سر کرکے ایک اطمینان کی سانس لی تھی، چنانچہ اوسکو چند دن بھی اطمینان سے بیٹھنا نصیب نہین ہوا، اور صقلیہ کی زمام حکومت عارضی طور پر ابو عطاف محمد بن اشعث کے سپرد کی، اور ایک دوسرے شخص

---

[1] ابن اثیر ج ۸ صفحہ ۲۵۲ والبیان المغرب (ترجمہ اردو) صفحہ ۲۹۵ و تاریخ جزیرۂ صقلیہ من حین دخلہا المسلمون (ریاری صفحہ ۱۷۲)

[2] ابن اثیر ج ۸ صفحہ ۳۱۵، ۳۱۶، ۳۱۷ تاریخ جزیرۂ صقلیہ من حین دخلہا المسلمون مین "ابو عطاف" کے بجائے "ابن عطاف" ہی جو عام رواتیون کے خلاف ہے

ابن کونی کو اسکا معاون مقرر کیا، اور انھی دونون کی ذمہ داری پر بھروسہ کرکے وہ ماہ ذی الحجہ ۳۲۹ھ/۹۴۱ء مین جمعہ کے دن صقلیہ سے روانہ ہوا، اور صقلیہ کی بغاوتون کے قطعی استیصال کیلئے جزیرت کے باغیون مین سے چیدہ سرکشون کو ایک جہاز پر اپنے ہمراہ سوار کیا، اور جب وہ وسط سمندر مین پہنچا، تو قیدیون کے اوس جہاز کو نیچے سے توڑوا ڈالا، اور سرکشون کی یہ پوری جماعت غرقاب ہوگئی[1]

خلیل کا عہد حکومت کہا جاتا ہے کہ خلیل کا عہد حکومت نہایت دردناک مظالم سے لبریز ہے لیکن اسکو نظرانداز نہ کرنا چاہیے، کہ خلیل کا تمام دور حکومت بجز ابتدائی چند دنون کے فتنہ و فساد سے معمور رہا، باشندگان صقلیہ نے خلیل سے مسلسل چار برس تک باضابطہ جنگ کی، اس لئے اس شورش و انقلاب اور اوس کے بعد کے ہنگامۂ دار و گیر مین باشندگان صقلیہ کی کثیر تعداد تہ تیغ ہوئی، ابن عذاری نے خلیل کے عہد حکومت پر ایک اجمالی تبصرہ کیا ہے، وہ لکھتا ہے:-

خلیل بن اسحاق نے صقلیہ مین وہ کچھ کیا جسکو نہ اوس کا کوئی پیش رو وہان انجام دیسکا تھا، اور نہ اوس کے بعد کے آنے والون نے کیا، اوس نے مسلمانون کو خونریزی اور گرسنگی سے ہلاک کر ڈالا، یہان تک کہ وہ عیسائی ممالک مین بھاگ گئے، اور ان مین سے اکثر نے عیسائی مذہب قبول کرلیا،

یہ صقلیہ مین چار سال تک والی رہا جب وہان سے ۳۲۹ھ/۹۴۱ء مین افریقیہ پہنچا، تو ایک دن معززین افریقیہ کے ایک مجمع مین مختلف موضوع پر گفتگو ہو رہی تھی، اسی سلسلہ مین اوسکے صقلیہ جانے کا بھی تذکرہ آیا، اس پر خلیل خود نہایت فخر و تبختر سے اپنے کشتگان ظلم کی تعداد کے متعلق رک رک کر یون کہنے لگا "مین نے وہان ہزارون کو قتل کیا، لیکن پھر کچھ ٹھہر کر کہا نہین مین نے وہان چھ ہزار آدمی مارے ہونگے" مگر پھر فوراً ہی اسکی بھی تردید کی، اور کہہ اوٹھا "نہین واللہ اس سے کہین زیادہ"[2]

[1] ابن اثیر ج ۸ ص ۲۵۳، ۲۵۴ البیان المغرب حوادث ۳۲۵ھ (ترجمہ اردو) ص ۲۹۹، پھر خلیل افریقیہ مین ابو یزید سے مقابلہ کیلئے روانہ ہوا اور ۳۳۲ھ مین اس کا لشکر اس سے باغی ہوگیا، ابو یزید نے اسکو مع چند رفقاء کے گرفتار کرلیا اور پھانسی پر لٹکا دیا،

ابو عطاف محمد بن اشعث الازدی فاطمی والی صقلیہ

۳۲۹ھ / ۹۴۰ء تا ۳۳۶ھ / ۹۴۷ء

ابو عطاف کو خلیل نے عارضی طور پر اپنا قائم مقام بنایا تھا، اس کا یہی عارضی انتخاب مستقل تقرر کی حیثیت سے قبول کر لیا گیا، کیونکہ حکومت افریقیہ اس وقت اپنے داخلی مشکلات مین مبتلا تھی، ان جزوی امور پر توجہ نہ کر سکی، اس لئے خلیل ہی کی نامزدگی سے ابو عطاف نے مستقل طور پر عنان حکومت سنبھال لی، اور حکومت افریقیہ کی خاموشی سے اس انتخاب کی تصدیق ہو گئی،

بغاوت کے بعد بدامنی

جب ابو عطاف نے حکومت سنبھالی تو اوس کو نئے حالات سے دوچار ہونا پڑا، اگرچہ خلیل یہان کا سیاسی مطلع صاف کر چکا تھا لیکن گذشتہ چند سال کی بغاوت، قحط سالی، اور آفات ارضی و سماوی کے پیش آجانے سے یہان کے باشندون کی اقتصادی و معاشی حالت ابتر ہو گئی، اور ملک مین ایک دوسری قسم کی بدامنی اور ابتری پھیل گئی، چوری، ڈاکہ، اور رہزنی، لوٹ مار، قتل اور غارتگری کی وارداتین کثرت سے پیش آنے لگین، اور ملک مین ہر طرف خوف و ہراس طاری ہو گیا،

ابو عطاف نے دانائی سے ان حالات پر قابو حاصل کیا، اور ملک مین نظم و نسق کر کے ہر طرف امن و امان قائم کیا[1]

القائم کی وفات اور المنصور کی جانشینی

اسی اثنا مین ۱۳ شوال ۳۳۴ھ / ۹۴۵ء کو فرمانروائے افریقیہ القائم بامر اللہ نے وفات پائی، اس کی وفات نازک موقع پر ہوئی تھی، ابو یزید کا لشکر دارالحکومت کے قریب آچکا تھا، اعیان حکومت نے نہایت خاموشی سے اس کے لڑکے اسمٰعیل کو المنصور من اللہ کے

[1] تاریخ جزیرہ متعلقین جون ڈخلما المسلمون در اماری صفحہ ۱۰۱

لقب سے تخت پر بٹھا دیا، اور القائم کی وفات کو راز میں رکھ کر سکہ اور خطبہ بدستور اوسی کے نام سے جاری رکھا[1]

ابو طاہر اسمٰعیل بن ابی القاسم المنصور من اللہ فاطمی فرمانروائے افریقیہ

۳۳۴ھ / ۹۴۵ء — ۳۴۱ھ / ۹۵۲ء

افریقیہ کی بغاوت کا اثر صقلیہ پر

اسمٰعیل المنصور ۳۲ برس کی عمر میں تخت حکومت پر بیٹھا لیکن اوس نے جس پر آشوب زمانہ میں عنان حکومت ہاتھ میں لی تھی اس وقت دولت افریقیہ موت و زیست کی کشمکش میں مبتلا تھی، اس کے سر برآوردہ حکومت ہوتے ہی ابو یزید پایہ تخت مہدیہ کے قلعہ تک آپہنچا اور المنصور سخت سراسیمگی میں مبتلا ہو گیا،

انھی وجوہ سے وہ صقلیہ کی طرف مطلق توجہ نہ کر سکا، اور سیاسیات صقلیہ سے بالکل کنارہ کش رہا[2] اور پھر جب اسی اثنا میں ابو یزید مہدیہ کے دروازے تک پہنچ گیا تو باشندگان مہدیہ کی ایک کثیر تعداد خوف و دہشت سے وہاں سے فرار ہو کر صقلیہ میں آکر پناہ گزین ہوئی،

صقلیہ کے عیسائیوں کی سرکشی

المنصور کی صقلیہ سے عدم توجہی اور ان مصیبت زدوں کی صقلیہ میں پناہ گزینی سے دولت فاطمی کی بیچارگی اور بے بسی کی مبالغہ آمیز داستانیں سارے جزیرہ میں پھیل گئیں، اور اس سے ابو عطاف کے رعب و داب اور صقلیہ میں شاہی اقتدار کو صدمہ پہنچا، اور اس کا نمایاں اثر یہاں یہ ظاہر ہوا، کہ یہاں کی عیسائی رعایا نے سالانہ خراج کی ادائی سے متفقہ طور پر انکار کر دیا، اور اگرچہ ان لوگوں نے تلواریں بے نیام نہیں کیں، لیکن درحقیقت یہ سرکشی صقلیہ کی پہلی بغاوتوں سے زیادہ سخت تھی، ابو عطاف خاموشی سے سب تماشا دیکھتا رہا، اور کچھ نہ کر سکا، اس طرح سے تحصیل وصول مطلق بند ہو گئی، اور اس کا نمایاں اثر صقلیہ کے خزانہ پر پڑا،

---

[1] ابن اثیر ج ۸ صفحہ ۳۴۲، وغیرہ، [2] ابن خلدون ج ۴ صفحہ ۲۰۸،

ابوعطاف پر حملہ

اسی اثنا مین ۳۴۵ھ/۹۵۶ء مین ایک دوسرا واقعہ پیش آیا، کہ صقلیہ کے ایک معزز و شجاع قبیلہ طبری کے چند معززین اور ابوعطاف مین کچھ اختلافات پیدا ہوئے، ابوعطاف کی بیچارگی کا اندازہ ہو چکا تھا اس قبیلہ کے ایک انبوہ کثیر نے اوس پر عین عید الفطر کے دن حملہ کیا، حملہ آورون کی جماعت مین اہل بلرم بھی شریک ہو گئے، ابوعطاف کے اردگرد جو محافظ دستہ تھا، وہ تتر بتر ہوا، اور اسکو فرار ہونے کا موقع ملگیا، چنانچہ خالصہ کے قلعہ مین آکر پناہ لی، چونکہ اوس کی فوجی طاقت ایسی نہ تھی کہ باشندگان بلرم پر فوجکشی کرتا اسلئے خاموشی سے قلعہ بند ہو گیا،

حملہ آور قلعہ کے گرد منڈلاتے رہے لیکن یہ قلعہ بلرم کا کوئی محل نہ تھا کہ وہ اپنی تیراندازی سے اسکے تجھے گرا ڈالتے، آخر حملہ آورون کو ناکام لوٹنا پڑا، البتہ جوش غیظ و غضب مین شاہی محل و علم قلعہ سے اوتار کر ساتھ لیتے گئے،

افریقین امن و امان کا قیام اور اس کا اثر صقلیہ پر

صقلیہ مین یہ بدامنی اور سرکشی صرف افریقہ کی بغاوت کی وجہ سے تھی، وہان کے حالات ۳۳۶ھ/۹۴۷ء کے اوائل مین رو بہ اصلاح آئے اور ابو یزید باغی آغاز سال کے ساتھ ہی ماہ محرم ۳۳۶ھ/۹۴۷ء مین مار ڈالا گیا، اور اسکے قتل کے بعد اسکے جو چند اعیان و انصار سرغنہ باقی رہ گئے تھے چھ مہینے ان کے تعاقب مین گذرے، یہانتک کہ رمضان ۳۳۶ھ/۹۴۷ء مین المنصور اپنے دار الحکومت مین لوٹ آیا، اور سارے ملک مین امن و امان قائم ہو گیا،

حسن بن علی الکلبی کا ولایت صقلیہ پر تقرر

ابوعطاف مدت سے اس موقع کا منتظر تھا، جب افریقہ کے امن و امان کا حال سنا تو اپنی بیکسی کی مفصل داستان لکھ بھیجی، اور اس جزیرہ کے حالات کے اصلاح و درستی کی طرف توجہ دلائی، المنصور نے اس پر فوری توجہ کی، اور ایک آزمودہ کار قائد حسن بن علی الکلبی کو جو ابو یزید کی بغاوت فرو کرنے مین کارہائے نمایان انجام دیچکا تھا، صقلیہ کی ولایت کا فرمان لکھکر حوالہ کیا، اور وہ صقلیہ روانہ ہو گیا[1]

اس جدید والی حسن بن علی الکلبی کے ورود صقلیہ سے تاریخ صقلیہ مین ایک نئے باب کا آغاز ہوتا ہے اور وہ دولت کلبیہ صقلیہ کی بنا ہے،

[1] ابن اثیر ج ۸ ص ۳۳۱، ۳۳۲، ۳۵۴ و ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۰، ابو الفداء ج ۲ ص ۷، کتاب الانیس ص ۱۸۶،

دولت کلبیہ صقلیہ

۳۳۶ھ - ۴۳۱ھ
۹۴۷ء - ۱۰۳۹ء

حسن کے ورود صقلیہ سے یہاں ایک نئے دور کا آغاز ہوتا ہے اور وہ صقلیہ میں سلطنت کلبیین کا قیام ہے اس نے یہاں کی زمام حکومت سنبھالنے کے بعد اپنے خاندان کی ایک موروثی خود مختار سلطنت قائم کردی، جو اگرچہ اصولاً پورے طور پر آزاد و خود مختار نہیں کہی جاسکتی کہ اسوقت بھی اسکی حیثیت سلطنت فاطمیہ کے ایک صوبہ کی رہی تاہم یہ حکومت اپنے تمام اندرونی معاملات میں بالکل آزاد تھی، آل حسن یکے بعد دیگرے تخت حکومت پر آتے گئے، جنھیں شاہان فاطمی کی طرف سے خطاب و خلعت رسماً عطا کیا جاتا رہا اسلئے اس دور میں آئندہ چلکر سلطنت فاطمیہ سے صقلیہ کی وابستگی گویا ویسی ہی رہ گئی تھی، جیسے آل اغلب خلافت عباسیہ سے وابستہ کیے جاتے تھے چنانچہ صقلیہ میں بھی کلبی فرمانروا اپنی جانشینی کے لئے اپنے خاندان میں سے ولی عہد مقرر کرتے اور رسمی طور پر ان کی تصدیق شاہان فاطمیہ کی طرف سے کیجاتی اسی طرح معاملات ملکی کے انصرام اور فتوحات کی وسعت والتوا میں مرکزی حکومت کو دخل نہیں تھا، خزانہ کا شعبہ تمامتر انہی کے قبضہ میں تھا صرف ایک محدود رقم مرکزی حکومت کو بطور خراج سالانہ بھیج دیجاتی، اور اسی طرح ملکی سکے بھی انھی فرمانروان کلبیہ کے نام سے مضروب ہوتے تھے اسلئے وہ سلطنت فاطمیہ سے بجز ایک رسمی تعلق کے تمام حیثیات سے آزاد تھے اور انھوں نے اسی کے شایان شان شاہانہ شان و شوکت، کروفر، خدم و حشم، ایوان و دربار اور چتر و جلوس کی صقلیہ میں نمود و نمایش کی، اور

صقلیہ نے بھی اسلامی دورِ حکومت مین ایک خود مختار حکومت کی بہار دیکھ لی جس کی داغ بیل ڈالنے والا یہی حسن بن علی الکلبی تھا،

ابو الغنائم حسن بن علی بن ابی الحسن بانی دولت کلبیہ

۳۳۶ھ / ۹۴۷ء — ۳۴۳ھ / ۹۵۴ء

حسن بن علی افریقہ کے ایک معزز قبیلہ بنو کلب کا ایک ممتاز رکن تھا، اس کا خاندان سلطنت فاطمیہ کے جان نثارون مین شمار ہوتا تھا اور اسے موروثی بزرگی و عظمت حاصل تھی، پھر خود حسن مین ذاتی اوصاف جمع ہو گئے تھے، نہایت شجاع اور ذکی و فہیم تھا، اسی نے ابو یزید کے فتنہ کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینک دیا، اسلئے یہ اپنے خاندانی شرف و مجد اور اپنے ذاتی اعزاز اکرام و اوصاف و خصائل سے افریقہ کے ذی اثر و مرتبت اشخاص مین شمار کیا جاتا تھا، اور فرمانروائے فاطمی المنصور سے اسکو نہ صرف تقرب خاص حاصل تھا، بلکہ خود المنصور اس سے ادب و احترام سے پیش آتا، اور اس سے بزرگانہ نصیحتین حاصل کرتا، اس لئے افریقہ مین المنصور کا یہ دست راست سمجھا جاتا تھا[1]،

حسن کا ورود صقلیہ بنو طبری کی مزاحمت و فراوش

حسن افریقہ سے روانہ ہوا، اور صقلیہ کے سب سے قریب بندرگاہ مازر پر لنگر انداز ہوا، اہل شہر کو اس کی آمد کی خبر ہو چکی تھی، لیکن ساحل پر کوئی شخص پیشوائی کیلئے موجود نہین تھا، جب آفتاب غروب ہو گیا، اور رات کی تاریکی اچھی طرح چھا گئی، تو باشندگان صقلیہ کی ایک جماعت رات کی تنہائی مین نہایت پوشیدہ طور پر حسن کی خدمت مین باریاب ہوئی، اس جماعت مین افریقہ کے مہاجرین اور قبیلہ کتامہ کے معززین تھے، باشندگان صقلیہ کی یہ جماعت حکومت کی حقیقی وفادارون مین تھی، اس نے حسن کو صقلیہ کی سیاسیات کے رازہائے سربستہ سے آگاہ کیا جس سے معلوم ہوا کہ خاندان بنو طبری کی

[1] ابن اثیر ج ۸ ص ۲۵۴ و ابن خلدون ج ۴ ص ۲۰۸،

بغاوت انگیزی کا سلسلہ ابو عطاف کی معزولی کے بعد بھی جاری ہے، اور جب سے بنو طبری کو حسن کے تقرر کی اطلاع ملی ہے وہ اسکے خلاف ریشہ دوانیون مین مصروف ہین،

چنانچہ اسی جماعت سے یہ بھی معلوم ہوا، کہ حسن کے خیر مقدم کے مقاطعہ کے اصل محرک یہی بنو طبری اور اون کی ہمنوا جماعت ہے، اور جب اون لوگون نے حسن کی آمد پر کسی خیر مقدم کی تیاری نہین کی، تو عام باشندگان صقلیہ کو بھی ان کے شر و فساد کے خوف سے اس سے گریز کرنا پڑا، اور یہ معززین بھی محض بنو طبری کے شر و فساد سے بچنے کے لئے نہایت پوشیدہ طور پر امیر کی خدمت مین حاضر ہوئے ہین

اس کے بعد اون لوگون نے حسن کو اس اہم راز سے بھی آگاہ کیا، کہ بنو طبری کا ایک وفد جو علی بن طبری اور محمد بن عبدون وغیرہ پر مشتمل ہے، افریقیہ گیا ہے، تاکہ وہ المنصور سے حسن کی ولایت صقلیہ کے فرمان کو منسوخ کرائے، اور وہی لوگ باشندگان صقلیہ کو ہدایت کر گئے ہین، کہ جب تک یہ معلوم نہ ہو جائے کہ اس وفد کے مطالبہ کا المنصور نے کیا جواب دیا، اور وہ اس کے ساتھ کس طریقہ سے پیش آیا، اوس وقت تک حسن کو ساحل صقلیہ سے سرزمین صقلیہ پر قدم رکھنے سے باز رکھا جائے،

پھر اس جماعت کے رخصت ہونے کے بعد اوسی سرکش قبیلہ طبری کے چند برآوردہ اشخاص حسن کے پاس پہنچے، کہ حسن اور اس کے رفقاء کو دیکھکر کچھ عام اندازہ کر سکین اور علاوہ ازین جب وہ مازر مین اوترچکا تھا، تو کم سے کم اپنی حیلہ سازیون سے اس کو دارالحکومت بلرم تک پہنچنے نہ دین، تاوقتیکہ افریقی وفد کی جد و جہد کے نتائج معلوم نہ ہو جائین، چنانچہ یہ لوگ اسی قصد سے حسن کی خدمت مین حاضر ہوئے، اور نہایت طریقہ سے رسمی ملاقات کی، اس کے جواب مین حسن نے بھی اسی گرمجوشی کا اظہار کیا، باتون باتون مین بلرم کی روانگی کا تذکرہ چھیڑ گیا، اور مشورہ سے یہ طے پایا، کہ پہلے وہ لوگ بلرم جاتے ہین، اور جب وہان سے لوٹ آئین، تو وہ اُن کی معیت مین بلرم روانہ ہو، حسن نے بھی اس تجویز پر اپنی رضامندی ظاہر کی، اور پھر سب کو حسن اخلاق سے رخصت کر دیا،

ادھر یہ جماعت روانہ ہوئی، اور اُدھر حسن نے بلرم کے کوچ کا سامان کیا، اور کوشش کی کہ وہ اس فتنہ پرداز جماعت کے بلرم پہنچنے اور وہان ان کے ریشہ دوانیان کرنے سے پہلے بلرم پہنچ جائے، جب حسن بلرم کے قریب پہنچا، تو دور ہی سے اوس کی آمد کی خبر شہر مین پہنچ گئی، اور حاکم شہر ممتاز عہدہ داران حکومت اور شہر کے پرامن باشندے اس کی پیشوائی کے لئے شہر سے باہر نکلے، اور نہایت اعزاز واکرام سے اوس کا استقبال کیا، اور حسن نے بھی اس کا مناسب جواب دیا،

اسی اثنا مین حسن کے آجانے اور معززین حکومت اور پرامن باشندون کی جانب سے اسکے استقبال کیے جانے کی خبر بنو طبری کو ملی، اور اس موقع پر اونھین بجز اسکے کوئی چارہ نظر نہ آیا، کہ وہ بھی اس کے خیر مقدم مین شریک ہوجائین چنانچہ سرخیل جماعت اسمٰعیل بن طبری بعجلت استقبال کے لئے خود روانہ ہوا، اور اثنا راہ مین استقبال کیا حسن بھی خندہ جبینی سے آگے بڑھا، اور حسن اخلاق سے پیش آیا، اور خیر مقدم کے یہ ابتدائی مراسم حسن کی ابتدائی کامیابی کا راز اپنے اندر پنہان رکھتے ہوئے ختم ہوگئے،

چنانچہ اسکے بعد صقلیہ کے عام باشندون کا میلان حسن کی طرف ہوگیا، اور لوگ بنو طبری کو چھوڑ کر حکومت کے ہوا خواہ بنتے گئے، یہان تک کہ بنو طبری مین علانیہ مخالفت کرنے کی ہمت باقی نہین رہی، اور تقریبًا پورا صقلیہ حسن کا اطاعت گذار بن گیا،

جب حکومت کے مخالفون نے حسن کے اثر و اقتدار کا یہ رنگ دیکھا، تو ایک ایسی چال اختیار کی کہ کیا عجب تھا کہ حسن کا تمام بنا بنایا کھیل بگڑ جاتا، ان لوگون نے کسی قدیم مسلمان صقلی باشندہ سے سازو باز کرکے حسن کے کسی جان نثار خادم کو جو شجاعت و تہور مین مشہور اور حسن کے معتمدین خاص مین تھا، اوس کے گھر مدعو کیا، وہ خادم وقت موعودہ پر اس کے گھر پہنچا، صقلی نے تواضع سے اوسے گھر مین بٹھایا اور خود کسی ضرورت کا بہانہ کرکے باہر نکل آیا، اور شارع عام پر سر پیٹ پیٹ کر چلانے لگا، اس کے شور سے شہر کی ایک مخلوق جمع ہوگئی، اور اسمٰعیل بن طبری وغیرہ بھی اس مجمع مین شامل ہوگئے، پھر وہ صقلی اپنے

نووارد مہمان کی جانب اشارہ کرکے سورو کو بیان کرنے لگا، کہ

"حسن کا یہ غلام میرے گھر میں گھس پڑا، اور میری آنکھوں کے سامنے میری بیوی کی عصمت دری کی"

اس واقعہ سے مجمع میں اشتعال پیدا ہوا، اور پھر اسمٰعیل وغیرہ نے اپنے مختلف فقروں سے مجمع کو اور بھی برانگیختہ کیا، اور اسی سلسلہ میں اوس نے کہا:۔

"یہ ان لوگوں کے کرتوت ہیں، حالانکہ ابھی شہر پر پورا تسلط بھی نہیں ہوا ہے"

اس کے بعد اسمٰعیل نے مجمع کو حسن کے پاس فریادی بنکر جانے کا مشورہ دیا، چنانچہ یہ مشتعل مجمع اور وہ صقلی غیظ و غضب میں شور و واویلا کرتا محل شاہی پر پہنچا، حسن نے مستغیث کو فوراً محل کے اندر طلب کیا، اور اوس سے سارے واقعہ کی روداد سنی، مستغیث کے بیان پر کوئی دوسرا شاہد موجود نہیں تھا، اسلئے اسکو اپنے بیان پر حلف شرعی دیا، جس کو اوس نے خاموشی سے اوٹھالیا، اس کے بعد حسن نے بھی نہایت صبر و سکون سے اپنے جان نثار و بہادر اور اپنے عزیز ترین خادم کے قتل کا حکم صادر کر دیا، اور وہ سیاسیات صقلیہ کی راہ میں قربان کر دیا گیا،

حسن کے اس طرز عمل سے مجمع کا رنگ بدل گیا، اور زور زور سے یہ فقرے گونجنے لگے، ہمیں ایسے ہی عادل فرمانروا کی ضرورت ہے، اب ہماری مسرت و شادمانی کا وقت آپہنچا، اب ملک آبادیوں سے پر رونق اور عدل و انصاف سے مالا مال ہوگا، مجمع کے یہ مسرت کے نعرے حسن کے دشمنوں کے حق میں امید پر بجلی بن کر گرے، اور وہ مایوسی و حرمان نصیبی کے ساتھ اپنے اپنے گھر لوٹ آئے،

مخالفین حکومت کا استیصال

اس کے بعد حسن اس سربرآوردہ سازشی گروہ کے استیصال کی فکر میں لگا رہا، اسی اثنا میں المنصور کے پاس سے ایک خفیہ ہدایت نامہ پہنچا کہ اوس نے اس صقلی وفد کے عمائد علی بن حمزی، محمد بن عبدون اور محمد بن حنا وغیرہ کو حسن کی تقرری کے خلاف کوشش کرنے کیلئے افریقیہ بھیجے تھے گرفتار کر لیا ہے اب ضرورت ہے، کہ وہ لوگ بھی گرفتار کر لئے جائیں، جو صقلیہ میں اس گروہ کے سرخیل کی

حیثیت رکھتے ہین، اور ان مین سے اسمٰعیل بن طبری، رجا بن حنا وغیرہ کے نام بہ تصریح تھے،

لیکن اگرچہ اس واقعہ کے بعد ابن خلدون کی تصریح کے مطابق اس جماعت کا زور ٹوٹ چکا تھا، تاہم ابھی حسن کو ایسی ہر دلعزیزی حاصل نہین ہوئی تھی، کہ وہ کھلے طور پر ان لوگون پر ہاتھ ڈالتا اور جزیرہ مین فتنہ و فساد کی آگ نہ بھڑک جاتی، اس لئے ان کے استیصال کے لئے ایک جدید طرز عمل اختیار کیا، اور اس فتنہ پرداز سازشی جماعت کو اپنی سازش سے برباد کیا،

حسن نے رفتہ رفتہ سرگروہ جماعت اسمٰعیل وغیرہ سے اپنے معاصرانہ مراسم پیدا کئے، وہ لوگ شاہی محل مین آتے، اور حسن بازدید کیلئے ان کے یہان جاتا اسی سلسلہ مین حسن نے ایک دن اسمٰعیل کے باغ کی سیر کا اشتیاق ظاہر کیا، اور پھر کچھ دنون کے بعد اسمٰعیل کو بلا بھیجا کہ اوس کی معیت مین اسکے باغ کی سیر کو جائے گا، اور اسی کے ساتھ اس نے اس جماعت کے تمام سربرآوردہ اشخاص کے پاس اسمٰعیل کی طرف سے پیغام بھیج دیا، کہ وہ شاہی محل مین آئین، اور یہان سے والی کی معیت مین باغ کی سیر و تفریح کے لئے روانہ ہون،

سہ پہر کو یہ مجمع اکٹھا ہو گیا، حسن نہایت بے تکلفی سے میزبانی کے فرائض انجام دیتا رہا، اور اپنی دلچسپ گفتگو کا ایک طویل سلسلہ چھیڑ دیا، جس مین ایسی محویت ہوئی کہ آفتاب غروب ہو گیا، اور محل کے فراش فانوس جلانے لگے، اس وقت حسن متنبہ ہو کر چونک پڑا، اور وقت کی تاخیر پر افسوس کرنے لگا، پھر مہمانون کو نہایت سادگی سے مخاطب کر کے کہہ دیا، "اب تو رات ہو گئی مناسب ہے کہ آپ لوگ آج میری میزبانی قبول فرمائین"، اور جواب کا انتظار کئے بغیر وہین سے بیٹھے بیٹھے مہمانون کے تمام ملازمین اور سپاہیون کو جو سواریون کے ساتھ آئے تھے، کہلا بھیجا کہ "آج امیر کی طرف سے ضیافت ہے، سب لوگ یہین شب باش ہون گے"، تم لوگ اپنے گھرون کو واپس جاؤ"، اور اس کے بعد پھر باتون مین مشغول ہو گیا،

جب رات کچھ زیادہ آئی، تو خود مجمع سے اوٹھ گیا، اوسی وقت اچانک فوج کے ایک مضبوط مسلح دستہ نے ان معزز مہمانوں کو اپنی حراست مین لے لیا، اور سب لوگ قید خانہ بھیج دئے گئے، اور پچھلی شب مین ان تمام معزز قیدیون کے سر لفلک محلون پر فوجین دوڑادی گئین، اور اون کا تمام گھر بار ضبط کر لیا گیا،

صبح کو شہر مین یہ ہیبت ناک واقعہ مشہور ہوا، اور سارے شہر مین سناٹا چھا گیا، اب مخالفین حکومت مین ایسا کوئی بھی موجود نہ تھا، جو عوام کی رہبری کرکے، انھین آمادۂ فساد کرتا، تمام شہری دم بخود اپنے اپنے گھر مین خاموش بیٹھے رہے،

حکومت کی کامل اطاعت

حسن کو جزیرہ مین ہر دلعزیزی حاصل ہو چکی تھی، اس واقعہ سے سارے جزیرہ مین حکومت کے رعب و داب کا سکہ بھی قائم ہو گیا، اور جزیرہ کے چپہ چپہ مین اطاعت و فرمانبرداری کی فضا پیدا ہو گئی،

چنانچہ اسی واقعہ کے بعد جزیرہ کے وہ عیسائی علاقے بھی خود بخود مطیع ہو گئے، جنھون نے حکومت کی کمزوری سے فائدہ اوٹھا کر مالگذاری دینا بند کر دیا تھا، چنانچہ تمام عیسائیون نے بغیر کسی فوج کشی یا کسی ادنی تحریک کے از خود تین سال کی مالگذاری یکمشت جمع کی، اور ایک اہب کو اپنا نمایندہ بنایا، کہ وہ عرض و معذرت کے بعد حکومت کے دفتر مال مین جمع کر دے، حسن نے اون کی معذرت قبول کی، اور تین سال کی یکمشت مالگذاری خزانۂ عامرہ مین داخل کر لی گئی،

بیزنطی بیڑے کی صقلیہ پر حملہ آوری اور حسن کی فوجکشی اٹلی پر اور فتوحات

حسن، صقلیہ کے معاملات کے یکسو ہو جانے کے بعد اب قدرۃً اٹلی کی طرف توجہ کرتا، مگر اتفاق وقت کہ اسکی ابتدا اوسی جانب سے ہوئی اور اطلاع ملی کہ قیصر روم صقلیہ مین خاندان طبری کی سرکشی اور یہان کی عام بدامنی سے جو حسن کے پیشتر یا اوس کے زمانہ مین قائم تھی، فائدہ اوٹھانا چاہتا ہے، اور اس کی فاتحانہ و حوصلہ مندانہ نظرین

پھر صقلیہ پر پڑنے لگی ہین اور اس نے جہازون کا ایک بڑا بیڑا صقلیہ پر حملہ آوری کے لئے روانہ کر دیا ہے،

اس لئے اس موقع پر صقلیہ کے معاملات کا رو بہ اصلاح ہو جانا حسن کے لئے قیمتی ثابت ہوا چنانچہ جب امن و امان کے قیام کے بعد ان انتظامات سے فراغت حاصل ہوئی تو قیصر روم کے مقابلہ کی تیاریان کین لیکن صقلیہ کی فوج بیزنطی بیڑے کے مقابلہ کے لئے کافی نہین تھی، اس لئے المنصور سے امداد طلب کی اور اوس نے ایک بیڑا فرج صقلبی کی سرکردگی مین صقلیہ روانہ کیا، جس مین ۷۰ ہزار سوار اور ۳۵۰۰ پیادے تھے، اور نیز بحری فوج اس کے علاوہ تھی حسن نے اس اثنا مین جزیرہ سے بھی ایک بڑی فوج تیار کر لی تھی چنانچہ ان سب کو لے کر وہ بری و بحری راستہ سے مسینا پہنچا لیکن یہان میدان خالی تھا، بیزنطی بیڑا ابھی تک نہین پہنچا تھا،

حسن نے بیزنطی بیڑے کے انتظار مین وقت ضایع کرنا مناسب نہ سمجھا، اور یہان مناسب انتظام کر کے اپنی فوج لیکر اٹلی روانہ ہو گیا، کیونکہ گذشتہ چند سال کی بدامنی سے اٹلی کی اسلامی فتوحات کے اثرات زائل ہو چکے تھے، اٹلی کے معاملات زیادہ تر معاہدون سے وابستہ تھے، جب القائم کی تخت نشینی کے بعد صقلیہ مین بغاوت کی آگ مشتعل ہوئی اور خلیل اون کے فرو کرنے مین مصروف ہوا، اوسی زمانہ سے حکومت قلوریہ نے بھی اپنے جزیہ کی متعینہ رقم کو ادا کرنا موقوف کر دیا تھا، اور اس وقت تک یہ سلسلہ اسی طرح منقطع تھا،

حسن سب سے پہلے ریو پہنچا، یہان اسلامی آبادی ابھی تک قائم تھی، اور یہی ایک ایسا شہر تھا جسکو اسلامی حکومت کا مطیع کہا جا سکتا تھا، حسن نے اسی کو فوجی مرکز قرار دیا، اور یہان سے قلوریہ کے مختلف شہرون پر فوجین روانہ کر دین، اور خود ایک عظیم الشان لشکر لے کر ایک اہم شہر جراصہ (GERACA) پہنچا یہ ریو سے شمال مشرق مین ۴۴ میل پر واقع تھا، اور اس زمانہ کے خوبصورت شہرون مین شمار کیا جاتا تھا[1]،

[1] ڈکشنری آف جغرافیہ ج ۱ ص ۶۷۰، نزہتہ المشتاق ادریسی ص ۶۰، ابن اثیر ج ۸ ص ۳۵۶ ص ۳۷۱ و ابن خلدون، و تاریخ صقلیہ من بدء دخلہا المسلمون درادی ص ۱۴۲ وغیرہ،

حسن نے اسکا محاصرہ کرلیا، شہر کے کنارے ایک وادی وادی جراجہ کے نام سے بہتی تھی، اور شہر مین اُسی کا پانی پیا جاتا تھا، حسن نے اس وادی پر قبضہ کرکے اہل شہر پر پانی کے تمام راستے روک دئے اور اس کا ایسا شدید محاصرہ کیا، کہ چند ہی دن مین پیاس کی شدت سے شہر کے باشندون کے ہلاک ہونے کی نوبت آگئی اور قریب تھا کہ حسن اس شہر پر زور شمشیر قبضہ کرلے لیکن اس اثنا مین بزنطی بیڑے کے آمد کی خبر آئی کہ وہ ادرنت مین آکر مقیم ہے، اسلئے حسن نے جراجہ والون سے کسی متعینہ رقم پر صلح کرلی، اور محاصرہ اوٹھاکر رومیون کے مقابلہ کے لئے روانہ ہوگیا، لیکن رومی اسلامی لشکر کی آمد کی خبر سنتے ہی ادرنت سے فرار ہوکر صوبہ الکبردہ کے مشہور شہر باری روانہ ہوگئے، حسن نے ان کا تعاقب نہین کیا، اور یہین صوبہ قلوریہ کے مختلف شہرون کو تخت و تاراج کرتا رہا، چنانچہ خود قلوریہ کے ایک قلعہ قسّانہ کا محاصرہ کیا، اور فوج کے چھوٹے چھوٹے دستے مختلف مقامات بھیج دئے، قلعہ قسّانہ کا ایک مہینہ تک محاصرہ جاری رہا، آخر اہل قلعہ عاجز آگئے، اور صلح کی درخواست پیش کی، حسن نے ایک معقول رقم وصول کرکے محاصرہ اٹھالیا،

اسی اثنا مین جاڑون کا موسم آگیا، یہ زمانہ فتوحات کے لئے موزون نہ تھا، اکثر راستے جو فوجی نقل و حرکت مین کام آتے تھے برف سے ڈھکے رہتے تھے، اسلئے مراجعت کا قصد کیا، اور فوج لیکر اٹلی سے مسینا چلا آیا، چونکہ رومی بیڑا مسینا کے قریب موجود تھا، اس لئے فوج کا بیشتر حصہ یہین رکھا، اور خود ملکی نظم و نسق کے لیے بلرم چلا آیا،

اسکے بعد المنصور نے قلوریہ کے حملے کا دوبارہ حکم دیا، چنانچہ حسن جاڑے گذرنے کے بعد ذی الحجہ ۳۴۰ھ ۹۵۱ء مین مسینا سے قلوریہ روانہ ہوا، یہان معلوم ہوا کہ جراجہ والون کی امداد کے لئے بزنطی لشکر پہنچ چکا ہے، حسن نے بھی اسی طرف رُخ کیا، وہان شہر کی فوج اپنے عیسائی حکمران سرجوس کی معیت مین اور بزنطی لشکر بحری قائد بلحان (MANGIAS) کی سرکردگی مین موجود تھا، عین عرفہ کے دن دونون فوجین آمنے سامنے آئین، اور معرکہ کارزار گرم ہوگیا، دونون طرف کے جوانمردون نے

داد شجاعت دی، آخر زور کے رن کے بعد عیسائیون کو شکست ہوئی، اور میدان جنگ چھوڑ کر فرار ہوئے، مسلمانون نے تعاقب کیا اور یہ سلسلہ رات گذرنے تک جاری رہا، یہانتک کہ جراجہ کی شہر پناہ نے مسلمانون کا راستہ روک دیا، اس معرکہ مین مسلمانون کو فوجی ضروریات کی بیشمار چیزین، باربرداری کے جانور اور آلات جنگ وغیرہ ہاتھ آئے،

اس کے بعد حسن نے دوسرے شہرون ترمس (TREMELi) اور بطرقوقہ وغیرہ پر تاخت کی، اور ہر جگہ کامیاب ہوا، ان لڑائیون مین بیشمار رقیدی مسلمانون کے ہاتھ آئے، انھی مین بیزنطی بیڑے کا امیر البحر بھی تھا، یہ سب قیدی صقلیہ اور افریقیہ کے مختلف شہرون مین بھیج دئے گئے، اور بیزنطی امیر البحر کو سولی پر چڑھا دیا گیا[1]،

عارضی صلح اور اسکے شرائط حسن کی اس مہم کا آخری میدان جرجنت قرار پایا، ۳۴۱ھ/۹۵۲ء مین اوس نے اس کا محاصرہ کرلیا، محاصرہ کو چند ہی دن گذرے تھے، کہ شہنشاہ قسطنطین ہفتم پارفیروجنیٹس (CONSTANTINE VII POYPYROGENITUS) (۳۱۲ھ/۹۱۲ء - ۳۴۴ھ/۹۵۹ء) نے اصر بلس راہب کو نمایندہ بنا کر حسن کی خدمت مین بھیجا، جس نے مشرقی روم کے فرمانروا کی طرف سے ایک عارضی صلح کی درخواست پیش کی، جو منظور ہوئی،

مسجد ربو حسن کے شرائط صلح مین ایک یادگار شرط مسلمانان ربو کے لئے ایک مسجد کی تعمیر تھی، اور نیز اس مسجد کے استحفاظ و بقا کے لئے اس معاہدہ مین تمام ممکن شرطین بھی طے کرلی گئین، جو حسب ذیل تھین،

(۱) مسلمانون کو ربو اور دیگر مقامون مین مسجد تعمیر کرنے اور اس مین نماز پڑھنے اور اذان دینے سے روکا نہ جائیگا،

(۲) اس مسجد مین عیسائیون کو داخلہ کی اجازت نہ ہوگی،

(۳) وہ مسلمان قیدی جو کسی وقت عیسائیون کے ہاتھ مین گرفتار ہون، وہ کسی طرح فرار ہوکر آئین

[1] ابن اثیر ج ۸ ص ۳۵۶، ۳۷۱، و تاریخ جزیرہ صقلیہ من حین دخلہا المسلمون وراماری، ص ۱۷۲،

داخل ہو جائین، تو وہ مامون ہو جائین گے، عام ازین کہ وہ مسلمان قیدی اپنے دین پر قائم ہون یا اپنے مرتد ہونے کا اعلان کر چکے ہون،

(۴) اگر عیسائیون نے اس مسجد کی ایک اینٹ بھی نکالی تو صقلیہ اور افریقہ کے تمام گرجے اور کنیسے بیک وقت مسمار کر دئے جائین گے،

حسن تکمیل صلح کے بعد ریوآیا، اور اسی معاہدہ کے رو سے جسکو رومیون نے قبول کر لیا تھا، یہان وسط شہر مین ایک عالیشان مسجد کی بنیاد ڈالی اور اس کے ایک پہلو مین ایک نہایت بلند مأذنہ (اذان دینے کی جگہ) تعمیر کیا تاکہ شہر کے سب سے بلند ترین مقام سے توحید الٰہی کا اعلان کیا جا سکے، اس مسجد کی تشکیل مین مسلمانان صقلیہ کی فتوحات کی ایک شاندار یادگار اٹلی مین قائم ہو گئی،

حسن مسجد کی تعمیر کے بعد اپنے لشکر کو لے کر صقلیہ لوٹ آیا، حسن کے اٹلی کی فتوحات پر تبصرہ کرنے کے لئے اس مسجد کی تعمیر کے شرائط پر نگاہ ڈالنا کافی ہے، کہ اوس نے کس فاتحانہ انداز مین شہنشاہ قسطنطنیہ سے شرائط صلح طے کئے، ابن اثیر ان شرائط کو نقل کرنے کے بعد آخر مین لکھتا ہے،

فوفا الروم بہذہ الشروط کلہا ذلۃ وصغارا[1] — پھر رومیون نے ان تمام شرطون کو ذلت و حقارت برداشت کر کے پورا کیا،

فرمانروائے افریقہ کی وفات | حسن کی واپسی کے بعد شوال ۳۴۱ھ/۹۵۲ء مین المنصور فاطمی فرمانروائے افریقہ کا انتقال ہو گیا، اور اس کا لڑکا معد المعز لدین اللہ کے لقب سے تخت حکومت پر بیٹھا،

المعز لدین اللہ بن المنصور فاطمی فرمانروائے افریقہ

۳۴۱ھ/۹۵۲ء - ۳۶۵ھ/۹۷۵ء

حسن کی روانگی افریقہ | المعز ماہ شوال ۳۴۱ھ/۹۵۲ء مین تخت نشین ہوا، حسن کو مرکزی حکومت افریقہ کے معاملات سے

[1] ابن اثیر ج ۸ ص ۳۵ و ابن خلدون ج ۴ ص ۱۰۹، و تاریخ صقلیہ من بدو فتحہا المسلمون در اماری ص ۱۱۷، و انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۵ ص ۷۳۲

بھی وابستگی رہتی تھی، اسلئے وہ المنصور کی وفات اور المعز کی تخت نشینی کے بعد صقلیہ سے افریقہ روانہ ہوا، اور اٹلی کے فتوحات کے مال غنیمت اور امدادی فوج کے سپہ سالار فرج صقلبی کو معیت مین لیکر ۳۴۲ھ/۹۵۳ء مین افریقہ پہنچا،

حسن کا لڑکا احمد بطور قائم مقام والی صقلیہ

حسن نے صقلیہ مین اپنے لڑکے ابوالحسن احمد کو اپنا قائم مقام بنا دیا، اور وہ اپنے باپ کی طرف سے نیابۃً حکومت کرنے لگا،[۱]

احمد کا ولایت صقلیہ پر مستقل تقرر

حسن افریقہ پہنچکر وہان کے ضروری کامون مین مصروف ہوگیا، اور اس سلسلہ مین ایک سال گذر گیا، وہ اثنا مین کسی ایسے موقع کا منتظر رہا۔ کہ اپنے لڑکے احمد کے لئے صقلیہ کی ولایت کا فرمان تقرری حاصل کرے، آخر ایک سال کی کامل خاموشی کے بعد اس نے اس مسئلہ کو المعز کے سامنے چھیڑا، جس نے ۳۴۳ھ/۹۵۴ء مین احمد کے نام فرمان ولایت لکھکر بھیج دیا،[۲]

حسن کا صقلیہ مین زمانہ حکومت

احمد کے اس فرمان تقرر سے صقلیہ مین حسن کا عہد حکومت ختم ہوگیا، جو ابوالفدا کی صحیح روایت کے رو سے پانچ برس دو مہینے ہوتے ہین،[۳] اس اثنا مین اوس نے اولاً بغاوت کے تمام سرچشمون اور فتنون کا سدباب کیا، اٹلی مین اقتدار حاصل کیا، اور آخر مین اپنے خاندان کی متوارث حکومت کی کوششین کین، چنانچہ اس کے بجائے احمد کا تقرر اس کی متوارث حکومت کے لئے ایک پیش خیمہ ثابت ہوا،

---

[۱] البیان المغرب ابن عذاری (ترجمہ اردو) ص ۳۷ و ابوالفداج ۲ ص ۹۶، و ابن خلدون ج ۴ ص ۴۵ جن کے روانگی افریقہ کا سال صرف ابوالفدا نے صاحب تاریخ القیروان کی تالیف تاریخ جزیرۂ صقلیہ کے حوالہ سے متعین کی ہے،

[۲] نہایۃ الارب دماری ص ۴۳۷، ۳۔ ابوالفداج ۲ ص ۹۶ جن کی مدت حکومت مختلف مورخین نے مختلف اعتبار سے مختلف لکھی ہے یعنی بعض لوگون نے احمد کے تقرر کو اس کی طرف سے نیابۃً تصور کیا ہے لیکن جب المعز کی طرف سے اوسکو فرمان تقرر موصول ہوچکا، تو اوسکو عارضی تقرر سے کیونکر تعبیر کرسکتے ہین، اسی طرح بعض دوسرے مورخین نے دوسرے اعتبارات لئے ہین لیکن ان مین سے کوئی بھی صحیح نہین،

ابوالحسن احمد بن حسن کلبی فرمانروائے صقلیہ (۲)

۳۴۳ھ / ۹۵۴ء - ۳۵۸ھ / ۹۶۸ء

صقلیہ کے ڈاک کے جہاز کی وجہ سے افریقہ و اندلس میں آویزش

احمد کے فرمان ولایت پانے کے دوسرے سال ۳۴۴ھ / ۹۵۵ء میں ایک ایسا ناخوشگوار واقعہ پیش آیا جس سے مغرب کی دو اسلامی حکومتوں بنو امیہ اندلس اور فاطمیہ افریقہ میں باہمی آویزش ہوگئی،

حکومت فاطمیہ افریقہ اور حکومت امویہ اندلس میں فاطمیین کے ابتدائے قیام سے آویزش شروع ہوگئی تھی، چنانچہ اس سے پہلے افریقہ کے بعض شمالی علاقہ کے لئے دونوں حکومتوں میں مختلف لڑائیاں ہو چکی تھیں جنکی وجہ سے فاطمیین کے ممالک محروسہ میں سے ایک خاصہ رقبہ فاطمیین کی اطاعت سے منحرف ہو کر امویین کے سایۂ عاطفت میں جا چکا تھا اس لئے دونوں حکومتوں کے تعلقات ابتدا ہی سے ناخوشگوار تھے لیکن اس کے باوجود بحر روم دونوں کی آماجگاہ تھا، اور دونوں کے جہاز آزادی سے آمد و رفت رکھتے تھے،

چنانچہ ۳۴۴ھ / ۹۵۵ء میں صقلیہ کا ایک جہاز سرکاری و غیر سرکاری ڈاک لیکر افریقہ جا رہا تھا جسمیں حکومت کے ضروری سرکاری کاغذات اور دیگر معمولی رسائل تھے، اور ادھر اموی حکومت کا ایک عظیم الشان بیڑا مشرق سے واپس آ رہا تھا، اس اموی بیڑے کو عبدالرحمن الناصر فرمانروائے اندلس نے اہتمام سے تیار کرایا تھا، اور اسکو سب سے پہلی مرتبہ نہایت قیمتی مال و اسباب لاد کر مشرق روانہ کیا تھا، اور واپسی میں اسی انداز کے نہایت قیمتی تحفے جن میں گانے والی خوبصورت لونڈیاں بھی تھیں، فرمانروائے اندلس کے لئے اسکندریہ سے بھیجے جا رہے تھے، اور اسکندریہ کے دوسرے مسافر بھی سوار تھے، یہ اندلسی بیڑا صقلیہ

کے جہاز سے نسبتہً بہت بڑا تھا، اسلئے اس نے صقلیہ کے جہاز کو بے دست و پا پاکر گرفتار کرلیا، اور اپنے ساتھ لے کر اندلس روانہ ہوگیا،

المعز نے یہ خبر سنکر ایک عظیم الشان بیڑا اندلسی جہاز کے تعاقب مین روانہ کیا، اور بیڑے کی قیادت بانی دولت کلبیہ حسن کے سپرد کی، حسن نہایت تیزی سے اپنا بیڑا لے کر روانہ ہوگیا، وہ اندلسی بیڑا اندلس کے ایک ساحلی شہر مریہ پہنچکر لنگر انداز تھا، وہ بھی اسی ساحل پر جا پہنچا، مریہ مشرق و مغرب کے اتصال کا دروازہ تھا، اور اسی وجہ سے نہایت پر رونق تجارتی شہر تھا، اور ساحل پر بھی بڑے بڑے جہاز تجارتی مال و اسباب سے لدے ہوئے لنگر انداز رہتے تھے[۱]

حسن نے یہان پہنچتے ہی قطار در قطار جہازون اور کشتیون مین آگ لگادی، اور آگ کے شعلہ آناً فاناً تمام پھیل گئے، اور لوگون مین عام بھگدڑ مچ گئی، پھر حسن نے اوس جہاز کو گرفتار کرلیا جس کے تعاقب مین یہانتک پہنچا تھا، ابھی تک اوس کا مال و اسباب اوتارا نہین گیا تھا، حسن نے سب پر قبضہ کرلیا، اور اوس اچانک حملہ کا اچانک حملہ سے جواب دیکر بغیر کسی قسم کا نقصان اوٹھائے ہوئے مظفر و منصور واپس آگیا، عبدالرحمن الناصر نے اوس کے جواب مین ایک لشکر فاطمیین کے ممالک محروسہ مین غارتگری کرنے کیلئے روانہ کیا، اور ادھر سے المعز نے مقابلہ کے لئے فوج بھیجی، دونون مین معرکہ آرائی ہوئی، اور دونون طرف کے سپاہی تہ تیغ ہوئے، اور صقلیہ کی ڈاک کے ایک معمولی جہاز کے لئے سخت ہنگامہ آرائی برپا ہوگئی[۲]

---

[۱] معجم البلدان ج ۸ (مریہ) ص ۴۲، ۴۳، [۲] ابن اثیر ج ۸ ص ۲۸۵، پھر ایک دو جنگ کے بعد دونون حکومتون مین مصالحت ہوگئی، اور المعز کو چند مقامات سے دستبردار ہونا پڑا، موسیو سدیو نے فاطمیہ و بنو امیہ کی اس آویزش کی ابتدا حسن کے اوس حملہ سے کی ہے، جو مریہ پر اوس نے کیا تھا (تاریخ عرب ص ۲۴۹)، لیکن یہ صحیح نہین ہے سلسلہ واقعات خود اسکی تردید کرتے ہین،

اٹلی کی پر فوجکشی

اس کے بعد حسن نے ۳۴۵ھ/۹۵۶ء مین اٹلی پر تاخت کرنے کیلئے ایک بیڑا تیار کیا، اور خود اپنی سرکردگی مین لیکر روانہ ہوا، یہ بیڑا اثنائے راہ مین تھا، کہ سمندر مین طوفان آیا، اور بہت سے جہاز غرقاب ہوگئے، صرف معدودے چند جہاز ڈوبنے سے باقی رہ گئے، اور حسن بقیہ جہازون کو افریقیہ لوٹا لایا،

اٹلی کے ایک اسلامی قلعہ پر تاخت

اسلامی جہازون کی اس غرقابی سے اٹلی کی حکومتون کو حوصلہ پیدا ہوگیا، اور انھون نے ایک اسلامی قلعہ کا سقوط کی، اور اوس پر قبضہ کرلیا، حسن نے اس کے تدارک کے لئے ایک دوسرا بیڑا تیار کیا، اور اس کو اپنے سگے بھائی عمار کی سرکردگی مین روانہ کیا، لیکن اتفاق وقت کہ یہ بیڑا بھی طوفان مین گھر گیا، اور اس مین اسلامی امیر البحر عمار بھی ہلاک ہوگیا،[1]

والی صقلیہ کا بیعت کیلئے افریقیہ آنا،

حسن افریقیہ مین در پردہ اپنے موروثی سلطنت کے قیام کی کوششون مین مصروف تھا، اسی سلسلہ مین اس نے احمد کو المعز کی خدمت مین باریاب کرنا چاہا، اور بیعت امامت کے بہانہ سے اوسکو افریقیہ بلوایا،

چنانچہ احمد ۳۴۷ھ/۹۵۸ء مین صقلیہ کے تیس عمائد و معززین کو ساتھ لے کر افریقیہ آیا، اور اس صقلی جماعت نے المعز کی خدمت مین باریاب ہوکر اوسکے ہاتھ پر بیعت امامت کی، المعز نے سب کو حسب مرتبت خلعت عطا کیا، اور پھر سب لوگ صقلیہ واپس آئے، یہ صقلیہ کی جانب سے خلافت فاطمی کی بیعت تھی،

ایک شاہی جشن مسرت

اسکے بعد ۳۵۱ھ/۹۶۲ء مین المعز کے لڑکے کے ختنہ کی تقریب ہوئی جسمین صقلیہ اور افریقیہ دونون مین ایک وقت ایک جشن عام منایا گیا کیونکہ المعز چاہتا تھا کہ اس تقریب کے ساتھ صقلیہ مین بھی عام تقریب منائی جائے اور اس وقت صقلیہ مین جسقدر غیر مختون بچے ہین، ایک ہی دن سب کا ختنہ کردیا جائے، اسی غرض سے المعز نے احمد سے صقلیہ کے غیر مختون لڑکون کے اعداد و شمار دریافت کئے، چنانچہ احمد نے جزیرہ کے تمام غیر مختون بچون کی فہرست مرتب کی، جو تعداد مین ۱۵ ہزار تھے، اور المعز کو ان سے مطلع کردیا، المعز نے

[1] اعمال الاعلام و یادگاری مضامین ج ۲ صفحہ ۴۷۶،

ختنہ کی تقریب کی انجام دہی کی تاریخ یکم ربیع الاول مقرر کی،

چنانچہ یکم ربیع الاول ۳۵۱ھ/۹۶۲ء کو پہلے صقلیہ کے تمام غیر مختون بچون کو ختنہ کی تقریب مین حکومت کی طرف سے نئے کپڑے پہنائے گئے، پھر احمد نے سب سے پہلے اپنے لڑکے کا ختنہ کرایا پھر اپنے بھائیون کا اور اُن کے بعد معززین و رؤسا کے صاحبزادون کی باری آئی، اور پھر صقلیہ کے عام باشندون کے غیر مختون بچون کی تقریب ادا ہوئی، اور ایک ہی دن نہایت دھوم دھام سے پندرہ ہزار بچون کا ختنہ کر دیا گیا، اسکے بعد المعز کی طرف سے ایک لاکھ درہم اور تحائف کے پچاس بوجھ افریقہ سے آئے جو ان تمام بچون مین تقسیم کر دئے گئے[1]

اس طریقہ جشن سے یا تو بادشاہ اور رعایا کے درمیان باہمی یگانگت پیدا کرنا مقصود تھا، یا یہ ایک مشرقی طرز شہنشاہی کی ایک دلچسپ نمایش تھی، جو فرمانروائے وقت کی مرضی کے مطابق بخیر و خوبی انجام پائی،

شہنشاہ روما کا صقلیہ کے خلاف مذہبی جنگ کا اعلان

ادھر چند سال سے صقلیہ مین کامل امن و امان قائم تھا، اور حکومت ملک کی تمدنی و علمی ترقیون مین مصروف تھی، اسی اثنا مین اٹلی مین ایک اہم سیاسی انقلاب ہوا، اور شاہ جرمنی اوتھو اعظم (OTHO THE GREAT) (۹۱۲ء/۳۰۰ھ ۹۷۳ء/۳۶۲ھ) نے اٹلی کے بعض حصص پر اقتدار حاصل کر کے سلطنت کلیسائے روما اور اس کے فرمانروا پوپ کو اپنے قبضہ و اختیار مین کر لیا، اور پوپ کے عزل و نصب کا اختیار اپنے ہاتھ مین لیلیا، اور پوپ کی جانب سے شہنشاہ کا لقب حاصل کر کے اٹلی کے اکثر حصۂ ملک پر فرمانروائی کرنے لگا،

اوتھو اعظم نے کلیسائے روما سے تعلق پیدا کر کے قدیم مسیحیت کی خدمت گذاری کی ذمہ داری بھی قبول کی اور خدمت مسیحیت کے نام سے اٹلی کی اسلامی آبادیون اور اسلامی حکومت کے زیر اثر شہرون پر حملہ آوری

[1] ابو الفدا ج ۲ ص ۹۶

شروع کردی، چنانچہ یورپین مورخین مذہب عیسوی کے ایک خدمت گذار کی حیثیت سے اسکا نام لیتے ہین[1]

صقلیہ کے عیسائیون کی بغاوت

۱۰۷۱ء مین اسلام و عیسائیت کے جنگ کی صدائے بازگشت صقلیہ بھی پہنچی، اور یہان کی وہی عیسائی رعایا جو حسن کے قیام اقتدار کے بعد خود بخود مطیع ہوئی، اور بلرم مین اپنا نمائندہ بھیج کر اپنی سہ سالہ مالگذاری از خود خزانہ مین داخل کر گئی تھی، اوتھو کی دعوت جہاد سے متاثر ہوئی، صقلیہ مین عیسائیون کا مرکزی شہر طبرمین تھا، وہ اگرچہ ایک سے زیادہ مرتبہ اسلامی حکومت کے قبضہ مین بزور شمشیر آچکا تھا، تاہم اسلامی حکومت نے صقلیہ کے عیسائیون کی درخواست پر اس کو باجگذار شہرون مین تسلیم کرلیا تھا، اسلئے اوسکے باشندون نے آسانی سے علم بغاوت بلند کردیا،

دوسری طرف جب احمد کو عیسائیون کی اس تحریک کی اطلاع ملی، تو اوس نے بھی صقلیہ کی فوج کو نئے سرے سے آراستہ کیا، اور نیز افریقیہ سے مزید فوجی کمک طلب کی، اس لئے طبرمین کی بغاوت کی خبر سنتے ہی وہ بلرم سے روانہ ہوا، اور اواخر ماہ جمادی الاولیٰ ۳۵۱ھ / ۱۰۶۲ء بروز جمعہ طبرمین پہنچا، اور شہر کا محاصرہ کرلیا، اسی اثنا مین افریقیہ کی کمک بھی احمد کے چچازاد بھائی ابن عمار کی سرکردگی مین پہنچی، اور دونون فوجین طبرمین کے محاصرہ مین مصروف ہوگئین،

فتح طبرمین اور وہان کے عیسائیون کا استیصال

اگرچہ اسلامی حکومت کی جنگی تیاریان، عیسائی دنیا کی طلب مبارزت کے جواب مین تھین، اس لئے ایک شہر کا محاصرہ اس کے لئے کچھ دشوار نہ تھا، لیکن فصیل شہر کے استحکام کے باعث محاصرہ مین ایک طویل مدت گذر گئی، آخر احمد کو اپنے باپ حسن کی وہ حکمت عملی یاد آئی، جو اوس نے جراجہ کے محاصرہ مین اختیار کی تھی، چنانچہ طبرمین مین بھی ایک دریا شہر سے ہوکر گذرا تھا، اور اسی کا پانی یہان پیا جاتا تھا، احمد نے اس دریا کا رُخ پھیر کر اہل شہر پر پانی روک دینے کا فیصلہ کیا، اور اسی غرض سے ایک نہر کھدوانے لگا، اور چند دن مین دریا کے دہانے کا رُخ پھر گیا، اور

[1] انسائیکلوپیڈیا برطانیکا ج ۲۰ ص ۳۷۳ طبع یازدہم،

اہل شہر پانی کے ایک ایک قطرہ کے لئے ترس گئے، اور وہیں مجبوراً مسلمانوں کے سامنے سپر ڈالکر خود اپنی جانب سے ذیل کی شرطین پیش کرنی پڑین،

۱- شہر کی تمام دولت و ثروت پر قبضہ کرلیا جائے،

۲- تمام اہل شہر کی جان بخشی کیجائے،

۳- شہر کے جنگجو باشندے طوق غلامی پہننا قبول کرتے ہین،

احمد نے یہ شرطین منظور کرلین، اور ۲۵ ذی القعدہ ۳۵۱ھ/۹۶۲ء کو سات مہینے کے محاصرہ کے بعد مسلمان شہر پر قابض ہوگئے، اور شہر کے باشندے گرفتار کرکے افریقہ بھیج دئے گئے، جن کی مجموعی تعداد دوبری کے بیان کے مطابق ایک ہزار پانچسو ستر اور ابو الفدا کی تصریح کے مطابق ایک ہزار سات سو ستر سے کچھ زیادہ تھی،

طبرمین مین اسلامی نوآبادی

اس کے بعد شہر مین اسلامی نوآبادی قائم کیگئی، اور اس کا نام المعز فرمانروائے افریقہ کے نام پر المعزیہ رکھا گیا، اور جنگی حیثیت سے اسکی قلعبندی کردی گئی[1]،

عیسائیت و اسلام کی ایک جنگ عظیم اور فتح رمطہ

طبرمین کا قطعی استیصال صقلیہ کے دوسرے شہرون رمطہ اور مسینا وغیرہ کے عیسائیون کو شاق گذرا، اور جہان جہان ممکن ہوا، اونھون نے جوش انتقام مین علم بغاوت بلند کردیا، اور پھر بزنطی حکومت سے امداد طلب کی، چنانچہ نویری لکھتا ہے،

"اور جب مسلمانون نے طبرمین فتح کرلیا، اور وہان سکونت اختیار کرکے اوسکو آباد کرلیا، اور قلعہ بندی کرلی تو اہل رمطہ بغاوت پر آمادہ ہوے اور دمستق شاہ قسطنطنیہ سے امداد چاہی[2]"

---

[1] ابن اثیر ج ۸ صـ ۴۰۳، ابو الفدا ج ۲، صـ ۱۰۴، نہایۃ الارب در اماری صـ ۴۳۸، [2] دمستق اون شاہان بزنطی کو کہتے تھے، جو خلیج قسطنطنیہ کے مشرقی حصون کے والی ہوتے تھے، اور وہ عموماً بزنطی حکومت کے شاہی خاندان سے تعلق نہیں رکھتے تھے، (ابن اثیر ج ۸ صـ ۴۴۴) یہ وہی دمستق ہے جو سیف الدولہ کے مقابلہ مین گیا تھا، اور متنبی نے اپنے مشہور قصیدہ مین (ص ۱۹۰)

المعز نے یہ حالات سنکر احمد والی صقلیہ کو لکھ بھیجا کہ حسن بن عمار کو رمطہ کے محاصرہ کے لئے روانہ کردے، اور اوسکو بھی طرمین کی طرح عیسائیون سے خالی کرالے،

ابن عمار یوم پنجشنبہ ۲۹ رجب ۳۵۲ھ/۹۶۳ء کو رمطہ پہنچا، اہل رمطہ پہلے سے تیار تھے، ابن عمار نے محاصرہ کرلیا، اور اہل رمطہ روزانہ شہر سے نکل کر صفین درست کرتے، اور لڑبھڑکر شہر مین داخل ہوجاتے، جب ابن عمار نے جنگ کا یہ نقشہ دیکھا، تو اوس کو اس کے طول پکڑنے کا یقین آگیا، لیکن بہرصورت اس شہر کو عیسائیون سے خالی کرانا تھا، اس لئے اوس نے طویل محاصرہ کا سامان کیا، چنانچہ اسلامی لشکر کے قیام کے لئے میدان محاصرہ مین پختہ بارکین بنوائین، اور خود اپنے لئے بھی ایک محفوظ قلعہ تعمیر کرایا،

ابن عمار رمطہ مین محاصر تھا کہ صقلیہ پر حملہ آوری کے لئے ایک عظیم الشان بیزنطی بیڑے کی آمد کی خبر ملی، جسکو نقفور نے بڑے اہتمام سے تیار کرایا تھا، ابن عمار نے اوسکی اطلاع احمد کے پاس بھیجی، اور احمد نے ایک تیز رو جہاز المعز کے پاس بھیجا، اور افریقہ سے جلد سے جلد کمک طلب کی، اور خود صقلیہ مین جنگی تیاری کرنے لگا، چنانچہ تمام شکستہ حال جہازون کو از سر نو درست کیا، کچھ نئے بنے ہوئے جہاز بیڑے مین شامل کئے، اور جسقدر بری و بحری فوج تیار مل سکتی تھی، سب کو مسلح کرلیا، اور ادھر المعز نے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۵۷) الدمستق بارب سے اوسی کو مراد لیا ہے، اس کا نام نقفور تھا، اور دمستق سے نوبری کی مراد یہی نقفور ہے، ابن اثیر کے مطبوعہ نسخون کے متن مین اس کا نام نقفور چھپا ہے یہ صحیح نہین، اس کا صحیح نام وہی نقفور ہے، جو ابن اثیر کے دوسرے نسخہ سے حاشیہ پر منقول ہے، کیونکہ اس کے نام کا یورپین تلفظ نائیسیفورس یا نائیسیفورس دوم فوکس (NICEPHORUS II PHOCAS) ہے، جس کا عربی تلفظ نقفور صحیح ہوگا، اس کا عہد حکومت ۹۶۳ء/۳۵۱ھ سے ۹۶۹ء/۳۵۹ھ تک ہے، یہ شاہان بیزنطی مین سے باسل دوم اور قسطنطین ہشتم کا اتالیق تھا، اور ۹۶۳ء/۳۵۲ھ سے حکومت بیزنطی کا مدارالمہام شہنشاہ CO-REGENT EMPERORS تسلیم کیا گیا، اور چھ سال تک ان تینون کی مشترکہ شہنشاہی رہی، (اسٹوری آف دی بیزنٹائن ایمپائر ج ۳۰ ص ۲۹، ۲۳۲) نقفور اسلامی حکومتون کا دشمن تھا، جب طرطوس اور مصیصہ وغیرہ پر قابض ہوا، اور صقلیہ پر حملہ آوری کیلئے جنگی بیڑے بھیجے، (ابن اثیر جلد ۸ صفحہ ۴۴)

بھی پورا اہتمام کیا، اور اپنے صیغۂ فوج کا جائزہ لے کر جیدہ لشکر تیار کیا، اور ان سپاہیوں کے تالیف قلوب کے لئے ان میں گرانقدر رقمیں تقسیم کیں، اور پھر سب کو حسن کلبی کی قیادت میں صقلیہ روانہ کر دیا، کہ صقلیہ میں ایسے مشکل وقت میں حسن کی رہبری کی ضرورت تھی، چنانچہ وہ ماہ رمضان ۳۵۳ھ میں صقلیہ پہنچ گیا،

اس کے بعد وہ عظیم الشان رومی بیڑا جس کی آمد کا غلغلہ ڈیڑھ دو مہینے سے جزیرہ میں بلند تھا، یوم چہار شنبہ ۴ شوال ۳۵۳ھ کو ایک تجربہ کار جنرل منویل کی سرکردگی میں صقلیہ پہنچا اور مسینا کے ساحل پر لنگر انداز ہو گیا، اس بیڑے میں چالیس ہزار سے زیادہ کارآزمودہ سپاہی تھے مسینا کے عیسائی پہلے سے آمادۂ بغاوت تھے، شہر کے دروازے کھل گئے، اور یہ نطی لشکر شہر میں داخل ہو گیا، اور اسی شہر کو اپنا مرکز قرار دیا، یہاں اولاً فصیل کی کمزوریاں درست کیں، پھر اوس کے گرداگرد ایک عمیق خندق کھود ڈالی،

یہ رومی لشکر ستم زدگان طبرمین کے انتقام میں آیا تھا، اور یہ جزیرہ کے عام عیسائیوں کو مسلمانوں کے پنجۂ ظلم سے نجات دلانا بھی اس کا مطمح نظر تھا، اس لئے جزیرہ کے عیسائیوں میں بھی جوش و خروش پیدا ہوا، منویل نے جزیرہ میں بھی فوجی بھرتی کی تحریک کی، چنانچہ جزیرہ کے عیسائی ہر طرف سے جوق در جوق اس کے زیر علم آتے گئے، یہانتک کہ اس قدر عظیم الشان لشکر اس کے علم کے نیچے آگیا، کہ عرب مورخین ابن اثیر اور نویری وغیرہ کے بیان کے مطابق اتنی بڑی فوج کبھی صقلیہ میں جمع نہیں ہوئی تھی،

منویل نو دن تک مسینا میں مقیم رہا، اور پھر ۱۵ شوال ۳۵۳ھ کو ایک ٹڈی دل انسانوں کے مجمع کو ساتھ لیکر رمطہ کے عیسائی محصورین کو مسلمان محاصرین سے نجات دلانے کے لئے روانہ ہوا، بعض مورخین کے بیان کے رو سے یہ رومی لشکر تقریباً ایک لاکھ انسانوں پر مشتمل تھا[1]،

[1] عقد الجمان در یادگاری ج ۲ صہ ۸۶،

ادھر بھی اگرچہ فوج کی تعداد بہت ہی کم تھی، لیکن دو آزمودہ کار قائد حسن کلبی اور حسن بن عمار کے ہاتھون مین فوج کی کمان تھی، کیونکہ حسن کلبی بھی رمضان ہی مین ابن عمار کی اعانت کیلئے رمطہ پہنچ چکا تھا[1]،

حسن اور ابن عمار عیسائیون کی تیاریون سے آگاہ تھے اس کے ساتھ اپنی قوت کا بھی اندازہ تھا، علاوہ ازین اب محصورین کا خوف علیحدہ تھا، کہ وہ عین موقع کارزار پر شہر کے دروازے کھول کر حملہ آور نہ ہو جائین، اس لئے اون لوگون نے ایک جنگی حکمت عملی اختیار کی، اسلامی لشکر کو چار حصون مین تقسیم کیا، اور چارون کو چار راستون پر مقرر کیا، چنانچہ ایک مضبوط دستہ مسینا کے راستہ پر ابن عمار کی نگرانی مین روانہ ہوا، مسینا، رمطہ سے نو میل پر واقع تھا، اور منویل اسی راستہ سے کوچ کرتا آرہا تھا، دوسرا دستہ رمطہ کے رُخ پر محاصرہ قائم رکھنے کے لئے چھوڑ دیا گیا کہ محصورین عقب سے حملہ نہ کر بیٹھین، اور تیسرا دستہ میقس کے راستہ پر بھیج دیا گیا، جو رمطہ سے جنوب کی طرف واقع تھا، یہ راستہ طبرمین اور مسینا

[1] ابن اثیر کی تصریح سے رمطہ کے اس محاصرہ اور آیندہ پیش آنے والی عظیم الشان جنگ کی کمان ابن عمار کے ہاتھ مین تھی لیکن ابو الفداء اور لسان الدین ابن الخطیب نے اس کو حسن بن علی الکلبی کی طرف منسوب کیا ہے، اس لئے ہمارے خیال مین اصل واقعہ یون ہے کہ ابن عمار پہلے سے محاصرہ کئے ہوئے تھا حسن افریقہ سے امدادی فوج لے کر جب صقلیہ پہنچا، تو اس کا ایک حصہ رمطہ کے محاصرہ مین امداد پہونچانے کے لئے یہان چلا آیا، جو یقیناً حسن ہی کی سرکردگی مین آیا ہوگا اگرچہ حسن کے نام کی کوئی تصریح نہین ہے چنانچہ ابن اثیر لکھتا ہے،

وسیر هو مع الحسن بن علی والد احمد فوصلوا الی صقلیہ فی رمضان وسار بعضهم الی الذین یحاصرون رمطہ فکانوا معهم علی حصارها، ج ۸ ص ۴۱۲،	اور المعز نے تقسیم انعامات کے بعد ان سپاہیون کو احمد کے والد حسن بن علی کی سرکردگی مین روانہ کر دیا، اور وہ لوگ رمضان مین صقلیہ پہونچے، اور انمین سے کچھ لوگ محاصرین رمطہ کے پاس چلے گئے، چنانچہ یہ لوگ بھی محاصرہ مین شریک تھے،

اس لئے درحقیقت اون مورخین نے ان واقعات کو حسن کی شخصیت کی وجہ سے اسی کی طرف منسوب کیا، اور ابن اثیر نے ابن عمار کے نام کو اس لئے باقی رکھا کہ اسی کی سرکردگی مین محاصرہ کا آغاز ہوا تھا،

کی آمد و رفت کا تھا، اور نہایت دشوار گذار تھا، اور چوتھے دستہ کو دنش کے راستہ پر بھیجا، جو رمطہ سے شمال مین واقع تھا، اس طریقہ سے ہر چہار طرف سے ناکہ بندی کر دی گئی، اس تقسیم سے اس کا اصل منشا یہ تھا، کہ جب رومی فوج قریب آئے تو میقس اور دنش والے دستے اوس پر میمنہ اور میسرہ سے اچانک حملہ کر بیٹھین، اور پھر سامنے سے خود ابن عمار اپنی جمعیت لیکر ٹوٹ پڑے،

لیکن اتفاق سے مسلمانون کی یہ حکمت عملی منویل پر کسی طرح آشکارا ہوگئی، اور اوس نے بھی نہایت خاموشی سے اپنے دو مضبوط دستے اون دونون راستون پر مقابلہ کے لئے بھیج دئے، اور نیز ایک تیسرا دستہ اوس راستہ پر بھیج دیا، جو بلرم سے رمطہ آتا تھا، تاکہ اگر ابن عمار کی امداد کے لئے کوئی کمک آتی ہو، تو اوسکو بھی روک دیا جائے، اور خود رمطہ کی طرف بڑھتا رہا،

جب دونون فوجین آمنے سامنے آئین، تو منویل نے اپنے لشکر کو چھ صفون مین ترتیب دیا، اور اپنے جنگی قواعد سے اسلامی لشکر کو ہر طرف سے گھیر لینے کی کوشش کی، مسلمانون کی اوس حکمت عملی کی ناکامی سے نقشۂ جنگ بگڑ چکا تھا، اسلئے ایک ہی جگہ جمع ہو کر مقابلہ کرنے لگے، اور گھمسان کی لڑائی شروع ہوگئی، اسی اثنا مین محصورین رمطہ موقع پا کر باہر نکل آئے، اور مسلمانون پر عقب سے بھی حملہ ہونے لگا، اسلامی لشکر اس وقت ایک دائرہ مین محصور تھا، اور ہر طرف سے بجلی کی طرح تلوارین اون کے سرون پر گرنے لگین، دیر تک یہی حالت قائم رہی، آخر مسلمانون کے پائے استقلال مین لغزش آئی، اور نہایت ابتری سے پسپا ہوئے، عقب مین حملہ آور محصورین کی ایک قلیل تعداد تھی اسلئے راستہ ملگیا، اور مسلمان مع اون خیرات کسی طرح اپنے خیمون تک پہنچ گئے،

اب رومیون کو اپنی فتح کا یقین ہوگیا، وہ جوش و خروش سے تعاقب کرتے آگے بڑھے، اس وقت قریب تھا کہ مسلمان ہتھیار ڈال دین، لیکن ابن عمار کو یہ بخوبی معلوم تھا کہ یہ میدان صقلیہ کی سہ صد سالہ اسلامی تاریخ کے لئے فیصلہ کن ثابت ہوگا، یہ سوچتے ہی آگے بڑھا، اور ایک زبردست

آواز کے ساتھ چلّاا وٹھا،

اَللّٰھُمَّ اِنَّ بَنِیْ اٰدَمَ اسلمونی — خداوندا! انسانون نے تو مجھے دشمن کے سپرد
کلا تسلمنی، — کردیا، مگر تو مجھے ہرگز اون کے سپرد نہ کرنا،

ابن عمار یہی چلاتا ہوا قریب کے ایک دستہ کو ہمرکاب لے کر رومیون کے بڑھتے ہوئے لشکر پر ٹوٹ پڑا، ابن عمار کے اس دستہ کا ایسا متفقہ حملہ تھا کہ گویا ایک ہی شخص تمام رومیون کو زیر وزبر کر رہا ہے،

رومیون کو اپنی کثرت تعداد پر ہمیشہ گھمنڈ رہا ہے، ابن عمار کے اس مختصر دستہ کی اس جرأت پر حقارت کی نظر ڈالی، اور ابن عمار کے جواب مین رومی سپہ سالار منویل نے بلند آواز سے چند طنز آمیز فقرے کہے عجب اتفاق انھی چند فقرون نے مسلمانون پر جادو کا کام کیا، اور کچھ ایسی دینی غیرت وحمیت پیدا ہوئی کہ جان پر کھیل کر رجز خوان جوش وخروش سے پھر میدان مین کود پڑے، ادھر منویل نے بھی وفور غضب سے بیتاب ہو کر خود اپنے گھوڑے کو مہمیز دی اور نیزہ سنبھال لیا، اور ایک جوان مرد مسلمان سپاہی کو ایسا تاک کر نیزہ مارا کہ وہ وہین سرد ہو گیا، منویل ابھی تک فوج کو لڑا رہا تھا، اب وہ خود میدان مین آیا تھا، مجاہدین ایسے موقع کے ہمیشہ انتظار مین رہتے ہین، اس کو دیکھتے ہی ہر طرف سے گھیر لیا، اور اپنی پوری طاقت کے ساتھ اوس پر ٹوٹ پڑے اور اس پر نیزون پر نیزے پڑنے لگے، لیکن مسلمانون کے نیزے اوس کے آہنی خود اور زرہ بکتر سے اچٹ اچٹ جاتے، تب مسلمانون نے اوسکے گھوڑے کو نشانہ بنایا، گھوڑا چند لمحون مین زخمی ہو کر گر پڑا، گھوڑے کے گرتے ہی منویل زمین پر آرہا، اور مجاہدین نے جھپٹکر چشم زدن مین اوس کا سر تن سے جدا کیا،

منویل کے قتل سے رومیون مین تہلکہ مچ گیا، بڑے بڑے کارآزمودہ افسر اور مقدس بطارقہ جوش انتقام مین سینہ سپر آگے بڑھے، اس وقت بڑے زوردن کا رن پڑا، اسلامی لشکر کے حوصلے بھی بڑھ چکے

تھے، ایک ہی یورش میں اس پیش رو جماعت کو کاٹی کی طرح کاٹ کر ڈال دیا، اب جنگ کا پانسہ پلٹ چکا تھا، پھر بھی رومی لشکر سے میدان پٹا پڑا تھا، وہ بھیڑ بکریوں کی طرح مسلمانوں کے سامنے آتے، اور مسلمان صفوں کی صفیں چاک کرتے چلے جاتے اس سے رومیوں میں ابتری پیدا ہوئی، رومی سواروں نے فوج کو بہت کچھ سنبھالنا چاہا، لیکن تھوڑی دیر میں تمام صفیں درہم برہم ہو گئیں،

اسی اثنا میں تائید ایزدی سے آسمان پر گھنگور گھٹا اٹھی، اور بادل کی گرج اور بجلی کی تڑپ سے میدان جنگ میں اور زیادہ خوفناک سماں پیدا ہو گیا، ادھر مسلمانوں کی تلواروں کی کوندیں کم تھی کہ گھٹا ٹوپ اندھیرے میں برق و رعد کی خوفناک چمک اور تڑپ سے رومیوں میں عام بدحواسی طاری ہو گئی، اسی سراسیمگی میں ایک طرف کو بپا ہوئے، لیکن شومیٔ قسمت سے ادھر ایک عمیق خندق کھدی ہوئی تھی، ادھر مسلمانوں کا تعاقب جاری تھا، آخر خوف و دہشت اور عام بدحواسی میں اسی خندق میں کود پڑے، لیکن خندق میں جان کی سلامتی کیلئے کچھ آپس میں کشمکش ہو گئی، اور آپس ہی میں ایک دوسرے کا خاتمہ کرنے لگے، یہاں تک کہ رومیوں کی لاشوں سے خندق پٹ گئی، اور مفرور رومی سپاہی اپنے گھوڑوں کی ٹاپ سے اپنے بھائیوں کی لاشیں روندتے ہوئے پار نکل گئے، اور میدان جنگ کا مطلع صاف ہو گیا، مگر مسلمانوں نے اس وقت بھی پیچھا کرنا نہ چھوڑا، رومی جدھر موقع پاتے فرار ہوتے، اور مسلمان نشان قدم ڈھونڈ ڈھونڈ کر تعاقب کرتے اور پکڑ پکڑ کر قتل کرتے،

جنگ کا آغاز پو پھٹتے ہوا تھا، عصر تک میدان کارزار گرم رہا، پھر فرار اور تعاقب کا سلسلہ رات گذرے تک جاری رہا،

نویری کے بیان کے مطابق مقتولین جنگ کی تعداد دس ہزار سے متجاوز تھی، کچھ لوگ زندہ گرفتار ہوئے جنمیں اکثر معززین اور کارآزمودہ قائدین تھے، مال غنیمت کثیر مقدار میں حاصل ہوا جو فوجی خیمہ و خرگاہ گھوڑے بار برداری کے سامان اور آلات جنگ وغیرہ کے علاوہ تھا، اسی سلسلہ میں

مسلمانون کی خوش قسمتی سے اون کی ایک کھوئی ہوئی عزیز ترین متاع بھی ہاتھ آئی، وہ آنحضرت صلعم کے کسی صحابی رضی کی ایک ہندی تلوار تھی، جو بارہا غزوات نبوی مین آنحضرت صلعم کے حضور مین کام کر چکی تھی، اس مبارک شمشیر پر یہ الفاظ کندہ تھے،

ھذا سیف ھندی وزنہ مائۃ	یہ ہند کی بنی ہوئی تلوار ہے جس کا وزن ایک سو
وسبعون مثقالا اطال ماضربت بین	ستر مثقال ہے اس نے بارہا رسول اللہ صلی اللہ
یدی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم	علیہ وسلم کے سامنے کام دیا ہے،

یہ تلوار غالبًا قسطنطنیہ کے پہلے حملہ مین کسی صحابی کے ساتھ قسطنطنیہ گئی ہو، اور یا شام کی لڑائیون مین حکومت بیزنطی کو دستیاب ہوئی ہو، اب یہ متاع گران مایہ مسلمانون کے ہاتھ مین تھی، اور یہی اس فتح کا سب سے بڑا ثمرہ تھا،

اس کے بعد جنگ کے تمام قیدی جو تعداد مین صرف دو سو تھے، اور مال غنیمت جسمین یہ تلوار بھی تھی المعز کے پاس مژدۂ فتح کے ساتھ بھیج دیے گئے[1]

جب دوسری صبح نمودار ہوئی، رمطہ کا میدان سنسان پڑا تھا، جو مفرور رومی بچ گئے تھے، وہ پو پھٹتے پھٹتے صقلیہ کی سرزمین کو الوداع کہکر جہازون پر سوار ہو گئے، اور ریو مین جا کر پناہ لی، انھی کے ساتھ مسینا وغیرہ کے عیسائی باغی بھی فرار ہو گئے،

حکومت ریو کا قسطنطنیہ کے مفرور سپاہیون کو پناہ دینا اون معاہدون کے خلاف تھا، جو اسلامی حکومت صقلیہ اور ریو مین طے پائے تھے، اس لئے رمطہ کی اس جنگ کا آخری میدان آپ سے آپ ریو قرار پا گیا، لیکن ابھی ابن عمار کو شہر رمطہ کا آخری فیصلہ کرنا تھا اسلئے وہ یہین ٹھہر گیا،

---

[1] نہایۃ الارب حوادث ۳۵۳ھ دراماری ص ۴۳۹، ابن اثیر ج ۸ ص ۴۱۲ وعقد الجمان فی تاریخ اہل الزمان دریادگاری ج ۲ ص ۸۶،

اگرچہ میدان رمطہ مین مسلمانون کی اس پر فخر عظیم الشان فتحمندی کے بعد باشندگان رمطہ مین مقاومت کا حوصلہ باقی نہین رہا تھا، مگر رمطہ کے عیسائیون مین مذہب عیسوی پر فدایت کا جنون آمیز جذبہ ابھی تک کارفرما تھا، اس لئے اون لوگون نے آخر دم تک مسلمانون سے مقابلہ کرنے کا فیصلہ کیا، اور محاصرہ کے شدائد سے بچانے کے لئے شہر کی ضعیف اور ناتوان آبادی کو جن مین عورتین اور بچے زیادہ تھے شہر کی فصیل سے باہر نکال دیا، اور صرف جنگ آزما سپاہی اپنے چند رشتہ دارون کے ساتھ قلعہ مین محصور ہو کر بیٹھ گئے، مگر پھر ان مین سے بھی ایک ہزار سپاہیون نے فاقہ کشی سے مجبور ہو کر ہتھیار ڈال دئے، اور مسلمانون کے رحم و کرم پر اسلامی لشکر مین چلے آئے، اسلامی سپہ سالار نے انھین گرفتار کر کے پلرم بھیج دیا،

اس کے بعد اسلامی لشکر کے سپہ سالار نے اہل شہر کی بیچارگی و درماندگی کا اندازہ لگا کر طریقہ محاصرہ بدل دیا، اور ایسے مسلسل حملون کا سلسلہ جاری کر دیا، کہ محصورین کو ایک لمحہ بھی اطمینان سے بیٹھنا نصیب نہ ہوتا، یہان تک کہ چند ہی دن کے اندر ایک دن چند مسلمان سپاہی شب کے تاریکی مین فصیل پر سیڑھیان لگا کر چڑھ گئے، اور شہر کے دروازے کھول دئے، اور رات ہی کے وقت پورا اسلامی لشکر شہر مین گھس گیا، اور قتل عام کا بازار گرم کر دیا، جو بچے اور عورتین شہر مین باقی رہ گئی تھین، وہ گرفتار کر لی گئین، اور شہر کی دولت و ثروت مسلمانون کو مال غنیمت مین ملی،

اس کے بعد اس شہر کو بھی طرمین کی طرح عیسائیون سے خالی کرا لیا گیا، اور یہان بھی مسلمانون کی ایک نوآبادی شہر کے حکامون کی معمولی مرمت اور فصیل کے جنگی استحکام کو از سر نو درست کر کے قائم کی گئی، اور پھر حسن بن علی الکلبی اور ابن عمار اسلامی لشکر لیکر پلرم چلے آئے،

ایکسپیڈیشن بمری جنگ

حکومت صقلیہ فتح رمطہ کی تکمیل کے بعد ریو کی طرف متوجہ ہوئی، یہان مفرور رومی لشکر، اور صقلیہ کے مختلف رومی شہرون کے مفرور عیسائی باغی پناہ گزین تھے چنانچہ احمد ایک عظیم الشان جنگی بیڑا خود اپنی سرکردگی مین لیکر اٹلی روانہ ہوا، صقلیہ کے وہ مفرورین پہلے سے خائف تھے، عجب اتفاق کہ یہ اسلامی بیڑا

عین اوسی وقت پہنچا، جب وہ لوگ ساحل ریو سے سوار ہوکر جان بچانے کیلئے کسی اور طرف جارہے تھے، دونون بیڑون کا سمندرین مقابلہ ہوگیا، وہ لوگ بھی پوری طرح مسلح تھے، دیرتک بحری جنگ ہوتی رہی اسی اثنا مین چند جانباز مجاہدین سمندرین کود پڑے اور جہازون کو اپنے بحری آلات حرب سے توڑ کر برباد کرنے لگے، اس طریقہ سے بیشمار جہاز نذر آب ہوگئے، اسی کے ساتھ خونریزی کا سلسلہ بھی جاری رہا، اور بیشمار عیسائی قتل ہوئے،

اس بحری جنگ مین رومی فوج تقریبًا برباد ہوگئی، ان مین کا ایک بڑا حصہ مارا گیا، ایک حصہ سمندر مین غرق ہوا، کچھ لوگ فرار ہوگئے لیکن وہ ایسے منتشر ہوئے کہ کسی کو آپس مین ایک دوسرے کی خبر نہین ملی، اور کچھ لوگ زندہ گرفتار ہوئے جن مین ایک بہت بڑی تعداد معززین و بطارقہ کی تھی چنانچہ ابن خلدون کی تصریح کے مطابق ایک ہزار عمائد معززین اور ایک سو بطارقہ تھے، اور اسی کے شایان شان مال غنیمت بھی ملا، یہ بحری جنگ اس سلسلہ محاربات مین ایک فیصلہ کن جنگ قرار پائی، اور اس کا نام "وقعۃ المجاز" پڑگیا،

مسلمانون کی اس شاندار فتح سے بیزنطی ممالک مین صف ماتم بچھ گئی، نقفور قیصر روم اس وقت علاقہ شام مین ایک اسلامی شہر مصیصہ پر حملہ آور تھا، اور اگرچہ مسلمانان مصیصہ بہت زیادہ درماندہ ہوچکے تھے لیکن جب اوسکو اس حسرتناک تباہی کا حال معلوم ہوا، تو وہ اسی پریشانی و وارفتگی مین محاصرہ سے دستبردار ہوگیا اور دیوانہ وار قسطنطنیہ چلا آیا،

سرزمین یورپ مین ایک کامل عربی جزیرہ

صقلیہ کی تاریخ مین یہی جنگ حقیقی معنون مین فیصلہ کن ثابت ہوئی، اور اسی جنگ کے بعد صقلیہ پر عیسائی دنیا نے حقیقی معنون مین اقتدار تسلیم کیا، اور اسی دن سے صقلیہ کی عیسائی آبادی بھی حقیقی طور پر مطیع ہوئی، اور شہنشاہ قسطنطنیہ بھی صقلیہ کے دعوی سے قطعًا دستبردار ہوگیا، اگرچہ امر واقعہ کے لحاظ سے دولت اغالبہ کے آخر عہد مین فتح صقلیہ پایہ تکمیل کو پہنچ چکی تھی، لیکن

یورپین مورخین اسی فتح رمطہ پر صقلیہ مین اسلامی حکومت کی فاتحانہ پیشقدمیون کا سلسلہ ختم کرتے ہین، اور اسی دن سے صقلیہ پر کامل اقتدار تسلیم کرتے ہین، چنانچہ ان کے نقطۂ نظر سے ۱۲۸ سال کی مسلسل تگ ودو کے بعد جو ۸۲۷ء سے شروع ہوکر ۹۶۵ء پر ختم ہوتی ہے صقلیہ کی تسخیر پایۂ تکمیل کو پہنچ گئی، چنانچہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کا مقالہ نگار لکھتا ہے:

جس طرح سرقوسہ (سیراکیوز) باسل مقدونی کے عہد حکومت مین عیسائیون کے ہاتھ سے نکلا اوسی طرح عربون کے حملے نقفور (نکفورس) کے عہد حکومت مین عین اوسی سال جس سال کہ وہ تخت نشین ہوا پایۂ تکمیل کو پہنچ گئے، چنانچہ ۹۶۳ء مین اون لوگون نے طرمین (طاورمینا) پر قبضہ کیا اور ستوسال کے لئے اس نے اسلامی حیثیت اختیار کرلی، اور پھر ۹۶۵ء مین رمطہ کو بھی زوال آگیا اور اسلامی مقبوضات مین داخل ہوگیا،

اس طرح ۱۲۸ سال مین عربون نے وہ کیا، جو کنانیٹ (CANAANITE) سے کبھی نہ ہوسکا اب پورا جزیرہ ایک عربی جزیرہ تھا جس نے ایک خالص اسلامی حیثیت اختیار کرلی،[1]

حسن کلبی کی وفات احمد نے اختتام جنگ کے بعد یوم المجاز کے تمام معزز قیدیون اور مال غنیمت کو اپنے باپ حسن کے پاس صقلیہ بھیج دیا، جو اس وقت صقلیہ کی حکومت سنبھالے تھا، اوسے یوم المجاز کی ایسی غیر متوقع کامیابی کی کبھی امید نہ تھی، اس لئے جب اوسکو اپنے لڑکے کی اس عظیم الشان فتح مندی کی اچانک خوشخبری پہنچی، اور ایسے ایسے نامی اور مشہور رومی قائدین پابجولان اسکے سامنے لائے گئے تو وہ فرط مسرت سے مدہوش ہوگیا، اور شادمانی وکامرانی کے نشہ سے مخمور قیدیون کی لانے والی جماعت کے استقبال کو آگے بڑھا لیکن اوس کے جذبات مسرت اعتدال پر قائم نہین رہے، جذبات مسرت سے اوسکی طبیعت ہیجان مین آگئی، اور شدت سے بخار چڑھ آیا، اور یہ واقعہ شادی مرگ ثابت ہوا، اور سات

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا طبع یازدھم ج ۲۵ ص ۳۳، کنعانائٹ یعنی کنعانی یہان اسی سے مراد صقلیہ کے فینیقی حکمران ہین،

کی علالت کے بعد ۱۸ ذی القعدہ ۳۵۳ھ مطابق ماہ نومبر ۹۶۴ء کو اوس کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی، وفات کے وقت اسکی عمر ۵۳ سال کی تھی،

جنوبی اٹلی پر تاخت

ادھر احمد بحری جنگ کے اختتام کے بعد اندرون اٹلی مین چلا گیا تھا، کہ یہان کی مقامی حکومتون کو ان کی غداری کی سزا دے، چنانچہ وہ مختلف شہرون کو تاخت و تاراج کرتا رہا، بالآخر صلح کی سلسلہ جنبانی شروع ہوئی، اور نئے سرے سے عہدنامے مرتب ہوے، جن کے رو سے ایک معقول رقم بطور تاوان کے وصول کیگئی، اور ہر سال کے لئے جزیہ کی ایک متعین رقم کی ادائی طے پائی، اسی اثنا مین اسکو اپنے باپ کے سانحۂ ارتحال کی خبر پہنچی، چنانچہ یہان کے تمام امور بایتکمیل کو پہنچا کر اوائل ۳۵۴ھ ۹۶۵ء مین صقلیہ لوٹ آیا[۱]

حکومت بزنطی اور حکومت افرنجیہ مین مصالحت

حکومت بزنطی ۳۵۴ھ ۹۶۵ء تک کی شکستون کے تلخ تجربون کے بعد جب صقلیہ کے دعوی سے دستبردار ہوگئی تو کچھ دنون کے بعد چاہا، کہ دونون حکومتون مین مستقل طور پر دوستانہ مراسم قائم ہوجائین، چنانچہ ۳۵۶ھ ۹۶۶ء مین حکومت بزنطی اور افرنجیہ مین دوستانہ مصالحت کے نامہ و پیام ہونے لگے، اور اسکی ابتدا خود قیصر روم نقفور نے کی المعز نے بھی اس کے جواب مین نہایت خندہ جبینی سے دست مصالحت بڑھایا، طرفین سے عزت و احترام کے ساتھ تحائف کا سلسلہ جاری رہا، اور آخر ایک پائدار صلح نامہ مرتب ہوگیا، اس مصالحت کا تذکرہ عرب اور یورپین مورخین دونون نے کیا ہے، چنانچہ انسائیکلوپیڈیا بریطانیکا مین قیصر روم نقفور (فوکس) کا سوانح نگار لکھتا ہے، کہ

"جب وہ بری بحری شکستون کے بعد سسلی کے دعوی سے کلیتہً دستبردار ہوگیا، تو اوس نے ۹۶۷ء مین قیروان کے عربون سے صلح کرلی"[۲]

تکمیل صلح کے بعد المعز نے پورے حالات کی تفصیل احمد کے پاس لکھ بھیجی اور صقلیہ مین بھی اس صلح کا اعلان کردیا گیا، اور اسی سال المعز کی تحریر کے موجب اسی سلسلہ مین صقلیہ مین چند نئے احکام نافذ کئے گئے،

---

[۱] ابن اثیر ج ۸ ص ۴۱، نہایۃ الارب در اماری ص ۴۴، ابن خلدون ج ۴ ص ۴۷ و ص ۲۰۹، ابوالفدا ج ۲ ص ۹۵، اعمال الاعلام در یادگاری ج ۲ ص ۴۷ و ۵۲، کتاب الموئس ص ۶۱ و نہایۃ الارب در اماری ص ۴۴۱، وانسائیکلوپیڈیا بریطانیکا (سوانح نگار فوکس) ج ۱۹ ص ۶۴۲ و غیرہ

اس کے بعد دونون حکومتون مین نہایت دوستانہ تعلقات قائم ہوگئے باہم تحائف کے تبادلے ہونے
چنانچہ ۳۵۸ھ/۹۶۸ء مین قیصر روم کی طرف سے قسطنطنیہ سے المعز کے پاس پھر ہدیے آئے، المعز نے اس کے جواب
مین خلوص و مودت کے اظہار کے لئے صقلیہ کی دونون عیسائی آبادیون طرمین اور رمطہ کو پہلے کی طرح
عیسائیون کے سپرد کر دینا چاہا، چنانچہ احمد کو اس کا فرمان موصول ہوگیا، کہ ان دونون شہرون کو مسلمانون سے
خالی کرکے عیسائیون کو دیدیا جائے، اور اس طریقہ سے رومیون نے اون شہرون کو جنھین وہ بزور شمشیر
نہ لے سکتے تھے، عربون سے اپنے دوستانہ مراسم کے پردہ مین حاصل کیا،

طرمین اور رمطہ کی بربادی

المعز کا یہ فرمان خواہ قیصر روم کی خواہش کی تکمیل کے لئے ہو یا دوستانہ تعلقات کے
عملی ثبوت کے لئے از خود آیا ہو، بہرحال یہ عام مسلمانان صقلیہ کو نہایت ناگوار گذرا،
اور خود والی صقلیہ احمد کے لئے اس درجہ ناقابل برداشت ثابت ہوا، کہ اوس نے امتثال امر کے بجائے
اپنے بھائی ابوالقاسم اور اپنے چچا جعفر کو بھیج کر دونون شہر مسلمانون سے خالی کرائے، اور انھین عیسائیون
کے حوالہ کرنے کے بجائے مسمار کرکے اُن مین آگ لگا دی گئی،

احمد یہ جو کچھ کر گذرا وہ محض ایک غیر معتدل ملی و قومی غیرت و عصبیت اور بیجا رگ کے جوش انتقام مین
تھا، جو ایسے موقعون پر سرزد ہو جاتا ہے، اسی قسم کی ایک مثال دور حاضر مین بھی پیش آچکی ہے، جب جنگ
عظیم کے بعد ۱۹۱۹ء مین معاہدہ سیورے طے پایا، اور جرمن امیرالبحر کو جرمن بیڑا اتحادیون کے حوالہ کرنے کا حکم ملا،
تو عین اُسدن جب وہ جہاز دشمنون کے قبضہ مین جانے والے تھے، جرمن امیرالبحر نے جہازون کو آگ
لگا کر غرقاب کر دیا،

لیکن اس قسم کے واقعات جب بھی پیش آئین، اور وہ جس جذبہ سے بھی سرزد ہون، ان کے ارتکاب
کرنے والے حکومت کی نگاہ مین بے قصور نہین ٹھہر سکتے اس لئے احمد بھی اس جرم کے بعد اپنے عہدہ پر نہ
نہین رکھا جا سکتا تھا، چنانچہ جب المعز کو یہ حال معلوم ہوا، تو اوس کی پاداش مین ولایت صقلیہ کے عہدہ سے

اوس کو معزول کیا، اور صقلیہ سے ترک سکونت کرکے افریقہ واپس آنے پر مجبور کر دیا،

خاندان کلبیہ کا صقلیہ سے انقطاع

احمد شاہی خاندان کی بجا آوری مین اپنے تمام اہل خاندان، بال بچون، بھائی بہن، عزیز واقارب اور اپنی تمام دولت وثروت اور خدم وحشم کے کیساتھ تیس جہازون مین سوار ہوکر صقلیہ سے روانہ ہوگیا، اور اس کے بعد بظاہر خانوادۂ کلبیہ کا ایک متنفس بھی صقلیہ مین باقی نہین رہ گیا، اور صقلیہ سے دولت کلبیہ کا بظاہر انقطاع ہوگیا،[1]

کلبیین کی صقلیہ سے بے تعلقی مین تعلق

لیکن واقعات کی ترتیب سے جہان تک سمجھا جا سکتا ہے، المعز کا خانوادۂ کلبیہ کے ساتھ یہ برتاؤ صرف ایک سیاسی نمایش تھی، کہ شاہی فرمان کی نافرمانی کی بظاہر سزا دیجائے، تاکہ روم وعرب کی اوس مصالحت مین کوئی فرق نہ آنے پائے، اسی لئے المعز نے اپنی برافروختگی کے اوس اظہار کے باوجود خانوادۂ کلبیہ کے ارکان کے ساتھ اون کے افریقہ پہنچنے کے بعد اچھا برتاؤ کیا اور خود احمد اور خانوادۂ کلبیہ کے دوسرے اکابر کو حکومت کے جلیل القدر عہدون پر سرفراز کیا،[2]

جدید والی کا تقرر

المعز نے صقلیہ کو دولت کلبیہ سے بظاہر بے تعلق کر دینے کے بعد ایک خوش آیند طریقہ سے اس بے تعلقی مین بھی ایک تعلق قائم رکھا، اور صقلیہ سے خانوادۂ کلبیہ کے اخراج کے بعد اسی خانوادہ کے ایک آزاد کردہ

---

[1] نہایۃ الارب در اماری صہ ۴۴۱، [2] جب خانوادۂ کلبیہ افریقہ پہنچی، تو المعز نے احمد کو افریقہ کے پورے بحری بیڑون کا افسر اعلی مقرر کیا، اور اسوقت مصر وشام مین جو مہم جاری تھی، اسکی نگرانی اوسی کے سپرد کی، لسان الدین ابن الخطیب صاحب اعمال الاعلام لکھتا ہے،

ولما ولی احمد بن حسن قام بامور صقلیہ خیر قیام وولی الجہاد ثم استدعاہ المعز معدا لما جرت عادۃ الدولۃ الصنہاجیۃ والشافقد علی بیوتہ الیحرو کان استعملہ علیہ قد ذکرتہ شعراؤہم

(دریاد گار سی مضامین ج ۲ صہ ۴۷۶)

اور جب احمد بن حسن صقلیہ کا والی مقرر ہوا تو اوس نے نظم ونسق اور سلسلہ فتوحات کا بہترین انتظام کیا پھر المعز نے اوسکو اپنے پاس اوس وقت طلب کر لیا جب وہ مصر وشام پر حملہ آور ہونے لگا، اور اوسکو بحری لشکر کا افسر اعلی مقرر کیا، چنانچہ اوس کے بڑے نہایت عظیم الشان تھے جن کا

غلام یعیش کو جو بانی دولت کلبیہ حسن کا پروردہ تھا، والی مقرر کیا، اور اس طریقہ سے اگرچہ کلبیین کو بظاہر صقلیہ سے کوئی تعلق باقی نہین رہا، تاہم اس تقرر سے دولت کلبیہ کا انتساب کسی نہ کسی حیثیت سے قائم رہا، اگرچہ جدید والی صقلیہ یعیش صقلیہ اور افریقیہ دونون جگہ خود بھی اثر و اقتدار رکھتا تھا، تاہم اوسکی شہرت "مولی حسن" کے انتساب کے ساتھ قائم تھی، اور عجب کیا کہ اس کا تقرر اسی لئے ہوا ہو، کہ مناسب موقع سے کلبیین

(بقیہ حاشیہ ص ۳۷۰) اور اسی طرح ابو الفدا لکھتا ہے کہ المعز نے اوس کو اس اہم خدمت کے لئے عارضی طور پر افریقیہ طلب کیا اور احمد نے یعیش کو (جو اوس کے بعد والی ہوا) اپنی طرف سے اپنا قائم مقام بنایا، ابو الفدا اور لسان الدین ابن الخطیب نے طرمین و رمطہ کے فتح کرنے اور اس سلسلہ مین جو واقعات یعیش کو آئے تذکرہ نہین کیا ہے اس لئے ان واقعات کو ان لوگون نے اس طرز ادا مین بیان کیا ہے،

اسی طرح خانوادۂ کلبیہ کا ایک دوسرا رکن ابو عبد اللہ محمد الکلبی (المولود ۳۱۹ھ / ۹۳۱ء) صقلیہ سے افریقیہ آنے کے بعد المعز کے مقربین خاص مین شامل ہو گیا، پھر جب المعز مہدیہ سے ترک سکونت کر کے مصر پہنچا، اور قاہرہ مین قیام پذیر ہوا تو وہ بھی اوس کے ساتھ قاہرہ پہنچا، مقریزی لکھتا ہے،

وقدم ابو عبد اللہ ھذا الی مصر مع المعز (المقفی مقریزی) یہ ابو عبد اللہ المعز کی معیت مین مصر پہنچا، یہ اوس کے مخصوص ترین اشخاص اور مقربین مین تھا،

ابو عبد اللہ محمد جب مرض الموت مین مبتلا تھا، تو المعز کو اس سے جو تعلق خاطر تھا، اُسکے تقاضے سے اُسکے مکان پر اسکی عیادت کو آیا کرتا، اور جب ۲۴ جمادی الاولی ۳۶۳ھ کو وفات پائی، تو بتجہیز و تکفین مین خود شریک ہوا، اور شاہانہ تزک و احتشام سے جنازہ اٹھایا، قاضی نعمان بن محمد نے غسل دیا، اور خود المعز نے نماز جنازہ پڑھائی پھر خود ہی تابوت کھولا، اور اوس کے بعد اپنے ولیعہد امیر عبد اللہ بن المعز کی استعانت سے لاش کو اپنے ہاتھون سے اٹھا کر تابوت مین رکھا، اور قاہرہ کے سکونتی مکان مین دفن کیا،

یہ واقعات ان تعلقات کو اچھی طرح واضح کرتے ہین، جو خاندان بنو فاطم اور خانوادۂ کلبیہ کے درمیان قائم تھے اس لئے المعز صرف کسی ایک امر مین عدول حکمی کر دینے سے اس پورے خاندان کو صقلیہ سے جلا وطن ہو جانے پر مجبور نہ کرتا، لیکن سیاسی حکمت عملی کا یہی اقتضا تھا کہ فوری طور پر کوئی نمایشی کارروائی اختیار کیجائے، اور چونکہ احمد نے ان شہرون کے برباد کرنے کیلئے اپنے خاص رشتہ دارون ہی کو منتخب کیا تھا، اسلئے پورے خاندان کا سوال سامنے آ گیا تھا، اور اسی لئے صقلیہ سے خانوادۂ کلبیہ کو بلا لینے کا فیصلہ کیا،

کو پھر برسر اقتدار کر دیا جائے، اور اسی لئے ہم یعیش کو بھی فرمانروایان کلبیین کے سلسلہ کی ایک کڑی شمار کرتے ہین،

احمد کا زمانہ حکومت

مورخین احمد کا زمانہ حکومت سولہ سال نو مہینے لکھتے ہین، جو اوس کے قائم مقامی کے زمانہ کو ملا کر ہوتا ہے[1]،

یعیش مولی احسن کلبی فرمانروائے صقلیہ (۳)

۳۵۸ھ / ۹۶۸ء - ۳۵۹ھ / ۹۶۹ء

یعیش ۳۵۸ھ / ۹۶۸ء مین والی مقرر کیا گیا، باشندگان صقلیہ کو قدرتاً اس کا تقرر ناگوار گذرا، وہ احمد اور خانوادہ کلبیہ کو مستوجب سزا نہین سمجھتے تھے،

دار الصناعہ کے مزدورون مین کشت و خون اور بغاوت

عجب اتفاق کہ اسی اثنا مین جزیرہ مین ایک واقعہ پیش آگیا، اور اسی سلسلہ مین یعیش کے خلاف بغاوت پھیل گئی،

بلرم مین جہاز سازی کے لئے ایک دار الصناعۃ قائم تھا، اور اس پر موالی بنی کتامہ کو زیادہ رسوخ حاصل ہو گیا تھا، یہ کارخانہ صقلیہ کے بڑے کارخانون مین تھا، صقلیہ کے جنگی بیڑے اسی مین تیار ہوتے تھے، اس مین زیادہ تر موالی بنو کتامہ کام کرتے تھے، اور چھوٹے بڑے عہدہ دار اور مزدور اکثر انھین مین سے تھے، یعیش نے برسر حکومت آنے کے بعد اس کے کاریگرون مین موالی بنی کتامہ کے علاوہ صقلیہ کے مختلف اسلامی قبائل کے کاریگر بھرتی کر دئے، اور کارخانہ کے اندرونی سیاسیات مین باہمی کشمکش شروع ہو گئی،

---

[1] ابن اثیر ج ۸ ص ۴۴۹، ابو الفداء ج ۲ ص ۹۶، نہایۃ الارب در اماری ص ۴۴۱، و اعمال الاعلام دریادگاری ج ۱ ص ۴۷۷، اعمال الاعلام مین احمد کے افریقیہ کی روانگی کی تاریخ اواخر ماہ شوال ۳۵۹ھ ہے، ممکن ہے مہینہ کی تعیین صحیح ہو مگر یہ سند ابن اثیر نویری اور ابو الفداء وغیرہ کی روایت سے مختلف ہے اور واقعات کی ترتیب سے انھی روایتون یعنی ۳۵۸ھ کی تائید ہوتی ہے،

بغاوت | یہ واقعہ کوئی ایسا اہم نہ تھا کہ اس کا اثر سارے جزیرہ مین پھیل جاتا، اور اوسکی وجہ سے ایک عام کشت وخون کی نوبت آجاتی، لیکن جزیرہ مین یعیش کے خلاف جو فضا پہلے سے موجود تھی، اس سے اوسکو مدد ملی، اور اسکی لہر کارخانہ سے نکل کر سارے جزیرہ مین پھیل گئی، ابتداءً کارخانہ کے اندر موالی بنی کتامہ اور دوسرے قبیلون کے کاریگرون مین کشت وخون ہوا، اس کا اثر شہر بلرم پر پڑا، پھر موالی جہان جہان آباد تھے، یہ فتنہ ان مقامات تک پہنچا، اور سرقوسہ وغیرہ مین بدامنی پھیل گئی، اور وہان اور اس کے مضافات مین موالی کی ایک کثیر تعداد قتل کی گئی،

یعیش نے ابتداءً معاملات کے سدھارنے کی کوشش کی، اور فریقین مین مصالحت کی سلسلہ جنبانی کی لیکن اوسکو کامیابی نہین ہوئی، اسی اثنا مین وہ جماعت بھی اوٹھ کھڑی ہوئی، جو ملک مین یعیش کے خلاف ہنگامہ آرائی چاہتی تھی، چنانچہ ملک مین ہر طرف ہنگامہ وشورش برپا ہوگئی، شورش پسندون نے اپنا سارا غصہ ان عیسائیون پر اوتارا، جو صقلیہ مین جابجا آباد تھے کیونکہ اُن کے خیال مین المعز نے انھی کی دوستی مین خانوادہ کلبیہ کو یہان سے جلاوطن کیا تھا،

احمد کا دوبارہ تقرر | جب المعز کو ان حالات کی خبر ہوئی، تو اوس نے اس کے تدارک کے لئے باشندگان صقلیہ کا مطالبہ منظور کیا، اور یعیش کو معزول کرکے احمد کے تقرر کا دوبارہ اعلان کردیا،

احمد بن حسن کلبی والیٔ صقلیہ (۴)

۳۵۹ھ
۹۶۹ء

احمد کی نیابت | احمد دوسری مرتبہ صقلیہ کی ولایت پر سرفراز کیا گیا، اس واقعہ سے صقلیہ مین دولت کلبیہ کی بنیاد اور زیادہ مستحکم ہوگئی، احمد کا یہ دوبارہ تقرر اسکی عدم موجودگی مین عمل مین آیا تھا، وہ اس وقت اپنے سابق عہدہ امارت البحر پر سرفراز تھا، اور مصر کی مہم مین گیا ہوا تھا، اس لئے المعز نے اوس کے بھائی ابوالقاسم کو اس کا قائم مقام

بنا کر صقلیہ بھیج دیا،

ابوالقاسم احمد کے قائم مقام کی حیثیت سے ۱۵ شعبان ۳۵۹ھ/۹۶۹ء کو صقلیہ پہنچا، باشندگان صقلیہ نے احمد کے تقرر اور ابوالقاسم کی اس قائم مقامی کو دل سے پسند کیا، ملک مین ہر طرف آپ سے آپ امن وامان قائم ہوگیا[1]

احمد کی وفات ابوالقاسم کا تقرر،

ابوالقاسم چند ماہ تک احمد کی طرف سے نیابۃً فرائض امارت انجام دیتا رہا لیکن مسلمانان صقلیہ کی بدقسمتی سے احمد کا وہ سفر سفر آخرت ثابت ہوا، اور وہ طرابلس الشام کے ساحل پر کسی مرض مین مبتلا ہوا، اور اواخر ۳۵۹ھ/۹۶۹ء مین اوس نے وفات پائی، اور اوسکی وفات کے بعد ابوالقاسم کے نام اوائل ۳۶۰ھ/۹۷۰ء مین مستقل فرمان تقرر موصول ہوا،

ابوالقاسم بن حسن کلبی فرمانروائے صقلیہ (۵)

۳۶۰ھ/۹۷۰ء - ۳۷۲ھ/۹۸۲ء

المعز نے احمد کی وفات پر اولاً ابوالقاسم کو تعزیت بھیجی، اور ایک فرمان تقرر بھیج کر اوس کو صقلیہ کا مستقل والی بنایا، یہ فرمان ماہ محرم ۳۶۰ھ/۹۷۰ء مین صقلیہ پہنچا،[2]

دولت کلبیہ صقلیہ کا استقلال

ابوالقاسم کلبیین مین وہ خوش قسمت فرمانروا ہے جس کے عہد مین دولت کلبیہ صقلیہ کا استقلال

---

[1] ابن اثیر ج ۸ ص ۴۴۹، [2] نہایۃ الارب در اماری ص ۲۴۲، ابوالفداء ج ۲ ص ۹۷، اعمال الاعلام در یادگاری ج ۲ ص ۴۰۷، مین نے بقرائن نہایۃ الارب کے بیان کو لیا ہے، ورنہ اعمال الاعلام مین احمد کی تاریخ وفات یوم پنجشنبہ ۲ ذی الحجہ ۳۶۰ھ ہے اور ابوالقاسم کے جدید فرمان تقرر کے آنے کی تاریخ اواخر ماہ رجب ۳۶۰ھ ہے، نا قیاسہ کی تصحیح کے ساتھ تاریخ وفات صحیح ہے،

باضابطہ تسلیم کیا گیا، جو دولت فاطمیہ کے پایۂ تخت کے افریقہ سے مصر منتقل ہو جانے کا ایک نتیجہ تھا،

خلافت عباسیہ اور دولت فاطمیہ افریقہ میں اسی وقت سے آویزش شروع ہو گئی تھی جب وہ تاسیس حکومت کے لئے افریقہ آ رہے تھے، یہاں تک کہ چوتھی صدی کے وسط میں حکومت عباسیہ عالم نزع میں آ گئی، اور ان کی حلیف حکومت اخشیدیہ مصر بھی دم توڑ رہی تھی، چنانچہ ۳۵۶ھ/۹۶۷ء میں معز الدولہ جو خلیفہ عباسی پر حاوی ہو چکا تھا، انتقال کر گیا، اور اوس کے انتقال کے بعد اوس کے لڑکے بختیار اور اوس کے چچازاد بھائی عضد الدولہ میں باہمی رقابت پیدا ہوئی، اور ارکان دولت عباسیہ اپنے اپنے مناقشوں میں الجھے رہے، اور دولت عباسیہ کے ممالک محروسہ اور ان کی حلیف سلطنتوں میں اختلال پیدا ہوا، خصوصاً مصر کے والی کافور اخشیدی کے انتقال کے بعد مصر میں عام اضطراب پیدا ہوا، اور ملک کو قحط کے مصائب سے بھی دوچار ہونا پڑا،

عباسیہ کی حریف سلطنت دولت فاطمیہ کے فرمانروا المعز نے ان حالات سے فائدہ اوٹھانا چاہا، اور ایک فوجی افسر جوہر کی سرکردگی میں جو سرزمین صقلیہ ہی کا ایک فرزند تھا، مصر پر چڑھائی کر دی اور ۱۵ شعبان ۳۵۸ھ/۹۶۸ء کو مصر پر قابض ہو گیا، اور پھر اوس نے سال کے اختتام سے پہلے پہلے شام کا مطلع بھی صاف کر لیا، اور مصر و شام پر فاطمی پرچم لہرانے لگے،

ان فتوحات کے بعد المعز نے جوہر صقلی کے اصرار سے افریقہ سے منتقل ہو کر مصر کے جدید تعمیر شدہ شہر القاہرہ کو اپنا پایۂ تخت قرار دیا، جسکی تعمیر جوہر کی سرکردگی میں ۳۶۱ھ/۹۷۱ء تک انجام پا گئی تھی،

چنانچہ المعز ۳۶۱ھ/۹۷۱ء میں اپنے لاؤ لشکر اور خدم و حشم کے ساتھ افریقہ سے روانہ ہوا پہلی منزل سردانیہ میں قرار پائی، اور یہاں تین چار مہینے مقیم رہ کر مغربی ممالک کے صوبوں کا انتظام کیا، اس جدید نظم میں افریقہ کی ولایت کو یوسف بن بلکین بن زیری بن مناد صنہاجی کے سپرد کیا جس نے افریقہ میں آئندہ چلکر دولت صنہاجیہ

۱؎ ابن اثیر ج ۸ ص ۴۲۵، ص ۴۲۶، ص ۴۳۵،

قائم کی لیکن افریقیہ کی ولایت سے صقلیہ اور طرابلس الغرب وغیرہ کو الگ کر لیا، اور اُن مین سے صقلیہ کو افریقیہ کے ایک مساوی درجہ حکومت تسلیم کر کے اوسکو مستقل طور پر آل حسن یعنی کلبیین کے سپرد کر دیا اور ابوالقاسم کو اپنی نگرانی مین صقلیہ کا ایک خود مختار فرمانروا تسلیم کیا،

کلبیین اگرچہ عملاً پہلے ہی سے یہان کے خود مختار والی تھے تاہم اب ضابطہ کے ساتھ یہ خانوادہ یہان کا شاہی خاندان تسلیم کیا گیا، اور یہان اون کی ویسی ہی متوارث حکومت قائم ہوگئی جیسی کسی زمانہ مین اغالبہ کی افریقیہ مین قائم تھی، چنانچہ اغالبہ کی طرح ان کا بھی صقلیہ مین سکہ و خطبہ جاری ہوگیا، اور فاطمیین سے اون کو اوسی قسم کا ایک برائے نام تعلق قائم رہا، جیسے اغالبہ کا عباسیہ سے تعلق قائم تھا،

اس کے بعد المعز مصر دانیہ سے جدید دار السلطنت قاہرہ مصر پہنچا، اور اب جزیرۂ صقلیہ کے مرکزی حکومت سے جو روابط تھے وہ افریقیہ کے بجائے مصر سے وابستہ ہوگئے[۱]

المعز کی وفات اور اس کی جانشینی

ورود مصر کے چند سال کے بعد المعز نے ۱۱ ربیع الآخر ۳۶۵ھ / ۹۷۵ء کو قاہرہ مین ۴۵ سال کی عمر مین وفات پائی، کل مدت خلافت ۲۳ سال، ۱ مہینے ہوئی، المعز نہایت نیک سیرت حلیم طبع اور اہل علم کا قدردان اور خود ماہر علم و فن تھا، یہ فاطمیین مین سب سے زیادہ خوش قسمت فرمانروا گذرا ہے، حدود مملکت مین دیار مغرب کے علاوہ مصر و شام حرمین شریفین، اور بعض حصص عراق داخل تھے، اس کے بعد اس کا لڑکا تزار تخت خلافت پر العزیز باللہ کے لقب سے سرفراز ہوا،[۲]

العزیز باللہ ابو منصور نزار بن معد خلیفہ فاطمی

۳۶۵ھ / ۹۷۵ء - ۳۸۶ھ / ۹۹۶ء

العزیز ۱۴ محرم ۳۴۴ھ / ۹۵۵ء کو افریقیہ پیدا ہوا، ۲۱ سال کی عمر مین تخت خلافت پر بیٹھا، سپہ سالاری کے عہدہ

[۱] ابن اثیر ج ۸ ص ۴۵۶، و ابن خلدون ج ۴ ص ۳۷۹ و ۳۸۰، ابو الفدا ج ۲ ص ۱۱۲، [۲] خطط مقریزی ج ۲ ص ۱۶۷،

پر جوہر صقلی کو سرفراز کیا، اور وزارت عظمیٰ کا قلمدان یعقوب بن کلس کے سپرد کیا،

اب فرمانروایان صقلیہ استقلال تام رکھتے تھے اس لئے خلافت مصر میں تبدیلی کی وجہ سے ابوالقاسم کیلئے ولایت صقلیہ کے فرمان کی تجدید کی ضرورت نہیں تھی،

اٹلی کا حملہ صقلیہ پر اور صقلیہ کی جوابی پیشقدمی اٹلی پر

ابوالقاسم ایک امن پسند فرمانروا تھا، مدت تک سکون و اطمینان سے حکومت کرتا رہا یہاں تک کہ المعز کا عہد کامل امن و امان سے گذر گیا لیکن اوسکی امن پسندی جنگ و جدل اور کشت و خون کو روکنے میں زیادہ دنوں تک کامیاب نہ ہوسکی کیونکہ روما پر شاہ جرمنی اوتھو اعظم کے برسر اقتدار ہو جانے سے عیسوی دنیا میں نئی جان پڑ گئی تھی، اوس کے انتقال کے بعد جب ۹۷۳ء میں اوس کا لڑکا اوتھو دوم (۹۵۵ء-۹۸۳ء = ۳۴۴ھ-۳۷۳ھ) کے لقب سے شہنشاہ ہوا، تو منصب عیسوی کی خدمت کی ذمہ داری اوس کے ہاتھ میں آگئی، اور اوس نے نئے جوش خروش سے کلیسا کی خدمت شروع کی،

چنانچہ عرب مورخین کے بیان کے رو سے ۳۶۵ھ = ۹۷۵ء میں اٹلی سے ایک عظیم الشان مسیحی لشکر صقلیہ پر حملہ آوری کیلئے مسینا پہنچا، مجاہدین صقلیہ نے بھی مدت سے شوق جہاد کو پورا نہیں کیا تھا، فرمانروائے صقلیہ ابوالقاسم نے جہاد کا اعلان کیا، اور مسلمان جوق در جوق جہاد کی شرکت کے لئے فوج میں داخل ہوگئے جن میں ایک کثیر تعداد علماء و صالحین امت کی بھی تھی،

مجاہدین کا یہ مقدس لشکر مبارک ماہ رمضان میں مسینا پہنچا، مگر عیسائی مسلمانوں کی تیاریوں کی خبر سنکر اہالیٔ مسینا عبور کرکے اٹلی فرار ہوگئے،

جب ابوالقاسم مسینا پہنچا تو میدان خالی تھا، مسینا کے عیسائیوں نے اٹلی کے عیسائیوں کی امداد کی تھی، اونھیں سرزنش کی اور پھر اٹلی روانہ ہوگیا، اور یہاں کسنتہ کا محاصرہ کیا، چند دن محاصرہ میں گذرے تھے کہ اہل شہر طالب امان ہوئے اور زر فدیہ کی ادائی پر صلح ہوگئی اور ابوالقاسم یہاں سے ایک دوسرے قلعہ جلو[1] یا

[1] بعض مورخین نے "طلوی" لکھا ہے،

اور چند دیگر مقامات پر پہنچا، اور یہاں بھی اسی طرح کامیابی حاصل ہوئی،

اس کے بعد ابوالقاسم نے لشکر کو دو حصہ مین تقسیم کیا، ایک حصہ اپنے ساتھ رکھا، اور دوسرے حصہ کو اپنے بھائی قاسم کے سپرد کیا، جو جنگی جہازون پر سوار ہو کر قلوریہ روانہ ہوا، اور ایک ساحلی شہر بربولہ پہنچا، اور لشکر کو قلوریہ مین جابجا پھیلا دیا جو تاخت و تاراج کرتا رہا، عیسائیون سے مختلف لڑائیان ہوئین جنمین بہت سے عیسائی کام آئے، اور کچھ گرفتار کئے گئے، اور غلام بنائے گئے، اور کثیر مال غنیمت حاصل ہوا، اور کچھ دنون کے بعد ابوالقاسم لشکر کو لے کر بلرم چلا آیا،

رمطہ کی دوبارہ تعمیر | فوجی نقل و حرکت کے اس آغاز کے بعد ابوالقاسم کو رمطہ کی تعمیر کا دوبارہ خیال پیدا ہوا کیونکہ صوبہ مسینا مین ایسا کوئی مستحکم شہر نہ تھا جہان فوجی چھاؤنی قائم کیجاتی، مسینا کے باشندون سے جزیہ پر صلح تھی اور اب اٹلی کی گذشتہ تاخت سے عیسائیون کے حملہ کا ہر وقت اندیشہ ہو گیا تھا، اس لئے ابوالقاسم نے رمطہ کو نئے سرے تعمیر کرنا شروع کیا، تاکہ اس سے صقلیہ کے شمالی ساحل کی نگرانی کا کام لیا جاسکے، رمطہ کی تعمیر کا سال نویری کے بیان کے روسے ۳۶۵ھ اور ابن اثیر کے بیان کے روسے ۳۶۶ھ ہے، غالباً تعمیر کا آغاز ۳۶۵ھ مین ہوا ہو، اور ۳۶۶ھ مین وہ اختتام کو پہنچا، پھر ابوالقاسم نے شہر کی تعمیر کے بعد اپنے موالی مین سے ایک آزمودہ کار افسر کی سرکردگی مین یہان ایک فوج متعین کر دی،

مہم مناخ البقر | اس کے بعد ابوالقاسم ۳۶۶ھ مین دوبارہ اٹلی روانہ ہوا، اور قلوریہ پہنچا، یہ لشکر اہتمام سے روانہ ہوا تھا، وافر سامان رسد ساتھ تھا، ابرجہ (BRAGIA) مین پہلی منزل ہوئی، یہان ابوالقاسم کو خیال ہوا کہ سامان رسد ضرورت سے زیادہ ہے، اور اوس کے نقل و حمل سے فوج کی نقل و حرکت مین دیر ہوتی ہے، اس لئے

---

۱ ابن اثیر مین شہر کا یہی نام ہے، ادریسی کے نقشہ مین ایک شہر کا نام (Borra) ہے، عجب کیا کہ یہی شہر ہو ورنہ ترجمہ (مگرو رو ع ط) کے بجائے بربولہ چھپ گیا ہو، مگر ترجمہ صوبہ انکبردہ مین واقع تھا، ۲ ابن اثیر ج ۸ ص ۴۹، ابوالفداج ۲ ص ۱۱۶، وانسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۰ ص ۲۶۴، ۳ تاریخ اوتھو دوم طبع یازدہم ۴ ابن اثیر ج ۸ ص ۴۹، ونہایۃ الارب در اماری ص ۲۴۲،

اوس نے لشکر مین منادی کرادی کہ جس قدر گائین اور بکریان ساتھ ہین، وہ کھالی جائین اور جو اوس سے بچ جائین، وہ منتشر کردی جائین، چنانچہ ابرجہ مین گائین اور بکریان ذبح کی گئین اور جو باقی بچ گئین، انھین اٹلی کے میدان مین منتشر کردیا گیا، اور پھر فوج کو کوچ کا حکم دے دیا گیا، لوگون نے اسی مناسبت سے ابوالقاسم کی ۳۶۶ھ کی اس مہم کو مناخ البقر (مویشیون کی چراگاہ) کے نام سے موسوم کیا ہے[1]

پھر ابوالقاسم نے شنت اغاثہ (Sant Agata) کا محاصرہ کیا، اہل قلعہ تاب مقاومت نہ لاسکے، اور قلعہ کو مع مال و متاع مسلمانون کے سپرد کردیا، اور یہ اس مہم کی پہلی کامیابی تھی،

تارنٹو کی بربادی اُس کے بعد اسلامی لشکر تارنٹو پہنچا، اہل شہر مسلمانون کے ساتھ بار بار بدعہدی سے پیش آچکے تھے اس لئے ان لوگون نے خوفزدہ ہوکر یہ دلچسپ حرکت کی کہ اسلامی لشکر کی آمد کی خبر سن کر شہر کے دروازے اندر سے بند کردئے، اور پھر فصیل پر چڑھ کر پوشیدہ طور پر شہر کو خالی کردیا، ابوالقاسم کو اسکی کسی طرح خبر لگ گئی، اوس نے بھی فصیل پر سیڑھیان لگا کر چند سپاہیون کو شہر مین پہنچایا، جنھون نے شہر کے دروازے کھول دئے اور مسلمان شہر مین داخل ہوگئے، پھر ابوالقاسم نے فصیل کو مسمار کردینے کا حکم دیا، اور شہر مین جو کچھ مال و متاع باقی رہ گیا تھا، اوس پر قبضہ کرلیا، اور پھر شہر مین آگ لگادی،

فتوحات اس کے بعد ابوالقاسم نے فوج کو دو حصون مین تقسیم کیا، ایک حصہ کو شہر اورنت اور اس کے اطراف مین تاخت و تاراج کرنے کیلئے روانہ کیا، اور خود اوس نے ایک شہر غزنیہ[2] (Cerigrotta) کا محاصرہ کیا، یہان مسلمانون اور عیسائیون مین مقابلہ ہوا، اور آخر زر نقد کی ادائی پر صلح ہوئی، اور اوس کے بعد پوری فوج

---

[1] ابوالفدا، ج ۲ ص ۹۷، [2] ابن اثیر مین "غرسلہ" بغیر نقطون کے ہے، ہمارے خیال مین اس سے مراد غزنیہ ہے جو صور الجزیرہ مین واقع تھا اور جو نزہۃ المشتاق ادریسی ص ۸۴ مین مذکور ہے، ادریسی کے مختلف نسخون مین بھی اختلاف ہے، ہم نے اوس کے یورپین تلفظ کے لحاظ سے یہ اختیار کیا ہے، اور یہی ادریسی کے مطبوعہ نسخہ کے متن مین اختیار کیا گیا ہے"

بلرم واپس آگئی[۵۳]

اوتھو دوم کا حملہ اسلامی نوآبادی پر

مسلمانون کے یہ حملے شہنشاہ اوتھو دوم کی گذشتہ پیشقدمی کے جواب مین تھے، اس لئے اوسے قدرۃً ان حملون کا جواب دینا تھا، اتفاق سے وہ انھی دنون اٹلی کی بعض سیاسی گتھیان سلجھا رہا تھا، چنانچہ بینیڈکٹ ہفتم (Benedict VII) کو پوپ کی مسند پر دوبارہ بٹھایا، اور اس موقع پر اوس نے مغربی یورپ کے تمام حصون سے شاہزادون اور امرا کو مدعو کرکے ایک دربار منعقد کیا، اور پھر عربون کے ان حملون کے سدباب کا سوال پیش آیا کہ اٹلی کی سرزمین کو عربون سے خالی کرایا جائے،

سقوط ملیطہ

چنانچہ اوس نے ماہ تمبر ۹۸۱ء مین صوبہ اپولیا پر پیشقدمی کی اور اوسکو نمایان کامیابی ہوئی[۵۴] اور پھر اوسنے ایک اسلامی شہر پر قبضہ کرلیا جسکو مورخین کے بیان کے روسے اوتھو دوم[۵۵] کو یہ کامیابی ایک اسلامی نوآبادی قلعہ ملیطو[۵۶] (Melito) پر ہوئی، مسلمانون کو دو لڑائیون مین ناکامی ہوئی، اور قلعہ اون کے ہاتھ سے جاتا رہا،

---

۵۱ ابن اثیر ج ۸ صفحہ ۱۹۵ ۵۲ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۰ ص ۲۷۴، طبع یازدہم انسائیکلوپیڈیا کے مقالہ نگار کا یہ بیان مجمل ہے، نہین کہا جاسکتا کہ عربون پر حملہ آور ہونے کی تحریک مغربی یورپ کے شاہزادون اور امرا کے اوسی اجلاس مین ہوکر باہمی مشورت وتعاون باہمی کے اظہار کے بعد طے پائی، یا اوس کے بعد یہ واقعہ پیش آیا، اگر اسی اجلاس مین طے پائی تو مقالہ نگار نے اوس کو عمدًا مجمل رکھا، اور اس انداز مین بیان کیا، کہ حرف گیری کا موقع نہ ہو، ۵۳ عربی اور یورپین ماخذون مین ان لڑائیون کے جو حالات ہین وہ ایک دوسرے سے مطابق ہین، نہ زمانہ اور سنہ مین اختلاف ہے اور نہ اون کے آغاز وانجام کے بیانات مین، جو کچھ اختلاف ہے وہ یہ ہے کہ حملہ آور عیسائی فرمانروا کے نام مین ہے، عرب مورخین اس کا نام "بردویل" لکھتے ہین، اور یورپین ماخذون مین یہ واقعات اوتھو دوم کے نام لکھے ہین، بردویل اور اوتھو مین کوئی مطابقت سمجھ مین نہین آتی، ایک شبہہ ہوتا ہے، اور شاید یہی صحیح ہو، کہ "بردویل" "بینیڈکٹ" کا معرب ہے، بینیڈکٹ ہفتم رومی کلیسا کا پوپ اور سلطنت کلیسا کا فرمانروا تھا، اور اوتھو دوم سلطنت کلیسا کا شہنشاہ اور اوتھو کی اٹلی مین تمام سرگرمیان کلیسا کے زیر اہتمام جاری تھین، اسلئے یہ کچھ مستبعد نہین کہ عرب مورخین نے اوتھو کی سرگرمیون کو بینیڈکٹ کی جانب منسوب کردیا ہو، اسلئے ہم بردویل کے بجائے اوتھو دوم کے نام کو متن مین درج کرتے ہین،

۵۴ اس کے نام مین کتابون کے مختلف نسخون مین اختلاف ہے، ابن خلدون مین "رمطہ" ہے لیکن یہ بہرصورت نسخہ کی غلطی ہے، ابن اثیر کے مطبوعہ پیش نظر نسخہ کی متن مین "ملطہ" ہے، یہ بھی صحیح نہین کہ عربی مین جزیرہ مالٹا کو ملطہ لکھتے ہین، اور مالٹا پر اس عہد مین

صقلیہ کا جوابی حملہ اٹلی پر

جب ملیطو کے سقوط کی خبر صقلیہ پہنچی تو ابوالقاسم ماہ ذیقعدہ ۳۴۱ھ مین ملیطو کو واگذار کرانے کے لئے اٹلی روانہ ہوا لیکن عجب اتفاق کہ جب منزل مقصود کو صرف ایک مرحلہ باقی رہ گیا، تو اسکی طبیعت پر افسردگی طاری ہوئی، اور مقابلہ کا ارادہ فسخ کردیا، اور فوج کے بڑے افسرون کو بلاکر کہا کہ "مین یہان سے لوٹ جانا چاہتا ہون آپ لوگ میری مخالفت نہ کرین، ہم اس تنگ مقام کو چھوڑ کر کسی وسیع مقام پر دشمنون کا مقابلہ کرین گے"

چنانچہ اس فیصلہ کے بعد جنگی بیڑون کا رُخ پھیر دیا، مگر اتفاق سے وہین کسی طرف سمندر مین عیسائیون کے چند جہاز چکر کاٹ رہے تھے، اونھون نے مسلمانون کی یہ بدحوصلگی دیکھ لی، اور اوتھو کے پاس قاصد بھیجے کہ مسلمانون نے اوس سے مرعوب ہوکر جنگ کا ارادہ فسخ کردیا اور واپس لوٹ گئے، اون کا تعاقب کیا کرے کامیابی یقینی ہے،

اوتھو دم یہ سنتے ہی فوج لیکر روانہ ہوا، اور ۱۵ دن کے سفر کے بعد ۲۰ محرم ۳۴۲ھ مطابق ماہ جولائی ۹۵۳ء کو اسلامی لشکر سے دوچار ہوا،

سرزمین اٹلی مین مقام اسٹیلو (STILO) کے پاس دونون فوجون کا مقابلہ ہوا، مسلمان پہلے سے افسردہ خاطر تھے، اونھون نے اپنے پہلے ہی حملہ مین مسلمانون کی صفین درہم برہم کردین، پھر کچھ دیر کے بعد مسلمانون نے ازسرنو مقابلہ کیا، دونون کے طرف کے بہادرون نے داد شجاعت دی اور دونون طرف کے مرد میدان سپاہی کٹ کٹ کر میدان مین گرنے لگے، فتح و شکست کا کوئی فیصلہ نہ ہوسکا،

امیر ابوالقاسم کی شہادت

اسی اثنار مین عیسائیون کا ایک دستہ ابوالقاسم کے حلقہ کی طرف بڑھا، جو اپنے جان نثار غلامون کے محافظ دستہ کی حفاظت مین سمندر کے کنارے گھوڑے پر سوار تھا، عیسائی فوج کے اوس دستہ نے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۸۰) عیسائیون کا کوئی حملہ نہین ہوا، ابن اثیر کے دوسرے نسخہ مین جس کے اختلافات حاشیہ پر درج ہین، ملطیہ ہی ہمارے خیال مین یہی لفظ صحیح ہے، ملطیہ دراصل وہی قلعہ ہے جسکو اوربسی نے ملیطو لکھا ہے،

اس جماعت پر حملہ کیا، ابوالقاسم کا دستہ مختصر تھا، عیسائیون کو غلبہ حاصل ہوا، اور آزمودہ کار مجاہدین کام آنے لگے، اتفاقِ وقت اسی حملہ مین ایک عیسائی سپاہی کسی طرح ابوالقاسم تک پہنچ گیا، اور اس کی پیشانی پر تاک کر ایک ایسا نیزہ مارا کہ اوس کا سر پھٹ گیا، اور گھوڑے سے گرتے ہی دم توڑ دیا،

مسلمانون کی فتح اوتھو دم پر | ابوالقاسم کی یہ شہادت واقعہ کے لحاظ سے نہایت اہم تھی لیکن خوش قسمتی سے ابوالقاسم کی شخصیت مستور رہی، نہ مسلمانون کو خبر ہوئی، کہ وہ اپنی ایسی گرانمایہ دولت کھو چکے ہین، اور نہ عیسائیون کو پتہ چلا کہ وہ اصل میدان جیت چکے ہین، اسلئے لڑائی کا سلسلہ بدستور قائم رہا،

اس واقعہ کے تھوڑی دیر کے بعد مسلمانون نے تازہ دم ہوکر پھر ایک سخت حملہ کیا، عیسائیون نے بھی ترکی بترکی جواب دیا لیکن اس مرتبہ وہ زیادہ ثابت قدم نہ رہ سکے، اور پسپا ہونے لگے، مسلمانون نے یہ دیکھ کر حملہ اور زیادہ سخت کر دیا، اور عیسائیون مین ایک عام بھگدڑ مچ گئی، مسلمان پیچھا کرکے قتل کرتے رہے،

اوتھو دم کا فسرار | تعاقب کا سلسلہ رات تک جاری رہا، اتفاق سے مفرورین مین خود اوتھو، ایک گھوڑے پر بھاگتا ہوا نظر آیا، مسلمانون نے اس کا پیچھا کیا، اور اس کے گھوڑے تک پہنچ گئے، وہ بھاگتا جاتا، اور حملون کا جواب دیتا جاتا، یہان تک کہ اوس کے گھوڑے نے جواب دے دیا، وہ خود بھی زخمون سے چور ہو چکا تھا، اور قریب تھا کہ مسلمان اسی میدان مین اس کا کام تمام کر دین مگر ایک یہودی کی جان نثاری کام آگئی، وہ اس کے مقربین مین تھا، اوس نے اپنا گھوڑا، اوس کے سپرد کیا، اور کہا "میرے گھوڑے پر سوار ہو جاؤ، اگر مین مارا جاؤن تو میرے بال بچے تمھارے سپرد ہین"، اوتھو اوسی گھوڑے پر سوار ہوکر آناً فاناً نظرون سے اوجھل ہو گیا، اور وہ یہودی جان سے مارا گیا،

اوتھو فرار ہوکر اپنے خیمہ مین پہنچا، یہان اوس کے اہل وعیال اور چند احباب موجود تھے اونھین ساتھ لیا، اور ایک تیز رو جہاز پر یہان سے چھپ کر روسانو ( ) روانہ ہو گیا، عرب مورخین

لہ عیسائی مورخین کو اب تک اسکی خبر نہین، چنانچہ انسائیکلوپیڈیا وغیرہ کے مقالہ نگار اور مورخین اس کا تذکرہ نہین کرتے،

اسکی روانگی رما کو لکھتے ہین،

اوتھو دوم کی موت | اس کے بعد عرب مورخین کا بیان ہے، کہ اوتھو کو اس جنگ مین ایسے کاری زخم لگے تھے کہ وہ جانبر نہ ہوسکا، اور کچھ دنون کے بعد انتقال کرگیا، اور دوسری طرف یورپین مورخین ہین ان کو اس کا اعتراف ہے کہ اوسکی موت طبعی نہین ہوئی، "صدمات" سے انتقال ہوا، لیکن ان "صدمات" کا تعلق عربون کی اس جنگ سے نہین، بلکہ اوتھو جرمنی کی مشرقی سرحد پر عام بغاوت کی خبر سُنکر، ۲ دسمبر ۹۸۳ھ کو رومامین صدمہ سے انتقال کرگیا،[1]

انسائیکلوپیڈیا مین اوتھو کی شکست کی غلط توجیہ | اس جنگ کے صرف آخری حملہ مین چار ہزار عیسائی مقتول اور بہت سے بطارقہ گرفتار ہوئے، اور اٹلی اور جرمنی کی سلطنتون پر اس کا گہرا اثر مرتب ہوا لیکن یورپین مورخین اوتھو دوم کی اس ذلت آمیز شکست کی پردہ پوشی کے لئے اس کے بعض دور از کار اسباب بیان کرتے ہین، چنانچہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا مین اوتھو دوم کے سوانح نگار نے اس شکست کو ہلکا کرنے کیلئے اوس کو اس رنگ مین پیش کیا ہے:-

"اور پھر اوس سے اٹلی کی سرزمین پر عرب حملہ آورون کو سزا دینے کی تحریک کیگئی، اور ستمبر ۹۸۱ھ مین اوس نے اپولیا مین کوچ کیا، جہان اوسکو اولاً ایک لائق التفات کامیابی حاصل ہوئی،

لیکن عرب اور مشرقی سلطنت (بیزنطی حکومت) کے درمیان ایک معاہدہ ہوگیا، اور مشرقی سلطنت اس وجہ سے مشتعل ہوئی کہ اوتھو نے اپولیا پر حملہ کیا تھا، اور اس صلح نامہ کا نتیجہ یہ ہوا کہ اوتھو کی فوجون کو سسلی کے قریب ماجولائی ۹۸۳ھ مین ایک سخت ہزیمت اوٹھانی پڑی"

حکومت بیزنطی کا اپولیا کے حملہ پر مشتعل ہوجانا ایک امر آخر ہے لیکن حکومت بیزنطی اور عربون مین جو صلح ہوئی تھی، اس کی روداد اس سے بیشتر گذر چکی ہے، یہ کس درجہ حیرت انگیز امر ہے کہ ایک معاہدہ صلح

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۰ ص ۳۴۴، (سوانح اوتھو دوم طبع یازدہم)

کے وقوع کو کامل پندرہ برس پیچھے محض اسلئے ہٹا دیا جاوے کہ اس سے یوپ کے ایک شہنشاہ کی شکست کا جرم ہلکا ہوتا ہی، وہ معاند عرب مورخین کے متفقہ بیان کے روسے اوتھودوم کی تخت نشینی سے کامل سات برس پہلے اوتھو دل کی زندگی مین ہوا، تھا چہ جائیکہ اوس کا وقوع ۹۱۸ء کے حملۂ اپولیا کے بعد محض اسی حملۂ اپولیا کے باعث تصور کیا جاوے اور اسکو نہ صرف عرب مورخین ۳۵۸ھ مین لکھتے ہین، جسکے مطابق ۹۶۸ء ہوتا ہی بلکہ خود انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کی ایک دوسری جلد مین نقفور (فوکس) کا سوانح نگار اس حقیقت کو بیان کرچکا ہی اور انسائیکلوپیڈیا کے اوراق کی تردید انسائیکلوپیڈیا ہی کے اوراق سے ہوتی ہی، نقفور فوکس کے سوانح نگار کا وہ بیان یہ ہے:-

"لیکن بری و بحری دونون شکستون سے مجبور ہوکر وہ (نقفور) اُس جزیرہ کو چھوڑ دینے پڑا ۹۶۸ء مین اوس نے فریڈرک ثانی قیصر (مسلمانون) سے صلح کی اور تھوڑے سے اپنے کو محفوظ کرنے کی طرف متوجہ ہوا جو دونون (حکومت برنطی و حکومت فرنقیہ) کا دشمن تھا"

فرمانروایان یوپ کی کانفرنس عرب کے خلاف

بہرحال اس شکست کا جرمنی اور اٹلی کی سلطنتون پر گہرا اثر پڑا، چنانچہ اٹلی اور جرمنی کے شاہزادون کی ایک دوسری کانفرنس ویرونا مین منعقد ہوئی، اور اس مین اُن مختلف سلطنتون کے فرمانروا اون نے عربون کو تباہ و برباد کرنے اور اونکو اٹلی سے خارج کردینے کا ایک نیا عہد و پیمان کیا، جسکے نتیجے بعد مین ظہور پذیر ہونگے،

مجاہدین کی مراجعت اور ابوالقاسم کی جانشینی

سلسلۂ بیان کے لحاظ سے صقلیہ کا اسلامی لشکر ابھی اٹلی کے میدان جنگ مین ہی، وہان جنگ کے خاتمہ کے بعد مسلمانون کو ابوالقاسم کی شہادت کی خبر ملی، اور فوج مین کہرام مچ گیا، ابوالقاسم کا لڑکا جابر فوج مین موجود تھا، اوسی نے باپ کی جانشینی کی، اور بہ عجلت صقلیہ کی واپسی کا اہتمام کیا، مسلمانون نے مال غنیمت جمع کرنا چاہا، اور کچھ جمع بھی کرلیا، مگر جابر نے اس قدر جلدی مچائی کہ مال غنیمت جمع کرنے سے روک دیا، اور لڑائی کا بہت کچھ ساز و سامان میدان مین پڑا رہگیا، اور جابر اپنی فوج لیکر بادیدہ پرنم صقلیہ چلا آیا، اور یہین تجہیز و تکفین کے مراسم ادا کرکے صقلیہ کی خاک کے سپرد کردیا،

ابوالقاسم کا عہد حکومت و عادات و خصائل

ابوالقاسم کی حکومت کا زمانہ بارہ سال پانچ مہینے اور پانچ دن ہے، مورخین کا بیان ہے کہ وہ ایک نیک سیرت حلیم، بردبار، عادل، منصف، اور امن پسند فرمانروا تھا، حکومت

کے فرائض سعی و جانفشانی سے ادا کرتا، اور اگرچہ امن پسند تھا لیکن جب اوسکو چھیڑ دیا جاتا، تو لڑائیون مین بھی سرگرمی سے حصہ لیتا، اور لڑائیون مین خود شریک ہوتا، آخری مہم مین موت سے ہمکنار ہونا تھا، شاید اسی لئے بشریت غالب آئی، اور از خود دل پر ایسے اثرات طاری ہوئے کہ واپسی کا فیصلہ کر بیٹھا اور اسلئے بعض مورخین نے اس واقعہ خاص کو اسکی بزدلی سے تعبیر کیا، لیکن بعض دوسرے مورخین نے اوسکو اسکی رائے کی غلطی پر محمول کیا ہے، ذاتی فضائل مین بھی یگانہ تھا، خود فاضل روزگار مین تھا اور اس لئے علما و اہل علم کا نہایت قدردان تھا، داد و دہش اوس کے ممتاز خصائل تھے، وفات کے بعد نہ ایک درہم و دینار چھوڑا، اور نہ اوس کے ورثہ کو جائداد غیر منقولہ کا کوئی ایک چپہ ترکہ مین ملا، اوسکی ذاتی ملکیت جو کچھ تھی، سب کو زندگی ہی مین عسرا و مساکین کے لئے وقف کر چکا تھا، اس لئے اوس کی وفات سے صقلیہ کے عام باشندون کو سخت ملال ہوا، اور اپنے انمی اوصاف و خصائل اور جنگ مین شہادت پانے کی وجہ سے شہید کے لقب سے پکارا گیا، اور ابو القاسم الشہید اس کا نام پڑ گیا[۱]

جابر بن ابو القاسم کلبی فرمانروائے صقلیہ[۲]

۳۷۲ھ/۹۸۲ء - ۳۷۳ھ/۹۸۳ء

جابر کی نا اہلی اور فرمان تقرر

جابر اٹلی ہی مین اپنے باپ کا جانشین ہو گیا تھا لیکن افسوس ہے کہ اوس مین حزم و احتیاط، تدبر و دور اندیشی اور اصابت رائے کا فقدان تھا، وہ ابو القاسم کا صحیح جانشین ثابت نہین ہوا، اور برسر حکومت ہوتے ہی اس کی کمزوریان آشکارا ہونے لگین، مگر اوس کے باوجود خلیفہ فاطمی العزیز باللہ نے اسکی ولایت کی تصدیق کر دی، اور مصر سے اوسکو فرمان تقرر موصول ہو گیا جسمین اوس کو اپنے باپ

---

[۱] ابن اثیر ج ۹ ص ۱۱۱، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۷۱، ابو الفدا ج ۲ ص ۹۷، نہایۃ الارب در اماری ص ۲۳۲، اعمال الاعلام در یادگاری ص ۲۷۵ و منسائکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۰ ص ۳۷۶، (اسوائے اوتھودوم) ج ۲۵ ص ۳۲۲ (سسلی)، (سوائے (نکیفورس فوکس) ج ۱۹ ص ۶۴۷، و اسٹوری آف دی سرسنس ج ۵۸ ص ۱۶۷ (دی پاپل ماٹیری)

کی جگہ صقلیہ کا فرمانروا تسلیم کیا، چنانچہ اوس کے بعد وہ صقلیہ کے قصر شاہی مین جو موجودہ خلیفہ فاطمی العزیز کے نام سے قصر عزیزیہ کہا جاتا تھا، فروکش ہوا، اور انصرام حکومت مین مصروف ہوگیا[1]

چند ہی ماہ مین اس کے خلاف عام جذبات پیدا ہوئے خصوصاً فوج مین بغاوت پھیل گئی، اور اس کی کمزوریون اور بدانتظامیون کا عام چرچا ہونے لگا، دربار مصر مین پے در پے شکایتین پہنچین اور اسکے معزول کرنے کا مطالبہ ہونے لگا،

عزل و جانشینی

آخر العزیز نے اوس کو معزول کردیا، اور اوس کے بجائے خانوادۂ کلبیہ مین سے ایک لائق اور تجربہ کار شخص جعفر بن محمد کو نامزد کیا، جو اس وقت مصر مین موجود تھا، جابر کو قدرۃً اپنی معزولی کا رنج ہوا لیکن اپنی کمزوریون سے آگاہ تھا، خاموشی سے دستکش ہوگیا، یہ واقعہ اسی سال ۳۷۳ھ ۹۸۳ء مین پیش آیا،

زمانۂ حکومت

جابر کا زمانہ حکومت صرف ایک سال چند مہینے رہا،

[1] لیکن ابو الفدا کے بیان کے رو سے فرمان تقرر موصول نہین ہوا، وہ لکھتا ہے، فولی الامر لنفسہ جابر بغیر ولایۃ الخلیفہ یعنی ابو القاسم کے بعد اس کا لڑکا جابر خلیفہ مصر کے فرمان کے بغیر والی ہوا، لیکن دوسری طرف لسان الدین ابن الخطیب اور نویری یہ تصریح کرتے ہین کہ فرمان تقرر موصول ہوچکا تھا، نویری لکھتا ہے، ولی بعدہ جابر بن ابی القاسم فاتاہ سجل العزیز باللہ بن المعز لدین اللہ من مصر بعد ابی القاسم والی ہوا، اوسکو العزیز کی طرف سے مصر سے فرمان پہنچا، ممکن ہے ابو الفدا نے اسلئے لکھا ہو کہ جابر لڑکی مین والی بنگیا تھا، اوس وقت بہرحال تقرر کا کوئی فرمان نہین آسکتا تھا اور پھر اوس کے بعد ہی جابر سے کمزوریان ظاہر ہوئین، اور وہ معزول کردیا گیا، اسلئے گمان ہوسکتا ہے کہ تقرر کا فرمان آیا ہو، لیکن ابو الفدا اور نویری دونون سے قدیم روایت لسان الدین بن خطیب کی ہے، وہ جس انداز مین اوسکو لکھتا ہے اوس سے یہ شبہات بھی اوس سے دور ہوجاتے ہین، کہتا ہے، ولم یکن لجابر حزم ولا رای ولکن وصلہ تقلید من ملک العبیدیہ من مصر وسجل لہ علی ملک ابیہ (یعنی جابر مین اگرچہ حزم و صاحب رائے کا فقدان تھا، اسکے باوجود اوس کو تاجدار فرمانروائے عبیدیہ مصر کی طرف سے فرمان آیا، جس سے اوسکو اسکے باپ کی جگہ مقرر کیا،)

(دیکھو ابو الفدا، ج ۲ ص ۹۷، نہایۃ الارب نویری در اماری ۴۴۲ و اعمال الاعلام لسان الدین بن الخطیب در بیان گاری مضامین ج ۲ ص ۴۷۰)

جعفر بن محمد کلبی فرمانروائے صقلیہ[1]

۳۷۳ھ / ۹۸۳ء - ۳۷۵ھ / ۹۸۵ء

جعفر خانوادۂ کلبیہ کا رکن رکین اور سابق فرمانروا جابر بن القاسم کا چچازاد بھائی تھا، اوس کا سلسلۂ نسب یہ ہے محمد بن جعفر بن حسن (بانی دولت) بن علی بن ابی الحسین،

جعفر مصر میں شعبۂ وزارت کے کسی جلیل القدر عہدے پر فائز تھا، اور العزیز کو اس پر کامل اعتماد تھا، جس کی وجہ سے حکومت کے معاملات میں دخیل رہتا تھا اسلئے اوسکو مصر چھوڑنا ناگوار گذرا اور یہ تقرر پسند نہ آیا، لیکن مصر میں اس کی روز افزوں ترقی، اور بارگاہ خلافت میں اس کی پذیرائی و رسوخ مصر کے وزیر اعظم یعقوب بن کلس کو کھٹک رہی تھی، اس لئے وہ موقع کا منتظر تھا، اور کسی مناسب طریقہ سے مصر سے اوس کو علیحدہ کرنا چاہتا تھا، اسی اثنا میں سابق فرمانروائے صقلیہ جابر کی شکایتیں دربار خلافت میں پہنچیں، ابن کلس نے موقع کو مغتنم سمجھا، اور اس عہدہ کے لئے جعفر کا نام پیش کر دیا، جعفر خانوادۂ کلبیہ کا رکن تھا، اور اس عہدہ کیلئے کسی کلبی فرمانروا کی ضرورت تھی، پھر یعقوب بن کلس کی شخصیت بھی ایسی نہ تھی کہ جعفر اوس کا کھلا ہوا مقابلہ کرتا، اس لئے جعفر نے خاموشی سے سر ڈال دی، اور چار و ناچار بارگاہ خلافت کی اس پیشکش کو قبول کر لیا،

جعفر کا روانۂ صقلیہ جعفر بری راستہ سے ساحل میرہ ہو کر مصر سے روانہ ہوا، مشہور ترکی قائد سبکتگین آقائی محمود غزنوی بھی جعفر کا ہمسفر تھا، یہ لوگ یوم چہار شنبہ ۲۵ صفر ۳۷۳ھ / ۹۸۳ء کو المنصوریہ پہنچے اور پھر جعفر منصوریہ میں چند دن کے قیام کے بعد صقلیہ روانہ ہوا، اور جابر سے حکومت کا جائزہ لے لیا،[2]

---

[1] ابو القداء ج ۲ ص ۹۰، اعمال الاعلام یا دکاری ج ۲ ص ۴۷۸ و بنایۃ الارب ابن اثیر و ابن خلدون وغیرہ،

جعفر ایک ہوشمند مدبر فرمانروا ثابت ہوا، حکومت کی تمام بدانتظامیوں کی اصلاح کی، اور انتظام مملکت مین مصروف ہوگیا، اور ایک سال مین حکومت مین جو جو خرابیان پیدا ہوگئی تھین، وہ درست ہوگئین اور ایک عمدہ نظم ونسق قائم ہوگیا[۱]

رمطہ اور طبرمین کو عیسائیون کے حوالہ کرنے کا دوبارہ فرمان

کچھ دنون کے بعد جعفر کو ایک مشکل درپیش ہوئی، واقعہ یہ تھا کہ خلیفہ فاطمی العزیز باللہ کے حرم مین ایک عیسائی خاتون سیدہ عزیزہ کے لقب سے تھی، جو العزیز کو دل سے عزیز تھی اوس نے اپنے رسوخ واثر سے صقلیہ کی سیاسیات مین مداخلت کی، اور صقلیہ کے عیسائی قیدیون کے آزاد کرنے اور عیسائیون کے اون شہرون کو جنھین ایک مرتبہ المعز بھی عیسائیون کو واپس کردینے کا حکم نافذ کرچکا تھا، انھین واپس کردینے کا حکم جاری کرایا،

چنانچہ "سیدہ عزیزہ" کا بھائی جو راہب بھی تھا، ایک فرمان لے کر جعفر کے پاس پہنچا، کہ صقلیہ کے شہر مسینہ، رمطہ اور طبرمین کو اس راہب کے سپرد کردے، اور اوس کے پاس جسقدر پرانے اور نئے عیسائی قیدی ہین اُن سب کو بھی اس کے حوالہ کردے،

جعفر کا بہ لطائف الحیل ثانی

العزیز کا یہ فرمان صقلیہ مین اس مرتبہ بھی اوسی قدر ناپسندیدہ سمجھا گیا جس قدر اس سے پہلے اس قسم کے فرمان پر برہمی ظاہر ہوچکی تھی، لیکن جعفر نے احمد کے برخلاف ہوش وخرد سے کام لیا اور حکمت عملی سے اس پر غالب آنا چاہا چنانچہ جب وہ راہب ایک مہینہ کے بعد صقلیہ پہنچا، تو جعفر نے اوس کا پرتپاک خیر مقدم کیا، اور اوسکو اپنا مہمان بنایا لیکن رازداری کے ساتھ اس پر سخت نگرانی رکھی کہ وہ صقلیہ کے عیسائیون مین سے جنلوگون سے ملنا چاہے، اونھین اس سے ملنے سے باز رکھا جائے، یہان تک کہ چار مہینے اسی طرح بلطائف الحیل گذر گئے، اوسکے بعد اوس نے العزیز کے فرمان کی تعمیل کا خیال ظاہر کیا، اور فرمان کے دوسرے ٹکڑے یعنی عیسائی قیدیون کو اوس کے حوالہ کردینے کی تعمیل اس دلچسپ طریقہ سے کی کہ عیسائیون مین جس قدر بوڑھے

[۱] ابن خلدون ج ۴ ص ۲۱۰

بوڑھیان، مریض، اپاہج، اور نکمے لڑے تھے، سب کو جمع کرکے اوس کے سپرد کیا، اور اوس سے کہا کہ اوسکو یہان قیام کرنے کی اجازت نہین وہ ان سب کو ساتھ لیکر یہان سے فوراً کوچ کر جائے،

چنانچہ وہ راہب حیران و ششدر صقلیہ سے اون سب عیسائیون کو ساتھ لے کر اوٹھ کھڑا ہوا، اور سیدھے قسطنطنیہ چلا آیا، اور وہان پہنچ کر العزیز کو ایک مکتوب کے ذریعہ تمام سرگذشت لکھ بھیجی،

ادھر جعفر نے بھی العزیز کے سامنے اپنی جوابدہی کا سامان کیا کوئی معقول عذر موجود نہ تھا، اس لئے ایک دوسری تدبیر اختیار کی، جو کارگر نکلی، چنانچہ اوس نے صقلیہ سے راہب کی روانگی کے بعد نہایت رازداری سے ایک اندلسی جہاز خریدنے کا حکم دیا، اور پھر اس مین ہر قسم کے عمدہ اندلسی ساز و سامان مہیا کئے، پھر صقلیہ مین مشہور کرایا کہ یہ جہاز یہان اس کے پاس ابن ابی عامر فرمانروائے اندلس کا فرستادہ آیا ہے، اس کے بعد العزیز کو حسب ذیل مکتوب بھیجا،

"فرمانروائے اندلس کا پیغام آیا ہے، کہ مین اسکی اطاعت قبول کرلون، اور اس قبول اطاعت کے ساتھ یہ بھی شرط ہوگی کہ مین اس امر مین قطعاً خود مختار رہونگا کہ جب چاہون اندلس سے قطع تعلق کرکے اپنی خود مختاری کا اعلان کردون"

اس وقت امر واقعہ یہ تھا کہ صقلیہ کی حکومت کلبیہ معناً خود مختار تھی محض ایک رسمی حیثیت سے اس کا مصر سے تعلق قائم تھا، اس لئے جعفر کی یہ چال چل گئی، اور اس خط سے العزیز کافی متاثر ہوا، اور اوسکے جواب مین اوس نے ایک طویل مکتوب لکھا، جسمین جعفر کو خانوادۂ کلبیہ کی اطاعت شعاری یاد دلائی کہ وہ و اوس کے تمام آباؤ اجداد اوسکی اور اوس کے ماسلف خلفاء کی اطاعت کرتے رہے، اور یہ یاد دلانیکے بعد اوسکو اپنے آباؤ اجداد کے نقش قدم پر چلنے کی تلقین کی، اور خصوصاً جعفر کے باپ محمد داحسن اور خانوادۂ کلبیہ کے دوسرے اراکین عمار اور علی وغیرہ کو نام بنام مثال مین پیش کیا، اور سب سے آخر مین فرمانروائے

اندلس کی دعوت کو رد کرکے وفادارانہ طور پر اوسکی اطاعت پر قائم رہنے پر شکریہ ادا کیا،

یہ خط جس لب ولہجہ مین آیا، اوسکے بعد جعفر کے اوس سنگین جرم پر باز پرس کا کوئی سوال ہی باقی نہین رہا، اور اس طریقہ سے وہ چند شہر عیسائیون کی اس دوسری مرتبہ کی کوشش کے باوجود مسلمانون کے قبضہ مین باقی رہ گئے،[1]

وفات وجانشینی | جعفر اسی طرح حسن تدبیر سے فرمانروائی کرتا رہا، لیکن افسوس ہے، کہ زیادہ دنون تک اوسکو فرمانروائی کا موقع نہ مل سکا، اور ۳۷۵ھ/۹۸۵ء مین اوس کا انتقال ہوگیا جعفر کے بجائے اوس کے بھائی عبداللہ نے جگہ لی،

علم وفن کی ترقی | جعفر امور مملکت مین دستگاہ رکھنے کے علاوہ اہل علم کا بھی نہایت قدردان تھا، اہل علم وشعرا، سے اوس کا دربار بھرا رہتا، اور اونھین انعام واکرام سے مالامال کرتا، اس لئے اوسکے چند سالہ دور حکومت سے صقلیہ مین ایک علمی فضا پیدا ہوگئی،[2] جس کی تفصیل جلد دوم مین آئے گی،

عبداللہ بن محمد کلبی فرمانروائے صقلیہ[3]

۳۷۵ھ/۹۸۵ء - ۳۷۹ھ/۹۸۹ء

عبداللہ، اپنے بھائی جعفر کی جگہ تخت حکومت پر بیٹھا، اوس نے بھی اپنے بھائی کے نقش قدم کی پیروی کی، پیشقدمیون کا سلسلہ چھیڑا، توقع تھی کہ اوس کے حسن سیرت، تدبر اور مآل اندیشی سے ملک کو فلاح پہنچیگی، لیکن زمانہ نے زیادہ مہلت نہ دی اور چند سال مین انتقال ہوگیا، لسان الدین ابن الخطیب نے تاریخ وفات یوم سہ شنبہ ۲۳ رمضان ۳۷۵ھ/۹۸۵ء لکھی ہے، لیکن ابن خلدون اور ابوالفدا ۳۷۹ھ/۹۸۹ء لکھتے ہین،

جانشین | عبداللہ نے اپنے عین حیات مین اپنے لڑکے ابوالفتوح کو اپنا جانشین بنایا،[4]

---

[1] اعمال الاعلام در یادگاری ج ۲ ص ۴۷، [2] ابن خلدون ج ۲ ص ۲۱۰، [3] اعمال الاعلام در یادگاری ج ۲ ص ۴۷، ابن خلدون ج ۴ ص ۲۱۰ ابوالفدا ج ۲ ص ۹۰،

ثقۃ الدولہ ابوالفتوح یوسف بن عبداللہ کلبی والیٔ فرمانروائے صقلیہ (۹)

۳۷۹ھ - ۳۸۸ھ
۹۸۹ء - ۹۹۸ء

ابوالفتوح یوسف اپنے باپ کی جگہ صغر سنی مین تخت حکومت پر بیٹھا، تخت نشینی کے بعد خلیفہ فاطمی العزیز باللہ کی طرف سے فرمان ولایت آیا، اور ثقۃ الدولہ کے لقب سے اوسکو سرفراز کیا گیا،

ثقۃ الدولہ مین نظام حکومت کے سنبھالنے کی ایسی بہترین صلاحیت تھی کہ ابتک اوسکی نظیر فرمانروایان کلبیین مین نظر نہین آئی تھی، حکومت کے نظم ونسق کو درست رکھنے کے ساتھ اوس نے اٹلی کی ریاستون کو بھی مطیع کرلیا،

اٹلی کی ریاستون کی اطاعت

اٹلی مین اوتھو دوم کی شکست کے بعد مختلف ممالک کے عیسائی فرمانروا ؤن کی جو کانفرنس ہوئی تھی، اوس کے بعد اٹلی کی اسلامی نوآبادیون پر عیسائیون کی تاخت شروع ہوگئی تھی ثقۃ الدولہ نے ان عیسائی حملون کا جواب دیا، اور ان مین اس قدر کامیاب ہوا کہ عرب مورخین باتفاق لکھتے ہین کہ اٹلی کی تمام عیسائی حکومتین اوسکے سامنے سرنیاز جھکانے پر مجبور ہوگئین، جس سے مسلمانان ایطالیہ امن وامان کی زندگی بسر کرنے لگے، اور صنعت وحرفت اور تجارت مین روزافزون ترقی کرنے لگے

صقلیہ کا عنفوان شباب

اٹلی کی ریاستون کو مطیع کرنے کے بعد صقلیہ مین امن وامان سے حکومت کرنے لگا، صقلیہ کے اسلامی عہد مین اس کا عہد حکومت تمدنی حیثیت سے بہترین سمجھا جاتا ہے، ہر قسم کی تمدنی ترقیان: نظام حکومت، علوم وآداب، صنعت وحرفت، زراعت اور تجارت اپنے معراج کمال پر پہنچی، ملک مین نہایت فارغ البالی کا دار دورہ شروع ہوا، اور معاشی واقتصادی حیثیت سے ایسی مرفہ الحالی رہی کہ عرب مورخین کے بقول اوس کی نظیر دوسرے ملکون مین اوسوقت معدوم تھی، خود صاحب علم تھا

اسلئے ارباب علم وفضل کا قدر دان تھا، اون پر بے دریغ دولت نثار کرتا، اور اوسکی داد دہش سے ہر کہ ومہ فیضیاب ہوتا، دُور دُور کے اہل علم اور شعرا، اس کی بخششون اور قدر افزائیون کا شہرہ سن کر کھچ کھچ کر صقلیہ چلے آئے اور صرف اوسی کی ذات خاص سے صقلیہ اس عہد مین علم وفن اور شعر وادب کا ایک مرکز بنگیا، اوس کے دربار مین شعر وادب کی محفلین گرم رہتین، درباری وغیر درباری شعرا کا پورا جمگھٹا لگا رہتا، مفسرین ومحدثین وفقہا ومتکلمین اور اطبا، کی قدر افزائی ہوتی، اور اوس کی قدردانی سے ان کے علم وعرفان کی بارش سے پورا جزیرہ سیراب ہوتا،

خلیفہ فاطمی العزیز کی وفات

العزیز باللہ نے ۳۸۶ھ/۹۹۶ء مین وفات پائی، اوس کی مدت حکومت ۲۱ سال اور چند ماہ رہی، یہ ایک نیک سیرت فرمانروا تھا، وفات کے وقت اسکی عمر صرف ۴۲ سال چند ماہ کی تھی، اس کے بعد اوس کا لڑکا ابو علی منصور فرمانروا ہوا، اور الحاکم بامر اللہ کا لقب اختیار کیا،

الحاکم بامر اللہ خلیفہ فاطمی مصر

۳۸۶ھ/۹۹۶ء — ۴۱۱ھ/۱۰۲۰ء

الحاکم ۱۰ سال کی عمر مین تخت پر بیٹھا، ابتداءً وزارت عظمیٰ کے منصب پر العزیز کی وصیت کے مطابق برجوان فائز تھا، اوس خاندان کلبیہ کا رکن رکین اور فاتح رابطہ محمد حسن بن عمار اوسکی طرف سے نیابۃً فرائض وزارت ادا کرتا، لیکن پھر حسن بن عمار نے اقتدار حاصل کرکے امین الدولہ کے لقب سے قلمدان وزارت سنبھال لیا[1]،

امین الدولہ حسن بن عمار ثقۃ الدولہ فرمانروائے صقلیہ کا چچازاد بھائی تھا، اس لئے اس دور مین صقلیہ کی مرکزی حکومت مصر پر بھی خانوادۂ کلبیہ کو غلبہ حاصل ہو گیا تھا، جس کے اثرات صقلیہ پر بھی پڑے[2]، چنانچہ الحاکم کے سریر آرائے حکومت ہونے کے بعد حکومت کلبیہ صقلیہ کی روایات مین ایک اور

[1] مقریزی ج ۲ ص ۱۶۷ وابن خلدون ج ۴ ص ۵۱۰ [2] ابو الفدا ج ۲ ص ۹۷ وابن خلدون ج ۴ ص ۵۱۰

اضافہ ہوا یعنی ثقۃ الدولہ کے حین حیات ہی مین اوس کا لڑکا جعفر بارگاہ خلافت کی جانب سے اوس کا ولی عہد نامزد کیا گیا، اور اوس کی تصدیق مین الحاکم کا ایک فرمان صقلیہ مین شایع ہوا[1]،

ثقۃ الدولہ کی علالت اور حکومت سے کنارہ کشی

عجب اتفاق کہ اس فرمان ولیعہدی کی اشاعت کے کچھ دنون بعد ۳۹۳ھ/۱۰۰۲ء مین ثقۃ الدولہ پر اچانک فالج کا حملہ ہوا، جس سے اوس کا بایان پہلو مفلوج ہو گیا، اور دائین پہلو پر بھی کچھ نہ کچھ اثر پڑا، اس لئے وہ اپنی زندگی ہی مین اپنے لڑکے جعفر کے حق مین حکومت سے دستکش ہو گیا[2]،

ثقۃ الدولہ کا عہد حکومت

ثقۃ الدولہ کا عہد حکومت جس شان و شوکت اور فارغ البالی سے صقلیہ مین گذرا وہ ایک یادگار رہا، عام مورخین نے اوس کے عہد حکومت کا جو تذکرہ کیا ہے اس مین اوس کے ذاتی اوصاف و خصائل اور طرز حکومت، اور اس کے عہد مین صقلیہ کی عام ارزانی کا نہایت پرشکوہ الفاظ مین ذکر کیا ہے ابن حلدون کہتا ہے :-

"اس کی جلالت شان اور فضل و کرم سے اوس کے پیشرو فرمانرواؤن کو لوگ بھول گئے"

ابن عذاری کہتا ہے :-

"اوس کے زمانہ مین لوگ اپنی بہترین خواہشون کے مطابق زندگی بسر کرتے تھے، اور تمام کام اوس کی ذات سے نظیک تھے، اوس نے رومی ممالک کو مسخر کر لیا، اور اوسکی فیاضی اور عدل کا جس کثرت سے ظہور ہوا بہت سے ملکون مین اوس کا وجود نہین پایا جاتا"

اسی طرح لسان الدین بن الخطیب لکھتا ہے :-

"اوس کے زمانہ مین لوگون کے ایام زندگی اُن کی بہترین خواہش کے مطابق بسر ہوتے تھے، اوس نے ملک کو پورے طور پر اپنے قابو مین کر لیا تھا، رومیون کو فرمانبردار بنا لیا اور تمام کام اوس کے درست ہو گئے"

---

[1] نہایۃ الارب دراماری ۲۴۲ [2] ابو الفداء جلد ۲ ص ۹۷، و نہایۃ الارب دراماری ص ۲۴۲،

اوراوس نے لوگون پر اس قدر فیاضیان کین کہ حد بیان مین نہین آسکتین چنانچہ اس کے مملکت مین جسقدر عدل آسایش اور امن وامان تھا وہ سب کو معلوم ہے[۱]

کچھ دنون کے بعد اوس نے صقلیہ سے ہجرت کی جس کا تذکرہ آیندہ آئے گا جس وقت وہ صقلیہ سے ترک سکونت کرکے روانہ ہوا ہے، اوسکے جود وسخا اور عام داد ودہش اور بخششون کے باوجود اوسکی ذاتی ملکیت کا ایک انبار اُس کے ساتھ تھا، اوسکی ذاتی ملکیت کا اندازہ نمونہ کے طور پر اس سے لگایا جاسکتا ہے، کہ اوسکے پاس ۱۴ ہزار باڑے ایسے تھے جنمین صرف اونٹ اور گھوڑے باندھے جاتے تھے خچرون کے باڑون کا شمار ان سے علیحدہ ہے، اور ہجرت کے وقت ۶ لاکھ ۷۰ ہزار دینار اپنے ساتھ نقد مصر لے گیا[۲]

تاج الدولہ سیف الملت جعفر بن ثقۃ الدولہ الکلبی فرمانروائے صقلیہ (۱۰)

۳۸۸ھ / ۹۹۸ء - ۴۱۰ھ / ۱۰۱۹ء

لقب اور لوائے فاطمی جعفر کی تخت نشینی کے چند دن بعد دربار خلافت سے فرمان ولایت موصول ہوا، اور اوسکے ساتھ الحاکم نے لوائے فاطمی اور تاج الدولہ سیف الملۃ کے لقب سے اوسکو سرفراز کیا،

صقلیہ کی مرفہ الحالی جعفر بھی اپنے باپ ہی کی طرح کروفر اور شان وشکوہ کے ساتھ حکومت کرنے لگا[۳] اور امور مملکت اور طرز حکومت مین ثقۃ الدولہ کی روش کی پیروی کی، چنانچہ اوس کے دور حکومت مین بھی صقلیہ اپنے مرفہ الحالی، امن وامان اور نظام حکومت کے لحاظ سے نہایت آسودہ حال رہا، ابن خلدون وغیرہ نے خصوصیت سے اس کا ذکر کیا ہے،

اس کے عہد حکومت کی مرفہ الحالی کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے، کہ جب ۳۹۵ھ مین افریقیہ

---

[۱] ابن خلدون ج ۴ صـ ۲۱۱، ابن عذاری حوادث ۳۷۹ھ اعمال الاعلام در گاری ج ۲ صـ ۲۷۹ [۲] ابن اثیر ج ۱۰ صـ ۱۱ والبو القدا ج ۲ صـ ۲۰ [۳] نہایۃ الارب در اماری صـ ۲۴۲ والبو القدا ج ۲ صـ ۹۸،

مین شدید قحط پڑا، اور ملک پر مصائب نازل ہوئے تو لوگ ہجرت کر کر کے صقلیہ آنے لگے، صاحب معالم الایمان افریقہ کے قحط کے سلسلۂ بیان مین جو کچھ لکھتا ہے، اوس سے صقلیہ کی عام مرفہ الحالی اور ملکی نظم ونسق اور امن و امان کا اندازہ ہوتا ہے، وہ لکھتا ہے،:-

اس سال (یعنی ۲۹۵ھ مین) افریقہ مین شدید قحط پڑا، جس مین نہایت قیمتی جانین ضایع ہوئین، گاؤن کے گاؤن اور اکثر آباد شہر صاف ہوگئے، بازار اور مسجدین سنسان ہوگئین، یہان تک کہ بہائم بھی معدوم ہوگئے، چنانچہ اسی سال علما، اور صالحین کی ایک کثیر تعداد نے اس دار فانی سے رحلت کی، اور اسی وجہ سے افریقہ کے عام باشندون، بازاری لوگون اور دہقانیون کے علاوہ معززین ودنی اثر اشخاص کی ایک کثیر تعداد افریقہ سے صقلیہ چلی گئی کیونکہ وہان کا نرخ نہایت سستا تھا راستے پرامن تھے، اور سلطان عادل تھا،[1]

دیباچۂ زوال

صقلیہ مین دولت کلبیہ کے قیام کو پچاسی برس سے اوپر گذر چکے تھے، اس اثنا مین نو دس فرمانروایان نے نسلا بعد نسل فرمانروائی کی اس پچاسہ سالہ مدت مین صقلیہ کے سرکش عیسائی علاقہ کی سرکوبی کے علاوہ اٹلی کی عیسوی ریاستون کو زیر کر لیا، اور امن وسکون سے صقلیہ مین فرمانروائی کرتے رہے، اور یہان نظام حکومت کی درستی، امن وامان کا قیام ملک کی مرفہ الحالی، نرخ کی عام ارزانی زراعت صنعت اور حرفت کی روزافزون ترقی، دولت وثروت کی بہتات، علم وآداب کی گرم بازاری، فرمانروایان صقلیہ کی اہل علم کی قدرشناسی اون کے جود وکرم اور داد ودہش کی فراوانی، اور اون کا شاہی کروفر لاؤلشکر، خدم وحشم، چترو جلوس، جاہ وحشم اور شوکت وشان اپنے حد کمال کو پہنچ گئی،

اس لئے ضرور تھا کہ اصول توریث حکومت کے عام قانون کے مطابق اس کا ردعمل بھی شروع

[1] ابن خلدون ج ۴ صفحہ ۱۷۱ معالم الایمان ج ۳ صفحہ ۱۶۲،

ہو جائے، اور اب اس کا آغاز خانوادۂ شاہی کی باہمی رقابت سے ہوتا ہے،

شاہی خاندان میں باہمی رقابت

چنانچہ تاج الدولہ کی تخت نشینی و فرمانروائی کے سولہ سترہ برس بعد ۴۰۵ھ/۱۰۱۴ء میں اس کے بھائی علی نے اوس کے خلاف خروج کیا، اوس نے صقلیہ کے مختلف بربری قبیلوں اور خاندان کلبیہ کے موالی کو اپنا ہمنوا بنایا تھا، اور انھی دونوں کو اپنے زیر علم لیکر صقلیہ کے تاج و تخت کا دعویدار بنکر آگے بڑھا،

چونکہ صقلیہ کی شاہی فوج زیادہ تر انھی دونوں جماعتوں بربر اور موالی پر مشتمل تھی، اسلئے یہ بغاوت یکگونہ کامیاب ہوئی اور تاج الدولہ کے لئے اس کا فرو کرنا کچھ آسان نہ تھا، تاہم ابھی فوج کا ایک کثیر حصہ اوس کا مطیع و منقاد تھا، تاج الدولہ نے ادھی کی امداد سے بھائی کے مقابلہ کے لئے ایک لشکر تیار کرکے روانہ کردیا، اور نتیجہ کا انتظار کرنے لگا،

یہ جنگ بلرم کے قریب یوم چہار شنبہ ۲ شعبان ۴۰۵ھ/۱۰۱۴ء کو پیش آئی، شاہی فوج کو غلبہ حاصل ہوا بربر و موالی کی ایک کثیر تعداد تہ تیغ ہوئی، اور جو باقی بچے وہ بھاگ کھڑے ہوئے، اور خود علی زندہ گرفتار ہوکر بھائی کے دربار میں پیش کیا گیا،

علی کا قتل

تاج الدولہ کا باپ ثقۃ الدولہ اسی مفلوج حالت میں ابھی تک زندہ تھا، وہ اس برادرانہ جنگ کو نہایت حسرت کی نگاہ سے دیکھ رہا تھا، پھر علی کو پابجولان دربار میں دیکھا لیکن اس کی جان نہ بچا سکا، تاج الدولہ نے اوسکے قتل کا فیصلہ صادر کردیا، یہ سانحہ ثقۃ الدولہ کے لئے اور زیادہ روح فرسا ثابت ہوا، اوسکو نہایت کرب و بیچینی سے اپنے سرکش لڑکے کی تڑپتی ہوئی لاش کا منظر دیکھنا پڑا، علی کے قتل کا واقعہ اوس کے خروج کے ٹھیک آٹھویں دن پیش آیا،

تاج الدولہ کی ایک اہم سیاسی غلطی

تاج الدولہ کا غصہ صرف علی کی جان لیکر فرو نہیں ہوا، اس کے بعد اوس کا جذبۂ انتقام قبائل بربر و موالی کی طرف رجوع ہوا، اور ایک ایسی سیاسی غلطی کر بیٹھا

جس سے نہ صرف دولت کلبیہ کا آیندہ چل کر خاتمہ ہوا بلکہ وہ صقلیہ سے اسلامی حکومت کے زوال کا بھی ایک سبب قرار پا سکتا ہے،

قبائل بربر و موالی کا استیصال

یہ سیاسی غلطی اس کے ایک فرمان کا اعلان اور اوسکی تعمیل ہی، اوس نے جدید انتقام مین یا اپنے نقطۂ نظر سے صقلیہ کو آیندہ کے خطرات سے محفوظ رکھنے کے لئے صقلیہ سے بربر اور موالی کے قطعی استیصال کا فیصلہ کر لیا، حالانکہ باغیون کی جماعت مین ان جماعتون کے تمام افراد شامل نہ تھے لیکن اوسکو ان دونون جماعتون سے بالکل بے اعتمادی ہوگئی، اور صقلیہ کو ان کے وجود سے خالی کرانا چاہا چنانچہ پورے جزیرہ مین یہ ایک عام حکم جاری کر دیا کہ

"دولت کلبیہ کے قلمرو سے تمام بربر اپنے پورے اہل و عیال کے ساتھ جلاوطن کر دئے جائین اور شاہی موالی مین سے ایک ایک شخص چن چن کر قتل کر دیا جائے"

فرمان شاہی کی فوراً تعمیل ہوئی، بربر تو ایک ایک کر کے افریقیہ چلے آئے، اور موالی مین سے ہر ایک شخص بلا استثنا وہین صقلیہ مین ذبح کر دیا گیا،

ایک نئی فوج کی ترتیب اور اوس کے نتائج

صقلیہ کی شاہی فوج مین غالب تعداد انھی دونون جماعتون کی تھی، اس لئے بربریون کی جلاوطنی اور موالی کے اس قتل عام سے صقلیہ کی فوجی چھاونیان خالی ہوگئین، تاج الدولہ نے ان خالی چھاونیون کو باشندگان صقلیہ کی "وطنی فوج" سے آباد کیا، اور افریقی عہدیدار اور "صقلی فوج" کے امتزاج سے صقلیہ مین ایک نظام حکومت قائم کیا گیا،

لیکن یہ تاج الدولہ کی ایک ایسی سیاسی غلطی تھی، جس سے دولت کلبیہ کی بنیاد متزلزل ہوگئی کیونکہ اولاً تو فوج کی تعداد بہ نسبت پہلے کے بہت کم رہ گئی، اس کے علاوہ انھین لوگون کو حکومت کی محافظت سپرد کی گئی ہے کل تک جن کی خود نگرانی کیجاتی تھی، اور ملک کو اون کے آئے دن کی بغاوتون سے بچایا جاتا تھا، اس لئے اب صورت حال یہ تھی کہ حکومت کے انتظامی صیغون کو نہ اس وطنی فوج پر

اعتماد تھا، اور نہ وطنی لشکر کو حکومت کے عہدیارون پر اعتماد تھا، چنانچہ رفتہ رفتہ حکومت کے رعب و داب مین فرق آتا گیا، یہان تک کہ باشندگان صقلیہ کے دلون سے حکومت کی حقیقی ہیبت و عظمت زائل ہوگئی اور اس طریقہ سے اس کے اقتدار کو استعداد شدید صدمہ پہنچا کہ چند ہی سال مین ایک محض معمولی بات پر تاج الدولہ کے خلاف ایک عظیم الشان فتنہ کھڑا ہوگیا،

حسن بن محمد باغائی تاج الدولہ کے عہد مین وزارت عظمیٰ کے عہدہ پر ایک شخص حسن بن محمد باغائی سرفراز تھا، تاج الدولہ نے امور مملکت کو تمام و کمال اسی کے سپرد کر دیا تھا باغائی نے استبداد پسند طبیعت پائی تھی، اور مزاج مین کسی قدر رعونت بھی تھی، لشکر کے قائدین سے اون کے شایان شان نہ ملتا صقلیہ کے اہل علم اور صالحین امت کے مراتب کا لحاظ نہ کرتا، اون لوگون سے اپنے حسب منشا کام لینا چاہتا اور اسمین ناکامی ہوتی، تو اون کی توہین و تذلیل کے علاوہ ان پر مظالم کرنے سے بھی دریغ نہ کرتا، علاوہ ازین شاہی خاندان مین بھی باہمی عداوت پیدا ہوچکی تھی، اون پر بھی مظالم ہوتے رہتے، اس لئے باغائی سے باشندگان صقلیہ خوش نہ تھے، اور ادھر حکومت کا وقار پہلے ہی اوٹھ چکا تھا، لوگ موقع کے منتظر تھے، کہ اسی اثنا مین باغائی نے ۴۱۰ھ مین صقلیہ کے طریق خراج مین کچھ ترمیم کی، جس سے باشندگان صقلیہ مین عام بے چینی پیدا ہوگئی،

قانون محاصل مین ترمیم اب تک صقلیہ کا رواجی قانون محاصل یہ تھا، کہ لگان پیداوار یا زمین کے اعتبار سے لئے جانے کے بجائے ہل بیل کی تعداد کے لحاظ سے وصول کی جاتی،

باغائی نے اس رواجی قانون مین ترمیم کی اور اسلامی ممالک کے عام قانون خراج یعنی عشر کو رائج کر دیا،

تاج الدولہ پر یورش اگرچہ اس جدید قانون مین فی نفسہ کوئی نقص نہین تھا، بلکہ یہ اون عام طریقون کی پیروی تھی جو دیگر اسلامی ممالک مین رائج تھے تاہم باشندگان صقلیہ کی حیلہ جوئی کے لئے یہ بہانہ کافی تھا، چنانچہ اسی بنیاد پر حکومت

کے خلاف ایک عظیم الشان بغاوت اوٹھ کھڑی ہوئی ، اور ایک مشتعل مجمع قصر حکومت کی جانب روانہ ہوا، مجمع کے غیظ وغضب اور اشتعال کا یہ عالم تھا کہ اس ٹڈی دل مجمع مین حملہ آور نوجوانون کے علاوہ بچے اور بوڑھے بھی شریک تھے ،حکومت کی فوج پہلے سے بے قابو تھی ،چنانچہ یہ غضب آلود مجمع بغیر کسی مزاحمت کے شاہی محل تک پہنچ گیا تاج الدولہ روپوش ہوگیا مجمع قصر شاہی کی عمارت پر چارون طرف سے ٹوٹ پڑا جس سے محل کو بھی کچھ نقصان پہنچا اور قریب تھا کہ تاج الدولہ بلوائیون کے پنجہ مین گرفتار ہوجائے کہ اچانک ثقۃ الدولہ یوسف محل سے باہر نکلا، اور اسی کی دستگیری اوس کے کام آئی ،

ثقۃ الدولہ یوسف کی دست اندازی

ثقۃ الدولہ یوسف اگرچہ سالہا سال سے صاحب فراش تھا، تاہم فیس پر سوار ہوکر بلوائیون کے سامنے آیا، یوسف اس وقت بھی باشندگان صقلیہ کا محبوب تھا، اور اوسکی شخصیت اب بھی محبت وعقیدت کا مرکز تھی، اوس کو دیکھتے ہی اوس کے عہد حکومت کی یاد تازہ ہوگئی، مجمع اخلاص وعقیدت سے اس کی تعظیم مین سرو قد آگے بڑھا، اور اوسکی فیس کو ہر طرف سے گھیر لیا، مجمع کی اس وقت عجیب کیفیت تھی، یوسف سامنے تھا، اور اس کے مبارک عہد کا ایک ایک واقعہ یاد آرہا تھا، اور ادھر خود یوسف موجودہ حالات سے سخت روحانی کرب وبیچینی مین مبتلا تھا جس کے اثرات سے اُس کا بیمار وغمزدہ چہرہ اور زیادہ پژمردہ ہوگیا تھا، آخر مجمع بھی اس پر درد منظر کی تاب نہ لاسکا، اور مجمع کی آہ وبکا اور گریہ وزاری سے ایک حشر برپا ہوگیا،

تاج الدولہ کی معزولی کا مطالبہ

یوسف یہ دیکھکر مجمع کو تسلی وتشفی دینے لگا پھر نہایت شفقت اور محبت سے اُس کو خطاب کیا، اور تاج الدولہ کے خلاف اوس کے تمام مطالبات دریافت کئے اور اوس کے منظور کرلینے کا وعدہ کیا، جس پر مجمع نے بے تکلفی سے اُس سے تاج الدولہ جعفر کی معزولی کا مطالبہ کیا اور باغائی کو مجمع مین طلب کیا گیا،

تاج الدولہ کی معزولی اور اسکی جانشینی کا فیصلہ مجمع کی مرضی پر

چنانچہ یوسف نے مجمع کا مطالبہ فوراً منظور کرلیا، اور اسی مجمع مین تاج الدولہ کی معزولی کا اعلان کردیا، اور مزید برآن اوس کے بجائے کسی نئے فرمانروا کے انتخاب کا مسئلہ اُسی کی مرضی پر چھوڑ دیا جس نے ثقۃ الدولہ کے دوسرے لڑکے احمد المعروف بہ اکحل کو نامزد کیا،

باغائی کا حشر

اس کے بعد مجمع کا دوسرا مطالبہ پورا کرنے کیلئے باغائی کو طلب کیا گیا، وہ جیسے ہی مجمع مین پہنچا، مشتعل مجمع ہر طرف سے اس پر ٹوٹ پڑا، اور اوسی وقت اوسکو قتل کر ڈالا، اور پھر مجمع نے فرطِ مسرت سے اس مقتول کے سر کی تشہیر جلوس کی شکل مین پورے شہر مین کی، اور پھر جوشِ انتقام مین اوسکی بیحرمتی کیلئے اس کی لاش کو آگ مین جلا دیا، باغائی کے ساتھ اس کا ایک عزیز ابو رافع نامی بھی تہ تیغ ہوا،

تاج الدولہ جعفر کی صقلیہ سے ترکِ سکونت

ثقۃ الدولہ یوسف کو باغائی کا حشر دیکھ کر باشندگانِ صقلیہ کے جوشِ انتقام کا اندازہ ہوا، اور اوس کو جعفر کی جان کا خطرہ پیدا ہوا، اس لئے اوس نے اس کے لئے یہی مناسب سمجھا، کہ وہ صقلیہ کو خیرباد کہدے چنانچہ نہایت پوشیدہ طور پر اوسکو ایک جہاز پر سوار کرکے مصر روانہ کردیا،

یہ واقعات یوم دوشنبہ ۶ محرم ۴۱۰ھ/۱۰۱۹ء کو پیش آئے،

تاج الدولہ احمد الاکحل بن ثقۃ الدولہ یوسف کلبی فرمانروائے صقلیہ (۱۱)

۴۱۰ھ/۱۰۱۹ء — ۴۲۷ھ/۱۰۳۵ء

امن و امان کا قیام

احمد الاکحل صقلیہ کی عنان حکومت ہاتھ مین لیتے ہی نہایت جانفشانی سے صقلیہ کے حالات کی اصلاح و درستی مین مصروف ہوا جسمین اوسکو کوئی خاص دشواری پیش نہین آئی، کیونکہ وہ باشندگانِ صقلیہ کے انتخاب ہی سے سریر آرائے حکومت ہوا تھا، اسلئے لوگون نے قیامِ امن و امان

مین اس کا ہاتھ بٹایا، اور بلا استثنا ہر جگہ امن وامان قائم ہوگیا، اور صقلیہ کے تمام شہر اور قلعے مطیع و منقاد ہوگئے،

فرمانِ تقرر اور خطاب

پھر کچھ دنون کے بعد خلیفہ فاطمی مصر الحاکم کی طرف سے اوسکو ضابطہ کا فرمانِ ولایت موصول ہوا، اور اوس کو تائید الدولہ کے لقب سے سرفراز کیا گیا،

ثقۃ الدولہ کی مصر کو روانگی

اس طرف صقلیہ مین کچھ دنون جو حالات رونما ہوئے، اور شاہی خاندان کی رقابت کا جس طرح آغاز ہوا، اور اوس کے جو نتائج برآمد ہوئے، ثقۃ الدولہ یوسف اس عالم پیری مین اون سے گھبرا اوٹھا، اور اوس نے صقلیہ پر مصر کے قیام کو ترجیح دی، اور یہان امن وامان کے قیام کے بعد مصر روانہ ہوگیا، اور وہین سکونت اختیار کر لی،

وہ اپنے ساتھ دولت و ثروت کا ایک بڑا انبار بھی لیتا گیا، جس مین چھ لاکھ شرہزار دینار نقد تھے[۱]

الحاکم خلیفہ فاطمی کی گمشدگی، اور جانشینی

اسی اثنار مین مرکزی حکومت مین ایک اہم واقعہ پیش آیا، وہ خلیفہ فاطمی مصر الحاکم کی گمشدگی ہے، سوئے اتفاق سے الحاکم مرض خفقان مین مبتلا تھا، اس لئے تختِ حکومت پر بیٹھنے کے چند سال بعد اوس سے نہایت ناشایستہ حرکتین سرزد ہوئین، اور بالآخر انھی حرکتون سے اوسکی جان گئی، اور وہ ماہ شوال ۴۱۱ھ/۱۰۲۱ء مین یکایک لاپتہ ہوگیا، اوس نے کل پچیس سال ایک مہینہ حکومت کی، اوس کی گمشدگی یا قتل کے بعد اسکی بہن نے اوس کے نوعمر لڑکے ابوالحسن علی کو اس کا جانشین بنایا، اور وہ الظاہر لاعزاز دین اللہ کے لقب سے تختِ حکومت پر بیٹھا،

---

[۱] نہایۃ الارب در اماری ص۴۴۴، وابن اثیر، ج، اص۱۳۰ وابن خلدون ج ۴ ص۴۱۰، وابوالفدا، ج ۲ ص۹۷، وکتاب الموئس ص۹۶، ابن خلدون کے نسخہ مین احمد الاکحل کا لقب "اسد الدولہ" چھپ گیا ہے،

الظاہر لاعزاز دین اللہ ابوالحسن علی بن الحاکم خلیفہ فاطمی مصر

۴۱۱ھ / ۱۰۲۰ء - ۴۲۷ھ / ۱۰۳۵ء

الظاہر نے ۱۶ برس کی عمر میں تاج خلافت سر پر رکھا، اور عید الضحیٰ کے دن اس کی خلافت کا جشن منایا گیا، اولاً امور مملکت کی نگرانی الحاکم کی بہن نے اپنے ہاتھ میں لی، پھر چار سال کے بعد اس کا انتقال ہو گیا، اور مختلف امرائے دولت وزارت عظمیٰ پر فائز ہونے لگے۔[1]

صقلیہ کی فوجی طاقت کا استحکام

تائید الدولہ رفتہ رفتہ صقلیہ کے معاملات کو نہایت مطمئن طریقہ سے روبہ اصلاح لے آیا، فوجی طاقت پر خصوصیت سے توجہ کی، اور تاج الدولہ کے عہد حکومت کی ناعاقبت اندیشانہ حکمت عملی سے جو خرابیاں پیدا ہو گئی تھیں، اون کے دور کرنے کی کوشش کی، اور اپنی پوری قوت سے فوجی طاقت کو مستحکم کیا،

اٹلی میں نارمنوں کی آمد

صقلیہ میں ادھر یہ حالات رونما تھے، ادھر جنوبی اٹلی میں مسلمانوں کے خلاف ایک نئی صورت حال قائم ہو گئی یعنی اوسی زمانہ میں یورپ کی ایک وحشی قوم نارمن کو اقتدار حاصل ہوا جس کے تفصیلی حالات آیندہ صفحات میں آئیں گے،

اتفاق وقت کہ ۱۰۱۶ء میں کچھ نارمن یروشلم کی زیارت سے واپس آرہے تھے، کہ سلرنو کے قریب ان کا جہاز تباہ ہو گیا، یہ لوگ ظاہری شکل وصورت میں قوی ہیکل اور جنگجو تھے، اور ان کی بہادرانہ جنگجویانہ اور قزاقانہ روایات بھی یورپ میں شہرت پا چکی تھیں، اس لئے اٹلی میں ان کے اتفاقاً آجانے پر شاہ سلرنو نے اون کے خدمات حاصل کر لئے، اسی زمانہ میں صقلیہ میں تاج الدولہ کے خلاف رعایا کے جذبات برانگیختہ

[1] ابن خلدون ج ۴ ص ۵۶ و خطط مقریزی ج ۲ ص ۱۷۶،

تھے، اسلئے شاہ سلرنو نے صقلیہ کی ان سیاسی پیچیدگیون سے فائدہ اوٹھایا، اوران رمنون کی اعانت سے اٹلی کی اسلامی آبادیون پر جارحانہ حملے شروع کردیے[۵۱]

اٹلی پر تاخت جب صقلیہ مین تاج الدولہ کی معزولی کے بعد سکون پیدا ہوا، اور تائید الدولہ نے فوجی طاقت درست کرلی، تو اوس نے اٹلی پر حملہ آوری کا اہتمام کیا، اور صقلیہ سے متعدد مہمین روانہ کین، کبھی کبھی خود اپنی قیادت مین لشکر لے کر وہان پہنچا، نہین معلوم ان اسلامی لشکرون کا مقابلہ شاہ سلرنو کے مستاجر نارمن سپاہیون سے بھی ہوا یا نہین، لیکن عرب مورخین کے بیان کے مطابق اس زمانہ کی یہ اسلامی مہمین اٹلی مین نہایت کامیاب ہوئین، اسلامی لشکر کو ہر جگہ فتحیابی ہوئی، اور غلبہ واستیلا کے ساتھ لوٹ مار، غارتگری، آتش زدگی، حصول زر اور قیدیون کی گرفتاری کے بہ کثرت واقعات پیش آئے، اور یہ لشکر وہان سے کامیاب ہو ہو کر صقلیہ لوٹ آتے رہے[۵۲]

تائید الدولہ کے رہ کے جعفر کی ناعاقبت اندیشی اگرچہ تائید الدولہ کو یہ کامیابیان حاصل ہوئین، اور اٹلی کی عیسوی حکومتون کے مستاجر سپاہی بھی بہ ظاہر انکا راستہ روک سکے لیکن دوسری طرف اس کے بعض نتائج بد صقلیہ مین ظاہر ہوئے، اور پھر بالواسطہ اون کے اثرات اٹلی پہنچے،

تائید الدولہ جب ان مہمون مین اٹلی جاتا، تو انصرام حکومت کے لئے اپنے لڑکے جعفر کو اپنا قائم مقام بنا جاتا، جعفر نوعمر و ناتجربہ کار تھا، اون امور کا لحاظ نہ کرسکا، جو صقلیہ کے اس نازک دور میں فرمانروائی کے لئے ضروری تھے، اور جنھین سامنے رکھ کر تائید الدولہ فرمانروائی کرتا تھا، چنانچہ تائید الدولہ کی عدم موجودگی مین ملک کی فضا پھر خراب ہونے لگی، اہل صقلیہ کو رفتہ رفتہ حکومت کے خلاف شکایتین پیدا ہوگئین، اور جب تائید الدولہ اٹلی کے آخری سفر سے صقلیہ لوٹا، تو یہان تمام بنا بنایا کھیل بگڑ چکا

---

[۵۱] تاریخ یورپ الیور تھیچرو فرڈیند شیول حصہ اول (ترجمہ شایع کردہ جامعہ عثمانیہ) ص ۱۵۲ ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳۱ ونہایۃ الارب در اماری ص ۴۴۴،

تھا، اور وہ یہان آکر انھی سیاسی پیچیدگیون کے حل کرنے مین مصروف ہوگیا[1] لیکن یہ گتھیان سلجھنے کے بجاے اور الجھ گئین، جسکی تفصیل آیندہ آتی ہے،

صوبہ قلوریہ سے اسلامی اقتدار کا زوال

اسی نازک دور مین جب تائید الدولہ صقلیہ کی پیچیدگیون کے حل کرنے کی ناکام کوششون مین مصروف تھا، اٹلی کے قلوریہ (کلبریہ) کے مسلمانون اور اسلامی آبادیون پر ایک ایسی آفت ناگہانی آئی جس سے قلوریہ مین مجاہدین کی سہ صد سالہ جانبازیون و خون فشانیون کے اثرات یکلخت زائل ہوگئے،

جب وہ نارمن سپاہ جو ۱۰۶۱ھ مین ریاست سلرنو مین متاجرہ سپاہ بن گئی تھی، اٹلی کی اسلامی ریاستون اور آبادیون کو لوٹ مار کر مال غنیمت اور انعام واکرام سے لدی پھندی اپنے وطن نارمنڈی پہنچی، تو اون کے ہموطنون مین اس کا شہرہ ہوا، اور پیشۂ قزاقی کے خوگر وحشی نارمنون کے جرگے جوق در جوق اٹلی آتے گئے، اور یہان کی عیسوی ریاستون مین ملازم ہوتے گئے،

اسی اثنار مین تائید الدولہ کے اون حملون سے جو ابھی وہان کئے گئے تھے، عیسوی حکومتون مین جوش وخروش پھیلا، اور اونھون نے اٹلی سے اسلامی ریاست اور اسلامی آبادیون کا نام ونشان مٹا دینے کا فیصلہ کیا، اور ایک نارمن سردار کی سرکردگی مین زور وشور سے حملے شروع ہوگئے، اور جلد جلد صوبہ قلوریہ کے مختلف اسلامی شہرون پر قبضہ ہونے لگا، اور مسلمانان اٹلی کے دردناک مصائب کا آغاز ہوگیا،

اس کے بعد اس نارمن سردار نے چند اہم مقامات پر جنگی عمارتین تعمیر کین اور ایک مفتوح اسلامی شہر کو مرکز قرار دے کر نارمن حکومت کی تشکیل کرلی،

---

[1] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳۰، نہایۃ الارب در اماری ص ۴۴۴، ابوالفدا ج ۲ ص ۹۷، ۳۰۰، ابن خلدون ج ۴ ص ۱۴۱، کتاب المونس ص ۸۷،

یہ مسلمانانِ اٹلی کی شومئی قسمت تھی کہ اون پر یہ اچانک متفقہ حملے ایسے وقت مین شروع ہوئے، جب اون کی پشت پناہ حکومت، دولت کلبیہ صقلیہ خود اپنے مصائب مین گرفتار تھی، چنانچہ فرمانروائے صقلیہ تائید الدولہ ایسے اہم اور نازک موقع کے ہونے کے باوجود مسلمانانِ اٹلی کی کوئی مدد نہ کرسکا،

جب حکومتِ صقلیہ کی طرف سے کوئی مدافعانہ بیڑا روانہ نہ ہوسکا، تو مغرب کی اسلامی حکومتون مین سے حکومت صنہاجیہ مین جنبش پیدا ہوئی، اس وقت افریقیہ پر ایک بیدار مغز اور غیور فرمانروا المعز کے لقب سے حکمران تھا، وہ اٹلی کے مسلمانون کے مصائب کے حالات سنکر کچھ تو اخوتِ اسلامی سے اور کچھ اس لئے کہ اٹلی مین افریقیہ ہی کے مسلمان خاندان آباد ہین، اون کی امداد کے لئے تیار ہوا، اور افریقیہ مین مسلمانانِ اٹلی کے مصائب کی پر درد داستان کے ذریعہ سے مذہبی جہاد کا وعظ کہلایا، اور مجاہدین جوق درجوق اس فوج مین شریک ہونے لگے،

جب پورا لشکر تیار ہوگیا، تو چار سو جہازون کا ایک عظیم الشان بیڑا ساحلِ افریقیہ سے اٹلی کی طرف روانہ ہوا، کہ نارمنون کا استیصال کرکے قلوریہ مین اسلامی اقتدار کو دوبارہ قائم کردے، لیکن قضا و قدر کا فیصلہ اوس کے برعکس ہوچکا تھا، چنانچہ وہ عظیم الشان امدادی بیڑا، افریقیہ سے ابھی تھوڑی ہی دور آگے بڑھا تھا کہ جزیرۂ قوصرہ کے قریب سمندر مین سخت طوفان آیا، اور بادِ مخالف کے سخت جھونکون، اور سمندر کی تلاطم خیز موجون سے پورا بیڑا غرقاب ہوگیا، صرف تھوڑے سے آدمی بچ گئے، جو افریقیہ چلے آئے، اور اوسی وقت قلوریہ کے حرمان نصیب مسلمانون کا آفتابِ اقبال غروب ہوگیا،

اٹلی کے صوبۂ قلوریہ سے مسلمانون کا باضابطہ تعلق ۲۲۵ھ/۸۳۹ء مین پیدا ہوا، اور ۴۱۷ھ/۱۰۲۵ء مین اونھین زوال آیا، اس اثنا مین کم و بیش دو سو برس تک مسلمانون نے یہان حاکمانہ اقتدار قائم رکھا، یہان ان کی آزاد و خود مختار حکومت اٹلی کی مختلف عیسوی حکومتون کے درمیان اس طرح قائم رہی، کہ ان

مین جس کے ساتھ اوسکی قوتِ بازو شامل ہوجاتی تھی وہ قوی ہوجاتی تھی،

صوبہ انکبردہ کی منظم اسلامی حکومت کا خاتمہ تو خود مسلمانون کی خانہ جنگیون سے ہوچکا تھا جس کا تذکرہ اوپر گذر چکا ہے، اب صوبہ قلوریہ کی اسلامی حکومت کا خاتمہ ان نارمنون کے ہاتھون ہوا، قلوریہ مین مسلمانون کو متعدد شہرون اور قلعون پر اقتدار حاصل رہا، اور وہ مقامات مستقل اسلامی آبادیون اور بستیون کی حیثیت سے وشناس رہے، اور ایسی بعض آبادیان صوبہ قلوریہ کے علاوہ بعض دیگر حصص مین نارمنون کے اس حملہ کے بعد بھی انفرادی طور پر باقی رہین، اور انھین بعد مین زوال آیا جس کا تذکرہ آیندہ آئے گا،

اٹلی مین مسلمانون کے قیام کا سب سے بڑا مقصد تجارتی ترقی تھا، وہ آزادانہ طور پر وہان قیام رکھ کر تجارت کرتے، اور ان آبادیون کی حیثیت بڑی حد تک تجارتی کوٹھیون کی تھی، تجارت کی ترقی کے لئے انھین صنعت وحرفت پر خصوصیت سے توجہ تھی اس لئے صنعتی حیثیت سے مسلمانان اٹلی اس عہد کی ترقی یافتہ قومون مین شمار کئے جاتے تھے،

مسلمانان قلوریہ نے اپنی اون اسلامی آبادیون اور بستیون کی آزادی اسلامی حکومت صقلیہ کے زیر سایہ ہمیشہ برقرار رکھی، ان پر جب کبھی کسی عیسوی حکومت نے نظر اٹھائی صقلیہ کی اسلامی حکومت نے اپنی پیشقدمیون سے اوس کا جواب دیا، یہی وجہ ہے کہ اٹلی مین اسلامی حکومت صقلیہ کی بہ کثرت پیشقدمیان نظر آتی ہین،

قلوریہ سے اسلامی اقتدار کے زوال کے بعد وہان سے مسلمانون کی ایک بڑی جماعت جس مین علما اور صالحین اور اہل علم بھی تھے، ہجرت کرکے صقلیہ اور اٹلی کے صوبہ انکبردہ کی بعض اسلامی آبادیون مین چلی آئی اور جو تہم زدہ وہین رہ گئے، اونھین اونکی نسلون کو اسلام سے بیگانہ ہوجانا پڑا،

صوبہ انکبردہ کی اون اسلامی آبادیون تک جو ابھی تک انفرادی طور پر قائم رہ گئی تھین، نارمنون کو دسترس حاصل نہین ہوا، اور اون کی انفرادی خود مختاری کچھ اور دنون تک برقرار رہی،

صقلیہ پر بیزنطی حملہ انھی دنون حکومت بیزنطی کے فرمانروا باسل ثانی (۹۶۳ء تا ۱۰۲۵ء) کو صقلیہ پر حملہ آوری کا خیال پیدا ہوا، اور ۱۰۲۵ء مین ایک عظیم الشان بیڑا صقلیہ روانہ کرنا چاہا لیکن اوسکی اچانک موت سے یہ تیار شدہ بیڑا درہم برہم ہوگیا،[۱]

تائید الدولہ کی نفاق انگیزی صقلیہ مین تائید الدولہ کے لڑکے جعفر کے طرز عمل سے رعایا اور حکومت کے درمیان جو کشمکش شروع ہوگئی تھی، تائید الدولہ نے اوس سے نکلنے کے لئے ایک نئی تدبیر اختیار کرنی چاہی، وہ رعایا کے درمیان باہمی نفاق انگیزی تھی،

صقلیہ مین اوس وقت دو قسم کے مسلمان آباد تھے، کچھ خانوادے ایسے تھے، جو افریقیہ سے آکر آباد ہوئے تھے اور کچھ ایسے تھے، جو اسی سرزمین کے قدیم باشندے تھے اور اونکے گھرانے ایک زمانہ سے مسلمان تھے صقلیہ کے مسلمانونکی یہی ایک بڑی تقسیم فریقی و صقلی عاجون کے نام سے ہوسکتی تھی اسلئے تائید الدولہ کو انھی دونون قسم کے مسلمانون کو باہم تقسیم کرکے اونمین ایک دوسرے کے مدمقابل لانے کا خیال پیدا ہوا، اور اس کے لئے اوس نے خفیہ ریشہ دوانی شروع کردی چنانچہ اوس نے وطنی و غیر وطنی کا سوال اوٹھانے کیلئے اولاً صقلی مسلمانون مین سے معزز ذی اثر اشخاص کو از راہ دوستی کے ساتھ اپنے یہان مدعو کیا، اور اون سے اس مقصد پر دیر تک گفتگو کرتا رہا جس کا ماحصل یہ تھا کہ اہل افریقیہ جو یہان اجنبی حیثیت رکھتے تھے صقلیین پر مستولی ہوگئے ہین، اُن کی جائداد و املاک اور دولت و ثروت مین شریک و سہیم بن گئے ہین، ضرورت ہے کہ ان ناانصافیون کا تدارک کیا جائے،

---

[۱] اسٹوری آف دی نیشنس بزنٹائن ایمپائر، ج ۲۰ ص ۴۴۴ و انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا (سسلی) ج ۲۵ ص ۳۲ طبع یازدہم، انسائیکلوپیڈیا مین ۱۰۲۵ء کے بجائے ۱۰۲۶ء ہے، اور یہ تصریح ہے کہ باسل نے اپنا بیڑا روانہ کردیا، لیکن اوس کی خبر وفات سے وہ صقلیہ تک نہین پہنچ سکا، لیکن یہ صحیح نہین ہے باسل دوم ۱۰۲۶ء سے پہلے ۱۰۲۵ء ہی مین وفات پاچکا تھا، اور اسکی تصریح مذکورۂ بالا حوالہ کے علاوہ اسی انسائیکلوپیڈیا کی ایک دوسری جلد مین باسل دوم کے سوانح حیات کے ماتحت موجود ہے، (ج ۲ ص ۴۴۹ طبع یازدہم)

صقلی جماعت کے مدبرین دور اندیش تھے، اس خوفناک سازش مین شریک ہونے کیلئے تیار نہین ہوئے، اور تائید الدولہ کو صفائی سے جواب دیدیا:-

"یہ ممکن نہین اب ہمارے اون کے ازدواجی تعلقات قائم ہو چکے ہین، اور ہم دونون ایک دوسرے سے نسبی قرابتون سے وابستہ ہین، اور ہم دونون بمنزلہ واحد کے ہو چکے ہین"

جب تائید الدولہ اس صقلی جماعت کی طرف سے مایوس ہوا، تو اوس نے دوسرے فریق کو ٹٹولنا چاہا، اس دوسرے گروہ پر اس کا جادو چل گیا، اور صقلیہ کے افریقی مسلمان، اور حکومت مین صقلی باشندون کے خلاف جن مین مسلم و غیر مسلم دونون تھے، اتحاد قائم ہوگیا، اور اس سازش اتحاد کے بعد حکومت کو رعایا کی ایک جماعت کی تائید حاصل ہوگئی، اور وقتی طور پر تائید الدولہ اپنے مقصد مین کامیاب ہوگیا،

اس کے بعد اسی سازش اتحاد کے رو سے صقلیہ کے افریقی مسلمان حکومت کے مختلف شعبون مین پیش پیش ہوگئے، اعلیٰ عہدون پر بیشتر قرار تخواہون کے ساتھ سرفراز ہوئے، اون کی جائدادین خراج سے آزاد کی گئین، اور ہر ممکن طریقہ سے انھین صقلی مسلمانون اور غیر مسلمون پر فوقیت دینے کی کوشش کیگئی، اولاً ان سے اعلیٰ عہدے خالی کرائے گئے، پھر حکومت کے صیغہ مالیہ کا توازن قائم کرنے کیلئے افریقی مسلمانون کی اون جائدادون کے محاصل کے عوض جو خراج سے آزاد کیگئی تھین، اہل صقلیہ کی جائدادون پر خراج کا مزید بار ڈالا گیا، اور پھر اہل افریقیہ کی پاسداری مین ہر ہر قدم پر ان کی حق تلفی کیجانے لگی،

صقلی جماعت کی المغز صنہاجی سے استمداد

صقلی مسلمان واقعات کی اصل تہ سے واقف تھے، کہ وہ تمام حقوق و مراعات جن سے اہل افریقیہ اس وقت فائدہ اوٹھا رہے ہین، اس سے پہلے خود ان کے سامنے پیش کئے جا چکے تھے اور وہ اون کو رد کر چکے تھے، اس لئے ایسی صورت مین ان ناانصافیون پر حکومت کو دوبارہ توجہ دلانا لاحاصل تھا، اسلئے وہ حکومت کے طریق عمل کی اصلاح و درستی سے مایوس ہوگئے، اور اس کے بجائے اوس کا حل ایک دوسری شکل مین تلاش کیا، وہ حکومت صنہاجیہ افریقیہ سے استمداد تھی، چنانچہ نہایت خوشی سے اہل صقلیہ کا

ایک وفد المعز صنہاجی فرمانروائے افریقیہ کی خدمت مین استمداد کے لئے حاضر ہوا،

المعز اگرچہ ابھی تک خلفائے فاطمی کا ماتحت خیال کیا جاتا تھا لیکن اوس کے شیعی مذہب کو ترک کرکے سنی المذہب ہوجانے سے وہ حقیقی تعلقات جو ان دونون مین ہونے چاہئے تھے، قائم نہین رہے تھے، اور پھر فرمانروایان کلبیین کے شیعی ہونے سے افریقیہ اور صقلیہ مین بھی کچھ اچھے مراسم قائم نہین تھے[1]، کیونکہ المعز افریقیہ مین شیعون کیلئے شمشیر برہنہ تھا، مذہبی عصبیت ان دونون حکومتون مین مخلصانہ تعلقات کے قائم ہونے مین مانع تھی، جس کا اندازہ اس سے بھی ہوتا ہے، کہ ۴۰۹ھ مین شیعون کی ایک جماعت نے جو دو سو سوار دن پر مع اہل وعیال کے مشتمل تھی، افریقیہ کے مظالم سے عاجز آکر صقلیہ کو اپنی پناہ گزینی کے لئے منتخب کیا، اگرچہ اوسکو صقلیہ پہنچنے کا موقع نہین ملا، اور ایک گاؤن مین قتل کردی گئی[2]، تاہم اس سے ان دونون حکومتون کے تعلقات کا اندازہ ہوجاتا ہے،

---

[1] المعز حکومت صنہاجیہ کا چوتھا فرمانروا تھا، جیسا کہ بیان کیا جاچکا ہے خلیفہ فاطمی المعز نے یوسف بلکین صنہاجی کو افریقیہ کی فرمانروائی سپرد کی تھی، یوسف کے بعد منصور بن یوسف اور پھر بادیس بن منصور فرمانروا ہوئے، بادیس کا ۴۰۶ھ مین انتقال ہوا، اور ان تینون کے عہد حکومت مین افریقیہ اور مصر کے تعلقات ویسے ہی رہے، جیسے کہ مصر صقلیہ مین اس وقت تک قائم ہین، بادیس کے بعد اوس کا لڑکا المعز آٹھ سال اور چند مہینے کی عمر مین تخت حکومت پر بیٹھا، اتفاق سے اوسکی تعلیم وتربیت ایک ایسے شخص کی نگرانی مین ہوئی، جو فرقہ اہل السنۃ والجماعۃ مین سے مذہب مالکی کا پیرو تھا، اوس نے آہستہ آہستہ المعز کو مذہب اسماعیلی سے برگشتہ کرکے مذہب اہل سنۃ کی دعوت دی، اور اس مذہب کی طرف اوس کو مائل کرلیا، یہ واقعہ سیاسی حیثیت سے افریقیہ کے لئے نہایت اہم ثابت ہوا، کیونکہ اگرچہ افریقیہ پر اسماعیلی ایک صدی سے زیادہ سے حکمران تھے، لیکن باشندگان افریقیہ کی غالب آبادی اپنے آبائی مذہب اہل السنۃ والجماعۃ پر قائم تھی، اس لئے جب المعز کے تبدیل مذہب کے رجحانات کی خبر افریقیہ مین شایع ہوئی تو اہل افریقیہ کو بڑی مسرت حاصل ہوئی، اور شیعہ سنی کے فرقہ وارانہ جذبات جواب سرد پڑچکے تھے، پھر سے تازہ ہوگئے، اور اہل افریقیہ ایک مرتبہ آخری فیصلہ کرکے سرزمین افریقیہ سے شیعون کو نیست ونابود کرنے کا فیصلہ کرچکے، چنانچہ المعز کے سال جلوس کے دوسرے ہی سال جب افریقیہ کے عوام کو ایک موقع پر المعز کے مذہب اہل سنت کی طرف مائل ہونے کا علم ہوا، تو وہ جذبات سے مغلوب ہوکر اس نشہ مین کہ اب صاحب تاج وتخت بھی انکا ہمنوا ہے، شیعون کے استیصال کے لئے اوٹھ کھڑے ہوئے اور افریقیہ مین

اس لئے جب صقلی وفد نے المعز کی خدمت مین پہنچکر اوس کو صقلیہ کی صورت حال سے آگاہ کیا، اور اس سے یہ تہدید آمیز درخواست کی کہ یا تو حکومت افریقیہ جزیرہ صقلیہ کو اپنے ممالک محروسہ مین داخل کرلے، اور اہل صقلیہ کو دولت کلبیہ سے آزاد کرائے، ورنہ وہ مجبور ہون گے کہ عیسائیون کو بلاکر اس اسلامی جزیرہ کو اون کے سپرد کردین[1]،

افریقیہ کا حملہ صقلیہ پر | المعز انھی حالات کی بنا پر صقلیہ کی جملہ آوری پر تیار ہوگیا، اور اپنے لڑکے عبداللہ کی سرکردگی مین چھ سو سپاہیون کا ایک مختصر دستہ روانہ کیا جسمین تین سو سوار تھے تاکہ وہ صقلیہ کی فوج کی امداد سے غلبہ حاصل کرے، یہ افریقی لشکر انھی اہل صقلیہ کی رہنمائی مین صقلیہ پہنچا، اور دارالحکومت بلرم کی طرف روانہ ہوگیا،

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۰۹) ۳۰۶ھ مین شیعون کا ایسا ورفاک قتل عام ہوا کہ سرزمین افریقیہ تھرا اوٹھی،

اس طریقہ سے المعز کے تخت نشین ہونے کے دوسرے سال ہی اس کے اور فاطمیین کے درمیان بنائے اختلاف پیدا ہوگئی لیکن اب صنہاجیون نے افریقیہ مین پوری قوت حاصل کرلی تھی اس لئے فاطمیین کے لئے یہی مناسب تھا کہ افریقیہ مین فاطمی سکہ وخطبہ جاری رہے یہی وجہ تھی کہ ۳۰۶ھ مین شیعون کے قتل عام پر حکومت فاطمی مصر نے کوئی احتساب نہین کیا بلکہ المعز کو مطیع وفرمانبردار رہنے کے لئے اوس پر اخلاقی دباؤ ڈالا، ہر دو چار برس پر خلعت اور تحائف مصر سے آتے، مختلف مواقع پر بلند خطابات عطا کئے جاتے، اور اس طریقہ سے اس کا وہ اعزاز واکرام ہوا، جو اوس کے آبا واجداد کو بھی انکی بہترین وفاداریون کے باوجود نصیب نہین ہوا تھا، لیکن فاطمیین کی شومئی قسمت سے ان کی یہ سب کوششین بے سود ثابت ہوئین اور ابن اثیر کی روایت کے مطابق ۳۴۵ھ مین اور ابن عذاری کے بیان کے رو سے ۳۴۶ھ مین الامیر شرف الدولہ، عضد الدولہ المعز ابن بادیس نے فاطمیین کی اطاعت کا جوا اوتار پھینکا، اور افریقیہ مین ان کا خطبہ وسکہ موقوف ہوگیا اور اون کے بجائے خلافت عباسیہ سے افریقیہ کا دوبارہ تعلق قائم ہوا، اور خلیفہ عباسی القائم بامر اللہ نے المعز کو الملک الاوحد ثقۃ الاسلام شرف الانام عمدۃ الانام ناصر لدین اللہ قاہر اعداء اللہ ومویدسنۃ رسول اللہ صلعم ابو تمیم المعز بن بادیس کے خطاب سے سرفراز کرکے فرمان ولایت بھیج دیا (ابن اثیر وابن عذاری) [2] ابن عذاری (ترجمہ اردو) صفحہ ۳۸۰

[1] ابن اثیر ج ۱ صفحہ ۱۳۰ ونہایۃ الارب در اماری صفحہ ۴۴۲،

اہل صقلیہ اس حملہ آور فوج کے لانے والے تھے، اور صقلیہ کی شاہی فوج میں صقلیین ہی کی زیادہ کثرت تھی، اس لئے شاہی فوج کا ایک بڑا حصہ قدرتی طور پر جنگ سے الگ ہوگیا، اس لئے عبداللہ چند معرکہ آرائیوں کے بعد بہت جلد دارالحکومت خالصہ کی شہر پناہ کے نیچے پہنچ گیا، اور تائید الدولہ اپنی مختصر جمعیت کے ساتھ خالصہ کے قلعہ میں محصور ہوگیا،

اہل صقلیہ میں اختلاف اور تائید الدولہ کا قتل،

چند دن اسی حال میں گذرے، اس اثنار میں تائید الدولہ اپنی صقلی فوج کو ہموار کرنے میں مصروف رہا، اور اس کی کوششوں سے اسکی نمک خوار سپاہ اوس کی امداد کے لئے تیار ہوگئی، اور قریب تھا کہ حالات بدل جائیں کہ اسی اثنار میں اوس جماعت کو جو افریقی فوج کو اپنے ساتھ صقلیہ لائی تھی، تائید الدولہ پر دسترس حاصل ہوگیا، اور اوس نے موقع پاتے ہی نہایت عجلت سے اوس کو قتل کر ڈالا، اور سر کاٹ کر المعز کے پاس افریقیہ بھیج دیا، یہ واقعہ ۴۳۶ھ/۱۰۴۵ء میں پیش آیا،[۵۱]

اہل صقلیہ اور افریقہ میں جنگ

تائید الدولہ کے اس قتل سے فتنہ اور زیادہ برانگیختہ ہوا، اور اوس کی موید جماعت دولت کلبیہ کی حمایت پر آمادہ ہوگئی، اور اون لوگون کے خلاف جو افریقیہ سے فوج لے آئے تھے آواز بلند ہوئیں، لیکن دور اندیشون نے مصلحت اندیشی سے کام لیا، اور اون لوگون سے کوئی استیصال برتاؤ کرنے کے بجائے، بحث وتمحیص سے اون کو ہموار کرنا شروع کیا، کہ اس غیر ملکی قبضہ کا کوئی خوشگوار نتیجہ نہ ہوگا، چنانچہ پھر ان لوگون کی بھی رائے بدل گئی، اور اب یہ جماعت بھی عبداللہ کی مخالفت پر آمادہ ہوگئی، اور اوس کے خلاف متفقہ مقابلہ کے لیے صقلیہ کی ایک بڑی فوج میدان میں اوتر آئی،

عبداللہ کے لئے یہ حالات خلاف توقع تھے، وہ صرف اہل صقلیہ کی امداد کے بھروسہ پر مٹھی بھر فوج لے کر آیا تھا، تاہم اوس نے مقابلہ کیا، اور اوس کے تین سو جانباز سپاہی پہلے ہی حملہ میں تہ تیغ ہوگئے، اوس کے بعد وہ اپنی باقی ماندہ فوج لیکر افریقہ واپس چلا گیا،[۵۲]

[۵۱] ابن خلدون کے نسخہ میں ۴۳۷ھ ہے لیکن صحیح نہیں ہے، [۵۲] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳ و نہایۃ الارب در اسپانی ص ۴۴۲ ابن خلدون

خلیفہ فاطمی مصر کی وفات اور اوس کا جانشین،

اسی سال ماہ شعبان ۴۲۷ھ/۱۰۳۵ء مین خلیفہ فاطمی الظاہر لاعزاز دین اللہ نے وفات پائی، کل مدت خلافت ۱۶ سال اور کچھ مہینے رہی، اس کے بعد اوس کا لڑکا ابو تمیم معد المستنصر باللہ کے لقب سے تخت خلافت پر بیٹھا،[1]

المستنصر باللہ ابو تمیم معد بن الظاہر خلیفہ فاطمی

۴۲۷ھ/۱۰۳۵ء - ۴۸۷ھ/۱۰۹۴ء

المستنصر نے بھی اپنے باپ کے نقش قدم کی پیروی کی، اور امور مملکت کو وزرا کے سپرد کر دیا، اور باوجودیکہ صقلیہ مین اس وقت اہم انقلابات ہو رہے تھے لیکن خلافت فاطمی کی طرف سے کوئی مداخلت نہین ہوئی،

دولت کلبیہ کا زوال،

کلبی فرمانروا کا انتخاب

صقلیہ مین تائید الدولہ کے قتل اور افریقی لشکر کی واپسی کے بعد انقلاب انگیز اضطراب پیدا ہو گیا، حکومت کا رعب و داب جاتا رہا، اور شورہ پشت جماعتون کے سرگروہ کو اقتدار حاصل ہو گیا، اور وہی لوگ صقلیہ کی حکومت کے سیاہ و سپید کے مالک بن بیٹھے، ان لوگون نے افریقی فوج کی واپسی کے بعد مجلس شوریٰ منعقد کی، اور تائید الدولہ کے چھوٹے بھائی حسین کو صمصام الدولہ کا لقب دیکر رسمی طور پر برائے نام تخت حکومت پر بٹھا دیا،

(بقیہ حاشیہ ص ۴۱۱) ج ۴ ص ۲۱ و ابو الفدا ج ۲ ص ۹۰، ابن اثیر کے نسخہ مین افریقی فوج کے مقتولین کی تعداد ۷۰ ہزار مکتوب ہے، لیکن یہ نسخہ کا اختلاف ہے "ثلثمایۃ" "ثمانمایۃ" ہو گیا، کیونکہ فوج کی مجموعی تعداد صرف ۳۰۰ تھی نویری ابن خلدون اور ابو الفدا مین یہی تعداد ہے، لیکن اماری نے ابو الفدا کے دو نسخون سے نقل کیا ہے، ایک مین ثمانمایۃ اور ایک مین "ثلثمایۃ" ہے [1] ابن خلدون ج ۴ ص ۱۶۲

صمصام الدولہ حسین بن ثقۃ الدولہ کلبی فرمانروائے صقلیہ (۱۲)

۴۲۶ھ/۱۰۳۵ء - ۴۳۱ھ/۱۰۳۹ء

صمصام الدولہ وہ آخری بدبخت کلبی تاجدار ثابت ہوا جس کو ایک دن بھی سکون سے حکومت کرنا نصیب نہیں ہوا جن شورش پسندوں نے اُس کے سر پر تاج رکھا، دارالحکومت پر عملاً وہی قابض ہوگئے، اور عمالِ حکومت کا عزل و نصب اور ہنگامۂ دار و گیر برپا کر دیا، جس سے شہر کے معززین سر چھپاتے پھرنے لگے،

جب دارالحکومت میں یہ فضا پیدا ہوگئی، تو اوروں کو بھی جرأت ہوئی، جو جس صوبہ کا گورنر تھا وہ خود حکمران بن بیٹھا، جسکی معزولی کا پروانہ پہنچا، اوس نے اوس کو ٹھکرا کر خود مختاری کا اعلان کر دیا، یہاں تک کہ بعض شہروں کے حاکموں نے بھی اپنی مطلق العنانی کا اعلان کر دیا، اور کسی کو مرکزی حکومت سے کوئی علاقہ باقی نہیں رہ گیا، ابن اثیر اور عام مورخین لکھتے ہیں:-

"حالات میں عام اضطراب پیدا ہوگیا، رذیلوں کو حکمرانی کا موقع مل گیا، اور ہر شخص اپنے اپنے شہر کا مطلق العنان فرمانروا بن بیٹھا"

سسلیا پر بزنطی قبضہ ایک طرف صقلیہ میں یہ اضطراب انگیز حالات طاری تھے، دوسری طرف اسی اثنا میں قیصر دوم میکائل چہارم (MICHAEL IV) (۱۰۳۴ء تا ۱۰۴۱ء / ۴۲۵ھ تا ۴۳۳ھ) نے اپنے پیشرو بزنطی فرمانروا باسل دوم کی ناتمام آرزو کی تکمیل کرنی چاہی، اور صقلیہ پر حملہ آوری کے لئے مذہب کے نام پر فوج جمع کی، جس میں عیسوی مذہب کے ہر فرقہ کے پیرو شامل ہوئے، اور ایک بڑا اتیار ہوا، جس کا امیر البحر اس عہد کے سب سے بڑے جنرل کپتان جارج مینکس (GEOYGEMANIACES) کو مقرر کیا گیا،

یہ بیزنطی بیڑا ۳۳۰ھ/۹۴۱ء مین مسینا پہنچا، اور انسائیکلوپیڈیا کے مقالہ نگار کے بقول ان حملہ آورون کے اس حملہ کو مسلمانانِ صقلیہ کی باہمی جنگ سے تقویت پہنچی، اور وہ مسینا پر قابض ہو گئے[۱]

صقلیہ پر عیسوی حملہ کا اسی سے آغاز ہوا، اور ممکن تھا، کہ بعد مین بعض دوسرے حالات پیش نہ آجاتے، تو صقلیہ ایک مرتبہ دوبارہ بیزنطی صوبہ بن جاتا، لیکن بعد کے واقعات نے بیزنطی شہنشاہون کی یہ آرزو پوری نہ ہونے دی،

دولتِ کلبیہ کا زوال بارم مین صمصام الدولہ کی تخت نشینی کے بعد حکومت مین جو اختلال و اضطراب پیدا ہو گیا تھا، وہ روز بروز ترقی کرتا گیا، اور ۴۲۵ھ/۱۰۳۴ء سے ۴۳۱ھ/۱۰۳۹ء تک چند سال یہی حالات قائم رہے، اور مظلوم صمصام الدولہ کے بنائے کچھ نہ بن سکی، آخر وہ ساعت بھی آپہنچی کہ دولتِ کلبیہ کا یہ ٹمٹماتا ہوا چراغ بھی گل کر دیا جائے، چنانچہ ۴۳۱ھ/۱۰۳۹ء مین یہ آخری کلبی تاجدار بھی تختِ حکومت سے معزول کر دیا گیا، اور اسی پر دولتِ کلبیہ کا خاتمہ ہو گیا،

صمصام الدولہ معزول ہونے کے بعد خاموش بیٹھ گیا، لیکن دشمنون نے پھر بھی اوس کی جان بخشی نہ کی، اور صقلیہ مین جلد جلد حالات بدلنے کے بعد جب ایک شخص ابن ثمنہ نامی القادر باللہ کے لقب سے تخت پر بیٹھا تو اوس نے خطرات کو مکمل طور پر ختم کر دینے کے لئے صمصام الدولہ کا کام تمام کر دیا، اور اوس کے قتل کے ساتھ ہی خانوادۂ کلبیہ کا چراغ ہمیشہ کیلئے گل ہو گیا،

دولتِ کلبیہ پر ایک نظر

ابو القاسم حسن بن علی بانیِ دولتِ کلبیہ ۳۳۶ھ/۹۴۷ء مین صقلیہ آیا، اور ۴۳۱ھ/۱۰۳۹ء مین صمصام الدولہ نے تختِ حکومت چھوڑا، اس طرح خانوادۂ کلبیہ کو کامل ۹۶ برس تک صقلیہ پر فرمانروائی کرنیکا موقع ملا،

---

[۱] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا جلد ۲۵ صـ۳۳ ہسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۰ ص ۲۴۶ و ۲۵۲ ابن اثیر ج ۸ ص ۱۳۱، ابن خلدون ج ۴ صـ۲۱۰، نہایۃ الارب در اماری صـ۴۴۵، ابو الفدا ج ۲ صـ۹۵، وغیرہ،

دولت کلبیہ صقلیہ پر اوس کی اس ۹۰ سالہ عمر مین متعدد دور گذرے، اس کی بناؤ تاسیس حسن بن علی کے مضبوط ہاتھون سے پڑی، اور اگرچہ اس کے ولایت صقلیہ پر مامور ہونیکے وقت اسکے خاندان کی متوارث حکومت کا کوئی خیال نہین تھا، لیکن اوس نے اپنے اس ثرور رسوخ سے جو اس عہدہ پر فائز ہونے سے پیشتر اوس کو حاصل تھا، اور پھر صقلیہ مین آمد کے بعد اپنی دور اندیشی اور حسن تدبیر سے تمام بغاوتون کے استیصال کرنے اور جنوبی اٹلی مین فتوحات حاصل کرنے سے اوسکی شخصیت صقلیہ اور افریقہ دونون جگہ اس قدر نمایان ہوگئی کہ اوس نے خود صقلیہ مین دولت کلبیہ کی تاسیس کا خواب دیکھا، اور اپنے بجائے اپنے لڑکے احمد کو قائم مقام بنایا، پھر افریقہ پہنچ کر مرکزی حکومت مین رسوخ سے کام لیکر احمد کو صقلیہ کی مستقل ولایت کا پروانہ دلایا، یہ اوس کی وہ پہلی کوششین تھین، جو اس خاندان کی حکومت کو عالم وجود مین لائین، اور اوس کے بعد ابو القاسم کے عہد حکومت تک صقلیہ مین جسقدر کلبی فرمانروا گذرے اونھون نے اس حکومت کی نسبیاً مستوار کین یہی دولت کلبیہ کا دور اول تھا،

پھر اسی عہد کے آخری فرمانروا ابو القاسم کے زمانہ مین خلافت فاطمی کے زیر سایہ حکومت کلبیہ کی مکمل آزادی و خود مختاری تسلیم کرلی گئی جس کے رو سے اب خلفائے فاطمی مصر کو عملاً صقلیہ کے داخلی معاملات مین دخل اندازی کا کوئی حق حاصل نہین رہا، کلبی فرمانروا جس کو چاہتا، ولیعہد نامزد کرتا، اور خلیفہ فاطمی رسماً اوسکی تصدیق کرتا، اور سربرآرائی کے بعد اوس کو صقلیہ کی فرمانروائی کا فرمان بھیج دیتا، اور ادھر فرمانروائے کلبی کا فریضہ تھا، کہ اس حکومت کی نسبت کو خلافت فاطمی کے ساتھ برقرار رکھے صقلیہ کی مسجدون مین جمعہ کے خطبہ مین خلیفہ فاطمی کا نام لیا جائے، اور سالانہ خراج کی ایک متعینہ رقم سال بہ سال صوبہ صقلیہ سے مرکزی حکومت کو دیجائے،

ابو القاسم کے بعد اس حکومت کا دوسرا دور شروع ہوا، جو تاج الدولہ جعفر کے نصف اول عہد حکومت تک قائم رہا، فلسفۂ تاریخ مین حکومتون کے رزین عہد سے اون کے دوسرے دور کو تعبیر

کیا گیا ہے، چنانچہ صقلیہ مین بھی یہی دور اپنے اول و آخر دونون دورون سے زیادہ شاندار رہا، تاجدارانِ حکومت کو ہموار کی ہوئی سرسبز و شاداب زمین ملی، امن و اطمینان سے انھین کشت زاری کا موقع ملا، اور تمام سرزمین صقلیہ گہائے زنگارنگ سے لہلہا اوٹھی، حکومت کے تمام شعبے الگ الگ مصروفِ عمل رہے، ملک اپنی اقتصادی و مالی حیثیت سے ترقی کرتا رہا، صقلیہ کی زمین خود زرخیز تھی، جب دولتِ کلبیہ کو اس مین تمدنی آبیاری کا موقع ملا، تو وہ سرزمین یورپ کے ازمنۂ وسطیٰ کی مدنیت کا ایک ایسا اعلیٰ ترین نمونہ بن گئی، جس کی نظیر بجز غرناطہ و قرطبہ کے یورپ کے کسی دوسرے خطۂ ملک مین موجود نہین تھی، فرمانروایانِ کلبیہ نے اپنے اس دورِ وسطیٰ مین صقلیہ کو تمدن کی تمام نیرنگیون سے آراستہ کیا، اور ہر قسم کی تمدنی ترقیان، متمدن نظامِ حکومت کے مختلف شعبون (دارالوزارۃ، دارالکتاب، دیوان الخرج، عدالت و قضا اور دیوان نظر المظالم کا قیام، فرمانروایانِ حکومت کے شاہانہ شان و شوکت، اور لوازمِ شاہی کا اجراء، بادشاہون کے عالیشان خلعات، شاہانہ چتر و جلوس، اور شاہانہ القاب و آداب، اور خطاب کا رواج، علوم و آدابِ قرآن، حدیث، فقہ، کلام، طلب ادب، نحو، شعر و شاعری، اور فلسفہ و حکمت وغیرہ کی ترویج، مدارس کا قیام، علماء و شعراء کا پیشگاہِ حکومت سے شاہانہ عطایا و وظائف، فنون جمیلہ اور خصوصاً فنِ تعمیر کی اعلیٰ ترقیان، صنعت و حرفت کی ترقی و ترویج، اور اسی طرح تجارت کی عام گرم بازاری وغیرہ اسی عہد مین معراجِ کمال پر پہنچین، جن کا اصل مرقع کتاب کی دوسری جلد مین نظر آئے گا،

نیز اسی عہد سے قدرۃً فرمانروایانِ کلبیہ کے عیش و عشرت کا زمانہ آیا، اور اس کے نتیجہ کے طور پر شاہی خاندان کی مجمعیت مین بھی فرق آگیا، اور تاج الدولہ کے بھائی علی کی فوج کشی سے فتنہ کا دروازہ کھل گیا، اور وہی دولتِ کلبیہ کے زوال کا دیباچہ بنا، اور حکومت مین روز بروز اضمحلال آتا گیا، تاج الدولہ نے قبائل بربر کی جلا وطنی، اور موالی کے قتلِ عام سے خود اپنے ہاتھون حکومت کی بنیاد کھوکھلی کر دی، کیونکہ اگرچہ وہ حضریت و تمدن سے آشنا تھے، لیکن اون کی بدویت

کا جو جبلی فطرت تھی، اقتضا یہی تھا کہ وہ بدویت و حضریت کے سلسلہ ارتقا کے درمیان مین رکھے جائین، اور وہ فوجی خدمات تھے، اور اسی لئے ان کی فطری بسالت و شجاعت کا سکہ پورے صقلیہ پر جما ہوا تھا جو حکومت کے رعب و داب اور اقتدار قائم کرنے مین نہایت معاون تھا، علاوہ ازین بربریون کو یہان ہر دلعزیزی بھی حاصل تھی، اس لئے ان کے استیصال سے عام باشندگان صقلیہ کے رجحانات تاج الدولہ کی طرف سے بدل گئے، اس لئے جب بانافی کے جور و استبداد کا بہانہ ہاتھ آیا، تو بغاوت کی آگ پوری قوت سے بھڑک اوٹھی، اور تاج الدولہ کو حکومت سے دستبردار ہونا پڑا،

چنانچہ نویری نے انھی بربریون کی جلاوطنی کو تاج الدولہ جعفر کی معزولی کا اصل سبب قرار دیا ہے، وہ لکھتا ہے:-

وادی ذالك الی وثوب اهل	اور اس جلاوطنی کا) کا اثر یہ پڑا کہ لوگ
صقلیه به (تاج الدوله)	تاج الدولہ جعفر پر آیندہ چل کر ٹوٹ
واخراجه[1]	پڑے، اور اوس کو حکومت سے دستبردار کیا،

تاج الدولہ جعفر کی دستبرداری کے بعد ممکن تھا کہ تائید الدولہ احمد الاکحل معاملات کو سنبھال لیتا، مگر اوس کے ناخلف لڑکے جعفر نے اپنی بے راہروی سے فتنہ کو دوبارہ جگا دیا، اور پھر تائید الدولہ بھی اپنے لڑکے کی حکمت عملی کی حمایت مین آگیا، اور خود نہایت ناروا طرز عمل اختیار کر کے اپنی قبر آپ کھودلی، تائید الدولہ کے بعد دولت کلبیہ کی آخری تلوار نیام سے نکلی، اور عصام الدولہ سریر آرائے حکومت ہوا، لیکن یہ تلوار بھی دولت کلبیہ کے ہواخواہون کے بجائے اوس کے بدخواہون کے ہاتھ لگ گئی، اونھون نے اس کی آزمایش کے بغیر اوس کو کمر سے اوتار کر پھینک دیا، اور عصام الدولہ کے تخت سے اوترتے ہی دولت کلبیہ کا آفتاب اقبال غروب ہو گیا،

---

[1] نہایۃ الارب فی اخبار البربر ص ۴۴۲،

کلبیین کے لئے یہ مایۂ ناز و افتخار ہے، کہ انھین کا وہ عہد زرّین تھا، جس مین صقلیہ نے تہذیب و تمدّن کا حقیقی درس حاصل کیا، اور پھر اوس نے یورپ کے ایک بڑے حصّہ کو تہذیب و تمدّن کا سبق سکھایا، اس لئے اگرچہ کلبیین کو زوال آ گیا، تاہم صقلیہ مین اون کی پھیلائی ہوئی روشنی سے یورپ صدیون تک اُجاگر رہا،

طوائف الملوکی،

۴۳۱ھ / ۱۰۳۹ء - ۴۴۴ھ / ۱۰۵۲ء

دولت کلبیہ کے زوال کے بعد جیسا کہ گذر چکا ہے صقلیہ مین عام طور سے طوائف الملوکی پھیل گئی، جو شخص جس صوبہ کا گورنر یا حاکم تھا، وہین اوس نے اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا،

جزیرہ مین بیزنطی فتوحات اور اُن کا خاتمہ

انھی دونون جزیرہ مین بیزنطی جنرل منیکس کے حملے شمالی صقلیہ مین جاری تھے، اوس کو یہان کے دورِ اختلال سے فائدہ پہنچا، اور اوس نے ۴۲۹ھ / ۱۰۳۸ء سے ۴۳۴ھ / ۱۰۴۲ء تک مین میسینا، سرقوسہ، اور بعض دوسرے اہم مقامات پر قبضہ کر لیا، اس قبضہ اور استیلا مین بعض شہرون کے مسلمان حاکمون نے بھی اوس کی امداد کی،

لیکن ان بیزنطی فتوحات کا دائرہ سرقوسہ کے مضافات سے آگے نہین بڑھا جب مختلف مسلمان حاکم اپنی اپنی جگہ اوٹھ کھڑے ہوئے، تو وہ ۴۳۴ھ / ۱۰۴۲ء مین بیزنطی لشکر کو جزیرہ سے نکالنے مین کامیاب ہو گئے،[1]

دارالحکومت مین ایک ہنگامی حکومت

جزیرہ مین صمصام الدولہ کے معزول کئے جانے کے بعد حالات یہ پیش آئے کہ اولاً چند دنون خاص دارالحکومت بلرم مین کوئی ذمہ دار حکومت قائم نہین ہوئی کچھ دنون کے بعد بلرم کے معززین و شرفا ایک ذمہ دار حکومت کے قیام کی کوششون مین کامیاب ہوئے،

---

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۵ ص ۲۲ طبع یازدہم واسٹوری آف دی نیشنس ج ۳۰ ص ۳۴۶،

اور بلرم مین ایک نام نہاد ہنگامی حکومت کی بنیاد ڈال دی گئی، جس کی سب سے نمایان خصوصیت یہ تھی، کہ اس مین کسی شخصی واحد کو فرمانروا تسلیم نہین کیا گیا، بلکہ حکومت کی زمام اجتماعی اور مشترکہ طور پر ان سب کے ہاتھون مین رہی یا یون کہا جائے کہ بلرم کے ذمہ دار شہریون کی مجلسِ شوریٰ حکومت کی قائم مقام بنی[۱]

ملک مین عام طوائف الملوکی

لیکن جب مختلف صوبون اور شہرون کے با اقتدار حکمران دولتِ کلبیہ سے اپنی بغاوت کا اعلان کر چکے تھے، تو وہ اس نام نہاد حکومت کی اطاعت پر کیون آمادہ ہوتے، اس لئے جسے جہان موقع ملا، اوس نے اپنے ارد گرد کے شہرون پر قبضہ کر لیا، اور الگ الگ ایک ایک خود مختار حکومت قائم کر لی اور حسب ذیل حکومتین اپنی اپنی مطلق العنانی کے ساتھ قائم ہو گئین،

شمار	نام حکمران	حدود حکومت
(۱)	شرفائے بلرم	بلرم اور اوس کے مضافات،
(۲)	قائد عبداللہ بن منکوت	مازر، طرابنش، شاقۃ مرسی علی مع مضافات،
(۳)	علی بن نعمۃ المعروف بابن حواس	قصریانہ، جرجنت، قصر نوبو مع مضافات،
(۴)	محمد بن ابراہیم بن ثمنہ	سرقوسہ مع مضافات،
(۵)	ابن الکلاعی	قطانیہ مع مضافات[۲]

ان کے علاوہ بھی جو جو قابلِ ذکر مقامات تھے وہ خود مختار ہو گئے، جن مقامات پر کسی خاص حکمران

[۱] نہایۃ الارب دراماری ص ۴۴۵، [۲] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳۰، نہایۃ الارب دراماری ص ۴۴۵، ابوالفدا ج ۲ ص ۸۰، ابن خلدون کے دونون نسخے جہان پر ان متغلبین کا ذکر آیا ہے ناقص ہین، اس لئے اس کی طرف رجوع نہ کرنا چاہیے، اور نہ یہ سمجھا جائے کہ ان مورخین اور ابن خلدون مین کوئی اختلاف ہے، بلکہ ابن خلدون کی متن غائب ہو گئی جس سے اس کی عبارت خبط اور بیان متضاد ہو گیا ہے،

کو اقتدار حاصل نہین ہوا، وہان اگر مسلمانون کی آبادی غالب تھی تو اون کا اجتماعی اقتدار قائم رہا، اور اگر عیسائی زیادہ تھے، تو وہ اُن کے مالک بن بیٹھے، کسی کو کسی سے کوئی سروکار نہین رہا،

خانہ جنگی ان خود مختار ردول خمسہ کے قیام کے بعد ان کی باہمی خانہ جنگی کا آغاز ہوا، اور ہر کمزور پر قوی کی نگاہ حرص پڑنے لگی، اور انھی حریفون کی باہمی نبرد آزمائی کا سلسلہ شروع ہوگیا،

ابن ثمنہ کا اقتدار بلرم پر اور مرکزی حکومت کی تشکیل چنانچہ ان متغلبین مین سے حاکم سرقوسہ ابن ثمنہ آگے بڑھا، اور بلرم کی طرف پیشقدمی کی اور اس لئے کہ یہان کسی شخص واحد کا قبضہ نہ تھا، علاوہ ازین دار السلطنت پر قبضہ کر لینے کے بعد دوسری چھوٹی چھوٹی ریاستون پر پیشقدمی کرنے کا ایک بہانہ ہاتھ آجاتا کہ صقلیہ کی تمام حکومتون کو مرکزی حکومت کا مطیع و منقاد رہنا چاہیے،

بلرم کی ہنگامی حکومت پر رفتہ رفتہ یہان کی فتنہ پرداز جماعت قابض ہو چکی تھی، اوس نے ابن ثمنہ کا خیر مقدم کیا، نیز شرفائے بلرم نے بھی کوئی مزاحمت نہین کی، کہ ممکن ہے ابن ثمنہ اپنی طاقت سے صقلیہ مین کوئی مضبوط و مرکزی حکومت قائم کرنے مین کامیاب ہوجائے، اور پورے صقلیہ کو پہلے کی طرح مطیع و منقاد بنالے، اس لئے ابن ثمنہ بلرم پہنچتے ہی یہان کا جائز فرمانروا تسلیم کر لیا گیا،

ابن ثمنہ نے بلرم پر قبضہ کرنے کے بعد **القادر باللہ** کا لقب اختیار کیا، یہ گویا اس امر کا اعلان تھا کہ وہ فرمانروایان کلبیین کی جگہ تخت حکومت پر بیٹھا ہے، اب صقلیہ کی جس قدر دوسری ریاستین ہین، ان کے فرمانروا ایک متغلب کی حیثیت رکھتے ہین،

صمصام الدولہ کا قتل ابن ثمنہ نے استحکام حکومت کے لئے آخری معزول کلبی تاجدار صمصام الدولہ کو راہ سے ہٹا دینا مناسب سمجھا، کہ مبادا پھر کوئی پانسہ پلٹ جائے، چنانچہ جیسا کہ بتایا جا چکا ہے صمصام الدولہ ابن ثمنہ کے حکم سے قتل کر دیا گیا،

اس کے بعد اوس نے اجتماعی حکومت قائم کرنے کے لئے عملی قدم اوٹھایا، اون خود سر ریاستون مین

سے قطانیہ کا حکمران ابن الکلبی سب سے کمزور تھا، اس لئے ابن ثمنہ نے اولاً اسی طرف رُخ کیا، ابن الکلبی نے مقابلہ کیا، لیکن پیش نہ پاسکا، لڑائی میں مارا گیا، اوس کے قتل کے بعد صوبہ قطانیہ کا الحاق بھی اس نام نہاد مرکزی حکومت سے ہوگیا،

اب صقلیہ میں تین متوازن طاقتیں علیحدہ علیحدہ ہوگئیں، ابن ثمنہ بلرم سرقوسہ اور قطانیہ کا فرمانروا تھا، ابن حواس قصریانہ اور جرجنت کا حکمران، اور ابن منکوت مازر طرابنش، شاقہ، اور مرسی علی پر قابض تھا، ابن ثمنہ کی دلی آرزو تو یہی تھی کہ وہ پورے جزیرہ پر حکمرانی کرتا، لیکن یہ دونوں موخرالذکر حکومتیں ایسی تھیں کہ ان کا بھی خاتمہ کردیا جائے اس لئے اوس نے اپنی روش بدلی، اور ان دونوں سے مساویانہ تعلقات پیدا کرنا چاہے، لیکن ابن الکلبی کے قتل کے بعد ایک دوسری دشواری بھی پیش آگئی تھی، یعنی ابن الکلبی اور ابن حواس میں مصاہرانہ تعلقات قائم تھے، اور ابن حواس کی حقیقی بہن میمونہ ابن الکلبی کے حبالۂ عقد میں تھی،

اس لئے ابن ثمنہ کو ابن حواس کی طرف سے جارحانہ پیش قدمی کا قدرۃً خطرہ پیدا ہوگیا، اسلئے ابن ثمنہ نے دوراندیشی سے کام لیا، اور میمونہ کا زمانۂ عدت ختم ہوتے ہی ابن حواس کے پاس عقد کا پیغام بھیج دیا، ابن حواس نے بھی ملک کے امن وامان کے لئے اوس کو مناسب خیال کیا، اور میمونہ ابن ثمنہ کے حبالۂ عقد میں داخل ہوگئی،[1]

جزیرہ میں امن وامان ابن ثمنہ اور ابن حواس کا یہ جدید رشتہ جزیرہ کے فرمانرواؤں کے لئے رشتۂ اتحاد ثابت ہوا، ابن ثمنہ کی برتری تسلیم کرلی گئی، بلرم کی مسجدوں میں اوس کے نام کا خطبہ پڑھا جانے لگا، اور ملک میں ہر طرف امن وامان قائم ہوگیا،

متقیہ کا خلافت فاطمی سے انتساب علاوہ ازیں چونکہ صقلیہ کے یہ سب فرمانروا دولت کلبیہ کے عہد کے گورنر اور

[1] ابن خلدون ج ۴ ص ۱۰۲ و نہایۃ الارب در اماری ص ۴۴۶،

حاکم شہر تھے، اس لئے مذہباً شیعی تھے، اسی لئے قیام امن وامان کے بعد اُن کے تعلقات خلیفۂ فاطمی مصر سے بدستور سابق قائم ہوگئے، اور صقلیہ سے دولت کلبیہ کے زوال کے بعد خلافت فاطمی کا انتساب قائم رہا[1]

ایک خانگی اختلاف اور خانہ جنگی

صقلیہ مین چند سال تک امن وامان قائم رہا، یہان تک کہ چند سال گذرنے کے بعد ایک اتفاقی واقعہ پیش آتا ہے، اور ابن حواس اور ابن ثمنہ جس کڑی سے باہم ملے تھے، وہ ٹوٹ جاتی ہے، اور اسی سے ان دونون فرمانرواؤن کا رشتۂ اتحاد بھی ٹوٹ جاتا ہے،

وہ اتفاقی واقعہ ۴۴۴ھ/۱۰۵۲ء مین پیش آیا، ایک دن میمونہ اور ابن ثمنہ مین کسی بات پر باہمی تنکر رنجی ہوئی، اور سخت کلامی کی نوبت آگئی، میمونہ بھی درشت الفاظ مین جواب دیتی گئی، اس وقت ابن ثمنہ شراب کے نشہ سے مخمور تھا غیظ وغضب مین ہوش سے گذر گیا، اور طیش مین اسکے دونون ہاتھ کی فصد کھولوادی کہ اوسکی زندگی کا خاتمہ ہوجائے، میمونہ کے ہاتھون سے خون کا فوارہ جاری ہوگیا، اور ابن ثمنہ اوس کو اسی حال مین چھوڑکر باہر چلا گیا، اتفاق سے ابن ثمنہ کے لڑکے ابراہیم کو واقعہ کی خبر ہوئی، وہ دوڑا ہوا خود پہنچا، اور اطبا کو بلاکر علاج کرایا، اور وہ صحتیاب ہوگئی،

جب صبح ہوئی، تو ابن ثمنہ ندامت وانفعال سے عرق عرق تھا، میمونہ سے اپنے کئے کی معذرت چاہی، کہ رات کو جو کچھ گذری وہ نشہ کی بے اعتدالی تھی، میمونہ بہ ظاہر اوسکی جانب سے صاف ہوگئی، اور دونون مین تعلقات خوشگوار ہوگئے،

لیکن میمونہ کا دل صاف نہین ہوا، اوس نے کچھ دنون مغالطہ دیکر مکے جانے کی خواہش کی، ابن ثمنہ نے اہتمام سے تحائف کے ساتھ اوس کو رخصت کیا، اوس کے بعد اوس نے گھر پہنچ کر تمام واقعات کی دردانگیز تفصیل اپنے بھائی ابن حواس کے سامنے بیان کی، وہ سنتے ہی آگ بگولا ہوگیا، اور قسم کھا بیٹھا، کہ

[1] اگرچہ اس کا تصریحی ذکر کہین نظر نہین آیا، لیکن آیندہ ۴۶۳ھ کے سلسلۂ واقعات سے پتہ چلتا ہے، کہ اوس وقت یہ سلسلہ قائم رہا، جس کا ذکر آیندہ صفحات مین آئے گا،

اب میمونہ کو ابن ثمنہ کے پاس کبھی جانے نہ دیگا، چنانچہ کچھ دنوں کے بعد جب ابن ثمنہ کے آدمی میمونہ کو لیجانے کے لئے قصریانہ پہنچے تو اوس نے رخصت کرنے سے انکار کردیا، اور وہ لوگ بلرم واپس چلے گئے،

اسی خانگی اختلاف سے صقلیہ مین خانہ جنگی کا دوبارہ آغاز ہوتا ہے، ابن ثمنہ جوش غضب مین اپنی فوجین لے کر قصریانہ کی دیوار کے نیچے کھڑا ہوگیا، ابن حواس نے شہر سے نکلکر مقابلہ کیا، قصریانی لشکر غالب آیا، اور ابن ثمنہ نے قطانیہ کی طرف راہ فرار اختیار کی، ابن حواس نے تعاقب کیا، اور قطانیہ کے قریب پہنچتے پہنچتے اوسکی بقیۃ السیف فوج کا بھی خاتمہ کردیا، ابن ثمنہ جان بچاکر مسینا مین داخل ہوگیا،[۵]

ابن ثمنہ کی نارمنون سے امداد

اس جنگ مین ابن ثمنہ کی ساری فوجی قوت کا خاتمہ ہوگیا، اس مین ایسی صلاحیت باقی نہین رہی کہ ابن حواس کا مقابلہ کرتا اس لئے اپنی امداد کیلئے اوس نے اپنی اور سارے جزیرہ کی بدبختی سے نارمنون کی بڑھتی ہوئی طاقت کو پشت پناہ بنانے کا فیصلہ کیا جنھون نے صقلیہ پہنچکر اس طوائف الملوکی کا خاتمہ کیا، اور سارے جزیرہ مین ہمیشہ کے لئے مسیحی علم بلند کردیا،

---

[۵] نہایۃ الارب در اماری صہ ۴۴۶، ابن اثیر ج ۱۰ صہ ۱۳۱ و ابن خلدون ج ۴ صہ ۲۱۰ وغیرہ،

نارمنی فتنہ

اور

صقلیہ مین اسلامی سلطنت کا خاتمہ

۴۴۴ھ / ۱۰۵۱ء - ۴۸۴ھ / ۱۰۹۱ء

نارمن ناروے کے اصل باشندے ہین، ناروے سے لوٹ مار کے لئے نکلے، رفتہ رفتہ فرانس پہنچے، ان کا پہلا حملہ شارلیمن کے عہد مین ہوا، دوسرے حملہ مین اونھون نے پیرس کا محاصرہ کیا، اور اسی مین اونھین برگنڈی دے دیا گیا،

الغرض نارمنون نے دسوین صدی عیسوی کے آغاز سے یورپ مین اپنا سیاسی وجود تسلیم کرایا اور ۹۱۲ء کی ایک صلح کے رو سے دریائے سین کے دونون جانب کی زمین فرانسیسی بادشاہ چارلس دی سمپل سے حاصل کی اور رولف دی گنجیر (۹۱۱ء - ۹۲۷ء / ۲۹۹ھ - ۳۱۵ھ) کی سرداری مین ایک باجگذار ریاست نارمن یا نارمنڈی قائم ہوئی، رولف نے یورپ سے اختلاف پیدا کرنے کیلئے اپنے قدیم بت پرستانہ وحشیانہ مراسم کو ترک کرکے عیسائیت قبول کرلی اوس کو اسطباغ دیا گیا، اور شاہی خاندان کی ایک لڑکی اس کے عقد مین دی گئی لیکن اس کے باوجود نارمن اپنے قدیم پیشہ قزاقی، غارتگری اور بہزنی کو ترک نہ کرسکے، اور آیندہ چلکر خود فرانس اور نارمنڈی مین بھی خوشگوار تعلقات قائم نہین رہے،

ان لوگون نے اپنے اسی پیشۂ قزاقی کے ماتحت، قریب قریب زمانون مین یورپ کے مختلف

حکمون کا رُخ کیا، اُن مین سے ایک گروہ نے جو یہان کے ڈیوک ولیم کی سرکردگی مین تھا، انگلستان پر چھاپا مارا، اور اوسی نے انگلستان مین ایک عظیم الشان سلطنت قائم کی، اور ولیم فاتح کے نام سے تخت نشین ہوا، اسی طرح نارمنون کا دوسرا گروہ گیارہوین صدی عیسوی سے بحر روم پر چھاپے مارنے لگا، اور رفتہ رفتہ یہان کی اسلامی حکومتون کو برباد کر ڈالا،[1]

نارمن اٹلی مین | نارمن عیسائیت قبول کر لینے کے بعد یروشلم کی زیارت کیلئے بحر روم مین بہ کثرت آنے جانے لگے، اور اپنے اسی مذہبی سفر مین اپنے آبائی پیشہ تراقی سے بھی فائدہ اوٹھاتے رہے، اسی زمانہ مین اتفاقی طور پر ایک نارمن جہاز ۱۰۱۶ء مین اٹلی پہنچا، اور جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے، ان نارمنون نے اٹلی کی ریاست سلرنو مین ملازمت اختیار کی، اسکے بعد اون کے اسلامی آبادیون کو لوٹنے پھر مال غنیمت لیکر نارمنڈی واپس جانے اور وہان سے جوق در جوق اٹلی آنے، اور یہان مستاجر سپاہ بنکر جنوبی اٹلی کی اسلامی ریاست اور اسلامی نوآبادیون کو پامال کرنے کا تذکرہ اپنی اپنی جگہ اوپر گذر چکا ہے،

اسکے بعد اون لوگون نے اٹلی مین عظمت و شوکت حاصل کر لی، اور چند ہی دن مین اپنی جرأت و ہمت سے اپنا سیاسی وجود جنوبی اٹلی کی انھی ریاستون سے تسلیم کرا لیا جن کی ملازمت سے وہ وابستہ تھے، چنانچہ تقریباً ۱۰۳۰ء مین نیپلز کے حاکم نے مقام اورسا اونھین جاگیر کے طور پر دے دیا، اور پھر اون لوگون نے چند اسلامی نوآبادیون پر قبضہ کیا، اور کچھ دوسرے علاقے بھی اون کے زیر اقتدار آئے، اور ایک مختصر حکومت کی داغ بیل ڈال دی، اور ۱۰۵۳ء مین پوپ لیو نہم پر حملہ آور ہو کر اوس کو گرفتار کر لیا، اور پھر اوس سے خطا معاف کرا کر نارمن حکومت کی تصدیق کی تحریری سند حاصل کر لی،

رابرٹ گوسکارڈ | اسی اثنار مین نارمنڈی مین وہان کے ڈیوک اور طبقہ نائٹ کے معززین مین کچھ باہمی ناچاقی ہوئی، اور اون لوگون نے ڈیوک کی متشددانہ حکومت کی تاب نہ لا کر نارمنڈی سے ہجرت کی،

[1] اسٹوری آف دی نیشنس (نارمنس) ج ۲۹ و تاریخ انگلستان جان رچرڈ گرین ج ا ترجمہ شایع کردہ جامعہ عثمانیہ ۱۵۲ھ تا ۱۶۳ھ،

انھی مین ایک اولوالعزم شخص رابرٹ گوسکارڈ تھا، اوس نے اٹلی پہنچ کر نارمنون مین ہر لعزیزی پیدا کی اور کچھ دنون کے بعد اٹلی کے نارمنون کا سردار بن گیا،

خاندان ہاٹول رابرٹ گوسکارڈ ایک نارمن خاندان ہاٹول (HAUTEVILLE) مین سے تھا، رابرٹ کے برسر اقتدار آجانے سے نارمنون مین اس خاندان کو امتیاز حاصل ہوگیا، اوران مین سے چھ اولوالعزم شجاع ایسے گذرے جو ایطالیہ وصقلیہ کے نارمن کارنامون کے اساسی بنیاد ہین خصوصًا رابرٹ اوراس کے چھوٹے بھائی راجر نے بہترین کارنامے انجام دئے اور خصوصًا آخرالذکر قائد راجر نے ایشیا و یورپ کی صلیبی لڑائیون کی ایسی مستحکم بنیاد ڈالی جس نے آخر یہ امر واقعہ ہے کہ مغرب اور مصر و شام کی اسلامی حکومتون کے قصر اقتدار کو متزلزل کردیا،[1]

راجر اول راجر اول ٹینکریڈ آف ہاٹول کا سب سے چھوٹا لڑکا تھا، ۱۰۳۱ء/۴۲۳ھ مین پیدا ہوا، ابن شعور کے بعد جنوبی اٹلی آیا، اور اپنے بڑے بھائی رابرٹ گوسکارڈ کے کلبریہ کے حملون مین اوس نے نمایان کارنامے انجام دئے اور کچھ دنون کے بعد ان فتوحات مین وہ مارکانہ حیثیت سے برابر کا حصہ دار تسلیم کرلیا گیا،[2]

نارمنون کو صقلیہ پر حملہ آوری کی دعوت، اسی زمانہ مین مسینا کے عیسائیون نے مسلمانون کی خانہ جنگیون سے فائدہ اوٹھانا چاہا، اور نارمنون کو صقلیہ پر حملہ آوری کی دعوت بھیج دی، لیکن ابھی گفت و شنید مکمل نہین ہونے پائی تھی، کہ ۱۰۵۴ء/۴۴۶ھ مین ابن ثمنہ ابن حواس سے شکست کھانے کے بعد نارمنون سے امداد حاصل کرنیکے لئے کلبریہ روانہ ہوا، اور ملیطو پہنچ کر صقلیہ پر حملہ آوری کی استدعا پیش کی،

نارمن والی کلبریہ رابرٹ گوسکارڈ نے صقلیہ کے معاملات کو راجر کے سپرد کیا، اور راجر ہی نے ابن ثمنہ سے گفت و شنید شروع کی، کہ اگر صقلیہ پر حملہ آوری طے پاگئی، تو اسی کی سرکردگی مین یہ مہم

---

[1] تاریخ عرب الیوتھیچ حصہ اول شایع کردہ جامعہ عثمانیہ، صفحہ ۱۵ و تاریخ اہل انگلستان ج ۱ (ترجمہ شایع کردہ جامعہ عثمانیہ ۱۹۱۶ء) و اخبار الاندلس ج ۲ صفحہ ۵۵، [2] انسائیکلوپیڈیا ج ۲۳ صفحہ ۴۵۳: (راجر)

انجام پائے گی،

راجر کا پس وپیش اور ابن ثمنہ کی طمانیت دہی

لیکن راجر صقلیہ کی اسلامی حکومت کی عظمت وسطوت سے آگاہ تھا، کیونکہ صقلیہ کی یہ سو صد سالہ اسلامی حکومت سے ارض کلبریہ کے چپہ چپہ پر اسلامی عظمت وسطوت کا سکہ جما ہوا تھا،

آج سے کچھ دنون پیشتر شہنشاہ اوتھوم نے صقلیہ پر ایک مرتبہ دندان آز تیز کئے، اور اپنی مجرمانہ جرأت کا سبق آموز مزہ چکھ کر اپنے کیفر کردار کو پہنچ چکا تھا، پھر احمد اکحل اپنی پریشان حالی کے باوجود ایک سے زیادہ مرتبہ خود ان وحشی وقزاق نارمنون پر غالب آچکا تھا، اس لئے مسلمانان صقلیہ کی بسالت وشجاعت اور جنگی کارنامون سے نارمن اس قدر مرعوب تھے کہ اونھین صقلیہ پر جارحانہ حملہ آوری کی جرأت نہین ہوئی، اور اون لوگون نے ابن ثمنہ کی درخواست کا یہ جواب دیا:-

"وہان بہت بڑی فوج ہے، جس کے مقابلہ کی قوت ہم مین موجود نہین"

ابن ثمنہ نے نارمنون کی اس غلط فہمی کو دور کیا، اور اپنے وطن کی پردہ دری کرکے اون سے کہا

"اب اہل صقلیہ اپنی خانہ جنگیون مین مصروف ہین، علاوہ ازین ملک کا ایک حصہ میرا مطیع وفرمانبردار اور میرے ہر حکم کے امتثال کے لئے تیار ہے"

راجر ابن ثمنہ کی گفتگو سے مطمئن ہوگیا، اور فوج کو اپنی کمان مین لیکر دشمن وطن ابن ثمنہ کی رہبری مین بماہ رجب ۴۴۴ھ / ۱۰۵۲ء مین کلبریہ سے صقلیہ روانہ ہوگیا،[۵]

[۵] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳۲، ابن خلدون ج ۴ ص ۲۱۱ نہایۃ الارب در اماری ص ۴۷، کتاب المونس، ص ۸، ابوالفدا ج ۲ صفحہ ۲۲۱،

اس موقع پر عرب اور یورپین مورخین مین اختلاف ہے، تمام یورپی مورخین صقلیہ پر نارمنون کا سب سے پہلا حملہ ۱۰۶۱ء مین لکھتے ہین، جس کے رو سے ۴۵۳ھ ہوتا ہے، لیکن دوسری طرف تمام عرب مورخین صقلیہ پر نارمنون کا

نارمن لشکر

یورپ کے مورخین کا بیان ہے کہ فتح صقلیہ کے لئے راجر کے ہمرکاب جو فوج آئی، وہ خالص نارمنوں پر مشتمل نہیں تھی، وہ مخلوط قوموں کی ایک مرکب فوج تھی، جو مسیحیت کے ایک علم کے نیچے جمع ہوگئی تھی لیکن اس فوج کو جن قائدوں کی سرکردگی حاصل تھی، ان کے انتساب سے پوری فوج کو نارمن کہا گیا،[۱]

نارمنوں کے لئے آسانیاں

بہرحال یہ اپنے حسب و نسب کے لحاظ سے نارمن ہوں یا کوئی دوسرے رنگ کی مخلوط النسب گروہ سے تعلق رکھتے ہوں، انھیں صقلیہ کی فتح کیلئے کسی غیر معمولی شجاعت کا جوہر دکھانے کی ضرورت نہیں تھی، اس وقت صقلیہ میں صرف ان کا مسیحی علم ان کی کامیابی کا سب سے بڑا ضامن تھا، کہ صقلیہ کے

(بقیہ حاشیہ ص ۴۲۸) پہلا حملہ ۴۴۴ھ میں لکھتے ہیں، جس کے رو سے عیسوی ۱۰۵۲ء ہوتا ہے، عرب مورخین کا بیان کسی طرح نظر انداز کرنے کے قابل نہیں، اولاً اس لئے کہ سب کے سب تقریباً یہی سال لکھتے ہیں، علاوہ ازیں یہ سنہ اپنے سلسلۂ واقعات کے لحاظ سے اپنے ماقبل و مابعد سنین سے اسقدر مربوط ہے کہ اوسکی تغلیط ناممکن ہے، اسلئے بظاہر یہی نظر آتا ہے کہ یورپین مورخین نارمنوں کے اس حملہ سے ناآشنا رہے، اور اسکے بعد عرب مورخین کے سلسلۂ بیان میں ۴۵۳ھ/۱۰۶۱ء میں جو اون کی سخت یورش ہوئی، اور جس کا تذکرہ آگے آتا ہے یورپین مورخین نے اوسی کو پہلا حملہ قرار دیا، اور یہ بخوبی ممکن ہے کہ اسوقت کلیبریہ سے تازہ دم فوج آئی ہو،

لیکن ہمارے اس تطابق کے پیدا کرنے میں نہایت سخت مایوسی اوس وقت ہوتی ہے جب یورپین ماخذوں کے رو سے رابرٹ گوسکارڈ کا ۱۰۵۹ء/۴۵۱ھ میں والی اپولیا کا جانشین ہونا ثابت ہوتا ہے، (الیور تھیری ص ۱۵۱) اور انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار کا یہ بیان سامنے آتا ہے کہ راجر اول، رمنڈی سے جنوبی اٹلی میں ۱۰۵۶ء کے بعد آیا ہے، ۱۰۵۷ء مطابق ۴۴۹ھ ہے، اس لئے ۱۰۵۲ء/۴۴۴ھ میں اٹلی میں اس کا وجود ہی ثابت نہیں ہوتا، مگر عرب مورخین بغیر التباس یہی لکھتے ہیں ۴۴۴ھ/۱۰۵۲ء میں صقلیہ پر عیسائیوں کا سب سے پہلا حملہ ہوا اور وہ اسی "جارین تنفرد" یعنی "راجر بن ٹنکرڈ" کی سرکردگی میں پیش آیا ہو سکتا ہے کہ آیندہ کوئی ایسا نیا ماخذ دریافت ہو جس سے یہ اختلاف بیان اور تضاد دور ہو جائے، اور اوس سے یا تو کوئی التباس دور ہو کر عرب اور یورپین مورخین کے ان بیانوں میں کوئی صحیح مطابقت پیدا ہو جائے، اور یا اون میں سے کسی ایک کی تغلیط کا حق حاصل ہو جائے، سردست ہم نے محض واقعات کے سلسلہ اور عربی ماخذوں سے اخذ کردہ سنین کے ربط کو قائم رکھنے کیلئے متن میں عرب مورخین کی روایت کو درج کر دیا ہے، [۱] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا (نارمن) ج ۱۹ طبع یازدہم،

عیسائی اون کے استقبال کے لئے چشم براہ تھے، اور صقلیہ کے مسلمان اپنی خانہ جنگیون اور خانہ ویرانیون سے برباد ہو رہے تھے،

سقوطِ مسینا چنانچہ راجر اپنا لشکر ابن ثمنہ کی رہبری مین لیکر براہ راست مسینا روانہ ہوا، اور خلیج مسینا کو راتون رات عبور کر کے ساحل مسینا پہنچا، شہر کے عیسائیون نے خیر مقدم کیا، اور شہر مین داخل ہو گیا، اور نارمنون کیلئے تسخیر صقلیہ کی سب سے پہلی مہم اس آسانی سے انجام پا گئی،

نارمنون کو کمک جب فتح مسینا کی خبر کلیریہ پہنچی تو رابرٹ نے ایک عظیم الشان فوج راجر کے پاس امداد کے لئے روانہ کی،

جزیرہ کے عیسائیون کے دعوت نامے ادھر جب نارمنون کی آمد اور سقوطِ مسینا کی خبر جزیرہ مین پھیلی، تو صقلیہ کے عیسائیون مین بھی مذہبی جوش و خروش تازہ ہو گیا، جہان جہان اون کی آبادی زیادہ تھی، اونھون نے مسلمانون کے خلاف بغاوت کر دی، اور جہان مسلمانون کی آبادی زیادہ تھی، وہان کے عیسائیون نے نارمنون کو خفیہ دعوت نامے بھیج دئے،

صقلیہ کے شمالی علاقہ پر نارمنون کا قبضہ صقلیہ مین عیسائیون کی آبادی زیادہ تر مسینا، قطانیہ اور ان کے اطراف و جوانب مین تھی، اس لئے سقوطِ مسینا کے بعد ان حالات مین ان تمام مقامات پر نارمنون کو بہت جلد تسلط حاصل ہو گیا، اور خصوصاً اس لئے بھی کہ ان اطراف پر ابن ثمنہ نے ابن الکلابی کو قتل کر کے قبضہ کر لیا تھا،

چنانچہ اس کے بعد جب راجر نے مسینا سے کوچ کیا، تو بغیر خون کا ایک قطرہ بہائے وہ نہایت آسانی سے قصریانہ کے پھاٹک تک پہنچ گیا، اور صقلیہ کے شمالی علاقہ کا ایک بڑا حصہ اسکے زیر اقتدار آگیا، نویری نارمنون کے حملۂ صقلیہ کے بیان مین لکھتا ہے:-

فسار معه فی شهر رجب سنة اثنتین وأربعین — راجر ابن ثمنہ کے ساتھ ماہ رجب ۴۴۲ھ مین روانہ ہوا،

واربع مایہ فلم یقوا من یدافعہم — یہان صقلیہ مین کسی نے نارمنون کی مدافعت نہین کی،

واستولوا علی ما مروا علیہ فی طریقہم[1] — اور راستہ مین جتنے مقامات ملتے گئے وہ قبضہ کرتے چلے گئے،

محاصرۂ قصریانہ راجر نے مضافاتِ مسینا پر قابض ہونے کے بعد قصریانہ کا رُخ اسلئے کیا تھا، کہ اوس پر یہ حقیقت بہت جلد آشکارا ہوگئی، کہ پورے جزیرہ کی فتح کا راز ابن حواس والیِ قصریانہ کی شکست مین نہان ہی، اسلئے قصریانہ پہنچ کر اوس کا محاصرہ کرلیا،

ابن حواس مقابلہ کیلئے شہر سے باہر نکلا، دونون فوجون مین مقابلہ ہوا لیکن وہ نارمنون کے حملون کی تاب نہ لاسکا، اور قلعہ بند ہوکر بیٹھ رہا،

راجر کو سب سے بڑی آزمایش جو کرنی تھی، وہ کرچکا تھا، اوسکو ابن حواس کی قوت کا پورا اندازہ ہوگیا کہ کھلے میدان مین وہ کس قدر فوجی طاقت کی نمایش کرسکتا ہی اسلئے اب قصریانہ کی سرفلک سنگی فصیل کے محاصرہ مین وقت ضایع کرنا بے سود سمجھا، اور محاصرہ اوٹھالیا،

اس کے بعد راجر نے یہان کی فتوحات مین ایک دوسری روش اختیار کی یعنی یہان طوائف الملوکی کے بعد یہان کے اکثر شہر اور قلعے اپنے نگہبانون سے خالی پڑے تھے اون پر قبضہ کرکے صلیبی علم لہرائے،

اس قبضہ و استیلا مین سارا جزیرہ اون کا جو لانگاہ بن گیا، اس زمانہ مین غلون کے کھیت تیار تھے باغ بھی پھلون سے لدے تھے، وحشی نارمنون نے اونھین لوٹ لوٹ کر سارے جزیرہ مین تہلکہ ڈالدیا، جس سے مسلمانانِ صقلیہ کے دردناک مصایب کا آغاز ہوگیا، اور مسلمانون کے بقول اب عیسائیون نے مسلمانون سے اون مصایب کا جو ابتدا مین اونھون نے اٹھائے تھے انتقام لینا شروع کیا، مسلمانون کیلئے عرصۂ حیات تنگ ہوگیا، اور ان بیچارے اپنے شہرون اور آبادیون سے باہر نکلنا دشوار ہوگیا،

علما و صالحین کی جزیرہ سے ہجرت جب جزیرہ مین ظلم و ستم وحشت و بربریت اور قتل و غارتی کے یہ واقعات لحظہ بہ لحظہ تیزی سے

---

[1] نہایۃ الارب و دلاری ص ۴۴۶ و اخبار الاندلس ج ۲ ص ۵۵، ۵۶،

وقوع پذیر ہونے لگے، اور جزیرہ کے مسلمانوں کی اجتماعی قوت کی پراگندگی سے مدافعت کی بھی کوئی صورت نظر نہیں آئی، تو جزیرہ کے علما، وصالحین نے یہاں سے ہجرت شروع کی، اور مسلمانوں کی ایک بہت بڑی جماعت صقلیہ کی اُمت مسلمہ پر خون کے آنسو بہاتی ہوئی دوسرے اسلامی ملکوں کو ہجرت کر گئی،[1]

دربار افریقیہ سے استمداد

جب صقلیہ کی زبون حالی اپنی انتہا کو پہنچ چکی، تو مسلمانان صقلیہ میں سے چند ستم زدہ المعز فرمانروائے افریقیہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور اپنے درد و دکھ کی کہانی اوسے سُنائی، اگرچہ مسلمانان صقلیہ ایک قریب المعز اور اوسکے لڑکوں کے ساتھ اپنے غدارانہ طرز عمل کا ثبوت دے چکے تھے تاہم یہ وقت ذاتی کدورتوں کا نہیں تھا، المعز نے خندہ جبینی سے مسلمانان صقلیہ کی استدعا قبول کر لی اور ایک عظیم الشان بیڑا تیار کر کے نارمنوں سے جنگ آزمائی کیلئے صقلیہ روانہ کر دیا،

افریقی بیڑے کی غرقابی

لیکن قضا و قدر کا فیصلہ برعکس تھا، یہ بیڑا جزیرۂ قوصرہ کے قریب پہنچا تھا کہ سمندر کے تھپیڑوں میں گرفتار ہو گیا اور جہاز ایک ایک کر کے غرقاب ہونے لگے، یہاں تک کہ پورا بیڑا غرقاب ہو گیا، صرف چند آدمی مشکلوں سے اپنی جان بچا سکے، یہ صرف ایک افریقی بیڑے کی تباہی نہیں تھی، بلکہ مسلمانان صقلیہ کا ستارۂ صبح سامنے جھلملا کر نظروں سے اوجھل ہو گیا، اور مسلمانان صقلیہ کا آخری نوشتہ پورا ہوا، اب ان کی تمام توقعات خود انہیں کی ذات سے وابستہ رہ گئیں، کیونکہ اس وقت عالم اسلامی میں جو چند حکومتیں اُن کی امداد کر سکتی تھیں، وہ خود اپنی خانہ جنگیوں اور باہمی منافشوں میں ایسی مصروف تھیں، کہ صقلیہ کی اس عالم نزع میں آئی ہوئی اسلامی حکومت کی کوئی امداد نہیں کر سکتی تھیں چنانچہ لسان الدین محمد بن الخطیب صقلیہ کی اسلامی سلطنت کے زوال کے تذکرہ میں اجمالاً لکھتا ہے:-

ثم تداول ولایۃ صقلیۃ امراء	پھر صقلیہ کی ولایت اسی خانوادہ (کلبیہ) کے درمیان
من ھذا البیت الی ان انقطع عنھم	منتقل ہوتی رہی - یہاں تک کہ (اسلامی حکومتوں کے)

[1] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳۲، نہایۃ الارب در اماری ص ۴۷۴ و اخبار الاندلس ج ۲ ص ۵۶،

امد اد المسلمین لاشتغال کل جھۃ بما یخصھا من الفتن (دریا وگاری ج ۱ ص ۴۸۱)

مسلمانون کی امدادون سے منقطع ہوگئی کیونکہ تمام اطراف (وممالک) اپنے اپنے فتنون مین مشغول تھے

اس لئے صقلیہ کی جو کچھ توقعات تھے، وہ اسی صنہاجی حکومت افریقیہ سے تھے، اگرچہ وہ اس وقت بدقسمتی سے ایسے حالات مین گھری تھی، کہ اگر المعز مسلمانان صقلیہ کی درخواست اپنی مجبوریون کے باعث مسترد کردیتا تو بھی قابل الزام نہ ٹھہرایا جاتا، تاہم اوس نے اپنی اسلامی ہمدردی کا ثبوت دیا، لیکن اب اس بیڑے کی غرقابی کے بعد وہ بھی بے دست وپا ہوگیا، اس کی وجہ سے اوس کو گوناگون مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، اور صقلیہ مین بھی نارمنون کا سیلاب نہایت تیزی سے آگے بڑھا، چنانچہ ابن اثیر اور نویری اس بیڑے کی بربادی پر حسب ذیل متفقہ تبصرہ کرتے ہین:-

وکان ذھاب ھذا الاسطول مما اضعف للمعز وقوی علیہ العرب حتی اخذ والبلاد منہ فقدت حینئذ الفرنج اکثر البلاد (صقلیہ) علی مھل وتودۃ لا یمنعھم احد واشتغل صاحب افریقیہ بما دھمہ العرب ومات المعز سنۃ ثلاث وخمسین و واربعمایۃ:....

اس بیڑے کی بربادی سے المعز بہت کمزور ہوگیا، اور (اوسکی مملکت پر حملہ آور) عرب (جو عبید مین کے فرستادہ تھے) اوس کے شہرون پر قابض ہونے لگے، اور اسی کے بعد اوسی وقت فرنگی (صقلیہ کے اکثر شہرون پر بغیر کسی روک ٹوک کے قابض ہونے لگے جنکو روکنے والا کوئی موجود نہین تھا، کیونکہ فرمانروائے افریقیہ عربون سے برسرپیکار ہوگیا اور پھر وہ ۴۵۳ھ مین وفات پاگیا،

جب صقلیہ مین نارمنون کا راستہ روکنے والا کوئی باقی نہین رہا، تو وہ شہر پر شہر فتح کرتے آگے بڑھے، نیز عجلت کار کیلئے اٹلی سے مزید کمک طلب کی، اور رابرٹ خود اپنی قیادت مین فوج

لیکر مئی ۱۰۶۱ء/۴۵۳ھ مین صقلیہ پہنچا، یورپین مورخین اسی دوسری یورش کو نارمنون کا پہلا حملہ قرار دیتے ہین، اس حملہ مین اونھون نے تقریباً اکثر چھوٹے بڑے قلعون پر قبضہ کرلیا، اوراب مسلمانون کے قبضہ مین صرف چند اہم شہر جرجنت، قصریانہ، بلرم، سرقوسہ، مازر، طراپشی، رغوس اور نوطس وغیرہ باقی رہ گئے، اور اگرچہ اس وقت بھی بلرم مین ایک نام نہاد مرکزی حکومت قائم تھی، تاہم امر واقعہ کے لحاظ سے ان شہرون کی بافتا قوت کا اجتماعی شیرازہ بکھر چکا تھا، اب ہر شہر کے مسلمان انفرادی طور پر اپنے اپنے امیر کی قیادت مین اپنے اپنے شہر کی حفاظت کے ذمہ دار رہ گئے، اور اسطرح نارمنون کیلئے ان کی تسخیر زیادہ آسان ہوگئی،

اٹلی سے دولت اسلامی کا زوال

جب صقلیہ مین مسلمانون کی درماندگی اس عالم مین پہنچ گئی، تو اٹلی کے وہ مسلمان بھی جو ظلم کا نشانہ بنے ہوا بھی تک اٹلی مین قیام پذیر تھے،

اگرچہ کلابریہ سے مسلمانون کی حکومت کا خاتمہ ۱۱۴۱ء/۵۳۶ھ مین ہوچکا تھا، تاہم انجیرہ مین مسلمانون کی ایک خود مختار ریاست ابھی تک قایم تھی، اور وہان کا ایک سالی شہر اطرانہ (ٹرانی TARANI) اس کا دارالحکومت تھا، جو مشہور شہر باری سے ۵ میل پر آباد تھا، اطرانہ مین عیسائی اور مسلمان دونون قومین آباد تھین، جب یہان کے عیسائیون کو صقلیہ کے مسلمانون کی پریشان حالیون کا علم ہوا، تو اونھون نے بھی حوصلہ کرکے اسلامی حکومت کے خلاف بغاوت کردی، عیسائیون اور مسلمانون مین کشت وخون ہوا، مسلمان ان مقامی عیسائیون کی بغاوت پر غالب آئے، اور انھین زیر کرکے پھر مطیع بنالیا، لیکن اوس کے بعد فوراً ہی جب یہ خبر نارمنون کو پہنچی، تو اونھون نے فوجکشی کرکے شہر پر قبضہ کرلیا، اور اسی پر اٹلی کی دولت اسلامی کا خاتمہ ہوگیا، یہ واقعہ ۱۰۶۱ء/۴۵۳ھ کے بعد پیش آیا،[۱]

شہر پر نارمنون کے استیلاء کے بعد اٹلی کے مسلمانون کی ایک جماعت وہان سے ہجرت کرکے صقلیہ کے پرامن شہرون مین چلی آئی، کچھ لوگون نے دوسرے اسلامی ملکون کی راہ لی اور کچھ لوگ ایسے

---

[۱] اخبار الاندلس ج ۲ ص ۵۶ ونزہۃ المشتاق ذکر اطرانہ،

بھی تھے، جو وہان سے نکل نہ سکے، اور وہ یا ان کی آئندہ نسل اسلام کے نورِ ہدایت سے محروم کردی گئی،

فرمانروائے افریقہ کی مداخلت

۴۵۳ھ/۱۰۶۱ء کے بعد نارمنون کا سیلاب صقلیہ پر جس زور و شور سے اُٹھا تھا، ممکن تھا کہ اسی رو میں صقلیہ کے وہ اہم شہر بھی اون کے قبضہ میں چلے جاتے، جو ابھی تک مسلمانون کے زیرِ اقتدار رہ گئے تھے، لیکن اچانک فرمانروائے افریقہ تمیم بن المعز کی بروقت مداخلت سے صقلیہ میں پھر چند روز کے لئے سکون و اطمینان قائم ہوگیا،

تمیم بن المعز نے افریقہ کے معاملات کے رو بہ اصلاح آنے کے بعد ایک مرتبہ پھر صقلیہ میں اپنے لشکر کے بھیجنے کا فیصلہ کیا، اور اپنے دو لڑکون ایوب اور علی کی قیادت میں ایک فوج روانہ کی، کہ مسلمان ستم زدگانِ صقلیہ کی عزت و ناموس کی حفاظت کریں، اور ایک اسلامی ملک کو دشمنون کے پنجہ سے نجات دیں،

ان دونون بھائیون نے صقلیہ پہنچ کر فوج کو دو حصون میں تقسیم کیا، ایوب اپنا لشکر لیکر دارالسلطنت بلرم میں قیام پذیر ہوگیا، اور علی ایک حصۂ فوج کو ساتھ لیکر نارمنون کا راستہ روکنے کیلئے جرجنت چلا گیا،

جب ابن حواس کو علی کے جرجنت آنے کی خبر ملی تو وہان کے شاہی محل کو خالی کرا کے علی کے سپرد کرادیا، اور ہدایا و تحایف بھیج کر علی سے اپنی محبت و عقیدت کا اظہار کیا، اور اسکے بعد ایوب بھی بلرم سے منتقل ہوکر یہین چلا آیا، یہان ان دونون بھائیون کو نمایان ہر دلعزیزی حاصل ہوئی، اور یہ لوگ یہان قیام رکھکر ملک کی شیرازہ بندی مین مصروف ہوئے، اور نارمنون کے جوابی حملون کی تیاری کی، اس کا پہلا اثر یہ ظاہر ہوا کہ نارمنون کی پیشقدمی کا سلسلہ ملتوی ہوگیا، اور بقول یورپین مورخین پیشقدمی اور فتوحات کا یہ التوا چند سال تک قائم رہا،

ایک نیا تاجدار

افریقی لشکر کے ورود کے بعد صقلیہ کے حالات کچھ سدھر چلے تھے کہ ایک نیا شاخسانہ نکلا، اور خود مسلمانانِ صقلیہ

کے ہاتھوں مسلمانانِ صقلیہ کے دورِ ابتلا کا دوبارہ آغاز ہوگیا،

ابن حواس علی و ایوب کی بڑھتی ہوئی ہر دلعزیزی کو پاک جذبہ کے ساتھ دیکھ نہ سکا، اور اہلِ جرجنت کو پیغام بھیجا کہ وہ اون سے شہر خالی کرالے، اس فسادِ ان کی تعمیل قدرۃً ممکن نہ تھی، اسلئے ابن حواس اپنے قصرِ اقتدار کو متزلزل دیکھکر اُن کے خلاف فوجکشی پر آمادہ ہوا، اور اس کا لشکر اسکی قیادت میں اُن کے خلاف جرجنت کے میدان میں صف آرا ہوگیا، ایوب و علی کی فوج مقابلہ کیلئے نکلی جسمیں افریقی و صقلی دونوں شامل تھے لیکن جب لڑائی شروع ہوئی، تو صقلی فوج علی سے کٹ کر ابن حواس سے جا ملی اور افریقی فوج کے مقابلہ میں کھڑی ہوگئی،

ابن حواس کا قتل

بالآخر افریقی لشکر فتحیاب ہوا، اور عین لڑائی میں ابن حواس کو ایک ایسا تیر لگا، کہ وہ گھوڑے سے گرتے ہی سرد ہوگیا، اور اسی پر جنگ کے اختتام کا اعلان ہوگیا،

اسکے بعد ایوب علی اپنی فوج لیکر شہر میں داخل ہوگئے اہلِ شہر اُن سے برگشتہ ہوگئے تھے، اسلئے صحیح امن و امان قائم نہ ہوسکا، اور افریقی و صقلی فوجوں میں کشت و خون ہوتا رہا،

افریقی لشکر کی واپسی

ان واقعات سے افریقی شاہزادوں کا پیمانۂ صبر و شکیب لبریز ہوگیا، انھیں کچھ ملک گیری کی ہوس نہ تھی کہ یہاں اقتدار قائم کرتے، اسلئے افریقہ واپس جانے کا قصد کرلیا،

صقلیہ کے اعیان و معززین اور قائدینِ لشکر کی ہجرت

اس واقعہ کے بعد ہی صقلیہ کے تمام اعیان و معززین کو بھی جزیرہ کی اصلاح سے بالکل مایوسی ہوگئی، اور اون لوگوں نے بھی چار و ناچار ترکِ وطن کا عزم کیا، اون کے ساتھ بحری فوج کے معزز قائدین نے بھی ہمت ہار دی، اس لئے شاہزادگانِ افریقہ اور اونکے لشکر کے ہمرکاب مسلمانانِ صقلیہ میں سے ایک انبوہ کثیر جس میں صقلیہ کے اعیان و معززین امراء اور رؤساء، علما و اہلِ علم، اور صقلی فوج کے چیدہ بحری و بری قائدین تھے ۴۶۱ھ میں سرزمین صقلیہ کو حسرت و یاس کی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے افریقہ روانہ ہوگئے،[1]

[1] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳۳ و نہایۃ الارب در ہماری صہ،

ابن البعباع آخری مسلمان تاجدارِ صقلیہ

۴۶۱ھ/۱۰۶۸ء - ۴۸۴ھ/۱۰۹۱ء

صقلیہ سے افریقی لشکر کی نامراد واپسی کے المناک واقعہ کے بعد باقی ماندہ مسلمانانِ صقلیہ نے ایک مرتبہ پھر قسمت آزمائی کی، اور ایک ذی اثر رئیس ابن البعباع نے حکومت قائم کی، اور نارمنوں کے جارحانہ حملوں کی مدافعت کرنے لگا،

حکومت خلیل کا صقلیہ سے طلب خراج

مگر بھی ابن البعباع کے قدم پورے طور پر جمنے بھی نہ پائے تھے، کہ ایک نیا فتنہ اٹھا، یہ بھی غیروں کے ہاتھ نہیں، خود اپنے ہاتھوں تھا، یعنی اس نازک ترین موقع پر نام نہاد اسلامی حکومت صقلیہ کی نام نہاد مرکزی حکومت یعنی دولتِ فاطمیہ مصر کو اپنے حقوق کی یاد کا خیال پیدا ہوا، اور ۴۶۳ھ/۱۰۷۰ء میں ایک قاصد بھیج کر ابن البعباع سے خراج کی وہ سالانہ رقم طلب کی، جو صقلیہ بطور ایک ماتحت صوبہ کے حکومتِ مصر کو ادا کرتا تھا،

اس موقع پر فاطمی تاجدار سے جیسی شدید لغزش ہوئی، وہ تاریخ کے صفحات میں کبھی فراموش کرنے کے قابل نہیں، مصیبت زدہ صقلیہ اس وقت خود امداد کا مستحق تھا، چہ جائیکہ اُس سے خراج کی ادائی کا مطالبہ کیا جاتا، چنانچہ ابن البعباع نے قدرۃً قاصدِ مصر سے اپنی معذرت کہلا بھیجی،

دربارِ مصر میں یہ معذرت قابلِ پذیرائی نہیں ٹھہری، اس لئے اب ضرورت تھی کہ ابن البعباع کو اُس کی سرکشی کی سزا دیجائے دولتِ فاطمی مصر کے پاس اس مبارک مقصد کو پورا کرنیکے لئے نارمنوں سے زیادہ بہتر ذریعہ کوئی دوسرا نہ تھا، چنانچہ نارمن فرمانروا کو پیغام بھیجا کہ

فاطمیین کی دعوت نارمنوں کو

یہ جزیرہ حکومتِ مصر کی جانب سے نارمنوں کی خدمت میں پیش ہے؟ وہ فوجکشی کرے اور ابن البعباع

کی قائم کردہ اسلامی حکومت کا خاتمہ کردی،

مسلمانانِ صقلیہ کے تعلقات افریقہ کی دولت صنہاجیہ سے پہلے منقطع ہوچکے تھے، مصر کی دولت فاطمیہ نے اب نارمنون کو از خود حملہ آوری کی دعوت بھیجی، انھین اب کسی اسلامی حکومت کے برانگیختہ ہوجانے کا خطرہ نہین رہا، اور اب دولتِ فاطمی کے اوس دعوت نامہ کے بعد حق بجانب تھے، کہ وہ اوس کے اس زرخیز جزیرہ پر اپنا علم نصب کردین، چنانچہ نارمنون کے جنگی بیڑے "ابن العباع" کے جرم کی پاداش مین جزیرہ کے دارالسلطنت بلرم کی فصیل کے نیچے آکر کھڑے ہوگئے،

بلرم کا محاصرہ

بلرم کے محاصرہ کی خبر بجلی کی طرح سارے یورپ مین پھیل گئی، فدائیان مسیحیت کیلئے اپنی دیرینہ عداوت کے پورا کرنے کا وقت آپہنچا، جن عربون نے اونھین اپنے چند صالہ دور مین تہذیب و تمدن کا درس دیا، متعصب پادریون نے اونھین "وحشی، خونخوار، قزاق اور لٹیرے گروہ" کے نام سے مشہور کر رکھا تھا، اور یہ کیون نہ ہوتا، جب کہ انھی عربون نے دنیائے مسیحیت کی مقدس سلطنت روما کے چپہ چپہ کو اپنے گھوڑون کی ٹاپون سے روند ڈالا تھا اور روما کے مقدس پوپ کو جو تمام دنیائے مسیحیت کا روحانی باپ تھا، اپنا باجگذار بنا لیا تھا، اسی کا یہ قدرتی نتیجہ تھا کہ اُن کے متعلق سارے یورپ مین یہ داستان پھیلائی گئی تھی کہ انھون نے گرجا کے مقدس پادریون کا لباس کتون اور گھوڑون کو پہنایا، گرجون مین عیش و نشاط کی محفلین گرم کین، مقدس مجمرون مین عود جلایا، مقدس کاسہائے عشاء ربانی مین مسلمانون کی مظفر و منصور فوج کا جام صحت تجویز کیا گیا، اور عین قربان گاہ پر مریم کی کنواری اور اچھوتی ننون کا شیشۂ عصمت چور چور کر ڈالا،

بلرم کے محاصرہ مین اقوام یورپ کی شرکت

اسلئے جب ان "قزاق، وحشی اور بوالہوس" عربون کے اس تاریخی پرشکوہ و باعظمت پایۂ تخت کے محاصرہ کا وقت آیا، جس کے چپہ چپہ پر اسلامی روایات کے آثار قائم ہین، جس کے ہر در و دیوار پر اسلامی تہذیب و تمدن کی شعاعین ضوفشان ہین،

جس کی صدہا مسجدون سے روزانہ پانچ وقت کلمۂ توحید کی بانگ درا بلند ہوتی ہے، تو فدائیانِ مسیحیت یورپ کے ہر حصۂ ملک سے جوق در جوق بلرم روانہ ہوئے، کہ محاصرہ مین شریک ہو کر اپنا ایک مقدس ترین فریضۂ مذہبی ادا کرین مسٹر اسکاٹ لکھتے ہین :-

"حملہ آورون کی فوج کی تعداد یون بھی بڑھ گئی کہ یورپ کے ہر ملک سے اکر لوگ اس مین شامل ہونے لگے، اس لئے محاصرین کی فوج کی تعداد اتنی کافی ہوگئی کہ اونھون نے دریا اور خشکی کی دونون طرف سے مسلمانون کے اس دار السلطنت کو گھیر لیا"

یہان تک کہ حکومت بیزنطی جو بڑی حد تک کلیسائے روما سے معاندانہ روش اختیار کرتی، اور قیصر روم کے لئے ان لٹیرے نارمنون کی کسی حکومت کو جائز تسلیم کر لینا کسر شان سمجھا جاتا، اوسکے بیڑے بھی انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا کے مقالہ نگار کے بقول نارمنون کی امداد کے لئے قائد اعظم منیکس کی قیادت مین صقلیہ پہنچے،

محصورین کی پریشان حالی

ادھر عیسائی محصورین کے جوش و خروش کا یہ عالم تھا، اور ادھر مسلمان محصورین کی پریشانی و پراگندگی کا یہ حال تھا کہ اون کی بحری قوت کا خاتمہ تو چند سال پیشتر ۴۶۱ھ مین ہو چکا تھا، بری فوج بھی شورہ پشتون سے بھری ہوئی تھی جنھین صقلیہ کے نومسلم باشندے زیادہ تھے اور جب اُن سے بھی کمی پوری نہین ہوئی تو بلرم کے عیسائی باشندون کو وطن کی حفاظت کے نام پر جمع کیا گیا، ممکن تھا یہ نظام کچھ سود مند ہوتا، مگر صقلیہ کے عیسائی حملہ آورون کو اپنا نجات دہندہ سمجھ رہے تھے، اور در پردہ اونھین امداد پہنچانے کے خواہان تھے، اور بلرم کی شورہ پشت مسلم آبادی کا بھی یہ حال تھا کہ وہ اپنی جنگجو فطرت سے کسی وحدت کلمہ پر مجتمع نہین ہوئی، اور عین اس وقت جب دشمنون کے جنگی جہاز اور قلعہ شکن آلات حرب فصیل شہر پر پتھر برسا رہے تھے، وہ اپنے فرقہ وارانہ عقاید کو تسلیم کرنے کیلئے ایک دوسرے کا گلا کاٹ رہے تھے،

مصورین کا ثبات قدم و معاصرین کی مایوسی

تاہم اسی ناموافقت ماحول میں پرستاران توحید کی ایک ایسی جماعت بھی تھی، جو یادۂ توحید سے سرمست بہ ہم شہادت نوش کرنیکے لئے بیتاب تھی، اور وہی قدسی نفوس پرے کے پرے جماعت ایسے جمے رہے کہ علمبرداران مسیحیت آگے قدم بڑھانے کی جرأت نہ کرسکے، وہ جب حملہ آور ہوتے، عربی شجاعت و بسالت سے دندان شکن جواب ملتا، یہاں تک کہ محاصرہ کو کامل پانچ مہینے گذر گئے، اور شہر پر قبضہ کی کوئی صورت نہیں نکلی اور بقول مسٹر اسکاٹ محاصرین کے جی چھوٹ گئے اور قریب تھا کہ محاصرہ سے دستبردار ہوکر واپس چلے جائیں،

بلرم کے عیسائیون کی غداری

جنگ کے اس نقشہ اور حملہ آورون کے اس ارادہ سے بلرم کی عیسائی آبادی مین انتشار پیدا ہوا، اور عین اس موقع پر جب حملہ آور واپسی کا قصد کر رہے تھے، بلرم کے عیسائیون کی جانب سے اندھین خفیہ پیغام پہنچا کہ فصیل شہر کا فلان موقع فلان جگہ سے کمزور ہے، یہ پیغام ملتے ہی حملہ آورون کے پانون سنبھل گئے،

اسکے بعد حملہ آورون نے ایک جنگی چال اختیار کی، فوج کا ایک بڑا حصہ شہر کی مشرقی سمت سمندر کی جانب سے حملہ آور ہوا، مسلمانون نے ترکی بہ ترکی جواب دیا، ادھر یہ لڑائی ہو رہی تھی، ادھر رابرٹ فوج کا ایک چیدہ دستہ لے کر مغربی فصیل کے اوسی کمزور حصہ پر حملہ آور ہوا، جس کا عیسائیون نے پتہ دیا تھا،

معاہدۂ صلح اور اسکے شرائط

مسلمانون کیلئے فصیل کے اس نازک حصہ پر اچانک حملہ آوری خلاف توقع تھی، وہ یہ دیکھتے ہی ایسے ہیبت زدہ ہوئے، کہ ہتھیار رکھنے پر مجبور ہوگئے، اور صلح کی درخواست پیش کی، فاتح و مفتوح مین شہر کی حوالگی کا نامہ و پیام ہونے لگا، اور شہر پر مسلمانون کے تسلط کے لئے حسب ذیل شرائط طے پائے،

(۱) عیسائی حکومت مسلمانون کو کامل مذہبی آزادی دے گی،

(۲) بلرم کی تمام مسجدیں اپنی جگہ پر برقرار رکھی جائیں گی،

(۳) مسلمانوں کے لئے اسلامی قانون نافذ رہے گا،

(۴) مسلمانوں کے مقدمات کے فیصلے مسلمان قضاۃ کریں گے، اور اس ضرورت کیلئے قضاۃ رکھے جائیں گے،

شہر کی حوالگی نارمنوں نے یہ شرطیں منظور کرلیں، اور دوسرے دن صقلیہ کے مشہور عالم اسلامی دارالسلطنت بلرم کا دروازہ عیسائیوں کے لئے کھول دیا گیا، اور ماہ جنوری ۱۰۷۲ء مطابق ۴۶۴ھ سے بلرم کے قلعوں، برجوں اور فصیل کے پھاٹکوں پر صلیبی جھنڈا لہرانے لگا، جو آج تک سرنگوں نہ ہوسکا،

لہ ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳۳، ونہایۃ الارب، کتاب الونس، ابن خلدون، ابوالفدا، وغیرہ و انسائیکلوپیڈیا ج ۲۳ ص ۴۵۳ لفظ "راجر" ایضاً ج ۱۹ ص ۴۱۴ لفظ "نارمن" طبع یازدہم، اخبار اللدلس ج ۲ ص ۱۰۵ مطبوعہ اسکاٹ کو حیرت ہے کہ ایسا عظیم الشان اسلامی دارالسلطنت کل پانچ مہینے میں نیست ہوگیا لیکن ہمیں تو حیرت ہے کہ بلرم کی ایک مختصر اسلامی آبادی نے اپنی تمام پریشان حالیوں کے باوجود پانچ مہینے تک محاصرہ کا مقابلہ کرکے دشمنوں کے قدم کیونکر اکھاڑ دیے، جب کہ خود بلرم کے مسلمانوں میں فتنہ و فساد کی آگ موجود تھی، شہر کے عیسائی فریب دہی اور دغابازی پر تلے ہوئے تھے، دیگر دول اسلامیہ اور صقلیہ کے دوسرے شہروں کے مسلمان امداد کیلئے موجود نہ تھے، مگر پھر بھی بلرم کے ایک مختصر گروہ نے یورپ کی متحدہ طاقت کا مقابلہ کیا، اور جب شہر کے عیسائیوں نے اپنی وطن فروشی سے دشمنوں کی جاسوسی کردی، اور بہ ظاہر شہر کی حفاظت کی کوئی صورت باقی نہیں رہی تو بھی مسلمانوں نے اپنی فاتحین سے ایسے شرائط منوائے کہ جن پر اگر آخر تک عمل کیا جاتا، اور معاہدہ کی پابندی کی جاتی، تو بلرم میں آج بھی مسلمانوں کی صورتیں نظر آتیں، اگرچہ عیسائیوں نے اس کے بعد اپنے معاہدہ کی خلاف ورزی کی، مگر اوس وقت کامل فتح حاصل کرلینے کے باوجود محض مسلمانوں کے عزم و ہمت اور شجاعت سے خوف کھاکر اون شرائط کو قبول کرلیا، اسلئے ان مسلمانوں کا مقصود ہوجانیکے باوجود اپنے مذہب تمدن اور معاشرت کے برقرار رکھے جانے کی سند لے لینا ایک حیرت انگیز واقعہ تھا لیکن افسوس زمانہ نے اوس معاہدہ کو ردی کے ایک پرزہ سے زیادہ وقعت نہ دی اور اُس بلرم میں جہاں پانسو سے زیادہ مسجدیں آباد رہتی تھیں، اور معاہدہ کے رو سے اون میں سے ہر ایک کو قائم رہنا تھا، آج مسجد کا ایک مینار بھی موجود نہیں، مسجدیں اگر گرجا بنائی گئیں تو خیر اوس سرزمین پر کلمہ توحید کی صدا بلند کرنے والا کوئی باقی نہیں رکھا گیا، ہمیں حسرت ہے تو یہ ہے کہ آج بلرم میں کسی مسلمان کی قبر کا نشان تک باقی نہیں حالانکہ اوسی کی خاک میں ہمارے بڑے بڑے نامور سپہ سالار، والیان ملک، جلیل القدر ائمہ، علماء، صوفیہ، حکماء، شعراء، اور دیگر ارباب علم و ادب مدفون ہوئے تھے، جن کے تذکرہ سے ہماری حدیث، فقہ، علم کلام، طبقات، طب، اور شعر و ادب کی کتابیں لبریز ہیں،

سقوطِ مازر و طرابنش نارمنوں کے لئے بلرم کی تسخیر کے بعد سارے جزیرے کی تسخیر زیادہ آسان ہوگئی، ہر طرف نارمنوں کا سکہ بیٹھ گیا، چنانچہ نارمن لشکر نے بلرم کے بعد مازر اور طرابنش کا رخ کیا، یہ دونوں شہر عبداللہ بن منکوت کے قبضہ میں تھے، جو خاموشی سے فرمانروائی کر رہا تھا،

عبداللہ بن منکوت کی طاقت کچھ مستحکم نہ تھی، اس لئے اوس نے نارمنوں کے مقابلہ کی جرأت نہ کی، اسلئے جب نارمن لشکر قریب پہنچا، تو اوس نے صلح کا پیغام بھیجا، اور وہی شرائط پیش کئے جو سقوطِ بلرم کے وقت طے پائے تھے، نارمنوں نے شرطیں منظور کرلیں، اور عبداللہ بن منکوت حکومت سے دستبردار ہوگیا، اس طرح پوری اسلامی آبادی جو ایک وسیع علاقہ پر مشتمل تھی، خون کا ایک قطرہ بہائے بغیر نارمنوں کے ہاتھ آگئی، یہ واقعہ ۴۶۴ھ/۱۰۷۱ء میں پیش آیا،

عبداللہ بن منکوت کی ہجرت عبداللہ بن منکوت اپنا علاقہ سپرد کرکے بادیدۂ پرنم اپنے اہل وعیال اور قابل نقل وحمل دولت وثروت کو ساتھ لیکر یہاں سے ہجرت کرکے افریقہ چلا گیا، افریقہ میں صنہاجی فرمانروا نے اوسکی قدردانی کی، اور اوس کو فوج کے ایک معزز عہدے پر سرفراز کردیا،

صقلیہ سے اسلامی حکومت کا خاتمہ عبداللہ بن منکوت کی دستبرداری کے بعد اب صقلیہ میں کوئی نام نہاد اسلامی حکومت بھی باقی نہیں رہی، ابن ثمنہ کا خاتمہ ابن حواس کرچکا تھا خود ابن حواس جرجنت میں تیر کا نشانہ بنا، ابن العباع نے بلرم کو پہلے ہی سپرد کردیا اب صرف ابن منکوت باقی رہ گیا تھا، وہ بھی اپنی جان سلامتی سے نکال کر حکومت سے دستبردار ہوگیا،

صرف چند شہروں پر مسلمانوں کا انفرادی تسلط اسلئے اب صقلیہ میں جو اسلامی شہر باقی رہ گئے تھے، اور اُن پر ابھی تک اسلامی علم لہرا رہے تھے، اب ضابطہ کے طور پر بھی ان کی مدافعت کا فرض کسی منظم

سلہ ابن خلدون در اماری ص ۴۹۵ و ج ۵ ص ۲۰۱، اس موقع پر ابن خلدون کا مطبوعہ نسخہ صحیح نہیں "عبداللہ بن حواس" کے بجائے "عبداللہ بن منکوت" ہونا چاہیئے، اور ابن خلدون نے یہاں پر ان شہروں کو وہ آخری شہر بتایا ہے، جو نارمنوں نے فتح کئے لیکن یہ صحیح نہیں بتحقیق واقعہ اس سے مختلف ہے،

حکومت پر عائد نہیں تھا، بلکہ انفرادی طور پر خود اہل شہر ہر شہر میں اپنی اپنی حفاظت کے ذمہ دار تھے، جس شہر میں جیسی اسلامی آبادی ہو، وہ اپنی قوت کے مظاہرہ سے جن شرائط کو منوالے اونھی طریقوں سے اب ان مقامات کو نارمنوں کے قبضہ میں جانا تھا،

نارمنوں کی تشکیل حکومت اور فوج کشی کا چند سالہ التوا

جب صقلیہ کے اسلامی شہروں کی یہ صورت حال ہوئی، تو نارمنوں نے بھی اُن کی فتح میں کوئی عجلت نہیں کی، ہر شہر کو اپنے حال پر چھوڑ دیا، اُن کی اب تمام تر توجہ اپنے مفتوحہ علاقے کی جانب مبذول ہوگئی، اور چاہا کہ نظم ونسق درست کرکے باضابطہ حکومت قائم کرلیں،

چنانچہ نارمنوں کی باہمی تقسیم کے روسے صقلیہ راجر کے قبضہ میں آیا، اور اسکے بڑے بھائی رابرٹ نے اوسکو یہاں کا خود مختار فرمانروا تسلیم کیا، صرف بلرم اور مسینا میں دونوں بھائی نصف نصف کے شریک رہے، یہ واقعہ اسی سال ۱۰۶۰ء/۴۶۲ھ میں پیش آیا اور حکومت کے نظم ونسق کیلئے چند سال کیلئے فوجکشی بالکل ملتوی کردی گئی،[1]

پیشقدمی کا آغاز

راجر نے نظم حکومت کے بعد انسائیکلوپیڈیا بریطانیکا کے مقالہ نگار کے بقول ۱۰۶۱ء/۴۶۳ھ سے اپنی صلیبی لڑائیوں کا پھر آغاز کیا، اور صقلیہ کے باقی ماندہ اہم شہروں پر تاختیں شروع کردیں، اون میں سے بعض بعض شہروں کے مسلمانوں نے مدافعت کی، اور اون کی تسخیر میں کافی دیرلگی، اور بعض شہروں کے مسلمانوں میں نارمن فوج کے پہنچتے ہی اپنے دروازے کھول دیے اور وہ فوراً تسخیر ہوگئے،

سقوط طبرمین و سرقوسہ

اس سہ بارہ یورش میں نارمنوں نے شمالی صقلیہ کے اہم شہروں طبرمین اور سرقوسہ پر تاخت کی، یہ دونوں شہر اگرچہ پہلے عیسائیوں کے اہم مرکز تھے، مگر اُن کی بربادی کے بعد اس میں مسلمانوں کی آبادی قائم ہوگئی تھی لیکن اب نہ کوئی یہاں مستحکم شہر ہے

[1] انسائیکلوپیڈیا ج ۲۳ ص ۴۵۲، طبع یازدہم،

تھی، اور نہ مسلمانون کے پاس مدافعت کا سامان اسلئے نارمنون نے ۴۸۴ھ ۱۰۹۱ء مین اُن پر قبضہ کر لیا،[1]

سقوطِ جرجنت اسکے بعد نارمن لشکر نے جرجنت اور قصریانہ کا رُخ کیا مسلمانان جرجنت زیادہ غیور ثابت ہوئے، وہ محاصرہ کی سختیان اوٹھانیکے ایک حد تک عادی بھی تھے، اسلئے نارمنون کا راستہ روک کر کھڑے ہوگئے لیکن محاصرین ومحصورین کی طاقت مین کوئی نسبت نہ تھی، اسلئے ان محصور مسلمانون کو سخت مصائب کا سامنا ہوا، لیکن جہان تک حدِ بشریت سے ممکن تھا، ہر طرح کی تکلیفین اوٹھائین، مگر اپنے شہر کو عیسائیون کے سپرد کردینے کا ننگ اوٹھانا نہ چاہا، آخر مردون کو پچھاڑ پچھاڑ کر کھانیکی نوبت آگئی، اور عالم اضطرار مین شہر کے دروازے کھول دیے، اور ۴۸۱ھ ۱۰۸۸ء سے اس پر صلیبی علم بلند ہوگیا،

سقوطِ قصریانہ اسکے بعد قصریانہ کی باری آئی یہ جرجنت سے بھی زیادہ سخت جان ثابت ہوا، مسلسل تین سال تک دشمن شہر پناہ کے نیچے پڑے رہے، قصریانہ کی سنگی فصیل ہمیشہ ناقابلِ فتح رہی ہے، مگر جب ان مجبور مسلمانون کو شہر مین قوتِ لایموت کا سہارا بھی باقی نہین رہا۔ تو سپر ڈالنے پر مجبور ہوگئے، اور ۴۸۴ھ ۱۰۹۱ء مین نارمنون کی اطاعت قبول کرلی،[2]

سقوطِ رغوس ونوطس اور صقلیہ سے اسلامی اقتدار کا خاتمہ اسکے بعد راجر کی سب سے آخری پیشقدمی دو شہرون رغوس اور نوطس (نوٹو) پر ہوئی، یہ دونون شہر مضبوط اور پائدار تھے، اور یہان مسلمان بہ کثرت آباد تھے، جس کا اندازہ یہان کی بیشمار مسجدون سے کیا جاسکتا ہے، پہلے رغوس فتح ہوا، اور پھر نوطس کی باری آئی، اور دونون شہر انھی معاہدون کے رو سے ۴۸۴ھ مطابق ۱۰۹۱ء مین نارمنون کے حلقۂ اطاعت مین داخل ہوگئے، جن پر بلرم، مازر اور طرابنش اون کے حوالہ کئے گئے تھے،

---

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۲ ص ۴۵۳ واخبار الاندلس ج ۲ ص ۵۵ [2] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳۳ ونہایۃ الارب در باری ص ۴۴۸ مسٹر اسکاٹ کا بیان ہے کہ والی قصریانہ نے آخر مین عیسائیت قبول کرلی، ممکن ہے یہ صحیح ہو مگر صقلیہ کے موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے یہ کچھ بعید از قیاس نہین ہے، مگر عرب مورخین نے سقوطِ قصریانہ کے بیان مین اس کا کوئی تذکرہ نہین کیا ہے،

ان شہرون پر بھی صلیبی پھریرے لہرانے لگے، اور انہی پر بحر روم کے وسیع ترین جزیرہ صقلیہ سے مسلمانون کی آخری فرمانروائی کا خاتمہ ہوگیا اور ۴۸۴ھ سے صقلیہ کے تمام مسلمان عیسوی حکومت کی رعایا قرار پاگئے ابن الاثیر مقہور فقہریانہ کے تذکرہ کے بعد اجمالی طور پر سارے جزیرہ پر نارمنون کے استیلا، کا ان الفاظ مین تذکرہ کرتا ہے،

فتسلمها الفرنج لعنهم الله سنة	اس پر فرنگیون نے ۴۸۴ھ مین قبضہ
اربع وثمانين واربعمائة وملك	کرلیا، اور راجر تمام جزیرہ کا مالک
رجار جميع الجزيرة،	ہوگیا،

اسی طرح صاحب کتاب المونس لکھتا ہے،

واستغلب روجار على سائر الجزيرة	اور ۴۸۴ھ مین راجر پورے جزیرہ پر قابض
في سنة اربع وثمانين واربعمائة	ہوگیا.....اور یہ جزیرہ ۲۷۰ سال
و..... وكانت في ايدي المسلمين مائتي	سے زیادہ مسلمانون کے ہاتھ مین رہا خدا پھر
وثيف وسبعين سنة اعادها الله للاسلام[1]	اوسکو مسلمانون کے ہاتھ مین لائے،

زوال دولت اسلامی پر ایک نظر

نارمنون نے کامل چالیس[2] برس مین صقلیہ پر مکمل قبضہ کیا،[3] اور اگر جنوبی اٹلی سے اسلامی مقبوضات پر نارمنون کے حملہ کا زمانہ اس مین شامل کرلیا جائے تو ارسٹھ[4] برس ہوتے ہین، بہ ظاہر یہ طویل مدت اس عظیم الشان اسلامی حکومت کو برباد کرنے کے لحاظ سے مختصر معلوم ہوتی ہے، مگر جس وقت

[1] کتاب المونس محمد بن ابی دینار ص ۱۳۳، وانسائیکلوپیڈیا ج ۲۳، ص ۴۵۳ واخبار الاندلس ج ۲ ص ۵۹ [2] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا مین تیس سال ہے، اس اختلاف کا ذکر اوپر کیا جاچکا ہے،

مسلمان صقلیہ مین آئے تھے، اوس وقت رومی صقلیہ کی حالت اوس سے مختلف تھی جب اسلامی صقلیہ کو برباد کرنیکے لئے نارمن آئے ہین،

جب قاضی اسد بن فرات ۲۱۲ھ مین یہان آئے، اوس وقت اگرچہ مسلمانان صقلیہ کے ابن ثمنہ کی طرح صقلیہ کے رومیون کا دشمن قبی دربار افریقہ مین پہنچا تھا، مگر اولاً قبی صقلیہ کی حکومت کا کوئی صوبہ دار نہ تھا اوسکی حیثیت صرف ایک قائد فوج کی تھی، اور ابن ثمنہ قائد فوج ہونے کے علاوہ اوسکے ایک علاقہ کا خود مختار فرمانروا بھی تھا، علاوہ ازین مسلمانون اور نارمنون مین ایک دوسرا فرق یہ بھی ہی کہ جب مسلمان یہان حملہ آور ہوئے تھے، اوس وقت قسطنطنیہ کی بیزنطی حکومت صقلیہ کی مرکزی حکومت تھی، مدافعت کی ذمہ داری قیصر روم کے سر عائد تھی، اور روم کے مختلف قیاصرہ اس فرض کو اپنے اپنے عہد مین انجام دیتے رہے جو مسلمانون کی راہ مین سب سے بڑی رکاوٹ تھی، لیکن جب مسلمانون کے مفتوح ہونے کا زمانہ آیا، تو صقلیہ کی کوئی خارجی حکومت کہان تک پشت پناہ ہوتی، خود جزیرہ مین بھی کوئی ایک مرکزی حکومت قائم نہین تھی، ہر صوبہ دار اور حاکم ضلع نے اپنے کو اپنے اپنے علاقہ کا ذمہ دار سمجھ کر صرف اپنے ہی علاقہ پر حملہ آوری کے وقت دشمنون کی مدافعت ضروری سمجھی، اور پھر ابن ثمنہ کا ایک بہت بڑا علاقہ بغیر کسی مزاحمت کے نارمنون کے قبضہ مین خود بخود چلا گیا،

اسکے علاوہ نارمنون کے حملہ کے وقت مسلمانون مین باہمی خانہ جنگی، اور بے اعتمادی کا جذبہ ایسا پھیلا ہوا تھا، کہ وہ کسی ایک میدان مین سر جوڑ کر نارمنون کا مقابلہ نہ کر سکے، بلکہ جب خود انھی کی فریاد پر افریقہ سے اون کے ہمدرد پہنچے، تو اون سے بھی برسر پیکار ہوئے، اور وہ مجبور ہو کر افریقہ واپس چلے آئے، اور ممکن تھا کہ ایسے موقع پر جب افریقی لشکر صقلیہ سے واپس چلا آیا تھا، تو افریقہ کی حریف حکومت یعنی دولت فاطمی مصر مسلمانان صقلیہ کی طرف شفقت اور ہمدردی کا ہاتھ بڑھاتی کہ وہ اصولاً اسوقت بھی یہان کی مرکزی حکومت کہلاتی تھی، مگر اوس نے بھی ہمدردی کے اظہار کے بجای اپنا سالانہ خراج طلب کیا، اور پھر نہایت بیباکی سے نارمنون کو صقلیہ پر حملہ آوری کی دعوت دیدی جس سے دشمنون

کو کم از کم اس کا پتہ تو ضرور ہی چل گیا، کہ مسلمانانِ صقلیہ کے ساتھ عالم اسلامی کی کوئی اخلاقی ہمدردی بھی شامل نہیں ہے۔

ایک طرف مسلمانانِ صقلیہ کی بدبختیوں کا وہ عالم تھا، اور ادھر نارمنوں کے جوش و خروش کا یہ حال تھا کہ وہ بزعم خود صقلیہ پر حملہ آور ہو کر اپنے مذہبی فرض کے ادا کرنے کا ثبوت دے رہے تھے، اور اوسکو مسلمانوں کے خلاف صلیبی جنگ کے افتتاح سے تعبیر کر رہے تھے، ہم نارمنوں پر کوئی الزام تراشنا نہیں چاہتے کہ وہ محض مذہبی لڑائیوں کے چھیڑنے کا بانی و مبانی قرار دیں، یہ کچھ غیروں کی کہی ہوئی کہانی نہیں، بلکہ خود اپنا اقرار ہے، انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کا مقالہ نگار راجر کے حالات میں ایک جگہ لکھتا ہے:-

"پھر راجر ۱۰۸۵ء تک صلیبی جنگوں کے چھیڑنے کا موقع نہ پا سکا، یہانتک کہ ۱۰۸۶ء میں سیراکیوز پر قبضہ ہو گیا، پھر فروری ۱۰۹۱ء میں نوٹو کی فتح کے بعد فتح سسلی کی تکمیل اختتام کو پہنچ گئی"

اسی طرح نارمن فاتح انگلستان ولیم اور نارمن فاتح صقلیہ راجر کا موازنہ کرتے ہوئے لکھتا ہے:-

"انگلستان میں نارمن ڈیوک ایک غیر ملکی غاصب کی حیثیت سے داخل ہوا۔ جسکو وہاں کے باشندوں سے کسی قسم کی کوئی مدد نہیں ملی، اور نہ وہ صقلیہ کے کاؤنٹ (راجر) کی طرح اپنے کو نجات دہندہ کہہ سکتا تھا"

اسی طرح نارمنوں کے حالات میں دوسری جگہ موازنہ کرتے ہوئے لکھتا ہے:-

"علاوہ ازیں سسلی کی جنگ کا منشا اور اوسکے اغراض بلند تر تھے اگرچہ اس وقت تک جنگ صلیبی کی ابتدا نہیں ہوئی تھی، تاہم مسلمانوں سے سسلی کے اس تصادم نے ان جذبات کو پیدا ضرور کر دیا تھا سسلی کے عیسائی باشندے اکثر حالات میں نارمنوں کو اپنا نجات دہندہ سمجھتے تھے"[1]

راجر نے تسخیر کے بعد اپنے کو نہ صرف صقلیہ کے عیسائیوں کا نجات دہندہ ثابت کیا، بلکہ صقلیہ سے

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۳ ص ۲۵۲ لفظ "راجر" و ایضاً ج ۱۹ ص ۴۸۷ لفظ "نارمن" طبع یازدہم،

اسلام اور مسلمانون کی بیچارگی مین کوئی کسر اوٹھا نہ رکھی اور زوال دولت اسلامی کے ساتھ ہی مسلمانون کے دردناک مصائب کا آغاز ہوگیا، اور اونھین ہر حیثیت سے قعر مذلت مین زبردستی ڈھکیل دیا گیا مسلمانون کے تمام علاقے اون سے چھین لئے گئے، زمیندار سے کسان اور کسان سے مزدور، اور صاحب دولت وثروت سے گدائے بینوا بنکر رہ گئے، جو محلات مین رہنے کے عادی تھے، اونھین جھونپڑیان مٹی دشوار ہوگئین، اعلےٰ قابلیت اور استعداد کے باوجود، حکومت کی تمام اعلےٰ ملازمتین، اون سے چھین کر عیسائیون کو دیدی گئین، عیسائیون کو دوسرے ممالک سے لالاکر یہان بسایا گیا، اور مسلمانون کی زمینداریان اور ملازمتین اون سے چھین کر اون کے حوالہ کردی گئین، یہان تک کہ رفتہ رفتہ سارے جزیرے مین عیسائی پھیل گئے، ملک کی تجارت اور صنعت وحرفت عیسائیون کے قبضہ مین چلی گئی، اور مسلمان جزیرہ مین اسلئے رہ گئے کہ عیسائی زمیندارون کی کھیتیان آباد کرین، تجارتی مالون کو جہازون پر لادین، اور اوتارین، اور جب مسلمانان صقلیہ کی فلاکت زدگی اور مفلوک الحالی بدسے بدتر حالت مین جا پہنچی، تو وہ معاش کیلئے فوج مین بھرتی ہوکر دوسرے اسلامی ملکون کو عیسائیون کا غلام بنانیگے، اور حاکمون کے نزدیک اُن کی اتنی وقعت بھی نہین رہی، کہ ان کے مذہبی احساسات کا پاس ولحاظ کیا جاتا، صقلیہ کے پادری اور عام عیسائی، اُن کے مذہبی احساسات کو عمداً ٹھیس لگاتے، صقلیہ کے شہرون کی گلی گلی مین اسلام کا مضحکہ اوڑایا جاتا، مسلمانون کے روبرو آنحضرت صلعم فداہ ابی وامی کو نہایت گندہ ذہنی سے مغلظ گالیان دیجاتین، مسلمان عورتون کی عصمت دری مسلمانون کی نگاہون کے سامنے کیجاتی، شریف مسلمانون کیلئے اپنی کنواری لڑکیون کا چھپانا دشوار ہوگیا، یہان تک کہ محض عزت وناموس کی حفاظت کیلئے بچے اور مخلص مسلمان بہ ظاہر عیسوی مذہب قبول کرکے امن وامان حاصل کرتے، اور چھپ چھپ کر اسلام کے ارکان روزہ ونماز ادا کرتے، غرض کوئی ظالمانہ سے ظالمانہ ایسا برتاؤ نہ تھا، جو ان لاچار اور بیکس غریب، فلاکت زدہ اور قابل رحم مسلمانون کے ساتھ روا نہ رکھا گیا ہو،

حالانکہ نارمن جسوقت صقلیہ پہنچے تھے کوئی ترقی یافتہ متمدن قوم نہ تھے، اونھون نے تہذیب و تمدن کا درس مسلمانون سے صقلیہ ہی مین حاصل کیا، اوراون سے سیکھ سا کھ کر اونھین الگ کر دیا، اسلئے جزیرہ مین عیسائی حکومت کے ماتحت مسلمانون کے مختلف حالات مختلف دور کے ماتحت گذرے، اور آخر مین جب اونکی ضرورت باقی نہین رہی صقلیہ کی زمین اون پر تنگ کر دیگئی، اور یہان سے ایک ایک کلمہ گو کو بیک وقت جزیرہ سے شہر بدر کر دیا گیا، ان حالات کی تفصیل اس کتاب کے سب سے آخری باب مین نظر آئیگی،

اس کے علاوہ نارمنون نے صقلیہ پر قبضہ کر کے گویا ایک ایسا مرکز حاصل کر لیا تھا جہان سے وہ عالم اسلامی کی تباہی و بربادی کے منصوبے باندھنے لگے، یورپ کی بین الاقوامی کانفرنسین ہوئین، اور مسلمانون کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینے کا پختہ ارادہ کر لیا گیا، جو در اصل پاداش عمل تھا اس کا کہ عالم اسلام نے انھین خاموشی سے اس جزیرہ پر قابض ہونے دیا، اوراونھون نے خود یہان کے فلاکت زدہ مسلمانون کو فوج مین بھرتی کر کے عالم اسلام مین تہلکہ ڈال دیا، اور سرزمین صقلیہ مین عیسائیون اور مسلمانون کے تصادم سے صلیبی جنگ کا جو چھوٹا پودا نصب ہوا تھا صقلیہ کے قبضہ کی تکمیل کے بعد اس قدر بار آور ہوا کہ دنیاے اسلام مین فساد و خونریزی کا ایک غیر متناہی سلسلہ صدیون تک کے لئے قایم ہو گیا، یعنی مسلمانون اور عیسائیون مین جو مذہبی لڑائی صقلیہ کے نارمن حملہ سے شروع ہوئی، اوس کا پہلا نتیجہ صقلیہ کے زوال یا تسخیر کی شکل مین ظاہر ہوا، اور آخری نتیجہ بیت المقدس کا زوال یا تسخیر ثابت ہوا، اس کا ایک سرسری خاکہ چند صفحون مین آگے نظر آئے گا،

صقلیہ کی اسلامی سلطنت کے زوال کے اثرات

دوسری اسلامی سلطنتوں پر

۴۶۴ھ/۱۰۷۱ء - ۶۲۶ھ/۱۲۲۸ء

صقلیہ کی اسلامی سلطنت کے زوال کے تباہ کن اثرات کا تخمینہ صرف مسلمانانِ صقلیہ تک محدود نہیں رہا، بلکہ اسکے بعد عیسائیون کی حریصانہ نگاہین مغرب کے دوسرے اسلامی ممالک پر پڑین، اور اونھون نے چندہی دن مین مغرب کی اسلامی سلطنتون کو زیر و زبر کر ڈالا،

اسلامی ممالک کی بربادی کے منصوبے

کیونکہ عیسائیون نے فتح صقلیہ کی تکمیل کے بعد ہی سب سے پہلے افریقیہ اور اوسکے ساتھ اندلس پر نگاہ ڈالی، اور اسکے بعد ہی شام کے مطلع پر نگاہ اوٹھی، جو بعض مسلمان شاہی خانوادون کی باہمی کشمکش سے غبار آلود ہو رہا تھا، عیسائیون نے اس موقع پر عالم اسلامی کی طاقت اور اوسکے عام حالات کا جائزہ لیا، اور جب تمام حالات آشکارا ہوگئے، تو تسخیر صقلیہ کے بعد ہی عیسائیون کی ایک نہایت اہم مجلس مشاورت صقلیہ مین منعقد ہوئی، اور اسمین عالم اسلامی کی بربادی کے منصوبے باندھے گئے،

مہدیہ پر نارمن قبضہ اور صلح

عیسائیون کے حوصلے ۴۶۴ھ/۱۰۷۱ء ہی سے جب وہ صقلیہ کے اکثر حصون پر قابض ہوگئے تھے، بہت بلند ہوگئے، اور ابھی وہ صقلیہ کو پورے طور پر زیر نگین بھی نہین کرنے پائے تھے کہ دوسرے اسلامی ممالک کو تاخت و تاراج کرنا شروع کر دیا، ان لوگون نے اپنا بحری مرکز جزیرہ قوصرہ کو قرار دیا، جب پر پہلے قابض ہو چکے تھے، عیسائیون کی دو جماعتین دو راستون سے اسلامی ممالک کو پامال کرنیکے لئے آگے بڑھین، ایک جماعت اندلس پر حملہ آور ہوئی اور ۴۷۸ھ/۱۰۸۵ء مین وہ اندلس کے زرخیز مقام طلیطلہ پر قابض ہوگئی، دوسری

طرف نارمنوں نے ۴۶۴ھ/۱۰۷۱ء میں صقلیہ کے اکثر حصوں پر قابض ہونیکے بعد جزیرہ مین مزید پیشقدمی معتوی کردی اور جزیرۂ قوصرہ کو بحری مرکز قرار دیکر فتح افریقیہ کا خواب دیکھنے لگے، چنانچہ ابھی صقلیہ کی فتح تکمیل کو بھی نہین پہنچی تھی کہ بروایت ۴۸۰ھ/۱۰۸۷ء و بروایت ۴۸۱ھ/۱۰۸۸ء مین جزیرۂ قوصرہ سے ایک عظیم الشان بیڑا مہدیہ پر حملہ آوری کیلئے روانہ ہوا، مسلمانان قوصرہ نے پیغام کبوتر کے ذریعہ دربار افریقیہ مین خبر بھی پہنچائی لیکن تمیم فرمانروائے افریقیہ اسوقت دوسری طرف متوجہ تھا، اوس نے ایک بحری قائد کی سرکردگی مین مدافعت کیلئے بیڑا تیار کیا لیکن سابق والی مازر عبداللہ بن منکوت کی ایک شدید غلطی سے جو ایک معزز عہدہ پر افریقیہ مین موجود تھا، نارمن مہدیہ پر قابض ہوگئے، اور پھر نہایت ذلت آمیز شرائط منوانیکے بعد اُن لوگون نے مہدیہ خالی کیا[1]، اور اسی کے ساتھ دونون حکومتون مین ایک دوستانہ معاہدہ طے پایا، اور اسی کے بعد وہ صقلیہ کے چپہ چپہ پر ۴۸۴ھ/۱۰۹۱ء مین بلا خوف و خطر قابض ہوگئے،

اسلامی ممالک کو نصرانی ممالک بنانیکی تجویز اور بیت المقدس پر حملہ آوری کا محرک اوّل

فتح صقلیہ کی تکمیل کے بعد یورپ مین بیداری پیدا ہوئی اور پاپائے روما نے صلیبی جنگون کے بعد شمالی افریقہ پر حملہ آوری کیلئے راجر کو آمادہ کرنا چاہا، چنانچہ ایک ایلچی صقلیہ پہنچا، راجر نے اس مسئلہ پر غور و خوض کرنیکے لئے ایک خفیہ کانفرنس طلب کی،

یہی وہ سب سے پہلی کانفرنس تھی، جو صقلیہ مین منعقد ہوئی، اور اسمین اسلامی ممالک کو زیر و زبر کرنے کی تجویزین زیر بحث آئین، اور مدعوین نے اس کانفرنس مین راجر سے ان پرزور الفاظ مین حملہ آوری کی درخواست کی:-

"قسم ہے انجیل کی یہ ہمارے لئے بہتر ہے، اور اون کے لئے بھی کہ (سب بلکہ اسلامی ممالک پر حملہ آور ہون) کہ تمامی اسلامی ممالک عیسائی ممالک ہوجائین"

[1] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۰۹ و البیان المغرب (ترجمہ اردو) ص ۱۹۴

لیکن راجر نے اپنے ذاتی اغراض سے اس تجویز کی تائید نہین کی، اور اپنے مشیرون کو سمجھایا کہ اگر یورپ کی مختلف فوجین صقلیہ آئین، اور یہان سے افریقہ وغیرہ پر حملہ آور ہوئین تو فتح و شکست دونون صورتون مین صقلیہ کی حکومت کے کیا فوائد و نقصانات ہین، اور اوسکے بعد اوس ایلچی کے ذریعہ اپنی طرف سے حسب ذیل تجویز لکھ کر اٹلی بھیجی،:-

"جب تم نے مسلمانون سے مذہبی جنگ کرنے کا قصد کر لیا ہے، تو زیادہ بہتر ہے کہ بیت المقدس پر قبضہ کرو، اور اس مقدس شہر کو مسلمانون کے پنجۂ ظلم سے نجات دلا کر ایک قابل فخر کارنامہ انجام دو کیونکہ ابھی ہمارے اور افریقہ کے درمیان عہد و پیمان ہو چکے ہین"

جنگ صلیبی کی ابتدائی سرگذشت مین بیان کیا جاتا ہے کہ ایک فرانسیسی راہب پطرس نے بیت المقدس سے واپس جا کر جنگ صلیبی کا صور یورپ مین سب سے پہلی مرتبہ پھونکا، اور اسی کی آواز پر سارا یورپ ٹوٹ پڑا، پطرس کی مسیحیت کی خدمت کرنے اور یورپ مین جنگ صلیبی کے جذبات ابھارنے سے انکار نہین لیکن واقعات کی یہ ترتیب اور ابن اثیر کی یہ مستند شہادت موجود ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے، کہ فتح بیت المقدس کا محرک اول فرانسیسی راہب پطرس نہین بلکہ مامن خدمتگذار مسیحیت و فاتح صقلیہ راجر ہے،

چنانچہ راجر کی اسی تجویز کے بعد ۴۹۰ھ ۱۰۹۶ء مین سب سے پہلی جنگ صلیبی چھیڑنے کیلئے اٹلی مین وہ شہرۂ آفاق کانفرنس ہوئی، جو جنگ ہائے صلیبی کی اول و اساسی کانفرنس سے موسوم کیجاتی ہے اور اسی کے بعد پطرس سارے یورپ مین جنگ صلیبی کا صور پھونک آتا ہے، اور راجر کی اوسی تجویز کی بنیاد پر سب سے پہلے صلیبی لڑائی ۴۹۱ھ ۱۰۹۷ء مین پیش آتی ہے، راجر نے اس تجویز سے گویا اسلامی ممالک کو باہم تقسیم کر لیا، اپنے لئے اوس نے شمالی افریقہ کو رکھا، اور شام و مصر کو مسیحیت کے دوسرے خدمتگذارون کے نذر کیا،

پہلا صلیبی لشکر ۴۹۱ھ ۱۰۹۷ء مین کوچ کرتا ہے اور سب سے پہلے انطاکیہ کو فتح کر لیتا ہے، پھر ۴۹۲ھ ۱۰۹۸ء مین

بیت المقدس پر عیسائیوں کا قبضہ ہوجاتا ہے، اور پھر ۱۱۹۶ء/۵۹۲ھ کے دوسرے صلیبی حملہ میں شام کا ایک وسیع علاقہ عیسائی حکومت کے قبضہ میں چلا جاتا ہے، اور راجر کی تحریک سے مقدس شہر یروشلم اور شام کے ایک وسیع علاقہ سے کامل اکانوے برس کے لئے اسلامی پرچم سرنگوں ہوجاتا ہے[1]، یہاں تک کہ نورالدین زنگی اور صلاح الدین ایوبی کی خون آشام تلواریں اوٹھتی ہیں اور شام کے غبار آلود مطلع کو صاف کردیتی ہیں، اور اس موقع پر صقلیہ کی عیسائی حکومت مسیحیت کی جو خدمات انجام دیتی ہے اس کا تعارف چند صفحوں میں آگے آئے گا، ابھی افریقہ کی اجمالی سرگذشت سامنے ہے،

شمالی افریقہ پر قبضہ کی تیاریاں

راجر اپنی اوسی تجویز کے مطابق افریقہ پر قبضہ کرنیکے لئے اپنی جنگی قوت میں روز بروز اضافہ کرتا گیا لیکن اسی اثنا میں ۲۲ جون ۱۱۵۴ء/۴۹۸ھ کو اس کا انتقال ہوگیا، اور اوسکے بیٹے اوس کا لڑکا راجر دوم کے نام سے تخت حکومت پر بیٹھا، اور اوس نے تخت حکومت پر بیٹھتے ہی شمالی افریقہ کی سیاسیات میں ایک ایسی شاطرانہ اور کامیاب روش اختیار کی جسکی بنا پر وہ ایک دن پورے شمالی افریقہ کا مالک بن بیٹھا، اور راجروں کا خواب حقیقت بنکر سامنے آگیا،

شمالی افریقہ پر قابض ہونیکی ایک شاطرانہ روش

اس وقت شمالی افریقہ کی صنہاجی حکومت کے حالات یہ تھے کہ المعز کے عہد سے صنہاجی قلمرو میں فتنہ و فساد اور بغاوت کا جو طوفان اٹھا تھا ابھی تک اس کا استیصال نہ ہوسکا تھا بلکہ حکومت کی داخلی پیچیدگیاں روز بروز بڑھتی ہی گئیں، اور ملک میں چھوٹی چھوٹی خود مختار و نیم خود مختار حکومتیں قائم ہوتی گئیں، جس کی وجہ سے ملک میں ہر طرف خانہ جنگیوں کا سلسلہ قائم ہوگیا، اسکی رفتار کسی زمانہ میں تیز ہوجاتی اور کسی زمانہ میں سست پڑجاتی،

جب راجر نے شمالی افریقہ کا یہ نقشہ دیکھا، تو اوس نے یہاں قدم جمانیکے لئے اونہی خود مختار و نیم خود مختار حکومتوں پر نگاہ ڈالی، جو دولت صنہاجیہ سے کٹ کٹ کر آزاد انہ قائم ہوتی گئی تھیں، وہ دولت صنہاجیہ سے

[1] ابن اثیر ج، ص ۱۸۵، ۱۸۷ و ۱۹۳ و الحروب الصلیبیہ سید علی الحریری، ص ۱۴۱ تا ۱۴۱ وغیرہ،

دوستانہ معاہدہ پہلے ہی کر چکا تھا، اب افریقیہ کی یہ نئی خود مختار و نیم خود مختار حکومتیں قائم ہو رہی تھیں راجر کے اون پر حملہ آور ہو جانے کی بظاہر دولت صنہاجیہ کے اوس معاہدہ کی خلاف ورزی نہیں ہوتی تھی خصوصاً اسلئے کہ وہ حکومتیں حکومت صنہاجیہ سے باغی ہوتی تھیں، اسلئے فرمانروائے صنہاجی کو اصولاً کسی شکایت کا موقع نہیں تھا

اس طریقہ سے راجر دوم نے شمالی افریقیہ میں اپنے قدم پورے طور پر جمالئے، اسکے بعد پھر یہ صورت بھی پیش آنے لگی، کہ اگر کسی وقت افریقیہ کے خود سر ولاۃ اور دولت صنہاجیہ میں آویزش ہوتی، تو راجر دوم خود سروالی کی مدد کر کے معاہدہ کی خلاف ورزی کر جاتا، لیکن پھر سمی گفت و شنید کے بعد معاملات کو رفع دفع کر لیتا، اس قسم کی سب سے پہلی صورت ۵۱۱ھ/۱۱۱۷ء میں پیش آئی جب رافع بن مکن دہمانی والی قابس اور صنہاجی فرمانروا علی بن یحییٰ بن تمیم میں باہمی آویزش ہوئی چنانچہ جب صنہاجی بیڑا رافع کی گوشمالی کیلئے قابس آیا تو رافع کی امداد کیلئے یہاں نارمن بیڑا پہلے سے موجود نظر آیا، یہی پہلا موقع تھا جب دولت صنہاجی اور نارمن حکومت صقلیہ میں کھلی ہوئی مخالفت کا اظہار ہوا، ابن اثیر لکھتا ہے:-

"اوسی وقت علی کو صقلیہ اور قابس کے اتحاد کی خبر ہوئی جسکی راجر برابر تردید کرتا رہتا تھا"

افریقی حکومتوں کا صقلیہ پر حملہ آوری کا ارادہ

علی نے اسکے جواب میں ۵۱۲ھ/۱۱۱۸ء میں اپنے ایلچی صقلیہ بھیجے، اور دونوں حکومتوں میں شکوہ شکایات کے دفتر کھل گئے، اور جب صفائی نہ ہو سکی، تو علی نے بالآخر صقلیہ پر حملہ آوری کا ارادہ کیا، اور مراکش کے مرابطین سے استمداد کی علی بن یوسف بن تاشفین فرمانروائے مراکش نے اعانت پر آمادگی ظاہر کی، اور ایک متفقہ حملہ کا سامان شروع ہو گیا، اور راجر نے یہ حالات سنتے ہی اپنی تمام سرگرمیاں روک دیں[1]، لیکن اچانک صنہاجی فرمانروا علی کی ناگہانی موت سے اسلامی حملہ کی یہ تجویز معرض التوا میں پڑ گئی،

---

[1] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۲۷۲ و ابن خلدون حوادث ۵۱۲ھ دراماری صفحہ ۳۷،

صقلیہ کی افریقہ پر حملہ آوری

کچھ زمانہ گذرنے کے بعد علی بن یوسف صاحب مراکش نے اپنا ارادہ پورا کرنا چاہا، اور ۵۱۶ھ/۱۱۲۲ء مین بلاد قلوریہ کے ایک شہر نقوطرہ (NICOTRA) پر حملہ آور ہو کر اوسکو زیر اقتدار کر لیا لیکن راجر پر نقوطرہ کے سقوط کا کوئی اثر نہین پڑا، اور اوس نے اوسکے جواب مین افریقیہ پر حملہ آوری کا ارادہ کیا، جب علی کے جانشین حسن صنہاجی کو اوسکی خبر ملی، تو وہ بھی مدافعت کے سامان کرنے لگا، اور بالآخر ۵۱۷ھ/۱۱۲۳ء مین نارمن بیڑا مہدیہ کے تاخت و تاراج کے لئے روانہ ہو گیا، مگر سمندر کے باد مخالف سے یہ بیڑا مہدیہ نہین پہنچ سکا، نارمن امیر البحر نے ہوا کے رُخ پر بیڑے کو ڈال دیا، جو جزیرۂ قوصرہ مین جا کر تھما،

جزیرہ قوصرہ کی اسلامی آبادی پر مصائب

جزیرۂ قوصرہ اگرچہ اس وقت عیسائیون کے قبضہ مین تھا، لیکن یہان اسلامی آبادی زیادہ تھی، اور ابھی تک اون کی دولت و ثروت بھی اونھی کے پاس تھی، نارمن یہان پہنچکر محض مہدیہ کے جوش انتقام مین جزیرۂ قوصرہ کے مسلمانون پر ٹوٹ پڑے اور قتل عام کر دیا، جسمین بوڑھون، بچون اور عورتون کی تمیز بھی باقی نہین رکھی، اور نہایت بیدردی سے ننھے ننھے معصوم بچون، عفیف عورتون اور معذور بوڑھون کا خون بہایا،

قلعہ دیماس پر نارمن قبضہ اور پھر شکست

اسکے بعد نارمن بیڑا افریقہ روانہ ہوا، لشکر مین کچھ بے ترتیبی آگئی تھی اسلئے مہدیہ مین اوترنے کا موقع نہین تھا، ساحل کے ایک دوسرے اسلامی شہر قلعہ دیماس مین اوتر پڑے، قلعہ مین عربون کی ایک جماعت موجود تھی، اوس نے مقابلہ کیا مگر شکست کھا کر مغلوب ہو گئی، اور نارمن شہر مین داخل ہو گئے، اسی اثنار مین مسلمانون کی ایک کمک مہدیہ سے آپہنچی اور ایک خونریز جنگ کے بعد نارمنون کو بہت کچھ مال غنیمت چھوڑ کر فرار ہونا پڑا، اس جوابی حملہ مین بہت سے نارمن قتل ہوئے، اون کی ایک جماعت قلعہ بند بھی ہو گئی تھی، اوس کو بھی مغلوب کر کے سب کو قتل کر دیا گیا،

مسلمانون کی یہ فتحمندی مدت کے بعد نصیب ہوئی تھی، جس نے اوس کی خوشخبری ضابطہ کے ساتھ تمام عالم اسلامی مین بھیجی، اور مہدیہ مین ایک جشن عام منایا، جس مین شعراء نے تہنیت آمیز

قصاد سنائے،

قدیم حکمت عملی کا اعادہ

لیکن یہ ایک عارضی نوید مسرت تھا، راجر دوم اپنی قدیم حکمت عملی پر لوٹ آیا، اور درحقیقت اسلامی حکومت کے لئے اوسکی یہی حکمت عملی نہایت خطرناک تھی، چنانچہ راجر کی سلسلہ جنبانی کے بعد نارمن اور صنہاجی حکومتون مین پھر سے خوشگوار تعلقات قائم ہوگئے، اور اب پھر وہی قدیم سلسلہ جاری ہوگیا یعنی حکومت صنہاجی کے جو ولاۃ حکومت سے سرکشی پر آمادگی ظاہر کرتے، راجر دوم فوراً ان کی خفیہ امداد کرکے اونھین بغاوت پر آمادہ کرتا اور اندر اندر اپنی اس منافقانہ کارروائی کے ساتھ ظاہر اردو دولت صنہاجی سے خوشگوار تعلقات بھی برقرار رکھتا، اور جب فرمانروائے افریقیہ معاہدہ کی خلاف ورزی پر اعتراض کرتا، تو جواب دیتا کہ یہ لوگ تمھاری اطاعت سے باہر ہین اس لئے اس معاہدہ مین داخل نہین،

افریقیہ کے مختلف اہم شہرون کا سقوط،

چنانچہ اسی طرح مختلف مقامات پر حکومت صنہاجی کے خلاف بغاوتین برپا ہوتین اور راجر سب کو خفیہ امداد پہنچاتا، اور پھر جب وہ ولاۃ حکومت صنہاجی سے الگ ہوجاتے تو اون پر خود حملہ آور ہوکر انھین ملک سے بیدخل کردیتا، اور اپنی طرف سے شہر کے کسی معزز خاندان کو قائم مقام بنا کر مقامی حکومت اوسکو تفویض کردیتا، اور اون ولاۃ کو اطاعت پر قائم رکھنے کیلئے اوسی خاندان مین سے چند چیدہ معزز اشخاص کو بطور یرغمال اپنے ساتھ صقلیہ لیجاتا، اور وہ مقامات نارمن حکومت صقلیہ کا جزو کہلاتے اور سالانہ خراج اون پر عائد کردیتا،

چنانچہ راجر اپنی اسی حکمت عملی کی رو سے رفتہ رفتہ ۵۲۹ھ مین برشک، بجایہ، مسقاص، ۵۴۱ھ مین طرابلس الغرب اور ۵۴۲ھ مین قابس پر قابض ہوگیا، یہ تمام مقامات دولت صنہاجی کے قلمرو مین شامل تھے لیکن ولاۃ کی سرکشی سے آزاد ہوئے اور پھر اوسی طرح نارمنون کے قبضہ مین چلے گئے،

مختلف جزائر کا سقوط

نارمن شمالی افریقیہ کے اون مقامات پر قابض ہونیکے علاوہ اپنی اسی حکمت عملی کی رو سے بحر روم کے جزائر پر بھی اقتدار حاصل کرتے گئے، چنانچہ رفتہ رفتہ مختلف جزائر مثلاً ۵۲۹ھ مین جزیرہ

جربہ اور ۵۴۰ھ/۱۱۴۵ء میں قمونہ اور پنطلاریہ وغیرہ نارمنوں کے قبضہ میں آگئے۔

مفتوح مسلمانوں پر مصائب نارمن اپنی ان تمام فتوحات میں جو کچھ مظالم برپا کرسکتے تھے کرتے گئے، قتل عام اور غارتگری میں اکثر ایسا ہوتا کہ اون کی بربریت سے بوڑھے، عورتیں، اور شیر خوار بچے تہ تیغ کردیے جاتے، پھر یہ لوگ اپنے ان مفتوح ممالک سے مسلمانوں کو گرفتار کرکے صقلیہ لیجاتے، اور وہاں ان کے دینی بھائی یعنی مسلمانان صقلیہ کے سامنے زبون حالت میں غلام بنا کر رکھتے، اور بالآخر مسلمانان صقلیہ اپنی اخوت دینی سے مجبور ہوکر ان گرفتاران بلا کو گرانقدر قیمتوں پر خرید خرید کر آزاد کرتے، اسی طرح ان مفتوح ممالک کی مسلمان شریف زادیوں کو گرفتار کرلیتے، اور وہیں لونڈی بنا کر رکھتے، اور مسلمانان صقلیہ کی آنکھوں کے سامنے ان کے ساتھ لونڈیوں کا برتاؤ کرتے، اور مسلمانان صقلیہ غیرت وحمیت دینی سے عرق عرق ہوجاتے، اور اون کو آزاد کرانے میں نہایت گرانقدر رقمیں صرف کرتے، خصوصاً ۵۳۹ھ/۱۱۴۴ء میں شہر برشک کی شریف زادیوں کی عصمت وحرمت کے لئے مسلمانان صقلیہ کو بڑی بڑی رقمیں ادا کرنی پڑیں، اسی طرح قتل و غارت گری کی بھی عام گرم بازاری رہی، مثلاً صرف جزیرہ جربہ میں ایک حملہ میں تقریباً آٹھ ہزار مسلمانوں کو گرفتار کیا گیا، جنمیں بہت سے مضبوط خوشرو نوجوان اور حسین پردہ نشین عورتیں شامل تھیں، یہ پورا قافلہ لوٹ لیا گیا جسمیں چھوٹے چھوٹے شیر خوار بچے نیزے کی انی پر اوچھال دیے گئے، اور اسی طرح ان مفتوح اسلامی ممالک سے جس بیدردی سے مال غنیمت لوٹا گیا، اسکا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ صرف ایک ایک حملہ میں ستر ستر جہاز مال غنیمت کے قیمتی ساز و نسے بھرے صقلیہ لائے گئے[1]

دولت صنہاجیہ کا خاتمہ نارمنوں کے ہاتھوں ان مذکورہ بالا مقامات پر نارمن مستولی رہے ہی تھا کہ اتفاق سے افریقہ میں قحط پڑ گیا اور فرمانروائے افریقہ کو صقلیہ کے غلہ کی خاطر ۵۳۶ھ/۱۱۴۱ء میں تجدید عہد کرنا پڑا، اور اسی کے ساتھ افریقہ کے وہی مسلمان امراء و ولاۃ جو ان جزائر اور شمالی افریقہ کے اون مقامات پر نارمنوں کے قائم مقام کی حیثیت سے فرمانروائی کررہے تھے، نارمنوں سے مکمل اتحاد عمل کرنے لگے، اور پھر وہی لوگ عیسائیوں

[1] کتاب الفارسیہ فی مبادی الدولۃ الحفصیہ دراماری ص ۵۹، وابن اثیر ج ۱۱ در حوادث سنین مختلفہ مذکورہ در متن۔

کی مزید فتوحات کا باعث بنتے گئے، چنانچہ اس طرح رفتہ رفتہ حکومت صنہاجی کے قلمرو سے مختلف مقامات الگ ہو ہو کر نارمنوں کے قبضہ میں جاتے رہے، اور بالآخر وقت بھی آپہنچا کہ دولت صنہاجیہ کا کلیتہً خاتمہ ہوجائے چنانچہ ۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء کا وہ منحوس سال ہے، جب مسیحی علم مہدیہ کے قلعہ پر نصب ہوگیا، اور دولت صنہاجی کا وہ چراغ جو شمالی افریقہ میں اسلامی کارنامون کو روشن کئے تھا، اور اس وقت اوسی سے شمالی افریقہ میں اسلام کا دھندلا سا نام و نشان باقی تھا، نارمنون کے ہاتھون گل ہوگیا،

یہ ہے صقلیہ کی اسلامی سلطنت کے زوال کا وہ دردناک انجام جو صرف اوسکے ۵۹ سال بعد سامنے آگیا اور راجر اول کے وہ خوفناک ارادے جو اسلام کو شمالی افریقہ سے رخصت کرنے پر مشتمل تھے، صرف نصف صدی میں پورے ہوگئے، نارمن ۴۱۶ھ/۱۰۲۵ء میں قلوریہ پر قابض اور ۵۴۳ھ/۱۱۴۸ء میں وہ حکومت افریقہ کا تختہ الٹنے میں کامیاب ہوگئے، اس ۱۳۸ سال کی مختصر مدت میں وہ ساری سرزمین اوسی ترتیب سے اون کے زیر نگین آگئی جس ترتیب سے وہ اسلامی حکومت کے زیر اقتدار آئی تھی یعنی اسلام ان ممالک میں افریقہ سے صقلیہ اور صقلیہ سے کلبریہ و انبردہ پہنچا تھا، اور نارمنون نے اسلام کو اسی راستہ سے یعنی انبردہ و قلوریہ سے صقلیہ اور صقلیہ سے شمالی افریقہ واپس لوٹا دیا،

نارمنون کی پیشقدمی میں ایک عارضی التوا

نارمن دولت صنہاجی کے خاتمہ کے بعد شمالی افریقہ کے دیگر حصص پر حملہ آور ہوتے، اور پھر مصر و شام کی طرف روانہ ہوجاتے لیکن مسلمانان عالم کی وقتی خوش قسمتی سے ۵۴۴ھ/۱۱۴۹ء میں نارمن فرمانروا اور فرمانروائے قسطنطنیہ میں بعض اختلافات ہوگئے، اور دونون حکومتون میں لڑائی چھڑ گئی، جس کی وجہ سے اسلامی ممالک میں نارمنون کی پیشقدمی کا سلسلہ عارضی طور پر ملتوی ہوگیا، ابن اثیر لکھتا ہے:-

"اسی سال (۵۴۴ھ) راجر فرنگی فرمانروائے صقلیہ اور شاہ قسطنطنیہ میں جنگ چھڑ گئی، جس کا ایک طویل سلسلہ ہے، اس نے یہ عیسائی آپس ہی میں دست و گریبان ہوگئے، اگر یہ نہ ہوتا، تو راجر

تمام افریقہ کو فتح کر لیتا،

چنانچہ اس کے بعد صرف ایک شہر بونہ پر ۵۴۸ھ/۱۱۵۳ء مین نارمنون کا قبضہ ہوا، جو جدید نارمن فرمانروا کی گویا ایک پہلی مشق تھی، لیکن اسکے بعد حالات ایسے بدلے کہ فتوحات کا سلسلہ موقوف ہوگیا،[۱]

[۱] تمام مذکورۂ بالا واقعات کی تفصیل کے لئے دیکھو ابن اثیر ج ۱۰ و ۱۱ حوادث سنہ ۴۹۱ھ، ۵۰۳ھ، ۵۰۹ھ، ۵۱۷ھ، ۵۱۹ھ، ۵۳۶ھ، ۵۳۷ھ، ۵۳۹ھ، ۵۴۰ھ بغایت ۵۴۴ھ و ۵۴۵ھ، حالات و واقعات کا تسلسل قائم رکھنے کے لئے ضروری معلوم ہوتا ہے، کہ حاشیہ مین شمالی افریقہ کے بعد کے حالات کا ایک اجمالی خاکہ بھی درج کر دیا جائے،

فتح بجایہ | افریقہ کے یہی حالات تھے کہ موحدین کے مذہبی پیشوا اور سیاسی فرمانروا عبدالمومن نارمنون کے خلاف ۵۴۷ھ/۱۱۵۲ء مین تلوار اوٹھاتا ہے اور اسی سال بجایہ کو نارمنون سے چھین لیتا ہے،

صقلیہ مین اختلال | حسن اتفاق کہ ادھر افریقہ مین عبدالمومن کی تلوار چمکی اور ادھر صقلیہ مین ایسے حالات رونما ہوئے، کہ آپ سے آپ وہان کے تھرا قتدار مین تزلزل آگیا، راجر دوم نے ۵۴۸ھ/۱۱۵۳ء مین تقریباً ۸۰ سال کی عمر مین تقریباً ۴۰ سال حکومت کرکے وفات پائی، اسکی موت کے بعد ولیم جسکو عرب مورخین ظالم کہتے ہین، برسر اقتدار آیا، وہ حکومت کا اہل ثابت نہ ہوسکا، اس نے ایک قصرانی مایو (MAIO) نامی کو وزارت سپرد کی، وہ بھی نااہل نکلا، اور اسکے نتیجہ مین مسلمانون کی قسمت کا پانسہ پلٹا، اور مختلف مقامات نارمنون کے قبضہ سے نکل گئے، اس سلسلہ مین جزیرہ جربہ اور جزیرہ قرقنہ مین اولاً بغاوت ہوئی، اور وہ اپنی گلوخلاصی مین کامیاب ہوگئے، ان کے دیکھا دیکھی صقلیہ کے بعض شہر کے مسلمانون نے بھی بغاوت کا علم بلند کیا، مگر وہ دشمنون کے نرغہ مین تھے اُن کی سعی لاحاصل رہی،

حسین کی قربانی سے شمالی افریقہ کی آزادی | جب نارمنون کی کمزوریان آشکارا ہوئین تو افریقہ کے اون مسلمان ولاۃ کو بھی عبدالمومن کے بھرو پر جرأت ہوئی، جو نارمنون کی طرف سے قائم مقام بنکر حکومت کر رہے تھے، ان مسلمان ولاۃ مین سب سے اہم کارنامہ سفاقس کے والی عمر بن حسین کا ہے، اس نے ۵۵۲ھ/۱۱۵۷ء مین اپنی بغاوت کا اعلان کیا، اور اوسکی اس جرأت مین اسکا ایک نہایت لائق ستایش درخشان پہلو اس کی ایک ہمت مردانہ ہے، جو صحیح اسلامی جذبات کی ترجمان ہے، اور جسمین عمر اور اوسکے باپ حسین دونون نے اپنے اپنے جوہر کمال و جرأت مندانہ شجاعت کو آشکارا کیا، واقعہ یہ تھا کہ عمر سفاقس مین نارمنون کی والی تھا، اور اوسکی اطاعت کی ضمانت مین اس کا باپ حسین صقلیہ مین نظر بند رکھا گیا تھا، اسلئے عمر کی بغاوت کے دوسرے معنی باپ کی شہادت کے بھی تھے لیکن حسین خود اسلام کا ایک جانباز و جان نثار فدائی تھا، اُس نے اپنے لڑکے کو خفیہ وصیت کی کہ

جنگ ہاے صلیبی اور فتح بیت المقدس

عیسائیون کو بیت المقدس اور شام (۴۹۱ھ/۱۰۹۷ء و ۴۹۶ھ/۱۱۰۳ء) کے ملکون مین جو استیلا ہو گیا تھا، اون کے خلاف ۵۴۱ھ/۱۱۴۶ء سے عماد الدین زنگی تلوار اوٹھاتا ہے اور پھر مختلف معرکہ آرائیون اور محاصرہ و استرداد حصار کے بعد نور الدین زنگی اور اسد الدین شہرکوہ پے مختلف حملے کرتے ہین

(بقیہ حاشیہ ۴۵۵) "مین چراغ سحری ہون، آج نہین کل بجھ جاؤن گا، تم فرصت کے منتظر رہو، اور میری انتہائی خوشنودی یہی سمجھو کہ حصول مقصد کے لیے میری نقد جان سفاقس کی آزادی پر نثار کردو"

چنانچہ وہ موقع صقلیہ مین اون حالات کے پیش آجانے سے ۵۵۱ھ/۱۱۵۶ء مین سامنے آگیا، اور عمر نے اپنے اصحاب حل وعقد کے مشورہ کے بعد انقلاب حکومت کا اعلان کر دیا، اور سب سے پہلے سفاقس کے تمام عیسائیون کو چن چن کر قتل کیا، اور پھر سفاقس کے قلعہ سے نارمن جھنڈا اتار کر پھینک دیا، یہ ہو ہی رہا تھا، کہ نارمن فرمانروا کو واقعات کا علم ہوا، اور ایک نہایت تہدید آمیز مکتوب عمر کے پاس سفاقس بھیجا، عمر نے اس نارمن ایلچی کو ٹھہرالیا، اور اسکے جواب مین ایک جنازہ اوٹھانے کا اہتمام کیا، چنانچہ ایک جنازہ نہایت تزک و احتشام سے اوٹھایا گیا، یہ گویا شہید ملت حسین کا جنازہ تھا، سفاقس کے تمام باشندے اسمین شریک ہوئے، شہر سے یہ جلوس گذر کر قبرستان آیا، اور یہان وہ جنازہ اس نارمن ایلچی کے سامنے دفن کر دیا گیا، نارمن پیغامبر یہ تمام تماشا دیکھتا رہا، اس کے بعد اوسکو عمر نے دربار مین بلا کر یہ پیغام دیا، کہ:-

"مین نے سفاقس کی آزادی باپ کے سر کے معاوضہ مین خریدی ہے، شاہ صقلیہ سے کہدو کہ میرا باپ مرچکا اور مین اور میرے ساتھ تمام باشندگان شہر نے اوس کا جنازہ دفن کر دیا، اب ہم لوگ اسکی عزاداری کرنے بیٹھے ہین"

پیغامبر صقلیہ واپس آیا تمام حالات من وعن بیان کئے، حسین نے بھی شکر خداوندی ادا کیا، اور جوش مسرت کے ساتھ خوشی دار پر چڑھ گیا اور اوسکی نقد جان اوسکی وصیت کے مطابق سفاقس کی آزادی پر قربان ہوگئی،

کہا جاتا ہے کہ پہلی صدی مین حسین بن علیؓ کی شہادت نے اسلام کو نئی زندگی عطا کی تھی، یہ کچھ انہی کی برکت ہے کہ چھٹی صدی کے اس حسین نے بھی کاایک ادنی نمونہ پیش کیا، خود قربان ہوگیا، اور اپنی قربانی سے سارے افریقہ مین اسلام کو زندہ کر دیا، اسکی شہادت کی خبر بجلی کی طرح سارے افریقہ مین دوڑ گئی، اور نارمنون کے خلاف سارے افریقہ مین ہتھیار چمک اوٹھے۔

ابو یحیی بن مطروح نے طرابلس مین علم بغاوت بلند کیا، محمد بن رشید نے قابس کے پانون سے غلامی کی بیڑیان کاٹ دین پھر عبد المومن کی خون آشام تلوار چمک اوٹھی، اور اوس نے بونہ پر چشم زدن مین قبضہ جمالیا،

جن مین وہ عیسائیون پر غالب آتے ہین یہانتک کہ سلطان صلاح الدین ایوبی کی خون آشام تلوار میدان مین چمکتی ہے، اور کامل اکانوے برس کے بعد ۵۸۳ھ/۱۱۸۷ء مین بیت المقدس پر اسلامی قبضہ ہوجاتا ہے،

جنگ ہاے صلیبی مین صقلیہ کی شرکت

اسلام اور عیسائیت کی ان لڑائیون مین صقلیہ کی عیسائی حکومت نے کہان تک حصہ لیا، اس کی تفصیل ایک طویل داستان ہے، الغرض یہ کہ صقلیہ کے فاتح عیسائیون کو اگرچہ پہلی اور دوسری صلیبی لڑائیون مین جسکی ابتدا راجر کی تحریک سے ہوئی تھی، افریقہ کی مہمون کے باعث شرکت کا موقع نہ مل سکا، مگر جب مہدیہ کے قبضہ کے بعد اس طرف سے فرصت ملی تو یہ لوگ بھی مصر و شام کی جانب متوجہ ہوئے، اور غالباً سب سے پہلا نارمن بیڑا ۵۴۸ھ/۱۱۵۳ء مین صقلیہ سے مصر روانہ ہوا، اور مصر کے ایک مقام تنیس پر غارتگری کی، لیکن پھر یہ نارمن بہت جلد افریقہ کے معاملات مین الجھ گئے، اور اونھین اس جانب دوبارہ توجہ کرنے کا موقع نہین ملا یہانتک کہ جب ۵۵۴ھ/۱۱۵۹ء مین عبد المومن نے مہدیہ پر قبضہ کرلیا، اور نارمنون کو

(بقیہ حاشیہ ص۱۶۰)

شمالی افریقہ سے نارمن قبضہ کا خاتمہ اور دولت موحدین کا قیام

اسی طرح سب سے آخر مین زویلہ کے باشندون نے بغاوت کی، اگرچہ وہ بعض ناگزیر حالات کے پیش آجانے سے ناکام رہے، اور یہان عیسائیون کو مسلمانون کے قتل عام کا موقع مل گیا، جسمین نہایت بے دردی سے عورتون اور بچون کو ذبح کیا گیا، لیکن چند بقیۃ السیف مسلمان اپنی جان بچانے مین کامیاب ہوگئے، اور وہ فرار ہوکر عبد المومن کے یہان آکر پناہ گزین ہوئے اور اتفاق سے اہل زویلہ کی یہی بربادی و ناکامی شمالی افریقہ سے نارمنون کے استیلا کے قطعی خاتمہ کا آخری سبب بن گئی، چنانچہ ان پناہ گزین مہاجرین نے زویلہ مین کربلا کا جو منظر پیش آیا تھا، اوس کا پورا نقشہ عبد المومن کے سامنے کھینچ دیا، اور اس سے التجا کی کہ مسلمان فرمانرواؤن مین ایسی کوئی شخصیت موجود نہین ہے جو مسلمانان زویلہ کے ان دردناک مظالم کا بدلہ لے سکے، نارمن ابھی سوسہ اور مہدیہ پر قابض ہین، زویلہ ان کے پنجۂ ظلم مین گرفتار ہے، معلوم نہین آیندہ کیا حالات رونما ہون، عبد المومن خدا ترس مسلمان تھا، آبدیدہ ہوکر کمر ہمت باندھی، اور عظیم الشان تیاریون کے ساتھ مہدیہ کی رہائی کے لئے مراکش سے اوٹھ کھڑا ہوا، پھر جو حالات پیش آئے اون کی ایک طویل داستان ہے، حاصل کلام یہ کہ اوس نے ۵۵۴ھ/۱۱۵۹ء مین نارمنون کو اپنی خون آشام تلوار سے زیر کرکے مہدیہ کو اون کے وجود سے پاک کیا، حسن صباحی جو اب تک آوارۂ وطن پھر رہا تھا، مہدیہ کے عظیم الشان قصر مین سکونت پذیر ہوا، اور تمام افریقہ نارمنون کے قبضہ و استیلا سے پاک ہوکر موحدین کے زیر علم آگیا (تفصیلات کے لئے دیکھو ابن اثیر ج ۱۱ حوادث ۵۴۳ھ، ۵۵۱ھ، ۵۵۴ھ و المعجب فی تلخیص اخبار مغرب وغیرہ)

سرزمین افریقہ سے قطعی مایوسی ہوگئی، تو پھر وہ مصر کی جانب متوجہ ہوئے جہاں اس وقت خانوادۂ فاطمیین کے زوال کے بعد سلطان صلاح الدین ایوبی کا سکہ رواں تھا،

سلطان صلاح الدین ایوبی عیسائی شاہ صقلیہ کی دشمنی اور اوس پر معاندانہ پیش قدمیاں اور صلاح الدین کی کامیابیاں

صلاح الدین ایوبی، نورالدین زنگی کے دست راست ہونے کے وقت سے مسیحی فتوحات کا قلع قمع کر رہا تھا، یہاں تک کہ اسی کے ہاتھوں بیت المقدس کی فتح کی تکمیل ہوئی، اس لئے وہ تمام عالم عیسائیت میں شدید بغض وعناد سے دیکھا جاتا تھا، اور اوس سے صقلیہ کے عیسائی بھی مستثنیٰ نہیں تھے، سلطان صلاح الدین نے ۵۶۹ھ/۱۱۷۳ء میں خلافت فاطمی مصر کا خاتمہ کرکے شیعی مرکزیت کا بھی خاتمہ کر دیا تھا، اس لئے مصر کے شیعے بھی اس کے شدید دشمن تھے،

صقلیہ کا عیسائی فرمانروا بہ نسبت دیگر فرمانروایان یورپ کے اسلامی سیاسیات سے زیادہ آشنا تھا، اس نے سلطان صلاح الدین اور شیعان علی کے تعلقات کا اندازہ لگایا، اور یورپ کی مسیحی طاقتین جنمین سب سے اہم حصہ اسی شاہ صقلیہ کا تھا، مصر کے شیعون سے سازوباز کرنے لگین اور سلطنت ایوبیہ مصر کا تختہ الٹ کر ایک نئی حکومت قائم کرنے کی تجویز قرار پائی، اور اس موقع پر شاہ صقلیہ نے سب سے زیادہ ستم ظریفی یہ کی کہ ایک طرف صلاح الدین سے نامہ وپیام جاری رکھا، اور دوسری طرف مصر کے شیعون سے اس کے خلاف سازوباز مین مصروف رہا، اور طے پایا کہ فلان موقع پر صقلی بیڑا استخلاص مصر کے لئے ساحل پر لنگر انداز ہوجائے گا، اتفاق سے ان واقعات کا علم مصر کی ایک اہم شخصیت ابن نجیہ کو ہوگیا جس نے حقیقت حال سے سلطان کو آگاہ کر دیا، شیعون کے اوس سازشی گروہ کو تو اوسی وقت گرفتار کرکے تہ تیغ کر دیا گیا، اور پھر صقلی بیڑے کی آمد کا علیحدہ انتظار رہا، اور اوسکی مدافعت کی تیاریان کرلین،

چنانچہ ۵۷۰ھ/۱۱۷۴ء مین صقلیہ کا وہ مسیحی بیڑا وقت موعودہ پر مصر پہنچا، دوسو جہازون مین پچاس ہزار پیدل فوج اور چھتیس جہازون مین ڈیڑھ ہزار سوار تھے، چھ بڑے جہازون مین آلات جنگ اور چالیس

بڑے جہازون مین سامان رسد ساتھ تھا،

سلطان صلاح الدین اس وقت ایک دوسری صلیبی لڑائی مین مصروف تھا، والی اسکندریہ نے ہدایات کے مطابق مقابلہ کیا، لڑائی کا سلسلہ جاری تھا کہ خود صلاح الدین آپہنچا، اور اپنی ضرب المثل جوانمردی سے صقلی بیڑے کو برباد کرڈالا تمام سپاہ یا تو قتل ہوئی، اور یا گرفتار کرلی گئی کسی ایک جہاز کو صقلیہ لوٹنا نصیب نہین ہوا،

نارمن بیڑے کی اس بربادی سے صقلیہ مین کہرام مچ گیا صقلیہ کے عیسائی پہلے سے زیادہ صلاح الدین کے خون کے پیاسے ہوگئے، نارمن فرمانروائے صقلیہ نے صلاح الدین سے انتقام لینے کا پختہ عزم کیا اور اوسکے اثرات ظاہر ہونیلگے، اسی سلسلہ مین افریقہ کے موحدین سے صلح کرلینا ضروری سمجھا گیا، اور ۵۷۶ھ/۱۱۸۰ء مین ولیم فرمانروائے صقلیہ، اور یوسف بن عبدالمومن فرمانروائے مہدیہ سے ایک معاہدۂ صلح قرار پایا،

اب صقلیہ کا لشکر مستقل طور پر صلاح الدین کے خلاف میدان مین تھا، لیکن اُن متفقہ کوششون کے باوجود صلاح الدین برابر کامیاب ہوتا رہا، اور ۵۸۳ھ/۱۱۸۷ء مین بیت المقدس مین داخل ہوگیا، اسکے بعد بیت المقدس کی بازیافت کے لئے عیسائیون کی جو کوششین ہوئین صقلیہ اُنمین بھی شریک رہا، ۵۸۴ھ/۱۱۸۸ء کی مشہور جنگ لاذقیہ مین صقلیہ کا بیڑا بھی عیسائیون کی مدد کے لئے پہنچا، مگر اوس سے پہلے ہی اہل لاذقیہ اطاعت قبول کرچکے تھے اسی جنگ کے اختتام پر صقلیہ کے فرمانروا نے صلاح الدین سے دوبدو گفتگو کی، اور اوسکو خائف کرنا چاہا، جس کا صلاح الدین نے ترکی بترکی دندان شکن جواب دیا، اسی طرح ۵۸۵ھ/۱۱۸۹ء مین صلاح الدین کسی طرف اپنی مختصر جمعیت کے ساتھ جارہا تھا، کہ حکومت صقلیہ کو اسکی اطلاع ہوگئی، اوسپر چھاپہ مارنے کے لئے ایک بیڑا روانہ کیا، لیکن صلاح الدین نے اس نارمن بیڑے کو بھی برباد کرڈالا، خود صلاح الدین کو اس نارمن فرمانروا کی دشمنی کا پورا یقین تھا، اوس نے ایک خط مین جو دیوان عزیز کے نام ہے اور جس کا متن کتاب الروضتین فی اخبار الدولتین النوریہ والصلاحیہ مین موجود ہے، اپنے

عیسائی دشمنون کی فہرست مین نارمن شاہ صقلیہ کا بھی ذکر کیا ہے، اور اوس نے اوسکے ساتھ جو طرز عمل اختیار کر رکھا تھا، اوسکو بھی لکھا ہے،

لیکن صلاح الدین جبتک زندہ رہا، یہ دشمن اسکا بال بیکا نہ کرسکے، اور اوسکی خداداد شجاعت و تدبیر سے ساری عیسائی دنیا کی متفقہ قوت اوس پر کامیاب نہ ہوسکی، اور اکثر عیسائی شہرون کو اوس نے عیسائیون سے چھین لیا،

خاندان ایوبیہ مین خانہ جنگی اور سقوط بیت المقدس

یہی حالات تھے کہ سلطان صلاح الدین فاتح ثانی بیت المقدس نے ۵۸۹ھ/۱۱۹۳ء مین وفات پائی، اور یہ نظر آیا کہ صلاح الدین درحقیقت اسلام کا ایک ایسا چراغ تھا، جو آخر مین ٹمٹماتے ٹمٹماتے دفعتہً روشن ہوگیا تھا، اوس چراغ کے گل ہوتے ہی عالم اسلام مین تاریکی چھا گئی، دولت ایوبیہ مختلف حصون مین تقسیم ہوگئی، اور رقابتون نے سارا شیرازہ بکھیر دیا، اولاً سلطنت ایوبیہ سلطان کے بھائی اور لڑکون کے درمیان تقسیم ہوتی ہے پھر رقابتون سے ایک دوسرے کو برباد کرنے کا عزم کرتے ہین، اور اسی خاندان کا ایک ناخلف جانشین ملک الکامل شہنشاہ **فریڈیک ثانی فرمانروائے صقلیہ** سے اپنے رقیب حکومت العزیز کے خلاف امداد کا خواہان ہوتا ہے، اور دونون مین مدتون نامہ و پیام جاری رہنے کے بعد بالآخر فریڈیک ثانی اپنے لشکر جرار کے ساتھ صقلیہ سے شام کو اوس وقت روانہ ہوتا ہے جب کہ خانوادۂ ایوبیہ اپنی خانہ جنگیون مین مصروف تھا،

فریڈیک نے وہان پہنچ کر الکامل سے اون تمام ممالک کی واپسی کا مطالبہ کیا جو صلاح الدین کے عہد مین عیسائیون کے ہاتھ سے نکل کر مسلمانون کے قبضہ مین چلے گئے تھے، اور آخر مین بیت المقدس کے حوالہ کرنے کا مطالبہ پیش کیا، اگرچہ صقلیہ کا یہ عیسائی فرمانروا فریڈیک خود نہایت شیرین زبان تھا، علاوہ ازین صقلیہ کا عیسائی لشکر الکامل کے سر پر موجود تھا، اوسمان مطالبات کے رد کرنے کی جرأت نہین ہوئی، اور محض **عیسائی فرمانروائے صقلیہ** کے ذریعہ یورپ کی وہ دیرینہ آرزو پوری ہوگئی اور فریڈیک ثانی فرمانروائے صقلیہ

اوس سرزمین پاک مین جسکی ناموس کی حفاظت کے لئے صدہا مسلمان قربان ہوچکے تھے، خون کے ایک قطرہ کی قربانی دئے بغیر ۱۰۹۹ء مین داخل ہوگیا، اور بیت المقدس کی مقدس دیوارون سے اسلامی پرچم الگ کرکے صلیبی پرچم لہرادئے گئے، صقلیہ ہی کے عیسائی فرمانروا نے اس پر قبضہ کرنے کی سب سے پہلی تحریک پیش اور اوسی کے ایک دوسرے فرمانروا نے اس تحریک کو آخرالامر پایۂ تکمیل تک پہنچایا،

زوال دولت اسلامی صقلیہ کے اصل نتائج

بیت المقدس کے زوال سے عالم اسلامی مین ایک قیامت خیز تہلکہ مچ گیا، رنج و غم کے اظہار مین ماتمی جلوس نکلے، مسجدون کی اذانین موقوف کردی گئین، جماعت کی نمازین ملتوی ہوگئین، علما کے درس و تدریس کی مسند الٹ دی گئی، دارالافتا کا دروازہ بند کردیا گیا، لیکن یہ تمام احتجاجات بعد از وقت تھے، دوربین نگاہون نے یہ صف ماتم اوسی وقت دیکھ لی تھی، جب ۴۴۴ھ/۱۰۵۲ء مین نارمن پیڑا صقلیہ پر لنگر انداز ہوا تھا، اگر عالم اسلام کو خبردار ہونا تھا، تو اوسی زوال صقلیہ کے وقت جب مسیحیت کا سیلاب سب سے پہلی مرتبہ صقلیہ پہنچا تھا، اس مرض کا حقیقی مداوا صقلیہ کی اسلامی سلطنت کو اوس کے زوال سے بچانا تھا، کیونکہ اس زمانہ وسطیٰ مین صقلیہ بحر روم کی کنجی تھا، یہ کنجی جس کے قبضہ مین تھی، وہی طاقت بحر روم کے جزائر شمالی افریقہ بحر روم کے سواحل شام کے دروازے کھول سکتی تھی، جب تک صقلیہ اسلامی حکومت کا جزو بنا رہا، یہ مقامات بھی اسلامی قلمرو مین داخل رہے، اور جب صقلیہ خود اپنی غفلت شعاریون سے عیسائیون کے قبضہ مین چلا گیا، تو ضرور تھا کہ بحر روم کے یہ ساحلی علاقے بھی عیسائیون کے قبضہ مین چلے جائین،

یہ تھے اصل نتائج اسلامی سلطنت صقلیہ کے زوال کے[1]

---

[1] تفصیل کے لئے دیکھو ابن اثیر ج ۱۰ حوادث مختلفہ مثلاً ۵۶۵ھ، ۵۷۰ھ، ۵۷۳ھ وغیرہ وج ۱۲ حوادث ۵۸۳ھ، ۵۸۴ھ و ۵۸۹ھ، ۶۲۶ھ وغیرہ و کتب رحلۃ التیجانی در اماری ص ۲۷۵ کتاب الروضتین فی اخبار الدولتین النوریہ والصلاحیہ و جامع التواریخ و اخبار السنیہ فی الحروب الصلیبیہ سید علی الحائری و خطط الشام کرد علی وغیرہ،

مسلمانانِ صقلیہ عیسائی حکومت کے ماتحت

اور

صقلیہ و جزائرِ صقلیہ سے اسلام کا خاتمہ،

سنہ ۴۸۴ھ / ۱۰۹۱ء — سنہ ۷۰۰ھ / ۱۳۰۰ء

مسلمانانِ صقلیہ زوالِ دولتِ اسلامی کے بعد صقلیہ میں جب تک موجود رہے انھیں مختلف عیسائی فرمانرواؤں کے عہد میں اون کی مختلف حکمت عملیوں سے سابقہ پڑتا رہا، اور سیاسی حالات کے اوتار چڑھاؤ سے اون کے ساتھ مختلف زمانوں میں مختلف برتاؤ ہوتا رہا یہاں تک کہ اسی لیل و نہار میں وہ گھڑی بھی آپہنچی جب مسلمانوں کی دولت و ثروت پر قبضہ کرنے انھیں ملک کی تجارت صنعت حرفت اور حکومت کے معزز عہدوں سے الگ کرنے ان کی عزتِ نفس کو صدمہ پہنچانے ان کی شریف بہو بیٹیوں کو بے آبرو کرنے اور سب سے آخر میں اُن کی عزیز ترین متاعِ گرانمایہ اسلام اور پیغمبرِ اسلام کی توہین و تذلیل کرکے اون کے دلوں کو ٹھیس لگانے کے باوجود سرزمینِ صقلیہ پر اون کا وجود ایک بارِ گراں بن گیا، اور اِدگلستانِ صقلیہ کے وہ باغبان جنھوں نے اپنے خون سے سینچ سینچ کر اوسکی آبیاری کی تھی، اور اُسے سرسبز و شاداب بنایا تھا، اپنے صحنِ گلشن کو اغیار کے ہاتھوں میں چھوڑ کر بادیدۂ پُرنم ایک ایک کرکے رخصت ہوگئے اور سرزمینِ صقلیہ کلمہ گویانِ اسلام کے وجود سے خالی ہوگئی، اس باب میں ہمیں اسی کا ایک اجمالی مُرقع کھینچنا ہے، اور اسی پر اس پہلی جلد کا خاتمہ ہوجائے گا،

کاؤنٹ راجر اوّل محافظ مذہب عیسائیت نارمن فرمانروائے صقلیہ[1]

۱۰۹۱ء / ۴۸۴ھ - ۱۱۰۱ء / ۴۹۴ھ

راجر اول (۱۰۳۱ء / ۴۲۲ھ) نے ۱۰۹۱ء / ۴۸۴ھ مین پورے صقلیہ پر قبضہ کیا، اور اسی سال سے وہ صقلیہ کا بلا شرکت غیرے تنہا فرمانروا تسلیم کر لیا گیا، اسلامی سلطنت کے بعد صقلیہ کے مختلف شہرون مین سے بارجم، نوطس، مازر اور جرجنت وغیرہ مین اسلامی آبادیون کو اون کے صلحنامون کے رو سے اجتماعی طاقت حاصل رہی اور اگر راجر اپنے لقب "محافظ مذہب عیسائیت" کے احترام مین سیاسیات مین اپنے مذہبی جنون کی آمیزش نہ کرتا، تو مسلمان مفتوح ہونے کے باوجود ملک مین اجتماعی حیثیت سے تفوق قائم رکھتے لیکن راجر اول کی نمایان حیثیت خدمت مسیحیت تھی، وہ مسیحیت کا علمبردار بن کر اسلامی صقلیہ پر حملہ آور ہوا تھا، اور اسی نام پر اُسے کامیابی حاصل ہوئی تھی، اس لئے قدرۃً اس سے اسلام و مسلمان دوستی کی توقع عبث تھی، وہ فتح مندی کے نشہ سے مخمور تھا، اوسکی خون آشام تلوار ابھی تک بے نیام تھی، اور اسی کے اعتماد پر وہ صقلیہ سے اسلام اور مسلمانون کو مٹا کر عیسائیت کو فروغ دینا چاہتا تھا،

صقلیہ مین عیسائیون کی جدید آبادی

چنانچہ اوس نے اولاً جنوبی اٹلی ناروے اور فرانس وغیرہ مختلف یورپین ممالک سے رومیون اور عیسائیون کو صقلیہ مین لا لاکر مسلمانون کے پہلو بہ پہلو آباد کیا، ان نوآباد عیسائیون مین زیادہ تر لمبارڈ تھے،

جزیرہ مین تبلیغ اسلام کی قانوناً ممانعت

عیسائیون کو آباد کرنے کے بعد مسلمانون کو مذہب اسلام کی اشاعت و تبلیغ کی قانوناً ممانعت کر دی اور اب صقلیہ مین کوئی غیر مسلم قانوناً مذہب اسلام

[1] انسائیکلوپیڈیا ج ۲۲ ص ۴۵۳، راجر اول (راجر ROGER) کا اردو املا "روجر" یا "روژر" بھی ہو سکتا ہے،

قبول نہین کرسکتا،

مسلمانون کی تجارت صنعت وحرفت اور وسائلِ معاش پر قبضہ

اسی کے ساتھ اس فرمانروائے صقلیہ کی تمام صنعت وحرفت تجارت اور معیشت کے عام شعبون سے مسلمانون کو یکقلم الگ کرکے عیسائیون کو برسراقتدار کردیا،

چنانچہ تویری ابن اثیر اور ابوالفدا وغیرہ بیک زبان لکھتے ہین:-

وملك الروجار جميع الجزيرة واسكنها	راجر سارے جزیرہ کا مالک ہوگیا اور یورپین قومون
الروم والفرنج مع المسلمين ولم يترك	کو مسلمانون کے ساتھ آباد کیا، اور وہان کے
لاحد من اهلها حماما ولا دكانا ولا	مسلمان باشندون کے لئے کوئی حمام، اور کوئی دوکان
طاحونا ولا فرنا۔	اور کوئی پنچی اور کوئی تنور (یعنی تجارت صنعت اور حرفت
	وغیرہ کا باقی نہین چھوڑا،

اگرچہ راجر نے مسلمانون کے ساتھ اس سخت گیر پالیسی کے باوجود انھین جزیرہ سے یکلخت شہر بدر ہوجانے کا حکم نہین دیا، اور جو مسلمان یہان سے ہجرت کرگئے تھے، وہ وسائلِ معاش کی تنگی سے مجبور ہوکر چلے گئے تھے، لیکن راجر کی طرف سے اس حکم کے نافذ نہ ہونے کی بنا بھی یہ نہ تھی کہ یہ طرزِ عمل حق وانصاف اور معاہدہ کے خلاف ہوتا، بلکہ حقیقت یہ تھی کہ صقلیہ کے قدیم عیسائی باشندے اور اُن جدید نوآباد عیسائیون کی مجموعی تعداد ابھی اس قدر نہین ہوئی تھی کہ وہ اس سارے زرخیز جزیرہ کو آباد کرکے زراعت کرتے اسلئے ابھی سیاسی واقتصادی نظام کے قیام واستحکام کے لئے جزیرہ مین ان مسلمانون کا قیام ضروری تھا،

اب تک مسلمان صقلیہ مین جہان جہان آباد تھے، اور جو زمینین ان کی ملکیت مین تھین، ان کی کاشتکاری وزمینداری دونون کے حقوق انھی کو حاصل تھے، لیکن اب راجر کے حکم سے وہ حقوقِ زمینداری سے دستبردار کردیئے گئے، اور ان کے بجائے ان نوآباد عیسائیون کو حقوقِ مالکانہ عطا کئے گئے، اسلئے یہ نوآباد عیسائی صقلیہ کے سرمایہ دار زمیندار اور قدیم مسلمان باشندے مزدور پیشہ کاشتکار کی حیثیت مین آگئے،

اور اسلئے ایک طرف یہ غریب حقوقِ زمینداری کے عوض نوآبادعیسائیون کو لگان دیتے اور دوسری طرف حکومت کے عائد کردہ محاصل ان پر واجب الادا ہوتے،

غرض راجر اول کے عہدِ حکومت مین حکومت کے تمام شعبون ملک کی تجارت اور صنعت و حرفت سے مسلمانون کو الگ کرکے عیسائیون کو اون پر تفوق دیدیا گیا، اور عام مسلمان ایک عام کس مپرسی کے حالت مین مبتلا ہوگئے،

اس ہنگامۂ دار و گیر اور رد و بدل مین جو مصائب مسلمانانِ صقلیہ پر آتے تھے، وہ نہایت تیزی سے آئے اور ان حالات کے پیش آجانے سے صقلیہ کے ذی اثر اور معزز مسلمانون نے جزیرہ کو خیرباد کہنا شروع کیا اور مسلمان خوددار شہریون کی ایک بہت بڑی جماعت افریقہ مصر اور کچھ اندلس مین جاکر اقامت گزین ہوگئی اور اسی طرح صقلیہ کے ممتاز اہلِ علم بھی یہان سے رفتہ رفتہ الگ ہوگئے،

لیکن جن شرفا کو ہجرت کا موقع نہین ملا اور اون کے گرد و پیش کے حالات اوسکے مخالف رہے وہ اپنے مکانون مین روپوش ہوگئے اپنی اپنی عزت اور ناموس کی حفاظت کرتے رہے اور جو لوگ فلاکت زدہ تھے وہ معمولی کاشتکار بن گئے، کچھ لوگون نے کارخانون اور ساحل کی گودیون مین مزدوری کا پیشہ اختیار کرلیا اور جو فلاکت زدہ مسلمان ان محنتون کے بھی عادی نہین تھے، وہ فوج کے معمولی سپاہی بنگئے،

اور ایک طبقہ ایسا بھی نکلا جو ان مصائب کو برداشت نہ کرسکا، اور امن و سکون کی زندگی بسر کرنیکے لئے مذہبِ اسلام کو ترک کرکے عیسائیت قبول کرلی،

صقلیہ کے اون مسلمانون کو راجر اول کے عہد مین اگر کچھ آزادی حاصل تھی اور وہ قانوناً ارکانِ مذہب کو ادا کرسکتے تھے، تو صرف انھی چند شہرون بلرم، نوطس اور جرجنت وغیرہ مین تھی، یہان اون کے مقدمات بھی اسلامی قانون کے روسے طے ہوتے تھے، قصریانہ، سرقوسہ اور مسینا وغیرہ مین اسلام اور مسلمان دونون نہایت ابتری کے حالت مین آگئے، اور مسینا تو تقریباً اسی عہد مین معزز مسلمانون سے خالی ہوگیا، صرف قلیون

وغیرہ کی جماعت باقی رہ گئی،

راجر اول کی وفات

راجر اول کے عہد میں اوسکی یہی حکمت عملی جاری تھی، کہ اوس نے ۲۲ جون ۱۱۰۱ء کو ۷۰ سال کی عمر میں وفات پائی، اور اوسکا بڑا لڑکا سائمن (SIMON) اس کا جانشین ہوا،

سائمن نارمن فرمانروائے صقلیہ (۲)

۱۱۰۱ء / ۴۹۴ھ - ۱۱۰۵ء / ۴۹۹ھ

سائمن اپنے باپ کے بعد صرف چند سال زندہ رہا، اور اوسکے عہد میں مسلمانانِ صقلیہ کے متعلق کوئی قابلِ ذکر تبدیلی نہیں ہوئی، وہی راجر اول کی قائم کردہ حکمت عملی برقرار رہی، یہانتک کہ عرب مورخین اس کا ذکر تک نہیں کرتے، اوس نے ۱۱۰۵ء / ۴۹۹ھ میں وفات پائی، اور اوسکے بعد اس کا چھوٹا بھائی راجر دوم تختِ صقلیہ پر بیٹھا،[1]

راجر دوم شاہِ صقلیہ (۳)

۱۱۰۵ء / ۴۹۹ھ - ۱۱۵۴ء / ۵۴۹ھ

نارمن حکومت کی دو دل پوزیشن سے مرکز آرائی

راجر دوم (مولود ۱۰۹۳ء متوفی ۱۱۵۴ء) اگرچہ ۱۱۰۵ء / ۴۹۹ھ میں سائمن کا جانشین ہوا، لیکن خود زمامِ حکومت ۱۱۱۲ء / ۵۰۶ھ سے ہاتھ میں لی، اور ایک نہایت اولوالعزم فرمانروا ثابت ہوا، اوس نے اون تمام نارمن فتوحات کو جو جنوبی اٹلی میں حاصل ہوئے تھے ایک سلسلہ میں منسلک کرکے اپنی بادشاہی کا خواب دیکھا، اور اوسکی تمام تر توجہ انھی کوششوں پر مبذول ہوگئی، اور اس سلسلہ میں اوسکو سلطنتِ کلیسا اور پھر بالواسطہ فرانس اور انگلستان سے مسلسل معرکہ آرا رہنا پڑا، اور بالآخر اوس نے سلطنتِ کلیسا سے اپنی

[1] نہایۃ الارب در اماری ص ۴۴۸ و ابن اثیر و ابو الفداء وغیرہ انسائیکلوپیڈیا ج ۲۵ ص ۳۳ و ج ۲۴ ص ۴۵۳ وغیرہ،

بادشاہی تسلیم کرلی، اور یہی وہ پہلا نارمن فرمانروائے صقلیہ ہے "جو شاہ" کے لقب سے سرفراز ہوا، اور یورپ کے ممتاز بادشاہوں میں شمار کیا جانے لگا،

مسلمانوں سے اشتراک عمل

راجر دوم کی ان سیاسی مشغولیتوں کے باعث مسلمانان صقلیہ کے ساتھ حکومت کی وہ حکمت عملی برقرار نہیں رہی جسکی داغ بیل راجر اول نے ڈالی تھی، کیونکہ اولاً سلطنت کلیسا وغیرہ سے برسرپیکار رہنے کی وجہ سے یہ مصالح حکومت کے خلاف تھا کہ وہ اپنی رعایا کے درمیان بھی اپنی حکومت کے خلاف منافرت کے جذبات برقرار، اور ملک میں بدامنی و بے چینی قائم رکھتا،

علاوہ ازیں اب یہ بھی نظر آنے لگا، کہ راجر اول نے جو حکمت عملی اختیار کی تھی، صقلیہ میں نارمن نظام حکومت کے بحسن و خوبی چلانے کے لئے سودمند نہیں ہے، کیونکہ جزیرہ کے باشندوں میں نظام حکومت چلانے، ملکی صنعت و حرفت کو ترقی دینے اور تجارتی کاروبار کے سنبھالنے کی اگر کسی میں صحیح استعداد تھی تو وہ صرف مسلمانان صقلیہ میں، کیونکہ صقلیہ کے قدیم باشندے خود رومی عہد حکومت میں بھی یہ استعداد نہیں رکھتے تھے، وہ اگر کسی لائق تھے تو صرف کاشتکاری کے، اور صقلیہ کے عہد رومانک یہی پیشہ یہاں قائم رہا، اور زمینداری کے تمام حقوق رومی امراء کو حاصل رہے، جو زوال حکومت کے ساتھ ہی یہاں سے رخصت ہوگئے، اور یہی وجہ تھی کہ اسلامی عہد میں مسلمانوں کو زمینداری کے حقوق تفویض ہوئے تھے، اور اسکو اونھوں نے اپنے دوسرے ملکوں کے تجربوں کی بنا پر بحسن و خوبی انجام دیا، اسی طرح صقلیہ کی تمام صنعت و حرفت تجارت اور حکومت کے معزز عہدوں کے خدمات بھی یہی مسلمان انجام دیتے تھے، قدیم رومی باشندوں نے ان فرائض کو نہ رومی عہد میں انجام دیا، اور نہ اسلامی عہد میں انجام دینے کے قابل تھے، اس لئے نارمن عہد حکومت میں یکایک اس تمام بارگراں کے متحمل نہ ہوسکے، اور قریب قریب یہی حالت ان نوآباد عیسائیوں کی تھی، جو جنوبی اٹلی وغیرہ سے لاکر یہاں آباد کئے گئے تھے، کیونکہ یہ تمام قومیں مدنیت کے سلسلۂ ارتقا میں ابھی داخل ہوئی تھیں، اور قزاقی و رہزنی کے پیشہ کو مہذب شکل میں تبدیل

کرکے نظام حکومت کے ماتحت شعبۂ فوج مین شامل کردی گئی تھین اس لئے اُن مین بحر فوجی خدمات کے نظام حکومت کے دوسرے شعبون کے سنبھالنے کی استعداد موجود نہین تھی، اگرچہ یہ صحیح ہے کہ راجر اول نے اپنی بے نظیر اولوالعزمی سے اسکی مثال قائم کردی تھی، اور مسلمانون کے اشتراک کے بغیر حکومت کرتا رہا، اور تجارت صنعت و حرفت کو کسی قدر سنبھالے رہا، لیکن راجر اول اپنی خدمت مسیحیت کے جوش مین جو حکمت عملی اختیار کرگیا، وہ کچھ اوسی کے بس کی تھی، اوس نے اپنے فہمندانہ جوش و خروش اور مذہبی جذبات سے متاثر قوت عمل سے کام لیا، اور کامیاب رہا، لیکن راجر دوم نے دوسری فضا مین آنکھ کھولی تھی، فہمندی کا نشہ اوتر چکا تھا، وہ صقلیہ کی حکومت کو خدمت مسیحیت کے لئے نہین، بلکہ خاندان دی ہاٹول کے اقتدار کے لئے مستحکم کرنا چاہتا تھا، اور اوس کیلئے دوسری عیسائی سلطنتون سے اوسکو لڑنا تھا اسلئے وہ اس نتیجہ تک پہنچا کہ اوسکے باپ کی حکمت عملی صقلیہ مین نارمن نظام حکومت کے چلانے کے لئے سودمند نہین ہے، اور بغیر مسلمانون کے اشتراک کے کوئی عمدہ نظام قائم نہین ہوسکتا، کیونکہ صقلیہ اسی متمدن اور تعلیمیافتہ قوم کے زیر حکومت تھا، جس نے یہان تمدن کے ہر شعبہ کو کافی عروج پر پہنچایا تھا، اور اہل صقلیہ کو ایک متمدن نظام حکومت کا طبعًا عادی بنادیا تھا، اس لئے اگر یہان کوئی نظام حکومت کامیابی سے چل سکتا ہے، تو وہ اس دور کی متمدن حکومتون ہی کا نظام ہوسکتا ہے، جسکو تمام باشندگان صقلیہ مین بجز مسلمانون کے اور کوئی قوم چلا نہین سکتی،

علاوہ ازین راجر دوم نارمنون کی فتح صقلیہ کی تکمیل کے بعد ۴۸۶ھ/۱۰۹۳ء مین پیدا ہوا تھا، اور اوسکی تمام تعلیم و تربیت اسلامی طریقون پر ہوئی تھی، کیونکہ اوس وقت سب سے ترقی یافتہ تمدن یہی سمجھا جاتا تھا، کیونکہ خود راجر اول نے جب اپنے لڑکے کو ایک متمدن شاہزادے کی حیثیت مین دیکھنا چاہا تو مجبور ہوا کہ اوسکی تعلیم و تربیت مسلمان اہل علم کے سپرد کرے، چنانچہ راجر دوم نے اسلامی علوم و آداب، تاریخ، حساب، اور جغرافیہ وغیرہ مین کامل دستگاہ پیدا کی، اور اوسکو عربی علم ادب کا اچھا خاصہ

مذاق ہو گیا تھا، بلکہ اوسکی روزانہ کی عام بول چال کی زبان بھی عربی ہی تھی اس لئے اوسکو اسلامی تہذیب و تمدن اور علوم و آداب سے قدرۃً ذاتی دلچسپی بھی پیدا ہو گئی تھی،

مسلمان نارمن نظام حکومت مین انھی وجوہ کی بنا پر اسکے برسر حکومت ہوتے ہی مسلمانان صقلیہ کیسا تھ حکومت کے طرز عمل مین تبدیلی ہو گئی چنانچہ اوس نے مسلمان اہل علم کو تشکیل حکومت کی دعوت دی جنھون نے اسلامی طرز حکومت پر صقلیہ کی نارمن حکومت کی بنیاد ڈالی، حکومت کے تمام شعبے وہی قائم کئے گئے، جو اسلامی عہد مین قائم تھے، جزیرہ مختلف ولایتون مین اوسی طرح تقسیم کر دیا گیا تحصیل وصول اور خراج کے وہی سب قوانین نافذ ہوئے، عدالت کا جداگانہ محکمہ قائم ہوا، پھر عمال کے اعمال پر احتساب و داد رسی کیلئے اسلامی طرز حکومت کے طور پر دیوان مظالم قائم ہوا جس مین عمال حکومت اور خاندان شاہی کے خلاف مقدمات دائر ہو سکتے تھے، اور پھر خود شاہ صقلیہ نے وہی سب مراسم و لوازم شاہی اختیار کئے جو سابق مسلمان فرمانروایان صقلیہ کے یہان رائج تھے چنانچہ شاہی باڈی گارڈ (جاندار یہ) شاہی سلاح و اوزار کی آراستگی اور کوتل گھوڑون وغیرہ رکھنے کا رواج ہوا اور حکومت کے معزز عہدون اور خصوصًا اعلیٰ مناصب عہدۂ وزارت و کتابت وغیرہ پر مسلمان فائز ہو گئے، مسلمان اطبا، ہیئت دان علما، شعرا، اور ادبا، دربار شاہی سے وابستہ ہوئے، اور اس طرح صقلیہ کی وہ ہیئت بدل گئی، جو اجرا اول نے اپنے عہد مین قائم کی تھی، اور اس دور کے آغاز کے ساتھ عیسائیون کے اون تمام مظالم کا بھی سدباب ہو گیا جو وہ مسلمانون پر برپا کرتے تھے اب مسلمان معزز شہریون کی زندگی بسر کرنے لگے، بلکہ اگر یہ کہا جائے تو بیجا نہ ہو گا کہ گویا نارمنون کی نگرانی مین نئے سرے سے مسلمانون کی حکومت قائم ہو گئی، یا یون کہا جائے کہ روح وہی تھی صرف قالب بدل گیا تھا، نویری وغیرہ لکھتے ہین:-

وملك بعده ولده رجار وسلك طريق	اوسکے بعد اوس کا لڑکا راجر تخت حکومت پر بیٹھا،
ملوك المسلمين من الجنائب و	اوس نے مسلمان سلاطین کا طریق عمل اختیار کیا،
الحجاب. والسلاحية والجاندارية	اور اسی پر گامزن ہوا چنانچہ کوتل گھوڑے عورتون

وغیر ذالک وخالف عادۃ الفرنج	کا حجاب، سلاح و اوزار کی زیب و زینت، اور باڈی
فانھم لا یعرفون شیأ منہ	گارڈ وغیرہ کو خود بھی اختیار کیا، اور عام عیسائیون
جعل لہ دیوانا للظالم فیرفع الیہ	کے عادات و اطوار سے کنارہ کش ہوگیا، کیونکہ ان
شکوی المظلومین فینصفھم و	چیزون سے وہ لوگ قطعاً ناآشنا تھے، نیز اوس
لومن ولاہ والکرم المسلمین و	نے دیوان مظالم قائم کیا، مظلومون کی فریاد یہان
قربھم ومنع عنھم الفرنج	پہنچتی، اور اون کے ساتھ حق و انصاف کا فیصلہ
فاحبوہ[1]	کیا جاتا، اگر چہ ظلم کرنے والون مین بادشاہ کا
.. ..	لڑکا ہی کیون نہ ہو، اور مسلمانون کے ساتھ اعزاز
.. ..	و اکرام سے پیش آیا اور اون کو عہدے دیکر اپنے
.. ..	گرد و پیش جمع کیا اور عیسائیون کو اون پر
.. ..	دست انداز ہونے سے روک دیا، ان حالات
.. ..	کی بنا پر مسلمان بھی اوس سے محبت کرنے لگے،

چنانچہ اس انقلاب کے بعد مسلمانون نے حکومت سے کامل اشتراک عمل کیا، اور دونون مین نہایت خوشگوار تعلقات قائم ہوگئے، اور مسلمانان صقلیہ نہ صرف ملکی نظم و نسق اور ملک کی اقتصادی ترقیون مین نارمن حکومت کے دست راست بنے بلکہ وہ فوج کے معزز عہدون پر بھی مامور ہوئے، اور مسلمانون کی ایک کثیر جماعت سپاہیون کی صف مین بھی کھڑی ہوگئی، اور یہی وجوہ تھے جیسا کہ عرب مورخین بہ تصریح لکھتے ہین کہ اس کے بعد نارمنون کا بیڑا بحر روم کے تمام بیڑون مین مضبوط ترین بیڑا ہوگیا، اور اولوالعزم مسلمان نارمن بیڑون پر کام کرنے لگے، اور بغیر تفریق ملک و ملت ایک طرف اٹلی کے صوبون پر تاخت شروع کی تو دوسری طرف

---

[1] نہایۃ الارب در اماری ص ۴۴۰،

بحر روم کے خود اسلامی مقبوضات کو مسلمانوں سے چھین چھین کر نارمنوں کے زیر علم لانے لگے، اور یہی سلسلہ ایک مدت تک قائم رہا، اور جیسا کہ گذشتہ باب سے معلوم ہو چکا ہے، بحر روم کے اکثر اسلامی جزائر اور شمالی افریقہ کے زرخیز مقامات نارمنوں کے قبضہ میں چلے گئے، اور وہی مسلمانانِ صقلیہ جو صرف "جہاد روم" کے نام سے بیقرار ہو کر صلیبی تلوارین لئے میدان میں نکل آتے تھے، آج انھی عیسائیوں کے ملازم بنکر "جہاد ممالک اسلامی" کے لئے بطیب خاطر خدمات انجام دینے لگے، اور یہ امر واقعہ ہے کہ شمالی افریقہ اور اسلامی جزائر پر نارمنوں کے ہاتھوں جس قدر مظالم برپا ہوئے، اونکی اعانت میں یہ خوش بخت مسلمان بھی شریک تھے، اور اپنے آقاؤں کی نظروں میں اسقدر اعتماد حاصل کر لیا، کہ مفتوح مقامات پر جو فوجیں نارمن متعین کرتے وہ عیسائیوں اور مسلمانوں کی مشترکہ فوج ہوتی، چنانچہ عرب مورخین اس عہد کے مغرب کے حالات میں بالعموم لکھتے ہیں:-

وابقی بها جندہ من المسلمین	اور (اس شہر کو فتح کر کے) یہاں اپنی فوج جو
والصقلبین،	مسلمانوں اور صقلبیوں پر مشتمل تھی ٹھہرادی،

مسلمانوں سے اشتراک عمل کرنے اور اون کی جانب سے سرفروشانہ خدمات انجام پانے کا یہ نتیجہ ہوا، کہ راجر دوم نے ۱۱۳۰ء/۵۲۴ھ میں شاہِ صقلیہ و ایطالیہ کا لقب حاصل کر لیا، اور سلطنتِ کلیسا کی جانب سے اوسکی تاجپوشی ہوئی، اور اوسکی حکومت یورپ کی مستحکم ترین اور مستحکم ترین حکومتوں پر سبقت لے گئی[1]

پھر ایک تبدیلی راجر دوم کے شاہِ صقلیہ و ایطالیہ تسلیم کرلئے جانے کے بعد صقلیہ کی سیاسیات میں پھر ایک خفیف تبدیلی کی جھلک ظاہر ہوتی ہے، اور اوس کے اثرات راجر دوم کے عہد میں کسی قدر کم اور اوسکے جانشینوں کے دور میں زیادہ مسلمانانِ صقلیہ پر نمایاں ہوتے ہیں یعنی حکومتِ صقلیہ اور سلطنتِ کلیسا میں اتحاد ہو جانے کے بعد کلیسا کی اسلام دشمنی کے مظاہر پھر نمایاں ہوتے ہیں، اور خود راجر دوم کی نگاہ بھی کسی قدر بدلی نظر آتی ہے،

---

[1] ابن اثیر ج ۱۰ ص ۱۳۲ نہایۃ الارب دولداری ص ۳۴۸ رحلۃ التجانی دراماری ص ۲۸۹ انسائیکلوپیڈیا برطانیکا ج ۲۳ ص ۷۵۲ ج ۲۵ ص ۳۲ ص ۳۴ طبع یازدہم، اخبار الاندلس ج ۲ ص ۵۸ و ۶۶ وغیرہ،

اس لئے مسلمانانِ صقلیہ کے اشتراک عمل سے راجر دوم کو جو شخصی وجاہت حاصل ہوئی، اور حکومت صقلیہ جس بام عروج تک پہنچی مسلمانانِ صقلیہ کی بدقسمتی سے وہی ان کے لئے سم قاتل ثابت ہوئی، اور سلطنت کلیسا سے اتحاد اور یورپ مین صقلیہ کے بین الاقوامی وقار نے مذہبی تعصبات کی دبی ہوئی چنگاریون کو ابھار دیا اور اسلام اور عیسائیت کے سوالات پھر تازہ ہوگئے، چنانچہ اب شمالی افریقہ کے اسلامی شہرون کے سقوط پر صقلیہ کی فوج اور آبادیون کے عیسائی، اونھی مسلمانون کے سامنے جو اون کے دوش بدوش اون ممالک کے فتح کرنے مین شریک رہتے، اسلام کے تنزل اور عیسائیت کے عروج پر فخر کرتے، اور طعن آمیز فقرون سے مسلمانون کے دلون کو مجروح کرتے، اسی طرح حکومت بھی مسلمانون کے مذہبی جذبات کو مجروح کرتی، اور مفتوح اسلامی ممالک کی مسلمان عورتون کو صقلیہ کے مسلمانون کے ہاتھون گرانقدر رقمون پر فروخت کرتی، اور اسی طرح اون مفتوح اسلامی ممالک مین سے اگر کسی شہر مین بغاوت ہوتی، تو وہان کے عیسائی باشندون کی حفاظت کے لئے راجر اون مقامات مین اعلان کراتا کہ

"اگر ایک عیسائی بھی مارا گیا تو صقلیہ کے تمام مسلمانون کی جائداد ضبط کرلیجائیگی اور تمام مسلمانون کو قتل کردیا جائے گا"

لیکن اگرچہ حکومت صقلیہ کے نقطۂ نگاہ مین یہ تبدیلی راجر دوم ہی کے عہد مین ہوچکی تھی، مگر اوسکے ایسے واضح نتائج اس عہد مین ظہور پذیر نہین ہوے جو زیادہ بدنما اور ناخوشگوار ہوتے، کیونکہ راجر اپنی نیک فطرت سے مسلمانون اور اسلام کے ساتھ پھر بھی بڑی حد تک اپنے سابقہ برتاؤ پر قائم رہا، اور اپنے لطف و ملائمت کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتا رہا اور مسلمانانِ صقلیہ اپنی دلی خواہشات کے خلاف حکومت کے معاملات مین پیش پیش اور دخیل رہے،

وفات راجر دوم کی یہانتک کہ راجر دوم اپنی زندگی ہی مین ۱۱۵۱ء/۵۴۶ھ مین اپنے لڑکے ولیم کے حق مین حکومت سے دستبردار ہوگیا، اور پھر ۱۱۵۴ء/۵۴۹ھ مین وفات پائی،

بدنفس ولیم اول نارمن فرمانروائے صقلیہ (۴)

۱۱۵۱ء / ۵۴۶ھ — ۱۱۶۶ء / ۵۶۱ھ

کلیسائی روایات | نارمن حکومت کا یہ چوتھا فرمانروا ولیم اول "بدنفس" کے لقب سے شہرت رکھتا ہے، ولیم اول نے اپنے آغاز عہد میں اپنے باپ کی روش اختیار کی، اور مسلمانوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آیا، اس لئے سلطنت کلیسا سے اوسکی بہت جلد مخالفت ہوگئی، اور فرمانروائے سلطنت کلیسا پوپ ایڈرین چہارم (ADRIAN VI) نے ولیم کے وزیر مایو کی بدانتظامیوں کو آڑ بنا کر صقلیہ کے عیسائی امراء کو ولیم کے خلاف بغاوت پر آمادہ کیا، اور غالباً انھی حالات سے مجبور ہو کر ولیم اول کو اسلام دوستی کی حکمت عملی کو ترک کرنا پڑا، اور راجر دوم کے حین حیات ہی میں ایک نہایت اہم واقعہ صقلیہ میں پیش آیا، جس کے بعد اس "بدنفس" فرمانروا کے عہد میں مسلمانان صقلیہ جور و ستم کا آماجگاہ بن جاتے ہیں، اور مسلمانوں اور اسلام کے ساتھ صقلیہ کے عیسائیوں اور حکومت کی کھلی ہوئی دشمنی کا اظہار ہوجاتا ہے،

اسلام دشمنی کا آغاز | اس واقعہ کی سادہ صورت یہ ہے کہ ایک عیسائی امیر البحر فلپ (فلیب) مہدوی کی سرکردگی میں نارمن لشکر بونہ پر حملہ آور ہو کر قابض ہوا، اور حسب دستور وہاں کے مسلمان باشندوں کو گرفتار اور ان کی دولت و ثروت پر قبضہ کرلیا،

اس موقع پر اس عیسائی امیر البحر فلپ سے حکومت کے مسیحی نقطۂ نظر سے یہ شدید غلطی سرزد ہوگئی کہ وہ باشندگان بونہ میں سے علماء و صالحین کی ایک جماعت کے ساتھ رفق و ملائمت سے پیش آیا، اور ان کے علم و فضل اور زہد و ورع کا احترام کرکے اُن سے چشم پوشی کی، اور انھیں گرفتار کرنیکے بجائے خاموشی سے دیہی آبادیوں میں ہجرت کرجانے کی اجازت دیدی،

یہ ایک معمولی سا سادہ واقعہ تھا لیکن فلپ کے اس طرز عمل سے صقلیہ کے عیسائیون مین اسکے خلاف عام ہیجان پیدا ہوگیا، اور اس غریب پر نہ صرف مسلمانون کی پاسداری و جانبداری کا الزام لگایا گیا بلکہ خود اوسکے مذہب و ملت پر اشتباہ کی نظر ڈالی گئی، اور اوسکے ساتھ اوسکا پورا خاندان جسمین اسکے نوجوان لڑکے بھی شامل تھے اسی جرم مین گرفتار اور حکومت کی طرف سے اوس پر دو سنگین الزام عائد کئے گئے، اولاً یہ کہ مسلمانون کے ساتھ لطف و ملائمت سے پیش آنا، اور دوم خود مع تمام اہل عیال دین مسیحی سے منحرف ہوکر مذہب اسلام قبول کرلینا،

اسکے بعد حکومت کی طرف سے اساقفہ قسیسین کی ایک مذہبی مجلس مشاورت منعقد ہوئی اور اس مین فلپ پر دونون الزامون کی بنا پر مقدمہ قائم ہوگیا، اور اساقفہ و قسیسین کی نگاہ مین یہ دونون الزام اس قدر سنگین ثابت ہوے کہ اوس کا نفس اس کے مذبح آتش کردینے کا انسانیت سوز فیصلہ کیا، اور مقدمہ کے فیصلہ کے بعد ہی وہ اسی سال ماہ رمضان مین آگ مین ڈالدیا گیا، اور اسی طرز عمل سے صقلیہ مین اسلام و مسلمانون کی حکمت عملی آشکارا ہوگئی،

چنانچہ ابن اثیر اس واقعہ پر یہ تبصرہ کرتا ہے:-

وھذا اول وھن دخل علی المسلمین بصقلیہ	یہ پہلی مصیبت تھی جو صقلیہ مین مسلمانون پر ٹوٹی،
ولم یمھل اللہ جبارا بعدہ الا یسیرا حتی	اسکے بعد خدائے جبار کو بہت کم مہلت دی اور وہ
مات فی العشر اول من ذی الحجۃ من السنۃ	اسی سال ماہ ذی الحجہ کی دسوین تک کی تاریخ

چنانچہ اسی واقعہ کے کچھ دنون بعد ۱۱۵۶ء مین سلطنت کلیسا کے پوپ اور نیم اول کے درمیان صلح ہوگئی جس کے دوسرے معنی یہی تھے کہ صقلیہ کی حکومت مین عیسائیون کی مقدس مذہبی جماعت کو کامل سوخ حاصل ہوگیا اور اس عہد مین یہ وہی جماعت تھی جس کے ایک ایک فرد کو اسلام سے کامل بغض و ازلی عداوت تھی، اسلئے اوسکے نقطۂ نظر سے دنیاے اسلام کو بیخ و بن سے اوکھاڑ دینا مسیحیت کی عین خدمت تھی، پھر وہ صقلیہ مین اسلام اور مسلمانون کے اثر و اقتدار کو کیونکر گوارا کرسکتی تھی،

لیکن راجر دوم کی پالیسی کی بنا پر مسلمانان صقلیہ حکومت اور نیز صقلیہ کی اجتماعی زندگی کے ہر ایک شعبہ مین ایسے

داخل ہوگئے تھے، کہ اگر اجراؤں کے عہد کی طرح یکلخت پھر اونھیں الگ کر دیا جاتا، تو پھر ایک جدید نظام حکومت قائم کرنے میں وہی دشواریاں پیش آتیں، جو اجر دوم کو اوس نظام حکومت کے چیدنے میں پیش آئی تھیں، جسے اوس کے باپ نے قائم کر دیا تھا، اسلئے نارمن فرمانروائے صقلیہ نے ایسی غلطی دوبارہ نہیں کی اور مسلمانان صقلیہ حکومت کے شعبوں میں اور یہاں کی اجتماعی زندگی میں شریک رہے،

مسلمانوں کی حکومت سے بیزاری

لیکن حکومت کی اسلام دشمنی کی حکمت عملی آشکارا ہو جانیکے بعد مسلمانوں کا حکومت کے ساتھ دلی لگاؤ قائم نہیں رہا، جو اجر دوم کے عہد میں قائم ہوگیا تھا، اسلئے وہ اگرچہ بظاہر حکومت سے تعاون کر رہے تھے، لیکن اونکی روح اس حکومت سے روز بروز بیزار ہوتی جاتی تھی، اور اگر ہم یہ کہیں تو شاید مبالغہ نہ ہوگا کہ ولیم اول کے وزیر اعظم مایو (Maio) کی سوئے تدبیر سے نظام مملکت میں جو کچھ خلل پڑا، اور جسکی تفصیلات عرب و یورپین مورخین دونوں نے بیان کی ہیں، اور پھر افریقہ کے مقبوضات جس آسانی سے ولیم اول کے عہد میں، مسلمانوں کے قبضہ سے نکل گئے، اور ملک میں جو دور اختلال شروع ہوگیا اوسکے اسباب میں اگر ہم اسلام کے ساتھ حکومت کے ناانصافانہ طرز عمل اور اس سے مسلمانوں کی عام بےچینی اور حکومت سے بےاطمینانی کو بھی منجملہ دیگر اسباب کے ایک سبب قرار دیں، تو شاید بیجا نہ ہوگا،

ولیم کی وفات

یہی حالات تھے کہ ولیم اول نے ۱۱۶۶ء/۵۶۱ھ میں وفات پائی، اور اوسکے بجائے اوسکا لڑکا ولیم دوم کے نام سے برسر حکومت ہوا[1]

نیک نفس ولیم دوم نارمن فرمانروائے صقلیہ[2]

۱۱۶۶ء/۵۶۱ھ - ۱۱۸۹ء/۵۸۵ھ

ولیم دوم "نیک نفس" (THE GOOD) کا لقب رکھتا ہے، ۱۳ سال کی عمر میں باپ کے تخت پر بیٹھا،

[1] ابن اثیر ج ۱۱ حوادث ۵۶۱ھ و انسائیکلوپیڈیا ج ۲۵ ص ۲۴ (سسلی) و ج ۲۸ صفحہ ۶۱ (ولیم)

اوسکی ماں اوس کی سرپرست رہی، اوس نے پاپائے روما سے ابتدا ہی سے اپنے تعلقات خوشگوار رکھے اسلئے سلطنتِ کلیسا کی جانب سے شروع ہی سے اوسکی بادشاہی تسلیم کرلی گئی،

ولیم دوم اور اسلامی تہذیب و تمدن

ولیم دوم کی پرورش و پرداخت اسلامی فضا مین ہوئی، اور اسلامی تہذیب و مدنیت مین اوس نے آنکھین کھولین، اس لئے اوسکی طبیعت و فطرت اور عادات و اطوار مین اسلامی تہذیب و تمدن کے اثرات کا رنگ نمایان رہا، اور برسرِ حکومت ہوتے ہی ایک مسلم فرمانروا، کے مشابہ زندگی اختیار کی اور اوسکے عہد مین حکومت کا نظام پہلے سے زیادہ اسلامی قالب مین ڈھل گیا، مشہور عرب سیاح ابن جبیر اسی کے عہد مین ۵۸۰ھ/۱۱۸۴ء مین صقلیہ آیا، اور یہان ماہ رمضان ۵۸۰ھ مطابق ماہ دسمبر ۱۱۸۴ء سے ماہ ذی الحجہ ۵۸۰ھ مطابق ماہ مارچ ۱۱۸۵ء تک مقیم رہا، اور اوسے یہان کے حالات کے وسیع مطالعہ کرنے کا موقع ملا، اور اپنے سفرنامہ مین یہان کا تفصیلی مرقع کھینچا،

ابن جبیر نے جو حالات قلمبند کئے، اون سے اندازہ ہوتا ہے، کہ اوس نارمن فرمانروا کا دربار خالص اسلامی دربار تھا، اوسکے گرد و پیش مسلمان امرا و رؤسا، کا جھرمٹ ہوتا، اوسکے باڈی گارڈ خوبصورت نوجوان مسلمان ہوتے، اس کے دربار مین طریق نشست و برخاست اور آئین و آداب مسلمان فرمانرواؤن کے مثل تھا حکومت کے تمام معزز عہدون پر مسلمان فائز تھے، اور اسی طرح طرزِ حکومت قوانین ملکی تقسیم مراتب اور حکومت کے ذرائع اظہار و نمایش سب کے سب اسلامی طرز پر قائم تھے جب شاہی دربار منعقد ہوتا، یا موکب شاہی نکلتا، تو تمام ساز و سامان خدم و حشم لاؤ لشکر ترتیب جلوس اور عام تزک و احتشام و کروفر کے اظہار مین اسلامی تہذیب نمایان ہوتی، شاہ کی سواری تخت شاہی، اسلامی طرز پر سجایا جاتا، چترِ شاہی مسلمان نوخیز لڑکون کے ہاتھ مین ہوتا، جو اسلامی طرز کے قیمتی ملبوسات مین ملبوس ہوتے، یہان تک کہ شاہی محل کی خواتین مین بھی کثیر تعداد مسلمان خواتین کی تھی، جو اس دور کی بہتر سے بہتر آرایش و زیبایش اور معاشرتی تکلفات سے آراستہ رہتین، اور اون کے اثر سے یہان کی عیسائی عورتون نے بھی اسلامی معاشرت قبول کرلی تھی،

یہان تک کہ برسرِ بازار بغیر حجاب و نقاب کے باہر نہین نکلتین، محل مین خواجہ سرا بھی موجود تھے، اور اس عہد مین اسلامی طرزِ معاشرت اور طریقِ زندگی اس قدر مقبول ہوگیا تھا کہ نارمن شاہی خاندان کے افراد اور دیگر عیسائی امرا و رؤسا بھی اسی زندگی کے عادی بنگئے تھے، اسی طرح پورے صقلیہ مین اسلامی طریقہ تہذیب و تمدن ہر قوم مین یکسان طور پر رائج ہوگیا تھا، انسائیکلوپیڈیا برطانیکا کا مقالہ نگار ابن جبیر کے حوالہ سے لکھتا ہے:-

"ولیم مسلمان عورتون اور خواجہ سراؤن کے جھرمٹ مین گھرا رہتا تھا، عربی بولتا اور لکھتا تھا، اور ایک مسلمان بادشاہ کی طرح زندگی بسر کرتا تھا"[۵۱]

ولیم کی اسلام دشمنی | لیکن اسلامی تہذیب و تمدن کی اس مقبولیت کے باوجود یہ حیرت انگیز امر ہے، کہ جہان تک مذہبِ اسلام کا تعلق تھا، اوس مین حکومت کی جو ذہنیت قائم ہو چکی تھی اور جو طرزِ عمل قرار پا چکا تھا، اوس مین سرمو فرق نہین آیا، بلکہ ولیم ثانی کے آغازِ جلوس سے کلیسا کے پوپ سے جو تعلقات استوار ہوگئے تھے، اور پھر سلطان صلاح الدین ایوبی سے ولیم کی جو معرکہ آرائیان ہوئین، اون کی بنا پر اس دور مین یہ جذبات اور تیز تر ہوگئے، اور اس امر مین ولیم اول اور ولیم ثانی کی حکمت عملیون مین کوئی فرق نہین رہا اور جیسا کہ انسائیکلوپیڈیا کے مقالہ نگار نے ایک دوسرے موقع پر ان دونون فرمانرواؤن کا موازنہ کیا ہے، اور یہ راے ظاہر کی ہے کہ "ولیم دی گڈ اور ولیم دی گڈ مین کوئی نمایان فرق نہین تھا، ..... دونون کے دونون اپنے دوستون اور ہمدردون کے یکسان مخالف رہے"[۵۲] مسلمانون کی نسبت بھی ان دونون کے لئے یہی کہا جا سکتا ہے، کہ مسلمانون نے اپنے کو اون کا ہمدرد اور دوست بنانا چاہا، مگر اونھون نے محض اسلام دشمنی کے باعث اون کی دوستی اور ہمدردی قبول نہین کی،

---

[۵۱] ابن جبیر صہ ۳۲۴، ۳۲۵ وغیرہ و انسائیکلوپیڈیا برطانیکا، ج ۲۰ صہ ۶۷۱ (ولیم ثانی) طبع یازدہم، [۵۲] انسائیکلوپیڈیا برطانیکا ج ۲۵ صہ ۳۴،

چنانچہ ولیم دوم کے عہد میں بھی مسلمانوں کے ساتھ یہی طعن وطنز کا تماشا نہ بنایا جاتا، اونھیں چھیڑ چھیڑ کر اون سے مناظرانہ گفتگو کیجاتی، مسلمان، عیسائی مذہب کا بھی پاس ادب رکھتے تھے، اور حکومت کے خوف سے بھی زبان ہلانے کی جرأت نہیں کرتے تھے، اس کے برخلاف صقلیہ کے راہب اپنے جوش نفرت میں مسلمانوں کو نشانہ ملامت بنانے کے علاوہ پیغمبر اسلام صلعم کی شان میں بھی گستاخیاں کرتے، اور بسا اوقات جوش میں ایسے ناملائم اور ناقابل برداشت فقرے کہہ جاتے جنھیں ضبط تحریر میں بھی لانا دشوار ہے، ابن اثیر نے اس سلسلہ میں بعض واقعات درج کئے ہیں،

مسلمانوں کی مذہبی آزادی

لیکن اسکے باوجود اس وقت تک سابق معاہدوں کی بنیاد پر مسلمانوں کو کسی قدر مذہبی آزادی حاصل تھی، جس کو ابن جبیر نے "ایمان کے چند علامات باقی ہیں" کے الفاظ میں ادا کیا ہے، مساجد کی تعمیر کی اجازت حاصل تھی بلند آواز سے اذان دیجا سکتی تھی، عیدین کی نماز کی اجازت تھی جمعہ میں خلیفہ عباسی کے لئے دعا کیجاتی تھی، اسی طرح ایسے مسائل و احکام کے لئے جو اگرچہ معاشرتی ہیں لیکن مسلمانوں کے احکام مذہبی کے دائرہ میں داخل ہیں جنھیں عرف عام میں "پرسنل لا" کہا جاتا ہے، ایک محکمۂ قضا کا نظام قائم تھا، اور ایسے مقدمات اسی اسلامی عدالت میں دائر ہوتے تھے اور یہیں سے فیصل ہوتے تھے،

مذہب میں رخنہ اندازیاں

مگر پھر اسی دور میں مذہبی آزادی میں بھی رخنہ اندازیاں شروع ہو گئی تھیں مثلاً جمعہ کی نماز ممنوع تھی، کہ اوس عہد میں جمعہ کے خطبات میں مسلمانوں کے اہم مذہبی اخلاقی اور معاشرتی مسائل کی اصلاح پر وعظ و پند ہوتا تھا، نازمن حکومت نے اس خوف سے کہ وہ خطبات انقلاب انگیز ثابت نہ ہوں جمعہ کی نماز روک دی تھی، بلرم کی جامع مسجد بجز رمضان کی تراویح اور عیدین کے سال بھر سنسان پڑی رہتی اسی طرح پھر اسلامی محکمۂ قضا پر اس طرح قبضہ کیا گیا، کہ ایک بدبخت مسلمان قاضی ابن زرعہ نے جو اس عہد میں ایک بلند پایہ فقیہ تھا، عیسائی مذہب اختیار کر لیا، اگرچہ وہ در پردہ اسلام پر ایمان رکھتا تھا، مگر اپنی مسجد کو کلیسا بنا ڈالا، عیسائی مذہب کے معلومات حاصل کئے، اور تبدیل مذہب کے بعد وہ حکومت کی جانب سے عیسائی

اور مسلمان دونون کیلئے بظاہر اسی مرتد قاضی کے احکام و فتاوی جاری ہونے لگے،

مسلمانون کا اسلام سے برگشتہ ہونا اور کتمان ایمان

اس طرح حکومت کے مختلف طرز عمل سے جب مسلمانانِ صقلیہ مین یہ احساس پیدا ہوا کہ حکومت کی نظر مین اونکا پیرو اسلام ہونا پسندیدہ نہین، اور صقلیہ سے اسلام کی جڑ کو بیخ و بن سے اکھاڑ دینے کا کام در پردہ جاری ہے، تو وہ وجاہت پسند مسلمانانِ صقلیہ جن کی نظر مین تمام مآل زندگی محض دنیاوی عزت و وقار تھا، اور اپنی انفرادی صلاحیتون کے باعث ملک مین معزز و ممتاز شمار کئے جاتے تھے، اپنے دنیاوی اعزاز و اکرام کے تحفظ کے لئے حکومت کی ترغیب و ترہیب سے اپنی متاع گرانمایہ اسلام سے اپنی برات ظاہر کرنے پر مجبور ہوگئے، کیونکہ اون کی ذاتی استعداد و صلاحیت کی خوبیون کا اس وقت زیادہ اعتراف کیا جاتا جب اسلام سے منحرف ہوکر عیسائیت قبول کرنے کا اعلان کردیتے، مگر چون کہ اون کے قلوب عقیدۂ توحید کے لذت آشنا تھے، اس لئے دل سے سرنیاز تثلیث کے سامنے جھکانا محال تھا، اسلئے وہ کتم ایمان کرکے در پردہ خدائے واحد ہی کے سامنے سربسجود ہوتے،

پھر اوسی زمانہ مین جزیرہ مین ترک اسلام اور قبول مسیحیت حکومت کی نظرون مین اس حد تک لایق ستایش قرار پایا، کہ اگر کبھی کسی مسلمان گھرانے مین کسی خانگی معاملہ مین باپ بیٹون مین تکرار رنجی ہوجاتی تو بیٹا باپ سے روٹھ کر اسلام سے منہ موڑ لیتا، اور جان نثار ان مسیحیت کمال شفقت سے اوسکو دامن مسیحیت مین چھپا لیتے،

بجبر عیسائی بنانا

نیز بجبر عیسائی بنانے کا دستور بھی قائم ہوگیا مسلمانون کی کنواری نا کتخدا لڑکیان شاہ صقلیہ یا شاہی خاندان و امرا کی نظر انتخاب مین آتین، مگر وہ مسلمہ ہوتین، اور مذہبی حیثیت سے کسی اہل کتاب کے حبالۂ عقد مین نہین لائی جاسکتی تھین، اسلئے اونھین شاہی محل مین پہنچانیکے لئے بجبر عیسائی بنایا جاتا، اور ان مظالم کے ساتھ یہ مظلوم و بیکس لڑکیان شاہی محل مین پہنچادی جاتین،

اسی طرح ایسے مسلمان امرا، و معززین کو جو مسلمانانِ صقلیہ مین اثر و رسوخ رکھتے تھے اور عزت و وقار

کی نگاہ سے دیکھے جاتے، حکومت کی جانب سے آمادہ کیا جاتا کہ وہ ترکِ اسلام کرکے عیسائیت قبول کرلیں، اگر وہ آمادہ نہ ہوتا تو اوسکی جانب سے املاک ضبط کیجاتین، اور طرح طرح کے مصائب و مظالم اوس پر ڈھائے جاتے، چنانچہ جس زمانہ مین ابن جبیر صقلیہ پہنچا ہے، بلرم کا ذی اثر مسلمان رئیس ابوالقاسم ابن حمود المعروف بابن الحجر بجبر عیسائی بنائے جانے کیلئے مورد عتاب تھا، اور حکومت کا خیال تھا کہ اگر وہ عیسائیت قبول کرلے تو سارے جزیرہ کے مسلمانون مین عیسائیت کو فروغ حاصل ہوجائے،

اسلام کی سخت جانی مگر اس جزیرہ کا اسلام ابھی تک اپنی جانکنی کے باوجود سخت جانی سے قائم رہا، کہ خدا کو منظور تھا کہ ابھی کچھ دنون اور اوسکی توحید کی صدا اس جزیرہ مین قائم رہے، چنانچہ وہی مسلمان لڑکیان جو محل شاہی مین پہنچائی گئین، اور بجبر عیسائی بنائی گئین، اسلام کی اشاعت کا ذریعہ بن گئین، چھپ چھپ کر اندھیری کوٹھریون مین خدا کی پرستش کرتین، رمضان مین خلوص سے روزے رکھتین، صدقات دیتین، اور اون کے مذہب کے اخلاص کے اثر سے اس آذر کدہ مین سنتِ ابراہیمی کی نشوونما ہوئی، اور محل کی عیسائی عورتین متاثر ہوکر در پردہ اسلام قبول کرلیتین، اور کبھی کبھی یہ مومنات قانتات اپنی عبادت گذاری مین مصروف رہتین، شاہی محل کے افسر آجاتے اور چشم پوشی کرجاتے، کہ اگر مزاحم ہوتے تو ایک جم غفیر تھا، کس کس کو محل سے خارج کرتے، اور کس کس کو دار پر چڑھاتے،

اسی طرح ذی اثر مسلمان رئیس ابن الحجر نے بھی سختیان اوٹھائین مگر اسلام سے منہ نہ موڑا، اور اسلام اور مسلمانون کا وجود کچھ دنون تک جزیرہ مین قائم رہا،

مسلمانانِ صقلیہ کے گرد و متضاد حالات الغرض ولیم کے عہد مین نارمنون کے ماتحت مسلمانانِ صقلیہ کے گرد و متضاد حالات قائم تھے، ایک طرف تو شاہی محل سے لیکر عوام تک اسلامی تہذیب و روایات کو اختیار کررہے تھے، اور چونکہ مسلمانانِ صقلیہ اس تہذیب کے حامل تھے، اس لئے فطرۃً یہان کے اعلیٰ عہدون پر وہی سرفراز ہوتے، ملکی مناصب اونھین کو تفویض ہوتے، ملکی قوانین وہی مرتب کرتے، مدنیت کی تراش

وخرش مین، اونھین سے مدد لیجاتی، عیسائیون کی اعلےٰ سوسائٹیون مین اونھین عزت و احترام سے جگہ ملتی عالیشان سرفلک عمارتین، اونھین سے تعمیر کرائی جاتین، حکومت کی زبان عربی رہی سکون پر فرمانروا کا نام وطغرا اور سنین عربی مین لکھے جاتے اور یہان تک کہ مقدس گرجا کی عمارتون پر مسلمان انجنیر بطلان تثلیث کی آیات قرآنی بطور نقش و نگار خط طغرا مین لکھ ڈالتے اور دوسری طرف جہان تک مذہب اسلام کا تعلق تھا، راہبون اور قسیسون کی زہر فشانی جاری تھی، یہ لوگ عیسائیت کی تبلیغ مین اسلام کے خلاف نفرت پھیلاتے اور مسلمان اپنی اجتماعی حیثیت سے پیروان توحید ہونیکے باعث نشانہ ملامت و مورد عتاب بنتے، اور مسلمانون کے لئے اجتماعی حیثیت سے جو قوانین نافذ ہوتے وہ ایسے ہوتے کہ رفتہ رفتہ اون کی اجتماعی اہمیت زائل ہوتی جاے اور اون کی مجموعی اقتصادی حالت ایسی نہ ہو کہ وہ عیسائیون پر تفوق حاصل کر سکین، اور اس طرح مسلمان زمیندار جو کبھی زمین کے بلا شرکت غیرے مالک تھے، کسان بنکر رہ گئے تھے، مگر عیسائیون کی نگاہ مین اون کا یہ زراعت پیشہ رہنا بھی کھٹکتا رہا، اور اون کی ہستی کو نیست و نابود کرنے اور انھین مفلوک الحال بنا دینے کے لئے سال کی دو فصلون پر ایسی گران قدر قسم بطور ٹیکس عائد کر دی گئی کہ اونکا خوش حالی سے بسر کرنا محال ہو گیا تھا، اور ان تمام ایذا رسانیون کے ساتھ در پردہ اور پھر کھلے بندون لوگون کو جبراً عیسائی بنایا جانے لگا،

ابن جبیر کے مشاہدات | ضرورت ہی کہ اس عہد کے مسلمانون کے مفصل حالات معلوم کرنیکے لئے ابن جبیر کے بیان کا خلاصہ پیش کر دیا جاے کہ ایک طرف اسلامی تہذیب و تمدن کی جلوہ آرائی نظر آئے، اور دوسری طرف مسلمانون کے حلقہ بگوش اسلام ہونیکے باعث اون کی قومی ولی و تباہی و بربادی کا صحیح مرقع سامنے آجائے اس لئے ہم ذیل مین اوس حصہ کا اجمالی و سرسری خلاصہ تقریباً اوسی کے الفاظ مین مسلسل پیش کر دیتے ہین، جس سے اسلامی تہذیب اور جزیرہ کے مسلمانون اور اسلام کے حالات آشکارا ہون، وہ لکھتا ہی:-

"ہم یوم یکشنبہ ۲۲ رمضان (۵۸۳ھ) کی نصف شب کو جزیرہ (صقلیہ) کے شہر مسینا کے پاس پہنچے..... اور

جب ستارۂ صبح طلوع ہوا تو ہم نے تعجب سے دیکھا کہ شہر مینا ہم سے نصف میل پر ہے.....
جہاز کے مصائب اور شور و ہنگامہ کی خبر شہر مین پہنچ چکی تھی، سارا شہر ہمدردی مین ساحل پر جمع ہو گیا اور خود شاہِ صقلیہ ولیم بھی ساحل پر چلا آیا، اور ہم لوگون نے مصائب سے نجات پاکر ساحل پر قدم رکھا .....

ہمین اس رومی بادشاہ کے متعلق جو کچھ بتایا گیا وہ تعجب انگیز ہے، معلوم ہوا کہ اوس نے جہاز مین سے چند ایسے نادار مسلمانون کو اوترتے دیکھا جن کے پاس کرایہ ادا کرنے کے دام نہین تھے..... شاہِ صقلیہ نے ان مسلمانون سے حالت دریافت کی جنھون نے ساری سرگذشت بیان کر دی، تو اوس نے سو رباعی جو اس کا سکہ تھا ادا کرنے کا حکم دیدیا.... چنانچہ ان مسلمانون کی گلوخلاصی ہوئی اور ساحل پر اوترے، اور ہم نے خدا کا دوبارہ شکر ادا کیا، کہ اوس نے ہمین اس جزیرہ پر اوتارا، ورنہ اگر کسی طوفانِ حوادث سے ہمارا جہاز کسی اور رومی جزیرہ مین پہنچ جاتا، یا ارضِ کبیرہ (جنوبی اٹلی) کے ساحل سے لگ جاتا، تو ہم تمام مسلمان ہمیشہ کے لئے غلام بنالئے جاتے، اور اس حادثہ کے بعد اللہ کا بڑا فضل یہ بھی ہوا کہ عین موقع پر یہ رومی فرمانروا جو اپنے ایک بیڑے کو تیار کرنے کے لئے یہان آیا تھا، ساحل پر چلا آیا، ورنہ اس پر بھی سارا جہاز لوٹ لیا جاتا، اور اس جہاز مین جتنے مسلمان تھے وہ غلام بنالئے جاتے، کیونکہ ان ممالک مین مسلمانون کے ساتھ یہی صورتِ حال قائم ہو گئی ہے[1]

مینا..... تمام تر کفار سے آباد ہے، کسی مسلمان کے لئے یہان کوئی ٹھکانا نہین، نصاری نہایت کثرت سے آباد ہین،..... مسلمان اس شہر مینا مین مطلقاً نظر نہین آتے صرف تھوڑی سے مزدور پیشہ مسلمان دکھائی دیتے ہین، اور اسی لئے ایک اجنبی مسلمان کو یہان آکر وحشت ہوتی ہے،.....

---

[1] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابن جبیر اتفاقی طور پر صقلیہ پہنچ گیا تھا، اور یہ بھی اندازہ ہوتا ہے، کہ اس تھوڑے ہی زمانہ مین جنوبی اٹلی صقلیہ اور بحر روم کے ان دوسرے جزیرون مین مسلمانون کی کیا حالت ہو گئی، کہ چند دن پیشتر جہان کے وہ فرمانروا تھے، وہان اب مسلمان مسافرون کے جان و مال کی بھی کوئی خیر نہین رہ گئی اور اگر شومیِ قسمت سے کوئی مسلمان مسافر بھٹکتا اگنکلتا تو گرفتار کرکے غلام بنالیا جاتا،

یہ جزیرہ (صقلیہ) سیب کے پجاریون سے معمور ہی، اور مسلمان اون کے ساتھ کھیتی باڑی کا کام کرتے ہین، اور وہ عیسائی ان مسلمانون سے خدمت لینے اور مزدوری کرانے مین اچھا برتاؤ کرتے ہین، ان عیسائیون نے یہان کے مسلمانون پر سال کی دو فصلون مین ٹیکس باندھ دیا ہے جس کو مسلمان ادا کرتے ہین اور اس طرح یہ عیسائی ان مسلمانون کی زمین کی اوس زرخیزی کے درمیان جسکو وہ حاصل کرتے تھے حائل ہوگئے ہین اللہ عزوجل اون کے حالات کی اصلاح فرمائے.....

اس جزیرہ کا سب سے بہتر شہر یہان کا پایہ تخت ہے، جس کو مسلمان المدینہ (دار السلطنت) اور نصاریٰ بلارمہ کہتے ہین، اور اسی مین متمدن مسلمانون کی آبادی قائم ہے، یہان اون کی مسجدین قائم ہین اور اون کے مخصوص بازار ہین.....

یہان کے فرمانروا کے حالات تعجب انگیز ہین، وہ ایک نیک سیرت فرمانروا ہی، مسلمانون کو خدمات پر سرفراز کرتا ہی، اور مسلمان خواجہ سراؤن کو اپنے یہان نوکر رکھتا ہی، اور مسلمانون پر کامل اعتماد رکھتا ہے اور اپنے تمام حالات اور اہم مشاغل مین اوسے اونھین سے تسکین ہوتی ہی، یہان تک کہ اوس کے باورچی خانہ کا داروغہ بھی ایک مسلمان ہی ہی، اور اوس کے تمام خدمت گار حبشی مسلمان غلام ہین جن کا اونھی مین سے ایک افسر ہے، اور اوس کے وزرا اور حجاب سب مسلمان ہین، اونھی مسلمانون مین سے اکثر اوسکے ارباب حکومت اور اوس کے ندما خاص ہین، اور درحقیقت اس مملکت کی رونق انھی مسلمانون سے قائم ہے، یہی لوگ رئیسانہ طور وطریق کے ساتھ عیش وتنعم سے زندگی گذارتے ہین اور یہی لوگ قیمتی لباسون عمدہ سواریون خدم وحشم اور اتباع اور حاشیہ نشینون کے ساتھ رہتے سہتے ہین، ..... اوسکے محل مین بہ کثرت کنیز اور غلام ہین، عیسائی فرمانروا اون مین اس سے زیادہ عیش پرست اس سے زیادہ شاہانہ طمطراق رکھنے والا، اور اس سے زیادہ مرفہ الحال کوئی دوسرا فرمانروا موجود نہین، وہ شاہانہ شان وشوکت ترتیب قوانین طرز حکومت عہدیدارون کے مراتب کی تعیین اور زیب وزینت وغیرہ کے اظہار مین سلاطین اسلام کے مشابہ ہی، اوسکی مملکت بڑی ہے، اوسکے دار

سے اطبا اور ہیئت دان وابستہ ہین جن سے وہ نہایت دلچسپی رکھتا ہی، اور اون کے موجود رہنے پر نہایت حریص رہتا ہے، یہان تک کہ جب اوسے خبر ملتی ہے کہ فلان طبیب یا منجم اپنے وطن مالوف کو واپس جا رہا ہی، تو اوسے وہ جبراً روک لیتا ہے اور سامانِ معیشت (یعنی وظیفہ و تنخواہ) مین اضافہ کرتا ہے اور اوسکو اپنے وطن کی واپسی سے بے نیاز کر دیتا ہی، اللہ مسلمانون کو اوس کے فتنہ اور اوسکے منت و احسان سے بچائے، اوسکی عمر اس وقت تقریباً تیس سال کی ہے، اوسکی ایک عجیب بات یہ بھی بیان کی جاتی ہی کہ وہ عربی زبان مین لکھ پڑھ لیتا ہی، اور اوس کا سرکاری نشان جیسا کہ مجھ سے اوسکے ایک شاہی خدمتگذار نے بیان کیا، یہ ہے "الحمد للہ حق حمدہ" اور اوسکے باپ کا سرکاری نشان "الحمد للہ شکرا لانعمہ" تھا.....

اوسکے وہ تمام خدام اور خواجہ سرا جو محل مین اوسکے ساتھ رہتے ہین مسلمان اور وہ سب کے سب یا اون مین سے اکثر اپنا ایمان چھپائے ہین، اور شریعت اسلام کو دل سے مضبوط پکڑے ہین..... اور اوسکے محل کی تمام عورتین اور کنیزین بھی سب کی سب مسلمان ہین، اور ایک تعجب انگیز واقعہ ہم سے اوسی شاہی خدمتگذار یعنی یحیی بن فتیان الطراز (جو محل شاہی مین زرکاری کے کام انجام دیتا ہے) نے یہ بھی بیان کیا کہ اس کے شاہی محل مین جب نئی عیسائی عورتین داخل ہوتی ہین، تو رفتہ رفتہ (اثر و صحبت سے) وہ بھی مسلمان ہو جاتی ہین، اونھین وہی مسلمان عورتین اور کنیزین مسلمان کر لیتی ہین، اور یہ اوس فرمان روا سے درپردہ کیا جاتا ہے، ان مسلمان عورتون کے اعمال صالحہ انجام دینے کے بھی عجیب عجیب واقعات ہین..... اور ہمین بتایا گیا ہے کہ جب اس جزیرہ مین خوفناک زلزلے آتے ہین اور اون زلزلون سے یہ مشرک خوف زدہ ہوتا ہے تو اوس وقت اپنے قصر مین آتا ہے، یہان محل کی عورتون اور لڑکون کو اللہ و رسول کی یاد مین محو دیکھتا ہے اور بسا اوقات جب وہ خود ان زلزلون سے دہشت مین آجاتا ہے تو اپنے محل والون سے کہتا ہے کہ ہر شخص اپنے اپنے معبود کو یاد کرے، اور جو شخص جو مذہب رکھتا ہو، اسی سے تسکین حاصل کرے،

اس سلطنت کے اعیان اور اوس کے صوبون کے والی بھی سب کے سب مسلمان ہی ہین،

اون مین کوئی بھی ایسا نہین جو مہینون بطور نفل و تطوع روزہ نہ رکھتا ہو صدقہ نہ کرتا ہو، قیدیون کو آزاد نہ کراتا ہو، یتیمون کی پرورش نہ کرتا ہو، اون کی شادی نہ کردیتا ہو، اون سے حسن سلوک سے پیش نہ آتا ہو، اور حسب استطاعت اعمال خیر انجام نہ دیتا ہو، یہی سب اس جزیرہ کے مسلمانون کے نیک اعمال ہین لیکن یہ سب کچھ پردۂ راز مین انجام پاتا ہے۔

ان مین سے ایک نوجوان سے ہم مسینا مین ملے، اوس کا نام عبدالمسیح تھا وہ یہان کے معززین مین سے تھا، وہ ہم سے نہایت اخلاص و محبت اور عزت و اکرام سے پیش آیا، اور ہم پر اعتماد کرنے کے بعد اپنے رازہائے سربستہ کے دفتر کھول دئے، چنانچہ ایک دن اُس نے اپنے پاس کے تمام آدمیون کو مجلس سے اوٹھا دیا جب کامل تخلیہ ہوگیا، تو اوس نے ہم سے پہلے مکہ معظمہ مدینہ منورہ اور شام کے آثار و مشاہد کی بابت استفسارات کئے، جن کے جوابات ہم دیتے گئے، اس گفتگو سے اوسکی آتش شوق اور مشتعل ہوتی گئی، اور اوس نے ہم سے مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے تبرکات کی یہ کہتے ہوئے استدعا پیش کی کہ اون کے دینے مین ہمکو بخل نہ کرین کیونکہ تم لوگ اسلام کو کھلے بندہ اپنا مذہب ظاہر کرتے ہو اور اپنے مقصدین کامیاب اور حصول اجر سے انشاء اللہ فائز ہوگے، اور ہم لوگ اپنا ایمان چھپانے پر مجبور ہوگئے ہین، اور اپنی جانون سے خائف ہین، عبادات الٰہی و فرائض دینی کو چھپ چھپ کر ادا کرتے ہین، ایک کافر کی ملکیت مین داخل ہین، اور غلامی کا طوق ہم لوگون کی گردنون مین ڈال دیا گیا ہے، اور ہماری آخری رسائی یہی ہے کہ ہم تم لوگون جیسے حجاج سے مل کر برکت حاصل کرین، اون سے دعاؤن کا ہدیہ لین، اور اون سے ملکر اون مشاہد مقدسہ کے تحفے حاصل کرنے کی آرزو کرین، اور ان تحائف کو اپنے ایمان کا سپر اور اپنے کفنون کا ذخیرہ بنائین۔

یہ حالات سنکر ہمارے دل شفقت اور محبت سے بھر آئے اور اوسکے حسن خاتمہ کی دعائین کین، اور مقامات مقدسہ کے بعض تحائف جنھین اوس نے طلب کیا تھا پیش کردئے، اوس نے اپنے دوسرے ساتھیون پر ان واقعات کے ظاہر نہ کرنے کی خواہش کی، اور معلوم ہوا کہ دوسرے لوگون کے بھی اسی قسم کے حالات ہین،

جونیک اعمال انجام دیتے رہتے ہین، اور راہ خدا مین قیدیون کو آزاد کراتے ہین،

ان نوجوانون کی جو بادشاہ کے روبرو رہتے تھے، ایک عجیب بات یہ معلوم ہوئی کہ وہ لوگ جب شاہ کے حضور مین رہتے ہین، اور نماز کا وقت آتا ہے، تو الگ الگ یکے بعد دیگرے ایک ایک کرکے مجلس سے رخصت ہوتے ہین، اور نماز ادا کرتے ہین. اور بسا اوقات یہ ہوتا ہے کہ وہ نماز پڑھتے رہتے ہین، اور بادشاہ اس جگہ آجاتا ہے، وہ جگہ اوس کی نظرون کے سامنے ہوتی ہے، تاہم اللہ عزوجل اون کو اوسکی نگاہون سے پوشیدہ رکھتا ہے، الغرض یہان کے مسلمان اسی طرح ہمیشہ اپنے حسن اعمال، حسن نیت اور مسلمانون کو کو پند و نصائح کرتے ہوئے ایک جہاد دائم مین مصروف ہین اللہ انھین نفع پہنچائے اور اپنے فضل و احسان سے اونھین اس سے نجات دیدے .....

شفلودی ایک سرسبز و شاداب شہر ہے ..... یہان مسلمانون کی ایک جماعت بھی آباد ہے یہان کی پہاڑی پر ایک رفیع و منیع قلعہ ہے، جو مسلمانون کے حملہ کے مقوضہ خطرہ کے لیے سپر سمجھا جاتا ہے، شریہ متقدم الذکر شہر سے زیادہ خوبصورت ہے، یہان مسلمانون کی ایک بڑی آبادی ہے جو ایک بڑے ریض مین واقع ہے، اور اسی ریض مین مساجد واقع ہین، .....

بلارمہ یہان سے ۲۵ میل پر آباد ہے، ..... وہان جانے کے لیے سمندر کی تلاطم خیزی کے سبب سے خشکی کا راستہ اختیار کیا ..... راستے عمارتون اور مسافرون کی کثرت آمد و رفت سے گویا بازار معلوم ہوتے تھے عیسائی گروہ در گروہ اثنائے راہ مین ملتے اور سلام کرنے مین سبقت کرتے اور انس و محبت کا اظہار کرتے، اس طرح ہمین مسلمانون کے ساتھ اون کی سیاست اور نرمی کا اندازہ ہوا، باوجودیکہ اون کے جاہل طبقہ کے قلوب تمام امت محمدیہ کی جانب سے بغض و عداوت سے لبریز ہین، یہان تک کہ ہم قصر سعد پہنچے جو بلارمہ سے ایک فرسخ پر واقع ہے،

قصر سعد ..... مین آج کل مسلمان صوفیہ و زہاد کا قیام ہے، اور اس قصر کے گرد اگرد

مسلمان صوفیہ وزہاد کی قبرین ہین، یہ قصر آجکل خیر و برکت سے موصوف ہی، لوگ جزیرہ کے ہر مقام سے اوس کی زیارت کی قصد سے آتے ہین، قصر سعد کی اس مسجد.... مین ہم نے رات گذاری اذان کی آواز کانون مین آئی جس کے سنے ہوے زمانہ گذر گیا تھا، اس قصر مین جو مسلمان رہتے ہین وہ ہم سے خوش اخلاقی سے پیش آئے اور ہماری پذیرائی کی ان کا ایک امام تھا، جو نماز اور اس مبارک مہینہ مین تراویح پڑھاتا ہی،.....

ہم نے ان راستون مین دیکھا، کہ عیسائیون کے لئے ایسے کنیسے بنائے گئے ہین، جو عیسائی مریضون کے قیام کے کام مین اوسی طرح لائے جاتے ہین، جیسے اسلامی ممالک مین اسپتال ہوتے ہین ایسے ہی کنیسے ہم نے عکہ اور صور مین بھی دیکھے تھے ہمین اون کا اپنی قوم کے لئے یہ اہتمام دیکھکر تعجب ہوا،

صبح کی نماز پڑھ کر ہم شہر بلرم روانہ ہوئے جب وہان پہنچے اور شہر مین داخل ہونے لگے، تو ہم لوگ روک دئے گئے، اور وہان سے شاہی محلات کے قریب کے ایک پھاٹک پر لیجائے گئے، جہان ایک عہدہ دار موجود تھا اوس نے ہماری آمد کے اسباب و مقاصد دریافت کئے، یہ طریقہ ہر اجنبی آنے والے کے ساتھ برتا جاتا ہی،...

یہ شہر تمدن کا گہوارہ ہے،.... اوس کے وسط مین شاہی محلات کا سلسلہ اسطرح نظر آتا ہی جسطرح حسینون کے سینہ پر ہار، اس کے اطراف و جوانب مین بہت سے خوشنما گرجے ہین جنکی صلیبین سونے اور چاندی کی بنائی گئی ہین،

اس شہر مین مسلمانون کے ایمان کا کھنڈر بھی باقی رہ گیا ہی، وہ اپنی مسجدین آباد کرتے ہین، اذان کے ساتھ نماز پڑھتے ہین، اور اون کے محلے عیسائیون کی آبادی سے الگ ہین لیکن یہان کے بازار اونھی سے آباد ہین اور وہی سب کے سب تاجر ہین، اون کو جمعہ پڑھنے کا موقع نہین ملتا، کیونکہ اون کو خطبہ دینے کی ممانعت ہی، البتہ وہ عیدین کی نماز پڑھتے ہین، اور خطبہ مین عباسی خلیفہ کا نام لیتے ہین، اون کے مقدمات کے انفصال کے لئے ایک قاضی مقرر ہے، اون کی ایک جامع مسجد ہے جس مین وہ نماز کے لئے جمع ہوتے ہین، اور رمضان مین اوس مین چراغان کرکے محفلین کرتے ہین، اس کے علاوہ اور بیشمار مسجدین ہین جنمین اکثر مین قرآن مجید کی تعلیم دیجاتی ہے لیکن بہرحال یہان کے مسلمان، اپنے دوسرے مسلمان بھائیون سے الگ کافرون کے عہد و پیمان

مین ہین اورلون کی جائداد و مال اور عورت اور بچے کوئی بھی مامون نہین ہین ،... اس شہر مین عیسائی عورتون کی وضع مسلمان عورتون کی ہے یعنی چادر اوڑھے ہوئے اور نقاب ڈالے ہوئے رہتی ہین اوران کی زبان نہایت فصیح ہے ،عید میلادمین وہ نکلین تو اس شان سے نکلین کہ طلا کار حریر کا لباس پہنے ہوئے عمدہ چادرین اوڑھے رنگین نقاب ڈالے اور نفیس طلا کار موزے پہنے ہوئی تھین ،غرض مسلمان عورتون کی آرایش کے تمام سامان یعنی زیور ،مہدی اور عطر وغیرہ سب اون کے جسم پر نظر آتے تھے ،.....

۲۲ رمضان مطابق ۲۰ دسمبر کو صبح کے وقت (بلرم سے) اطرابنش روانہ ہوے ،کیونکہ وہان سے دو جہاز چھوٹنے والے تھے ایک اندلس جانے والا اور دوسرا سبتہ روانہ ہونے والا تھا ،ان دونون جہازون مین مسلمان حجاج اور مسلمان تجار سوار تھے ،بلارمہ سے اطرابنش خشکی سے روانہ ہوئے ،راہ مین مختلف آبادیان اور گاؤن ملے تمام سرزمین یہان سے وہان تک سرسبز وشاداب تھی ایسی ہری بھری اور تر وتازہ کھیتی مین نے آج تک نہین دیکھی راستہ مین ہم نے ایک شب ایک شہر معروف بہ لقمہ مین گذاری یہ ایک بڑا شہر ہے ،بازار اور مسجدین وسیع ہین ،اس شہر اور اس پورے دیہی علاقہ کے باشندے ،جو راستہ مین گذرا سب کے سب مسلمان ہین ،.....

اطرابنش ..... کے باشندے مسلمان اور عیسائی دونون ہین ،اور دونون فرقون کیلئے یہان مسجدین اور کنیسے ہین ،..... یہان کے جبل حامد پر چڑھنے کے لئے ایک طرف راستہ آسان ہی ،اور یہان کے مسلمانون کا خیال ہے کہ مسلمانون کو اسی راستہ سے انشاء اللہ اس جزیرہ پر دوبارہ قبضہ کرنے کا موقع ملے گا ،.....

عید کا چاند ۵ جنوری کو مانا گیا ،کیونکہ شہادت کے وہ حاکم اطرابنش (صوبون اور شہرون کے والی مسلمان تھے) کے نزدیک یہ ثابت ہوا تھا ،کہ رمضان کا چاند شب پنجشنبہ کو نکلا تھا ،اور یوم پنجشنبہ سے اہل صقلیہ کے روزے شروع ہوئے تھے ،اس لئے لوگون نے اتفاق عام سے عید روز پنجشنبہ کے روز منائی ،ہم نے اطرابنش کی مسجدون مین سے ایک مسجد مین یہان کے کچھ باشندون کے ساتھ عید کی نماز پڑھ لی ،کیونکہ وہ لوگ کسی عذر کے باعث عیدگاہ تک نہ جاسکے ،چنانچہ ہم نے مسافرون کے مثل نماز ادا کی ،اور تمام باشندگان شہر اپنے حاکم شہر

کے ساتھ عیدگاہ روانہ ہوئے اور وہان سے طبل و بوق بجاتے ہوئے واپس آئے مسلمانون کے اسلامی تہوارون کو اس شان و شوکت سے منانے اور عیسائیون کے اس پر چشم پوشی کرنے پر ہمین تعجب ہوا،

ہم اپنے سفر کا اہتمام اندلس جانے والے ایک جہاز سے کر چکے تھے،..... کہ شاہ صقلیہ کا حکم پہنچا کہ تمام بیڑے کی روانگی سے پیشتر سواحل کے تمام جہازون کی روانگی روک دیجائے،..... انھی دنون ہم لوگون کو وحشت انگیز خبرین ملنے لگین..... اطرابنش کے مسلمان اس شاہی بیڑے کے متعلق مختلف قیاسات کرنے لگے،..... بعض کہتے کہ اسکندریہ پر حملہ آوری کیلئے جانے والا ہی بعض کہتے میورقہ کا قصد ہے بعض خیال کرتے کہ افریقیہ جانے والا ہے، اور معاہدہ کو توڑنے والا ہی،.....

ذی القعدہ کا چاندیوم دوشنبہ ۴ فروری کو نکلا اور ہم لوگ ابھی تک اسی شہر اطرابنش مین موجود ہین اور موسم سرما کے گذرنے اور جنوبی جہاز کے لنگر اوٹھانے کا انتظار کر رہے ہین جس سے ہم لوگ اندلس جانے والے ہین،.....

اس شہر کے زمانہ قیام مین ہم کو اس جزیرہ کے باشندون کی وہ بری حالت جو عیسائیون کی وجہ سے ہوئی ہی، اور اون کی ذلت و مسکنت اور ذمیون کی طرح رہنے اور بادشاہ کی ایسی سختی جو اون کے بدبخت بچون اور عورتون کو دین سے برگشتہ کرنے کے متعلق کی جارہی ہے، دردانگیز طریقہ پر معلوم ہوئی اس سختی نے بعض اوقات اون کے بوڑھون کے ساتھ ایسی ذلت انگیز سزا کی صورت اختیار کرلی جو اون کے مذہب چھوڑنے کا سبب بن گئی چنانچہ انھی چند قریبی سالون کا قصہ ہی کہ اس ظالم بادشاہ کے دارالسلطنت کے ایک فقیہ کو جس کا نام ابن زرعہ تھا، سرکاری ملازمون نے مطالبہ ادا کرنے کے لئے اس قدر تنگ کیا، کہ وہ دائرہ اسلام سے نکلکر عیسائیت کے دائرے مین آگیا انجیل خوب یاد کرلی، رومیون کی سیرتون کا مطالعہ کیا، اور اون کی شریعت کے قوانین ازبر کرلئے نتیجہ یہ ہوا، کہ وہ اون قسیسون مین شامل ہوگیا جن سے عیسائیت کے احکام کے متعلق فتوے پوچھا جاتا تھا، اور چونکہ وہ پہلے سے اسلامی شریعت کے احکام سے بھی واقف تھا اسلئے جب اسلامی شریعت کا کوئی مسئلہ

پیش آجاتا تھا، تو اوس کے متعلق بھی اوسی سے فتویٰ پوچھا جاتا تھا، اور دونون شریعتون کے احکام کے متعلق اوس کا فتویٰ نافذ کیا جاتا تھا، اوس کے گھر کے سامنے ایک مسجد تھی جس کو اوس نے گرجا بنا لیا، لیکن اوسی کے ساتھ ہم کو معلوم ہوا کہ وہ اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے ہے، اس لئے غالبًا وہ اس استثنا میں داخل ہے،

الا من اکرہ و قلبہ مطمئن بالایمان، — مگر وہ شخص جسکو دین کے چھوڑنے پر مجبور کیا گیا اور اوس کا دل ایمان پر مطمئن ہے،

اسی زمانے مین اس جزیرہ مین مسلمانون کے سردار ابوالقاسم ابن حمود المعروف بابن الحجر اس شہر مین تشریف لائے وہ اس جزیرہ کے خاندانی لوگون مین ہین، اور اپنے آبا و اجداد سے سیادت وراثۃً پائی ہے، ان باتون کے ساتھ ہم کو یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ نیک کام کرنے والے ہین نیکی کی نیت رکھتے ہین، اپنے لوگون کی محبت رکھتے ہین بہت سے اخروی نیکیون کے کام مثلاً قیدیون کا چھڑانا، مسافرون اور معذورحاجیون کو صدقہ دینا وغیرہ وغیرہ کرتے ہین، اس لئے اون کے آنے کا شہر مین غُل پڑ گیا، اس زمانہ مین وہ اس ظالم بادشاہ کے زیر عتاب تھے اوس نے اون کے دشمنون کے ایک مطالبے کی وجہ سے انکو اونہی کے گھر مین نظر بند کر دیا تھا، اُن لوگون نے اس نظر بندی کے زمانہ مین بھی اون پر جھوٹے الزامات لگائے کہ وہ مسلمانون سے میل جول قائم رکھتے ہین جسکی یہ داش مین وہ عنقریب ہلاک کر دیئے جائینگے لیکن اُنکے پہرے والے ذاتی صفائی دی اور پہرہ سے تا اونات بھی جنکی تعداد تقریبًا ۳۰ ہزار مونیہ دینار تھی، لگائے گئے، اور اون کے تمام گھر بار اور اون کی تمام ملکیت جو اونھون نے اپنے اسلاف سے وراثۃً پائی تھی، ضبط کر لی گئی تھی، یہان تک کہ اون کا مال تھوڑا سا رہ گیا لیکن اس زمانے مین یہ ظالم بادشاہ اون سے راضی ہو گیا، اور اون کو ایک سرکاری کام کرنے کا حکم دیا جسکو اونھون نے اوس غلام کی طرح انجام دیا، جسکی جان و مال پر قبضہ کر لیا گیا ہو، اس شہر مین پہنچنے کے بعد اونھون نے ہم سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی، چنانچہ ہم نے اون سے ملاقات کی تو اونھون نے اپنی اور اس جزیرہ کے لوگون کی دلخراش اندرونی حالت جو

اون کے دشمنون کی وجہ سے ہوئی ہے، بیان کی مثلاً اونھون نے کہا کہ "مین پسند کرتا تھا کہ کاش مین اور میرے خاندان کے لوگ فروخت کردئے جاتے، تو اس مصیبت سے جسمین ہم مبتلا ہین نجات پاجاتے، اور مسلمانون کے ملک مین پہنچ جاتے" تو اوس حالت پر غور کرو، جو ایسے جلیل القدر عظیم المنصب کے دل مین یہ خواہش پیدا کرتی ہی، حالانکہ وہ بکثرت اہل وعیال اور لڑکے اور لڑکیون سے گرانبار ہے، ہم نے اون کے لئے اور اس جزیرہ کے تمام مسلمانون کے لئے اس مصیبت سے نجات پانے کے لئے خدا سے دعا کی، اور ہر مسلمان پر واجب ہے کہ وہ جب کبھی خدا کے سامنے کھڑا ہو، اون کے لئے دعا کرے، ہم اون سے ایسی حالت مین جدا ہوے کہ خود روتے تھے، اور لوگون کو رولاتے تھے، اور اونھون نے اپنے احسانات کے شرف اپنے عادات کی خصوصیات عام خیرات اور حسن سیرت سے ہم کو اپنا گرویدہ کرلیا، ہم نے شہر مین اون کے، اون کے بھائیون اور اون کے خاندان کے ایسے گھر دیکھے جو شاندار معلوم ہوتے تھے، غرض یہ بڑے شاندار لوگ ہین، بالخصوص اون مین یہ شخص بڑے درجہ کا ہے جب تک وہ یہان رہے، محتاج حاجیون اور فقیرون کے ساتھ ایسے سلوک کئے جن سے اونکی حالت بہتر ہوگئی اور اون کے کرایے اور زادراہ کا سامان ہوگیا، خدا اونکو اس کا اجر دی،

اس جزیرہ کے باشندون کی سب سے بڑی مصیبت یہ ہے، کہ ایک آدمی اگر اپنے لڑکے یا بیوی پر غصہ کرتا ہی، یا مان اپنی لڑکی پر غصہ کرتی ہے تو یہ سب اوس کے عار سے گرجا مین جاکر عیسائی ہوجاتے ہین، اور اب بیٹا باپ کے ہاتھ سے اور لڑکی مان کے ہاتھ سے نکل جاتی ہے، تو اب خیال کرو کہ اون لوگون کا حال کیا ہوگا جو اپنے اہل وعیال اور لڑکون کے متعلق اس مصیبت مین مبتلا ہین اور اپنی عمرین اسطرح کاٹ رہے ہین کہ اس آزمایش مین مبتلا نہ ہوجائین، اس لئے وہ اس حالت کے خوف سے ہمیشہ اپنے اہل وعیال اور اولاد کی خاطر مدارات مین مصروف رہتے ہین، اور عاقبت اندیش لوگون کو یہ خوف ہی کہ جزیرہ اقریطش کے مسلمانون پر گذشتہ زمانے مین جو مصیبت نازل ہوئی وہ ان سب پر نازل نہ ہوجائے کیونکہ اس جزیرہ کے تمام لوگون کو اس ظالمانہ حکومت نے رفتہ رفتہ عیسائی بننے پر مجبور کردیا، خدا کو جسکی نجات منظور تھی وہ تو بھاگ گئے، اور کافرون پر خدا کا

عذاب نازل ہوگیا، چونکہ وہ حمودی جس کا ذکر اوپر گذرا، عیسائیون کے دلون مین وقعت رکھتا ہی، اس لئے اون کا خیال ہے کہ اگر وہ عیسائی ہوجاتا، تو جزیرہ مین کوئی مسلمان باقی نہ رہتا، بلکہ اسکی پیروی کرتا، خدا اون کو تفوظ رکھکر اون سب کو اپنے فضل و کرم سے محفوظ رکھے،

ہم نے اونکی سب سے عجیب و دلچسپ حالت یہ دیکھی کہ اوس شہر کے اعیان مین سے ایک شخص نے اپنے بیٹے کو ہمارے حاجی رفقا مین سے ایک کے پاس بھیجا کہ وہ اون کی ایک باکرہ قریب البلوغ لڑکی سے نکاح کرنا منظور کرلین لیکن اگر وہ خود نکاح کرنا پسند نہ کرین تو اپنے شہر مین جس سے پسند کرین نکاح کردین لیکن اوسکو اپنے ساتھ لیجائین؟ وہ اپنے باپ اور بھائیون کے چھوڑنے پر راضی ہی تاکہ اوس آزمایش سے نجات پاوی، اور مسلمانون کے شہر مین پہنچ جائے، باپ اور بھائی بھی اس پر خوش ہین تاکہ جب یہ بندش ڈھیلی ہو تو شاید وہ بھی مسلمانون کے شہر مین پہنچ جائین، یہ شخص اس پر راضی ہوگیا، اور ہم نے اس موقع کے ملنے پر جس سے دین و دنیا کی بھلائی حاصل ہوسکتی ہے، اوسکی مدد کی، اور ہم کو اس حالت پر سخت تعجب ہوا، جو انسان کو ایسی عزیز چیز کی قربانی پر مجبور کردیتی ہی، اور اوسکو ایسے شخص کے سپرد کردیتا ہے، جو اوسکو پردیس مین لیجائے، اور اس پر صبر کرتا ہے اور اوسکے شوق کا مقابلہ کرتا ہے، اسی طرح ہم کو اس لڑکی پر تعجب ہوا کہ اپنے اعزہ کی جدائی صرف اسلام کے خاطر گوارا کرتی ہے چنانچہ باپ نے جب اوس سے اپنے ارادہ کے متعلق مشورہ کیا، تو اوس نے کہا کہ اگر آپ مجھے روک لین گے تو آپ سے اوس کا مواخذہ کیا جائیگا، یہ لڑکی ماں کے پاس تھی، اور اوسکے چھوٹے بھائی اور بہن تھے،.....[1]

ولیم ثانی کی وفات اور اوسکے اثرات مسلمانون پر

صقلیہ سے ابن جبیر کی واپسی کے چند سال بعد ولیم ثانی نے نومبر ۱۱۸۹ء/۵۸۵ھ مین وفات پائی، ولیم کی وفات سے مسلمانون کا ایک ظاہری سرپرست بھی بظاہر جاتا رہا، اور اوسکی وفات کے بعد مسلمانانِ صقلیہ کے حالات مین ایک اور انقلاب ہوا، جس کا تذکرہ بسلسلہ بیان کے ساتھ بعد مین آئیگا،

---

[1] رحلۃ ابن جبیر از صفحہ ۳۴۲ تا ۳۴۳،

"ٹانکرڈ" اور "ولیم ثالث نارمن فرمانروایان صقلیہ"

۱۱۹۰ء / ۵۸۶ھ - ۱۱۹۴ء / ۵۹۱ھ

ولیم ثانی کی وفات کے بعد ٹانکرڈ (TANKERD) صقلیہ کے تخت کا مالک بنا، اور جنوری ۱۱۹۰ء / ۵۸۶ھ مین اوسکی تاجپوشی ہوئی، ٹانکرڈ راجر دوم کے لڑکے راجر کا غیر ثابت النسب لڑکا تھا اس لئے اوسکے تاج و تخت پر برابر لوگون کی نگاہ اوٹھی، اور شہنشاہ ہنری ششم سے اوسکی جنگ چھڑ گئی لیکن خود اوس کی زندگی نے وفا نہ کی، اور فروری ۱۱۹۴ء / ۵۹۱ھ مین اوس کا انتقال ہوگیا، اور اوسکی جانشینی مین اختلاف پیدا ہونے کے بعد اوس کا چھوٹا لڑکا ولیم ثالث کے نام سے تخت حکومت پر بیٹھا،

نارمن حکومت کا خاتمہ

ولیم ثالث کو بھی امن سے فرمانروائی کا موقع نہین ملا، اوس کے باپ کے حریف شہنشاہ ہنری ششم نے اس کے خلاف پیشقدمی کی، ہنری ششم ہوہنسٹافن (HOHENSTAUFEN) کے خاندان کا تھا، اور نارمن فرمانروا راجر اول کا داماد تھا، اوسکی سب سے چھوٹی لڑکی کانسٹنز اوس کے ساتھ بیاہی تھی، اور ہنری اسی بنیاد پر صقلیہ کے تاج و تخت کا دعویدار بنا،

چنانچہ وہ ۱۱۹۴ء / ۵۹۱ھ مین اٹلی مین داخل ہوا، اور نارمنون کے مقبوضات ایطالیہ و صقلیہ کا بآسانی مالک بن بیٹھا ولیم ثالث نے اپنا تاج اوس کے سپرد کردیا، اوس کے باوجود ہنری نے صقلیہ کے فوجی افسرون اور ولیم کے خلاف ایک فرضی سازش کا الزام قائم کرکے چند اہم فوجی افسرون کو قتل کرایا، اور معزول ولیم ثالث کی آنکھین نکلوالین، اور اسی پر صقلیہ سے نارمن حکومت کا خاتمہ ہوگیا، اگرچہ پھر نامنہاد حیثیت سے صقلیہ کے تخت سے نارمن خاندان کا انتساب قایم رہا،

نارمن عہد حکومت اور عیسائیون پر مصائب

نارمن عہد حکومت مین نارمن فرمانروا ؤن نے اسلامی تہذیب و تمدن کو جس ہمہ گیری سے قبول کیا، اور اوس کے اثرات سے مسلمانون کو جو عروج رہا، اوسکی روداد بھی گذر چکی ہے، اور اسی لئے یورپین مؤرخین عیسائیون اور عیسائیت کے لئے اس عہد کو پُر مصائب سمجھتے اور نارمن فرمانروا ؤن پر مسلم فرمانروا" اور "اسلامی عہد حکومت" کے الفاظ مین طعنہ زنی کرتے ہین، اور اوسکو عربی فتوحات کی نمایان کامیابی سمجھتے ہین ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ مین ہے:-

"عربی فتوحات سے صقلیہ کے طرز معاشرت پر نہایت گہرا اثر پڑا، چنانچہ (یہ نارمن فرمانروا) ایسیائی طرز معاشرت کے حامل تھے، اور "استبداد" شوکت و شان اور جرم سلطانی کا اس عہد مین رواج ہوا، اور عیسائی قوم کو خواجہ سراؤن کے مظالم اور تحقیر آمیز سلوک کا نشانہ بننا پڑا، جو یا تو صاف صاف اپنے کو مسلمان کہتے تھے، یا در پردہ اسلام کے معتقد تھے"

نارمن عہد مین اسلامی آبادی مین کمی

تاہم جیسا کہ بہ تفصیل گذر چکا ہے، نارمن فرمانروا ؤن اور کلیسا کے تعلقات کی بنا پر مذہب اسلام کے ساتھ نارمن حکومت کا سلوک نہایت معاندانہ رہا، اور حکومت کی اس اسلام دشمنی کی روش سے صقلیہ کے مسلمانون کی تعداد مین روز بروز کمی ہوتی گئی، کیونکہ نارمن حکومت کے قانون کے رو سے اس کے روزاول سے صقلیہ مین مذہب اسلام مین داخلہ کا دروازہ ہمیشہ کے لئے بند کر دیا گیا تھا، پھر مسلمانون کی ایک بڑی جماعت یہان کے حالات سے تنگ آکر ہجرت کر چکی تھی، مسلمان جاہ پرستون کی ایک جماعت علحدہ دائرۂ اسلام سے خارج ہوگئی، اگرچہ وہ لوگ در پردہ مسلمان رہے، تاہم اون کی ظاہری روش کے اثر سے ان کی نسلون اور اون کے عزیز و اقارب مین اسلام کی محبت اور عقیدت کم ہوتی گئی، اور وہ لوگ رفتہ رفتہ عیسائیت قبول کرتے گئے، اور اون کی تقلید عام مسلمانون نے بھی مصلحتاً اختیار کی، اسی طرح ایسی مسلمان لڑکیان جو بجبر عیسائی بنائی گئین، اون کی تعداد بھی مسلمانون سے کٹ گئی اگرچہ وہ خود مسلمان رہین، اور اون کے اثر سے عیسائی عورتین مسلمان ہوئین تاہم اونکا شمار مسلمانون کی صف مین باقی نہین رہا، اور پھر

پادریوں کی کوششوں سے انھیں بھی مجبور کیا گیا، کہ اپنے اسلامی اثرات کو خیرباد کہہ دیں،

الغرض انھی صورتوں سے نارمن عہد ہی میں صقلیہ میں اجتماعی حیثیت سے مسلمانان صقلیہ کی تعداد میں نمایاں کمی ہوگئی،

ہنری ششم و فریڈرک دوم جرمن فرمانروایان صقلیہ (۹۸-۱۱۹۴ء)

۵۹۱ھ - ۶۴۸ھ

ہنری ششم (۵۶۱ھ - ۵۹۴ھ / ۱۱۶۵ء - ۱۱۹۷ء) شہنشاہ جرمنی فریڈریک اول کا لڑکا تھا، ۱۱۶۹ء / ۵۶۵ھ میں رومن بادشاہ کی حیثیت سے اوس کو تاج پہنایا گیا، ۲۷ جنوری ۱۱۸۶ء / ۵۸۲ھ کو راجر اول کی لڑکی سے اوسکی شادی ہوئی، اور اوسی سے اس عہد میں سسلی اور جرمنی کے تعلقات کی ابتدا ہوئی، ۱۴ اپریل ۱۱۹۱ء / ۵۸۷ھ کو ہنری نے شہنشاہی کا تاج پہنا، ولیم ثانی کے انتقال کے بعد ٹانکرڈ کے مقابلہ میں سسلی کے تخت کا دعویٰ کیا، اور ایک جنگ آزمائی ہوئی، اور اوس کی وفات کے بعد ولیم ثالث کو معزول کرکے دسمبر ۱۱۹۴ء / ۵۹۱ھ میں پلرم میں صقلیہ کی شاہی کا تاج پہنا جس کے بعد صقلیہ کی قسمت جرمنی سے وابستہ ہوگئی، اور پھر یہاں چند ماہ کے قیام کے بعد اپنی بیوی کو یہاں اپنا قائم مقام بنا کر جرمنی روانہ ہوگیا،[۱]

پلرم کے عیسائیوں اور مسلمانوں میں خونریز جنگ

جزیرہ میں مسلمانوں کی سیاسی و تمدنی اہمیت کو جیسا کہ اشارہ کیا جا چکا ہے ولیم ثانی کے انتقال سے سخت نقصان پہنچا کہ مسلمانوں کا ایک ایسا سرپرست جاتا رہا، جو اسلامی تہذیب و تمدن سے دلبستگی رکھتا تھا، اور مسلمان اہل علم و ارباب فکر کو اپنے گرد جمع رکھتا تھا، اس لئے اوسکی وفات سے مسلمانوں کی پشت پناہ طاقت اوٹھ گئی، اور اب وہ جزیرہ میں پوپوں

---

[۱] ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ ج ۹ ص ۵۸ (دی نارمنس) انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۲۸ ص ۶۷۱ (ولیم) وج ۱۹ ص ۱۸۲ و ۱۸۳ ہیلپز کنگڈم، وج ۵ ص ۳۴۴ (سسلی)، وج ۲۶ ص ۳۹۵ ٹانکرڈ)، وج ۱۳ ص ۲۸۸ (ہنری ششم) طبع یازدہم،

اور عیسائیون کے رحم و کرم پر باقی رہ گئے، اور چونکہ یہ پورا عہد جنگہاے صلیبی مین گذرا ہے اس لئے اس زمانہ مین اسلام اور مسلمانون کے خلاف عیسائیون مین جو عام پروپگنڈا کیا جاتا تھا، اور اس سے عیسائیون کے دلون مین مسلمانون کے خلاف بغض و عداوت کی جو آگ سلگ رہی تھی، اوس سے جزیرہ کے عیسائی مستثنیٰ نہین تھے، صرف ولیم ثانی کی شخصیت تھی جو اس آگ کے شرارون سے مسلمانون کو بچائے ہوئے تھی اسلئے اوس کے اوٹھتے ہی اس جزیرہ مین بھی وہ شرارے بھڑک اوٹھے،

چنانچہ ولیم ثانی کی وفات کے بعد جب خانہ جنگیون سے فرصت ملی اور ہنری ششم قبضہ کی تکمیل کے بعد جرمنی واپس چلا گیا تو پاپاے اعظم اور مقدس راہبون نے صقلیہ کے عیسائیون کو مسلمانانِ صقلیہ کے خلاف سخت برانگیختہ کیا، اور صقلیہ کے عیسائی مسلمانون پر مظالم برپا کرنے لگے جب یہ مظالم مسلمانون پر اجتماعی حیثیت سے توڑے گئے تو اونھین بھی احساس پیدا ہوا اور مرنے مارنے پر تیار ہوگئے، اور عیسائیون کے حملون کے انتقام مین وہ بھی شمشیر بکف میدان مین نکل آئے، اور ایک خونریز جنگ کا سلسلہ چھڑ گیا، جو برابر مین پیش آئی لیکن مسلمانون کا اجتماعی شیرازہ بکھر چکا تھا، اس جنگ مین اونھین سخت نقصانات اوٹھانے پڑے، اور کئی ہزار مسلمان شہید ہوگئے،

حکومت کی مسلمانون سے بے التفاتی اور مسلمانون کا ایک نیا اقدام:

اس جنگ کا آغاز اگرچہ صقلیہ کی رعایا کے دو طبقون عیسائیون اور مسلمانون مین ہوا تھا، ابتداً حکومت کا کوئی تعلق اس سے پیدا نہین ہوا تھا لیکن اس موقع پر حکومت نے باوجودیکہ صقلیہ کے عیسائی حکومت کے بھی مخالف تھے، عیسائیون کا ساتھ دیا، اور اوس نے بھی مسلمانون پر مظالم برپا کرنا شروع کئے، اس لئے اب مسلمانون کو دوسری راہ عمل سوچنی پڑی، کہ اب اُن مین ایسی صلاحیت باقی نہین رہ گئی تھی، کہ وہ شہرون مین قیام کرکے حکومت کی فوجون اور عیسائی رعایا دونون کا مقابلہ کرتے، اس لئے اونھون نے نئے سرے سے اپنی شیرازہ بندی کی اور تنگ آمد بجنگ آمد کے اصول پر اپنے گھر بار، عیش و آرام اور دولت و ثروت کو چھوڑ کر

اپنی اپنی آبادیون اور اپنے اپنے گھرون سے نکل پڑنے کا فیصلہ کیا، اس عہد کا ایک لسان عیسائی مؤرخ فالکینڈس (FALCANDUS) مسلمانون کی اس ابتر حالت اور حکومت کی طرف سے اون کے ساتھ بے اعتنائی کے جانے کا ایک اجمالی نقشہ کھینچتا ہے:-

"کٹانیا پھر زلزلے سے تباہ ہوگیا، سیراکیوز کی قدیم عظمتین افلاس اور ویرانی سے برباد ہو رہی ہین، لیکن پلرمو کے سر پر آج بھی ایک تاج موجود ہے، اور اس مین عیسائی اور مسلمانون کی ایک کثیر آبادی اب بھی موجود ہے،

اگر یہ دونون قومین اپنی مشترک حفاظت کے لئے ایک فرمانروا کے زیر فرمان متحد ہو جائین، تو یہ وحشی اقوام پر فتحیاب ہو سکتی ہین، لیکن اگر مسلمان مظالم سے تنگ آکر کنارہ کشی اختیار کرلین، اور بغاوت پر آمادہ ہو جائین، اور اگر وہ کوہستانی قلعون اور ساحل پر قبضہ کرلین تو پھر عیسائی دہری زد مین آجائین گے اور مجبوراً اون کو غلام بن کر رہنا پڑیگا،"

چنانچہ اسی ہولناک جنگ کے بعد انھی حالات سے مجبور ہو کر وہ صقلیہ کے شہرون خصوصاً پلرمو سے روپوش ہو کر نکل پڑے، اور صقلیہ کے سنسان جنگلون مین گھس کر پہاڑیون پر چڑھ گئے، اور اپنے کو تباہ و برباد کر کے پہاڑی قلعون اور جنگلون مین پناہ گزین ہو گئے، انسائیکلوپیڈیا برطانیکا مین ہے:-

"خوش قسمت ولیم کی وفات کے بعد ہی تمام عرب خصوصاً پلرمو کے عربون کو ملک کو خیرباد کہہ دینا پڑا اور انھین پہاڑون مین پناہ لینی پڑی... اب صقلیہ مین مختلف اقوام کے لوگ (شہر کی آبادیون) مین آباد تھے،"

صقلیہ کے عیسائیون نے مدت کے سوے ہوئے شیرون کو جگا دیا تھا، ان کی گرج سے ایک مرتبہ پھر سارا صقلیہ دہل اوٹھا، اونھون نے اسلام کی فوجی ترتیب و معاشرتی تنظیم کے اصول پر اپنی جماعت کو منظم کیا، اپنے مین سے ایک کو امام اور سب کو مجاہدین کا لقب دیا، امام کی ایک دعوت جہاد پر مجاہدین جنگلون اور

پہاڑی قلعوں سے نکل بیابانوں میں آتے، اور وہاں سے اکر شہری عیسائی آبادیوں پر ٹوٹ پڑتے، شہر کے عیسائیوں اور حکومت کی فوجوں پر جارحانہ حملے کرتے، لڑتے اور لوٹتے مارتے، اور لڑ بھڑ کر پھر جنگلوں میں گھس جاتے یہاں تک کہ چند ہی سال میں صقلیہ کا امن و امان برباد ہو گیا، اور سارے جزیرہ پر حاوی کسی منظم حکومت کے قیام کا تخیل، عیسائیوں کو خواب و خیال نظر آنے لگا، اور عیسائیوں اور مسلمانوں کی اسی کشمکش میں کامل تیس برس گذر گئے اور ان مٹھی بھر مجاہدین کو صقلیہ کی پوری عیسائی طاقت کسی طرح زیر نہ کر سکی، اور ایک وسیع کوہستانی علاقہ اون کے قبضہ و تصرف میں رہ گیا، ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ میں ہے:-

"(بلرم کی جنگ کے بعد) جو لوگ قتل ہونے سے باقی رہ گئے، وہ پہاڑی قلعوں میں چلے گئے، اور تیس سال سے زیادہ عرصہ تک جزیرہ صقلیہ کو امن و امان سے محروم کر دیا"[1]

ہنری کی وفات اس اثنار میں ہنری ششم ۱۱۹۷ء/۵۹۴ھ میں انتقال کر گیا تھا، اور اوسکی نامزد بیوی نے اپنے نابالغ لڑکے فریڈیرک دوم کے بادشاہ ہونے کا اعلان کر دیا تھا، اور مجاہدین کی یہ معرکہ آرائیاں ہنری ششم کے عہد سے شروع ہو کر فریڈیرک کے تقریباً نصف عہد حکومت تک جاری رہیں،

فریڈیرک کی تاجپوشی فریڈیرک ۲۶ دسمبر ۱۱۹۴ء/۵۹۱ھ کو صقلیہ ہی میں پیدا ہوا، یہیں اوس کی ابتدائی تعلیم و تربیت ہوئی، ۱۱۹۶ء/۵۹۳ھ کو جرمنی کا بادشاہ منتخب ہوا، اور اپنے باپ کی وفات پر ۱۷ مئی ۱۱۹۸ء/۵۹۵ھ کو صقلیہ کے تخت پر بیٹھا، اوسکی ماں دائی کی مدار المہام بنی، اوس نے بھی نومبر ۱۱۹۸ء/۵۹۵ھ میں وفات پائی، اور پوپ انوسنٹ سوم (INNOCENT) اس کا آتالیق اور حکومت کا مدار المہام قرار پایا، اور ۱۲۰۸ء/۶۰۵ھ میں بالغ قرار دیا گیا، اور اوس کے آغاز حکومت کے ساتھ ہی، اوسکو جرمنی کی سیاسی گتھیوں کے سلجھانے میں لگ جانا پڑا، اس سلسلہ میں اوسکو پاپائے روما سے امداد کی ضرورت بھی پیش آئی، اور اوس سے بہ تصریح وعدہ کیا کہ وہ شہنشاہیت کے حصول کے بعد اوس کے خاطر خواہ

---

[1] انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا، ج ۲۹ ص ۱۸۳ (نیپلز) و ج ۲۵ ص ۲۳۴ (سسلی)، ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ ج ۹ ص ۸۲، ۸۳

مذہبی فرائض انجام دیگا، اور سسلی پر پوپ کے اقتدار کو تسلیم کریگا، علاوہ ازین اسی قسم کے بعض شرائط پر اس کا پوپ سے دوبارہ اتحاد ہوا، ۱۲۱۲ء/۶۰۹ھ مین جرمنی کا دوبارہ بادشاہ تسلیم کیا گیا، اور بالآخر ۱۲۲۰ء/۶۱۷ھ کو شہنشاہ کی حیثیت سے روما مین اوسکی تاجپوشی ہوئی، اور اوس کے بعد اس نے تمام پادریون کو تیکس سے بری کردیا اور اس امر کا وعدہ کیا کہ وہ تمام مبتدعین کو سخت سزا دیگا، اور جنگ صلیبی کی قیادت ہاتھ مین لیگا،

فریڈریک اور اسلام

لیکن یہ عجیب دلچسپ اتفاق ہے، کہ فریڈریک کی طبیعت پر اوس کی نازمن ماں اور اوس کے بعد کے ماحول سے اسلامی تہذیب و تمدن کے گہرے نقوش قائم ہوگئے، اور اوسکو اسلامی علوم و آداب اور عربی زبان سے یگونہ مناسبت تھی، نہایت اچھی عربی بولتا اور لکھتا تھا، اور اسلامی علوم عقلیہ مین کامل دستگاہ رکھتا تھا، اس لئے باوجودیکہ وہ سیاسی مصالح کے لحاظ سے پاپائے روما سے دست مصالحت بڑھانے پر مجبور تھا، اور پھر اپنی ہوس ملک گیری مین جنگ صلیبی مین بھی شرکت کی، اور آیندہ چلکر اسی کے ہاتھون بیت المقدس مین اسلامی حکومت کو زوال آیا، تاہم اس کو طبعاً مذہب عیسوی اور اس عہد مین عیسائیون کی پھیلائی ہوئی تحریکون سے دلچسپی نہین تھی، بلکہ انھین بنیاد دن پر آیندہ چلکر اوس کو پاپائے روما کی بارگاہ سے زندیق کا خطاب تک عطا ہوگیا تھا،

اس لئے صقلیہ مین مجاہدین کے ساتھ جو صورت حال قائم ہوگئی تھی اور اس پر اوس نے اب تک جو توجہ مبذول نہین کی، اوسکی وجہ کوئی مذہبی غلو نہ تھی، بلکہ اس مین اوسکے وہی مذکورۂ بالا مشاغل مانع رہے، اس لئے جب اوسکی شاہنشاہیت کی آرزو بھی پوری ہوچکی، تو اوس نے از سر نو سسلی کے امن و امان کی جانب توجہ کی جسمین سب سے اہم مرحلہ انھی مجاہدین اسلام کا تھا،

فریڈریک اور مجاہدین مین مصالحت

چنانچہ ۱۲۲۰ء/۶۱۷ھ سے ۱۲۲۵ء/۶۲۲ھ تک وہ انھی کوششون مین مصروف رہا اور اسی سلسلہ

مجاہدین کی واپسی آبادی مین

۱۲۲۳ء/۶۲۰ھ مین ان مجاہدین سے مصالحت ہوگئی، جس کے رو سے وہ جنگلون اور پہاڑی قلعون کی خانہ بدوش زندگی ترک کرکے آبادیون مین داخل ہوے، اور صقلیہ کا ایک محدود رقبہ ان کی

آبادی کے لئے حکومت کی جانب سے دیدیا گیا،

نیز فریڈیرک دوم نے ان مین کی ایک بڑی تعداد کو صقلیہ سے لیجا کر اسی سال ۱۲۲۳ء مین اٹلی کے ایک غیر آباد شہر لوسیرا (LUCERA) مین آباد کیا، لوسیرا مین آباد ہونے والے مجاہدین کی مجموعی تعداد ۲۰ ہزار تھی،

لوسیرا لوسیرا اپولیا کا ایک شہر تھا، جو فوگیا (FOGGIA) سے ۱۲ میل پر شمال و مغرب مین عہد قدیم سے ایک بلند ٹیلہ پر آباد تھا اور اوس کا ایک مشہور قدیم قلعہ بھی تھا، کانسٹنس دوم نے ۶۶۳ء مین اس شہر کو برباد کر دیا تھا،

اوس وقت سے یہ شہر اوسی طرح غیر آباد پڑا تھا، اب ۱۲۲۳ء مین فریڈیرک نے انھی مجاہدین سے اوسکو آباد کیا تھا، اور اوسکی حفاظت کیلئے ایک مضبوط و منیع قلعہ بھی تعمیر کرا دیا تھا،

عرب جغرافیہ نویسون اور مورخین مین سے ابوالفدا اپنی تاریخ مین اوسکو "لوحارہ" اور اپنے جغرافیہ مین ابن سعید کے حوالہ سے "لوشیرہ" لکھتا ہے، جو اس کے اصل نام سے زیادہ قریب ہے چنانچہ لکھتا ہے:-

وقال ابن سعید ولوشیرۃ من بلاد	ابن سعید کہتا ہے لوشیرہ امپرر (فریڈیرک) کے
الامبرور لما استولی الامبرور علی صقلیہ	ممالک مین سے ہے، اور جب وہ صقلیہ پر قابض ہوا
نقل المسلمین من صقلیہ واسکنھم	تو وہان سے مسلمانون کو منتقل کر کے وہان لیگیا
فی لوشیرۃ المذکورۃ،	اور اسی مذکورہ شہر لوشیرہ مین آباد کیا،

انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے بقول لوسیرا اپنی جائے وقوع کے لحاظ سے اٹلی کی کنجی تھا، فریڈیرک دوم اور پاپائے روما کے تعلقات بہت ہی کم خوشگوار رہتے تھے، اس لئے فریڈیرک نے ان "دشمنانِ مسیحیت" کے ہاتھون مین مسیحیت کے مرکز اٹلی کی کنجی امانتہً رکھوا دی کہ جب ضرورت ہو، اسی راستہ سے اٹلی کا دروازہ کھولا جائے،

مجاہدین فریڈریک کی فوج مین

چنانچہ مجاہدین سے مصالحت ہوجانے اور اون کے لوسیرا مین آباد ہوجانے کے بعد انکی ایک بڑی تعداد فریڈریک دوم کی فوج مین شامل ہوگئی، اور انسائیکلوپیڈیا کے مقالہ نگار کے بقول یہی مجاہد فریڈیک کے سب سے زیادہ معتبر سپاہی بن گئے[۱]

سلطان ابوزکریا اور فریڈیک مین عہدنامہ اور مسلمانان صقلیہ کا بلرم مین دوبارہ قیام

لیکن اس کے باوجود انھین صقلیہ کی آبادیون مین شہری حقوق عطا نہین کئے گئے، لیکن ان مسلمانان صقلیہ کی وقتی خوش بختی سے اس عہد مین دولت حفصیہ افریقیہ کے تخت پر ایک ایسی شخصیت نمایان ہوئی جس نے اپنے صقلیہ کے ان فلک زدہ برادران اسلام کی سرپرستی کرنے کو اپنا مذہبی فرض خیال کیا، وہ شخصیت سلطان ابوزکریا یحیی بن عبدالواحد حفصی کی ہے،

سلطان ابوزکریا یحیی (۶۲۵ھ/۱۲۲۷ء - ۶۴۷ھ/۱۲۴۹ء) نے ۶۲۶ھ مین اپنے استقلال کا اعلان کیا اور موحدین کا نام خطبہ مین موقوف کرکے اپنے نام کا اعلان کیا، چند ہی سال مین اس نے اپنے تمام مخالفین کو مغلوب کرکے اپنی پرشوکت حکومت قائم کرلی، یونس، جزائر، تلمسان، بجایہ، سبتہ، طنجہ اور مکناسہ وغیرہ پر اقتدار حاصل کیا اور موحدین کے سابق دارالسلطنت مراکش مین اس کا خطبہ پڑھا گیا، اور پھر اندلس کے بعض حصون مین بھی اس کا خطبہ جاری ہوا، اس طرح اوس زمانہ مین افریقیہ مین سب سے پرشوکت و طاقتور حکومت قائم کرلی اور اوسکے تمام معاصر فرمانروائون کو اس کا اقتدار تسلیم کرنا پڑا، اور اس سے دست مصالحت بڑھانا پڑا، اسی سلسلہ مین شہنشاہ فریڈریک دوم شاہ صقلیہ سے بھی اس کے دوستانہ مراسم پیدا ہوئے اور بعض معاہدے ان دونون کے درمیان دس سال کیلئے طے پائے،

انھی دوستانہ علائق و گفت و شنید مین ان دونون کے درمیان فلک زدہ مسلمانان صقلیہ بھی

---

[۱] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۱۱ ص ۴۶ تا ص ۴۹، (فریڈریک دوم) و ج ۲۹ ص ۴۷ (نیپلز) و ج ۲۵ ص ۳۴ (سسلی) و ج ۷ ص ۹۶ (لوسیرا) و تاریخ ابوالفداء ج ۴ ص ۳۹ و تقویم البلدان ابوالفداء ص ۲۲۰ صقلیہ کے اس خط و رقبہ کا مذکور جہان مجاہدین واپس کرآباد کئے گئے تھے، موجودہ یا سابقہ فوٹیزین مین سے کسی نے لیا ہے، اور جہانتک پتا دیا ہے، وہ شہر حلقہ تھا، لیکن اس کا حوالہ اس وقت ذہن سے فراموش ہوگیا ہے،

زیر بحث آگئے، اور سلطان ابوزکریا کی تحریک سے فریڈریک دوم نے ان مسلمانانِ صقلیہ پر سے وہ پابندیاں ہٹالین جن کے روسے وہ صقلیہ کے ایک محدود رقبہ مین اقامت پذیر رہنے پر مجبور تھے، اور اس کے بجای انھین پایۂ تخت پلرم اور اوس کے بیرونی حصے مین بھی اقامت کرنے کی اجازت دی گئی، اور یہان کے شہری حقوق مین یہ مسلمانان صقلیہ اور پلرم کے عیسائی باشندے مساوی حقوق کے حقدار قرار پائے اور ان دونون قومون مین کوئی تفریق باقی نہین رہی،

چنانچہ مسلمانان صقلیہ اسی معاہدہ کے روسے صقلیہ مین پھر نئے سرے سے ایک باعزت زندگی بسر کرنے لگے اور اپنے کاروبار اور حصول معیشت مین مصروف ہوگئے[1]

سلطان ابوزکریا کی وفات اور صقلیہ کے مسلمانونکا دور ابتلا

لیکن مسلمانانِ صقلیہ کے لئے یہ امن وسکون اور اون کی شہری زندگی محض چند سال ثابت ہوئی، اور اون کی سیہ بختی انسانی تدبیرون پر پھر غالب آگئی، مسلمانانِ صقلیہ کے آخری غمخوار سلطان ابوزکریا نے ماہ جمادی الاخری ۶۴۷ھ/۱۲۴۹ء مین وفات پائی، فریڈریک نے پاپائے روما اور عام عیسائیون کی مرضی کے خلاف محض اسی سلطان کی قوت وشوکت سے مرعوب ہوکر مسلمانانِ صقلیہ کو مراعات دی تھین، اس لئے اوس کی آنکھین بند ہوتے ہی فریڈریک کی نگاہین بھی بدل گئین، پلرم کے عیسائیون نے اپنے پہلو کے خار کو نکال کر پھینک دینا چاہا، اور سلطان کی خبر وفات جیسے ہی صقلیہ پہنچی پلرم کے عیسائی مسلمانون پر ہر طرف سے ٹوٹ پڑے، اور بدبخت مسلمانون کے قتل عام کا پھر ایک بازار گرم ہوگیا،

مجاہدین کی پناہ گزینی پہاڑی قلعون مین

مسلمانون نے پھر اپنی پہاڑیون اور جنگلون کی راہ لی، پھر اپنی ملی تنظیم کی، اور قبیلۂ بنو عبس مین سے ایک کو اپنا امام بنایا، فریڈریک کی فوجین تعاقب مین پہنچین، اور مجاہدین اور شاہی فوج مین معرکہ آرائی شروع ہوگئی،

[1] کتاب الموئس صـ ۱۲۵، ۱۲۶، تاریخ الدولتین الموحدیہ والحفصیہ زرکشی صـ ۱۸۹، ۱۹۰، وابن خلدون ج ۶ صـ ۲۸۰ وتاریخ دول الاسلام ج ۲ صـ ۱۶۱

مجاہدین اور شاہی طاقت میں جنگ اور مجاہدین کی شکست

اس مرتبہ فریڈریک اپنے تمام سیاسی علائق سے آزاد تھا، اپنی ساری شہنشاہی طاقت ان ناتوان مجاہدین کے سامنے لاکر کھڑی کردی شدت سے انکا محاصرہ کیا گیا، اور بالآخر مجاہدین سپر ڈالنے پر مجبور ہوگئے،

مسلمانان صقلیہ کی صقلیہ سے جلاوطنی اور اٹلی میں ایک جدید اسلامی آبادی

اس مرتبہ فریڈریک نے ان مسلمانوں سے صقلیہ کے وجود کو پاک کرالینا چاہا اور ان بختوں کے لئے سرزمین صقلیہ سے جلاوطنی کا حکم نافذ کیا، اور انھیں یہاں سے نکال کر دوسرے شہر نوسیرا میں لیجا کر آباد کیا،

مالٹا سے مسلمانوں کی جلاوطنی

صقلیہ سے مسلمانوں کو جلاوطن کرنیکے بعد وہ جزیرہ مالٹا کی طرف بڑھا، یہاں بھی بدبخت مسلمانوں کی ایک آبادی ابھی تک موجود تھی، مالٹا کو بھی ان سے خالی کرایا، اور یہاں سے انھیں جلاوطن کرکے نوسیرا میں لیجا کر آباد کیا،

صقلیہ و جزائر صقلیہ سے کلمہ اسلام کا خاتمہ

اس طرح سرزمین صقلیہ مع اپنی وسعت اطلاق کے کلمہ اسلام سے خالی ہوگئی، ابن خلدون ان واقعات کو ان الفاظ میں بیان کرتا ہے:-

جب امیر ابوزکریا کے مرنے کی خبر صقلیہ پہنچی، اور وہاں مسلمان شہر بلرم میں مقیم تھے، اور سلطان نے صاحب جزیرہ صقلیہ سے مسلمانوں کے لئے یہ معاہدہ کرادیا تھا کہ شہر اور بیرون شہر میں سب کے سب شریک ہوکر رہیں گے چنانچہ وہ اس طرح آباد ہوگئے تھے لیکن جب سلطان کے وفات پانے کی خبر وہاں پہنچی تو عیسائی ان پر مظالم کرنے کیلئے ٹوٹ پڑے اور وہ پھر قلعوں اور پہاڑی زمینوں میں پناہ گزین ہوگئے، اور اپنے اوپر بنو عبس کے ایک پرجوش شخص کو سردار مقرر کیا، اور صقلیہ کے جابر بادشاہ نے اون کے کوہستانی قلعوں میں اُن کا محاصرہ کیا، اور اون کو گھیر کر قلعہ سے نیچے اتار دیا، اور اون کو سمندر کے پار کردیا، اور اون کو لوجارہ میں لیجا کر آباد کردیا، اور پھر جزیرہ مالٹا کی طرف بڑھا اور جو مسلمان وہاں تھے اون کو جلاوطن کردیا، اور اون کے بھائیوں کے ساتھ لیجا کر انھیں

آباد کر دیا، اور صقلیہ اور جزیرون پر قابض ہو گیا، اور کلمۂ کفر کو رائج کر کے کلمۂ اسلام کو مٹا دیا،

مسلمانانِ نوسیرا کی تعداد

نوسیرا مین ان جلا وطن مسلمانون کی مجموعی تعداد صرف ساٹھ ہزار تھی، ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ مین ہے:-

"فریڈیرک دوم کی پالیسی سے ساٹھ ہزار عرب اپولیا کے شہر نوسیرا مین منتقل کر دئے گئے"[1]

نوسیرا

نوسیرا کمپانیا (اٹلی) کے صوبہ سلرنو کا ایک شہر ہے، جو کوہ البور کے قریب بنیونٹو سے ۳۰ میل پر واقع ہے، اور اٹلی کے نقشہ مین آج بھی نظر آتا ہے، طول البلد ۱۵ درجہ اور عرض البلد ۴۱ درجہ ہے، یہی شہر مسلمانانِ صقلیہ کی سب سے آخری خوابگاہ ہے،

اس شہر کی اصل شہرت مسلمانون کی آبادی کے قیام کے بعد ہوتی ہے، اور انسائیکلوپیڈیا برطانیکا کے خیال کے مطابق غالباً اسی لئے اس شہر کا نام نوسیرا ڈی پیگانی (NOCERA DIE PAGANI) (یعنی کافرون کا نوسیرا) قرار پایا، اور اس کا یہی قدیم نام یورپ مین مشہور ہے، عرب مورخین مین سے ابن خلدون اس شہر کو لوجارہ (یا لجیم) لکھتا ہے،

پیگانی

مسلمان اسی شہر مین آباد کئے گئے تھے، پھر یہان سے پھیل کر اس شہر کے جانب مغرب ایک میل پر آباد ہو گئے، یہ خالص اسلامی آبادی تھی، عیسائیون کے درمیان اس جدید آبادی کا لقب "پیگانی" یعنی کفار کی آبادی پڑ گیا،[2]

نوسیرا مین اسلامی آبادی کے قیام کا مقصد

فریڈیرک دوم نے ان "کفار" کو دین مسیحی کے مرکزی مقام مین لیجا کر کیون آباد کیا یہ کچھ زیادہ تشریح طلب نہین، فریڈیرک کو پاپائے روما اور مذہب عیسوی سے جو بدعقیدگی تھی، اوسی کا یہ ادنیٰ

---

[1] ابن خلدون ج ۶ ص ۳۰۰ و اماری ص ۴۹۱ و تقویم البلدان ابوالفدا ص ۲۲۰، ابن خلدون کے مطبوعہ نسخہ مین "بنو عبس" کے بجائے "بنی عباس" ہے، جو صحیح نہین معلوم ہوتا، اور بعض مورخین نے سلطان ابوزکریا کی وفات ۶۴۶ھ مین لکھی ہے، ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ ج ۹ ص ۵۳۲، وانسائیکلوپیڈیا برطانیکا ج ۱۱ ص ۱۵۶ (فریڈرک دوم) و ج ۲۵ ص ۲۴۴ (اسسلی)

[2] انسائیکلوپیڈیا برطانیکا، ج ۱۹ ص ۷۳۰ (نوسیرا انفیریورو)

کرشمہ تھا، وہ مجاہدین اسلام کی فوجی قوتوں سے آگاہ تھا، پاپائے روما سے ہمہ وقت اوسے برسرپیکار ہونے کی ضرورت پیش آتی تھی، اس لئے پاپائے روما اور سلطنت کلیسا کا مقابلہ کرنے کیلئے ان کفار سے زیادہ بہتر سپاہ کہاں مل سکتی، اس لئے فریڈریک نے صقلیہ سے ان کو جلاوطن کرکے ایک طرف سسلی کے عیسائیوں کے جذبات کا پاس کیا، اور دوسری طرف اٹلی مین انھین آباد کرکے پاپائے روما کے سر پر دشمن کی ایک مسلح فوج مستقل طور پر کھڑی کردی، انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا مین فریڈریک کا سوانح نگار لکھتا ہے:-

"اور باغی مسلمانوں کو زیر کیا، بعد مین ان مسلمانوں مین سے اکثر نے جو یورپ بھیج دئے گئے تھے، اور نوسیرا مین مقیم ہوئے تھے اسکے لئے بیش قیمت فوجی خدمات انجام دین"

اور ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ مین ہے:-

"اور شہنشاہ اور اوسکے لڑکے مینفریڈ نے دشمنان مسیح (مسلمانان نوسیرا) سے رومن چرچ کے خلاف اپنی جنگون مین فوجی) خدمات لیکر تقویت حاصل کی اور "ذلت" اوٹھائی"[1]

فریڈریک دوم کی وفات

فریڈریک دوم نے ۱۳ دسمبر ۱۲۵۰ء/۶۴۸ھ کو وفات پائی، اور اپنے وصیت نامہ کے رو سے سسلی مین اپنے بجائے اپنے لڑکے کانرڈ (CON YAD) کو بادشاہ اور اپنے دوسرے لڑکے مینفریڈ (MANFYED) کو مدار المہام قرار دیا،

کانرڈ چہارم کانرڈین اور مینفریڈ جرمن فرمانروایان صقلیہ و ایطالیہ (۱۰) (۱۱) (۱۲)

۱۲۵۰ء/۶۴۸ھ - ۱۲۶۶ء/۶۶۵ھ

کانرڈ چہارم (CONRAD VI) (۱۲۲۸ء/۶۲۶ھ - ۱۲۵۴ء/۶۵۲ھ) شہنشاہ فریڈریک دوم کی زندگی ہی مین جرمن اور رومن بادشاہ بن چکا تھا، فریڈریک نے اپنے وصیت نامہ مین اوسکو جرمنی اور سسلی کا بادشاہ

[1] انسائیکلوپیڈیا ج ۱۱ ص ۴۸۰ (فریڈریک دوم) و ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ ج ۹ ص ۵۳۳ (دی نارمنس)

بنایا، اور فریڈریک کی وفات کے بعد مسلمانانِ لوسیرا و نوسیرا کی قسمتوں کا مالک بنا، اوسکی فرمانروائی چند روزہ ثابت ہوئی، اور بجز اسکے کہ اٹلی مین اوس نے ایک جنگ کی، اور بہ قرینِ غالب مسلمانانِ لوسیرا و نوسیرا سے فوجی خدمات حاصل کئے، اوسکی زندگی مین اور کوئی امر قابلِ ذکر نہین، اوس نے ۱۲۵۴ء/۶۵۲ھ مین وفات پائی، اور اوسکے دو سالہ بچہ کانرڈین (CONRADIN) (۱۲۵۲ء/۶۵۰ھ - ۱۲۶۶ء/۶۶۴ھ) کی تاجپوشی ہوئی، اور اوس کے سوتیلے چچا مینفرڈ (MANFRAD) نے اپنے کو مدار المہام قرار دیا لیکن سسلی پر پاپائے روما کو کامل اقتدار تھا، پوپ کی جماعت نے اوسکی مدار المہامی کو بے اثر غیر مستقل اور کمزور بنا دیا، بالآخر ایک آویزش کے بعد ۱۲۵۴ء/۶۵۲ھ مین صلح ہوئی لیکن یہ صلح بھی پائدار ثابت نہین ہوئی، اور مینفرڈ پاپائے روما کی جماعت سے شکوک ہو کر مسلمانانِ نوسیرا کے دامن مین پناہ گزین ہو گیا، اور انھی مسلمانون کی طاقت سے پاپائے روما سے ایک سخت معرکہ آرائی کی، اور پوپ کو شکست دیکر سسلی اور یورپ کے مقبوضاتِ سسلی پر اقتدار قائم کر لیا، اور پھر ۱۲۶۶ء/۶۶۴ھ مین کانرڈین کی وفات کی افواہ سن کر مینفرڈ پلرمو مین سسلی اور اوس کے یورپین مقبوضات کا بادشاہ بن گیا، اوسکی تاجپوشی کے بعد لوگون نے کانرڈین کو اٹلی بلا کر اس سے مقابلہ کرنا چاہا لیکن اس پر آمادگی نہ ہو سکی، اور مینفرڈ یہان فرمانروائی کرتا رہا[1]،

مسلمانانِ لوسیرا کے تعلقات جرمن فرمانروائون سے

مسلمانانِ لوسیرا و نوسیرا جس طرح فریڈریک کے معتبر سپاہی تھے، اوسی طرح اس کے جانشینون کی فوجی خدمات انجام دیتے رہے، اسلئے ان جرمن فرمانروائون سے مسلمان نوآباد مسلمانانِ ایطالیہ کے تعلقات خوشگوار رہے، مینفرڈ کے ارکانِ دولت مین بھی بیشتر تعداد مسلمانون کی تھی، جو اپنے اسلام پر قائم رہ کر شعائرِ اسلامی کا بالاعلان اظہار کرتے تھے، اور انھی مسلمانون کے اثرِ صحبت سے مینفرڈ بھی فریڈریک کی طرح اسلامی علومِ عقلیہ کا شایق تھا،

حسنِ اتفاق سے اسی زمانہ مین ایک معزز مسلمان اہلِ علم قاضی جمال الدین محمد بن سالم شامی

---

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۶ ص ۹۶۰ (کانرڈ)، و ص ۹۶۱ (کانرڈین) و ج ۶ ص ۵۶۵ (مینفرڈ)

قاضی[1] القضاۃ حماۃ (۶۰۴ھ/۱۲۰۷ء ۶۹۷ھ/۱۲۹۷ء) ۶۵۹ھ/۱۲۶۰ء مین ملک الظاہر بیبرس الصالحی کی جانب سے سفیر بن کر منفرید کے پاس گئے تھے، اور وہان کی اسلامی فضاسے متاثر ہو کر کچھ دنون مقیم رہے تھے، انھون نے منفرید کے دربار اور لوسیرا کے مسلمانون کے چشم دید حالات مورخ ابوالفدا سے بیان کئے تھے، جسکو اوس نے اپنی تاریخ مین انھی کی زبان سے اجمالاً بیان کیا ہے اس سے اس عہد مین مسلمانان لوسیرا کے حالات کا اندازہ ہوتا ہی، وہ کہتے ہین:

"مین نے جس انبراطور (امپرر) کو دیکھا تھا، اوس کا باپ فریڈریک کے نام سے موسوم تھا، وہ سلطان ملک الکامل کا دوست تھا فریڈریک ۶۴۷ھ مین وفات پائی، اور صقلیہ کا اور برطویل کا بادشاہ اوسکے بعد اوس کا لڑکا کراں فوریک (کانریڈ بن فریڈریک) ہوا، پھر کرا کا انتقال ہوا، اوسکے بعد اوس کا بھائی منفرید بن فریڈریک بادشاہ ہوا، اور اون مین سے ہر بادشاہ "انبراطور (امپرر) کہلاتا تھا، اور انبراطور تمام فرنگی بادشاہون مین سے مسلمانون کا دوست تھا، اور علوم سے محبت رکھتا تھا، .....

اور جب مین انبراطور منفرید مذکور کے پاس پہنچا، تو اوس نے میرا اکرام کیا، اور مین اوسکے پاس برطویل (اٹلی) کے شہرون مین سے ایک شہر انبولیہ مین جو اندلس سے متصل تھا ٹھہرا، اور اوسکے ساتھ بارہا اکٹھا ہونے کا موقع ملا، مین نے اوسکو ممتاز، اور علوم عقلیہ کا دوست پایا، کتاب اقلیدس کے دس مقالات اوسکو زبانی یاد تھے، .....

اور جس شہر مین مین مقیم تھا، اوسی کے قریب ایک شہر لوحارہ کے نام سے موسوم تھا، اوسکے تمام کے تمام باشندے

---

[1] قاضی جمال الدین کے متعلق ابوالفدا لکھتا ہی، امام وقت وفضلاے روزگار مین ہین، مختلف علوم منطق، ہندسہ، اصول دین، فقہ، ہیئت اور تاریخ مین دستگاہ رکھتے ہین، اون کی مختلف تصنیفات حسب ذیل ہین،

مفرج الکروب فی اخبار بنی ایوب (یعنی تاریخ ایوبیہ) رسالۃ الانتصار وترجیح فی المنطق، یہ رسالہ شاہ صقلیہ کے لیے اسی زمانہ مین علم منطق مین لکھا تھا، مختصر الاغانی، یہ کتاب اغانی کی عمدہ تلخیص ہے پھر ابوالفدا کہتا ہی، مین بارہا ان کے پاس حماۃ گیا، اور کتاب اقلیدس کے اکثر اشکال کو اون سے حل کیا، اور اون سے استفادہ کیا، عروض مین ابن حاجب کا جو منظوم رسالہ ہے اوس کی شرح بھی اون سے پڑھی، اس لئے کہ جمال الدین نے اوسکی نہایت عمدہ شرح لکھی تھی، اور اسی طرح کتاب اغانی مین جو اسماء ہین، اون کی تصحیح بھی اون سے حاصل کی،

مسلمان تھے، جو جزیرہ صقلیہ کے رہنے والے تھے، اوس شہر مین وہ جمعہ قائم کرتے تھے، اور شعائر اسلام کا اعلان کرتے تھے،.....

مین نے امپراطور منفریڈ کے بڑے بڑے ارباب دولت کو مسلمان پایا، وہ اوسکی چھاونی مین اذان دیتے اور نماز پڑھتے تھے،

مسلمانان لوسیرا و نوسیرا کی ان مذہبی، تمدنی اور معاشرتی آزادیون کا تذکرہ انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا اور ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ وغیرہ مین یورپین مورخین نے بھی کیا ہے،

مسلمانان لوسیرا و نوسیرا کی یہی مذہبی آزادیان اور اس جرمن فرمانروا کی یہی مسلم نوازیان پاپائے روما و جرمن فرمانروا کے تعلقات مین کشیدگی، اسلام اور مسلم نوازیون کے باعث

پاپائے روما کی بارگاہ مین قابل ملامت ٹھہرین، چنانچہ اسی بنا پر اس عہد کے پاپائے الگزنڈر چہارم (ALEXANDRA IV) (۱۲۵۴ء/۶۵۲ھ - ۱۲۶۱ء/۶۶۰ھ) نے اولاً اوسی وقت مینفریڈ کے خلاف کوچ کیا، جب اوس نے اپنی بادشاہی کا اعلان کیا تھا، اور اوسی وقت اوسکو کلیسا اور مسیحیت سے خارج قرار دیا، لیکن مینفریڈ نے اپنے مسلمان دوستون کی امداد سے کلیسا پر فتح پائی، اور سلطنت کلیسا کے بنائے کچھ نہ بن پڑی، انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا مین ہے:-

"لیکن پوپ نے جس کے نزدیک مینفریڈ کا مسلمانون سے امداد لینا سخت ترین جرم تھا، مینفریڈ کی تاجپوشی کو باطل قرار دیا، اور کلیسا سے خارج کر دیا،..... مینفریڈ نے اس سے بے پروا ہو کر پوپ کو شکست دے دی،....."

جرمن فرمانروا کے خلاف فرانس سے پوپ کی استمداد اور صقلیہ کے تاج کی پیشکش

جب سلطنت کلیسا اپنی فوجی طاقت سے اس جرمن فرمانروا کو زیر نہ کر سکی تو فرانس سے اوسکے مقابلہ مین استمداد کی، اور شاہ فرانس لوئی نہم کے بھائی چارلس آف انجو کو پوپ اربن چہارم (URBEN IV) (۱۲۶۱ء/۶۵۹ھ - ۱۲۶۴ء/۶۶۲ھ) نے صقلیہ کا تاج و تخت پیش کیا، چارلس اس تاج و تخت کے قبول کرنے پر رضامند ہو کر اٹلی آیا، اور مینفریڈ سے معرکہ آرائی شروع ہوئی، مینفریڈ

اسلامی فوج کی امداد کے باوجود میدان جیت نہ سکا اور میدانِ جنگ ہی مین ۱۲۶۶ء/۶۶۵ھ کو مارا گیا، اور سسلی مین فرانسیسی حکومت قائم ہوگئی،

اسلام دوستی اور مسلم نوازی کے باعث سسلی کی جرمن حکومت کا خاتمہ

اگرچہ مینفریڈ کے بعد کارنیڈین نے پھر صف آرائی کی اور اپنی فوجی قوت کے استحکام کیلئے لوسیرا آیا لیکن پھر شکست کے اوتار چڑھاؤ کے بعد دشمنون کے ہاتھ مین گرفتار ہوگیا، اور ۱۲۶۸ء/۶۶۷ھ مین بغاوت کے جرم مین دار پر چڑھا دیا گیا، اور محض اسلام دوستی اور مسلم نوازی کے باعث سسلی کی اس جرمن حکومت کا خاتمہ ہوگیا، قاضی جمال الدین نے بھی ان جرمن فرمانروؤن کی پاپائے روما سے آویزش اور انکی بنسبت انکی اسلام دوستی و مسلم نوازی کو اجمالاً بیان کیا ہی، وہ کہتے ہین:-

"انبراطور کے پاس سے میرے واپس آجانیکے بعد پوپ یعنی فرنگی خلیفہ وریدفرانس نے انبراطور سے معرکہ آرائی کا قصد کیا اور پوپ کا ان سب کے اجائز قرار دینے کا سبب انبراطور کا مسلمانون کی جانب مائل ہونا تھا، اور اسی طرح اسکا بھائی کرلا اور اس کا باپ فریڈریک بھی کلیسای روما کی جانب سے خارج قرار دیدیے گئے تھے، کیونکہ وہ لوگ بھی اسلام کی طرف مائل تھے"..... [۵۱]

(۱۳،۱۴)

چارلس اوف انجو اول و چارلس دوم فرانسیسی فرمانروایان صقلیہ و ایطالیہ

۱۲۶۶ء/۶۶۵ھ - ۱۳۰۰ء/۷۰۰ھ

پاپائے روما نے ہوہنسٹفن خاندان کے جرمن شہنشاہون کی صقلیہ سے فرمانروائی کا خاتمہ اسلئے کیا تھا کہ وہ "دشمنان مسیح" کی امداد سے کلیسا کی طاقت کے اقتدار کو تسلیم نہین کرتے، اور دشمنان مسیح کو اٹلی کے قلب مین لاکر بٹھا رہے ہوئے ہین محض اسی لئے فرانس کے شاہی خاندان کو صقلیہ کا تاج قبول کرنے کی دعوت دیگئی،

چارلس اول (CHARLES I) (۱۲۲۶ء/۶۲۴ھ - ۱۲۸۵ء/۶۸۴ھ) لوئی ہشتم شاہ فرانس کا ساتوان لڑکا اور

---

[۵۱] تاریخ ابوالفداء ج ۴ ص ۳۹، انسائیکلوپیڈیا بریٹانیکا ج ۱۷، ص ۵۶۹، (مینفریڈ) ج ۶ ص ۹۶۰ (کارنیڈین)

انجو کا کاؤنٹ تھا، اور اب پوپ کی دعوت پر پیزا اور سسلی کی بادشاہی قبول کی،

اس جدید خاندان کی فرمانروائی کے آغاز کے ساتھ ہی لوسیرا اور نوسیرا کے مسلمانوں کے سیاسی وجود کا خاتمہ ہوگیا، اور نہ صرف یہ کہ ان کے قدردانوں کی حکومت اب باقی نہیں رہی بلکہ وہ روز بروز زیر پائے رومہ کے احکام کے موجب بے دست و پا ہوتے گئے، اور ان کی مذہبی آزادیوں پر پابندیاں عاید ہوتی گئیں لیکن چارلس اول کو اپنے عہد حکومت میں ان مسلمانوں کے قطعی استیصال کا موقع نہ مل سکا کہ سسلی کے تخت کا ایک نیا دعویدار پیٹر سوم آف آراگون (PETER III OF AROGON) پیدا ہوگیا تھا، کیونکہ اوس نے منفریڈ کی لڑکی بیاہی ہوئی تھی اسلئے چارلس اول انھی آویزشوں میں مصروف رہا، یہانتک کہ ۱۲۸۵ء/۶۸۴ھ میں اوس کا انتقال ہوگیا،

چارلس اول کا جس وقت انتقال ہوا پیٹر سوم اوسکی فوجوں کو شکست دے چکا تھا، اور چارلس کا لڑکا، چارلس دوم، (۱۲۸۵ء/۶۸۴ھ تا ۱۳۰۹ء/۷۰۹ھ) پیٹر کے ہاتھ میں گرفتار تھا لیکن انگلستان کے فرمانروا ایڈورڈ اول نے ۱۲۸۸ء/۶۸۷ھ میں چند شرائط پر پیٹر اور چارلس دوم کے درمیان مصالحت کرادی، اور اس صلحنامہ میں ممالک کی تقسیم کے روسے اٹلی کے بدبخت مسلمانوں کی قسمت اسی چارلس دوم کے ہاتھ میں آگئی، اور اس فرانسیسی خاندان کو ان مسلمانوں کے استیصال کا موقع مل گیا، اور اس طرح دراصل مسلمانان صقلیہ کی سب سے آخری بربادی کی ذمہ داری بالواسطہ شاہ انگلستان ایڈورڈ اول کے سر عائد ہوتی ہے ورنہ ہوسکتا تھا کہ ہوہنسٹفین خاندان کے تعلق سے یہ مسلمان آیندہ کسی دوسرے ماحول میں ہوتے،

بہرحال چارلس دوم کے برسر اقتدار ہوتے ہی اسی کے عہد حکومت میں ان مسلمانوں کی قسمتوں کا آخری فیصلہ صادر ہوگیا، سیاسی وجود کا خاتمہ پہلے ہوچکا تھا، مذہبی آزادیوں پر پابندی پہلے عائد ہوچکی تھی، اب وہ وقت بھی آگیا کہ کلمہ اسلام کا پڑھنا زبردستی ممنوع قرار دیا گیا، اور انھیں بجبر عیسائیت کا تبسم پہنا دیا گیا، اور لوسیرا اور نوسیرا کے سارے مسلمان جن کی تعداد اسی ہزار تھی، انہی یورپین مورخین کے بیانوں سے ثابت ہوچکی ہے ۱۳۰۲ء/۷۰۲ھ میں عیسائی بنائے گئے، اور یہ دونوں شہر بھی کلمہ اسلام سے خالی ہوگئے، ہسٹورین ہسٹری آف دی ورلڈ میں مسلمانان نوسیرا کے متعلق ہے:-

"مسلمانان صقلیہ قلب ایطالیہ میں رہ کر اپنے مذہب اور اپنی معاشرت کو قائم رکھے ہوئے تھے یہانتک کہ

تیرھویں صدی کے آخر میں خاندان انجو نے ان کا قطعی استیصال کر دیا،،

اور انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا میں مسلمانان لوسیرا کے متعلق ہے،

"شروع میں انھیں مذہبی آزادی حاصل رہی لیکن ۱۳۰۰ء میں وہ جبریہ عیسائی بنا لیے گئے"

یہی ہے اون مسلمانان صقلیہ کا حسرتناک انجام جنھوں نے یورپ میں اپنے تہذیب و تمدن اور علوم و آداب کی ایسی داغ بیل ڈالی جس پر جدید یورپ کے جدید تہذیب و تمدن اور جدید علوم و آداب کی عظیم الشان عمارت تعمیر ہوئی لیکن اون کے ان احسانات کے باوجود اس قوم کا ایک ایک متنفس یورپ کے چپہ چپہ سے محض تنگ نظر و ننگ انسانیت علمبرداران مسیحیت کے تعصب و جہالت کی بدولت حرف غلط کی طرح مٹا دیا گیا اور پورا جزیرہ صقلیہ مع اپنے وسیع معنی اطلاق کے مسلمانوں کے وجود سے خالی ہو گیا اور اس ساری سرزمین میں ایک متنفس بھی کلمہ اسلام کا پڑھنے والا باقی نہیں چھوڑا گیا انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کی بھی یہی شہادت ہے[1] مقالہ نگار لکھتا ہے

"پوپوں نے عیسائیت کے فروغ میں اپنی آخری کوششیں صرف کر دیں اور اب صقلیہ کی سرزمین پر سسلی کے مخصوص باشندے وہ گئے اور سب کے سب ایک قوم اور ایک مذہب کے سلسلہ میں داخل ہو گئے"

مسلمانان صقلیہ کے اس حسرتناک انجام کے سات سو برس بعد بیسویں صدی میں ہمارا دردمند شاعر اقبال سسلی سے گذرا اور اس خوبصورت جزیرہ پر نظر پڑتے ہی صقلیہ کی یاد تازہ ہو گئی اور فوری جذبات میں چند قطرات اشک کاغذ پر ٹپک پڑے اور سسلی کو مخاطب کر کے صقلیہ کی "تہذیب حجازی" کو جواب عہد رفتہ کا ایک فراموش شدہ واقعہ اور تاریخ اسلام کی ایک گم شدہ کڑی سمجھ لی تھی یاد کر کے یوں اشکبار ہوا،،

رو لے اب دل کھول کر اے دیدۂ خونبار یار — وہ نظر آتا ہے تہذیب حجازی کا مزار

تھا یہاں ہنگامہ اون صحرا نشینوں کا کبھی — بحر بازی گاہ تھا جن کے سفینوں کا کبھی

زلزلے جن سے شہنشاہوں کے درباروں میں تھے — بجلیوں کے آشیانے جن کی تلواروں میں تھے

اک جہان تازہ کا پیغام تھا جن کا ظہور — کھا گئی عصر کہن کو جن کی تیغ ناصبور

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا ج ۵ ص ۹۲۳ (چاراس اول دوم مجلد، امریکہ) (ہسٹوریز آف دی ورلڈ ج ۱۰ ص ۳۵۳ سسلی، ہسٹوریز آف دی ورلڈ ج ۱۰ ص ۳۵۲ دی نارمنس

مردہ عالم زندہ جن کی شورش قم سے ہوا آدمی آزاد زنجیر تو ہم سے ہوا،

غلغلون سے جسکے لذت گیر اب تک گوش ہی،

کیا وہ تکبیر اب ہمیشہ کے لئے خاموش ہی،

آہ اے سیسلی سمندر کی ہے تجھ سے آبرو رہنما کی طرح اس پانی کے صحرا میں ہے تو

زیب تیرے خال سے رخسار دریا کو رہی تیری شمعون سے تسلی بحر پیما کو رہی

ہو سبک چشم مسافر پر ترا منظر مدام موج رقصان تیری ساحل کی چٹانون پر رام

تو کبھی اس قوم کی تہذیب کا گہوارہ تھا

حسن عالم سوز جس کا آتش فطارہ تھا

نالہ کش شیراز کا بلبل ہوا بغداد پر داغ رویا خون کے آنسو جہان آباد پر

آسمان نے دولت غرناطہ جب برباد کی ابن بدرون کے دل ناشاد نے فریاد کی

غم نصیب اقبال کو بخشا گیا ماتم ترا، چن لیا تقدیر نے وہ دل کہ تھا محرم ترا

ثمریہ تیری تباہی کا مری قسمت مین تھا

یہ تڑپنا اور تڑپانا مری قسمت مین تھا

ہے تیرے آثار مین پوشیدہ کس کی داستان تیرے ساحل کی خموشی مین ہی انداز بیان

درد اپنا مجھ سے کہہ مین بھی سراپا درد ہون جسکی تو منزل تھا مین اُس کارون کی گرد کارون

رنگ تصویر کہن مین بھر کے دکھلاؤن مجھے قصہ ایام سلف کا کہہ کے تڑپاؤن مجھے

مین ترا تحفہ سوئے ہندوستان لے جاؤنگا،

خود یہان روتا ہون اوروں کو رلانے جاؤنگا،

سید ریاست علی ندوی، ۳۰ اگست ۱۹۳۱ء

تصحیح اغلاط

ذیل کی چند اہم مطبعی غلطیوں کی تصحیح کر لی جائے

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۱۲	۲	اور شمالی ۴۰ درجہ،	اور شمالی ۳۸ درجہ،
۳۰	۱۵	جنہیں عرب کے ممتاز شریف قبائل	جنہیں کوئی اقامت کی نیت سے نہیں آیا پھر ۲۱۲ سے مسلمانوں کے مختلف گروہ اقامت کیلئے آئینگے جنہیں عرب کے ممتاز شریف قبائل
۹۹	۴	بشیر بن صفوان،	بشر بن صفوان،
۱۱۶	۹	جووہ،	جورومی
۲۲۰	۷	اس کی حکومتین،	اسلامی حکومتین،
۲۵۶	۸	صاحبِ افرلقیہ،	حاجبِ صقلیہ،
۲۷۱	۱	ابراہیم بن احمد (۲۳)	ابراہیم بن احمد (۲۴)
۲۷۷	۹	والی صقلیہ (۲۴)	والی صقلیہ (۲۵)
۲۷۹	۴	〃 〃 (۲۵)	〃 〃 (۲۶)
۲۸۰	۱	〃 〃 (۲۶)	〃 〃 (۲۷)
〃	۵	〃 〃 (۲۷)	〃 〃 (۲۸)
۳۵۸	۱۵	اس کا نام نقفور چھپا ہے،	اس کا نام نقفور چھپا ہے،
۴۲۷	۱۸	تاریخ عرب الیور تھیرے	تاریخ یورپ الیور تھیرے
۴۹۷	۲	سنہ ۱۱۹۰ء ۵۸۰ھ	سنہ ۱۱۹۰ء ۵۸۶ھ

تصحیح اغلاط دیباچہ

صفحہ	سطر	غلط	صحیح
۴	۱	جو یاقوت کے زمانہ تک موجود تھا،	اور اسکا ایک رسالہ "بلرم" پر ۱۸۳۵ء مین شائع بھی ہوا ہے، ہوسکتا ہے کہ وہ یہی رسالہ ہو اور نہ بلرم پر اس کے کسی مستقل رسالہ کا تذکرہ قدیم ماخذون مین نظر سے نہین گذرا، اور عربی زبان مین ایک اور کتاب لمحۃ البہجۃ العلمیہ فی بعض النسبۃ لصقلیہ لشیخ محمد بن طیب القادری الحسنی کتب خانۂ قسطنطنیہ مین ہے، یہ ابن القطاع، اصفہانی اور ابن سعید سے ماخوذ ہے، اور غالباً کوئی حدیث العہد تصنیف ہے، حاجی خلیفہ تک نے تذکرہ نہین کیا ہے،
۵	۱۸	فرانسیسی اور جرمن وغیرہ مین،	فرانسیسی اور جرمن وغیرہ مین سے مؤخر الذکر دونون زبانون مین ذیل کی بعض قابل ذکر کتابین ہین،

Histoere de la dominalion normande en Italie et en Sicilue by H. Chalandon 2 Vols Paris 1907

Poesie und Kunst der Araber in Spanien und Sicilian, by Von Schack, 2 vols

"Islamstudien" by Becker

لیکن افسوس ہے کہ ان اوراق کی تالیف کے وقت تک ان سے استفادہ کا موقع نہ مل سکا، اور باقی رہی انگریزی زبان تو اس مین،